الجمعیۃ

Al-Jamiat

01 Jan 1932
To
28 Dec 1932

عرضِ مرتّب

راقم مشہود مفتی کا تعلق مفتی محمد نعیم لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ کے خانوادے سے ہے جو راقم کے دادا تھے اور شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور جمعیت علمائے ہند کے سابق نائب صدر رہے۔ راقم کو اپنے دادا مرحوم سے متعلق تاریخی ریکارڈ درکار تھا، اسی سلسلہ میں "الجمعیۃ" کے پرانے شمارے تلاش کیے لیکن ہندوستان میں وہ شمارے نہ مل سکے۔ اسی اثنا میں کیمبرج یونیورسٹی برطانیہ کی لائبریری کے شعبہ Centre of South Asian Studies کے Archivist جناب پروفیسر ڈاکٹر Kevin Greenbank سے رابطہ ہوا جو Wolfson یونیورسٹی کے وائس پریذیڈنٹ بھی ہیں۔ ان سے معلوم ہوا کہ "الجمعیۃ" کے کچھ سالوں کا ریکارڈ یہاں دستیاب ہے جو نہرو یونیورسٹی انڈیا سے یہاں لایا گیا تھا۔ یہ ریکارڈ پرانی Reels میں موجود تھا جس سے لائبریری میں موجود خصوصی ڈیوائس کے ذریعے ہی استفادہ کیا جاسکتا تھا۔ چونکہ میں اپنی علالت کے باعث لائبریری جانے سے قاصر تھا اس لیے میں نے ان سے ان فائلوں کا عکس فراہم کرنے کی درخواست کی جو انہوں نے خندہ پیشانی سے قبول کرلی اور اپنی بیٹی کی ذمہ داری لگائی کہ وہ ان Reels کی فائلوں کو یکجا کرکے مرتب کریں۔ چنانچہ ان کے تعاون سے مئی ۱۹۲۶ء سے اپریل ۱۹۵۰ء تک کا ڈیٹا حاصل ہوسکا جن میں چند درمیانی سالوں / مہینوں کا ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ اگرچہ یہ مکمل ریکارڈ نہیں ہے لیکن نہایت مفید اور مستند تاریخی ریکارڈ ہے۔

مجھے اس میں سے جو تاریخی معلومات درکار تھیں وہ تو میں اپنی کتاب "مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانوی اور اکابرین جمعیت علمائے ہند" میں جمع کرچکا ہوں لیکن چونکہ یہ ایک تاریخی دستاویز ہے جس سے بہت سی چیزوں کے متعلق درست ریکارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ سال کی ترتیب سے ان Reels کو مرتب کرکے شائع کردیا جائے تاکہ ہر شخص ان سے استفادہ کرسکے۔ اس کی ترتیب میں محترم جناب مولوی عبید الرحمٰن صاحب فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی نے تعاون کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ راقم کے لیے اور راقم کے تمام عزیز و اقارب بالخصوص راقم کے والد سید احمد نعیم، والدہ مرحومہ اور دادا مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانوی کے لیے دعائے مغفرت فرمادیں۔ جزاکم اللہ خیرا

مشہود مفتی

بن سید احمد نعیم بن مولانا محمد نعیم لدھیانویؒ

مطلوبہ صفحہ پر پہنچنے کے لیے کلک کریں

جنوری 1932	فروری 1932
مارچ 1932	اپریل 1932
مئی 1932	جون 1932
جولائی 1932	اگست 1932
ستمبر 1932	اکتوبر 1932
نومبر 1932	دسمبر 1932

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

قیمت اخبار

ممالک غیر کے لئے

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

معاون

محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر

ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم جمعہ ۲۱ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ مطابق یکم جنوری ۱۹۳۲ء | نمبر ۱

RANDER 1 JAN 32

معاصرین کے افکار و آراء

احرار کی فداکاریاں (مدینہ)

ملک کے محترم لیڈری کلاس میں (ریاست)

گاندھی جی کو نظر بند کر دیا جائے (وقت)

سر محمد یعقوب کا جواب (ہمدم)

قانون پیشہ جماعت پر پابندیاں (ہلال)

اُم الخبائث اور مولانا شوکت علی

مصری اخبارات کے عجیب و غریب بیانات

(منقول از ہند)

گاندھی انہیں نکال دینا چاہتا ہے!

گاندھی لیڈر نہیں ہے

انگریز زندہ باد!

مصر کے ہندوستانیوں کی ناراضی

بیت المقدس کی یونیورسٹی

بیت المقدس میں شراب خانے کیوں ہیں؟

شراب اور بائسکوپ

انگریز زیادہ ہمدرد ہیں

مولانا شوکت علی صاحب کی تردید

نمائندہ "اجپشین گزٹ" کا اصرار

(ہند)

"ماء اللحم خاص الخاص" اور "مفرح عنبری" اور ہماری دیگر مقوی شاہی ادویہ سے اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے۔ فہرست خصوصی مفت۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

فلسطین کی مؤتمر اسلامی کا حشر

دیوار گریہ۔ اسلامی یونیورسٹی۔ حجاز ریلوے اور دیگر مسائل کا تصفیہ

عربی انسائکلوپیڈیا کی تدوین کا کام مصر میں شروع ہوگا

(ترجمہ خصوصی)

القدس کی مؤتمر اسلامی سے جو امیدیں وابستہ تھیں وہ اس سے پوری نہ ہوئیں اور اکثر لوگوں کو اس کی ناکامی کا اقرار کرنا پڑا۔ مؤتمر کیلئے اس سے بڑھ کر ناکامی اور کیا ہو سکتی تھی کہ اسلامی ممالک کی طرف سے کوئی نمائندہ شریک نہیں ہوا اور سرکاری نمائندے مؤتمر کے تمام اجلاسوں میں غیر حاضر رہے۔ البتہ صرف حکومت یمن کی جانب سے نمائندوں نے شرکت کی مگر اس کی نوعیت بالکل جدا تھی اور نمائندگی کے آثار و علائم ان میں بالکل مفقود تھے۔ یمن کے نمائندے ایک ٹٹو کے ...

... کے مسلمانوں کے ابو چندہ سے جمع کیے گئے تھے۔ جنگ عظیم کے بعد جب سرزمین عرب متعدد ریاستوں میں تقسیم ہوگئی تو یہ ریاستوں کا باہمی النزاع مسئلہ بن گیا اس بات پر اتفاق ہوگیا تھا کہ حیفا برانچ ریلوے فلسطین ریلوے سے متعلق کردی جائے اور شام فلسطین۔ حجاز اور شرق اردن ریلوے ان ریاستوں میں تقسیم کردیا جائے جن کی حدود سے اس کا گذر ہوتا ہے۔ چنانچہ تقسیم کرنے پر شام کے حصہ میں ریلوے کا ۲۵۰ فلسطین اور شرق اردن کے حصہ میں ۶۰۰ اور حجاز کے حصہ میں ۸۰۰ کیلو میٹر ...

مؤتمر کے اختلافات کا فرق

یہودی مال کا بائیکاٹ

عربی انسائکلوپیڈیا

مؤتمر اسلامی کا خطبہ صدارت

مفتی اعظم کی مخالفت

دیوار گریہ اور مسلم یونیورسٹی

حجاز ریلوے کا معاملہ

قادیانی کو صدر بنانے کا افسوسناک انجام

سر محمد یعقوب کے ہاتھوں آل انڈیا مسلم لیگ کی انتہائی تذلیل

فتحپوری ہال پر مسلمانوں کا قبضہ اور پرائیویٹ مکان میں لیگ کا جلسہ

(از نامہ نگار)

آج تاریخ ۲۶ دسمبر سنہ ۳۱ء دہلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس منعقد ہونے والا تھا۔ اور اس اجلاس کی صدارت کے لئے لیگ کی کونسل نے چودھری ظفر اللہ خاں صاحب قادیانی کا انتخاب کیا تھا۔ چونکہ مسلمانوں میں قادیانیوں کے خلاف سیاسی اور مذہبی وجوہ کی بنا پر ایک بے پناہ جذبہ موجود ہے اس لئے لیگ کے اس فیصلہ کی مخالفت مختلف عنوانات سے کی جارہی تھی اور اخبارات اور پلیٹ فارم کے ذریعہ برابر لیگ کے ارباب حل وعقد کو یہ بتایا جارہا تھا کہ وہ اپنے اس فیصلہ پر اصرار نہ کریں اور اگر وقت کے وقت وہ کوئی دوسرا صدر منتخب کر سکتے ہیں تو کرلیں ...

اندر ان کے رفقا نے ایک مرتبہ پھر یہ کوشش کی کہ وہ جامع مسجد کے دالان میں اندر جا کر ممبر کے قریب اپنا علیحدہ جلسہ منعقد کریں۔ سر محمد یعقوب صاحب کو بعض حضرات کے ہمراہ اندر جاتا ہوا دیکھ کر پبلک پھر جمع ہوگئی اور مختلف اطراف سے یہ کہا گیا کہ اب دوسرا جلسہ منعقد کرکے خواہ مخواہ افتراق کی سعی نہ کی جائے کیونکہ قادیانی صدارت کے مسئلہ میں کسی قسم کا اختلاف موجود نہیں ہے اور تمام مسلمان اس امر میں متحد ہیں کہ لیگ کو اپنا صدر بدل دینا چاہئے۔ مسلمانوں کے اس جوش و خروش کو دیکھ کر سر محمد یعقوب صاحب اندر سے واپس چلے آئے اور ...

ترتیبت جلسہ

ایک عظیم الشان جلسہ

گرفتاری کرانے کی کوشش

یہودی مال کا بائیکاٹ

سعی ناکام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۱ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ ہجری

صوبہ سرحد میں "اصلاحات" کا نفاذ

آرڈیننسوں کا اجراء، گرفتاریوں کی بھرمار اور گولیوں کی بارش

جس وقت وزیر اعظم کے اعلان پر بعض ناعاقبت اندیش اور کوتاہ بین مسلم اخبارات نے شور مبارکباد بلند کیا تھا اور صوبہ سرحد کو نام نہاد سکیم کے مطابق اصلاحات دیئے جانے کے وعدہ پر اظہار مسرت و اطمینان کیا جارہا تھا ہم نے اسی وقت کہا تھا کہ انگریزوں کی یہ تمام بلند خیالیاں کسی زبردست تباہی کا پیش خیمہ ہیں جس کے لئے صوبہ سرحد کے بدنصیب باشندوں کو ہر وقت تیار رہنا چاہئے۔ انگریز صوبہ سرحد کو کسی صورت میں آزاد کرنا نہیں چاہتا بلکہ اس کے برعکس ہر وقت اس فکر میں ہے کہ اپنی حکومت کے آہنی پنجہ کو اس صوبہ کی خالص مسلم آبادی پر اور زیادہ سخت اور مضبوط کردے ...

... اور سرحد کے ہزاروں گرفتار شدہ بلا کو رہا کرکے تلافی مافات کی سعی کرے ... احوال کی کوئی توقع کی جاسکتی ہے۔ ورنہ حکومت کا یہ طرز عمل مصالحت کے تمام امکانات کو ایک طویل عرصہ کے لئے بالکل تباہ و برباد کردے گا اور حکومت کے خلاف لوگوں کے جذبات عام اس سے کہ وہ اب تک کانگریس میں شریک رہے ہوں یا نہ رہے ہوں اس قدر مشتعل ہو جائیں گے کہ ان کا ہر جگہ آرڈیننسوں کے ذریعہ قابو میں رکھنا غیر ممکن ہوگا۔ صوبہ سرحد میں اس وقت حکومت اپنی تہذیب کھو رہی ہے۔ اگر یہی پالیسی کچھ دنوں اور قائم رہی تو اس کے خطرناک نتائج کی ذمہ داری لارڈ ولنگڈن اور ان کی حکومت پر عائد ہوگی اور پھر ان کا کوئی عذر نہ سنا جائے گا۔

فسادات لاہور

لاہور سے ہندو مسلم فساد کی جو اطلاع آئی ہے وہ خصوصیت کے ساتھ موجودہ حالات میں بے انتہا افسوسناک اور رنج دہ ہے۔ عین اس وقت جبکہ حکومت نے صوبہ سرحد اور صوبہ متحدہ میں تشدد کا دور شروع کر دیا ہے۔ خان عبدالغفار خاں پنڈت جواہر لال نہرو، مسٹر تصدق احمد خاں شروانی، مسٹر شیروانی اور دوسرے جلیل القدر رہنما اور قومی کارکن گرفتار کر لئے گئے ہیں اور کئے جا رہے ہیں مختلف مقامات پر گولیاں چل چکی ہیں اور ... سے اس قسم کے فساد کی خبر آنا ہر محب وطن کے لئے انتہائی تکلیف کا موجب ہو رہا ہے۔ لاہور کی اطلاعات سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ فساد کی ذمہ داری ہندؤں کے اس شرانگیز طبقہ پر عائد ہوتی ہے جو کشمیر کی تحریک آزادی کو فرقہ وارانہ جنگ ...

نہ صرف لاہور کے گذشتہ فسادات پر اظہار ندامت کریں گے بلکہ آئندہ بھی تحریک کشمیر کے سلسلہ میں احرار کی ناجائز مخالفت اور فتنہ انگیزی سے باز آئیں گے۔

سی۔ آئی۔ ڈی کی نظر عنایت

دہلی پولیس کی جو رپورٹ ۱۹۳۰ء کی بابت حکومت صوبہ کی جانب سے شائع ہوئی ہے اس میں ایک پیراگراف جمعیۃ علماء ہند کے متعلق بھی ہے جس کے الفاظ حسب ذیل ہیں:

ایک دوسری جمعیۃ جس کی طرف سی۔ آئی۔ ڈی کو عمیق توجہ منعطف کرنی پڑی ہے جمعیۃ العلماء ہے۔ چونکہ دہلی اس جمعیۃ کا صدر مقام ہے اور اس لئے یہاں پر شمالی ہند کے اکثر حامی کانگریس علماء آتے رہتے ہیں۔ اور چونکہ مولانا احمد سعید صاحب اور مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے مکانات بھی اتفاق سے اسی شہر میں ...

قادیانی کو صدر بنانے کا افسوسناک انجام

(بسلسلہ صفحہ ۲)

فیصلہ کی تائید نہیں کر سکتی۔

اس کے بعد مولانا محمد ابراہیم صاحب نے قادیانیوں کی مذہبی حیثیت کو واضح کرتے ہوئے فرمایا کہ انہیں مسلمانوں کا کوئی طبقہ اور فرقہ مسلمان نہیں سمجھتا۔ پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ انہیں ایک مسلم جماعت کی قیادت کس طرح دی جاسکتی ہے ...

بدترین قسم کا رجعت پسند طبقہ داخل کر لیا گیا جسے کسی حلقہ اور کسی جماعت میں عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ اگرچہ یہ کارروائی اتفاقی تھی مگر اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلم کانفرنس کی طرح مسلم لیگ کی حیثیت یک طرفہ ہوگئی اور وہ بھی اپنی ترکیب کے اعتبار سے ایک خالص رجعت پسند جماعت بن گئی۔

بدحواسی اور پریشانی

بے ضابطہ گفتگوئیں

پرامن اور منظم مظاہرہ

قادیانی صدر کا انتخاب

فتحپوری ہال پر قبضہ

لیگ کا ناکام اجلاس

کونسل کا جلسہ

... اس ترکیب سے کورم پورا ہوگیا تو بجائے التواء اجلاس کی تجویز منظور کرنے کے کارروائی شروع کردی گئی۔ اس قسم کی حرکتیں ذمہ دار اراکین کے دامن پر ایک بدنما دھبہ ہیں۔ کونسل کے اجلاس میں جو کارروائی ہوئی وہ اور بھی زیادہ شرمناک ہے۔ لیگ کے تمام قوم پرور عنصر کو کونسل سے خارج کر دیا گیا اور اس کی بجائے ...

تصحیح

الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت کے صفحہ ۳ کالم ۲ میں کاتب صاحب کی مہربانی سے بجائے مقال کے انتقال لکھا گیا ہے۔ ناظرین کرام تصحیح فرمالیں۔

(ایڈیٹر)

دہلی میں جھنڈے کی سلامی ہڑتال جلوس اور جلسہ

سرحد اور یوپی کے آرڈیننسوں کی مذمت

آرڈیننسوں کی واپسی پر کانفرنس کی کمیٹیوں سے تعاون ہو سکیگا

سرحد کے سرخپوشوں کو کس جرم کی بنا پر گولیوں کا نشانہ بنایا گیا؟

انجمن فلاح ہند کے جلسہ میں گاندھی جی کی زبردست تقریر

سکھر یو اور جنید ونی بی کے نام نوٹس

لاہور کے فساد میں دو مسلمان اور شہید ہوئے

ایک ہندو بھی جانبر نہ ہو سکا

تیسری گول میز کانفرنس بھی ناکام رہیگی

بائیکاٹ کی تحریک کو کامیاب بنانا چاہئیے

سابق صدر اسمبلی کا بیان

گاندھی جی کو تصفیہ حقوق کا مشورہ

شیخ نجم العارفین صاحب کا تار

اسوقت تک ۱۱۲۸ سرخپوش گرفتار کئے جاچکے ہیں

ریاست جموں میں بارہ مسلمان شہید کردیئے گئے

جمعہ کی نماز کے وقت ہندوؤں نے مسلمانوں پر حملہ کردیا

پولیس اور ہندوؤں کے ہاتھوں خانۂ خدا کی توہین

حجاز میں جنگ اور قحط کا کوئی خطرہ نہیں

امام یحیی الیمنی اور ملک الحجاز میں معاہدہ ہو گیا

مشترکہ بورڈ کے نام سے غلط اعلانات

مسلم خواتین اور بچوں کا جلوس

ڈوگرہ پولیس کے حکم کی پامالی

دہلی میں راندیری قافلہ کا ورود

مراد آباد کا دوسرا دستہ بھی پہونچ گیا

کانپور کا جتھہ دہلی پہونچ رہا ہے

بمبئی میں کانگریس کی مجلس عاملہ کا اجلاس

گاندھی جی وائسرائے کو ایک مکتوب ارسال کرینگے

صوبہ سرحد کے رہنماؤں سے تبادلۂ خیال

"نادر افغان"

تحریک کشمیر کو کامیاب بنانے کا عزم صمیم

سیالکوٹ میں علماء اور مشائخ کی کانفرنس

آج سول نافرمانی کا ۵۹ واں دن ہے

اس وقت تک شمع حریت کے

۲۳۸۴۷

پروانے کشمیر کے سلسلہ میں جیلوں میں جاچکے ہیں

شہداء کی کل تعداد

۱۴ ہے

کمپنی باغ کی مسجد کے متعلق ڈپٹی کمشنر کا فیصلہ

قطعہ زمین پر مسلمانوں کو قبضہ دیدیا گیا

گمشدہ کی تلاش

صوبہ سرحد میں خدائی خدمتگاروں کو گولی کا نشانہ بنادیا گیا!

۱۶ سرخپوش شہید اور ۲۹ زخمی ہوئے

سرحد کے واقعات پر گاندھی جی اور سر ذوالفقار علی خاں کا بیان

لاہور میں مسلمانوں کے خلاف ہندو سورماؤں کے جنگی مظاہرے

دو مسلمان شہید کردیئے گئے شہر میں کرفیو آرڈر اور ۱۴۴ کا نفاذ

میرٹھ سہارنپور اور اجمیر کے قافلوں کی گرفتاری اور سزایابی

دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی

گرفتاریاں اور سزائیں

دوسرے مسلمان کی شہادت اور کرفیو آرڈر کا نفاذ

بمبئی میں گاندھی جی کا ورود مجمع عام میں تقریر

میں دس لاکھ جانیں قربان کردونگا

حکومت تمام نسل کو بزدل نہیں بنا سکتی

گرفتاریاں اور سزایابیاں

ڈاک اور تاروں پر سنسر

سرحد میں مجسٹریٹوں کو خاص اختیارات

نئے مجسٹریٹوں کا تقرر

طرابلس کے سنوسی مجاہدین کا جہاد

ایک معرکہ میں ۵۰ مجاہدین کی شہادت

لاہور کا فساد ہندوؤں کی اشتعال انگیزی کا نتیجہ ہے

نور محمد کے قتل کے ذمہ دار ہندو ہیں

"ویر بھارت" کے نمائندہ کا اعلان حق

سرحد کے تمام جرگوں کو ناجائز قرار دیدیا گیا

چار سو آدمی گرفتار پشاور میں فوج کا پہرہ

سرخ قمیص والوں کی زبردست گرفتاریاں

سرخ قمیص پہننا جرم ہے

سرحد کے ظالمانہ قوانین کی موجودگی میں

سرحدی مسلمانوں کا خون ہندوستان کے مسلمانوں کو مشتعل کردیگا

جدید آرڈیننسوں کے متعلق سر ذوالفقار علی خاں کا بیان

امرتسر میں ہندوؤں کی مفسدہ پردازیاں

دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

(ویر بھارت)

یو۔پی میں آرڈیننسوں کا زور اور کرفیو آرڈر کا نفاذ

پنڈت جواہر لال نہرو اور تصدق احمد خاں شیروانی کی گرفتاری

الہ آباد ۵ دسمبر۔ صوبجات متحدہ کے اضلاع سے یہاں آرڈیننس جاری ہے جو خبریں آ رہی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ تقریباً ہر جگہ عام طور پر گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے مگر گذشتہ تین چار دن سے اس کی رفتار سست ہے البتہ آرڈیننس کی رو سے نظر بندی اور میونسپلٹی کی حدود سے باہر نہ نکلنے کے احکام بڑی تیزی سے اور کثرت سے جاری کئے جا رہے ہیں۔

حکومت کی اس روش سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے یہ محسوس کر لیا ہے کہ گرفتاریوں کی وجہ سے لوگوں میں اشتعال پیدا ہو جاتا ہے اور اس سے بجائے

شمالی اور مغربی اضلاع سے دورہ کر کے واپس آئے تو انہیں بھی الہ آباد سے باہر جانے کی ممانعت کر دی گئی۔

لیکن یہ دونوں حضرات اس پر تلے ہوئے تھے کہ وہ بمبئی ضرور جائیں گے خواہ یہ حکم نافذ رہے یا نہ رہے۔ چنانچہ وہ بمبئی کے لئے روانہ ہو گئے۔

روانگی کے وقت ان دونوں کو یہ یقین تھا کہ وہ ضرور گرفتار کئے جائینگے اور انہیں حکومت کسی طرح بمبئی نہ پہنچنے دیگی چنانچہ پنڈت جی اور شیروانی صاحب کو اسٹیشن پر نہایت ہی پرجوش طریقے پر الوداع کیا گیا۔

عمارت چھوڑنے کا حکم

اس سلسلہ میں الہ آباد ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کو جسے خبر ہے ضلع آرڈیننس کی رو سے پہلے ہی یہ حکم دے چکے ہیں کہ وہ اس عمارت کو استعمال نہیں کر سکتی جس میں اس کا دفتر ہے مالک جائداد نے یہ نوٹس دیا ہے کہ وہ اس مکان کو خالی کر دیں تاکہ وہ آرڈیننس کی زد سے محفوظ ہو جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ کمیٹی مذکور کے سکرٹری نے خالی کر دینے کا وعدہ کیا ہے۔ لیکن ایک ہفتہ کا نوٹس مانگا ہے۔

اسی طرح جسرو ضلع الہ آباد میں کانگریس کے دفتر پر پولیس نے تالا پڑا دیا ہے اور دس آدمیوں کو گرفتار کر لیا ہے۔

کان پور کی اطلاعات مظہر ہیں کہ وہاں گرفتاریوں کا سلسلہ ابھی تک جاری ہے اور اس وقت تک ۴۰ آدمی گرفتار ہو چکے ہیں نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ سیاباسو میں ایک ماہ کے لئے کرفیو آرڈر جاری کر دیا گیا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ اس وقت تک صوبجات متحدہ میں کل ۷۵ آدمی مختلف دفعات تعزیرات ہند اور آرڈیننس کی رو سے گرفتار ہو چکے ہیں۔

اٹاوہ میں صوبہ کی سیاسی کانفرنس کا جو اجلاس ہونے والا تھا اسکے ارکان نے ملتوی کر دیا ہے لیکن پھر بھی مقامی پولیس نے جگہ پر قبضہ کر لیا ہے جہاں کانفرنس منعقد ہونے والی تھی۔

گرفتاری کس طرح ہوئی

ارارت نگر میں جو حدود الہ آباد کا آخری اسٹیشن ہے، مسٹر میرس وارنٹ لئے موجود تھے۔ انہوں نے گاڑی پہنچتے ہی وارنٹ دکھا کر انہیں اتار لیا اور موٹر لاری میں جو پہلے سے تیار تھی بٹھا کر نینی جیل لے آئے۔

گرفتاری کی خبر پہنچتے ہی شہر میں عام ہڑتال کا اعلان کر دیا گیا شہر کے علاوہ جہاں تک باہر کی اطلاعات آئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ صوبہ کے مختلف مقامات پر ہڑتال کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔

شیروانی صاحب کا تار گاندھی جی کے نام

معلوم ہوا ہے کہ شیروانی صاحب نے اپنی گرفتاری کے بعد فوراً ہی گاندھی جی کے نام ایک بحری پیام بھیجا ہے جس میں ان کی بخیریت واپسی پر مبارکباد دی ہے اور اپنی عقیدت کا اظہار کیا ہے اور یقین دلایا ہے صوبہ متحدہ کی کانگریس ان کے جھنڈے کے نیچے آزادی کی جنگ کے لئے ہر قسم کی قربانی کے لئے

جواہر لال نہرو اور شیروانی صاحب کی گرفتاری

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کی خلاف ورزی

الہ آباد ۲۶ دسمبر۔ پنڈت جواہر لال نہرو حال میں بمبئی سے الہ آباد آ رہے تھے کہ سیاسی کانفرنس کے اجلاس میں شرکت کے لئے اٹاوہ جائیں تو انہیں آتے ہی آرڈیننس کے ماتحت حکم دیکر الہ آباد سے باہر جانے سے روک دیا گیا تھا لیکن چونکہ کانفرنس کا انعقاد ملتوی کر دیا گیا تھا اس لئے خیال تھا کہ اب یہ حکم بھی منسوخ ہو جائے گا۔ اور پنڈت جی بمبئی جا سکیں گے۔

اسی طرح تصدق احمد خاں صاحب شیروانی جب صوبجات متحدہ کے

کلکتہ میں بڑا دن بڑی تشویش سے گذرا گیا

مفرور انقلابیوں کی موجودگی سے پولیس میں بے کلی

ناچ کے وقت اسلحہ خانہ پر حملہ کا اندیشہ

کلکتہ ۲۶ دسمبر۔ بڑے دن کے جشن اور مسرتوں کے ساتھ ساتھ یہاں پولیس کے خاص انتظامات بھی کرنے پڑے خصوصاً گذشتہ چند دنوں کے دوران میں جو دھمکیاں دی گئی ہیں ان کی وجہ سے گذشتہ سال چاٹگام کے واقعہ کی یاد تازہ ہو جاتی ہے اس واقعہ کے لئے جمعہ کا دن مقرر تھا اور ناچ ہی کے وقت اسلحہ خانہ پر حملہ کیا جانے والا تھا لیکن وہ اتفاق سے بار آور نہ ہو سکا۔

لیکن چونکہ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ کلکتہ میں اس وقت متعدد انقلابی مفرور چھپے ہوئے ہیں اس لئے یہاں ہر قسم کا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔

شیروانی صاحب نے اپنی جگہ صوبہ کانگریس کمیٹی کی صدارت کے لئے بابو موہن لال سکسینہ کو نامزد کیا ہے۔

مقامی حالات میں کوئی غیر معمولی تغیر نہیں ہوا ہے البتہ پھولپور اور دیگر مقامات پر الگذاری کی وصولی کے سلسلہ میں قرقیاں دیکھو بہ آہر ہو رہی ہیں چنانچہ پنڈت برج کشور مالوی کی جائداد جو پھولپور تحصیل میں واقع ہے بقایا مالگذاری کے سلسلہ میں قرق ہو گئی ہے۔

خان عبد الغفار خان اور جواہر لال نہرو کی گرفتاری

تمام ہندوستان میں ہیجان۔ ہڑتالیں اور جلسے

خان عبد الغفار خاں، پنڈت جواہر لال نہرو اور مسٹر تصدق احمد خاں شیروانی کی گرفتاری پر تمام ہندوستان میں تشویش پیدا ہو گئی ہے اور حکومت کے اس رویہ کے خلاف زبردست احتجاج کیا جا رہا ہے۔ لاہور، پونا، بنارس، سکندرآباد، کراچی، دہلی، بمبئی اور متعدد مقامات پر ہڑتالیں کی گئیں، جلوس نکالے گئے اور جلسے منعقد کئے گئے۔ اور گرفتار شدہ لیڈروں کی خدمتوں میں ان کی گرفتاری پر مبارکباد پیش کی گئی۔

خان عبد الغفار خاں کے بھائی نینی جیل میں

الہ آباد ۲۶ دسمبر۔ خان عبد الغفار خاں کے بھائی ڈاکٹر خان کو الہ آباد پہنچا دیا گیا ہے اور آپ کو نینی جیل میں محبوس کر دیا گیا ہے۔ لیکن ابھی تک خان عبد الغفار خاں کے متعلق کچھ معلوم نہ ہو سکا کہ آپ کو کہاں بھیجا گیا ہے۔

یو۔پی کے آرڈیننس میں توسیع

لکھنؤ ۲۸ دسمبر۔ یو۔پی کا نادہندی آرڈیننس ضلع فرخ آباد میں بھی نافذ کر دیا گیا ہے۔

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

صوبہ سرحد کیلئے تین آرڈیننس۔ گرفتاری کیلئے وسیع قوانین

خان عبد الغفار خان اور آپ کے رفقار کی گرفتاری

سرخ قمیص والوں کی مزاحمت

اسی طرح گذشتہ دو ماہ کے عرصہ میں ان کی جماعت نے تعزیری قوانین میں بھی مزاحمت کی اور حکومت کی راہ میں مشکلات پیدا کیں وہ جرائم کا اخفا کرتے تھے لوگوں کو دھمکیاں دیتے تھے اور مختلف صورتوں میں جرمانہ وغیرہ کے ذریعہ اپنا حق جتلاتے تھے ۔ دفعہ ۱۴۴ عائد کی گئی لیکن انہوں نے اس کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی۔

اسی طرح اس بیان میں لکھا گیا ہے کہ خان عبد الغفار خاں نے قومی منافرت پھیلائی اور لوگوں کے اس طرح جذبات برانگیختہ کئے کہ انگریزوں سے نفرت ہو جائے ہری کشن حملہ آور گورنر پنجاب کے ساتھ سرخ قمیص والوں نے ہمدردی ظاہر کی اور اس طرح قتل و غارت کے جذبات کی حمایت کی۔ اسی طرح اس قسم کی مثالیں بھی پائی جاتی ہیں کہ پشاور کے باشندوں میں بھی باہمی نفرت پیدا ہو گئی ہے۔

خان صاحب گرفتار کر کے انڈمان بھیج دیے گئے؟

گرفتاری پر چیف کمشنر صوبہ سرحد کا بیان

نئی دہلی ۲۶ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ خان عبد الغفار خاں ان کے بھائی ڈاکٹر خان صاحب اور مسٹر سعد اللہ خاں اور قاضی عطاء اللہ خاں وکیل مردان کو شاہی ریگولیشن کے ماتحت گرفتار کر لیا گیا ہے۔ یہ حضرات آج یہاں ایک بند اسپیشل میں دہلی کی طرف سے گئے۔ اسٹیشن پر کسی کو اطلاع نہ تھی البتہ پولیس کا کچھ انتظام کر دیا گیا تھا قطعی طور پر نہیں معلوم کہ انہیں کہاں لے گئے ہیں اور ان پر کوئی مقدمہ بھی چلایا جائے گا یا نہیں تاہم اندازہ کیا جاتا ہے کہ ان کی اسپیشل کلکتہ کی طرف گئی ہے جہاں سے ان کو غالباً انڈمان میں نظر بند کر دیا جائے۔

تیسرا آرڈیننس۔ تیسرے آرڈیننس کا منشاء یہ ہے کہ حکومت سرحد جس چیز کو چاہے ناجائز قرار دیدے اور اسے اختیار ہوگا کہ وہ ایسے مقامات پر قبضہ کرے جہاں ناجائز انجمنیں ہوں اسی آرڈیننس کی رو سے صوبہ کی حکومت کو یہ اختیار بھی دیا گیا ہے کہ وہ اس قسم کی تحقیقات کے بعد جسے وہ ضروری خیال کرے اس سرمایہ یا رقم کو جو غیر قانونی انجمنوں میں استعمال ہوتا ہو ضبط کرے۔

صوبہ سرحد میں چار ہزار خدائی خدمتگاروں کی گرفتاری

پولیس کی گولی سے ایک آدمی کی شہادت

پشاور ۲۶ دسمبر۔ غیر قانونی انجمن کی رکنیت کے الزام میں ۱۸۸ سرخ قمیص والوں کو اس وقت تک گرفتار کیا جا چکا ہے۔ یہ لوگ پانچ اضلاع میں پکڑے گئے ہیں جو وہاں سرخ قمیص کی تحریک کا کام کر رہے تھے ان میں سے صرف پشاور سے ۱۰۲، ایبٹ آباد سے ۳۶، بنوں سے ۲۶، ڈیرہ اسمعیل خاں سے ۱۳ اور ہزارہ سے ۳۰ آدمی گرفتار ہوئے ہیں۔ ان گرفتار شدگان میں دو تو اخباروں کے ایڈیٹر ہیں متعدد مختلف مجالس کے صدر اور دیگر عہدیدار ہیں نیز جتھوں کے کمانڈر۔

دو سو سرخ قمیص والے کوہاٹ میں جمع ہو گئے تھے۔ پولیس نے انہیں روک لیا۔

پشاور کے قریب ایک گرفتاری کے سلسلہ میں پولیس کی طرف سے ایک گولی بھی چلی جس سے ایک آدمی ہلاک ہوا۔

صوبہ سرحد میں اصلاحات کے متعلق چیف کمشنر کا اعلان

اصلاحات کے فوری نفاذ کا وعدہ

پشاور ۲۲ دسمبر۔ ہر قسم کے سیاسی خیالات رکھنے والی جماعتوں کے نمائندے، بار ایسوسی ایشن کے ارکان، مقامی سرکردہ لوگ اور فوجی عہدیدار جن میں کمانڈر پشاور ڈسٹرکٹ بھی شامل تھے آج بعد دوپہر چیف کمشنر کے دربار میں شامل ہوئے۔

نفٹننٹ کرنل گرنفیتھ چیف کمشنر نے شروع ہی میں ان امور کا حوالہ دیا جن کی وجہ سے باشندگان صوبہ کے دلوں میں اپنے معاملات کے نظم و نسق میں حصہ لینے

سرحد پر ڈھائی لاکھ مجاہدین کا اجتماع

خاں صاحب کی گرفتاری پر ڈیلی ایکسپریس کی ہرزہ سرائی

اخبار ڈیلی ایکسپریس (لندن) کا نامہ نگار مظہر ہے کہ خان عبد الغفار خاں نے ڈھائی لاکھ کا لشکر سرحد پر تیار کر لیا تھا ...

ان مسائل پر عمیق نظر ڈالیں گے اور ہم سب ساتھ کامل ترین اتحاد عمل ...

سرحد میں تین آرڈیننسوں کا نفاذ

قومی سرمایہ کی ضبطی کے اختیارات

بنگال میں انقلابیوں کا قلع قمع

کانپور میں دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی

محبوب عاشق کے قدموں پر

اگر صحت پیاری ہے

ہمدرد دواخانہ ۔ لال کنواں دہلی

مسلمانو ہوشیار ہو جاؤ

قرآن مجید مترجم

سوزاک ۔ گنوریا یعنی سوزاک اور اسکا علاج

حکیم سید محمد عزیز الحسن بری گھاٹ بھوپال

جوان بنانے والی معجون

دہلی کے بقائی خاندان کا مشہور و معروف دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

حب نعمت رجسٹرڈ

منیجر دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

فرخ الالارم ٹائم پیس



شب چراغ پاکٹ واچ

دی جان سن واچ ہاؤس

مشہور سلکی ٹسری صافے

سلکی ٹسری صافہ نہایت مضبوط اور پائیدار

جنرل ٹریڈنگ ایجنسی جگ سلاتی ٹانڈہ

اسلامی دنیا کیلئے ایک نایاب تحفہ

پیکو آرٹ پریس بیرون موچی دروازہ۔ لاہور

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

فتنہ نگار کا انسداد

سگنل ڈاون ہو گیا

رمضان المبارک کا رعایتی اعلان

شعبہ تالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ سرکار عالی

کو

فلسفہ کی انگریزی اور جرمنی کتابوں کے ترجمہ کے لئے ایسے مترجم کی ضرورت ہے جو ان زبانوں سے اردو میں بامحاورہ اور سلیس ترجمہ کر سکے۔ یورپ کے تعلیم یافتہ اشخاص کو جو زبان اردو سے بخوبی واقف ہونگے ترجیح دی جائیگی۔ تنخواہ ۳۰۰۔۲۵۔۵۰۰ روپیہ سکہ عثمانیہ ہوگی درخواستیں مع اسناد اور علمی کارناموں کے ناظم دار الترجمہ کے پاس یکم فروری ۱۹۳۲ء سے پہلے پہنچ جانی چاہئیں۔

محمد عنایت اللہ ناظم دار الترجمہ حیدر آباد دکن

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ
نصف صفحہ
ایک کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۵ | دہلی - یوم سہ شنبہ ۲۵ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ مطابق ۵ جنوری ۱۹۳۲ء | نمبر ۲

مولانا شوکت علی صاحب کی سیاست پر عربی اخبار الجہاد کا تبصرہ

انگریزوں کو بری الذمہ قرار دینا کہاں تک صحیح ہے؟

ہم مسلمانان عالم کے لئے یہ واقعہ کس درجہ الم ناک ہے کہ ہندوستان کے ہندو مسلمان باہم کسی ایسے سمجھوتے پر نہیں پہونچے جو ان کی نا اتفاقی کا خاتمہ کر دے اور وہ غاصب کی مقاومت میں متحد ہو جائیں!

معاصرین کے افکار و آراء

صوبہ سرحد میں اصلاحات کا سبز باغ (ریاست)

گزشتہ سال سرحد کے پانچ سو بہادر فرزندوں نے گاندھی جی کے جھنڈے کے نیچے عدم تشدد کی جنگ میں جو اپنی جانیں مادر وطن پر قربان کی تھیں ان کے خون کی قیمت میں حکومت ہند صوبہ سرحد کو اصلاحات عطا کرنا چاہتی ہے چنانچہ ۲۲ دسمبر کو پشاور میں چیف کمشنر کا دربار ہوا اور سرحد میں نئے آئین میں اصلاحات کے عنقریب نافذ ہونے کا اعلان بھی کر دیا گیا۔

اتحاد ایشیا کا آوازہ کہن (مدینہ)

جمہوریہ ترکیہ کے صدر اعظم غازی عصمت پاشا ماسکو کا عزم کرتے ہیں اور مشرقی دنیا میں اتحاد ایشیا کا آوازہ کہن بلند ہو جاتا ہے۔

بھوپال کے خلاف گرجی ٹیٹن (حقیقت)

احرار اسلام زندہ باد (ہند)

محمد توفیق ایاب (ایڈیٹر الجہاد)

(باقی صفحہ ہذا کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

"ماءاللحم خاص الخاص" اور "مفرح عنبریں" اور ہماری دیگر مقوی شاہی ادویہ سے اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے۔ فہرست خصوصی مفت۔ "منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی"

بالکل مفت

طلائے عزیز اکثر حکماء اور وید قیمتی طلے بنایا کرتے ہیں اور ان کی قیمت ... روپیہ اور ... روپے مقرر کرتے ہیں بلکہ بعض جگہ تو پچاس پچاس روپے دینے پڑتے ہیں مگر تمام لوگ اس سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے ... ہمارا طلائے عزیز ضرور منگائیں ... گویا اس قیمت میں یہ آپ کو بالکل مفت ہے۔ فہرست دواخانہ مع جنتری مفت طلب کیجئے۔

ملنے کا پتہ

منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

حلفیہ بیان آنریری سابق مشیر مال ضرغام اللہ خاں کا مدعا

فی زمانہ جھوٹے مشتہر حکمت سے ناآشنا بیت کے مجبور فرضی سرٹیفکیٹوں کے اعتبار سے بیمار نامردی کے گلے پر چھری پھیرنے میں دریغ نہیں کرتے درنہ اصول قدیم اور جدید کی رو سے کسی ایک اکسیر کا نامردی جریان منی سرعت انزال کثرت احتلام کیلئے صحیح ثابت ہونا قطعاً غلط اور سفید جھوٹ ہے ایک اکسیر چاہے دس ہزار کی قیمت سے بھی کیوں تیار نہ کیا ہو ایسے مایوس بیمار خانصاحب کا مجوزہ نقشہ سوالات ہم سے مفت منگا کر بعد خانہ پری واپس بھیجکر خانصاحب کے تیار کردہ اکسیرات کے استعمال سے قدرت کا نظارہ دیکھیں ... الشتہر

منیجر دواخانہ امیر الغربا محلہ شاہ نظر راولپنڈی

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں۔ مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mafg: Co: India
POST BOX 88 Karachi

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حسین آبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز ... اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

دہلی دواخانہ کا کرشمہ عظیم!

فہرست کلاں مفت جمال پلس رہبار سکا حوالہ ضرور دیں

منیجر دہلی دواخانہ صدر بازار منڈی روئی دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ ... مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے ...

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ھدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار ... قسم دوم حاشیہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے ... فرمایا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصولڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۲۵ شعبان المعظم ۱۳۵۰ ہجری

برطانوی تدبر کا دیوالہ

گاندھی جی کو لارڈ ولنگڈن کا جواب

بمبئی اور کلکتہ کی تازہ ترین اطلاعات سے ملک کے طول و عرض میں اضطراب

نہ ہوں اگر وہ ایسا کرتے ہیں تو یقیناً یہ ایک غلطی ہے اور بہت بڑی غلطی ہے۔

گاندھی جی نے اپنے سب سے پہلے تار میں صرف یہ کہا تھا کہ جدید آرڈیننس اور ان کی بنا پر صوبہ سرحد میں جو گولیاں چلائی گئی ہیں اور یوپی اور سرحد میں جو گرفتاریاں ...

گرفتاریوں کی تعداد بلا خوف تردید بڑھ رہی ہے۔ سیکڑوں کاروں اور مشین گنوں کی نمائش کی جا رہی ہے اگر وہاں بے دریغ چلائی جا رہی ہیں۔ شہداء و مجروحین کی صحیح تعداد کا اندازہ لگانا سخت دشوار ہو گیا ہے، ایک اطلاع کے مطابق ... اگر ہم سرکاری بیانات کی طرح ان غیر سرکاری اطلاعات کو مبالغہ آمیز بھی قرار دیں تو بھی اس سے ہرگز انکار نہیں کیا جا سکتا کہ حالات ایک خطرناک حد تک پہنچ چکے ہیں اور اب وقت آ گیا ہے کہ حکومت جلد سے جلد اس تشدد کو روک دے ... اس سے کسی دور اندیشی کی توقع رکھنا بھی فضول ہے لیکن اس کے باوجود ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ وائسرائے سے اپیل کریں کہ وہ آرڈیننسوں کو واپس لے لیں ... کا نتیجہ حکومت کے لئے کس قدر تباہ کن ثابت ہوگا۔

یونائٹڈ لیگ کانفرنس کمیٹی

جب سے کہ سر آغا خاں نے اپنے ایک خط میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ مسلم کانفرنس اور مسلم لیگ کو ملا کر ایک جماعت یونائٹڈ مسلم کانفرنس لیگ کے نام سے بنادی جائے مسلمانوں کے بعض اخبارات میں اس پر بڑے شد و مد سے مباحثہ و بحث کی جا رہی ہے۔ ... وقت اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارے میں کہ آزاد مؤمنہ کا پردہ اجنبیوں اور نامحرموں کے سامنے آنے میں از روئے قرآن و حدیث وفقہ کیا ہے؟ برقعہ اوڑھنا واجب ہے؟ یا چہرہ اور ہاتھ کھول کر نکلنا جائز ہے؟ اور اگر جائز ہے تو اس شخص کی نسبت شرع کا کیا حکم ہے جو عورتوں کو گھر میں بیٹھے رہنے پر مجبور کرے چار دیواری سے نکلنے نہ دے یا بغیر برقعہ کے کہیں آنے جانے سے روکے۔

الجواب

پردے اور حجاب کے حکم کا مدار خوف فتنہ پر ہے اور ظاہر ہے کہ چہرے پر نظر پڑنی اس بارے میں زیادہ مؤثر ہے اس لئے فقہائے کرام نے مؤمنہ محرمہ کے لئے اجانب کے سامنے کشف وجہ کو ناجائز قرار دیا ہے۔ ...

استفتاء

...

الجواب

(۱) زن و شوہر میں کسی ایک کے مرتد ہو جانے سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے اگر زوج مسلمان رہے گا اور زوجہ مرتدہ ہو جائے گی تو جب بھی نکاح ٹوٹ جائے گا۔

فقط واللہ اعلم

(۲) شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے۔ اللہ عزوجل کا فرمان ہے۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم مگر اس سیدانی لڑکی کے اولیاء کو اس نکاح کے فسخ کرانے کا اختیار ہوگا بوجہ غیر کفو ہونے کے فقط

اجابہ و کتبہ حبیب المرسلین عفی عنہ نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

ضروری اطلاع

اخبار کے اکثر نئے خریدار صاحبان وی پی وصول کرنے کے بعد ہی اخبار انتظار کرنے لگتے ہیں اور دو چار دن انتظار کرنے کے بعد شکایتی خطوط کا سلسلہ شروع کر دیتے ہیں۔ حالانکہ اخبار اسی وقت جاری کیا جاتا ہے جب وی پی کی رقم دفتر کو وصول ہو جاتی ہے۔

نیز اس بات کا ضرور لحاظ رکھنا چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسہ کا ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

یوم رئیس الاحرار

مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی میں مسلمانان ہند کی جو خدمات انجام دی ہیں اور ان کے دلوں میں آزادی وطن کی جو تڑپ پیدا کی ہے وہ رہتی دنیا تک مولانا کی یاد کو قائم رکھے گی اور جب تک اس سرزمین پر ایک مسلمان بھی زندہ ہے مولانا کا نام انتہائی عزت و احترام کے ساتھ لیا جاتا رہے گا۔ گزشتہ سال مولانا مرحوم کی وفات حسرت آیات نے تمام عالم اسلامی کو حزن و ملال کے سمندر میں غرقاب کر دیا تھا اور امت مرحومہ کو اس حادثۂ فاجعہ سے وہ صدمۂ عظیم پہنچا تھا کہ ہر مسلمان مضطرب و بے چین نظر آتا تھا۔ مولانا کی یاد کو تازہ کرنے اور مرحوم کے روشن کارناموں کو پیش کر کے قوم کو پستی سے بلندی کی طرف لے جانے کے لئے امسال ۴ جنوری کو تمام ہندوستان میں یوم رئیس الاحرار منایا جا رہا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ تمام ملک کے مسلمان مختلف مقامات پر اس پروگرام کو کامیاب بنانے کے لئے پوری کوشش کریں گے جو اس سلسلہ میں شائع کیا گیا ہے۔ دہلی میں بھی یوم رئیس الاحرار منانے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں اور اس سلسلہ میں مجلس خلافت کی ایک سب کمیٹی کچھ کام بھی کر رہی ہے مگر محض اس سب کمیٹی پر کام چھوڑ دینے سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ مسلمانان دہلی کے شایان شان مظاہرہ ہو سکے گا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مجلس احرار اسلام دہلی اپنی پوری قوت کے ساتھ ۴ جنوری کے جلسہ اور جلوس کو شاندار بنانے کے لئے آمادہ ہو جائے ...

سوقیانہ انداز

...

سرحد میں تشدد کی گرم بازاری

...

مسلمانوں کو قادیانی صدارت پر کیوں اعتراض ہے

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی طرف سے سر محمد یعقوب کے خط کا جواب

قارئین کرام کو معلوم ہوگا کہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند آج کل لاہور میں تشریف رکھتے ہیں۔ اور دربار گرز حکومت پنجاب سے جو احرار اسلام کی جو گفت و شنید ہو رہی ہے اس میں آپ احرار کی رہنمائی فرما رہے ہیں۔ سر محمد یعقوب نے حضرت مولانا کے مکتوب گرامی کا جواب دیتے ہوئے بعض اخبارات میں جو بیان شائع کرایا تھا اس پر الجمعیۃ کی گزشتہ سے پیوستہ اشاعت میں ایک اجمالی تبصرہ کر دیا گیا تھا اور یہ کہا گیا تھا کہ اس بیان کا مفصل جواب خود حضرت مولانا ہی دیں گے ...

— (ایڈیٹر)

بیزاری کی چوتھی وجہ

سر محمد یعقوب کا خط

مرزائیت اور دوسرے فرقوں کا مقابلہ

اساسی اختلاف

قادیانیوں کی انگریز پرستی

سر آغا خاں اور ظفر اللہ خاں

قادیانیوں سے مسلمانوں کی بیزاری

بیزاری کی پہلی وجہ

بیزاری کی دوسری وجہ

بیزاری کی تیسری وجہ

کانگریس میں شرکت اور اتباع

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

حکومت حجاز و روسی تعلقات کی مؤثر تردید

سرزمین حجاز قحط، مالی دشواریوں اور قرضہ کی لعنت سے پاک ہے

انگریزی اور عراقی جرائد کا خطرناک پروپیگنڈہ

آج کل حکومت حجاز پر اخبار کی خاص نظر پڑ گئی ہے اور اس کی قوت کو توڑنے اور حکومت کے وقار کو تباہ کرنے کے لئے انگریزی اور عراقی اخبارات اپنا پورا زور خرچ کر رہے ہیں۔ ...

یہ تو انگریزی اخبارات کا حال ہے۔ رہے عمان کے عراقی اخبارات سو ان کی خبروں پر وثوق کر لینا کسی احمق کا ہی کام ہو سکتا ہے کیونکہ انہوں نے سلطان ابن سعود اور آپ کی حکومت کو بدنام کرنے کا ایک مدت سے ٹھیکہ لے رکھا ہے ...

ان عراقی اخبارات نے اس وقت یہ پروپیگنڈا کرنا شروع کیا ہے کہ حجاز میں قحط اور کساد بازاری کا دور دورہ ہے اس لئے سلطان کی طرف سے کوشش کی جا رہی ہے کہ آئندہ موسم حج میں حجاج سے بطور محصول ایک زبردست رقم وصول کی جائے تاکہ حجاز کی مالی حالت میں اصلاح ہو سکے۔ خدا ان اخبارات کو ہدایت کرے کہ وہ اپنی صحافتی ذمہ داریوں کا احساس کریں۔ ان خبروں کے متعلق صرف اتنا ہی کہنا کافی ہوگا کہ ان میں صداقت کا کوئی شائبہ بھی نہیں ہے۔

حجاز میں نہ تو قحط ہے نہ اتنی کساد بازاری کہ باشندوں کی معیشت تنگ ہو جائے اور نہ حکومت حجاز کا حجاج پر مزید محصول عائد کرنے کا کوئی ارادہ ہے۔

ترکی عراقی سرحد پر کردی بغاوت کے شعلے

کردی قبائل نے عراقی فوج کو شکست دیدی

عراق کے شمال میں قبائل کی جنگی کارروائیاں شروع ہو گئی ہیں جنہوں نے سخت پریشانی پھیلا دی ہے۔ ...

ان کے علاوہ ایرانی سرحد پر بھی نقل و حرکت شروع ہو گئی ہے اور حکومت ایران نہایت ہوشیاری سے قبائل پر کنٹرول حاصل کرنے میں مشغول ہے۔ یہ کردی قبائل ایرانی عراقی سرحد پر پہاڑی مقامات میں بود و باش رکھتے ہیں۔ ...

فلسطین کی مؤتمر اسلامی کے نتائج

اٹلی کے مظالم بیان کرنے پر ایک نمائندہ کا اخراج

فلسطین کی مؤتمر اسلامی کے اجلاس ختم ہو چکے اور مندوبین اپنے اپنے وطن کو واپس ہو گئے۔ مؤتمر کی ایک مجلس عاملہ مقرر کی گئی ہے جس میں مفتی اعظم کو پوری قوت حاصل ہوگی کیونکہ آپ اس کے صدر منتخب کئے گئے ہیں۔ اگر فلسطین سے باہر کے مسلمانوں سے مجوزہ رقم وصول ہو گئی تو مفتی اعظم اپنی خواہشات کو بروئے کار لانے کے لئے پوری کوشش کریں گے۔

مؤتمر اسلامی جس طرح شروع ہوئی تھی اسی طرح ختم ہو گئی اور نتائج کے اعتبار سے وہ اوّل تا آخر ناکام رہی۔ مؤتمر کے آخری اجلاس میں ایک مصری نمائندہ نے حکومت اٹلی کے خلاف سخت اشتعال انگیز تقریر کی اور طرابلس کے مظالم مسلمانوں کے واقعات کو نہایت پرجوش اور ہنگامہ خیز الفاظ میں بیان کیا، چنانچہ اس پر اٹلی کے سفیر نے نوٹس لیا اور حکومت فلسطین سے درخواست کی کہ اس کو خارج البلد کر دیا جائے ...

ترکی حکومت کی مالی حالت

غیر ملکی اشیا کی درآمد پر پابندیاں

... انگورہ کی گورنمنٹ نے ایک تار کے ذریعہ تمام محکموں کو اطلاع دی ہے کہ غیر ملکی اشیاء کی درآمد روک دی جائے ... اس کا مقصد یہ ہے کہ ترکی مملکت کا تجارتی توازن قائم ہو جائے اور ملکی مصنوعات کو ترقی ہو۔

وزیر اعظم نوری پاشا کا سفر انگورہ

عراق کو انتداب کے پنجہ سے چھڑانے کی سعی

بغداد سے وزیر اعظم نوری پاشا بذریعہ ہوائی جہاز انگورہ روانہ ہو گئے ہیں معلوم ہوا ہے کہ آپ کے اس سفر کی غرض صرف ان چند معاہدات پر بحث و تمحیص ہے جو حکومت عراق اور ترکی گورنمنٹ کے مابین تصفیہ طلب ہیں۔ ...

یمن میں ایک پادری کا قبول اسلام

شکار کرنے آئے مگر خود شکار ہو گئے

ایک امریکن پادری ... عرصہ سے یمن کے اطراف میں عیسائی تبلیغ کا جال پھیلا رہے تھے۔ مگر یہاں انکو اطمینان سے قرآن عزیز کے مطالعہ کا موقع ملا ... ایک سال کے بعد یہ پادری صاحب عیسائیت سے متنفر ہو گئے اور تثلیث سے توبہ کر کے توحید کی پناہ میں آ گئے ہیں۔ آپ کا اسلامی نام عبداللہ رکھا گیا ہے ...

بغداد میں عیسائی مبلغین کیا کر رہے ہیں؟

...

مراکو کے ایک سلطان کا اعزازی خطاب واپس لیا گیا

سلطان محمد پر ملک معظم کا عتاب

...

بغداد میں براڈکاسٹنگ کا استعمال

مختلف اطراف میں پیغامات بھیجے گئے

...

گاندھی جی کو وائسرائے کا آخری جواب

سابق صدر اسمبلی چندر بوس اور جمنا داس مہتہ کا کانگریس سے اختلاف

مسٹر سبھاش چندر بوس گرفتار کر لیے گئے

نئی دہلی ۴ر جنوری۔ گاندھی جی نے وائسرائے کو جو برقیہ ارسال کیا تھا اس کا جواب وائسرائے کی طرف سے دیدیا گیا۔ اس کا جواب الجواب بھی گاندھی جی نے بذریعہ تار ہز ایکسلنسی کی خدمت میں ارسال کر دیا تھا۔ کل وائسرائے بذریعہ ہوائی جہاز کلکتہ سے دہلی واپس آ گئے ہیں آپ نے مجلس عاملہ کا ایک فوری اجلاس طلب کیا۔ ...

گاندھی جی اور وائسرائے کے درمیان نامہ و پیام

وائسرائے کا مایوس کن جواب

کانگریس کی مجلس عاملہ کے فیصلے

گاندھی جی اور لارڈ ولنگڈن کے مابین ۲۹ر دسمبر سے جو نامہ و پیام جاری تھا اس کا نتیجہ فوری طور پر تو افسوس ہے کہ مایوس کن ثابت ہوا اور کانگریس کی مجلس عاملہ نے مشروط طریقے پر یہ فیصلہ کر دیا کہ ان حالات میں اس کے لئے سوائے سول نافرمانی شروع کرنے کے اور کوئی چارہ نہیں ہے۔ ...

گاندھی جی کا جواب الجواب

وائسرائے کا صاف جواب

صوبہ سرحد اور صوبجات متحدہ

وزیر اعظم کا بیان

سول نافرمانی ناگزیر ہے

صوبہ سرحد کا معاملہ

مجلس عاملہ کی منظور شدہ تجاویز

محکمہ تار اور سرکاری عدالتوں کا بائیکاٹ

سول نافرمانی کی شرطیں

حکومت کی ذمہ داری

ملاقات کی شرط

مسٹر جیکر اور ڈاکٹر سپرو بیچ میں پڑتے ہیں

سرحد میں حکومت کی سخت گیری امن و امان کو تباہ کر دیگی

وائسرائے کے نام صدر جمعیۃ علماء ہند کا تار

جمعیۃ علماء ہند کے صدر محترم حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب نے وائسرائے کو مندرجہ ذیل تار ارسال فرمایا ہے۔

صوبہ سرحد میں آرڈیننسوں کے ماتحت جو قیامت قائم کر دی گئی ہے اور آتشباری اور بے تعداد گرفتاریوں کا طوفان برپا ہے سرخ پوشوں کی پرامن تحریک کو کچلنے کیلئے مسلمانوں ... کو نشانہ بندوق بنایا جا رہا ہے ... ان ... واقعات پر سخت احتجاج کرتے ہوئے ... حکومت کو تباہ ... سخت گیری اور ہلاکت آفرینی کی ... ہندوستان کے کسی طبقہ اور کسی قوم کو ... برطانوی حکومت سے تعاون کرنے کی کوئی گنجائش باقی نہ رکھے گی۔ ہندوستانیوں کی خودداری اور مسلمانوں کے احساس ... کو ... سمجھ لینا خطرناک غلطی ہے۔ مہربانی کر کے حالات کو ... آرڈیننسوں کو فوراً واپس لیکر باشندگان سرحد کیلئے امن کا ... (مولانا مفتی) محمد کفایت اللہ

کانگریس کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں مباحثے

آرڈیننسوں کو واپس لینے کی درخواست

تحریک بائیکاٹ کیلئے رہنماؤں کی مشاورت

صوبہ سرحد کے لئے اصلاحات کا عجیب و غریب تحفہ

کونسل کے چالیس ارکان میں سے ۱۴ نامزد شدہ ہونگے!

ہندوؤں اور سکھوں کو تناسب آبادی سے تین گنا زیادہ نمائندگی

نئی دہلی ۳۱ر دسمبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کو معلوم ہوا ہے کہ گول میز کانفرنس کی تین کمیٹیوں کے اراکین نامزد ہو چکے ہیں۔ اور لائحۂ عمل تجویز کر لیا گیا ہے۔ گول میز کانفرنس کی مجلس عاملہ کا پروگرام بھی مرتب ہو چکا ہے۔ امید ہے کہ اس سلسلے میں ۵ر فروری سے پہلے اعلان ہو جائے گا۔

اسی ضمن میں سرحد میں اصلاحات کے نفاذ پر بہت کچھ بحث ہوئی ہے۔ سر اور سر ... نے دوران قیام پشاور میں چیف کمشنر مسٹر ... اور نواب مظفر خاں افسر خصوصی انچارج حق رائے دہی سے گفتگو کی۔ سرخ پوشوں کی سرگرمیوں سے سرحد کی فضا مکدر ہو گئی تھی۔ لیکن اس کے باوجود رائے دہی اور مجلس آئین ساز کے متعلق قواعد و ضوابط کا مسودہ تیار ہو چکا ہے۔ اور اس سلسلے میں دہلی اور پشاور کے درمیان گفتگو جاری ہے۔

سرحد کی مجلس قانون ساز کے چالیس ممبر ہونگے۔ ان میں چھبیس منتخب شدہ اور چودہ نامزد ہوں گے۔ جن میں سے چھ سرکاری حکام میں سے لئے جائیں گے۔ ہندو اور سکھ جو یہاں اقلیت میں ہیں تناسب آبادی سے تین گنا زائد نمائندگی حاصل کریں گے۔

جہاں تک محکمہ جات کی تقسیم کا تعلق ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ہیگ کمیٹی کی کل سفارشات کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ اور کارروائی سرانجام دینے میں پنجاب کے قوانین کو نافذ کیا جائے گا۔ اس صوبے کا مرکزی حکومت سے جداگانہ خزانہ رکھنے کا سوال فنانس کمیٹی کے زیر غور ہے اور امید ہے کہ جنوری کے تیسرے ہفتہ تک یہ نتیجہ برآمد ہو جائے گا۔ اس امر پر تعویق اس وجہ سے ہوئی کہ بہت سے امور کے متعلق مقامی حکومت سے استصواب نہیں کیا گیا۔

گاندھی جی خاموش کریں

ہز ایکسیلنسی کی تقریر کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ انہوں نے اس کے دوران میں کانگریس کا ذکر کرنے کے بعد گاندھی جی کا نام لیکر ان سے اپیل کی کہ وہ خدارا رک جائیں۔ آپ نے صوبجات متحدہ اور صوبہ سرحد کے سرکاری ... کا حوالہ دیکر فرمایا کہ ان کو پڑھنے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس تحریک میں کس قدر پول ہے اور میں یہ امید کرنے کی جرأت کرتا ہوں کہ اس آخری وقت میں بھی مسٹر گاندھی جو کانگریس کے مسلمہ لیڈر ہیں اور جو ابھی حال ہی میں انگلستان سے واپس آئے ہیں ان کارروائیوں کو روکنے کا حکم دیں گے اور ہمارے ساتھ اشتراک عمل کے لئے رضامند ہو جائیں گے اور ہمیں اپنے مضبوط اثر سے اس عظیم الشان مسئلہ کو حل کرنے میں یعنی ہندوستانیوں کو ہندوستان کی حکومت میں حصہ دینے کے مسئلہ کو طے کرنے میں ہماری مدد کریں گے۔

کانگریسی لیڈر شہرت کے بھوکے اور متوازی حکومت کے طالب ہیں

حکومت کے خلاف ہر تحریک کا مقابلہ کیا جائیگا

کلکتہ میں وائسرائے ہند کی تقریر

کلکتہ میں یورپین ایسوسی ایشن کے سالانہ ڈنر کے موقعہ پر ہز ایکسیلنسی لارڈ ولنگڈن نے بھی اسی طرح ایک اہم تقریر کی جس طرح ان کے پیش رو کیا کرتے تھے۔ اس تقریر میں ہز ایکسیلنسی نے اپنی حکومت کی پالیسی کی تشریح کی اور ملک میں عدم تعاون کی تحریک کی سخت مذمت کی۔ آپ نے گاندھی جی کا نام لیکر بھی ان سے اپیل کی کہ وہ کانگریس کو روکیں اور کوئی ایسی بات نہ ہونے دیں کہ اس کی وجہ سے حکومت کو سخت کارروائی اختیار کرنی پڑے۔

اپنی حکومت کی پالیسی کا ذکر کر کے آپ نے کہا کہ جب سے ہندوستان کا نظام حکومت میرے ہاتھ میں آیا ہے اور میں یہاں وائسرائے ہو کر آیا ہوں ...

سرحد کے آرڈیننسوں کی واپسی کا مطالبہ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اعلان

پشاور، کوہاٹ، بنوں اور خٹک کی خلفشار

فوجوں کا مظاہرہ۔ زبردست گرفتاریاں

چیف کمشنر صوبہ سرحد کا بیان

آرڈیننسوں کا گراں کانگریسیوں سے سوال

خان عبدالغفار خاں کو برما پہونچا دیا گیا

مجلس احرار اسلام دہلی کا عظیم الشان جلسہ

سرحد میں تشدد اور آرڈیننسوں کے خلاف احتجاج

خان عبدالغفار خاں کی رہائی کا مطالبہ

جامع مسجد میں مجلس احرار اسلام دہلی کا عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا عبد الماجد صاحب منعقد ہوا۔ اور مولانا ابراہیم صاحب نے ایک پرجوش تقریر کی۔ حاضرین ..... کی تعداد میں تھے حسب ذیل تجویزیں بالاتفاق منظور ہوئیں۔

(۱) مسلمانان دہلی کا یہ جلسہ تشدد کی اس مہم کے خلاف زبردست احتجاج کرتا ہے جو حکومت نے صوبہ سرحد میں تحریک آزادی کو کچلنے کے لئے جاری کر رکھی ہے۔ صوبہ سرحد کے جدید آرڈیننس جن کے ماتحت بے شمار گرفتاریاں عمل میں آ چکی ہیں اور جن کے نفاذ کے بعد متعدد مقامات پر فوج اور پولیس نے گولیاں چلا کر بے گناہ باشندوں کو شہید اور مجروح کیا۔ دنیا کی تاریخ میں اپنی نظیر پیش نہیں کر سکتے۔ یہ جلسہ اعلان کرنا چاہتا ہے کہ حکومت ہند کے اس تشدد سے صوبہ سرحد میں امن و امان قائم نہیں ہو سکتا۔ اگر حکومت یہ چاہتی ہے کہ صوبہ میں امن و امان قائم ہو اور ہندوستان کے دیگر صوبوں کی طرح یہ صوبہ بھی آئینی اصلاحات سے متمتع ہو تو اسے چاہئے کہ وہ فوراً جدید آرڈیننسوں کو واپس لے اور خان عبدالغفار خاں اور ان کے رفقاء کو رہا کر کے صوبہ سرحد میں امن و عافیت کی فضا پیدا کرے ورنہ موجودہ تشدد کے نتائج حکومت کے لئے نہایت خطرناک ہوں گے اور تمام ہندوستان کے مسلمانوں میں اس وجہ سے اضطراب اور بے چینی پیدا ہو جائیگی۔

مسلمانان دہلی اور جہاد کشمیر

... سکریٹری دفتر احرار دہلی

مجلس احرار اور دربار کشمیر کے درمیان صلح کی کوشش

مولانا احمد سعید اور مفتی محمد کفایت اللہ کی مخلصانہ مساعی

مخالفین کے اتہامات قطعی بے بنیاد ہیں

جناب شبیر حسن صاحب قتیل اور جناب غازی محمد خضر صاحب نگرامی نے ذیل کا بیان بغرض اشاعت اخبارات کو دیا ہے۔

آج ہم لوگ چار دن قیام کرنے کے بعد لاہور سے دہلی واپس آئے اور کل صبح کانپور روانہ ہو جائیں گے۔ ہم اپنے مشاہدات و تجربات کا تفصیلی بیان کانپور پہنچ کر شائع کریں گے۔ لیکن اس کا اعلان جلد از جلد کر دینا چاہتے ہیں کہ مجلس احرار اور دربار کشمیر کے درمیان جو صلح کی گفتگو ہو رہی ہے اس میں مولانا احمد سعید صاحب اور مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اسی خلوص دلی اور نیک نیتی و خودداری سے کام کر رہے ہیں جس کی ان جیسے مقتدر اور عالی مرتبت رہنمایان قوم سے توقع ہو سکتی تھی۔ اور ہمیں اس میں مطلق شبہ نہیں ہے کہ نہ صرف مجلس احرار اسلام بلکہ تمام مسلمانان ہند کی عزت ...

ذکر الحکومت

لال قلعہ دہلی کی شاہی مسجد کا انہدام

مسلمانان دہلی میں اضطراب

جمعیۃ علماء کے کارکنوں کی بروقت مداخلت

دفتر جمعیۃ علماء ہند میں کچھ اشخاص نے آکر بیان کیا کہ لال قلعہ دہلی ایک قدیمی مسجد کو شہید کیا جا رہا ہے۔ چونکہ اس خبر سے مسلمانوں میں سخت اشتعال اور ہیجان پیدا ہونا یقینی تھا اس لئے فوراً ہی بہ ہمراہی مولانا عبد الوحید صاحب صدیقی منیجر الجمعیۃ اخبار و سید محمد اسحاق صاحب کرنل عساکر اسلامیہ و مولانا محمد یعقوب صاحب تفتیش حالات کے لئے قلعہ کو روانہ ہو گیا۔

قلعہ میں پہنچکر معلوم ہوا کہ اس طرف جہاں مسجد مذکور واقع ہے کسی شخص کو جانیکی اجازت نہیں اس لئے ہم کیپٹن ہربرٹ اسٹیفن اسٹیشن اسٹاف افیسر سے ملے اور مسجد کو معائنہ کرنے کی اجازت طلب کی ان کے بتانے پر کیپٹن ... ریجرز انڈین اینڈ سروس کارپس کے پاس پہنچے۔ جو ہمیں مسجد تک اپنے ہمراہ لے گئے۔

ہم نے جا کر دیکھا کہ کسرٹ گودام کے جنوبی حصہ میں یہ مسجد واقع ہے جو بہادر شاہ آخری تاجدار خاندان مغلیہ کے زمانہ میں تعمیر کی گئی تھی چھوٹی اینٹ کی دو دالی مسجد ہے اور اس کی محرابوں کو بند کر کے انہیں کو اٹھنٹ ... گودام کے کام میں لائی جا رہی ہے مسلمانوں کی بے حسی کے باعث اس میں کسی کو ادائے نماز کی اجازت نہیں۔ اور مسجد کے بیرونی دالان کی وسطی محراب پر انگریزی ہندسوں میں ... لکھا گیا ہے ...

... سے کہا کہ مسجد کے کسی حصہ کو بھی آپ نہیں گرا سکتے اور آپ کی اس کارروائی سے مسلمانوں کے جذبات کو سخت صدمہ پہونچا ہے تو انہوں نے معذرت کی اسی اثناء میں مسٹر ... کنٹر بیٹر بھی آ گئے اور دونوں صاحبوں نے ہمیں یقین دلایا کہ اب انہدام کو روک دیا جائیگا۔ اور اپنے آدمیوں کی حفاظت کے لئے ہم مسجد کے گرد ایک جنگلہ لگا دیں گے۔ اور جو ملبہ مسجد سے نکلا ہے اس کو مسجد کے اندر ڈال دینگے نیز ہمارے سامنے انہوں نے حکم دیا کہ اب کوئی شخص مسجد کے اندر نہ جائے اور سیڑھی بھی جو اندر رکھی تھی باہر نکال لی اور دروازہ مسجد کو بند کرا دیا گیا تو ہم لوگ واپس آ گئے۔

اس تمام کارروائی کی اطلاع مقامی افسران کو دیدی گئی ہے۔ ۲۲ر جنوری

(سید احمد شفیع۔ سر دفتر جمعیۃ علماء ہند۔ دہلی)

کئی آرڈیننس اور نافذ ہونے والے ہیں

گاندھی جی اور کانگریسی لیڈر عنقریب گرفتار

نئی دہلی ۴ر جنوری۔ وائسرائے نے گاندھی جی کی پیشکش کو ٹھکرا دیا۔ حکومت ہند نے صوبجاتی حکومتوں کو ہدایات جاری کر دی ہیں جن کی بناء پر تمام کانگریسی لیڈروں کو فوراً گرفتار کر لیا جائے گا۔ گاندھی جی، سردار پٹیل، وٹھل بھائی پٹیل سابق صدر اسمبلی اور دیگر کانگریس کی مجلس عاملہ کے ممبروں کو آج رات گرفتار کر کے کسی نامعلوم مقام پر بھیجدیا جائیگا ایک دو روز میں کئی اور آرڈیننس نافذ کر دئے جائیں گے۔ برطانوی مال کے بائیکاٹ ...

سرحد میں ۳۲۵ اشخاص گرفتار ہو چکے ہیں

جیلوں میں جگہ نہیں رہی

سنہری مسجد زیر لال قلعہ میں نماز تراویح

باڑہ ہندوراؤ میں مجلس احرار کا جلسہ

دہلی میں آرڈیننس ڈے

مسلمانو کو قادیانی صدارت پر کیوں اعتراض ہے

(بقیہ صفحہ ۳)

اس وجہ سے ہے کہ اس نے کانگرس کا اتباع نہیں کیا؟

سر محمد یعقوب کو معلوم ہونا چاہئے کہ میرا یا جمعیۃ علماء کا کسی وقت بھی یہ خیال نہیں ہوا کہ مسلمانوں کو کانگریس کا اتباع کرنا چاہئے۔ ہم نے جنگ آزادی میں مسلمانوں کو مشورہ ضرور دیا تھا کہ وہ کانگریس میں شریک ہوکر جنگ آزادی میں اس قدر حصہ لیں جس قدر کہ ہندوستان کا باشندہ ہونے کی وجہ سے ان پر عائد ہوتا ہے لیکن کیا سر محمد یعقوب صاحب جیسا فاضل جن کو علماء کے خاندان میں سے ہونے کا فخر ہے شرکت اور اتباع کا فرق نہیں سمجھ سکتا۔

کیا سر محمد یعقوب اب ہمیں یہ تلقین کرنا چاہتے ہیں کہ ہم ان جماعتوں پر جو جمعیۃ علماء کی پالیسی سے اختلاف رکھتے ہیں اپنے غصے اتاریں لیکن میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ جمعیۃ علماء کے خدام اس قدر چھچھورے نہیں ہیں میرا مشورہ محض غصہ کی وجہ سے نہیں تھا یہ مسلم لیگ کی فلاح و بہبود کے لئے تھا۔

کیوں نہیں۔ اگر خلافت کی تحریکیں علماء کی جماعت شامل نہ ہوتی اور عامۃ المسلمین کے ارشاد و تلقین کی وجہ سے تحریک کے ساتھ دلچسپی پیدا نہ ہوتی تو آپ ہی بتلائیے کہ ایسی تحریک کو جس میں علماء شریک نہ ہوں عامۃ المسلمین کے سامنے پیش کرکے آپ کیا کر سکتے ہیں۔ یہ تو تجربہ کی بات ہے اس کے لئے منطقی دلائل کی ضرورت نہیں ہے۔

استحصال فرقہ پرستی

(۵) اس کے بعد آپ ایک عجیب انکشاف فرماتے ہیں ... جمعیۃ العلماء کے قیام کا محرک ...

قرآن مجید

مولانا محمد علی مرحوم کے وقت کا راز

احسان فراموشی کا گلہ

رواداری کی تلقین

ذاتی مفاد اور مصالح ملت

عامۃ المسلمین کی اہانت

خود ستائی اور تعلّی

(۸) پھر ارشاد ہوتا ہے بلکہ مسلمانوں کی مذہبی تحریکات بھی انہیں انگریزی تعلیمیافتہ جماعت کے جوش کی مرہون منت ہیں۔

احمد سعید عفا اللہ تعالیٰ عنہ
ناظم جمعیۃ علماء ہند
۲۸ دسمبر ۱۹۳۰ء

قیامت کا دن

اور ایک بزرگ کامل کا زبردست اعلان

شیخ کامل قطب الاقطاب حضرت شیخ جمال الدین سجادہ نشین رحمۃ اللہ علیہ کا یہ اعلان ہے کہ اگر اس موثر دعا کا صرف سات روز عمل کر لینے سے ہر کام میں فتح و نصرت اور دین و دنیا کے ہر جائز مقصد میں کامیابی نہ ہو بخت سے سخت مشکلات کا حل اور تمام پریشانیوں مصیبتوں سے نجات نہ مل جائے تو قیامت کے دن میرا دامن ہوگا اور آپ کا ہاتھ۔ صاحبو اگر آپ بہت سے عملیات پڑھنے اور سینکڑوں تعویذات و نقوش استعمال کرنے پر بھی ہنوز محروم و مایوس و ناکام ہیں تو یہ موثر اور حکمی دعا جو ایک بزرگ متبع شریعت کے ذریعہ ہم تک پہونچی ہے ۔ ذیل کی دوا کے ہمراہ منگاکر صرف سات روز ترکیب کے مطابق عمل کیجئے انشاء اللہ تعالیٰ آپ ہرگز محروم نہ رہیں گے ہم محض خلق اللہ کو حضرت قطب الاقطاب کے فیض سے مستفیض کرنے کیلئے بالکل صحیح دعا مع ترکیب ہمراہ دوا بھیجدیتے ہیں۔

ایک رات کا مجرب عمل

حضرت صوفی مولانا قاضی حکیم حاجی محمد عمر صاحب چشتی صابری نقشبندی رئیس اعظم چرتھاولی نور اللہ مرقدہ کا یہ خود آزمودہ عمل ہے جو بفضل تعالیٰ رفع تنگدستی و حصول روزگاری و ترقی کاروبار کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے اس میں چلہ کشی اور پرہیز وغیرہ کی زحمت نہیں اور آسان ہے بس جو شخص اس عمل کو صرف ایک رات پڑھے اللہ کے فضل سے وہ کبھی تنگدست و بے روزگار اور تاوقت زیست کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ اور اس کو حیرت ہوگی کہ حق تعالیٰ شانہ کہاں سے اور کس طریقہ سے روزی عطا فرما رہا ہے ہر مسلمان کے پاس اس عمل کا ہونا ضروری ہے جسکا ہدیہ بشکل بذریعہ منی آرڈر ۸ر ہے۔

سات روزہ حکمی دعا

حب صحت افزا کے ہمراہ ارسال ہوگی حب صحت افزا معدہ کی تمام بیماریوں اور ہر قسم کے ریاحی دردوں کا فوری تریاق ہے جو ہمیشہ وقت پر نا قابل برداشت بھوک لگاتی ہے صالح خون بکثرت پیدا کرتی اور پیٹ کی جملہ شکایات کو شرطیہ دور کرتی ہیں اگرچہ گولیاں امراض معدہ میں مفید ثابت نہ ہوں تو شرعاً و قانوناً قیمت واپس کرنے کے ذمہ دار ہیں۔
۱۳۵ گولی دعا مع محصول کے صرف ایک روپیہ آٹھ آنہ علاوہ محصول ... عمل ہفت روزہ مع ترکیب پارسل میں ہوگا۔

ملنے کا پتہ: حافظ اشفاق احمد انصاری دواخانہ چرتھاول مظفرنگر یوپی (انڈیا)

بلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہراپن کی دروغن کرامات) تمام دنیا میں پہونچتی ہے۔ ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

کان بہنے اور طرح طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے۔

نپٹ بہراپن

قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (ع۱؍)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

بال جڑسے کالا

دمہ۔ بواسیر۔ سوزاک۔ کوڑھ۔ سفید داغ

کالا اسٹور کنسی مری۔ دربھنگہ

خدا کی قدرت کا کرشمہ
سینکڑوں کوڑھی صحت یاب ہوگئے اکس سے

اکسیر برص سے

سفید ہو گئے ہی کی خشک دوا سے

حکیم محمد یعقوب خاں دواخانہ نور تن دہلی مغربی بنگالہ

سگنل ڈون ہوگیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

وید شاستری بوٹی جام گھر کا قطب و اثر

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کر دیا

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار بیٹلی اسٹور سرٹ دربھنگہ

رمضان المبارک کا سالانہ رعایتی اعلان

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ کا تبلیغی جلسہ

انعامات واسناد کی تقسیم

مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ نہ صرف اہلحدیثوں کے لئے مایہ ناز ہے بلکہ حقیقتاً یہ تمام مسلمانان ہند کے لئے باعث صد فخر و مباہات ہے۔ امسال اس نے ایک عظیم الشان تبلیغی جلسہ کیا جس کے لئے دہلی والے مدتوں سے چشم براہ تھے۔

اس جلسہ میں ملک کے مقتدر علماء کرام تشریف لائے تھے جنہوں نے اپنے مواعظ حسنہ سے حاضرین کو مستفیض فرمایا خصوصاً حضرت مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب مدیر اہلحدیث امرتسر مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔ مولانا ابو القاسم صاحب سیف بنارسی ۔ مولانا محمد صاحب مدیر محمدی ۔ مولانا حفیظ اللہ صاحب مہتمم دار العلوم ندوہ مولانا حافظ عبد اللہ صاحب روپڑی محتمم مدرسہ ہذا۔ مولانا خواجہ عبد الحی صاحب فاروقی۔ پروفیسر جامعہ ملیہ قابل ذکر ہیں۔

جلسہ برابر دو روز (۲۷-۲۸ دسمبر ۱۹۳۰ء) ہوتا رہا۔

... ناظم مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ دہلی

دار الحدیث مدرسہ سعیدیہ عربیہ دہلی کے سفیر

انجمن خدام الدین کے مفت سائل کی لائبریری

مدرسہ قاسم العلوم لاہور میں درس قرآن کریم کا التوا!

فارغ التحصیل طلبہ اور علماء کے لئے مدرسہ ہذا میں کتاب اللہ کا درس وسط شعبان میں شروع ہو جایا کرتا تھا لیکن چونکہ اس مرتبہ حضرت مولانا احمد علی صاحب۔ ایدہ اللہ بروح القدس جہاد حریت کشمیر کے سلسلہ میں اسیر قید فرنگ ہو چکے ہیں۔ اور رہائی کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ اس لئے اس سال یہ مبارک سلسلہ بحالت اضطراری ملتوی کرنا پڑا ہے۔ لہذا دار العلوم دیوبند۔ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل۔ مدرسہ مظاہر العلوم۔ مدرسہ امینیہ (و دیگر دینی درسگاہوں کے فارغ التحصیل طلبہ اور دیگر تشنگان معارف کتاب اللہ کو اس حقیقت سے آگاہ ہو کر اپنا عزم مبارک ملتوی کر دینا چاہیئے۔

شہاب الدین برائے ناظم انجمن خدام الدین دروازہ شیرانوالہ لاہور

مسلم لیگ کے رویہ کیخلاف مفتی پارک میں جلسہ

مختلف قراردادوں کی منظوری

اسلامی دنیا کیلئے ایک اور نایاب تحفہ

قرآن مجید

چودھری آرٹ پریس ... لاہور

ساناٹوجن کے استعمال سے عصبی تکالیف کا ازالہ

SANATOGEN

ہر دوا فروش سے دستیاب ہو سکتا ہے

رمضان المبارک کی رعایت

ڈبل گھنٹی الارم ٹائم پیس

شب چراغ پاکٹ ریلوے واچ

ایس۔ بی۔ بخشی۔ اینڈ کمپنی ... کلکتہ

سالانہ انتہائی رعایتی اعلان



خوشنما کلینڈر ٹائم پیس | بلند آواز کا بابا سپو الارم | نئی قسم کا خوبصورت کلاک



جان سن واچ ہاؤس ...

جواہرات سے تولنے کے قابل

قوت باہ و عصبانی کمزوری کیلئے ...

منیجر اودھ شفاخانہ نظیر آباد لکھنؤ

محبوب عاشق کے قدموں پر

... دہلی

خریداران الجمعیۃ سے خط و کتابت کے وقت نمبر خریداری ضرور لکھا کریں

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

الجمعیۃ
سہ روزہ
دہلی
ید اللہ علی الجماعۃ

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳ ۱۷
۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایکبار)
نصف صفحہ
ایک کالم
چوتھائی کالم
ایک انچ کالم

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم شنبہ ۲۹ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ مطابق ۹ جنوری ۱۹۳۲ء | نمبر ۳

معاصرین کے افکار و آراء

جنگ کی ذمہ داری (مدینہ)

ہماری مجلس قومی کانگریس کے صدر سردار ولبھ بھائی پٹیل اسوقت سیاسیات ملکی کے سب سے بڑے رہنما ہیں۔ کانگریس کا تمام نظام اُن کی قیادت میں سرگرم عمل ہے۔ اُن کے احکام اور ارشادات جس طرح ہندوستان کے کروڑوں عوام کے لئے قابل عمل ہیں اسی طرح برطانی سیاست بھی اُن سے متأثر ہوتی ہے۔ سردار پٹیل کے متعلق بغیر کسی تردد کے کہا جا سکتا ہے کہ آپ کو ملک کی رائے عامہ کی ترجمانی کا سب سے زیادہ حق ہے...

لارڈ ولنگڈن یہ بھی سارا بھر تکا شائر و مانچسٹر کے لوگ عنقریب لارڈ ولنگڈن جیسے دوست نما دشمن سے تنگ آ جائیں گے

سرحد میں تین آرڈینینس (البشیر)

ہم نے افسوس کے ساتھ سنا کہ صوبہ سرحد میں ایک ساتھ تین آرڈینینسوں کا نفاذ ہوا...

رمضان المبارک کی آمد

امت مسلمہ کیلئے روحانی عروج اور ذہنی ارتقاء کی ایک سبیل

جس طرح دنیا کے بیشمار مذاہب میں عبادات اور تزکیہ نفس کے طریقے مقرر ہیں اسی طرح روزہ کا مفہوم بھی ہر مذہب میں پایا جاتا ہے...

روزہ دار کے فرائض

اسلام میں روزہ کی حقیقت

دو قوتوں کا تصادم

روزہ کا مقصد "اتقاء"

والیسرائے ہند کی تقریر

کانگریس اور امن و امان

ماءاللحم خاص الخاص اور مفرح عنبری اور ہماری دیگر مقوی شاہی ادویہ سے اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے فہرست مفت۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

۹ جنوری ۱۹۳۲ء

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
Castophen Mafg. Co: India
POST Box 88 Karachi

سوزاک یعنی سوزاک اور اسکا علاج

حکیم سید عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

بالکل مفت

طلبائے عزیز...

منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

حلفیہ بیان اور سابق مشیر اعظم ریاست کا مدعا

منیجر دواخانہ امین الغربا محلہ شاہ نظر راولپنڈی

جوان بنانے والی معجون
حکیم نابینا صاحب کا طلسمی نسخہ

کوچہ چیلان دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یہ خیالی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں غلط خواہ طرح مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اپنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۳۲۵ صفحات ہے لیکن اسکے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔ آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیری خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی، دظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصولڈاک۔ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہییں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب ریز زیر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ دو روپے (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔ ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۹ شعبان المعظم ۱۳۵۰ ہجری

ملک میں اضطراب و ہیجان

واقعات کی رفتار

سر محمد یعقوب مسند افتاء پر

مسائل رمضان المبارک

گاندھی جی، ولبھ بھائی پٹیل، راجیندر پرشاد اور دیگر رہنماؤں کی گرفتاری

پنڈت جواہر لال نہرو کو ڈھائی سال اور مسٹر شیروانی کو ۹ ماہ کی قید سخت

ملک کے طول و عرض میں چار آرڈیننسوں کا نفاذ

ہڑتالیں، جلسے، جلوس اور لاٹھی چارج

عام گرفتاریاں

چار آرڈیننس

عربی اخبارات کے تراجم

حکومت حجاز و یمن کے نزاع کا فیصلہ ہو گیا

آستانہ میں ترکی جرائد کی کانفرنس

زائرین بیت اللہ الحرام کا ورود جدہ

رمضان المبارک کی آمد

سابق صدر اسمبلی اور مسٹر عبداللہ بریلوی بھی گرفتار کر لئے گئے

ایک دن میں ڈیڑھ سو گرفتاریاں۔ پانچ سو انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئیں

کانگریس کی عمارت اور ساٹھ ہزار روپیہ پر پولیس کا قبضہ

بمبئی ۸ر جنوری۔ آج صبح سے پولیس کے دستوں نے آرڈیننس کے ماتحت کانگریسی لیڈروں کو گرفتار کرنا شروع کر دیا۔ مگین داس ماسٹر قائم مقام صدر بمبئی صوبہ کانگریس کمیٹی سب سے پہلے گرفتار کئے گئے۔ وٹھل بھائی پٹیل سابق صدر اسمبلی کو ۵ بجے صبح گرفتار کر لیا گیا۔ ان کے بعد کے۔ ایف۔ نریمان۔ کملا دیوی۔ اور ستیاپالی کو گرفتار کیا گیا۔ مسٹر عبداللہ بریلوی ایڈیٹر بمبئی کرانیکل کو بھی ان کی قیام گاہ سے گرفتار کر لیا گیا۔

مسلح پولیس کی ایک جماعت ڈپٹی کمشنر کی سرکردگی میں آرڈیننس کے ماتحت چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ کا حکم لیکر پہونچی اور کانگریس کی عمارت پر قبضہ کر لیا۔ آج چار بجے شام تک ڈیڑھ سو کانگریسی کارکن گرفتار کر کے جیل بھیجدیئے گئے ان گرفتار شدگان میں ۹ عورتیں ہیں۔

بمبئی شہر اور پریزیڈنسی میں پانچسو انجمنیں اور جماعتیں خلاف قانون قرار دیدی گئی ہیں۔ ان جماعتوں میں قوم پرور مسلم پارٹی بھی شامل ہے۔ مقامی افسران کو وسیع اختیارات دیدئے گئے ہیں۔

بمبئی میں کانگریس کی رقوم کو ضبط کرنے کی بھی حکومت کی طرف سے کوشش کی جارہی ہے۔ دو بنکوں میں کانگریس کا ۶۰ (ساٹھ) ہزار روپیہ جمع تھا جس کو حکومت کی جانب سے حکم دیا گیا کہ وہ اس رقم کو روک لیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ آرڈیننسوں کے نفاذ سے پیشتر ان رقوم کو ضبطی سے بچانے کے لئے کانگریس کے انفرادی ممبروں کے ذاتی حسابات میں منتقل کر دیا گیا۔

مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے مکان کی تلاشی

متفقہ فتویٰ کی تین کاپیاں اور نہرو رپورٹ پر تبصرہ کی ایک کاپی پولیس اٹھا کر لے گئی

شہر میں بارہ مکانات کی بیک وقت تلاشیاں

دہلی ۸ر جنوری۔ کل صبح دس بجے سید خورشید علی صاحب سب انسپکٹر تھانہ حوض قاضی و منشی سراج الحق سب انسپکٹر سی۔ آئی۔ ڈی ایک ہیڈ کانسٹبل اور چند سپاہیوں کے ساتھ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے مکان واقع کوچہ چیلاں پر پہونچے اور کہا کہ مولانا کے مکان کی تلاشی لینی ہے۔ وارنٹ تلاشی زیر دفعہ ... ترمیم ضابطہ فوجداری کے ماتحت جاری ہوا تھا اس وقت مکان پر مولانا کے چھوٹے صاحبزادے مظہر سعید اور اکرام الحق ملازم موجود تھے۔ مولانا کے تمام مکان کی تلاشی لی گئی۔ کاغذات اور تمام کتابیں دیکھیں۔ ساڑھے بارہ بجے تک نہایت توجہ کے ساتھ پولیس سرگرم تفتیش رہی اور متفقہ فتویٰ کی تین کاپیاں اور ایک نہرو رپورٹ پر تنقید و تبصرہ کی کاپی اپنے ہمراہ لے گئی ...

بارہ اصحاب کے مکان کی تلاشیاں

کل دہلی میں تقریباً ایک درجن قومی کارکنوں کے مکانوں کی بھی تلاشی لیگئی۔ پولیس نے گیارہ بجے کے قریب ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کے دفتر واقع چاندنی چوک پر چھاپہ مارا اور وہاں سے کئی درجن قومی جھنڈے۔ مطبوعہ فارم۔ لفافے۔ رضاکاروں کے بیج ... تمام پولیس نے قانون ترمیم ضابطہ فوجداری کے ماتحت بارہ سرکردہ اور معزز اصحاب کے مکانات کی تلاشی لی جن کے نام حسب ذیل ہیں ...

کانپور۔ بریلی۔ علی گڈہ۔ خورجہ میں گرفتاریاں

دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ۔ جلسوں اور جلوسوں کی ممانعت

دار الحکومت

دہلی میں یوم محمد علی کا شاندار جلوس

ہندو مسلمانوں کی طرف سے متفقہ عقیدت کا مظاہرہ

عظیم الشان جلسہ میں مرحوم کے کارناموں کا تذکرہ

ڈاکٹر انصاری اور ڈکٹیٹر کانگریس کے مکانوں پر پہرہ

آنے جانے والوں کی تلاشیاں۔ خطوط پر احتساب

صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کے تار

محکمہ ٹیلیگراف نے دونوں تار روک لئے

مسلم کانفرنس کے ارکان میں تفریق

موجودہ سیاسی معاملات پر اختلاف رائے

کانفرنس کے صدر اور سکریٹری کا استعفیٰ

کانگریس کا پروگرام یا سول نافرمانی

کی خبریں شائع کرنا آرڈیننس کے ماتحت جرم قرار دیدیا گیا

سرسپرو اور وائسرائے کی ملاقات

ضلع پشاور کے دیہات پر جرمانے

بنوں اور ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں گرفتاریاں

کشمیر آرڈیننس کا دوبارہ نفاذ

چار ماہ کے لئے مزید توسیع

دہلی کی کانگریس کمیٹیاں خلاف قانون قرار دیدی گئیں

اخبارات کیلئے دوسرا آرڈیننس جاری کیا جائیگا

کانگریس کی کوئی خبر شائع نہ ہو سکے گی

ہندوستان آزادی کامل کا اہل ہے

صوبجاتی آزادی کے بعد سول نافرمانی کا خاتمہ ہو جائیگا

سر آغا خاں کا اظہار خیال

موٹروں کے ٹیکس پر اضافہ

دہلی میونسپلٹی کے خلاف موٹر والوں کا احتجاج

کلکتہ کارپوریشن کا اجلاس ملتوی

حکومت کی پالیسی کے خلاف احتجاج

> آج تحریک کشمیر کا ۶۷ واں دن ہے اور آج تک شمع حریت کے ۲۵۳۷۸ پروانے جیلوں میں جا چکے ہیں
> شہداء کی میزان ۱۶ ہے

دہلی میں احمد آباد کے قافلہ کی آمد

ڈاکٹر انصاری کانگریس کے صدر نامزد کئے گئے

انصاری اور وارڈن ... آرڈیننس کا نفاذ

صوبہ سرحد میں حالات روبا صلاح ہیں

بنوں و ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں گرفتاریاں

چیف کمشنر صوبہ سرحد کا بیان

پشاور ۸ر جنوری۔ چیف کمشنر صوبہ سرحد نے مندرجہ ذیل اعلان شائع کیا ہے:

"۷ر جنوری کو ضلع پشاور کے حالات روبا صلاح تھے شہر میں دن امن و امان سے گزر گیا۔ پکٹنگ کرنے والوں کو ان کی جگہ پر کھڑا رہنے اور گرفتاری کیلئے پیش کرنے کی اجازت دینے کے بجائے پولیس نے ان کو پیچھے دھکیل دیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ صرف ۴۷ رضاکار پکٹنگ کرنے کیلئے آئے ...

فوج کا ایک دستہ خدائی خدمتگاروں کے مرکز میں گیا اور وہاں سے ۱۷ گرفتاریاں کیں۔ بنوں اور ضلع میں ۲۰ رضاکار گرفتار کئے گئے اور گزشتہ دو روز میں ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں ۴۷ گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں"۔

مسلمانوں کی قربانیوں کا اثر

کشمیر کی چار دو مسجدیں مسلمانوں کے حوالہ کر دیگئیں

صوبہ سرحد میں لال کپڑوں کی ضبطی

دو دکانوں سے سرخ رنگ بھی قبضہ میں کر لیا گیا

صوبہ سرحد میں متعدد اخبارات کا داخلہ بند

زمیندار پر حکومت کی نظر عنایت

صوبہ سرحد میں اصلاحات کا کام

مشاورتی کمیٹی کا پہلا اجلاس

متھرا میں چالیس آدمی گرفتار

دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی

صوبہ سرحد میں تیس ہزار گرفتاریاں

کتنے فرزندان توحید نے جام شہادت نوش کیا

تمام صوبہ میں بر وقت گرفتاریاں

ذمہ دار اسمبلی کے قیام سے کشمیر کی مشکلات کا خاتمہ ہو جائیگا

مولانا محمد یوسف میر واعظ کشمیر کا اعلان

رہتک کے احراری رضاکاروں کا مقدمہ

۱۴۴ کے اختتام پر زبردست جلوس

ایوان تاجران ہند کا تار وائسرائے کے نام

گاندھی جی کی گرفتاری عاقبت نااندیشی پر مبنی ہے

سوراج بھون مقفل کر دیا گیا

الہ آباد میں کرفیو آرڈر کا نفاذ

برما کی مجلس مقننہ کیلئے دو ایوانوں کا مطالبہ

برما گول میز کانفرنس کا فیصلہ

یرودا جیل میں گاندھی جی کے مشاغل

کتب اخبارات اور دیگر آسانیاں

سردار پٹیل علیحدہ رکھے گئے ہیں

سیاسی جنون کا طفلانہ مظاہرہ خودکشی ہے

گاندھی جی کی گرفتاری پر ٹیگور کا اظہار خیال

میں نے انتہائی کوشش کی مگر ناکام رہا

لارڈ ارون کے نام گاندھی جی کا برقی تار

دہشت انگیزی کیخلاف پٹیالہ میں ایک آرڈیننس کا نفاذ

انجمنوں کی رجسٹری اور اخبارات کی ضمانتیں

پنجاب کانگریس کمیٹی خلاف قانون قرار دیدی گئی

حجاج کا پہلا جہاز خیر و عافیت جدہ پہونچ گیا

نواب صاحب چھتاری کی میعاد میں توسیع

کمیشن انتداب اور عراق کی آزادی

عراق سے ضمانت کا مطالبہ

حجاج کی طبی امداد کیلئے حکومت حجاز کی کوشش

محکمہ حفظان صحت کے سرکاری افسران کا استعفیٰ

چین میں احیاء ملت اسلامیہ

مسیحی مشنریوں کا زبردست مقابلہ

جبل دروز میں مسیو پونسو کی آمد

دروزیوں کے مطالبات پر ہمدردانہ غور

وزیر اعظم کی مصروفیات

گاندھی جی کی گرفتاری کا اثر

ہندوستان کی کمیٹی بیس ارکان پر مشتمل ہوگی

مدرسہ انوار الاسلام قصبہ اجراڑہ کیلئے اپیل

محمد مصطفیٰ خاں مہتمم مدرسہ انوار الاسلام قصبہ اجراڑہ ضلع میرٹھ (یو۔ پی)

خلط مبحث

(از مولانا عبد الماجد صاحب مدیر سچ)

مسلمانوں کی ہر تحریک کا کچھ عرصہ کے بعد سست پڑ جانا، لازمی ہے منازعہ و اختلاف، انتشار و انشقاق، بدگمانیاں اور اتہام آفرینیاں، یہ سب چند روز کے بعد لازمی طور پر پیدا ہو جاتے ہیں۔ تحریک خلافت ۱۹۲۰ء میں کس زور سے اٹھی دو چار سال کے بعد جو دیکھا تو یار اغیار بن چکے تھے "تنظیم" "تبلیغ" وغیرہ، ہر تحریک کا یہی حشر ہوا اور ہوتا رہا ہے۔ "انسداد فتنہ نگار" کی تحریک اس کلیہ سے مستثنیٰ نہیں رہ سکتی تھی، ابتدائی آواز پر سارے اسلامی ہند نے متفق ہو کر لبیک کہا، رفتہ رفتہ اختلافات رونما ہونے لگے۔ لیکن جہاں تک نفس جرم کا تعلق ہے، کہ الحمد للہ ابھی کوئی اختلاف نہیں۔ "نگار" کی تحریروں کے دل آزار، صبر شکن و اشتعال انگیز ہونے پر سارا اسلامی ہند آج بھی متفق و متحد ہے۔ کسی ایک کلمہ گو کی بھی آواز آج تک ان تحریروں کی حمایت و تائید میں بلند نہیں ہوئی ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ خود مدیر "نگار" نے اپنی ان تحریروں کا دل آزار ہونا تسلیم کر لیا۔ اس سے بھی کسی کو اختلاف نہیں کہ ان تحریروں کو ضلالت ہو کر رہنا چاہیے۔ کونسل صوبہ متحدہ میں یہ تحریک پیش ہوئی، صدہا جلسوں میں یہ تجویز منظور ہوئی، خود صاحب "نگار" نے جناب مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے خط میں ان تحریروں کے تلف کر دینے پر اپنی آمادگی ظاہر کر دی، غرض ان اجزاء میں تو کوئی نزاع و اختلاف ہی نہیں۔ اب گفتگو جو رہ جاتی ہے وہ صرف اس باب میں کہ ایسے مجرم کے ساتھ مسلمانوں کا آئندہ برتاؤ کیا ہو؟ قوم اپنے مجرم کے ساتھ آئندہ طرز عمل کیا اختیار کرے؟

ایک بڑے گروہ کی رائے ہے کہ مقدمہ چلنا چاہیے دوسرا گروہ جو اسی "نرم" گروہ کے مقابلہ میں "نرم" کہا جا سکتا ہے کہتا ہے کہ تو بہ و معذرت کافی ہے، اس کے بعد کسی مزید کارروائی کی ضرورت نہیں۔ بڑا اور نمایاں اختلاف، انہیں دونوں خیالات کے درمیان ہے لیکن یہ اختلاف بھی محض ایک خلط مبحث کی وجہ سے پیدا ہو گیا ہے، اور دونوں خیالات کے معنی اور منشا کے واضح ہو جانے کے بعد یہ اختلاف بھی انشاء اللہ رفع ہو جائے گا۔

"گرم گروہ" کو بھی نیاز صاحب سے شخصاً کوئی ضد یا عداوت نہیں، نہ اسے اس کا شوق ہے کہ خواہ مخواہ کسی انسان کو جیلخانہ بھجوایا جائے، یہ کام اشقیا کا ہے، خادمان دین کا نہیں ہو سکتا جو سب سے زیادہ رحمدل ہوتے ہیں یہ گروہ دعویٰ دائر کرنے پر صرف اس لئے مصر ہے کہ بجز اس کے کوئی دوسری صورت آئندہ کے تحفظ کے لئے نظر نہیں آتی، مقصود صرف آئندہ کا تحفظ و سد باب ہے اور اس مقصود کے حصول کا ذریعہ بجز عدالتی کارروائی کے اور کوئی معلوم نہیں ہوتا۔ "نرم" گروہ اس کے جواب میں یہ کہتا ہے کہ نیاز صاحب بار بار تو بہ کر چکے، معذرت پیش کر چکے، اظہار تاسف کر چکے، اب اس سے زیادہ اور کیا چاہیے گویا مقصود "نرم" گروہ کو بھی انسداد فتنہ ہی ہے لیکن اس کے اس جواب میں دو مغالطے ہیں۔

(۱) اول یہ کہ شکایت جو کچھ پیدا ہوئی وہ "نگار" سے ہوئی تھی، نہ کہ شخصاً نیاز صاحب سے اس لئے نیاز صاحب کا اپنے ذاتی عقائد کے متعلق اعلانات شائع کرنا مسئلہ سے بے معنی ہے۔ آج وہ بار بار کہہ رہے ہیں کہ میں مسلمان ہوں حنفی ہوں، اللہ و رسول کا قائل ہوں، وغیرہ۔ لیکن ان کی اسلامیت اور ان کی حنفیت زیر بحث تھی ہی کب؟ اور کسی کو ان کے ذاتی عقائد سے واسطہ کیا؟ وہ مسلمان، پختہ مسلمان بلکہ صاحب ولایت بھی، اس سے کسی کو بحث ہی کب تھی۔ سوال صرف نگار کی مسلم آزار روش کی بابت تھا اور ہے۔ کیا اس کی اصلاح میں

حد تک ہو گئی ہے کہ مسلمان اس سے مطمئن ہو جائیں کیا اب اس میں اغفال کا اسلامیہ پر حملے اور جذبات اسلامی کے ساتھ تمسخر بند ہو گیا ہے؟

(۲) دوسرے یہ کہ مدیر "نگار" کی متواتر و متعدد بد عہدیوں کے تجربہ کے بعد اب ان کے کسی جدید عہد پر اعتماد کرنا، مسلمانوں کے لئے کسی حد تک قرین دانش و مصلحت ہے؟

"گرم جماعت" کی گرمی اور سرگرمی قائم رکھنے والے یہی دو سوالات ہیں اور معذرتیں اور معافیاں، جو کچھ بھی پیش ہو رہی ہیں۔ وہ بعض اکابر قوم یا بعض مجالس کے سامنے پیش ہو رہی ہیں "نگار" خواں پبلک کے سامنے ابتک تقریباً اسی قسم کا زہریلا مواد برابر پیش ہو رہا ہے۔ علاج کا یہ اصول عجیب ہے کہ جسے زہر پلایا گیا ہے، تریاق اسے نہیں دیا جا رہا ہے بلکہ تندرستوں میں تقسیم ہو رہا ہے! ضرورت اس کی تھی کہ خود نگار کی روش میں بین و نمایاں اصلاح ہوتی اور آئندہ کے لئے کسی ذمہ دار اور معتمد علیہ بزرگ ملت کی ضمانت پر ملت کو مطمئن کیا جاتا، اور جب تک یہ نہیں ہوتا، ساری کوششیں بیکار ہیں۔ جو لوگ خدمت دین اور تحفظ عقائد کی خاطر اٹھے ہیں ان کا بھروسا خلق پر نہیں، خالق پر ہے انہیں بہر حال، ایک دینی فرض ادا کرنا ہے خواہ طوعاً ہو خواہ کرہاً۔

محکمہ تعلیمات سرکار آصفیہ میں "نگار" کی ممانعت

دفتر نظامت تعلیمات سرکار عالی نے رسالہ نگار کی ممالک محروسہ میں خریداری کی ممانعت کی نسبت ایک گشتی نشان ۱۹۸ مورخہ ۲۵ آذر ۱۳۴۱ف جاری کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ رسالہ نگار میں بعض مضامین ایسے شائع ہو رہے ہیں جو مذہبی نقطہ نظر سے نا قابل مطالعہ ہیں، اور مدرسین اور طلبہ کو مطلع کیا گیا ہے کہ وہ اس رسالہ کو نہ خریدیں، اور یہ کہ اگر مدرسہ کی لائبریری کے لئے رسالہ مذکور خریدا جا رہا ہے تو اس کی خریداری موقوف کر دی جائے۔

(رہبر دکن)

جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں جلسہ دستار بندی
حضرت مولانا انور شاہ صاحب کے ارشادات گرامی

بتاریخ ۸ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ بروز یکشنبہ حسب معمول جلسہ سالانہ جامعہ کے وسیع احاطہ میں منعقد ہوا۔ اطراف گجرات سے خصوصاً بمبئی سے اجماعاً بانڈیک کے اصحاب خیر و علم دوست حضرات نے بہ تعداد کثیر جلسہ میں شرکت فرمائی۔ مہمانوں کے قیام و طعام کا انتظام بہت معقول کیا گیا تھا، جلسہ صبح ۸ بجے شروع کیا گیا جس میں اول دو بچوں نے خوش الحانی سے تلاوت قرآن مجید کی پھر ایک بچے نے نظم پڑھ کر سنائی اس کے بعد قاری شیخ یمنی صاحب مدرس مدرسہ محمدیہ راندیر اور قاری غلام محمد صاحب مدرس مدرسہ طیبہ سورت نے اپنے اپنے مخصوص لہجوں میں تلاوت قرآن کریم فرما کر سامعین کو مسحور بنایا۔ بعد میں احقر نے جامعہ کے سال رواں کی تعلیمی کیفیت اور تعمیر و حصیفہ مال وغیرہ کے متعلق ایک مفصل تبصرہ کیا، نیز طلبہ کیلئے جو آسائش و آرام کی صورتیں مہیا کی گئی ہیں ان کا ذکر کیا مثلاً پچاس جدید کمروں کی تعمیر غریب طلبا کے لئے جوتہ اور کپڑوں کا مستقل و معقول انتظام صبح و شام کے کھانے میں علاوہ چاول و دال کے گوشت روٹی کا مستقل انتظام حاجتمند طلبا کو ان کی متفرق ضروری اخراجات کے لئے ایک روپیہ ماہوار وظیفہ، مطالعہ و تکرار کے لئے کمروں اور درسگاہوں میں برقی روشنی کر دینے کے قریب تھوڑے تھوڑے فاصلے سے طلبہ کی سہولت کے لئے پانی کے نلوں کا انتظام۔ کتب خانہ جدید دار المطالعہ، دفتر مہتمم اور مدرسۃ البنین و مدرسۃ البنات۔ فارسی خانہ، گجراتی کلاس کے کمرے۔ دار التجوید، مہمان خانہ اور غسلخانوں کی تعمیر کا تذکرہ کیا جو اس وقت زیر تعمیر ہیں

بعدہ حضرت شیخ الحدیث مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مدظلہ (صدر مدرس جامعہ) نے "سفر آخرت" کے متعلق ایک ایمان افروز بسیط وعظ فرمایا جس میں بہت سے دقیق علمی مسائل کو اپنے خاص محققانہ طرز میں تمثیلات و تشبیہات سے واضح فرمایا اور اس سے تمام جلسہ خصوصاً اہل علم نہایت متاثر و محظوظ ہوئے۔ نیز آخر میں آپ نے آئندہ سال بھی جامعہ میں قیام فرمانے کا عزم ظاہر فرمایا۔

آپ کے بعد حضرت شیخ التفسیر مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی مدظلہ نے اپنے دلنشین انداز میں ایک مبسوط تقریر فرمائی جس میں مدارس عربیہ کی ضرورت اور ان کے بقا و تحفظ وغیرہ کے متعلق مدلل تبصرہ فرمایا اور سامعین پر بہت گہرا اثر ہوا۔ بعد ازاں ۲۳ فارغ التحصیل طلبہ کی دستار بندی کی گئی۔ اور جلسہ بخیر و خوبی دو بجے کے بعد ختم ہوا۔ حضرت شیخ التفسیر مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی، مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب مولانا سراج احمد صاحب مولانا بدر عالم صاحب اور مولانا عبد الجبار صاحب وغیرہ اساتذہ جامعہ اور لوگ وارد مہمانان جامعہ اسی روز شام کو جامعہ سے تشریف لے گئے اور حضرت شیخ الحدیث مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مدظلہ، بخاری شریف کے کچھ پارے باقی ہونے کے سبب ہنوز قیام فرما ہیں جو غالباً ۲۶ شعبان تک تشریف لیجائیں گے۔

سال آئندہ کے متعلق اعلان کیا جاتا ہے کہ جدید داخلہ ابھی سے شروع ہو گیا ہے اور ۲۰ شوال ۱۳۵۰ھ تک جاری رہیگا اور چونکہ پنجاب و شمالی ہند وغیرہ دور دراز مقامات کے طلبہ کو اپنے داخلہ و تجویز اسباق کے متعلق تردد رہتا ہے ان کی سہولت کے لئے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ وہ دیوبند میں مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی کو اور میرٹھ میں مولانا بدر عالم صاحب کو امتحان داخلہ دیسکتے ہیں اور آئندہ کے لئے تجویز اسباق بھی یہی حضرات کر سکتے ہیں نیز جو طلبہ اپنے آنے کے متعلق خط و کتابت کرنا چاہیں وہ تینوں جگہ خط لکھ سکتے ہیں۔

احمد غفر لہ مہتمم جامعہ اسلامیہ ڈابھیل سملک ضلع سورت

مسلمانان سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ
حالات کشمیر پر زبردست تقریریں

سہارنپور ۲۵ دسمبر یوم جمعہ کو مسلمانان سہارنپور کا ایک عظیم الشان جلسہ عام میں یوم شہید عبد الکریم منانے اور فدایان اسلام کے پہلے قافلہ کو لاہور کی طرف روانہ کرنے کے لئے زیر صدارت جناب مولوی محمود صاحب سکریٹری منعقد ہوا حاضرین کی تعداد کم و بیش چار پانچ ہزار تھی مولوی عبد الوحید صاحب مہتمم اخبار الجمعیۃ نے اس جلسہ میں جو ولولہ انگیز اور ہنگامہ خیز تقریر فرمائی اس نے مسلمانوں میں روح تازہ پھونک کر ان میں جوش و خروش اور قوت عمل کی ایک لہر دوڑا دی ہے دوران تقریر میں مجمع بار بار فلک شگاف نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتا رہا آپ کی رقت انگیز تقریر سنکر اس عظیم الشان مجمع میں شاید ہی کوئی ایسا سنگدل اور بے حس ہوگا جو چشم پر آب نہ ہوا ہو موصوف نے سب سے پہلے کشمیر کی اجمالی تاریخ بیان فرمائی وہاں کے ۳۲-۳۳ لاکھ دلدادگان توحید کی زبون حالی اور اس کے اسباب پر روشنی ڈالی اور پھر موجودہ جنگ آزادی کشمیر پر تفصیلی تبصرہ کرتے ہوئے قادیانیوں کی کشمیر کمیٹی اور اس کے اسلام کش ہتھکنڈوں سے مسلمانوں کو آگاہ کیا اور بتایا کہ اگر مجلس احرار اسلام بروقت اس آتش کا احساس کر لیتی اور مسلمانوں کی عزت و حرمت بچانے کے لئے عواقب و نتائج سے بے پرواہ ہو کر اس دہکتی ہوئی آگ میں نہ کود پڑتی جیسے مسلمانان کشمیر کو فنا کر ڈالنے کے لئے مختلف سمتوں سے مواد مہیا کیا جا رہا تھا تو نہیں کہا جا سکتا کہ آج کشمیری مسلمان اور اس کے ناموس کی کالی کا بھی کوئی نشان مل سکتا تھا یا نہیں جلوس نہایت اعظم کا روں کا ادعام ہجا تا کم خون لگائے ہوئے جا رہے تھے جلوس مختلف بازاروں اور مختلف محلوں میں ہوتا ہوا اسٹیشن پر پہونچا لا بجے کی گاڑی سے فدایان اسلام کو لاہور روانہ کر دیا گیا جو کچھ دیر انبالہ ٹھہر کر لاہور روانہ ہو جائے گا فدایان اسلام کی بہت سی جگہ جا رادریان سے تواضع کی گئی اور ان کو ہار پہنائے گئے اور علاوہ سرچی تواضع کی گئی اس جلسہ میں چندہ بھی ہوا۔

(خادم اسلام محمد یسین سکریٹری مجلس احرار اسلام سہارنپور)

خانہ کعبہ

خانہ کعبہ اللہ کا گھر ہے اور ہزار ہا سال سے دینی مرکز چلا آتا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے اسے مل کر ایک اللہ کی عبادت کے لئے بنایا، اس کی بہی عزت اور توقیر کیا کم ہے، پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دوبارہ گر گرا اس کی تعمیر کی گئی تو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے لوگوں کے ساتھ اس کے بنانے میں شریک تھے اور گارا اور پتھر اٹھا اٹھا کر لاتے تھے۔ ایسا پاک گھر جس کی تعمیر میں ایسے ایسے جلیل الشان پیغمبروں کا ہاتھ ہو اس کی پاکیزگی اور بزرگی میں کیا کلام ہو سکتا ہے۔ اس لئے اللہ کے نزدیک اس گھر کی بڑی توقیر ہے اس کو اور اس کے پاس کی زمین کو حرم قرار دیا کہ کوئی ظلم و جور اس میں اور اس کے احاطہ میں ناجائز اور حرام ہے۔ اس کی منقبت میں بے شمار صحیح حدیثیں موجود ہیں تفصیل کا یہ موقع نہیں جس کو شوق ہو وہ حدیث کی کتابوں میں دیکھے۔ مسلمان تیرہ سو برس سے اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ ہر سال لاکھوں کی تعداد میں اس مقام پر جمع ہوتے اور حج کا فرض ادا کرتے ہیں۔

فریضہ حج

پانچ چیزیں اسلام کی بنیاد ہیں ان میں سے ایک حج ہے، حج ہر ایک صاحب نصاب یعنی وہ جو کہ دولت مند ہیں اور آسانی سے حج کر سکتے ہیں فرض ہے جس طرح روزہ، نماز، زکوٰۃ اسلام کے فرائض مذہبی میں داخل ہیں اسی طرح حج بھی ایک فریضہ ہے۔ جس نے استطاعت کے باوجود حج نہ کیا اس نے اسلام کی ایک بنیاد کو برباد کیا۔ جس نے حج ترک کیا اس کے اسلام میں رخنہ آگیا حج کی فرضیت کا منکر کافر ہے اور جو صاحب استطاعت بغیر حج کئے مر گیا۔ حشر میں اس سے مواخذہ ہوگا۔ جو شخص کہ صاحب استطاعت ہو لیکن خود حج کے لئے نہیں جا سکتا تو اسے چاہیے کہ اپنی طرف سے کسی دوسرے شخص کو بھیجے ثواب بھیجنے والے کو ملیگا۔ اور فرضیت بھی ساقط ہو جائے گی میت کی طرف سے بھی حج کیا جا سکتا ہے حج بدل احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ عبد اللہ بن عمرو بن عاص فرماتے ہیں حبیب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے اتارا تو فرمایا "اے آدم میں تیرے ساتھ ایک مکان اتارتا ہوں اس کا طواف اسی طرح ہوگا جس طرح میرے عرش کا طواف ہوتا ہے۔ اور وہاں نماز پڑھی جائے گی جس طرح میرے عرش کے اردگرد پڑھی جاتی ہے" جس وقت طوفان نوح آیا، بیت اللہ محفوظ کر لیا گیا۔ انبیاء اس کی برابر حج کے لئے آتے تھے۔ پھر طوفان نوح کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حرم محترم کی جگہ بتائی گئی حضرت ابراہیم ؑ نے اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی معیت میں حرم کی بنیاد رکھی اور اس وادی غیر ذی زرع کے لئے دعا کی۔

احادیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "حج کے لئے جلدی کرو تمہیں معلوم نہیں کہ کیا حادثہ پیش آجائے" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس نے حج کیا اور فسق و فجور سے پرہیز کیا، لوگناہوں سے ایسا پاک ہوتا ہے۔ گویا کہ اسی دن پیدا ہوا ہے (بخاری شریف) حج کرنے سے سابقہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں (ترمذی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حج کرنے والوں پر ایک سو بیس رحمتیں ہر ایک دن نازل کرتا ہے۔ طواف کے وقت ساٹھ رحمتیں، نماز پڑھنے والے پر چالیس رحمتیں بیت اللہ کو جو دیکھ رہا ہے اس پر بیس رحمتیں۔ (ترغیب) اے مسلمانو! اگر تم صاحب استطاعت ہو تو فوراً بغیر کسی پس و پیش کے حج بیت اللہ کے لئے چل کھڑے ہو۔ کار خیر میں جھجکنا درست نہیں ورنہ پچھتاؤ گے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ دنیا کی محبت مال و دولت کی الفت۔ آل و اولاد کی مودت تم کو اس عبادت سے روک دے۔ امسال حسن اتفاق سے حج اکبر ہے الحمد للہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یوم الجمعہ کو حج کیا تھا۔ بڑے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو امسال حج میں شرکت کریں گے۔

(ایک سچا مسلمان)

سگنل ڈون ہو گیا
جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

بحر اعظم دنیا میں جسم کی کشتی پر سفر کرنے والوں کو جن جن خطرات سے کار زار معلوم ہو آپ کو قدم قدم پر غور کرنا پڑتا ہے اس راز کو فاش کرنے والی صحت و تندرستی کی نعمت اور راستہ کی استاد رفیقوں کی ہمدم اور سچا مشورہ دینے والی خوش خرم رہنا بتانے والی علم صحت پر کتاب "شاستر کا ذیر" ہے اس کا ایڈیشن تیار ہو گیا ہے جلد از جلد ایک کارڈ تحریر کر کے مفت طلب فرما کر ملاحظہ فرمائیں ورنہ خطرہ ہے کہ آپ کو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ وید شاستری جامنگر کاٹھیاوار

اگر بچوں کی تعلیم کیلئے

آپ کو کسی ایسے قابل، تجربہ کار، نیک مزاج اور علمی کیریکٹر کے استاد کی تلاش ہیں جو آٹھویں درجہ تک کی مکمل تعلیم اور مذہبی تعلیم قابل اطمینان طریقہ پر دے سکتا ہو تو ذیل کے پتہ پر گفتگو کیجئے۔
ایم ایچ معرفت منیجر صاحب اخبار الجمعیۃ دہلی

رمضان المبارک کا رعایتی اعلان



جلد آرڈر دیجئے ورنہ پھر سال بعد یہ رعایت کا موقع ملے گا۔ ملنے کا پتہ:- دی نصیر واچ کمپنی صدر بازار میرٹھ (یوپی)

دمہ، بواسیر، سوزاک، کوڑھ، سفید داغ

اگر دوائیں کرتے کرتے تھک گئے تو میری جڑی بوٹی کی دوا آزمائیں ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور دربھنگہ

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کر دیا۔ خضاب نہیں خالص تیل ہے۔ اس کا فرما لکھا ہیں بہت جگہ سے اس کا خوشخبری آگیا ہے۔ منگا کر دیکھیں۔
قیمت چار روپیہ (دو ملا)
پتہ
منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور دربھنگہ

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے۔ بوڑھے، ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔
کیسٹوفین مینو فیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
Castophen Mafg: Co: (India)
POST BOX 88 Karachi

سالانہ انتہائی رعایتی اعلان

خصائل نبوی

امام ترمذی کی مشہور کتاب شمائل ترمذی

لاثانی قرآن مجید

جس کی تصحیح میں زبردست علماء اور بڑے بڑے حافظوں کی

عبد الوحید صدیقی مہتمم اخبار الجمعیۃ دہلی

فضائل رمضان شریف

مولانا الحاج مولوی محمد زکریا صاحب محدث

جواہرات سے تولنے کے قابل

بال جڑ سے کالا

فتنہ نگار کا انسداد

اگر صحت پیاری ہے تو

ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

دو ستو سال بعد یہ بے نظیر رعایتی اعلان نکلا ہے۔ جلدی آرڈر روانہ کیجئے

ڈبل گھنٹی کا الارم ٹائم پیس
نہایت مضبوط



دہلی کے بقائی خاندان کا مشہور و معروف
دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

اپنی راستبازی، دیانتداری اور خوش معاملگی کی وجہ سے عالمگیر شہرت حاصل کر چکا ہے

حب نعمت جہٹرٹ

منیجر دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

جوان بنانے والی معجون

رعایت کا مبارک مہینہ

۱۵ شعبان المکرم سے یہ رعایتی سلسلہ جاری ہوتا ہے کہ خریدار مناسب وقت میں گھڑیاں منگا کر شروع رمضان المبارک سے کام میں لاسکیں

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھاؤ





تارکاپتہ "الجمعیۃ دہلی"
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
سہ روزہ
ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳ ۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایکبار)
نصف صفحہ
ایک کالم
نصف کالم
چوتھائی کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم چہارشنبہ ۴ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۴

احادیث کی روشنی میں رمضان المبارک کے فضائل

روزے کس طرح ایک مومن کو معراج سعادت پر پہونچا سکتے ہیں

یہ مہینہ رمضان المبارک کا ہے جس میں ہر مخلص روزہ دار کی روحانی ترقی کیلئے رحمت و برکت کے دروازے کھلے رہتے ہیں۔ ذیل میں ان احادیث کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے جن میں رمضان کے فضائل اور روزہ دار کے اجر و ثواب کا بیان ہے۔ تاکہ سعادتمند مسلمان بارہ مہینوں میں سے ایک مہینہ میں زاد آخرت کیلئے بیش بہا تیاری کرلیں۔

روزہ

ابن آدم کا ہر عمل اس کا اپنا ہوتا ہے۔ لیکن روزہ میرا ہے اور اس کا بدلہ میں ہی دونگا۔ (حدیث قدسی بخاری)

اعتکاف

معاصرین کے افکار و آراء

ناٹک رچ

خاتم الانبیاء پر ایک نیا حملہ

صوبہ سرحد

جرائد آرڈیننس کا وار

کشمیری تحریک

خراج عقیدت

"مَا ءُ اللحم خاص الخاص" اور "مفرح عنبریں" اور ہماری دیگر مقوی شاہی ادویہ سے اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے۔ فہرست خصوصی مفت۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

حلفیہ بیان افسر سابق مشیر مال خزانہ اللہ خان کا ہے

فی زمانہ جھوٹے اشتہار حکمت سے ناآشنا پیٹ کے مجبور فرضی سرٹیفکیٹوں کے اعتبار سے بیمار نامرد کے گلے پر چھری پھیرنے میں دریغ نہیں کرتے ورنہ اصول قدیم اور جدید کی رو سے کسی ایک اکسیر کا نامردی جریان منی سرعت انزال کثرت احتلام کیلئے صحیح ثابت ہونا قطعاً غلط ہے سفید جھوٹ ہے ایک اکسیر چاہے دس ہزار کی قیمت سے بھی کیوں تیار نہ کیا ہو ایسے مایوس بیمار خانصاحب کا مجوزہ نقشہ سوالات ہم سے مفت منگوا کر لعدخانہ پری واپس بھیجکر خانصاحب کے تیار کردہ اکسیرات کے استعمال سے قدرت کا نظارہ دیکھیں سوائے مادر زاد باقی ہر قسم اور عمر میں گیا گذرا نامردی موزوں میں شامل جادو کا بن سکتا ہے تجربہ شرط ہے۔ المشتہر
منیجر دواخانہ امین الغفر با محلہ شاہ نظر راولپنڈی

عید آرہی ہے

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

ہمارا کٹ پیس تمام ہندوستان میں مقبول ہو رہا ہے ہر تھوڑے سرمایہ دار آدمی اور پردہ نشین مستورات گھروں میں بیٹھ کر نہایت آسانی سے تجارت کرکے فائدہ اٹھا سکتی ہیں نمونہ کا بنڈل ولایتی پچاس روپئے جسمیں قریب ۲۰ پونڈ مختلف قسم کا کٹ پیس ہوگا۔ اہل وعیال کے خوشنما اور کم خرچ بالانشین پارچات کیلئے اور بغرض تجارت یکصد و دوصد کی گانٹھیں منگوائیے۔ چہارم رقم ہمراہ آرڈر پیشگی آنی چاہیے۔ مفصل لسٹ طلب کیجئے عید قریب ہے۔ جلد آرڈر دو۔ فائدہ اٹھاؤ۔
امریکن کمرشیل کمپنی۔ بمبئی نمبر ۱
(گورنمنٹ میں رجسٹری شدہ)

کون کہتا ہے کہ دمہ اچھا نہیں ہوتا

کہاں ہیں وہ لوگ جو دمہ کے مرض سے مایوس ہو کر کہتے ہیں کہ دمہ دم کے ساتھ جاتا ہے ہم خدا کے فضل پر بھروسہ رکھکر کہتے ہیں کہ

خدا چاہے تو

پندرہ یوم میں دمہ جاتا رہیگا صدہا مریضوں پر تجربہ کرکے آپکے سامنے پیش کیا ہے قیمت ایک شیشی آٹھ روز کی دوا صرف ایک روپیہ دو آنہ اور مکمل پندرہ روز کی دوا دو روپے (۲۸) محصول بذمہ خریدار

یہ محض اس لئے

کہ غریب آدمی بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ پرچہ ترکیب استعمال ہمراہ دوا ہوگا۔

ملنے کا پتہ: صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

منجن عزیزی استعمال کیجئے

انشاء اللہ دانت نکلوانے کی ضرورت نہیں رہیگی!

دانت کا درد مسوڑھوں کا ورم خارش جلن سوزش کھٹک دانتوں کا ہلنا جملہ شکایات دندان کو بفضلہ دور کرتا ہے اتنا سریع التاثیر ہے کہ ایک انگلی منجن کی لگانے سے درد دانت کافور ہو جاتا ہے۔ مسوڑھوں کی جلن سوزش فوراً ٹھنڈی ہو جاتی ہے ہلتے ہوئے دانت فوری مضبوط جڑ جاتے ہیں اور منہ کو پاکیزہ اور خوشبودار بنا دیتا ہے حتی کہ مسوڑھوں سے پیپ خون آنے کو فوراً بند کرتا ہے یعنی مرض پائیریا کو دفع کرکے مسوڑھوں کو اصلی حالت پر واپس لاتا ہے اگر ہمارا منجن سن بلوغ سے صرف مہینے روز لگایا جائے انشاء اللہ پیری میں دانتوں کی کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔ اور جس کے دانت ہلتے ہوں یا درد ہوتا ہو یا نصف دانت گرنے سے باقی ہوں مہینے یوم کے لگانے سے بقیہ دانت جلد مستحکم جم جائیں گے اور درد وغیرہ قطعی دور ہو جائے گا نہایت مجرب اور آٹھ سال سے برابر آزمایا جا رہا ہے۔ قیمت فی ڈبیہ جس کے اندر دس شیشیوں سے زیادہ منجن ہوتا ہے۔ صرف دو روپیہ آٹھ آنے (۲۸) محصول بذمہ خریدار اگر فائدہ نہ ہو دوگنی قیمت واپس حلفیہ اقرارنامہ ہمراہ۔

منگانے کا پتہ: حکیم سید محمد عزیز الحسن پری کھاٹ بھوپال

رمضان شریف میں

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کر دینے والا

قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب، زیر، زبر، پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے

کہ وہ رمضان شریف کے مقدس مہینہ میں ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اسے تلاوت کرے اور جنہیں اللہ تعالیٰ نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگا کر غریبوں، طالب علموں، مسجدوں، یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں۔ اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلا کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھر لیں۔

یہ قرآن معرا اور مترجم دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے ترجمہ حضرت حکیم الامۃ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے ہدیہ بغیر ترجمہ صرف ایک روپیہ پلا جلد علاوہ محصولڈاک۔ کپڑے کی جلد کے ۸ اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ لیا جائے گا۔
ہدیہ مترجم۔ قسم اعلیٰ کاغذ سفید خاشدہ صرف تین روپیہ۔ قسم دوم خاشدہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کے آٹھ آنہ اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ ہوگا۔

شوال تک خاص رعایت

یہ تو آپ خود بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کم سے کم رکھا گیا ہے۔ لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ رمضان المبارک میں مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہے لہذا اخیر شوال تک کیلئے ذیل کی رعایتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔
پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ۲ کمی کردی جائے گی۔

رمضان المبارک کا سب سے بہتر اور مقدس تحفہ

علماء، صلحاء، محدثین، مفسرین، نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ

قرآن مجید

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
ابتک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابل قدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مفتی اعظم صدر العلماء حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب۔ اسد الاسلام حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب مسیح الملک حافظ محمد اجمل خانصاحب مرحوم حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے متبحر اور مقدس علماء نے اسے بیحد پسند فرمایا ہے۔ اور نہایت پرزور الفاظ میں مسلمانوں سے اس کے متعلق سفارشیں کی ہیں۔ رمضان المبارک میں ایک مسلمان کے لئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہوسکتا خود طلب فرمائیے اپنے عزیزوں کے لئے منگائیے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجئے۔

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب۔ مولانا شاہ عبد القادر صاحب۔ مولانا شاہ ولی اللہ صاحب۔ حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ پر قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عـ۱۰ علاوہ محصول ڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

صرف رمضان المبارک کیلئے

پانچ قرآن مجید ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی کل رقم پر ۶ کم کردئے جائیں گے

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۔ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

صوبہ سرحد کی موجودہ صورت حال

سرکاری اور غیر سرکاری بیانات

گزشتہ ہفتہ لاہور کے بعض اخبارات کے واسطہ سے صوبہ سرحد کے متعلق جو خبریں موصول ہوئی ہیں انہوں نے تمام ہندوستان کے مسلمانوں میں ایک آگ سی لگادی ہے اور نہ صرف انتہا پسند بلکہ نیم اور معتدل مسلمان بھی ان حالات کو سن کر ایک عجیب و غریب ہیجان و اضطراب میں مبتلا ہیں اور ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ اب حکومت کی حمایت کے لئے وہ عامۃ المسلمین کے سامنے کیا پروپگنڈا ...

غیر سرکاری خبر رساں ایجنسیوں کی اطلاعات کو مبالغہ آمیز بھی کہیں اور ایسوسی ایٹڈ پریس اور حکومت کے بیانات کو حرف بحرف درست اور بلا مبالغہ سمجھ لیں تو بھی سرحد کی صورت حال کچھ زیادہ خوشگوار نظر نہیں آتی اور مسلمان اس تصویر کو بھی مشکل ہی کے اطمینان سے نہیں بیٹھ سکتے۔

پشاور سے ایسوسی ایٹڈ پریس نے جو اطلاع ۴ جنوری کو دی ہے اس میں ۴ جنوری ...

... حسین قدر تشہیر حاصل ہو سکیں حاصل کریں اور سرکاری اور غیر سرکاری بیانات کو سامنے رکھ کر ایک آزاد رپورٹ مرتب کریں لیکن حکومت نے اس کمیشن کو صوبہ سرحد میں داخلہ کی اجازت نہیں دی اور اس کو اپنے اجلاس راولپنڈی میں منعقد کرنے پڑے اور آخر میں جب رپورٹ مرتب ہو کر شائع ہوئی تو حکومت نے اسے ضبط کر لیا ...

ہمیں سب سے زیادہ افسوس اس بات کا ہے کہ ان لوگوں نے صوبہ سرحد کی طرف جانے اور جو بیانات شائع کرائے ہیں وہ بے انتہا گمراہ کن ہیں ...

نام نہاد تحقیقات

سر آغا خاں کی مخالفت

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ ہم نے ان کالموں میں سر آغا خاں کی اس تجویز کا ذکر کیا تھا جو انہوں نے مسلم لیگ اور مسلم کانفرنس کو ملا کر ایک کر دینے کے متعلق پیش کی ہے اور اس تجویز کی تائید کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ خلافت کمیٹی کو بھی اسی تجویز میں شامل کر لیا جائے کیونکہ اس کی پالیسی بھی علاً مسلم کانفرنس یا مسلم لیگ سے جدا گانہ نہیں ہے اور ایک ہی خیال کے مسلمان ان تینوں انجمنوں پر حاوی ہیں ...

... اور اس کی خوشنودی کے لئے ہر ذلیل سے ذلیل حرکت پر آمادہ ہو سکتے ہیں ...

قارئین کرام کو معلوم ہے کہ گزشتہ تحریک میں جب صوبہ سرحد کے مسلمانوں پر مظالم ہوئے تھے ان کی تحقیقات کیلئے ایک آزاد کمیشن مقرر کیا گیا تھا حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند اور مسٹر وی جے پٹیل سابق صدر اسمبلی بھی اس کمیشن کے اراکین میں شامل تھے ...

احادیث کی روشنی میں رمضان المبارک کے فضائل

(بسلسلہ صفحہ اول)

نفلی روزے

جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر چھ روزے شوال کے بھی رکھے تو گویا اس نے تمام عمر کے روزے رکھے۔ (مسلم)

یہ چھ روزے شوال کے ملا کر ایک سال کے روزوں کے برابر ہو جاتے ہیں، ہر نیکی دس گنی ہوا کرتی ہے۔ (ابن ماجہ، نسائی)

مطلب یہ ہے کہ ہر نیکی کا ثواب کم سے کم دس گنا ہوا کرتا ہے تو رمضان کے تیس روزے تین سو کے برابر ہوئے اور یہ چھ روزے ساٹھ کے برابر تو کل تین سو ساٹھ ہو گئے، گویا پورے سال روزے رکھے ...

کسی نے دریافت کیا عرفہ کے دن کا روزہ کیا ہے ارشاد فرمایا عرفہ کا روزہ رکھنے سے ایک سال پچھلے اور ایک سال آئندہ کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ (مسلم)

جس نے عرفہ کا روزہ رکھا اس کے دو سال کے گناہ معاف کر دئے جاتے ہیں۔

صوبہ سرحد میں آرڈیننسوں کے ماتحت حکومت

فوج اور پولیس کا گشت اور ۱۲۹ گرفتاریاں

سرخپوشوں کے نظام کو درہم و برہم کرنے کی کوششیں

صوبہ سرحد کی خبروں پر احتساب قائم کیا جا چکا ہے اور وہاں کی اطلاعات کے متعلق کوئی غیر سرکاری مراسلہ یا برقی پیغام موصول نہیں ہو رہا ہے۔ روزنامہ اور پنجاب کے بعض دیگر جرائد کے ذریعہ جو غیر سرکاری خبریں ہم تک پہنچی تھیں ان کا ایک خلاصہ گزشتہ اشاعت میں درج کر دیا گیا تھا اس کے بعد سے ابھی تک یہ سلسلہ منقطع ہے اور خبر رسانی کے ذرائع میں یا تو سرکاری کمیونک ہیں جو حکومت کی طرف سے شائع کئے جاتے ہیں یا پھر ایسوسی ایٹڈ پریس کی وہ اطلاعات ہیں جن کی حیثیت سرکاری بیانات سے زیادہ مختلف نہیں ہے اور جنہیں نیم سرکاری اطلاعات کہنا بالکل صحیح ہوگا۔ ان خبروں کی بنا پر حالات کا صحیح اندازہ لگانا تو دشوار ہے مگر تاہم اس قدر کیا جا سکتا ہے کہ وہاں ابھی تک گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے اور مکمل سکون اور کامل امن و امان پر جو زور دیا جا رہا ہے وہ کچھ بہت زیادہ صحیح نہیں ہے۔

ہم ذیل میں صوبہ سرحد کے حالات کے متعلق تمام خبریں انگریزی اخبارات سے ترجمہ کر کے شائع کرتے ہیں۔ (الجمعیۃ)

... دیہات میں کامیابی ہوئی اور رضاکاروں کے طرز عمل میں تبدیلی نظر آئی جنہوں نے خود بخود معذرت چاہی اور کانگریس کی تحریک میں حصہ نہ لینے کا وعدہ کیا۔ اس تحصیل میں صورت حال پرسکون ہے۔

ہزارہ میں کانگریسی تحریک بالکل ختم معلوم ہوتی ہے اور اب کسی شورش کی امید نہیں کی جاتی۔

... گزشتہ پکٹنگ کے سلسلہ میں جو ۲۴ آدمی گرفتار کئے گئے تھے انہیں معذرت کے بعد نوشہرہ میں رہا کر دیا گیا ہے۔

۱۹۳۱ء کے تیرہویں آرڈیننس کی دفعہ ۱۴ (الف) کے ماتحت جو جرمانے کئے گئے ہیں ان کی وجہ سے پشاور میں آکر پکٹنگ کرنے والوں کی تعداد بہت کم ہو گئی ہے۔

چار ہزار کا مجمع جبراً منتشر کیا گیا

ہوائی جہازوں کا مظاہرہ

پشاور ۸ جنوری۔ چیف کمشنر صوبہ سرحد نے حسب ذیل سرکاری کمیونک شائع کیا ہے: سوائے ہتی مردان میں ایک واقعہ کے ۴ جنوری کا دن سکون کے ساتھ گزر گیا اور غالباً کرسمس کے بعد سب سے زیادہ پرسکون دن تھا۔

قریب چار کے دیہات سے پشاور شہر میں چالیس پکٹنگ کرنے والے داخل ہوئے مگر انہوں نے پکٹنگ کی کوشش نہیں کی اور باوجود جمعہ کا دن ہونے کے شہر میں خاموشی رہی۔

... ایک مجمع جو تقریباً چار ہزار آدمیوں پر مشتمل تھا اور جن میں زیادہ تر مسلح تھے جمع ہو گیا اور جس وقت اس مجمع کو منتشر ہونے کے لئے پانچ منٹ دئے گئے تو اس نے منتشر ہونے سے انکار کر دیا اس پر انہیں جبراً بغیر گولی چلائے ہوئے منتشر کیا گیا۔

نوشہرہ کی دیہاتی حدود میں پکٹنگ کرنے کی ناکام کوشش پھر کی گئی۔

کٹلگ کا فوجی دستہ جو متواتر دس یوم سے گشت کر رہا تھا اور جس نے علاقہ کٹلگ کا ایک بڑا حصہ طے کیا کل کوہاٹ واپس آگیا۔ اس دورہ کا اثر نمایاں ہوا کوئی مخالفت نہیں کی گئی ہر جگہ فوج کا خیر مقدم کیا گیا اور اطلاع ملی ہے کہ اس دستہ کی موجودگی میں رہنماؤں تک جو گرفتاریاں ہوئیں ان سے کانگریسی تحریک بالکل ٹوٹ گئی۔

اٹھارہ ہوائی جہازوں نے گنداب اور لاکرائی علاقوں میں ہوائی مظاہرے کئے۔

۵ جنوری تک کی گرفتاریاں

فوج کا خیر مقدم

پشاور ۹ جنوری۔ ۵ جنوری تک صوبہ سرحد میں کل گرفتاریاں چار ہزار ایک سو تیس ہوئی ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے ...

تقریباً ۲۰۵ آدمی معذرت پر رہا کر دئے گئے ہیں۔

... کی فوجی دستے نے بیبانی کا گشت لگایا جہاں وفاداروں کے ایک بڑے وفد نے اس کا خیر مقدم کیا جس کے نتیجہ میں مالگزاری وصول کی گئی۔

... میں سکون تھا۔

ایسوسی ایٹڈ پریس کی تردید

پشاور ۹ جنوری۔ صوبہ سرحد کے گزشتہ واقعات کے متعلق جو بالکل غلط اور مفسدانہ بیانات بعض نیوز ایجنسیوں کی جانب سے شائع ہوئے ہیں ان کی تردید کا ایسوسی ایٹڈ پریس کو مستند طور پر حق دیا گیا ہے۔

مثلاً کوہاٹ کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہاں کے زخمیوں اور ہلاک شدگان کی تعداد کی ستونک پہنچی مگر باوجود انتہائی تحقیق کے معقول غیر سرکاری آدمی زیادہ سے زیادہ شہداء کی تعداد ۱۳ اور مجروحین کی تعداد ۲ بتلاتے ہیں۔

اسی طرح گرفتاریوں کی تعداد کے متعلق ایسوسی ایٹڈ پریس کے جو بیانات وقتاً فوقتاً شائع ہو چکے ہیں ان کے دیکھنے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے ... یہ بھی غلط ہے کہ ان گرفتاریوں میں عورتیں یا بچے شامل ہیں۔

ایک پارسی خاتون پر سرحد کا داخلہ بند کر دیا گیا

لاہور ۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ خورشید بین سرحد کے حالات کا معائنہ کرنے کے لئے سرحد میں تشریف لے گئیں تاکہ وہاں کے موجودہ حالات کا خود معائنہ کر سکیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ کو صوبہ سرحد کی پولیس نے درخواست میں لے لیا اور ایک روز کے بعد آپ کو بذریعہ فرنٹیئر میل واپس کر دیا۔ چنانچہ آپ کل رات لاہور تشریف لے آئیں۔ آپ ڈاکٹر محمد عالم کے مکان پر قیام پذیر ہیں۔

دیہات میں فوج کا دورہ

گرفتاریاں اور مظاہرے

پشاور ۸ جنوری۔ تحصیل نوشہرہ کے علاقہ کوروہ میں تین دیہات مصری باندا، مغل کی اور میاں ساسنے ۴ جنوری کو پولیس کا مقابلہ کیا تھا اس کے بعد بعض کے روزنامہ دیہات میں پولیس اور فوج گئی سرخپوشوں نے اپنی وردیاں خود بخود اتار کر دیدیں۔ اور دیہات نے یہ یقین دلایا کہ وہ آئندہ حکومت کی مخالف تحریکات میں حصہ نہ لیں گے۔

تقریباً تیس آدمیوں نے تحصیل کے اسسٹنٹ کمشنر کی عدالت پر پکٹنگ لگانے کی سعی کی ان لوگوں کو پولیس نے وہاں سے منتقل کر دیا اور اس وعدہ پر کہ وہ آئندہ پکٹنگ نہیں کریں گے انہیں چھوڑ دیا گیا۔

تحصیل مردان کے ایک گاؤں کوٹھا میں ایک مجمع تقریباً ڈیڑھ سو سرخپوشوں کا جمع ہو گیا یہ لوگ پریڈ کر رہے تھے اسسٹنٹ کمشنر نے انہیں منتشر ہو جانے اور اپنی وردیاں پولیس کے حوالے کر دینے کا حکم دیا۔ ان کے انکار پر فوج نے مجمع کو بغیر گولی چلائے ہوئے منتشر کر دیا۔

چارسدہ رسالہ بیرا چند گاؤں میں جہاں مخالفت کے باعث ۷۰ گرفتاریاں ہو چکی تھیں ۵ جنوری کو گیا۔ بیس رائفلیں بغیر لائسنس کے دستیاب ہوئیں اور ۶۰۰ روپیہ مالگزاری کے وصول کئے گئے۔

ضلع کوہاٹ میں کرک سے سیٹھ تک کھٹک رسالہ گیا مگر کوئی حادثہ پیش نہیں آیا۔ علاقہ کھٹک کا عام رویہ ابھی تک قابل اطمینان ہے۔

اجناس کی گرانی

ضلع بنوں میں گرفتاریاں

پشاور ۸ جنوری۔ چیف کمشنر صوبہ سرحد نے مندرجہ ذیل سرکاری کمیونک شائع کیا ہے: ۷ جنوری کو تقریباً ایک سو بیس آدمی پکٹنگ کے ارادے سے پشاور میں داخل ہوئے یہ لوگ قریب کے تلیل دیہات سے آئے تھے۔ دو کو گرفتار کر لیا گیا اور باقی کو پولیس نے دھکیل دیا۔

بالو سائی گاؤں میں پولیس اور فوج پشاور سے گئی ستر دیہاتیوں نے کانگریسی تحریک سے علیحدگی کا اعلان کیا۔

رسالہ چارسدہ مشاغل میں جہانزئی کے قریب ایک گاؤں میں گیا یہاں پر کانگریسی لیڈروں کو گرفتار کیا گیا مگر کوئی حادثہ پیش نہیں آیا۔

ڈگائی اور جلبائی کے دیہات سے شورش کی اطلاع موصول ہوئی ہے ان دیہات میں اس اطلاع سے قبل پولیس اور فوج گئی تھی اور ۷ جنوری کو نو گرفتاریاں بھی کی گئی ہیں۔

... اب انہیں یہ احساس ہو گیا ہے کہ پکٹنگ کے ذریعہ تخویف کی اجازت اب نہیں دی جائے گی۔

کلک کے حالات میں مزید اصلاح کی اطلاع کوہاٹ سے موصول ہوئی ہے۔

بنوں شہر اور ضلع میں ... گرفتاریاں کی گئیں وہاں کی صورت حال اب اصلاح پذیر ہے۔

جھنڈی علاقہ میں فقیر علی نگرا ابھی تک اپنے ساتھیوں کی جماعت کے ساتھ موجود ہے۔ ۲ جنوری کو اس کی جماعت کے رہنماؤں اور نیم نزئی ملکوں کے درمیان بحث ہوئی تھی اس گفتگو کا نتیجہ اطمینان بخش معلوم ہوتا ہے اور ملکوں کو یہ اعتماد ہے کہ اب انہوں نے صورت حال پر قابو پا لیا ہے۔

۴ جنوری تک کی گرفتاریاں

کانگریسی دفاتر پر فوجی دھاوا

پشاور ۸ جنوری۔ ۴ جنوری تک ۲۷۵۴ گرفتاریاں ہو چکی تھیں جن میں سے ۲۲۹ کو سزا دی گئی تھی اور ۹۵ معذرت خواہی کے بعد رہا کر دئے گئے تھے۔

مردان سے جو فوجی دستہ روانہ ہوا تھا وہ اس پاس کے دیہات میں سرخپوشوں کی گرفتاریاں کر کے کامیابی کے ساتھ واپس آگیا۔ مردان کے جائنٹ کمشنر کی معیت میں ۸ فوجی سوار شیخ یوسف گاؤں کی طرف گئے اور وہاں جا کر کانگریس کا دفتر بند کیا یہاں اہل دیہہ نے دو رضاکار پیش کئے۔

نوشہرہ کا اسسٹنٹ کمشنر پولیس اور فرسٹ ریجمنٹ کے رسالہ کو ساتھ لیکر اکوڑہ گاؤں کی طرف روانہ ہوئے اور اس گاؤں میں دریائے کابل کو کشتی پر عبور کر کے پہنچے، مصری باندا کے کھیاسے باہر دریا کی حفاظت کر رہی جماعت مغل کی گئی ...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

ہالینڈ میں مشرقی مؤتمر کا اٹھارواں اجلاس

اسلامی تمدن پر مسلمانوں و عیسائیوں کے زبردست مقالے

سہارنپور ۲۳ جنوری ۱۹۳۲ء کئی روز قبل سے میرپور کی یاد منانے اور اہل میرپور کے دکھ درد سنانے کی تیاریاں ہورہی تھیں۔ بازاروں میں جگہ جگہ اطلاعات آویزاں کردی گئی تھیں اور مجلس احرار کے رضاکار بان نے جلسہ کا اعلان کیا تھا۔ چنانچہ کل بعد نماز جمعہ مجلس احرار اسلام سہارنپور کے زیر اہتمام ایک زبردست جلسہ زیر صدارت مولانا مولوی محمود حسن صاحب منعقد ہوا۔ تمام مسجد حاضرین سے بھری ہوئی تھی اور مسجد کے دروازوں پر اسلامی علم لہرا رہے تھے۔ تلاوت قرآن شریف کے بعد مولانا مولوی راشد حسن صاحب دیوبندی نے ایک پرجوش تقریر میں کشمیر کے چشم دید حالات بیان فرمائے اور بتایا کہ مسلمانوں پر کس طرح حکومت کشمیر اور برطانیہ کی طرف سے مظالم ہورہے ہیں۔ آپ نے میرپور کے واقعات بیان فرماتے ہوئے برطانیہ پر مسلمانوں کے احسانات اور برطانیہ کی احسان فراموشی پر ولولہ انگیز تقریر کی۔

اس کے بعد مسٹر شفیق عالم نے ایک جوشیلی نظم "کشمیر جاتے ہیں" کمال جوش الحانی کے ساتھ پڑھی جس نے ایک خاص جوش کیفیت طاری کردی۔ بعد ازاں خلیق صدیقی (مدیر شیر رنگون) نے نہایت مختصر الفاظ میں ...

سلطان ابن سعود اور حج

ایک غلط فہمی کا ازالہ

دہلی کے اخبار طاقت مورخہ ۱۳ جنوری ۱۹۳۲ء میں حکومت حجاز کے متعلق ایک نوٹ شائع ہوا ہے جو بالکل غلط فہمی پر مبنی ہے اور اس کا امکان ہے کہ یہ غلط فہمی مسلمانوں میں بھی عام ہو جائے اس لئے اس کی تردید ضروری ہے۔

...

مسلمانان آگرہ کی طرف سے مظلومین کشمیر کی امداد

...

سیدنا ابن سعود صاحب کا دوبارہ انتخاب

...

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے

گیارہ ماہ گزرنے کے بعد خدا کے فضل و کرم سے پھر ہم کو اور آپ کو رمضان المبارک کا مہینہ نصیب ہوتا ہے یہ بھلائیوں اور نیکیوں کا مہینہ ہے اس لئے ہم نے بھی اپنے خریداروں کو فائدہ پہنچانے کے لحاظ سے حسب معمول اعلان کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل گھڑیوں و ٹائم پیسوں کی قیمت میں بے حد رعایت کردی گئی ہے اس رعایت سے ہر شخص خواہ کسی مذہب و ملت کے ہوں فائدہ اٹھا سکتے ہیں بہت جلد فرمائش بھیجئے ورنہ یہ زریں موقع پھر ایک سال بعد آئے گا۔

منیجر

مکمل گلٹ کیس کی خوبصورت و مضبوط ریلوے پاکٹ واچ	خوشنما و پائیدار کیس والی پاکٹ واچ	گلٹ سلور کیس خوشنما پاکٹ واچ
یہ گھڑی ایوشین کی نہایت خوشوضع بنی	یہ گھڑی دن کے علاوہ رات کو اندھیرے میں	یہ گھڑی سلنڈر موومنٹ پرزوں کی مضبوط

تمام گھڑیاں ٹائم پیس ملنے کا پتہ: ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی نمبر ۶۸ ... بازار چاندنی چوک دہلی

تنقیح التنقید

...

نیازمند منیجر اخبار العدل گوجرانوالہ (پنجاب)

کیسٹو فین

بچوں کی صحت

...

کیسٹو فین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

اگر صحت پیاری ہے

...

ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

خصائل نبوی

لاثانی قرآن مجید

فضائل رمضان

...

عبدالوحید صدیقی منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

مسجد کی تعمیر میں امداد کرو

فرزندان ملت اسلامی سے اپیل

عن عثمان رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من بنی للہ مسجدا بنی اللہ لہ بیتا فی الجنۃ۔ ترجمہ: عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے جس شخص نے بنایا مسجد کو اللہ کے لئے بنا کرے گا اللہ مکان اس کے لئے جنت میں۔ عن ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ ...

شربت اکسیر

...

ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی اینڈ کمپنی ... اسٹریٹ کلکتہ

سگنل ڈاؤن ہوگیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

...

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

...

بال جڑ سے کالا

...



صرف چند روز کیلئے مفت

فینسی رسٹ واچ مفت

سرٹیفکیٹ

...

ایسٹرن واچ کمپنی جہالسی سٹی (یوپی)

مشین سوئیاں

نو ایجاد

پتہ: ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

کامیابی

...

دار البرکات روحانی، دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

جرمنی کو سب سے زیادہ جس ہتھیار نے کام دیا وہ نہ توپ تھی اور نہ گن مشین تھی

بلکہ صرف سول پستول تھا جو بغیر کوئی تکلیف پہونچائے چشم زدن میں ایک جاندار کو بے حرکت کر دیتا ہے

جرمنی سے یہ پستول پہلی مرتبہ ہندوستان میں آیا ہے اس کے مقابل میں دنیا کے بڑے بڑے ہتھیار بالکل بیکار ہو جاتے ہیں۔ اس پستول کا جونہی گھوڑا دبایا جائے فوری ایک خاص ...

... جیب میں باسانی آسکتا ہے۔ اور بروقت ضرورت ہر دشمن پر چشم زدن میں قابو پاسکتے ہیں گویا جس جاندار کو چاہا اندھا اور بے حرکت کر دیا۔ ہر شخص کے پاس اس کا رہنا بے حد لازمی ہے آج ہی ایک عدد منگوا کر ہماری تحریر کو لفظاً لفظاً آزمائیے قیمت فی عدد چھ روپیہ (۶) محصولڈاک ۸ر

ہندوستان۔ برما۔ سیلون کے لئے

ایجنٹ۔ اے۔ ایچ۔ فرانسیس اینڈ کو پوسٹ بکس ۱۴۸۵ بمبئی

اطلاعنامہ حسب دفعہ ۸۰۔ ایکٹ ۲ ۱۹۲۶ء صوبہ آگرہ

نمبر مقدمہ ۷۹

اجلاس جناب تحصیلدار صاحب بہادر تحصیل جلیسر

...

دمہ۔ بواسیر۔ سوزاک ... ہندی دواخانہ ... دربھنگہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

الجمعیۃ

روزانہ — دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون: محمد عثمان فارقلیط

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے: سالانہ، ششماہی، سہ ماہی — ممالک غیر کے لئے: سالانہ، ششماہی — نمونہ مفت — فی پرچہ ایک آنہ

تاریخ اشاعت — ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات: ایک صفحہ، نصف صفحہ، ایک کالم

جلد ۱۵ | دہلی - یوم جمعہ ۲۷ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ مطابق ۵ فروری ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۰

کون کہتا ہے کہ دمہ اچھا نہیں ہوتا

خدا چاہے تو ... یہ مفصل سن لیجئے

صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

قاضی محمد سلیمان صاحب

منیجر مسلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ (پنجاب)

محبوب عاشق کے قدموں پر

معاصرین کے افکار و آراء

لکھنؤ کانفرنس کی نہایت اہم تجویز

صوبہ سرحدی میں اصلاحات

فوجی اخراجات

مدیر انقلاب اور ناظم جمعیۃ علماء ہند

ملکی صنعت کے خلاف جہاد

مصنوعات ملکی کی ترویج کی سعی

مالی جہاد و ایثار کا بلند ترین مقام

احادیث نبوی میں صدقات اور ادائے زکوٰۃ کے فضائل

رمضان المبارک کا سب سے بہتر اور مقدس تحفہ

علماء، صلحاء، محدثین، مفسرین، نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابل قدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے ...

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں ...

صرف رمضان المبارک کیلئے

رمضان شریف میں

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کردینے والا

قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا ...

نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت ...

ہر مومن کا فرض ہے

شوال تک خاص رعایت

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مارالحم خاص الخاص اور مفرح عنبریں اور ہماری دیگر مقوی ادویہ سے اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے فہرست خصوصی مفت منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۷ رمضان المبارک ۱۳۵۰ ہجری

صوبہ سرحد کی اصلاحات

ایک غیر مفید اور مضرت رساں اسکیم کا نفاذ

(۲)

مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اجلاس

مولانا شفیع داؤدی اور مولوی مظہر الدین کی رپورٹ کا حشر

نمائندگان سرحد کی جانب سے پرزور مذمت

خفت و ندامت کے باعث وفد کے چہرے زرد پڑ گئے

نمائندگان سرحد کا بیان

خفت و ندامت

قرارداد کی منظوری

مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ

مولانا حسرت کا اعتراض

عربی اخبارات کے تراجم

اسلامی ممالک میں مسیحی تبلیغ کے عجیب ڈھنگ

مجاہدین طرابلس کے مشاغل

اطالوی فوج کو مار کر بھگا دیا

ترکوں کی عسکری قوت میں اضافہ

ٹرکیہ راشٹر اکیٹ کا الزام اور اس کا جواب

اسلامیات پر ایک امریکن پروفیسر کا لیکچر

مسلمان زندہ رہیں گے کیونکہ قرآن زندہ ہے

ٹیونس میں ایک عربی اخبار نویس کو سزا

جنوبی افریقہ میں ایک اسلامی یونیورسٹی

ایک عرب کی طرف سے نوے ہزار گنی کا عطیہ

دارالحکومت اسپین میں ریفی وفد کا ورود

مسلمانوں کی طرف سے مطالبات پیش کرنے گئے

دمشق میں گولی چلنے کے متعلق تفصیلات

نام نہاد وفد پر اخبارات کے تبصرے

صوبہ بہار میں تحقیقات پر عدم اعتماد کا جلسہ

شفیع داؤدی کا دلچسپ بیان

صوبہ سرحد کی اہمیت کو کم کرنے کی کوشش

نام نہاد سرحدی وفد کا اظہار بیزاری

مسلمانان چیچاں کا اعلان حق

حکومت کے ہم نوا اور آلۂ کار

آزاد تحقیقات کے نام سے مسلمانوں کو دھوکہ

جاوا میں سرد آہیات

تعمیری لائحہ عمل کیلئے علماء کا اجتماع

گورنمنٹ کی طرف سے مولانا شوکت علی کا استقبال

حکومت سے تعاون اور سوالات کرنے کی ہدایت

سرحد کے دیہات پر گولہ باری کی دھمکی

جرگوں سے تاوان کا مطالبہ

لکھنؤ میں پولیس پر بم پھینکا گیا

ایک تھانیدار اور سپاہی مجروح

مجلس عاملہ کے اجلاس سے پہلے

مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اجلاس منعقد ہونے سے قبل ایڈیٹر الجمعیۃ خادم محمد مظہر الدین عفی عنہ نے اپنے دستخط سے اخبار الامان میں حسب ذیل اعلان شائع کیا تھا۔

"میں اور مولانا محمد شفیع داؤدی پہلے روزہ کو مسلم کانفرنس کے وفد سرحد میں روانہ ہوئے ... صوبہ سرحد کی شدید ٹھنڈک، آزاد و غیر آزاد علاقہ کے سفر اور کوہاٹ، درہ، بنوں، اتمان زئی، چارسدہ، قاضی خیل وغیرہ کی مسلسل دوڑ دھوپ ... سرحدی جابر حکام ... نے وہ کون سی پابندیاں عاید کردی تھیں جن کے باوجود ہم آزاد و غیر آزاد علاقہ میں جاتے۔ اہم سے اہم مقامات کو دیکھتے اور ان لیڈروں کو ساتھ لیکر پھرتے رہے جو حکومت سرحد کی چشم عتاب کا شکار ہو چکے تھے"۔ (ملاحظہ ہو الامان مورخہ ... جنوری کالم ایک و دو)

مجلس عاملہ کے اجلاس کے بعد

پھر جب مجلس عاملہ کا اجلاس منعقد ہوا اور اس میں سرحد کے نام نہاد وفد کی رپورٹ پر اظہار مذمت کیا گیا تو اسی اخبار الامان میں مندرجہ ذیل عبارت بھی لوگوں کی نظر سے گذری:

"جہاں دہلی میں فارن سکرٹری نے اطمینان دلایا تھا کہ وفد کی نقل و حرکت پر تحقیق حالات کے لئے کوئی پابندی نہ ہوگی لیکن وفد (یعنی مولوی مظہر الدین و مولانا شفیع داؤدی) کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ چیف کمشنر نے رکاوٹیں پیدا کیں"۔ (ملاحظہ ہو الامان مورخہ ۳ فروری کالم ۵)

اور مجلس عاملہ کی تجویز میں حسب ذیل الفاظ دیکھے گئے:

"مسلم کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی نے اپنی مقرر کردہ سب کمیٹی کے اراکین (مولوی مظہر الدین و مولانا شفیع داؤدی) کے بیانات پر غور کیا ... کہ مقامی حکام نے آزاد تحقیقات کا موقع نہیں دیا"۔

(ملاحظہ ہو قرارداد مطبوعہ ۳۱ جنوری)

جاپانی جہازوں نے نانکن پر گولہ باری شروع کردی

ڈیڑھ سو چینی گولی سے اڑا دئے گئے

لندن ۲ فروری۔ شنگھائی کی اطلاع مظہر ہے کہ جاپانیوں نے ڈیڑھ سو چینیوں کو گولی سے اڑا دیا۔ چینیوں کو گرفتار کرکے ان کی جامہ تلاشی کی گئی۔

پیرس ۲ فروری۔ پیدل افواج کو شنگھائی کی جانب سے روانہ ہونے کا حکم دیدیا ...

اسمبلی میں آرڈیننسوں کی حکومت کے خلاف قرارداد

مسترد کردی گئی

اسمبلی میں سرہری سنگھ گور نے آرڈیننسوں کی حکومت کے خلاف جو قرارداد پیش کی تھی وہ دو دن کی طویل بحث کے بعد مسترد ہوگئی۔ ۴۴ آرا تجویز کے موافق اور ۶۲ مخالف۔ اسمبلی کے مباحثہ کی مفصل رپورٹ ہم آئندہ اشاعت میں شائع کریں گے ...

مخالفین

فرقہ وارانہ مسئلہ کا حل ضروری ہے

حق رائے دہی کی کمیٹی کا اعلان

نئی دہلی ۲ فروری۔ حق رائے دہی کی کمیٹی کا اعلان ...

حق رائے دہی کی کمیٹی کا اجلاس

کمیٹی کا پروگرام

دہلی میں متعدد خانہ تلاشیاں

دہلی یکم فروری۔ آج صبح پولیس نے کل ایک ہی وقت میں شہر کے مختلف حلقوں میں تلاشیاں شروع کیں ...

داؤدی رپورٹ کے متعلق

مولانا حسرت موہانی کا بیان

دہلی یکم فروری۔ آج نمائندہ الجمعیۃ نے مولانا حسرت موہانی سے جو مسلم کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی غرض سے آئے ہوئے ہیں ... دریافت کیا کہ مولوی مظہر الدین اور مولانا شفیع داؤدی کی جو رپورٹ ورکنگ کمیٹی میں پیش کی گئی ہے اس کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے۔ مولانا نے جواب میں فرمایا کہ:

"جہاں تک مجلس عاملہ کی کارروائی کا تعلق ہے میں آپ کو کچھ نہیں بتا سکتا ... کارروائی کریں گے"۔

ایک غلط خبر کی تردید

مولانا حسرت موہانی نے استعفا واپس نہیں لیا ہے

مسٹر سردار علی صابری اسسٹنٹ ایڈیٹر "ریاست" مطلع فرماتے ہیں کہ مولانا حسرت موہانی نے ... مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ سے استعفا واپس لے لیا ہے ... یہ اطلاع غلط ہے۔

پیر حسام الدین کی سزایابی

اٹھارہ ماہ قید کی سزا دی گئی!

کوہاٹ یکم فروری۔ پیر حسام الدین کو اٹھارہ ماہ قید کی سزا دی گئی ہے۔

دہلی اسٹیشن پر گاندھی جی کے صاحبزادہ کی گرفتاری

دہلی ۲ فروری۔ آج صبح ... گاندھی جی کے ... گرفتار کرلیا گیا۔

دونوں میں سچا کون ہے؟

مولانا شفیع داؤدی کا قول

سرہال کا قول

دفتر مجلس احرار اسلام پر پولیس کا چھاپہ

مظلوم کی عیدی ضبطی

لاہور ۲ فروری۔ آج ... پولیس نے ... دفتر مجلس احرار اسلام پنجاب پر چھاپہ مارا ...

(دستخط محمد صادق سکرٹری مجلس احرار ہند)

نامہ نگار ریاست کا بیان

(۱) حکومت ہند ایک کمیٹی مقرر کرے جو صوبہ سرحد کے مظالم کی تحقیقات کرے ...

(۲) آرڈیننسوں کو فوراً واپس لیا جائے ...

(۳) جو افسران ... کو مجرم قرار دیا جائے ...

چند قابل غور امور

کشمیر میں نماز پڑھتے ہوئے مسلمانوں پر گولیوں کی بارش

پچاس مسلمانوں کی شہادت اور سینکڑوں مجروح

نعشیں جلا ڈالی گئیں اور دریا برد کردی گئیں

راجوری ۲۹ جنوری۔ جو مظالم مسلمانان جموں و کشمیر پر ریاست کشمیر کی طرف سے ہوئے ہیں ...

مظالم پر پردہ ڈالنے کی کوشش

حکومت کشمیر کا اعلان

حکومت نے آرڈیننسوں کو ایوان کے سامنے کیوں پیش نہیں کیا؟

صوبہ سرحد میں حکومت کے وحشیانہ سلوک پر احتجاج

اسمبلی میں حکومت کی پالیسی پر مباحثہ

دہلی ۲ فروری۔ کل اسمبلی کے اجلاس میں سرہری سنگھ گور کی تجویز پر بحث شروع ہوئی ...

سخت گیر پالیسی سے مستعفی ہونے کا مشورہ

وائسرائے کے نام پنڈت مالویہ کا مکتوب

اسمبلی میں غیر سرکاری تجاویز کیلئے فرعہ اندازی

۲ کو پھانسی ۸ کو کالا پانی

دہلی میں لارڈ لوتھین کی آمد

کونسل ہال پر "واپس جاؤ" لکھدیا گیا

مجاہد ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ کے مقدمہ کی سماعت

استغاثہ کے چھ گواہوں کے بیانات

"میرے اختیار سے باہر ہے کہ میں آپکو نقل دے سکوں"

جیل میں ناظم جمعیۃ علماء ہند سے ملاقات

بمبئی میں مجمع پر دو مرتبہ گولی چلائی گئی

مجمع نے پولیس چوکی توڑ ڈالی

مارشل لا اندر ترنس مرکزوں کی روشنی گل

آرڈیننسوں کی موجودگی میں اسمبلی کو ملتوی کردیا جائے

کونسل آف اسٹیٹ میں ایک ایپ تحریک

حقوق رائے دہی اور وفاقی مالیات کی کمیٹیوں کا پہلا اجلاس

گول میز کانفرنس کی کمیٹیوں نے کام شروع کردیا

کمیٹیوں کے مصارف کس کو برداشت کرنے پڑینگے

دہلی میں مختلف الخیال لیڈروں کی کانفرنس

ملک میں پرامن فضا پیدا کرنے کی سعی

اسمبلی ہال پر رضاکاروں کی پکٹنگ

نو رضاکاروں کی گرفتاری

دہلی میں زنانہ پولیس کی بھرتی

دس عیسائی عورتیں سپاہی بن گئیں

الہ آباد کے ایک گاؤں میں ہندو مسلم فساد

جانبین کے چھ افراد مجروح اور ۱۳ گرفتار

پنڈت موتی لال کی صاحبزادیوں کو تنبیہ

مسلمانانِ امرتسر کا عظیم الشان جلسہ

مولانا احمد سعید صاحب کی گرفتاری پر مبارکباد

امرتسر ۲ جنوری۔ آج نماز جمعہ کے بعد مسجد شیخ خیرالدین مرحوم میں مقامی مجلس احرار اسلام کی طرف سے "یوم بلیغار" منانے کے لئے ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا محمد بہار الحق قاسمی ڈکٹیٹر مجلس احرار اسلام امرتسر منعقد ہوا۔ مسلمان ہزاروں کی تعداد میں شریک جلسہ ہوئے۔ تلاوت قرآن کریم و نعت شریف کے بعد ابو محمد صاحب سوز (ڈکٹیٹر) نے مختصر تقریر کے بعد حسب ذیل ریزولیوشن پیش کیا جو حافظ عبدالصمد صاحب کی تائید اور حاضرین کی اتفاق رائے سے منظور ہوا۔

مسلمانان امرتسر کا یہ عظیم الشان جلسہ حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی گرفتاری پر آپ کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہے۔ اور آپ کی مذہبی اور ملکی خدمات کا پرزور اعتراف کرتا ہے۔

جناب صدر کی تقریر

اس کے بعد مولانا بہار الحق قاسمی صدر جلسہ نے ایک گھنٹہ تک پرجوش تقریر فرمائی جس میں آپ نے تحریک احرار کی مختصر تاریخ بیان کی اور مجاہدین کی قربانیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ گورنمنٹ نے کشمیر آرڈی ننس دو ماہ کے لئے جاری کر کے سمجھا تھا کہ اس عرصہ میں تحریک ختم ہو جائے گی۔ لیکن آخر اس کو اپنی غلط فہمی کا احساس ہوا اور مزید چار ماہ کے لئے آرڈی ننس میں توسیع کر دی گئی۔ آپ نے فرمایا کہ گورنمنٹ نے احرار کے جوش عمل کا اب بھی غلط اندازہ لگایا ہے۔ اگر وہ چار ماہ کی بجائے ایک سال کے لئے بھی آرڈی ننس نافذ کر دے جب بھی خدا کے فضل و کرم سے یہ تحریک ختم نہیں ہو سکتی۔

آپ نے فرمایا کہ مجلس احرار کی پہلی ہی یلغار کے بعد حکومت کشمیر نے ہتھیار ڈال دئے تھے۔ انگریزوں کی مداخلت سے حکومت کشمیر کی ٹوٹی ہوئی ناؤ پار ہو گئی۔ مسلمان انگریز کی مداخلت کو ظالم کی حمایت قرار دے رہے ہیں۔ اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ صلح کے راستہ میں انگریز کا وجود حائل ہے اور کہ معاملہ کی طوالت کا انگریز ہی ذمہ دار ہے۔ انگریزی حکومت کا موجودہ طرز عمل مسلمانوں کو بہت بدگمان کر رہا ہے وہ یہ سمجھنے لگے ہیں کہ مسلمانوں کے تمام مقاصد کی تکمیل کے راستہ میں اس طرح انگریز حائل ہوتا رہتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہزاروں مسلمان بذریعہ خطوط مرکزی مجلس احرار سے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ وہ اپنے موجودہ پروگرام کی بجائے کوئی ایسا پروگرام قوم کے سامنے رکھے جس کی زد انگریزی حکومت کے مفاد پر براہ راست پڑے۔ تاکہ حکومت بھی آرام سے نہ بیٹھ سکے۔ آپ نے حاضرین سے دریافت کیا کہ اگر مجلس احرار نے مسلمانوں کے مطالبہ کو مجبوراً تسلیم کرتے ہوئے اس قسم کا کوئی پروگرام پیش کیا تو کیا آپ اس پر عمل کرنے کے لئے تیار ہیں جس کے جواب میں تمام حاضرین نے "بیشک" اور "ضرور" کی آوازیں بلند کیں۔

آپ نے فرمایا کہ گورنمنٹ اب بھی عقل سے کام لے اور اپنے موجودہ مسلم آزار رویہ کو چھوڑ دے تو بہتر ہے۔ گورنمنٹ یہ نہ سمجھے کہ مسلمانوں کا کانگریس سے الگ رہ کر تحریک کشمیر میں مصروف رہنا اس کے مفاد کے واسطے بہتر ہے۔ اسے یہ واضح رہنا چاہئے کہ مسلمان اگرچہ موجودہ حالات میں کانگریس کے ساتھ نہیں مل سکتے لیکن وہ کانگریس سے الگ رہتے ہوئے بھی ایسا پروگرام اختیار کر سکتے ہیں جس سے گورنمنٹ کو تکلیف ہو گی۔

آپ نے فرمایا کہ آج کشمیر کے اندر زندگی پیدا ہو چکی ہے جوش موجود ہے اس سے پنجاب کے مسلمان یہ نہ سمجھیں کہ بس اب ہمیں حرکت اور قربانی کرنے کی ضرورت نہیں رہی۔ کشمیری مسلمانوں کا آمادۂ عمل ہونا اگرچہ کامیابی کے لئے ضروری ہے لیکن اس سے زیادہ ضروری یہ ہے کہ ہم بھی فوراً تحریک کو تیز کر دیں۔ کیونکہ اگر ہم خاموش ہو گئے تو انگریز مہاراجہ کو تھپکی دیتے رہیں گے۔ اس لئے تحریک کو پورے جوش کے ساتھ جاری رکھنا چاہئے تاکہ انگریز بھی آرام سے نہ بیٹھ سکے اور وہ صلح کے راستہ میں رکاوٹ بن کر کھڑا نہ ہو سکے۔

آپ نے سیرپور کے مسلمانوں کی قربانیوں کا شاندار الفاظ میں ذکر کیا۔ اور مسلمانوں کو عید کے دن کھدر پہننے کی ترغیب دلائی۔ حاضرین نے وعدہ کیا کہ ہم عید کے دن کھدر کے سوا کوئی کپڑا نہیں پہنیں گے۔ آخر میں آپ نے جمعۃ الوداع کو "یوم سرحد" منانے کا اعلان کیا اور دعا پر جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء

تمام اہل فہم مسلمان اس سے متفق ہیں کہ اس وقت مسلمانوں کی سب کی بڑی ضرورت یہ ہے کہ ایسے روشن خیال مصلحت شناس دیندار علماء پیدا کئے جائیں جو زمانہ کی ضرورتوں کا لحاظ رکھکر موجودہ دور تغیر میں مسلمانوں کی رہنمائی کر سکیں اپنے عمل و اخلاق سے ان کے لئے اچھا نمونہ بنیں۔ علوم جدیدہ سے واقف ہو کر مخالفین اسلام کے اعتراضات کی کمزوریاں ان پر ظاہر کر سکیں مذہب اسلام کے اعلیٰ تخیل اور دستور العمل کی برتری ان پر ثابت کر سکیں اسی کے ساتھ اتنے وسیع النظر اور بلند خیال ہوں کہ اس دور اختلاف و انشقاق میں مذہبی تعصب اور جماعت بندی سے اپنے آپ کو بلند رکھیں۔

ندوۃ العلماء نے اسی تخیل کو لیکر ایک درسگاہ دارالعلوم کے نام سے قائم کی نصاب تعلیم میں مشرقی و مذہبی علوم و فنون کی مکمل تعلیم کے ساتھ عربی زبان کی تعلیم پر خصوصیت سے زور دیا کیونکہ ان علوم پر محققانہ نظر اور قرآن و حدیث میں تفکر و تدبر کی قوت اس وقت تک نہیں پیدا ہو سکتی جب تک عربی زبان میں مادری زبان کے برابر کمال نہ پیدا کر لیا جائے اسی کے ساتھ تاریخ اسلام کی تکمیل لازم کی اور جدید علوم میں انگریزی اور فلسفہ اور اکنامکس کی تعلیم کا انتظام کیا۔ اسا تذہ میں بہترین اساتذہ فراہم کئے چنانچہ ادب عربی کی تعلیم کے لئے مراکش کے ایک نامور عالم کو مامور کیا ہے۔ اساتذہ کے انتخاب میں اس کا خاص لحاظ رکھا کہ ایسے اساتذہ رکھے جائیں جو اخلاق و عمل میں سلف کا نمونہ ہوں تاکہ یہ طلباء اسلامی آب و ہوا میں نشو و نما پائیں اس تعلیم و تربیت کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے ایسی جماعت پیدا کی ہے جن میں سے بعض علمی تحقیق و تفتیش میں منہمک ہیں تو بعض زندگی کے مختلف شعبوں میں مسلمانوں کی رہنمائی کا فرض انجام دے رہے ہیں منتظمین دارالعلوم اس نتیجہ پر قانع نہیں ہیں بلکہ برابر اس سے بہتر نتائج حاصل کرنے کی مساعی میں مصروف ہیں و اللہ الموفق۔

دارالعلوم پر تقریباً ڈیڑھ ہزار روپیہ ماہوار صرف ہو رہا ہے۔ چالیس سے زائد طلباء کے قیام و طعام و لباس کی ندوۃ العلماء کفالت کرتا ہے اور ہندوستان سے باہر تک کے طلباء یہاں سے مستفید ہو رہے ہیں۔ چنانچہ ترکستان، چین، سماٹرا، جاوا، حجاز، عمان، نیپال کے طلباء آجکل مصروف تعلیم ہیں مگر یہ امر حد درجہ افسوسناک ہے کہ اس سے استفادہ کا دائرہ بہت تنگ ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ صاحب استطاعت لوگ اپنی اولاد کو صرف دنیاوی علوم پڑھانا چاہتے ہیں اور جن میں استطاعت نہیں وہ کوئی تعلیم نہیں دلا سکتے۔ یقیناً ہر مسلمان کی خواہش ہو گی کہ ایسا دینی مدرسہ قائم رہے اور کثرت سے مسلمان بچے اس میں داخل ہو کر مستفید ہوں اور آئندہ نسل کی رہنمائی کریں۔ یہ خواہش اسی وقت جامۂ عمل پہن سکتی ہے جب آپ مدد پر آمادہ ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ عالم کی عابد پر فضیلت ایسی ہے جیسی میری فضیلت تم میں سے ادنیٰ پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اور آسمانوں اور زمین کے رہنے والے یہاں تک کہ چیونٹی اپنے سوراخ میں اور مچھلیاں سمندر میں لوگوں کو بھلائی سکھانے والے پر درود بھیجتی ہیں اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے یہ فضائل حاصل کریں اور آپ کو قیامت تک ان شاء اللہ ان کے اعمال کا ثواب ملتا رہے جنہیں آپ کی عالم اولاد کے ذریعہ سے ہدایت ہو گی تو اپنی اولاد کو اس دارالعلوم میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھیجئے۔ اگر بدقسمتی سے آپ نے کسی بچے کو دینی تعلیم نہیں دلائی ہے تو اس کا کفارہ اس طرح کیجئے کہ غریب مسلمان بچوں کو تعلیم دینے کے لئے کچھ ماہوار مقرر فرمائیے۔ ان کی تعلیم سے بھی اتنا ہی ثواب قیامت تک ملتا رہے گا۔ اور اگر آپ صاحب نصاب ہیں تو زکوٰۃ نکالتے اور وہ روپیہ غریب مسلمان بچوں کی تعلیم کے لئے ندوۃ العلماء بھیجئے۔ ندوۃ العلماء نے دارالافتا بھی قائم کیا ہے اگر آپ کو کسی امر میں مستند علمائے دین سے فتویٰ لینا ہو تو یہاں استفتے بھیجئے اگر دارالعلوم کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنا چاہیں تو ناظم ندوۃ العلماء سے خط و کتابت کیجئے۔

عبدالعلی ناظم ندوۃ العلماء

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

مقویات سرتاج عالم
آتشک گرہ گولیاں قبض، بواسیر، ضعف معدہ، خون اور منی کی خرابی کی جریان، احتلام، سرعت انزال، رقت منی وغیرہ کی شکایت نابود کر کے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہیں۔ ضرور تجربہ کریں
صحت و تندرستی کی نعمت کام شاستر بالکل مفت طلب فرمائیں
وید شاستری۔ جام نگر کاٹھیاواڑ

رعایت کا مبارک مہینہ
جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے
گیارہ ماہ گذرنے کے بعد خدا کے فضل و کرم سے پھر ہم کو اور آپ کو رمضان المبارک کا مہینہ نصیب ہوتا ہے یہ بھلائیوں اور نیکیوں کا مہینہ ہے اس لئے ہم نے بھی یہی مہینہ پبلک کو فائدہ پہنچانے کے لئے انتخاب کر رکھا ہے لہذا حسب معمول اعلان کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل گھڑیوں ٹائم پیسوں کی قیمت میں بے حد رعایت کر دی گئی ہے اس رعایت سے ہر شخص خواہ کسی مذہب و ملت کے ہوں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جلد سے جلد فرمائش بھیجئے ورنہ یہ زریں موقع پھر ایک سال بعد آئے گا۔
منیجر



پیلی بھیت کیوں مشہور ہے
بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن ہے
نپٹ بہرا پن
کان بہنے اور طرح طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے
کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

دمہ، لوا، بواسیر، سوزاک، کوڑھ، سفید داغ
ہمدرد دواخانہ کمپنی سمری دربھنگہ

حب مشتہی
معدہ کی بیماریوں کا اکسیر
حب مشتہی آفس جنجھانوں مظفر نگر

خلاف تحریر ہو تو قیمت واپس
نو ایجاد مشین سویاں
ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کے علمی خزانہ میں اضافہ

علمی حلقوں میں یہ خبر نہایت مسرت کا باعث ہو گی کہ ہماری مسلم یونیورسٹی کے قابل و ہر دلعزیز ٹریزرر نواب محمد اسمٰعیل خانصاحب نے حال ہی میں یونیورسٹی لائبریری کو ایک گراں قدر عطیہ قلمی کتب کا مرحمت فرمایا ہے مولوی جمال اللہ صاحب رئیس گورکھپور و نواب عبدالسلام صاحب مرحوم کے بے مثل عطیہ جات کے بعد یہ دوسرا موقع ہے کہ ہماری لائبریری میں بیش بہا کتب کا اضافہ ہو رہا ہے۔ نواب صاحب موصوف کی ہستی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ کے والد ماجد نواب محمد اسحاق صاحب مرحوم کے احسانات جو مسلمانان ہند پر عموماً اور ایم۔ اے۔ او کالج پر خصوصاً وقتاً فوقتاً ہوتے رہے ہیں اس سے پبلک بخوبی آگاہ ہے۔ ہمیں یہ دیکھ کر بے حد مسرت ہوتی ہے کہ نواب صاحب موصوف بھی اپنے والد بزرگوار کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ اور مسلم یونیورسٹی کی ناموری کیلئے ہمہ تن مصروف ہیں یہ کتب خانہ محمد صحّ کے جد بزرگوار نواب شیفتہ خانصاحب مرحوم معروف شاعر کا جمع کیا ہوا ہے۔ اور دو سو قلمی کتب پر مشتمل ہے ان میں سے ۹۰ نوادر کتب میں ان میں سے بعض اپنی قدامت کی وجہ سے اور بعض خطاطی کی وجہ سے قابل قدر ہیں۔ پروفیسر محمد حبیب صاحب لائبریرین کی فرمائش پر ہماری یونیورسٹی کے قلمی صاحب نہایت ہی عرقریزی و جانفشانی کے بعد ان کتابوں کی ایک فہرست مرتب کی ہے۔ جو یونیورسٹی لائبریری سے وہ نائس پر قیمتاً دستیاب ہو سکتی ہے۔

ہم صاحب موصوف کے اس ایثار کے بے حد معترف و ممنون ہیں۔

عابد احمد علی

بال جڑ سے کالا
بال کالا ایجنسی سمری۔ دربھنگہ

صرف چند روز کے لئے
مفت
فینسی رسٹ واچ مفت
الیشیا ٹک واچ کمپنی جھانسی سٹی (یوپی)



شربت اکسیر
استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشا دیکھئے
جریان
سرٹیفکیٹ
ایس۔ بی۔ بخش اینڈ کمپنی

کراماتی سرمہ
دارالبرکات روحانی دیوبند ضلع سہارنپور

محبوب عاشق کے قدموں میں

خالص کیسٹر آئل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)
کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے نقصان ہونے کا کوئی امکان نہیں۔
ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔
CASTOPHEN MOFG. CO. INDIA
POST BOX 88 KARACHI
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

دت مکردھوج بٹی
دت معجون رسائن
امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا سڑک۔ امرت دھارا ڈاکخانہ۔ لاہور

سناٹوجن کے استعمال سے کمزوری کی تکلیف کا ازالہ
SANATOGEN
ہر دوا فروش سے دستیاب ہو سکتا ہے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ

دہلی

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ۔ ۔ ۔

ششماہی ۔ ۔ ۔

سہ ماہی ۔ ۔ ۔

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ۔ ۔ ۔

ششماہی ۔ ۔ ۔

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)

نصف صفحہ

ایک کالم

مدیر مسئول

ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون

محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۵ — دہلی یوم سہ شنبہ یکم شوال المکرم ۱۳۵۰ھ مطابق ۹ فروری ۱۹۳۲ء — نمبر ۱۱

معاصرین کے افکار و آراء

صوبہ سرحد میں تشدد کی صورتِ حال

سر محمد یعقوب کا تار

واقعات صوبہ سرحد کی رپورٹ

حکومت اور علماء مذاق ہو رہا ہے

ضروری گزارش

خطوکتابت کرتے وقت نمبر خریداری ضرور تحریر فرمایا کریں جو آپ کے پتہ کی چٹ کے داہنے کونے پر لکھا ہوتا ہے ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

صدقات و خیرات کے فضائل اور عید الفطر کے مسائل

چند ضروری احکام کی تشریح

ماء اللحم خاص الخاص اور مفرح عنبری اور ہماری دیگر مقوی ادویہ سے اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے۔ فہرست خصوصی مفت۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

حافظ فیض ... سابق مشیر ... انعام اللہ

فی زمانہ جھوٹے مکار حکمت سے ناآشنا پیٹ کے مجبور ...

منیجر دواخانہ ... محلہ شاہ نظر راولپنڈی

عید کے روز کیلئے نادر تحفہ

دلہن بہار تیل

دلہن بہار تیل کے اوصاف

قیمت صرف ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

ملنے کا پتہ

منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

قاضی محمد سلیمان صاحب

منصور پوری ... مصنف رحمۃ للعالمین کی مندرجہ ذیل تازہ تصانیف رمضان شریف میں ...

یہ رعایت صرف رمضان کے لئے ہے۔

المشتہر

منیجر مسلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ (پنجاب)

(اگر صحت پیاری ہے!)

تو

ہمدرد دواخانہ لال چاہ دہلی

اگر بچوں کی تعلیم کیلئے

ایم ایچ معرفت منیجر صاحب اخبار الجمعیۃ دہلی

رمضان المبارک کا سب سے بہتر اور مقدس تحفہ

علماء صلحاء محدثین مفسرین۔ نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثہ میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابلقدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب مفتی اعظم صدر العلماء حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب شیخ الاسلام حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب مسیح الملک حاذق الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے متبحر اور مقدس علماء نے بیحد پسند فرمایا ہے اور نہایت پرزور الفاظ میں مسلمانوں سے اسکے متعلق سفارشیں کی ہیں۔ رمضان المبارک میں ایک مسلمان کیلئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہوسکتا خود طلب فرمایئے اپنے عزیزوں کے لئے منگا لیجئے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجئے۔

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے ... علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

صرف رمضان المبارک کے لئے

پانچ قرآن شریف ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی کل رقم پر ۸ کم کردئے جائیں گے۔

رمضان شریف میں

گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کردینے والا

قرآن شریف

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے

کہ وہ رمضان شریف کے مقدس مہینہ میں ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اسمیں تلاوت کرے اور جنہیں اللہ تعالےٰ نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگا کر غریبوں طالب علموں مسجدوں یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلا کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھرلیں۔ یہ قرآن معرا اور مترجم دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے ترجمہ حضرت حکیم الامۃ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے۔ ھدیہ بغیر ترجمہ صرف عہ پلا جلد علاوہ محصول ڈاک پر چڑھے کی جلد کے ۸ اور چڑھے کی جلد کا عہ ہدیہ کے علاوہ لیا جائے گا۔

ھدیہ مترجم اعلیٰ کاغذ سفید خاشدہ صرف تین روپے تسموم خاشدہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کے ۸ اور چڑھے کی جلد کا عہ ہدیہ کے علاوہ ہوگا۔

شوال تک خاص رعایت

یہ تو آپ خود بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کس قدر کم رکھا گیا ہے لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ رمضان المبارک میں مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہنے پائے

اخیر شوال تک کیلئے ذیل کی رعایتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔

پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ۲ر کی کمی کردی جائے گی۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

الجمعیۃ

دہلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

عید مبارک

تاریخ اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳

۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)

نصف صفحہ (")

ایک کالم (")

½ کالم (")

¼ کالم

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ

ششماہی

سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ

ششماہی

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

معاون

محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول

ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ یکم شوال المکرم سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۹ فروری سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۱

معاصرین کے افکار و آراء

صوبہ سرحد میں تشویشناک صورت حالات (زمیندار)

آج ہم پھر حکومت کو وہی مشورہ دینا چاہتے ہیں ہم اس کے دوست اور بہی خواہ نہ سہی لیکن نادان دوستوں سے دانا دشمن کا مشورہ ہمیشہ مفید ہوتا ہے...

ماسٹر سے مذاق کرتے ہوئے جب وہ کھڑا ہوتا تو اس کی کرسی تھوڑی سی کھسکا دیتے ہیں۔ ماسٹر نیچے بیٹھنا چاہتا ہے تو دھم سے گرتا ہے...

ہمارے خیال میں حکومت کو وہ کام کرنے چاہئیں جو اس کے وقار کے لائق ہوں...

خطا ثابت کریں گے ہم کسی کی اور چھیڑیں گے

سنا ہے اُن کو غصہ میں پیٹ جانے کی عادت ہے

سرحد مقبوضہ کا تار

واقعات صوبہ سرحد کی رپورٹ

حکومت اور علمائے ملتان ہو رہا ہے

ضروری گزارش

خطوط و کتابت کرتے وقت نمبر خریداری ضرور تحریر فرمایا کریں ...

صدقات و خیرات کے فضائل اور عید الفطر کے مسائل

چند ضروری احکام کی تشریح

ذیل میں گزشتہ احادیث کا بقیہ اور عید الفطر کے ضروری مسائل درج کئے جاتے ہیں:۔

حدیث قدسی میں ہے اے میرے بندے خرچ کر تجھ کو دیا جائے گا۔ (بخاری مسلم)

حضرت سعد کی والدہ کا انتقال ہو گیا تو انہوں نے سرکار کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی ...

(طبرانی۔ ابو داؤد۔ ابن حبان)

صدقۂ فطر

مسائل عید الفطر

روزے کی قضا کا بیان

"ماء اللحم خاص الخاص" اور "مفرح عنبریں" اور ہماری مجربات کی ادویہ اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے۔ فہرست خصوصی مفت۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

اسمبلی میں ملک کی موجودہ سیاسی صورت حال پر مباحثہ

صوبہ سرحد کے مظالم اور آرڈیننسوں کا تذکرہ

سرہری سنگھ گور کی تجویز کا سرکاری جواب

یکم اور ۲ فروری کو اسمبلی میں ملک کی موجودہ سیاسی حالت پر جو مباحثہ ہوا اس کی اجمالی کیفیت اور نتیجہ ہم گزشتہ اشاعت میں شائع کر چکے ہیں۔ آج کی اشاعت میں اس مباحثہ کی تفصیلی رپورٹ شائع کی جاتی ہے۔

اصل قرارداد

سرہری سنگھ گور نے سیاسی حالات کے متعلق جس تجویز کے پیش کرنے کا نوٹس دیا تھا وہ حسب ذیل ہے:۔

چونکہ اس جمعیۃ کے پاس اس طریقہ کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے وہ موجود ہیں جس کے ماتحت ان آرڈیننسوں کو جنہیں حکومت نے نافذ کیا ہے ملک کے مختلف حصوں میں عمال حکومت کی طرف سے استعمال کیا جا رہا ہے، نیز خصوصاً جس طریقہ پر گاندھی جی کو انہیں وائسرائے سے ملاقات کا موقعہ دینے سے پہلے نظر بند کیا گیا ہے جس کے لئے انہوں نے درخواست کی تھی اور نیز خان عبد الغفار خاں کی جلا وطنی اور مسٹر سین گپتا کی گرفتاری ...

ہدایت کی تھی۔ صوبہ سرحد کا ذکر کر کے سر جیمس نے کہا کہ وہاں کانگریس کا پروپگنڈا اچھی طرح پھیل گیا تھا اگر حکومت ذرا سی بھی تاخیر کرتی تو اس کا نہایت ہی افسوسناک نتیجہ ہوتا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس کے لیڈروں نے اپنے ارادوں کو ہمیشہ صاف صاف بتایا ہے کہ وہ موجودہ نظام حکومت کو الٹنا چاہتے ہیں جس کی تائید میں انہوں نے بمبئی کانگریس کی بعض گشتی مراسلوں کے اقتباسات پڑھ کر سنائے۔ آخر میں ہوم ممبر نے ان دلائل کی بنا پر جو انہوں نے اپنی تقریر میں بیان کئے، سر ہری سنگھ کی اس تجویز کو حکومت پر عدم اعتماد کی تجویز سے منسوب کیا اور کہا کہ انہیں یقین ہے کہ جمعیۃ مقننہ اسے منظور نہ کرے گی بلکہ اس کے بجائے اعتماد کا اظہار کرے گی۔

سر ہیو کاک کی تقریر

سر جیمس کرار کے بعد سر ہیو کاک (یوروپین جماعت کے لیڈر) نے تقریر کی اور سر ہری سنگھ کی تجویز کی مخالفت کی ...

"دروغ گو را حافظہ نہ باشد"

"الامان" کی تردید خود "الامان" کی زبان سے

"رپورٹ" یا "زبانی بیان" — "آزاد تحقیقات" یا "پابند سیاحت"

موجودہ روش

مقالہ افتتاحیہ

صوبہ سرحد کے دہلوی وفد نے تحقیقات سرحد کے سلسلہ میں جس مداہنت سے کام لیا اور اپنے آپ کو حکومت کا آلہ کار بنا کر جو نیم سرکاری رپورٹ مرتب کی اور اس رپورٹ کے ذریعہ مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کو جس فریب میں مبتلا کرنا چاہا اس کو پوری طرح منظر پر لانا ہم اپنا ایک اہم اسلامی فرض سمجھتے ہیں تاکہ آئندہ ان لوگوں پر قومی معاملات میں کوئی اعتماد نہ کیا جائے اور ذمہ داری کا کوئی کام ان کی سپرد کر کے مسلم مفاد کو خواہ مخواہ نقصان نہ پہنچایا جائے ہم نے اسی لئے گذشتہ اشاعت میں مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کے اجلاس کی تمام کیفیت ناظرین کرام کے سامنے پیش کر دی تھی مگر الامان جس کے ایڈیٹر مولوی مظہر الدین ہیں یہ کوشش کر رہا ہے کہ ظاہر داری سے حقیقت پر پردہ ڈال دے۔ چنانچہ ہم آج کی اشاعت میں خود الامان کی تحریروں سے اس کی تردید کر رہے ہیں اور واقعات کو ایک فیصلہ کن طریق پر عامۃ المسلمین کے سامنے رکھ کر اپنا آخری فرض ادا کئے دیتے ہیں چونکہ یہ مضمون اپنی تفاصیل کے باعث کافی طویل ہو گیا ہے اس لئے اشاعت ہذا میں مقالہ افتتاحیہ کو ملتوی کیا جاتا ہے۔

حقیقت حال

رپورٹ کا معاملہ

مولانا شفیع داؤدی کا بیان

مولانا مظہر الدین کا بیان

دہلی میں واپسی کے بعد

مولانا شفیع داؤدی کا اخبار "اتحاد" کیا کہتا ہے

"رپورٹ" پیش کی گئی اور اس پر بحث ہوئی

مولانا شفیع داؤدی کا سہ روزہ اخبار "اتحاد" جو پٹنہ سے شائع ہوتا ہے اپنی اشاعت مورخہ ۴ فروری میں رقمطراز ہے:۔

"مولانا محمد شفیع داؤدی اور مولانا مظہر الدین کی جو ڈیلیگیشن معاملات سرحد کی تحقیقات کے لئے مقرر ہوئی تھی اس نے اپنی رپورٹ پیش کر دی جس پر گرما گرم بحث ہوئی۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ رپورٹ اور جو رپورٹ سرحدی وفد (یعنی نمائندگان سرحد) ... پیش کی ہے دونوں میں زبردست اختلافات ہیں ... دوسرے دن صبح کو بھی جلسہ ہوگا۔"

دہلی کے اخبار "طاقت" کا بیان

دہلی کے دو اسلامی اخبارات ... مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کی جو روداد شائع ہوئی ہے ... اخبار "طاقت" ... لکھتا ہے:۔

"مجلس عاملہ مسلم کانفرنس کے اس وفد کی رپورٹ پڑھ کر سنائی گئی جو حالات سرحد کی تحقیقات کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا۔ ... اور خلافت کمیٹی صوبہ سرحد کے نمائندے حیران رہ گئے۔ ... انہوں نے کہا کہ ہم کو اراکین وفد کی کوئی شکایت نہیں کیونکہ ان کو نہ تو کسی ذمہ دار سرحدی سے ملنے کی اجازت دی گئی ... یہ جیا رسیدہ ... ان کو جلنے کا موقع دیا گیا۔ ... غلط اور سرکاری بیانات کا مجموعہ ہے ... مگر آپ کو ایسی غلط رپورٹ منظور کر کے ہمارے حال زار پر ظلم نہیں کرنا چاہئے۔"

Census

نکات و لطائف

(از جناب نگار موزی صاحب)

دہلی میں یوم سرحد کے مظاہرے

جامع مسجد میں جلسہ، جلوس اور جلسہ عام

پولیس کے زبردست انتظامات اور لاریوں کا گشت

کارروائی امن کیساتھ گزر گئی

مجلس احرار اسلام کے دفتر کی تلاشی

صدر و سکرٹری مجلس احرار اسلام کے مکانوں پر پولیس کا چھاپہ

"دروغ گو را حافظہ نہ باشد"

(بسلسلہ صفحہ ۲)

(۱) تشدد روک دیا جائے۔

(ب) آرڈیننس واپس لے لئے جائیں۔

اعلان تعطیل

دہلی میں رضاکاروں کے تین جتھے گرفتار

غیر ملکی کپڑوں پر پکٹنگ

دہلی ۸ فروری۔ کل شام کے وقت کٹرہ نیل چوبان (چاندنی چوک) میں جو کہ بدیشی کپڑے کی ایک بڑی منڈی ہے۔ والنٹیروں نے پانچ پانچ کے جتھوں میں پکٹنگ کیا یہ پکٹنگ شام کے پانچ بجے سے شروع ہو گیا تھا تقریباً سوا چھ بجے کٹرہ کے پھاٹک پر ایک گورہ سارجنٹ نے پولیس کی امداد سے یکے بعد دیگرے دونوں جتھوں کو گرفتار کر لیا۔ اسی عرصہ میں لوگوں کا کافی ہجوم جمع ہو گیا اور انقلاب زندہ باد کے نعروں کے درمیان ان کو کوتوالی تک پہنچا دیا گیا۔

مذکورہ بالا جتھوں کی گرفتاری کے بعد چھ والنٹیروں کا ایک اور جتھہ نعرے لگاتا ہوا وہاں پہونچا جسکو کچھ دیر بعد پولیس نے گرفتار کر لیا۔ اس جتھہ کی گرفتاری کے وقت بھی بکثرت لوگ جمع ہو گئے اور کٹرہ کی تمام دکانیں بند ہو گئیں۔

مسز آصف علی گرفتار کر لی گئیں

ایک دن پیشتر مکان کی تلاشی

دہلی ۵ فروری۔ کل پولیس کی ایک جمعیت نے مسٹر آصف علی کے مکان کا محاصرہ کر لیا اور ان کے گھر کی تلاشی لینے کی خواہش کی مسز آصف علی نے تلاشی کا وارنٹ طلب کیا جس پر پولیس چلی گئی۔ تھوڑی دیر بعد نئی دہلی کی پولیس مکان پر آئی اور ان پمفلٹوں کی تلاشی لینے کو کہا جو اسمبلی میں پھینکے گئے تھے۔ تلاشی پر کوئی قابل اعتراض چیز برآمد نہیں ہوئی۔

دہلی ۶ فروری۔ کل رات کو مسز آصف علی پرا ٹھے والی گلی میں تقریر کر رہی تھیں کہ خان صاحب عبد الحامد چالیس سپاہیوں کے ہمراہ وہاں پہنچے اور ان کو گرفتار کر لیا۔ آپ اپنی کار میں بیٹھ کر کوتوالی چلی گئیں۔

حکومت کشمیر کا سرکاری اعلان

کوٹلی تحصیل میں ۲۸ گاؤں جلائے گئے

جموں ۸ فروری۔ حکومت کشمیر کا ایک اعلان مظہر ہے کہ کوٹلی تحصیل میں ۲۸ مواضعات جلائے جا چکے ہیں۔ پونچھ میں صورت حالات بدستور ہے۔ باقی علاقہ کی حالت فوج کی نقل و حرکت کے باعث بہتر ہو گئی ہے۔ پونچھ اور نواحی علاقہ پر ہوائی جہاز پرواز کرتے ہیں امید ہے کہ فوج جلد پونچھ پہنچ جائے گی۔

گورنر بنگال پر ریوالور کے پانچ فائر

بیس سال کی ایک بنگالی عورت کا گورنر پر حملہ

ہز ایکسلنسی بال بال بچ گئے

کلکتہ ۶ فروری۔ کل کلکتہ یونیورسٹی میں جلسہ تقسیم اسناد کے موقعہ پر جب ہز ایکسلنسی سر اسٹینلے جیکسن گورنر بنگال تقریر کر رہے تھے تو ایک بیس سال کی بنگالی لڑکی نے آپ پر پانچ دفعہ ریوالور کے فائر کئے مگر ہز ایکسلنسی بال بال بچ گئے۔ لڑکی اپنی جگہ سے اٹھی اور گورنر کے قریب قریب ذمیں فٹ کے فاصلہ پر بیٹھ گئی۔ اس کے بعد اس نے گورنر پر ریوالور سے فائر کئے جس کے باعث ایک پروفیسر جو گورنر کے پیچھے بیٹھا تھا زخمی ہو گیا۔ حسن سہروردی وائس چانسلر یونیورسٹی نے اپنی جگہ سے اٹھ کر لڑکی کو پکڑنے کی کوشش کی مگر وہ مزید چار فائر کرنے سے لڑکی کو باز نہ رکھ سکے۔ گورنر ایک طرف کو کھڑے ہو گئے اور گولیاں ایک تختہ پر جا لگیں۔ لڑکی کی گرفتاری کے بعد گورنر نے اپنی تقریر ختم کر دی۔ جس وقت گورنر ہال سے رخصت ہونے لگے تو حاضرین نے آپ کو چیئرز دیئے۔ اور یونیورسٹی کی مجلس انتظامیہ نے فوراً ایک اجلاس کر کے اس حادثہ پر اپنے تاسف کا اظہار کیا اور گورنر کے بال بال بچ جانے پر ان کی خدمت میں مبارکباد پیش کی۔

۲۳ دسمبر ۱۹۳۰ء کو گورنر پنجاب پر ہری کشن نے فائر کئے تھے جس کے باعث گورنر مذکور کو زخم آئے اور حملہ آور کو پھانسی پر لٹکا دیا گیا۔ اس کے سات ماہ بعد ۲۳ جولائی ۱۹۳۱ء کو فرگوسن کالج پونہ میں گوگیٹ نامی ایک طالب العلم نے سر ارنسٹ ہٹسن قائم مقام گورنر بمبئی پر ریوالور سے حملہ کیا مگر آپ بال بال بچ گئے۔ حملہ آور کو ایک طویل میعاد کی سزا دی گئی اب یہ تیسرا حملہ ہے جو بنگال کے گورنر پر کیا گیا۔

صوبہ سرحد کے مواضعات پر جرمانے

چیف کمشنر صوبہ سرحد کا بیان

پشاور ۵ فروری۔

ہندواڑہ (کشمیر) میں پولیس و مجمع کا تصادم

حملہ آوروں نے قصبہ کو محصور کر لیا

جانبین سے گولیوں کی بارش

جموں ۱۰ فروری۔ ہندواڑہ سے یہاں اطلاع آئی ہے کہ مجمع نے پولیس پر حملہ کر دیا جو باہر سے ایک جگہ جمع ہو گیا تھا۔ پولیس نے لاٹھی چارج کیا مگر اس کا کوئی نتیجہ نہ نکلا آخر اس نے فائر کر دئے۔ مقتولین اور مجروحین کی تعداد ابھی تک معلوم نہیں ہوئی ہے۔

خان عبد الغفار خان کا مکان جلا دیا گیا؟

پشاور ۸ فروری۔ فری پریس کی ایک اطلاع سے معلوم ہوا کہ اتمان زئی میں خان عبد الغفار خان کا مکان جلا دیا گیا ہے اور مکان کی اراضی پر ہل چلا دیا گیا۔

مالگذاری، آبیانہ اور تقاوی کی معافی

چیف کمشنر صاحب کا اعلان

جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کا وفد

چیف کمشنر کے دربار میں مظالم کے خلاف صدائے احتجاج

محاکم شرعیہ کے قیام کا مطالبہ

محمد یوسف بنوری۔ نائب ناظم جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد

بمبئی میں امن عامہ کو شدید خطرہ

پولیس کو گولی چلانے کے اختیارات

حضرت شیخ الاسلام چترال کا اعلان

تصویر کشی حرام ہے

کانپور میں ہندو مسلمانوں کے درمیان جھگڑا

مسجد کے سامنے باجہ بجایا گیا

کشمیر کی بغاوت کے جھوٹے افسانے

نامہ نگار اسٹیٹسمین کا بیان

مصارف حج کے متعلق دشمنان اسلام کا غلط پروپیگنڈہ

امسال حجاج کے مصارف میں کوئی اضافہ نہ ہوگا

حکومت حجاز کی طرف سے ایسوسی ایٹڈ پریس کی غلط بیانی کی تردید

نیاز مند اسماعیل غزنوی

چینی قلعوں پر جاپان کی زبردست گولہ باری

امریکہ، برطانیہ اور فرانس کی شرائط کو جاپان نے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا

جاپانی امیر البحر کی خودکشی۔ اٹلی کے جنگی جہاز روانگی

جزائر غرب الہند میں قیامت خیز زلزلہ

تمام شہر ویران و سنسان ہو گیا

پانچ سو ہلاک اور ایک ہزار زخمی

امریکہ نے سوا ارب ڈالر کا سونا جمع کر لیا

کساد بازاری کا سبب سونے کا جمع کرنا ہے

جرمن طیارے ایرانی حدود سے نہیں گزر سکتے

اجازت دینے سے ایران کا انکار

ڈوگروں کے ہاتھوں مسلمانوں کا بے دریغ قتل

ہندو سبھا کے کارندے قتل کا پرچار کر رہے ہیں

وائسرائے کے نام تار روک لئے گئے

جاپان نے ہاربن پر قبضہ کر لیا

شہر میں مال و اسباب اور لاشوں کے ڈھیر

گولہ باری سے ایک میل کی آتشی دیوار

ہاربن میں قیامت خیز منظر

صوبہ سرحد میں اصلاحات

ہم امور تصفیہ کے بعد سفارشات مرتب کی جا رہی ہیں

اسمبلی میں ملک کی موجودہ سیاسی صورت حال پر مباحثہ

(بسلسلہ صفحہ دوم)

کوہاٹ میں چودہ آدمیوں کی جانیں ضائع ہوئیں۔

مسٹر عبد المتین چودھری۔ وہاں تو ۸ آدمی مارے گئے تھے؟

سر ایولین:۔ خیر تعداد کچھ بھی ہو لیکن مجھے پورا یقین ہے کہ ان بہادر لیکن گمراہ انسانوں کا خون عبد الغفار پر ہے۔

سر ایولین نے مولانا شفیع داؤدی کی تقریر کا حوالہ دیکر اس کے جواب میں کہا کہ "میں بھی ابھی حال ہی میں صوبہ سرحد سے لوٹ کر آیا ہوں میں ان سب اوراق کے رفیق سفر سے وہاں ملا تھا مسٹر داؤدی نے حقیقتاً وہاں کے افسروں کی ذہنیت کا جسکا انہوں نے ابھی تذکرہ کیا ہے اس وقت انکشاف نہیں کیا تھا۔ انہوں نے وہاں ان سے کچھ نہیں کیا کہ ان کی نقل و حرکت پر پابندیاں ہیں بلکہ انہوں نے ڈپٹی کمشنر کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے انہیں امداد دی اور آسانیاں بہم پہنچائیں جناب یہ عرض کرونگا کہ صوبہ سرحد کے افسروں کی ذہنیت پر انہیں صفائی کا موقعہ دئے بغیر اعتراض کرنا صریحاً انصاف کے خلاف ہے۔

سر ایولین ہاول نے کہا کہ اگر ان کے علم میں کوئی بے عنوانی آئے تو وہ اس کی تحقیقات کیلئے تیار ہیں۔ آرڈی نینسوں کے متعلق انہوں نے کہا کہ حکومت کا ارادہ وہاں قائم رکھنے کا نہیں۔ حکومت نے تہیہ کر لیا ہے کہ وہ اصلاحات کو جلد سے جلد نافذ کر دے گی اور یہ اس کی انتہائی کوشش کرے گی کہ اہل سرحد کا اعتماد عمل سے حاصل ہو جائے۔

سر ایولین۔ ہاول کے بعد مسٹر پی داس۔ مسٹر این ایم جوشی۔ مسٹر جگت رام پوری نے تجویز کی موافقت میں اور مسٹر آر ایس شرما نے مخالفت میں تقریریں کیں۔

حضرت مفتی صاحب کا ذکر

آخر میں شاہ مسعود احمد صاحب نے تقریر کی جس کے بعد اجلاس دوسرے دن کے لئے ملتوی ہو گیا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں کہا کہ جہانتک خان عبد الغفار خاں کا تعلق ہے وائسرائے سے ملاقات کی درخواست کرکے قصور کیا۔ لیکن مسٹر گاندھی جی نے ... انہوں نے اپنی تقریر میں یہ بھی سوال کیا اگر سرحد کے مظالم کی خبریں غلط ہیں تو حکومت نے مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب کو اس صوبہ میں جانے کی اجازت کیوں نہیں دی؟ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس قسم کی تحقیقات کا جو نتیجہ ... لوگوں کو کوئی یقین نہ آئیگا ضرورت ہے کہ حکومت کامل طور پر آزاد تحقیقات کرائے۔ آخر میں انہوں نے موجودہ صورت حال کے سلسلہ میں حکومت سے درخواست کی کہ وہ اس کی اصلاح کرے لوگوں کو تعاون کا موقعہ دے۔

سہ شنبہ کی کارروائی

سہ شنبہ کی جمعیۃ مقننہ کے اجلاس میں دو شنبہ کا نا تمام مباحثہ ختم ہوا اور بالآخر حکومت نے ... سرحد کے معاملات پر ... تقریریں ہوئیں ... کو بیان کیا گیا۔ بعض تقریریں قانونی نقطہ خیال سے نہایت اہم تھیں اور ان میں ... دلائل پیش کئے گئے ... آرڈی نینسوں کی بعض دفعات پر نکتہ چینی کی ... مسٹر کاؤس جی جہانگیر نے ... مولانا شفیع صاحب بہادر کی تقریر صوبہ سرحد کے مسلمانوں کی حمایت میں خصوصاً ممتاز کہی جا سکتی ہے۔ انہوں نے اپنی پر جوش تقریر میں اسلام اور جب وطن کے تعلق پر روشنی ڈالی ... سر عبد الرحیم کی تقریر بھی ... ہم تھی لیکن ان سب تقریروں کا جواب دیا گیا ... حکومت کی حمایت میں ... ہم تھیں۔

مسٹر ایس سی متر کا دعوے

سب سے پہلے مسٹر ایس سی متر (بنگال) نے تقریر کی۔ تجویز کی تائید کرتے ہوئے انہوں نے حکومت کی پالیسی پر سخت نکتہ چینی کی اور کہا کہ ہندوستانیوں میں جب الوطنی ... کسی طرح دبایا نہیں جا سکتا ...

سرحد کے واقعات کی تحقیقات

اگر ہندوستان نے موجودہ دور کی مصیبتوں کو برداشت کر کے حاصل کیا تو پھر اسے اپنی آزادی کا حق حاصل ہوگا اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا انہوں نے اپنی تقریر میں جا بجا سرحد کے واقعات کا بھی ذکر کیا۔

مسٹر انگلیس (یا دسورت) کی تقریر کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ باوجود ایک گجراتی ہندو کے انہوں نے صوبہ سرحد کے مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ اگر حکومت اگر تجویز کے بیان کردہ اجزا کو عدم اعتماد کی تجویز کہکر مسترد کرنا چاہتی ہے تو کرے لیکن صوبہ سرحد کے واقعات کی تحقیقات کے مطالبہ کو کیونکر مسترد کر سکتی ہے انہوں نے بھی تجویز کی تائید کی اور آرڈی نینسوں کو جبیبہ مقننہ کے رو برو پیش کرنے کی شکایت کی۔

ایک سندھی کی تقریر

مسٹر لالچند نولرائے (سندھی) نے بھی تجویز کی تائید کی اور کہا کہ گورنر جنرل کے ہاتھ آرڈی نینس بنانے کے اختیارات امن و سکون کو قائم رکھنے کے لئے دئے گئے تھے جنگ و جدل کرنے کے لئے نہیں دیئے گئے تھے۔

ڈپٹی پریسیڈنٹ کی تقریر

مسٹر شنمکھم چیٹی ڈپٹی پریسیڈنٹ نمائندہ مدراس کی تقریر بڑی حد تک اعتدال پسند تھی۔ انہوں نے ہوم ممبر کے اس بیان کی مختلف واقعات کو پیش کرکے تردید کی کہ آرڈی نینسوں کو اعتدال کے ساتھ استعمال کیا جا رہا ہے۔ سب سے پہلے تو انہوں نے کوئم ٹور میں کانگریسی رضاکاروں کے پٹنے کی خبر ... انہوں نے اپنی تقریر میں حکومت ہند پر یہ الزام لگایا کہ اسی کے اشارہ پر یہ سب کچھ ہو رہا ہے انہوں نے اخبارات کے تاروں کے روکے جانے اور اسی قسم کی دیگر شکایات کا بھی اپنی تقریر میں حوالہ دیا۔

سر عبد الرحیم کا سرحد کے واقعات پر احتجاج

سر عبد الرحیم نے اپنی تقریر میں کہا کہ انہوں نے جس وقت صوبہ سرحد کے آرڈی نینسوں ...

یوروپین جماعت پر حملہ

کچھ کیا اس میں وہ حق بجانب تھی۔

مسٹر کے سی نیوگی نے اپنی تائیدی تقریر میں سب سے زیادہ یوروپین جماعت کو نشانہ ملامت بنایا۔ انہوں نے انگلستان کے حکومت پرست اخبارات اور یوروپین ایسوسی ایشن پر یہ الزام لگایا کہ وہی متشددانہ پالیسی کی ذمہ دار ہیں۔

تحریک کو پیس ڈالو

کنور رگھبیر سنگھ نے تجویز کی زبردست مخالفت کی اور کہا کہ جو شخص قانون کو پامال کریگا اسکو اس کی سزا ضرور ملے گی۔ انہوں نے صوبجات متحدہ میں عدم ادائے لگان کا ذکر کرکے کہا کہ اس نے سارے صوبہ کے امن و امان کو خاک میں ملا دیا ہے اور کسانوں کو در غلا کر لگان ادا کرنے سے روک دیا گیا ہے۔

سر ذوالفقار علی خاں کی تقریر

سر ذوالفقار علی خاں کی تقریر حیرت انگیز تھی انہوں نے بھی تجویز کی مخالفت کی اور آرڈی نینس کے اجراء کے وقت وہ ان کی مخالفت کر چکے تھے۔ انہوں نے غیر سرکاری طبقہ کو مخاطب کرکے کہا کہ وہ حکومت کو سکون کے ساتھ اصلاحات کو نافذ کرنے کا موقعہ دے اور خواہ مخواہ شورش برپا نہ کرے۔

ایک سکھ سردار کی تائید

سردار سنت سنگھ نے بھی تجویز کی تائید میں تقریر کی۔ انہوں نے اخبار "اسٹیٹسمین" کے کچھ اقتباسات پیش کرکے یہ ثابت کیا کہ گاندھی جی کی گرفتاری ان کے ہندوستان آنے سے قبل ہی طے ہو چکی تھی اور یہ فیصلہ کر لیا گیا تھا کہ ان کو یہاں آنے کے بعد جلد ہی گرفتار کر لیا جائیگا انہوں نے کہا کہ وہ حکومت کے ساتھ انتہا تک عمل کرنے کے لئے ہر وقت تیار ہیں لیکن حکومت خود اسے ٹھکرا رہی ہے۔

ایک یوروپین کی تقریر

مسٹر اسٹڈ نے تجویز کی سخت مخالفت ...

مخالفت کی بنیاد رکھ چکا ہے۔

سر کاؤس جی:۔ دیگر دفعات کو بھی اسی طرح پیش کرکے ان پر نکتہ چینی کی انہوں نے اپنی تقریر کے آخر میں کہا کہ ان آرڈی نینسوں کی بعض دفعات اس قسم کی ہیں کہ ان پر احتجاج کرنا لازمی ہے وہ اپنی زندگی کے آخری لمحہ تک حکومت کے ساتھ تعاون اور رشتہ اتحاد کی حمایت کریں گا۔

ایک رائے صاحب کی تائید

رائے بہادر ہربلاس شاردا (شاردا ایکٹ والے) نے بھی تجویز کی حمایت میں تقریر کی۔ انہوں نے بھی آرڈی نینس کی بعض دفعات پر سخت اعتراض کیا اور لا ممبر کو مخاطب کرکے سوال کیا کہ وہ انہیں کس طرح اصول قانون سازی کے مطابق قرار دے سکتے ہیں۔

مولانا مرتضیٰ صاحب کی تقریر

مولانا سید مرتضیٰ صاحب بہادر نے بھی تجویز کی تائید کی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری بنچوں سے اب تک کسی ایک مقرر نے بھی مسٹر سین گپتا کی گرفتاری کی وجہ نہیں بیان کی ہے۔ انہوں نے صوبہ سرحد کے واقعات کا ذکر کرکے بتلایا کہ اگر کوئی دوسری مہذب حکومت ہوتی تو خان عبد الغفار خاں کی امن کوشش پر انعام دیتی کہ انہوں نے سرحدی قبائل سے انگریزوں کی خونریزی کے جذبہ کو دور کیا اور ان میں عدم تشدد کا جذبہ پیدا کیا۔ ... اگر ان میں صبر اور ضبط کا جذبہ پیدا نہ کیا جاتا تو وہ اپنے بھائیوں کا خون چپ چاپ برداشت نہیں کر سکتے تھے ...

مجبوب عاشق کے قدموں پر

لکڑی کورس

مردانہ قوتوں کو جگانے والا حیرت انگیز جادو

لکڑی کورس کی اندرونی استعمال کی دوائیں

لکڑی کورس کی بیرونی استعمال کی دوائیں

سفوف اصلاح

دواساہ

ماء الحیات

الگزرائل

روغن عشرت

رجوننگ

حقیقی بیان اور سابق شمس العلماء ضیغم اللہ خاں کا ادعا

قاضی محمد سلیمان صاحب

منیجر سلمان ... صوبہ پنجاب

سمن بغرض انفصال مقدمہ

مقدمہ نمبر ۵۲۵ سنہ ۱۹۳۱ء

بعدالت جناب سید خورشید حسن صاحب سب جج بہادر اناؤ

بابو سری نرائن ولد بابو پراگ نرائن قوم کھتری ساکن اناؤ مدعی

بنام نند داس وغیرہ ساکنان نیگوڑہی پرگنہ و ضلع اناؤ مدعا علیہم ...

ہرگاہ مدعی نے تمہارے نام ایک نالش بابت ... دائر کی ہے لہٰذا تم کو حکم ہوتا ہے کہ تم بتاریخ ۲۵ فروری ۱۹۳۲ء بوقت دس بجے اصالتاً یا معرفت وکیل ... حاضر ہو ...

آج بتاریخ ۹ ماہ جنوری ۱۹۳۲ء ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

... ہر انسان سمجھتا اور خوب جانتا ہے کہ اس دور فتن میں اس قحط الرجال میں اور اس غربت و فلاکت کی حالت میں ہندوستان میں سب سے زیادہ مسلمان ہی شامل ہیں۔ لیکن فریضہ حفاظت اسلام اور حکم خدا و رسول کی ہر حالت میں اشاعت کی ضرورت ہے۔ مسلمانوں کے استحکام اور غیروں کے حملوں کے رفع کی ضرورت ہے اس لئے انجمن ہدایت الاسلام اپنے کام اور خدمات کی نسبت سے مسلمانوں کی توجہ کی زیادہ حقدار ہے۔

مسلمان اگر اپنے غریب جاہل مسلم بھائیوں کے دین و ایمان کی حفاظت اپنا فرض سمجھتے ہیں تو انجمن ہدایت الاسلام گنگاپور سٹی کی مالی امداد کرکے اجر عظیم حاصل کریں۔

سید احمد نگینوی سکرٹری

انجمن ہدایت الاسلام گنگاپور سٹی ریاست جے پور

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مسلمانوں کی خودداری و ارجمندی کا امتحان

حب مشتہی

معدہ کی بیماریوں کا آب حیات

حب مشتہی آفس چرتھاول مظفر نگر

شربت اکسیر

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

جریان

منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

عید کے روز کیلئے نادر تحفہ

دلہن بہار تیل

دلہن بہار تیل کے اوصاف

بال جڑ سے کالا

لاثانی قرآن مجید

مقویات سر تاج عالم

وید شاستری۔ جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ایس۔ اے۔ بی بخش اینڈ کمپنی

سول اسٹپنول

SOL

560

ہندوستان بھر کے لئے

چار نکاح کیجئے

صرف چند روز کیلئے مفت

فینسی رسٹ واچ مفت

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۷ ۔ ۲۰ ۔ ۲۴ ۔ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (")
ایک کالم (")
½ کالم (")
¼ کالم (")

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۵ | دہلی ۔ یوم سہ شنبہ ۸ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۱۶ فروری سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۲

معاصرین کے افکار و آراء

آزاد تحقیقات کا موقع ہی نہیں ملا

سرباول اور شفیع داؤدی (ریاست)

دنیا حیران تھی کہ سرحد کے المناک واقعات کی آزاد تحقیقات کس طرح ممکن ہے ...

سرحدی وفد کی بے نقابی (البشیر)

اگرچہ مولانا شفیع داؤدی کی مرسلہ روداد سے یہ پایا جاتا ہے کہ صوبہ سرحد ...

مولوی شفیع داؤدی کی قلابازیاں

عربی نصاب کے ارباب بست و کشاد سے مؤدبانہ اپیل

نصاب میں اصلاح اور طلباء میں خودداری پیدا کرنے کی ضرورت

(از محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء مراد آباد)

(۱) یہ ظاہر ہے کہ اس نصاب کے کسی باب میں قرآن پاک یعنی علوم اسلامیہ کی روح ...

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور دربھنگہ

مقویات سرتاج عالم

آتشک۔ سوزاک۔ قبض اور بدہضمی خون اور منی کی خرابی کی جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال رقت منی وغیرہ کی شکایتیں نابود کرکے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہیں ضرور تجربہ کریں صحت و تندرستی کی نعمت کام شاستر بالکل مفت طلب فرماویں۔

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

بال جڑ سے کالا

... دربھنگہ

(اگر صحت پیاری ہے!)

تو

رسالہ ہمدرد صحت طلب فرماکر اپنے مطالعہ میں رکھئے آپ اصول حفظان صحت سے واقف ہو جائیں گے اور کوئی بیماری پاس نہ آئے گی اس کے ہمراہ سات سو مجرب ... ادویات کی فہرست مفت ... ہمدرد دواخانہ ... دہلی

... قاضیخان جلد نمبر ا صفحہ ... شامی جلد نمبر ا صفحہ ... بکم قرآن۔ فابعثوا حکما الخ۔ بیضاوی شریف ...

تار کا پتہ الجمعیۃ دھلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

بسم اللہ علی الجماعۃ

روزنامہ

الجمعیۃ دھلی

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

قیمت اخبار

ہندستان کیلئے

سالانہ

ششماہی

سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ

ششماہی

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

مدیر مسئول

ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

معاون

محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۵ | دھلی۔ یوم شنبہ ۲۶ ر شوال المکرم ۱۳۵۰ھ مطابق ۵ ر مارچ ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۷

معاصرین کے افکار و آراء

مسلمانوں کے حقوق اور حکومت کا انتہا

مولانا شوکت علی کا مسلک (زمیندار)

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

چین میں غیر ملکی افواج کی تعداد

ہانگ کانگ میں برطانیہ کی فوجی طاقت

الف اے اے ایس - ایچ	۸۸۱
لنکن شائر رجمنٹ	۸۸۱
ولٹ شائر رجمنٹ	۸۸۱
رائل اسکاٹ فوسی لیئر	۸۰۰
شنگھائی والنٹیر کور	۱۰۰۰
ماؤنٹین بیٹری	۱۸۶
کمپنی آر۔ اے۔ ایس۔ سی	۱۰۰
جنرل ہسپتال	۱۰۰
میزان کل	۴۸۲۹

ممالک متحدہ امریکہ کے طیاروں کی تعداد	۱۷۵۲
فرانس کے طیاروں کی تعداد	۱۶۶۶
اٹلی	۱۵۰۷
روس	۱۵۰۰
جاپان	۱۳۸۵
رومانیہ کے طیاروں کی تعداد	۶۹۹
پولینڈ	۷۰۰
یوگوسلیویا	۶۲۴
زیکوسلیویکیا	۵۴۶
اسپین	۳۵۴
بلجیم	۱۹۵

معاصر تاج کا پیغام
مولانا شفیع داؤدی کے نام

گئے تھے آپ پیشاور، حکومت کا یہ تھا ایما
حجابِ مصلحت میں اس کو پوشیدہ نہ کرنا تھا
پس پردہ نگاہیں کار فرما ہیں زمانے کی
"نہاں کہ ماند آں رازے کزو سازند محفلہا"

(تاج مورخہ ۲۸ فروری)

ہندوستان میں جاپانی جوتوں کی درآمد
۲۶-۱۹۲۵ء سے ۳۱-۱۹۳۰ء تک کے اعداد و شمار

۲۷-۱۹۲۶ء	۱۹۱۵۰۰۰
۲۸-۱۹۲۷ء	۲۷۴۳۰۰۰
۲۹-۱۹۲۸ء	۳۳۲۰۰۰۰
۳۰-۱۹۲۹ء	۴۶۹۱۰۰۰
۳۱-۱۹۳۰ء	۱۰۹۲۱۰۰۰

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے سعی فرماکر اپنی علم نوازی اور ہمدردی کا ثبوت دیجئے (منیجر الجمعیۃ دہلی)

مختلف ممالک کی ہوائی طاقت کا موازنہ
ہوائی بیڑوں کے اعداد و شمار

ذخیرۂ طلا کی برآمد (حمدم)

حلفیہ بیان سابق مشیر مال ضرغام اللہ خاں کا

نیز رواجی دوا خانوں کے نا آشنا پیٹ کے مجبور فرضی سرٹیفکیٹوں کے اعتبار سے بیمار ... اصول قدیم اور جدید کی رو سے کسی ایک اکسیر کا ... انزال کثرت احتلام کیلئے صحیح ثابت ہونا قطعاً غلط اور سفید جھوٹ ہے ایک اکسیر چاہے دس ہزار کی قیمت سے بھی کیوں تیار کیا جائے ... مایوس بیمار خانصاحب کا مجوزہ نقشہ سوالات ہم سے مفت منگوا کر بند خانہ پری واپس بھیجکر خانصاحب کے تیار کردہ اکسیرات کے استعمال سے قدرت کا نظارہ دیکھیں سوائے مادر زادہ ہی ہر قسم اور ہر عمر میں گیا گذرا نامرد بھی دنوں میں مثل جادو مرد کامل بن سکتا ہے۔ تجربہ شرط ہے۔ المشتہر

منیجر دوا خانہ انیس الغربا محلہ شاہ نظر راولپنڈی

تجارت کرو۔ فائدہ اٹھاؤ
نمونہ کی گانٹھ مالیتی یکصد و صد

ہمارا کٹ پیس کا مال تمام ہندوستان میں مقبول ہو رہا ہے ... آزمائش کریں ... طلب کریں۔ اخبار ہذا کا حوالہ ضرور دیجئے۔

دی امریکن کمرشیل کمپنی بمبئی نمبر ۱۱
(گورنمنٹ سے رجسٹرڈ)

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں۔ مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔
ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

CASTOPHEN MAFG: CO: (INDIA)
POST BOX NO: 88 KARACHI

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں انہیں سے ایک کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اسمیں وہ احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب دی ہے مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد عمر دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جنمیں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ۸ر اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا اور دوسرے ایڈیشن بھی قریب الختم ہیں ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کرتے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا یہ بہترین مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا ہے بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں جلدوں کے یکجائی خریدار کو صرف عا میں دونوں جلدیں دیجائیں گی

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دھلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقفیت نہیں رکھتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دوائیں خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۵۰۴ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف عہ علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصولڈاک
فرمائش کے ہمراہ کم ازکم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔
نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں۔ اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔
محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ عہ ربلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک عا

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت صحیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔
حصہ یہ نہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حناشدہ للعہ قسم دوم حناشدہ عا علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ر چرم عہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دھلی

مجلس احرار اور حکومت کشمیر میں مصالحت کے متعلق

صدر جمعیۃ علماء ہند اور کشمیر گورنمنٹ کی خط و کتابت

حامداً و مصلیاً و مسلماً

نومبر ۱۹۳۱ء کی آخری تاریخوں میں (شیخ محمد صادق صاحب کی سعی مفاہمت کی ناکامی) اور مولوی انیس احمد اور نواب بھیا فریدالدین کی اپنے اس خیال میں کہ وہ حکومت ہند کے کسی ذمہ دار افسر سے کوئی دعوتی خط لا سکیں گے مایوسی کے بعد) مولوی انیس احمد اور نواب بھیا فریدالدین نے حضرت مفتی صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب سے دریافت کیا کہ اگر ہز ہائینس مہاراجہ کشمیر آپ کو گفتگوئے مصالحت کے لئے دعوت دیں تو آپ احرار اور حکومت کشمیر کے درمیان مفاہمت کرانے کے لئے آمادہ ہونگے یا نہیں۔

حضرت مفتی صاحب نے فرمایا کہ باعزت مفاہمت کے لئے ہر دانشمند اور خود دار شخص تیار رہتا ہے اور مجلس احرار بھی تیار ہوگی اور اس سلسلے میں اگر ہم کوئی خدمت ...

ہم ملاقات جہاں چاہیں منتقل کر سکتے ہیں۔ البتہ احرار لیڈرز جو انگریزی حکومت کے تحت اور پنجاب کے مختلف جیلوں میں ہیں ان کو ایک جیل میں جمع کرنے کے لئے حکومت پنجاب سے کہنا ہوگا۔ مگر یہ کوئی وقت طلب بات نہیں ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس کا انتظام آسانی سے اور جلد ہو جائے گا۔ میں آج یا کل یہاں سے لاہور جاؤں گا اور حکومت پنجاب کے ذمہ دار افسروں سے گفتگو کر کے ۱۷ یا ۱۸ دسمبر تک آپ کو اطلاع دوں گا۔

آپ کے خیال میں کس جگہ اجتماع مناسب ہوگا۔ مفتی صاحب نے کہا کہ اجتماع لاہور میں ہو تو بہتر ہوگا۔ مگر ہمیں اس پر کوئی اصرار نہیں ہے کہ لاہور ہی میں ہو۔ جہاں بھی ہو ہم وہیں جا سکتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہاں میرے خیال میں بھی لاہور ہی میں جمع کرنا اچھا ہے۔ پنجاب گورنمنٹ کو بھی اس پر کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

...

آپ کا مخلص

محمد کفایت اللہ

وزیر اعظم نے سہواً ۴ جنوری لکھدی ہے ورنہ ملاقات اور گفتگو کی تاریخ ۵ جنوری ہے۔ دیکھو مراسلہ مفتی صاحب نمبری ۲۶ بنام وزیر اعظم۔

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس

قضیۂ کشمیر پر غور و بحث

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس جمعیۃ کے دفتر میں ۹ فروری کو شب کے نو بجے بصدارت حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب منعقد ہوا۔ شرکائے اجلاس میں حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب محدث۔ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی صدر مدرس دارالعلوم دیوبند۔ حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر الشریعۃ صوبہ بہار و اڑیسہ۔ حضرت مولانا عبدالحلیم الصدیقی۔ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب مدرس جامعہ اسلامیہ ڈابھیل حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری۔ حضرت مولانا فخرالدین صاحب صدر مدرس مدرسہ شاہی مسجد مراد آباد۔ حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی۔ حضرت مولانا مبارک حسین صاحب پرنسپل دارالعلوم میرٹھ حضرت مولانا بشیر احمد صاحب کٹھوری خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

۹ فروری سے آج ۱۰ فروری کی دوپہر تک مجلس کی چند نشستیں ہوئیں ہنوز اجلاس جاری ہے قضیۂ کشمیر پر نہایت غور و خوض کے ساتھ بحث کی گئی۔ مفاہمت کے متعلق تمام خط و کتابت پیش ہوئی۔ صوبہ سرحد کے مسئلہ پر بھی نہایت غور و فکر کے ساتھ مباحثہ رہا۔ متعدد حضرات نے اس بحث میں کافی حصہ لیا اور واقعات پر روشنی ڈالی۔ اس وقت تک چند تجاویز منظور کی جا چکی ہیں۔

جناب مولانا نثار احمد صاحب سابق صدر جمعیۃ علماء ہند اور مولانا عبدالماجد صاحب بدایونی۔ مولانا عبدالکافی صاحب الہ آبادی مولانا عبدالکافی صاحب کانپوری کے انتقال پر ملال رنج و غم کا اظہار کیا گیا ہے۔

حضرات علمائے کرام کی گرفتاری اور بالخصوص صوبہ سرحد کے مسلمانوں کی قربانیوں پر مبارکباد پیش کی گئی ہے۔

مڈلٹن رپورٹ کو سخت غیر منصفانہ اور ناقابل اعتماد قرار دیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ مسلمان اس کو کسی طرح قبول نہیں کر سکتے۔

حکومت کشمیر کے زہرہ گداز مظالم پر غم و غصہ کا اظہار کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں مجلس احرار کی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے۔

مجلس نے اس امر کو تکلیف کے ساتھ محسوس کیا ہے کہ انگریزی حکومت نے تحریک کشمیر کو اپنی کاربراری کا ذریعہ بنایا ہے اور ریاست پر اپنا اقتدار قائم کرنا شروع کر دیا ہے۔ اور اس کی ذمہ داری مہاراجہ کشمیر پر بھی عائد کی ہے۔ حکومت کشمیر اور حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کے درمیان مصالحت کی غرض سے جو خط و کتابت ہوئی تھی اس کی اشاعت کی اجازت دیدی گئی ہے جو کسی دوسری جگہ شائع کی جا رہی ہے۔

مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند کا اجلاس ہنوز جاری ہے۔

جہاز علوی کراچی سے روانہ ہو گیا

اکبر جہاز آٹھ مارچ کو روانہ ہوگا

حاجی عبدالغنی صاحب صدر حج کمیٹی کراچی سے بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں کہ حاجیوں کا جہاز علوی کراچی سے ۹ فروری کو روانہ ہو گیا اس جہاز میں بمبئی سے ۲۱۲ حجاج سوار ہوئے تھے اور کراچی سے ۸۳۔ جہاز اکبر کراچی سے آٹھ یا نو مارچ کو روانہ ہوگا اس جہاز کے ... درجہ اول کا ٹکٹ نہیں مل سکتا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۰ ماہ شوال المکرم ۱۳۵۰ ہجری

"انقلاب" کا دجل وفریب

سرحدی وفد کو بے قصور ثابت کرنے کی سعی ناکام

مل کر حالات دریافت کر چکے تھے تو انہوں نے اپنی رپورٹ میں ان حالات کو کیوں نہیں لیا جن کی طرف نمائندگان سرحد کو بعد میں دہلی آکر توجہ منعطف کرانی پڑی اور وہ طریقہ کیوں اختیار کیا جس سے رپورٹ کو مسترد کر دینا ہی مناسب خیال کیا گیا، ہمارا یہ سارا طرز بیان الجمعیۃ کے نامہ نگار کی صاف وصریح رپورٹ کی تائید کرتا ہے مگر تم محض ہٹ دھرمی سے قومی غداروں کو قومی تعزیر سے بچانے کے لئے نامعقول بحث کئے چلے جا رہے ہو اور اگرچہ ہم نے اپنی نکتہ چینی میں مسلم کانفرنس اور وفد سرحد کو علیحدہ رکھا تھا مگر تم خواہ مخواہ اسے ساتھ گھسیٹ رہے ہو۔

طبیہ کالج کی ہڑتال

آج کل دہلی میں طبیہ کالج کی ہڑتال کے متعلق ایک خاص سنسنی پیدا کر دی گئی ہے چونکہ یہ معاملہ ایک زبردست قومی ادارے سے تعلق رکھتا ہے۔ جو حضرت مسیح الملک مرحوم کی یادگار ہے اس لئے ہم نے عمداً غیر ذمہ دارانہ بیانات کی اشاعت سے احتراز کیا ہے اور اس سلسلہ میں ذاتی طور پر تحقیقات کر رہے ہیں۔ گذشتہ ہفتہ میں ہمیں متعدد بار طبیہ کالج جاکر تحقیق احوال کا موقع مل چکا ہے اور ہمیں امید ہے کہ ہم بہت جلد کسی نتیجہ پر پہنچ جائیں گے اور آئندہ اشاعت میں طبیہ کالج کی ہڑتال اور اس کے متعلقات پر علی وجہ البصیرت بحث کر سکیں گے قارئین کرام کو رائے قائم کرنے میں جلدی نہ کرنا چاہئے اور ان نہایت ضروری اور اہم حقائق کا انتظار کرنا چاہئے جو ہمارے علم میں آ چکے ہیں۔ اس موقع پر ہم صرف اتنا عرض کر دینا چاہتے ہیں کہ اس ہڑتال کا تعلق صرف ان ہی لوگوں سے نہیں ہے جو براہ راست کالج سے کوئی نہ کوئی واسطہ رکھتے ہیں بلکہ اس کی ذمہ داری بعض ایسے لوگوں پر بھی عائد ہوتی ہے جو کالج سے باہر ہیں اور جن کا کام برابر کام کر رہا ہے۔

مولانا شوکت علی کا دورہ

ہمارے نامہ نگار کو مولانا شوکت علی کے دورۂ سرحد کے متعلق نہایت دلچسپ اور پُراسرار معلومات بہم پہنچ چکی ہیں جنہیں ہم آج کی اشاعت میں درج بھی کر رہے تھے مگر بعض ضروری مضامین کے باعث ان کی اشاعت کو ملتوی کر دینا پڑا۔ امید ہے کہ قارئین الجمعیۃ جب ان تفصیلات کو ملاحظہ فرمائیں گے جو ہمیں موصول ہو چکی ہیں تو انہیں یقیناً حیرت ہوگی۔ اور وہ دیکھیں گے کہ دُورُخی زندگی کا راز فاش ہو جانے اور اس کا حشر اپنی آنکھوں سے دیکھ لینے کے باوجود اب بھی ایسے "بہادر" اور "جری" مسلمان موجود ہیں جو جہاد اسلامی کے خلاف اور مسلمانوں کی عام مخالفت کے علی الرغم صوبہ سرحد میں جانے اور وہاں حکومت کے ہاتھ مضبوط کر لینے کے لئے تیار و آمادہ ہو سکتے ہیں۔ مولانا شوکت علی کے اغراض و مقاصد ان کی روانگی کے حالات، ان کے استقبال کی کیفیت باشندگان سرحد کا طرز عمل اور بہت سے اہم امور پر الجمعیۃ کا نامہ نگار انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں روشنی ڈالے گا۔

فلسطین میں عمر مختار شہید کے نام کی سڑک

اطالوی سفیر کا خوف وہراس

غزہ کی میونسپلٹی نے ایک تجویز منظور کی ہے کہ وہاں کی ایک سڑک کا نام شارع عمر مختار رکھا جائے۔ اس فیصلہ کے بعد القدس کے اطالوی قنصل نے اعتراض کیا کہ یہ فیصلہ اطالوی حکومت کے خلاف جذبات منافرت پھیلائے گا اور اس سے اطالیہ کو اذیت پہونچے گی۔ اس کا جواب صدر بلدیہ فہمی بک حسینی نے دیدیا ہے۔ آپ نے فرمایا ہے کہ غزہ کی بلدیہ نے اس فیصلہ سے اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے اور اپنے ایک عرب قائد کی یادگار قائم کی ہے۔ اس جذبہ کے اظہار کا ہم کو پورا حق حاصل ہے۔ یہودیوں نے بھی بعض لیڈروں کے نام شارع بالفور اور شارع ہرٹزل رکھے ہیں پہلے الّا کے ناموں کو تبدیل کیا جائے کیونکہ مسلمانوں کو ان سے روحانی اذیت پہونچتی ہے۔ غزہ کی میونسپلٹی نے ایک ایسے شخص کی یادگار قائم کی ہے جو نہایت نیک نام پاک نفس اور معزز ومکرم ہے۔

الہ آباد میں پولیس اسٹیشنوں پر متعدد بم پھٹے

پولیس کے خلاف ایک گہری سازش

تھانہ پر بلوائیوں کا حملہ۔ چار آدمی ہلاک

الہ آباد کی ایک خبر مظہر ہے کہ گزشتہ ... فروری کو بہادر گنج کی چوکی کے پاس بم کے حادثہ کے بعد شہر کی مختلف پولیس چوکیوں میں بم ملے۔ ۲۵ فروری کی شب میں تو سول اسٹیشن کی پولیس لائن میں ایک نہایت ہی خطرناک بم ملا اور پھر اس کے بعد دوسرے دن صبح کو مٹھی گنج پولیس اسٹیشن کی چھت پر ایک بم پھٹا اور پھر اس طرح اتوار کی شب میں کوتوالی گنج کے افسر انچارج کے مکان میں جہاں کہ رہتے ہیں ایک بم پھٹا اور دوسرا بم تھانے کے باورچی خانہ کے پاس ملا۔

یہ سب بم تقریباً ایک ہی قسم کے تھے۔ چنانچہ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس سازش کی تہہ میں ایک ہی جماعت کے افراد ہیں۔ ان بموں کو ٹین کے ڈبوں اور سگریٹ کے ڈبوں میں تیار کیا جاتا ہے کہ جس میں تیزاب اور بارود وغیرہ نیز لوہے کے ٹکڑے بھی ہوتے ہیں۔ خیال ہے کہ ان حادثات سے "یوم آزاد" کا یقیناً کچھ تعلق ہے۔

اسی سلسلہ میں یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ گزشتہ ۱۹۳۰ء کے دوران میں اسی طرح ایک ہی زمانہ میں بم کے متعدد حادثے پنجاب میں ہوئے تھے۔ اس وقت سرکاری طور پر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ ان کی غرض یہ ہے کہ پولیس والوں کو پریشان کیا جائے۔ اسی طرح اب بھی معلوم ہوتا ہے کہ الہ آباد میں رات کی نگرانی کے متعلق انتظامات کئے گئے ہیں۔

پٹنہ ۲۹ فروری۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مظفر پور نے اطلاع دی ہے کہ تفصیل پیتامڑھی تھانہ شیوہر میں تقریباً سات ہزار آدمیوں کے ایک مجمع نے منظم طریقے پر اتوار کے دن تھانہ پر حملہ کر دیا۔ مجمع پتھر اور لاٹھیوں سے مسلح تھا، ایک افسر اور گورکھا پولیس کے دو آدمیوں کو ... کے زخم آئے۔ پولیس نے چار مرتبہ کارتوس چلائے اور مجمع کو منتشر کیا۔ چار آدمی مارے گئے اور آٹھ آدمی زخمی ہوئے۔ دو شدید طور پر مجروح ہوئے ہیں۔

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس اور روس

ایک طرف تحدید اسلحہ دوسری طرف جنگ

روسی نمائندہ کا زبردست اعتراض

جنیوا ۲۵ فروری۔ تحدید اسلحہ کی کانفرنس کے سامنے پھر ایک نہایت اندیشناک صورت پیدا ہوگئی۔ روس اور یورپ کی دیگر حکومتوں میں کھلم کھلا مخالفت ہوگئی جس وقت ابتدائی کانفرنس کی رپورٹ منظور کی جا رہی تھی تو روس کی طرف سے اس کے نمائندے موسیو لٹوینوف نے یہ شکایت کی کہ رپورٹ غیر اطمینان بخش ہے چنانچہ ان کی مخالفت کا یہ نتیجہ ہوا کہ کانفرنس نے رپورٹ کا منظور کرنا ملتوی کر دیا اور روس کو پھر موقعہ دیا گیا کہ وہ دوسری نشست میں اپنی قرارداد پیش کرے اس قرارداد کا مطلب یہ تھا کہ تخفیف اسلحہ کے اصول عام ہوں اور کسی کے ساتھ کوئی تخصیص نہ کی جائے۔

موسیو لٹوینوف نے اعتراض کیا کہ ایک طرف جمعیۃ اقوام تخفیف اسلحہ کے لئے کوشاں ہے لیکن دوسری طرف شرق اقصیٰ میں چین اور جاپان کی جو خونریزی ہو رہی ہے اور ان ممالک سے جو تحدید اسلحہ کے لئے کوشاں ہیں جہاز بھر بھر کے اسلحہ چین کی طرف جا رہے ہیں۔

موسیو لٹوینوف کی اس تجویز کی تائید صرف ترکی نمائندوں نے کی جو بالآخر دو ہی کی تائید کی وجہ سے مسترد ہو گئی۔

مسٹر مہر علی اور مالوی جی کے فرزند کو سزا

پولیس کے نوٹس کی تعمیل نہ کرنے کا جرم

بمبئی ۲ مارچ۔ مسٹر یوسف مہر علی کارکن یوتھ لیگ اور پنڈت مدن موہن مالویہ کے فرزند گووند مالویہ کو نوٹس کی تعمیل نہ کرنے کے الزام میں گرفتار کر لئے گئے تھے ان کو آج مسٹر کھنڈیوالہ پریزیڈنسی مجسٹریٹ کی عدالت سے ایک سال قید درجہ "ج" کی سزا دی گئی ہے۔

مسٹر مہر علی پر ایک سو روپیہ اور پنڈت گووند مالویہ پر دو سو روپیہ جرمانہ کیا گیا ہے۔ بصورت عدم ادائیگی تین تین ماہ قید کی مزید سزا بھگتنی ہوگی۔ مسٹر مہر علی نے فرمایا کہ نہیں تھانہ میں جانے کے لئے دس منٹ کی دیر ہوگئی تھی جبکہ وہ کرایہ کی موٹر میں خیبر بروکرز کے جلسہ میں گئے، اور وہاں ان کے روبرو تقریر کی وہیں انہیں گرفتار کر لیا گیا۔

دارالعوام میں حکومت ہند کی پالیسی کی حمایت

اقلیتوں کو مطمئن کرنے کی کوشش

ہندوستانی اخبارات پر الزام

لندن ۲۹ فروری۔ دارالعوام میں وزارت ہند کے اخراجات پر مباحثہ کے سلسلہ میں ہندوستان کی حکومت کی روش پر مباحثہ ہوا لیکن وزیر ہند سر سیموئل ہور نے اپنی تقریر کو صرف ہندوستانی حکومت کی روش کی حمایت تک محدود رکھ کر دارالعوام کی مخالف پارٹی کو بہت مایوس کر دیا۔ وزیر ہند نے عارضی اور ہنگامی اختیارات کے متعلق کہا کہ وہ ملک میں ابتری حالات کا مقابلہ کرنے کیلئے نہایت ضروری ہیں اور انہیں نہایت احتیاط اور سمجھ سے استعمال کیا جاتا ہے۔ انہوں نے چند ہندوستانی اخبارات کا جن میں حادثات کی خبریں نہایت ہی مبالغہ کے ساتھ شائع ہوتی ہیں ذکر کر کے دارالعوام کے اراکین کو بہت محظوظ کیا۔ وزیر ہند نے ان اخبارات کے متعلق کہا کہ وہ بہت زیادہ مبالغہ سے کام لیتے ہیں۔

اقلیتوں کا معاملہ

سر سیموئل ہور نے اقلیتوں کے حقوق کا ذکر کر کے کہا کہ وہ اس معاملہ میں حکومت ہند سے برابر نامہ وپیام کر رہے ہیں اور انہوں نے وائسرائے کو مطلع کر دیا ہے کہ وہ اقلیتوں کو ذرا صبر کرنے کی تلقین کریں کیونکہ اس کے متعلق اب تک وہ کوئی اعلان کرنے کے قابل نہیں ہو سکے ہیں۔

تمام اقلیتوں کو جن میں مسلمان بھی شامل ہیں یہ یقین دلایا کہ حکومت نے اس بارے میں جو اعلانات اور جو وعدے کئے ہیں ان سے ہرگز ہٹ نہیں سکتی وہ ان پر برابر قائم رہیگی۔

وزیر ہند نے ہندوستان کی اقتصادی مشکلات کا ذکر کر کے کہا کہ گو ہندوستان اس وقت شدید مشکلات میں مبتلا ہے تاہم حالات بہت کچھ درست ہو گئے ہیں اور موجودہ حالت میں ہندوستان کی حالت دنیا کے تمام دیگر ممالک سے اقتصادی اعتبار سے بہت بہتر ہے۔

شاہ ایران کو مصطفےٰ کمال پاشا کا تحفہ

ترکی ساخت کے ایک طیارہ کی پیشکش

مصطفےٰ کمال پاشا کی طرف سے توفیق رشدی بک ایران پہونچے اور انہوں نے شاہ ایران کو غازی موصوف کا سلام پہونچایا۔ توفیق رشدی نے رضا شاہ پہلوی کو اطلاع دی کہ اعلیٰ حضرت غازی مصطفےٰ کمال پاشا نے بطور تحفہ ترکی ساخت کا ایک ہوائی جہاز پیش کیا ہے۔ یہ طیارہ قیصری شہر کے کارخانہ میں تیار ہو رہا ہے۔ تکمیل کے بعد ایک ترکی ہواباز جہاز مذکور کو ایران پہونچا آئے گا۔

افغانی جنگی قلعہ کی تعمیر

شاہ نادر خاں نے آرڈر دیدیا

پشاور ۲۵ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ غازی محمد نادر شاہ نے ہندوستان اور افغانستان کی سرحد پر نوخام میں ایک زبردست جنگی قلعہ تعمیر کرنے کا حکم دیا ہے تاکہ شنواریوں میں بغاوت کا مستقل سدباب ہو جائے۔ ایک جرمن فرم کو قلعہ کی تعمیر کا ضروری سامان اور مسالہ بہم پہنچا دینے کا آرڈر دیدیا گیا ہے۔

گورنر بنگال کی حملہ آور لڑکیوں کی رہائی

بنگال آرڈیننس کے ماتحت دوبارہ گرفتاری

کلکتہ ۲۹ فروری۔ جلسہ تقسیم اسناد کے موقعہ پر بیتھون کالج کی جن دو لڑکیوں پر گورنر بنگال پر حملہ کے الزام میں مقدمہ چلایا جا رہا تھا چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ نے انہیں چھوڑ دیا لیکن اس کے بعد بنگال آرڈیننس کے ماتحت پھر گرفتار کر لیا۔

فرانس سے ٹیونس کے مسلمانوں کی فریاد

ٹیونس کے مسلمانوں نے فرانسیسی کمشنر کے پاس ایک درخواست بھیجی ہے جس میں حکومت فرانس سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ مسیحی مشنریوں کے نام ایک حکم امتناعی جاری کر دے کہ وہ اسلامی مدرسوں میں آکر مسلمان بچوں کو تبلیغ نہ کیا کریں اور نہ اللہ کو انجیل کے عربی نسخے تقسیم کیا کریں۔ ان کی یہ تبلیغ بالغ اور تعلیم یافتہ مسلمانوں تک محدود ہونی چاہئے تاکہ وہ حق کو باطل کو عقل کی کسوٹی پر پرکھ سکیں۔

چین اور جاپان کی جنگ میں انسانی خون کا سیلاب

چینیوں کو زبردست شکست کیانگ وان پر جاپان کا قبضہ

بارہ ہزار جانوں کا اتلاف مصالحت کے لئے گفت وشنید

چین کی فوجوں پر جاپانی حملوں کا زبردست مقابلہ

کیانگ وان میں چینیوں کا قبضہ

چینیوں کا زبردست مقابلہ

گول میز کانفرنس کے انعقاد کی تجویز

بارہ ہزار جانوں کا اتلاف

بیس لاکھ پونڈ کی منظوری

جاپان کے سرجنگی جہاز اس وقت شنگھائی کے سامنے لنگر انداز ہیں، جن میں چالیس تو بہت بڑی قسم کے ہیں۔

جاپان کی فوجوں کی تعداد ۲۷ ہزار ہے

برلن ۵ مارچ۔ شنگھائی کا ایک پیام مظہر ہے کہ جرمن سفیر اعظم نے چینی توپخانہ کی گولہ باری کی وجہ سے سفارت خانہ خالی کر دیا ہے یہ گولہ باری جرمن سفارت خانہ کے قریب جاپانی سفارت خانہ اور جہاز پر ہو رہی تھی۔

اقلیتوں کے دیگر مطالبات کو ملتوی کر دیا گیا کہ انہیں اراکین کی اطلاع کے لئے گشت کرایا جائے۔

اچھوتوں کے ساتھ مراسم اور دیگر صورتوں میں جو تفریق کی جاتی ہے اسے غیر قانونی قرار دیا گیا۔

اینگلو انڈین جماعت کی تعلیم وغیرہ کے لئے جو مخصوص انتظامات ہیں اس پر بحث شروع کی گئی لیکن کوئی بات طے نہیں ہوئی ہے۔

صوبہ سرحد کیلئے گورنر کا تقرر

ملک معظم کی طرف سے منظوری

نئی دہلی ۲ مارچ۔ ایک کمیونک مظہر ہے کہ ملک معظم نے آنریبل لفٹنٹ کرنل سر رالف گرفتھ نائٹ سی۔ آئی۔ ای کو صوبہ سرحد کا گورنر مقرر کرنے کی منظوری دیدی ہے آپ کی تقرری اسی وقت عمل میں آئے گی جب کہ صوبہ سرحد کو گورنر کا صوبہ بنانے کی جملہ آئینی تبدیلیاں مکمل ہو جائیں گی۔

فلسطین میں سیاسین کا اجتماع

لارڈ ریڈنگ۔ امیر شرق اردن اور خدیو مصر کی ملاقات

فلسطین میں برطانوی ہائی کمشنر نے ایک جلسہ منعقد کیا جس میں لارڈ ریڈنگ سرفلپ سیسن اور سابق خدیو مصر نے شرکت کی۔ جلسہ میں امیر عبداللہ والی شرق اردن مع اپنے وزیر اعظم اور منشیوں کے موجود تھے۔ واپسی پر لارڈ ریڈنگ نے مصر کے والی اور وزیر اعظم سے ملاقات کی۔ سابق خدیو مصر اپنے دوست حسن خالد پاشا کے ہمراہ مصطفےٰ کمال پاشا سے ملاقات کرنے کیلئے انقرہ تشریف لے گئے۔

وزیر دربار افغانستان کی آمد

مشترکہ بورڈ کی طرف سے استقبال

حضرت سردار احمد شاہ خان صاحب وزیر دربار افغانستان سفر یورپ کو تشریف لیجاتے ہوئے آج صبح ڈھائی بجے دہلی سے گزرے۔ آپ کے تشریف لانے کا صحیح حال رات کو معلوم ہوا۔ اس وقت شہر کے سربرآوردہ اصحاب اور اراکین بورڈ کو اطلاع دیدی گئی مگر افسوس ہے کہ تنگی وقت کی وجہ سے اہل دہلی کو عام طور پر اطلاع نہ دی جا سکی۔

گول میز کانفرنس کی کمیٹی کا اجلاس

اقلیتوں کے حقوق پر بحث

گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی (مجلس عاملہ) کے اجلاس کل جمعہ کے دن ساڑھے دس بجے سے اور پرسوں جمعرات کے دن شام کو پونے پانچ بجے سے ہوئے۔ پرسوں کے اجلاس میں مسٹر جیکر نے یہ تجویز پیش کی کہ سرکاری اسکولوں میں فرقہ وارانہ تفریق کا لحاظ کیا جائے اس پر دیر تک بحث ہوتی رہی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس مسئلہ کو مزید غور کے لئے اور نیز کے طور پر تصفیہ کے لئے دوسرے دن کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔

فرقہ وارانہ مسئلہ کے سلسلہ میں کانگریس نے جو اسکیم تیار کی تھی اسے پیش کیا گیا اور لاسپر دیر تک بحث ہوئی۔ آخر میں طے پایا کہ بنیادی حقوق کے سلسلہ میں اس پر بحث کی ضرورت نہیں ہے۔

ناظم جمعیۃ علماء ہند اور سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمات

دونوں مقدمے آئندہ کیلئے ملتوی کر دیئے گئے

۲۹ فروری کو حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے مقدمہ کی سماعت دہلی ڈسٹرکٹ جیل میں شروع ہوئی۔ چونکہ مسٹر الیسبر ایک ماہ کی رخصت پر چلے گئے ہیں اس لئے مسٹر پول نے مقدمہ کی سماعت کی اور بغیر کسی کارروائی کے مقدمہ آئندہ ۷ مارچ کے لئے ملتوی کر دیا۔

اسی طرح مجاہد ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کی سماعت کیلئے ۱ مارچ تقرر تھی مگر مسٹر پول نے کچہری سے کہلا بھیجا کہ مقدمہ ۷ مارچ کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

مسٹر آصف علی گرفتار کر لئے گئے

دہلی یکم مارچ۔ گزشتہ شب کو نو بجے کے بعد مسٹر آصف علی کو ایمرجنسی آرڈیننس کے تحت گرفتار کر لیا گیا۔ شیخ اکرام الحق صاحب سب انسپکٹر تھانہ دریا گنج مسٹر آصف علی کے مکان پر گئے۔ مسٹر آصف صاحب کھانا کھا رہے تھے، گرفتاری کا وارنٹ دکھایا گیا اور کھانے کے بعد انہیں انہی کی موٹر میں ڈسٹرکٹ جیل پہنچا دیا گیا۔ گرفتاری سے چند منٹ قبل پولیس کی ایک جماعت کو بیرہ جیلان کے مختلف گوشوں اور راستوں پر متعین کر دی گئی تھی۔

کل شام کو گھنٹہ گھر کے پاس بھی چار کانگریسی رضاکار گرفتار کر لئے گئے یہ سب جلوس بنا کر اور کانگریسی جھنڈیاں لئے کر جا رہے تھے۔

شاردا ایکٹ کو منسوخ کرنے کی تجویز مسترد

نئی دہلی یکم مارچ۔ راجہ رگھونندن پرشاد سنگھ نے آج کونسل آف اسٹیٹ میں شاردا ایکٹ کو منسوخ کرنے کی ایک تجویز پیش کی۔ مسٹر ایمرسن نے کہا کہ قانون دو سال قبل اسمبلی میں کثرت رائے سے پاس ہوا تھا اس قانون سے کوئی مصیبت پیدا نہیں ہوئی ہے۔ اور نہ اس پر عملدرآمد ہی میں خلل پڑا ہے۔ تحت مذہبی مقدمات کی تعداد کم ہے تجویز بالآخر مسترد ہو گئی۔

دہلی میں احراری قافلہ کی آمد

دہلی ۲ فروری۔ رات کی گاڑی سے گیا سے چھ رضاکاروں کا ایک جتھا دہلی آیا۔ مجلس احرار نے اسٹیشن پر استقبال کیا۔ یہ لوگ عنقریب لاہور روانہ ہو جائیں گے۔

مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کا سفر

فرزند ارجمند کا تولد

حضرت مولانا الحاج حافظ عبدالحلیم صاحب صدیقی امسال زیارت بیت اللہ کیلئے حرمین شریفین تشریف لے جائیں گے مولانا کا ارادہ ہے کہ حج سے فارغ ہو کر ممالک اسلامیہ (فلسطین، عراق، مصر، دمشق وغیرہ) کی سیاحت فرمائیں۔

نہایت مسرت کا مقام ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ممدوح کو فرزند ارجمند عطا فرمایا ہے جس کا نام محمد طارق نجم الدین رکھا گیا ہے۔ ہم اس مبارک تولد پر حضرت مولانا کی خدمت میں ہدیہ مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ خالق اکبر مولود مسعود کو عمر طبعی عطا فرمائے اور نیکی وسعادت سے اس کو بہرہ مند کرے۔ آمین

تمام دنیا کی پاپیادہ سیاحت

دو مسلم نوجوانوں کی اولوالعزمی

دو مسلم نوجوان آجکل دہلی میں آئے ہوئے ہیں۔ ایک کا نام دین محمد ہے جن کی عمر اٹھارہ سال ہے، دوسرے نوجوان کا محمد فخر الدین ہے۔ ان کا ارادہ تمام دنیا کی پاپیادہ سیاحت کا ہے۔ یہ دونوں کلکتہ سے دہلی پاپیادہ پہونچے ہیں ان کا یہ عزم وارادہ حیرت انگیز ہے امید ہے کہ ہندوستان کے لوگ اپنے نونہال فرزندوں کا پُرجوش استقبال کر کے ان کی حوصلہ افزائی کریں گے۔

منچوریا کی جدید آزاد حکومت پر عتاب

نیویارک یکم مارچ۔ حکومت چین نے فیصلہ کیا ہے کہ منچوریا کی جدید "آزاد" ریاست کے خلاف (جو جاپانی سیادت میں سابق شہنشاہ چین کے ماتحت قائم کی گئی ہے) تعزیری مہم روانہ کی جائے۔

شکریہ خصوصی

ہم جناب پروفیسر ایم۔ ایس مرزا صاحب (دیال سنگھ کالج) کے تہ دل سے شکر گزار ہیں کہ آپ "الجمعیۃ" کی ترقی وفلاح کے لئے ہمیشہ نہایت اخلاص اور ہمدردی کے ساتھ کوشش فرماتے رہتے ہیں آپ کی دلی آرزو ہے کہ "الجمعیۃ" کی آواز حق زیادہ سے زیادہ مسلمانوں کے کانوں تک پہنچے تاکہ انہیں اپنے لئے صحیح راستہ تلاش کرنے میں دشواری نہ ہو۔ سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ آپ کی ہمدردی صرف وقتی اور ہنگامی جذبات کے ماتحت نہیں ہوتی بلکہ آپ ہمیشہ بلا کسی درخواست۔ تحریک کے بھی الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے کوشاں رہتے ہیں اور الحمد للہ اپنی مخلصانہ کوششوں میں بڑی حد تک کامیاب ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے کاش کہ الجمعیۃ کے دوسرے معاونین بھی ان کی تقلید کریں۔

مہتمم اخبار الجمعیۃ

(نامہ نگار)

میری سخت توہین ہوئی ہے۔

دہلی ۲ مارچ۔ مسٹر شریف نے ملا ان کے خلاف جو استغاثہ مسٹر آر کے ایڈووکیٹ کی معرفت دائر کیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر پول نے استغاثہ اس بنا پر خارج کر دیا کہ ایک حق پسند انسان اس قسم کے خفیف تنازعہ پر ناراض نہیں ہو سکتا۔ مسٹر شریف فیصلہ کے خلاف عدالت سیشن میں نظرثانی کی درخواست دینے والے ہیں۔

سٹیزن لیگ کے جلسہ میں دیہاتیوں کا عظیم الشان اجتماع

جلسہ پر سودیشی لیگ کا قبضہ اور مسٹر آصف علی کی تقریر

دیہاتی ہی پیٹے گئے۔ واعیان جلسہ کیخلاف زد وکوب کا مقدمہ

دہلی ۲۹ فروری۔ کل شام کو چار بجے کمپنی باغ آزاد میدان میں دہلی سٹیزن لیگ کے زیر اہتمام ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں مقدر سے چند دیہاتیوں اور کھٹیکوں نے شرکت کر کے جلسہ کو پُررونق بنایا۔ جلسہ کی شرکت کیلئے شاہدرہ اور قرب وجوار کے دیہاتیوں کو خاص طور پر مدعو کیا گیا تھا کیونکہ عام طور پر یقین کیا جاتا تھا کہ لیگ کے اس "عظیم الشان" اجلاس میں دہلی کے شرفاء شریک نہ ہو سکیں گے۔ ان دیہاتیوں کو پہلے ملوں پر جمع کیا گیا جہاں ان کی لاریوں سے قرب وجوار کی گلی دہلی سے بھی بعض مزدوروں کو چار چار آنے دیکر جلسہ میں شریک کیا گیا تاکہ یہ سب حضرات مکرم خان بہادر دن اور رائے صاحبوں کی سیاسی ناوا دنی "علی دید البصیرت" تائید وحمایت کریں۔ دہلی سٹیزن لیگ کے متعدد ومختصر جلوس مرتب کئے گئے تھے۔ ایک جلوس بادردی رضاکاروں کا تھا، دوسرا جلوس عربی لباس والے مصنوعی "بدوؤں" کا تھا۔ دو جلوس گنواروں اور دیہاتیوں پر مشتمل تھے جن کو مدین آباد، باغ میں جمع کر کے لڈو وغیرہ تقسیم کئے گئے تھے۔

ان کے علاوہ دیگر جلوس اسکولوں کے بوائے اسکاؤٹس، اور سات اور سال کے درمیان عمر والے بچوں پر مشتمل تھا۔ ان تمام جلوسوں کے ہمراہ یونین جیک لہرا رہے تھے۔ بیچارے گنواروں کی عجیب حالت تھی اگر ان کے کانوں میں "مہاتما گاندھی کی جے" کی آواز پڑتی تو وہ بے تحاشا بے ساختہ اُسے دہرانے لگتے تھے اور اگر ان کے بادشاہ سلامت کی جے کا نعرہ لگایا جاتا ...

سٹیزن لیگ کے جلسہ پر سودیشی لیگ کا قبضہ

سٹیزن لیگ کا پریشان جلسہ

مسٹر شریف کا دعویٰ خارج کر دیا

جناب مولانا احمد اشرف صاحب رانديری کا عزم وطن
جمعیۃ علمائے صوبہ برما کی طرف سے الوداعی دعوت

۸ رشوال المکرم ۵۰ھ بروز شنبہ بعد نماز عشاء مطابق ۱۵ فروری ۱۹۳۲ء

جناب مولانا احمد اشرف صاحب رانديری نائب صدر جمعیۃ علمائے صوبہ برما کے عزم وطنِ مالوف رانديری کے سلسلہ میں جمعیۃ موصوفہ کی طرف سے دفتر جمعیۃ واقعہ مغل اسٹریٹ ۲۲/۲ رنگون میں الوداعی جلسہ قرار پایا جس میں اراکین جمعیۃ کے علاوہ دیگر معززین معائدِ شہر بھی شریک ہوئے۔ اولاً جناب قاری شیخ حمزہ صاحب مدنی خطیب و امام مسجد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام نے تلاوت کلام پاک فرمائی اور اس کے بعد تحریک ناظم جمعیۃ و تائید جناب مولانا عبد الغنی صاحب ... جناب مولانا حکیم محمد ابراہیم صاحب رانديری مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔ باجازت صدر جلسہ جناب مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی ناظم مدرسہ رانديریہ نے ایک پُر مغز بسیط تقریر فرمائی جس میں جناب مولانا احمد اشرف صاحب کی بحیثیت نائب صدر خدمات جلیلہ اور ان میں شبانہ روز غایت شغف و انہماک کا بوضاحت تمام بیان فرمایا اور واقعات سے ثابت کیا کہ مولانا ممدوح کی ذات بابرکات جمعیۃ علمائے صوبہ برما کے لئے روح رواں تھی۔ آپ کی تقریر ختم ہونے ...

نمایاں انجام ہوئے وہ سب جناب مفتی صاحب صدر جمعیۃ کے تقدس و تقویٰ و وجاہتِ خاصہ اور حضرات اراکین جمعیۃ کے اخلاص و للّٰہیت کے ثمرات تھے۔ جناب مفتی صاحب البتہ اس قابل ہیں کہ ان کو "روح رواں" کہا جائے۔ اس جوابی تقریر کے بعد جناب مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی نے کھڑے ہو کر پہلے تو مولانا ممدوح کو خطاب فرماتے ہوئے کہا کہ میں جمعیت علماء کی طرف سے آپ کے ... الفاظ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو آپ نے صدر جمعیۃ علماء کے بارہ میں فرمائے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ آپ جمعیۃ کے "روح رواں" ہیں اور جناب مفتی صاحب "روح اعظم" اور ان دونوں میں کچھ منافات نہیں۔ اس کے بعد منجانب جمعیۃ تمامی حضار جلسہ کی تکلیف فرمائی کا شکریہ ادا کیا پھر آخر میں جناب مولانا حکیم محمد ابراہیم صاحب صدر جلسہ نے دعا پر جلسہ ختم کیا۔ ختم جلسہ کے بعد حاضرین کی خدمت میں آئس کریم اور سوڈا پیش کیا گیا اور تقریباً ۱۱ بجے جلسہ برخاست ہوا۔ عین برخاستگی کی حالت میں جناب شاہد احمد زماں صاحب اور جناب مسٹر سید بخشش احمد صاحب نے جناب ممدوح کی شان میں فی البدیہہ برجستہ اور برمحل اپنے چند اشعار پڑھ کر حاضرین کو نہایت درجہ محظوظ فرمایا جنہوں نے سونے پر سہاگہ کا کام دیا۔ اور ختم دعوت پر فواکہ پیش کئے گئے۔ ذیل میں وہ سپاسنامہ جو جناب مولانا احمد اشرف صاحب رانديری کی خدمت میں پیش کیا گیا درج کیا جاتا ہے۔

سپاسنامہ

...

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مقویات سرتاج عالم

آتشک، گرہ گردیان، قبض اور بدہضمی خون اور معدہ کی خرابی وکمی جریان احتلام سرعت انزال رقت منی وغیرہ کی شکایتیں نابود کر کے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہیں ضرور تجربہ کریں صحت و تندرستی کی نعمت کا مکمل شاستر بالکل مفت طلب فرمادیں۔
ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی مستقبل کا دارومدار ہے۔ اس لئے گرم اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قیمت ... اور بالکل بے خطر ہے ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

صرف چند روز کیلئے مفت
فینسی رسٹ واچ مفت

شاہی سرمہ جس کے استعمال سے آنکھ کے ہر قسم کے مرض دور ہو جاتے ہیں ... قیمت ایک شیشی ایک روپیہ ... مفت دی جائے گی ...
پتہ: ایشیاٹک رسٹ واچ کمپنی جھانسی سٹی (یو پی)

دمہ۔ بواسیر۔ سوزاک۔ کوڑھ۔ سفید داغ ... اگر دوا کھاتے کھاتے تھک گئے تو میری جڑی بوٹی کی دوا اگر ان مرضوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا نہ دے تو دام واپس ... پتہ: جڑی بوٹی میڈیکل ہال کنسی سمری دربھنگہ

خدا توفیق دے تو ضرور پڑھئے

درس عبرت	اوجز المسالک	خصائل نبوی
...	...	...

رسول کی آپ بیتی ۔ قرآن مجید کی مکمل تاریخ ۔ امت کی آپ بیتی ۔ اسلام اور یورپ ۔ علامہ شیخ محمد عبدہ ۔ غوث اعظم کی مکمل سوانح عمری

علاج میں کفایت شعاری
ممکن ہے مگر صرف
بارہ مارچ کے دن

کیونکہ اپنے تمام اخراجات میں کمی کر چکنے کے بعد بھی آپ جب بیمار پڑجائیں تو طبی امداد حاصل کرنے سے گریز نہیں کر سکتے۔ پس اس کام میں کفایت شعاری مضحکہ خیز بات معلوم ہوتی ہے لیکن اس کا بھی ایک طریقہ ہے اور وہ یہ ہے کہ سال بھر میں جو رقم عام طور پر آپ دواؤں اور ڈاکٹروں کی فیسوں پر خرچ کرتے ہیں اس سے چوتھائی ہی رقم ہمارے پاس جمع کرا دیجئے ...

کی قیمت پر
۵۰ فیصدی رعایت ملیگی!

فہرست ادویات ابھی منگوا لیجئے
ڈاک بار کیلئے پتہ: امرت دھارا ... لاہور

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم اردو

...
محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب مالک قریشی بک ایجنسی (جے) کشمیری بازار لاہور

شربت فولاد

... میجر حمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

بال جڑ سے کالا

رامپور میں پارس وفد کے خلاف مظاہرہ

...

دہلی میں اعلیٰ حضرت شہریار دکن کے مشاغل
ممبران اسمبلی کی جانب سے حضور نظام کی دعوت

...

قصر شاہی میں حضرت اقدس و اعلیٰ کی جانب سے ایٹ ہوم

...

سرحد کے نام نہاد وفد سے اظہار بیزاری
بہار کے مسلمانوں کا شفیع داؤدی سے مطالبہ

آج بتاریخ ۲۷ فروری ۱۹۳۲ء مسلمانان بتیا کا ایک عام جلسہ زیر صدارت جناب مولانا محمد حسین صاحب منعقد ہوا اور حسب ذیل تجاویز باتفاق آراء منظور ہوئیں۔

۱۔ چونکہ مولوی شفیع داؤدی صاحب اور ان کے رفیق کار ملا مظہر الدین نے ایران حقوق مسلمین سلطانوں کو دھوکہ و فریب میں مبتلا رکھ کر واقعات سرحد کی آزاد تحقیقات کے نام سے صوبہ سرحد گئے تھے لیکن درحقیقت یہ لوگ حکومت کی خواہش پوری کرنے گئے تھے جیسا کہ بعد کو واقعات سے روز روشن ...

... مسلمانانِ ... ضلع چپارن کا یہ عام جلسہ حکومت کی اس جابرانہ و تشدد دانہ روش پر جو اس نے صوبہ سرحد میں اختیار کر رکھا ہے اپنے غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ تمام ہنگامی قوانین کو فوراً واپس لے اور خان عبد الغفار خاں اور ان کے رفقائے سرخ پوشوں کو رہا کرکے باشندگان صوبہ سرحد کو مطمئن کرنے کی کوشش کرے۔

جرمنی کو سب سے زیادہ جس ہتھیار نے کام دیا وہ نہ تو توپ تھی اور نہ گن مشین تھی بلکہ صرف سول پستول

تھا جس نے بلا کسی قسم کی تکلیف پہنچائے چشم زدن میں ہر ایک جاندار کو اندھا و بیجان کر دیا۔

پستول کا جوں ہی گھوڑا دبایا جائے فوری ایک خاص قسم کا بجلی کرنٹ ہر ایک جاندار پر اس بری طرح اثر کرتا ہے کہ قطعی اندھا کر دینے کے علاوہ بالکل بے حرکت کر دیتا ہے۔

اور بے حرکت کر سکنے میں ۱۰۰ اقدام ... بجلی کرنٹ کام دیتا ہے ... کی جان کا ساتھ دینے والا صرف یہی سول پستول ہے جس جاندار کو ... منٹ تک اندھا اور بے حرکت کر دیا ... ایک ہفتہ آزما سکتے ہیں ایک لفظ تحریر کے خلاف ... خرچہ سے واپس لینے کو تیار ہیں قیمت ...

گورنمنٹ ہند کی کسی قسم کا لائسنس نہیں چاہیے ہر شخص منگوا سکتا ہے

اے ایچ فرانسس اینڈ کو پوسٹ بکس ۵۰۰ بمبئی نمبر ۹

سکاؤٹوں، بال چروں، خدمتگاروں، والنٹیروں اور مفصلات میں رہنے والے افسروں اور ہر گھر میں اور ہر جیب میں رکھنے کے لئے

امرت دھارا اسکاؤٹ سٹ تیار ہو گیا

یہ اسکاؤٹ سٹ دنیا بھر میں لاثانی ہے ہر بیماری اور ہر حادثہ میں اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اس میں مشہور عالم دوائی امرت دھارا اور اس کے مرکبات یعنی امرت دھارا ... امرت دھارا صابن، امرت دھارا بام، امرت دھارا دنتن کے سٹ رکھے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں لورک روئی، بورک لنٹ، بینڈیج، سوئی دھاگا وغیرہ ... نہایت خوبصورت پاکٹ میں رکھنے لائق ہے ... قیمت ...

۱۲ رمارچ کو کسی بھی ڈاکخانہ میں خط ڈالنے سے ¾ قیمت یعنی ... کو بھیجا جائیگا

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ: امرت دھارا ... لاہور

سلی بھبھت کیوں مشہور ہے

... مولانا جمشید صاحب امرتسری اور سادات محمدی ...
... سلی بھبھت دہلی

ایک سیٹھ نے چودہ لاکھ روپیہ دیا

... خبر بشتی ... بشتی آفس ...

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

... منیجر کارخانہ جناب ... دربھنگہ

... خوشخبری ...

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ

سہ روزہ — دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی
یکم — ۵ — ۹ — ۱۳
۱۷ — ۲۰ — ۲۴ — ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
۱/۲ کالم
۱/۴ کالم

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی

نمونہ — مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم چہارشنبہ۔ یکم ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۹ مارچ ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۸

منچوریہ میں مسلم جنرل ماچان شان کا قتل

چینی مسلمانوں کے قائد کے عظیم الشان کارنامے

(از سید رئیس الدین جعفری جامعہ ملیہ)

۲۴ فروری ۱۹۳۲ء... نانکین کے رپورٹر کی خبر ہے کہ منچوریہ کا مشہور جنرل ماچان شان کو ایک سیاسی حاسد نے مار ڈالا...

یہاں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ماچان شان کون تھا؟ اور اس کے قتل ہونے کی وجہ کیا تھی؟...

اس اشتہار میں جاپان کے اعلیٰ عسکریت سے جنہوں نے ملک ان ہو...

...(اناللہ وانا الیہ راجعون!)

معاصرین کے افکار و آراء

کیا اشتراک عمل سے یہی مطلب ہے؟ (ملت)

گول میز کانفرنس کی مجوزہ کمیٹیوں کے ساتھ اشتراک عمل کے متعلق تو ہم کہہ رہے ہیں کہ کوئی جماعت بھی موافق نہیں ہے...

مسلم حقوق کا اعلان؟ (مدینہ)

مولانا شوکت علی کا عزم سرحد (زمیندار)

یہ عجیب بات ہے کہ مولانا شوکت علی...

محض بے بنیاد شکایات (حقیقت)

مسلمانوں کی حقیقی خدمت (المنیر)

سرسیموئل ہور کے تازہ ارشادات (زمیندار)

مولانا شوکت علی کا دورہ سرحد (حقیقت)

چار نکاح کیجیے

لطف شباب کیا ہے؟ سفوف وطلاء

جبوب امساک۔... سفوف سوزاک...

ملنے کا پتہ: حکیم مولوی نظیر علی لکھنوی پوسٹ بکس نمبر ۵۷ دہلی

بڑھاپے میں جوانی

کا لطف و کیف حاصل کرنا ہے تو طلاء مقناطیسی استعمال کیجیے

طلاء مقناطیسی

نامرد مرد بنو

قیمت فی شیشی تین روپے آٹھ آنہ (۳؍۸) علاوہ محصول

حکیم محمد ظہیر علی کلاں محل دہلی

دلہن بہار تیل

ایک سو روپیہ انعام اس کو دئیے جائیں گے جو ہمارے ایجاد کردہ دلہن بہار تیل میں کسی قسم کا نقص ثابت کرے گا

دلہن بہار تیل کے اوصاف

قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ: منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

... منشی فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۴۵ دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا مفتی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں سے ایک کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اس میں ... احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیہ کے ارتکاب کے عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلاکر اعمال سیہ سے بچنے کی ترغیب ہے۔ مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ۔ دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے اس میں ... احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے ... ہر حدیث کا ترجمہ ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ... اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ... خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں ابتک تیار نہیں ہوا ... نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجیے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف ... روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

قرابادین مفید عام

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدر آبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دوائیں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ ہر تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے ...

نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے ترجموں اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عنا علاوہ محصولڈاک

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زرین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگالیجیے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (عہ)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار ... قسم دوم حاشیہ دار عا/ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸/ چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

نکات و لطائف

(از جناب مکار مرموزی فاضل الٰہیات بھوپال)

بعض لطافت نگاری سے دلچسپی رکھنے والوں نے دیکھا ہوگا کہ اکثر اوقات یہ اخبار "الجمعیۃ" بجائے "صرف الجمعیۃ" کے "پورا الجمعیۃ العلماء ہند" ہوکر رہ جاتا ہے لہٰذا جب یہ الجمعیۃ سے الجمعیۃ العلماء ہند ہو جاتا ہے تو پھر اس کے صفحات میں مجلس العلماء کے مسائل سیاسی کے ساتھ آپ کے لئے "مکار مرموزیات" کو کس طرف چھپایا جائے …

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ یکم ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ ہجری

کشمیر کے متعلق مصالحت کی گفت و شنید

حضرت مفتی صاحب اور حکومت کشمیر کی خط و کتابت

مجلس احرار اور حکومت کشمیر میں مصالحت کے متعلق صدر جمعیۃ علمائے ہند اور حکومت کشمیر کے درمیان جو خط و کتابت ہوئی تھی اور جس کی اشاعت کا انتظار نہایت بے چینی کے ساتھ کیا جا رہا تھا وہ گزشتہ اشاعت میں شائع کی جا چکی ہے۔ اس خط و کتابت کی مختصر تاریخ یہ ہے کہ سب سے پہلے ۲ دسمبر کو ہز ہائینس مہاراجہ کشمیر کی دعوت پر …

خط میں پھر ان ہی امور کی طرف وزیر اعظم کو توجہ دلائی اور اس پر زور دیا کہ احرار گفتگوئے مصالحت کو آگے بڑھانے سے پہلے مذکورہ بالا بنیادی امور کی تکمیل کا انتظار کرنے میں حق بجانب ہیں۔ اس خط کے بعد یہ سلسلۂ خط و کتابت منقطع ہوگیا۔

ہم نے یہ خلاصہ محض اس لئے درج کیا ہے کہ گفت و شنید کے متعلق تمام واقعات کی تسلسل کے ساتھ قارئین کرام کے سامنے آجائیں …

راجی اور رعایا کے درمیان جو خوفناک کشمکش جاری ہے وہ کسی طرح ختم ہو۔ مفتی صاحب نے اپنے رویہ کو شروع سے آخر تک مصالحانہ رکھا اور گفت و شنید کی جو باضابطہ لائن اختیار کی اسے نہایت ذمہ دارانہ طریقہ پر پورے حزم و احتیاط کے ساتھ آخر تک نباہا۔ یہ دوسری بات ہے کہ حکومت کو صلح کرانی مقصود نہ تھی اور اس نے صلح نہ ہونے دی۔

دھمکی کے جواب میں دھمکی

دہلی کے مقامی اینگلو انڈین اخبار اسٹیٹسمین کو عام طور پر حکومت کی آواز سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ آج تک اس نے آرڈیننس اور دیگر قوانین کے متعلق جو تحریک شروع کی ہے وہ آخر میں حکومت ہی کے مقصد اور منشا کے مطابق ثابت ہوئی ہے چونکہ اس اخبار کا دفتر دار الحکومت میں ہے اس لئے اس کی پالیسی حکومت کی پالیسی کی آئینہ دار ہوتی ہے اور اس کی روش کو دیکھ کر بآسانی ہوا کا رخ پہچانا جا سکتا ہے۔

…

ہرگز پرواہ نہیں ہے … اور بہت سے تعاون کرنے والے موجود ہیں … نہیں اور سہی اور سہی۔ اگر کمیٹیوں سے سارے مسلمان بھی نکل آئیں تو بھی دستور اساسی منظور کر دیا جائے گا خواہ وہ صرف اکثریت ہی کے مفاد میں کیوں نہ ہو۔ آپ نے دیکھ لیا کہ حکومت کو دھمکی کا جواب دھمکی سے دینا کس طرح آتا ہے۔ وہ چیست یاران طریقت بعد ازیں تدبیر ما۔

اسلامی پریس پر حکومت کی عنایت

گزشتہ عرصہ میں مسلم پریس پر حکومت کی نظر عنایت جس طرح مبذول رہی ہے اس نے "اینگلو مسلم اتحاد" کا ایک اور ثبوت بہم پہنچا دیا ہے۔ زمیندار سے دو ہزار روپیہ کی ضمانت مانگی گئی احرار کی ضمانت ضبط ہوگئی اور وہ آج کل بند ہے۔ انصاف سے ڈیڑھ ہزار روپیہ کی ضمانت طلب کر لی گئی اور وہ نزع کے عالم میں ایڑیاں رگڑ رہا ہے۔ انقلاب سے پانچ ہزار روپیہ کی ضمانت کا مطالبہ کر لیا گیا اور وہ التوائے اشاعت کا اعلان کر رہا ہے۔ یہ اس مخصوص مہربانی کے مظاہرے ہیں جو حکومت کی جانب سے مسلمانوں کے حال …

مولانا شوکت علی کا "دورۂ سرحد"

مخصوص اغراض و مقاصد کی تکمیل کیلئے مذموم پروپیگنڈا

پشاور اور چارسدہ میں استقبال کی کیفیت

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

مولانا شفیع داؤدی کی سعی ناکام کے بعد ہندوستان کے کسی پبلک آدمی کی جرأت نہ ہوئی تھی کہ وہ صوبہ سرحد میں جا کر حکومت کی امداد و اعانت کے لئے جد و جہد کرے مگر اس کے باوجود مولانا شوکت علی نے یہ خطرناک اقدام کیا اور تمام مصالح قومی کو نظر انداز کر کے سرحد کی طرف روانہ ہوگئے۔ مولانا شوکت علی کا یہ سفر بالکل انفرادی حیثیت میں تھا وہ کسی جماعت کے نمائندے یا ڈیلیگیٹ کی حیثیت سے نہیں گئے تھے …

ان کی سہل انگاری کی کئی امراء میں بغیر کسی ردوکد کے صوبہ سرحد جانے کی اجازت دیدی گئی۔ یہ امر کہ مولانا شوکت علی کے سفر سرحد کو حکومت کے مفاد کے مطابق کس طرح استعمال کیا گیا پنجاب اور دہلی کے اینگلو انڈین اخبارات اور خود مولانا شوکت علی کے بیانات سے پوری طرح واضح ہو جاتا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ مولانا شفیع داؤدی کی طرح مولانا شوکت علی کو بھی کوئی کامیابی میسر نہ آسکی بلکہ ان کا خیر مقدم …

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمائیے)

دورۂ سرحد کے متعلق ایک اینگلو انڈین اخبار کا بیان

حکومت اس سفر کو کس طرح استعمال کر سکتی ہے؟

آج کی اشاعت میں نامہ نگار الجمعیۃ کا جو بیان شائع ہو رہا ہے اس میں ایک جگہ "سول اینڈ ملٹری گزٹ" لاہور کا حوالہ دیا گیا ہے۔ نامہ نگار مذکور سول کے جس بیان کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہے ہم اسے درج ذیل کرتے ہیں۔ اس بیان کو پڑھ کر جو ایک نیم سرکاری اینگلو انڈین اخبار میں شائع ہوا ہے قارئین کرام مولانا شوکت علی کے دورۂ سرحد کی غرض و غایت بآسانی سمجھ سکتے ہیں۔ وھوھذا۔

"مقام مسرت ہے کہ مولانا شوکت علی صاحب نے صوبہ سرحد کے دورہ کا عزم کیا ہے۔ وہاں آپ کے اثر و رسوخ سے دو طریقہ سے استفادہ کیا جا سکتا ہے یعنی یہ کہ ان کی وساطت سے پٹھانوں کو حکومت کے نیک ارادوں کا یقین دلایا جائے اور ان میں کانگریس سے اتحاد کے خطرات کا احساس پیدا کیا جائے۔ دوسرے یہ کہ مسلمانان ہند کو جو اپنے سرحدی ہم مذہبوں کی پوزیشن کے متعلق قدرتی طور پر فکر مند ہیں ان کی طرف سے اطمینان دلایا جائے۔ …"

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

دمشق میں قوم پرور اخباروں پر حکومت کا عتاب

اخبارات کو فہمائش اور جریدہ الیوم کا تعطل

مسٹر کاتبن سکرٹری قلم المطبوعات دمشق نے اخبارات کے ایڈیٹروں کو بلا کر فہمائش کی کہ وہ حکومت کے متعلق خبریں شائع کرنے میں احتیاط کریں ورنہ ان سے باز پرس کی جائے گی۔ اسی طرح مسیو سالو بیاک نے جریدۃ الیوم کے رئیس التحریر کو بلایا۔ یہ جریدہ وطن پروروں کا ترجمان اور حریت و آزادی کا علمبردار ہے۔ مسیو مذکور نے الیوم کے بعض مقالات کے متعلق دریافت کیا کہ یہ کیوں لکھے گئے ہیں اور ان کی مسئولیت کس پر عائد ہوتی ہے۔ رئیس التحریر نے جواب دیا کہ ان تمام مقالات …

دوسرے روز صبح کو سکرٹری امن عام نے الیوم کے مدیر علی کو طلب کیا اور جب وہ وہاں پہنچے تو ان کو تحریری نوٹس جس پر مسیو بونسو کے دستخط تھے دیدیا گیا جس میں جریدہ "الیوم" کے تعطل کا حکم غیر معینہ وقت کیلئے صادر کیا گیا تھا۔ نوٹس میں لکھا تھا کہ چونکہ الیوم میں حکومت کے خلاف جس ایسے مضامین شائع ہوئے ہیں جن سے نقض امن کا اندیشہ ہے اس لئے اس کو معطل کیا جاتا ہے۔

ترکی میں اشاعت اسلام کی رفتار

نومسلموں کی تعداد میں معتد بہ اضافہ

جب سے ترکی میں جمہوریت قائم ہوئی ہے اس وقت سے نومسلموں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے کیونکہ ہر شخص کو اسلام قبول کرنے میں کسی خاص مشکل کا سامنا کرنا نہیں پڑتا۔ خلفائے عثمانیہ کے زمانہ میں اسلام قبول کرنے والوں پر سخت پابندیاں عائد تھیں اور جب تک کوئی شخص ان پابندیوں کو قبول کرنے پر آمادہ نہ ہو جائے اس وقت تک وہ دائرہ توحید میں داخل نہیں ہو سکتا تھا …

… کی تعداد میں معتد بہ اضافہ ہوا ہے۔ ترکی نظامت انتانے ان لوگوں کے اعداد و شمار شائع کئے ہیں جو امسال حلقہ بگوش اسلام ہوئے ہیں ان کی تعداد تین سو سے زائد ہے ان میں مردوں کی تعداد زیادہ ہے جو ہنگری، فرانس اور روس کے باشندے ہیں۔ حال ہی میں ایک جرمن ڈاکٹر اور ایک فرانسیسی انجینیر نے اسلام قبول کیا ہے۔

طرابلس کے مجاہدین کی جدید سرگرمیاں

جبل اخضر پر فوجی چھاؤنی کی تعمیر

ٹیونس کا ایک اخبار اپنے نامہ نگار مقیم اٹلی کی اطلاع شائع کرتا ہے کہ عمر مختار شہید (اعلی اللہ مقامہٗ) کے بعد طرابلس کے عربوں میں اور جوش بڑھ گیا ہے …

فلسطین کی مردم شماری

یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ

فلسطین کے بڑے بڑے شہروں کی موجودہ مردم شماری کے اعداد و شمار عقائد و مذہب کے اعتبار سے دستیاب ہوگئے ہیں۔ قدس کی مردم شماری سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں مسلمانوں کی تعداد ۱۹۷۳۵ ہے۔ عیسائیوں کی ۱۹۱۸۰ اور یہودیوں کی ۵۱۲۲۲ تعداد ہے۔ ۱۹۲۲ء کی مردم شماری کا مقابلہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ … یہودیوں کی تعداد میں (۵۰۰۰۰) کا اضافہ ہوا ہے۔ … فلسطین کے مضافات کی مردم شماری کا نقشہ حسب ذیل ہے:

نام شہر	مسلمان	عیسائی	یہودی
حیفا	۲۰۳۴۹	۱۳۸۸۰	۱۵۹۹۵
یافا	۳۵۰۱۰	۹۲۰۶	۷۳۳۲
تل ابیب	۱۰۴	۱۳۴	۴۵۶۰۴
حبرون	۲۲۷۰۰	۱۰۹	۱۳۴
…	۲۹۹۸۲	۹۸۲	۵۲۶۰
صفد	۹۴۷۸	۴۲۶	۲۵۴۹

دمشق میں طلباء کی زبردست ہڑتال

گورنر کی تحقیقات اور ہڑتال کا خاتمہ

مسیو مذکور گورنر دمشق بیروت سے دمشق تشریف لائے تاکہ طلباء کی ہڑتال کے حالات پر تحقیقات کریں۔ طلباء نے اپنا ایک وفد مرتب کر کے مسیو مذکور سے ملاقات کی اور ذیل کے مطالبات ان کی خدمت میں پیش کئے:

(۱) جو طلباء خارج کئے گئے ہیں یا ان کو سزا دی گئی ہے ان کے حالات کی کافی تحقیقات کی جائے۔

(۲) مدرسہ حربیہ کا افتتاح کیا جائے۔

حجاز ریلوے کے مسئلہ پر غور

شامی اور حجازی لیڈروں کی مؤتمر

حجاز کا ایک پیغام مظہر ہے کہ حجاز ریلوے کے مسئلہ کو طے کرنے کے لئے حجاز کے کسی مقام میں ایک عظیم الشان اجتماع ہونے والا ہے جس میں شام، مصر، فلسطین اور حجاز کے بڑے بڑے علماء اور لیڈر شرکت کریں گے۔

مصری حکومت کی طرف سے جدید طیاروں کی خریداری

مصر کی ریلوے کو خسارہ

گزشتہ اور موجودہ سال کے اعداد و شمار

مصر کے محکمہ ریلوے نے نومبر تک کی آمدنی کے جو اعداد و شمار شائع کئے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ امسال گزشتہ سال کی نسبت آمدنی میں کافی کمی ہوگئی ہے …

ایک فرانسیسی خاتون کا انشراح صدر

عیسائیت پر اسلام کو ترجیح

ایک فرانسیسی خاتون (جو اس وقت مصر میں مقیم ہے) قرآن حکیم کا دو سال سے مطالعہ کر رہی تھیں اور قرآن و انجیل کی تعلیمات کا مقابلہ وقت نظر سے فرما رہی تھیں ان پر اسلام کی صداقت منکشف ہوگئی اور انہوں نے مسیحی مذہب کو تلانجلی دیدی …

فلسطین میں ایک مقبرہ کی ملکیت پر تنازعہ

عیسائیوں اور مسلمانوں میں چپقلش

جمعیۃ الاقوام کے اجلاس میں چین و جاپان کا قضیہ
شنگھائی میں جاپان کی ۵۵ ہزار افواج پہنچ گئیں
جاپان پر چینی نمائندہ کا الزام۔ جمعیۃ الاقوام کی تجویز

جینوا ۴ مارچ۔ جنرل میٹرائی و ازجاپانی سپہ سالار نے اعلان کر دیا ہے کہ پرسوں ڈھائی بجے سے جاپان نے اپنا حملہ روک دیا ہے۔ جاپانی سپہ سالار کو جب جنگ ملتوی کرنے کا حکم ہوا تو انہیں سخت حیرت ہوئی کیونکہ اس سے پہلے اس قسم کی جتنی کوششیں کی گئیں تھیں وہ سب ناکام ثابت ہوئیں۔ شنگھائی میں جو جاپانی فوجیں موجود تھیں وہ بھی اس حکم التواء سے سخت مایوس ہوئیں کیونکہ وہ پورا عزم کر چکی تھیں کہ وہ چین کے انیسویں دستہ کو جو کینٹن سے آیا تھا شنگھائی کے نواح سے پاک کر دے۔

جنیوا کا ایک دوسرا پیام مظہر ہے کہ ڈاکٹر ین (چینی سپہ سالار) نے جمعرات کی شام کو جمعیۃ الاقوام کے اجلاس میں یہ اعلان کیا کہ مصالحت کی جو گفت و شنید ہو رہی تھی وہ ٹوٹ گئی کیونکہ جاپان نے ان شرائط کو پورا نہیں کیا جو ۲۸ فروری کو امیر البحر کیلی کے جہاز پر طے ہوئی تھیں۔ نیز جاپان نے جو شرطیں پیش کی ہیں وہ فاتحانہ انداز کی ہیں لہٰذا چین انہیں قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔

جاپانی نمائندہ کا جواب

ڈاکٹر ین نے جمعیۃ الاقوام سے اپیل کی کہ وہ ان شرائط کے مطابق التواء جنگ کی کوشش کرے جو اس دن طے ہوئی تھیں۔ جاپانی نمائندہ مسٹر مسودہ نے اس تار کو پڑھ کر سنایا جس میں لکھا تھا کہ حکومت جاپان نے فوجوں کو آگے بڑھنے سے روکنے کا حکم دے دیا ہے آپ نے مشرق اقصیٰ میں جاپان کی جنگی کارروائیوں کو جائز قرار دیا اور ان کی تشریح کی۔

شنگھائی کا ایک تار ۴ مارچ کا مظہر ہے کہ باوجود ڈاکٹر ین کے اعلان کے وہاں جنگ بند ہو چکی ہے معلوم ہوا ہے کہ جمعرات کی دوپہر سے جنگ بند ہو چکی ہے۔

چینی نمائندہ کا جاپان پر الزام

جنیوا ۴ مارچ۔ اس وقت تک جاپانی اور چینی نمائندوں نے جلسہ کانفرنس کے اجلاس میں اخلاق و مروت کا ثبوت دیا تھا وہ رویہ یک بیک تبدیل ہو گیا کیونکہ چینی نمائندہ نے جمعیۃ الاقوام کی کمیٹی میں جاپان پر یہ الزام عائد کیا کہ جاپان ابھی تک حملہ کر رہا ہے اور جنگ دوبارہ شروع کر دی ہے۔ جاپانی حملہ آوروں کا مقصد یہ ہے کہ شنگھائی اور نانکنگ کے درمیانی رقبہ پر قبضہ جمائے۔ جمعیۃ الاقوام کے اجلاس میں جاپانی اور چینی نمائندوں میں اس قدر تیزی اور شدت تھی کہ اجلاس کو منقطع کرنا پڑا۔

جمعیۃ الاقوام کی تجویز

آخر میں کمیٹی نے ایک تجویز منظور کی جس میں جنگ کے فوری التواء کی درخواست کی گئی ہے اور یہ مشورہ پیش کیا گیا ہے ...

جنگ برابر جاری ہے

آخری تار

ہندوستان بھر میں گرفتاریاں اور سزایابیاں
رہائی کے بعد نوٹسوں کی تعمیل۔ جلسے منتشر کر دیئے گئے

مدراس ۵ مارچ۔ کل چار عورتوں اور ۹ مردوں نے رتن بازار سے ایک جلوس نکالا جس میں انہوں نے اشتہارات تقسیم کئے اور قومی نعرے لگائے۔ پولیس نے جلوس کو روک کر اس کو منتشر ہونے کا حکم دیا۔ منتشر نہ ہونے پر عورتوں کو گرفتار کر لیا گیا، اور مردوں کو بیدوں سے زد و کوب کر کے منتشر کر دیا گیا۔

الٰہ آباد ۵ مارچ۔ پچاس ساٹھ آدمیوں کا ایک جلوس بہ تحفظ پارک میں پہنچا۔ سابق اسسٹنٹ سیکرٹری آل انڈیا کانگریس کمیٹی تقریر کے دوران میں گرفتار کر لئے گئے۔ جلسہ منتشر کر دیا گیا۔ جہلا سبھا امیر وڈ اور جہلا کانگریس کمیٹی دعامہ بورنگلاف قانون قرار دیدی گئی ہیں۔

احمد آباد۔ کل جو اشخاص غیر ملکی پارچہ کی دوکانوں پر پکٹنگ کرتے ہوئے گرفتار کئے گئے تھے ان میں گاندھی جی کے بھتیجے کانتی لال گاندھی بھی شامل ہیں۔

بمبئی ۵ مارچ۔ بمبئی کلاتھ مارکیٹ۔ پیس گڈس۔ کاٹن اور دیگر تجارتی ...

مولانا شوکت علی کا دورہ سرحد
بسلسلہ صفحہ دو

تباہ کرانے کے لئے صوبہ سرحد جا رہے ہیں۔ لاہور میں مولانا کی عام جلسے اور صوبہ سرحد کے سفر کے متعلق چند بیہودہ خیالات کا اظہار کیا گیا تھا۔ ... خاص طور پر یہ ثابت کر دیا کہ مولانا کے دوست اور دشمن سب کی ان کے اس اقدام کو نظر ناپسندیدگی دیکھتے ہیں اور ان کی حرکات و سکنات کو مشتبہ سمجھا جاتا ہے۔ اس کے باوجود مولانا جو وعدہ کر چکے تھے اور جو کام اپنے ذمے لے چکے تھے اس سے عہدہ برآ ہونے کا سوائے اس کے اور کوئی طریقہ ہی نہ تھا کہ سرحد جاتے اور اس بدنامی کو برداشت کر لیتے۔ چنانچہ وہ روانہ ہو گئے۔

پشاور میں ورود

لاہور سے روانہ ہونے کے بعد مولانا شوکت علی ۲۸ فروری کو پشاور پہنچے۔ اگرچہ ایک اطلاع میں جو مولانا کے پشاور پہنچنے کے متعلق تھی صرف یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ "پشاور میں آپ کا شاندار استقبال ہوا" مگر مجھے حقیقت معلوم ہے کہ یہ استقبال سرکاری نقطۂ نگاہ سے "شاندار" تھا قومی نقطۂ نگاہ سے شاندار نہ تھا ...

دورہ سرحد کی یادگار

حکومت کا پروپیگنڈا

رنگون کی مسجد کی دیوار شہید کر دی گئی
۱۵ مسلم خاندانوں کی ہجرت

ایک بے بنیاد افواہ کی تردید
نواب محمد اسمٰعیل خاں کا بیان

مدرسہ اسلامیہ چوموں کا فیصلہ
ایک دیرینہ تنازعہ کا خاتمہ بالخیر

حکومت امن و قانون کو ہر صورت میں برقرار رکھیگی
احراری تحریک اور سول نافرمانی نے حکومت پر برا اثر ڈالا ہے
موجودہ مشکلات پر گورنر پنجاب کی تقریر

ریلوے سٹیشن پر ایک انقلاب پسند کی گرفتاری
ریوالور اور کارتوسوں کی برآمدگی

مسٹر عباس طیب جی کی رہائی
رہائی کے بعد نوٹس کی تعمیل

آگرہ میں گیا کے احراری رضاکاروں کا استقبال

سابق شاہ افغانستان کا تردیدی اعلان

صوبہ سرحد میں حاجی صاحب ترنگ زئی کی سرگرمیاں
مہمندیوں کی طرف سے نئے گورنر کو مبارکباد

پشاور ۵ مارچ۔ کل علاقہ باجوڑ میں دو لشکر پہنچ رہے تھے پہلا لشکر فقیر علی نگرگی زیر قیادت سالارزیوں پر مشتمل تھا جو منتشر کر دیا گیا اور دوسرا مہمندیوں کا لشکر تھا جو وادی ابنا بر کو چلا گیا ہے۔ قبائل کے دو سو آدمی کوچ کر کے مہمندی علاقہ کو جا رہے ہیں اور حاجی صاحب ترنگ زئی کی ترغیب پر مقامی مہمندوں کو مشتعل کر رہے ہیں۔ لیکن ابھی ان کو کامیابی حاصل نہیں ہوئی ہے۔

تقریباً دو سو کانگریسی کارکنوں کو جنہوں نے سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے پولیس نے کسی طاقت کو استعمال کئے بغیر منتشر کر دیا۔ کیونکہ یہ لوگ مولانا شوکت علی کی آمد پر مخالفانہ مظاہرہ کرنا چاہتے تھے۔

مولانا شوکت علی کل دہلی روانہ ہو گئے ہیں۔ آپ نے روانگی سے قبل ایک ملاقات میں فرمایا کہ کانگریسی میرے اور میرے استقبال کے متعلق مختلف خبریں مشہور کرتے رہے ... تھا اور اب ان کی موجودگی میں کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ پٹھانوں کو گاندھی جی اور کانگریس کی غلط رہنمائی میں چلنے کے لئے گمراہ کر سکے۔

صوبہ سرحد کا انتخاب

پشاور ۵ مارچ۔ علاقہ تیراہ، باڑہ اور مردان سے ۱۰ مہمند قبیلہ کے تقریباً ایک سو ملک کل گورنمنٹ ہاؤس پر پہنچے اور انہوں نے سر رالف گرفتھ کو صوبہ سرحد کا گورنر مقرر ہونے پر مبارکباد دی۔ صوبہ سرحد کی کونسل کا انتخاب غالباً سات اپریل کو عمل میں آئے گا۔

ریاستوں میں ریلوے کے اختیارات کا معاملہ
تمام ریلوے میں تبادلہ کا اصول قائم کیا جائے
گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی کا اجلاس

نئی دہلی ۵ مارچ۔ آج گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی کا اجلاس تین گھنٹہ تک جاری رہنے کے بعد ۹ مارچ تک کے لئے ملتوی ہو گیا آئندہ کمیٹی کی نشست شملہ میں شروع ہوگی۔ آج کمیٹی نے ریاستوں میں ریلوں کے اختیارات کے مسئلہ کے متعلق بحث کی۔ ... سلطانی ہندوستانی ریاستوں کی جانب سے نمائندگی کرتے ہوئے کہا کہ دیوانی و فوجداری معاملات میں تمام ریلوے لائنوں میں تبادلہ کا اصول قائم کیا جائے۔ برطانوی ہند کے نمائندوں نے یہ خیال ظاہر کیا کہ اس مسئلہ پر دوبارہ غور و خوض کیا جائے۔ اس غرض کے لئے ایک چھوٹی سی سب کمیٹی مقرر کی جائے جو ریاستی اور برطانوی ہند کے نمائندوں پر مشتمل ہو۔

تشدد کا طریقہ کامیاب نہیں ہوتا
روانگی کے وقت سابق صدر اسمبلی کا بیان

بمبئی ۵ مارچ۔ مسٹر وٹھل بھائی پٹیل، سابق صدر جمعیۃ مقننہ، آج "راجپوتانہ" جہاز سے دیانا بغرض علاج روانہ ہو گئے اپنی روانگی سے قبل انہوں نے اخبارات کے نام ایک بیان شائع کیا جس میں وہ لکھتے ہیں کہ گذشتہ عام انتخابات میں اہل برطانیہ کو جو کامیابی ہوئی تھی اسے دیکھ کر وہ مدہوش ہو گئے تھے افسوس کہ وہ ہندوستان کے مسئلہ کو گاندھی جی سے طے کرنے کے بہترین موقعہ کو اپنے ہاتھ سے کھو رہے ہیں۔ ہندوستان کے مسئلہ کے تصفیہ میں صرف گاندھی جی سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ اہل برطانیہ کی یہ سخت غلطی ہوگی اگر وہ یہ سمجھیں کہ موجودہ حکومت برقرار رہ کر وہ برطانوی تجارت کو فروغ دے سکیں گے۔ بلکہ برخلاف اس کے وہ ...

سرحدی اقوام ہندوستان کی دربان ہیں

سیاسی قیدیوں کو تازیانوں کی سزا نہ دی جائے
سرگردہ وکلاء کا احتجاج

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ توڑ دی گئی
صدر جمعیۃ کو کل اختیارات دیدیئے گئے

بھنگی اور برہمن کو ایک درجہ میں رکھا جائے
بمبئی کے اچھوتوں کا مطالبہ

دہلی میں الیکاون خواتین کی گرفتاری
اسمبلی میں ہوم ممبر کا بیان

اخبار الجمعیۃ کی ملکیت میں تبدیلی

تحریک احرار کے ایک مجاہد کا پاپیادہ سفر

مجالس احرار توڑ دی گئیں

طبیہ کالج کا جھگڑا ختم ہو گیا

گیا کا احراری دستہ گرفتار

گاندھی جی کا پریس واپس کر دیا گیا

"ہمارا انتظام جنگ جیسا ہے"
شورش کے انسداد پر گورنر بہار کی تقریر

گمشدہ کی تلاش

مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اجلاس
بائیکاٹ کی تجویز پھر ملتوی کر دی گئی
اراکین مجلس کی جنگ زرگری

دہلی ۷ مارچ۔ مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اجلاس کل سے دریا گنج میں مولانا شفیع داؤدی کی قیام گاہ پر منعقد ہو رہا تھا معلوم ہوا ہے کہ گول میز کی کمیٹیوں کے بائیکاٹ کی قرارداد پر بحث ہوئی۔ مگر جیسا کہ اب تک مسلم کانفرنس کا طرز عمل رہا ہے۔ اس مرتبہ بھی اس کی مجلس عاملہ نے اس معاملہ کو کھٹائی میں ڈال دیا اور کوئی قطعی فیصلہ کرنے کے بجائے ایک ایسی قرارداد منظور کی جس کا عدم اور وجود برابر ہے۔ وہ قرارداد حسب ذیل ہے:-

"اس کمیٹی کی رائے میں اب وقت آگیا ہے کہ وہ گول میز کانفرنس اور اس کی مقرر کردہ سب کمیٹیوں کے ساتھ اپنے تعاون کے مسئلہ پر دوبارہ غور کرے اس لئے یہ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ کانفرنس اپنے آئندہ اجلاس میں جو لاہور میں ہونے والا ہے اس قرارداد پر غور و خوض کرے۔ جو ۳ جنوری کو اس کی کے سامنے پیش کی گئی تھی اور جو حسب ذیل ہے:-

چونکہ مسلمانوں کے وہ کم سے کم مطالبات کو جنہیں آل انڈیا مسلم کانفرنس نے یکم جنوری ۱۹۲۹ء کو مرتب کیا تھا گول میز کانفرنس نے تسلیم نہیں کیا ہے اور نہ حکومت نے اور چونکہ اس کانفرنس کا یہ مسلمہ اصول ہے کہ جب تک وہ مطالبات منظور نہ کر لئے جائیں وہ دستور اساسی کی تدوین میں کوئی حصہ نہ لیگی اس لئے یہ مجلس عاملہ گول میز کانفرنس اور اس کی مقرر کردہ دیگر مجالس کے مسلم اراکین کو حکم دیتی ہے کہ وہ اس میں کام کرنے سے انکار کر دیں تاوقتیکہ حکومت ان کے مطالبات کو منظور کرنے کا اعلان نہ کر دے۔ مجلس مسلمانوں کو بھی مشورہ دیتی ہے کہ وہ ان کمیٹیوں کے سامنے شہادتیں اور بیانات دینے اور اس کے ساتھ کسی اور طرح بھی تعاون کرنے سے احتراز کریں۔"

تحریک کو کس کے ماتحت رکھا جائے
میعاد کے بعد آرڈیننسوں کا حشر

دہلی کے لئے مجلس قانون ساز کا مطالبہ

درجہ رسوا کن منظر پیش نظر رکھ کر سمجھ لیا کہ انہوں نے ظرافت نگاری کا ایک بالکل ہی اچھوتا عنوان تلاش کر لیا۔ آپ کے جداس سال کے ایک دوسرے لاہوری رسالہ کے عید نمبر میں ایک ایسے ہی خود پسند ظرافت نگار صاحب نے عید پر ایک نہایت مبتذل سوقیانہ اور تحقیر آمیز مضمون رسید فرمایا ... حالات کا نہایت مکروہ ذلیل حصہ عمل دکھایا ہے بدقسمتی سے ان رسائل کو جن قسم کے نااہل ظرافت نگار حاصل ہیں اسی حیثیت سے ان پرچوں کے مالک اور ایڈیٹر کو ذوق ادب کے علم دارح ہوئے ہیں اور قطعاً نہیں سمجھتے کہ عید۔ عید گاہ، عید کی نماز، یا عید کے لوازم و آداب میں کتنی ہی کمزوریاں بھی ہوں مگر یہ تمام چیزیں فی الجملہ اسلامی شعائر و آداب سے ہیں اس لئے ان کا مذاق اڑانے اور عوام میں ان کی رسوا کن تفصیلات پیش کرنے سے پہلے یہ سوچ لینا ضروری ہے کہ چند مخصوص کمزوریاں ایسی بھی ہیں جن کی سر بازار اصلاح مفاد قومی کے خلاف ہے۔ مگر اس کا کیا علاج کہ

آدمیاں گم شدند ملک خدا خر گرفت

منٹگمری اسلامیہ ہائی اسکول دہلی
جلسۂ تقسیم انعامات

دہلی ۶ مارچ۔ آج ۲ بجے جیون بخش ہال میں منٹگمری اسلامیہ ہائی اسکول کا سالانہ جلسۂ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ ہندو اور مسلمان معززین شہر کا کافی اجتماع تھا۔ ... ضیاء الدین احمد ایم اے صدر جلسہ تھے ... صدیقی صاحب عثمانی سکرٹری منتظمہ کمیٹی نے اپنی مطبوعہ رپورٹ پڑھ کر سنائی جس میں اسکول کی ابتدائی تاریخ، اس کی موجودہ حالت اور اس کے متعلق آئندہ اسکیم پر روشنی ڈالی گئی تھی ...

کارکنان "مباہلہ" کے مقدمہ کا فیصلہ
حکومت کی مرزائیت نواز پالیسی کیخلاف احتجاج کی ضرورت

میں نے کل روزنامہ زمیندار مورخہ ۸ مرفروری کے تیسرے پرچہ میں پڑھا کہ مولانا عبدالکریم صاحب مولوی فاضل مالک اخبار "مباہلہ" امرتسر اور ان کے والد ماجد اور بھائی اور ایک رفیق کار کو مرزا محمود خلیفہ قادیان کے "تقدس" کا بھانڈا پھوڑنے کے جرم میں ان کو مکمل صفائی پیش کرنے کا موقعہ دئے بغیر چھ چھ ماہ قید سخت اور ستر ستر روپیہ جرمانہ کی سزا دیدی گئی ہے۔ گویا حکومت نے اپنی مرزائیت نواز پالیسی کو قانونی شکل دیدی ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ آیندہ مرزا محمود کی خلافت اور ان کے مصنوعی تقدس کی حقیقت کو آشکارا کرنا "جرم" ہوگا اس کے علاوہ مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی وغیرہ کے "جرائم" میں اس چیز کو بھی شامل کیا جاچکا ہے کہ وہ مرزائیوں کے خلاف کام کرتے تھے اور اسی قسم کے بعض مقدمے امرتسر اور سیالکوٹ وغیرہ میں بھی دائر ہیں یہ خطرناک صورت حال اس امر کی مقتضی ہے کہ تمام مسلمانان ہند حکومت کی اس کھلم کھلا مرزائیت نواز پالیسی کی مذمت میں جابجا عظیم الشان جلسے منعقد کریں اور جلوس نکالیں اور حکومت سے پرزور مطالبہ کریں کہ وہ اس مسلم آزار روش کو ترک کردے۔ کارروائی کی نقول وائسرائے ہند اور مقامی صوبوں کے گورنروں کے علاوہ اسلامی اخبارات کو بھیجی جائیں۔ جمعیۃ علماء ہند اور مجلس احرار ہند سے درخواست ہے کہ وہ اس مظاہرہ کے لئے ایک دن مقرر کرکے اس کا فوری اعلان کریں۔

اس کے ساتھ تمام علمائے کرام اور مشائخ عظام کی خدمت میں بھی مؤدبانہ التجا کرتا ہوں کہ اگر وہ فی الواقع مرزائیت کے وجود کو مسلمانوں کے لئے لعنت سمجھتے ہیں تو جمود اور خاموشی کو خیرباد کہہ کر میدان عمل میں تشریف لائیں اور حکومت پر واضح کردیں کہ اس کی مرزائیت نواز پالیسی نے تمام مسلمانوں کو ناراض کردیا ہے اسی طرح اسلامی اخبارات کا بھی فرض ہے کہ وہ حکومت کی اس مسلم آزار روش کے خلاف پوری قوت کے ساتھ آواز بلند کریں اور مسلمانوں کو دعوت عمل دیں۔

کارکنان "مباہلہ" قادیانیوں کے پے درپے مظالم کی وجہ سے سخت مالی مشکلات میں مبتلا ہیں اور اب جب کہ وہ سزایاب ہوچکے ہیں ان کی عسرت و تنگی کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ مجھے ابھی تک اس کا علم نہیں ہوا کہ انہوں نے اپیل دائر کی ہے یا نہیں؟ اگر وہ اپیل دائر کرچکے ہیں تو تمام حساس مسلمانوں کا فرض ہے کہ ان کی اس آڑے وقت میں امداد کریں اور اگر وہ حکومت کی مرزائیت نواز پالیسی کے پیش نظر اپیل کو بے سود سمجھتے ہوئے جیل میں چلے گئے ہوں تو اس صورت میں بھی ان کی خانگی ضروریات و مشکلات کا تقاضہ ہے کہ اہل اسلام مالی امداد کی طرف فوری توجہ کریں۔ روپیہ بہرصورت "حضرت مولانا محمد حسن صاحب مدرس نعمانیہ مسجد جامع شیخ خیرالدین مرحوم امرتسر" کی معرفت بھیجا جائے اور یہ تصریح کردی جائے کہ یہ روپیہ کارکنان "مباہلہ" کی امداد کے لئے بھیجا جارہا ہے۔

(محمد بہاءالحق قاسمی امرتسری از کلکتہ)

مدرسہ امدادیہ مرادآباد کا جدید دور

خداوند تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ مدرسہ امدادیہ مرادآباد تقریباً پچاس سال سے علوم دینیہ واشاعت مذہب میں سرگرم عمل ہے اور برابر مشاہیر علماء کا مرکز رہا اور کثیر تعداد میں حفاظ اور علماء نے سند فضیلت حاصل کی مسلمانان ہند کو بالعموم اور مسلمانان مرادآباد کو بالخصوص معلوم ہے کہ زمانہ قیام حضرت مولانا سید محمد مرتضیٰ حسن صاحب مدظلہ العالی میں انجمن تائید الاسلام متعلقہ مدرسہ نے جو جو تبلیغی کارنامے کئے وہ واضح ہیں مگر حضرت مولانا موصوف کو کارکنان دارالعلوم دیوبند ۶ ماہ کے لئے عارضی طور پر لے گئے تھے دارالعلوم دیوبند کی ضروریات اور کارکنان دارالعلوم نے واپس نہ ہونے دیا اس وقت سے کارکنان مدرسہ ہذا اولیٰ کے برابر ساعی رہے الحمدللہ کہ گیارہ سال کے بعد کامیابی ہوئی چنانچہ مولانا موصوف ماہ شوال ۱۳۵۱ھ میں مستقل طور پر بعہدہ صدر مدرسی تشریف لے آئے ہیں لہذا طلبائے علوم عربیہ کو بالعموم اور فارغ التحصیل طلباء کو بالخصوص مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر مدرسہ ہذا میں بغرض تحصیل علم تشریف لائیں تو خدا چاہے حسب لیاقت و استعداد تمام دطعام اور وظائف کا مکمل انتظام کیا جائے گا نیز کارکنان مدرسہ کا طلباء کو تقریر و تحریر اور تعلیم مناظرہ کا عرصہ سے خیال تھا۔ مولانا کی تشریف آوری کے بعد اب اس کا باقاعدہ انتظام ہوگا۔ لہذا جو فارغ التحصیل طلباء مناظرہ کی لیاقت حاصل کرنا چاہیں وہ جلد از جلد تشریف لانے کی کوشش کریں۔

محمد اکبر کارگزار مہتمم مدرسہ اسلامیہ عربیہ امدادیہ مرادآباد

ایک مسلم نوجوان اور دنیا کا پاپیادہ سفر

محمد قاسم صاحب جن کی عمر تخمیناً اٹھارہ سال ہے کلکتہ کی انجمن وائی۔ ایم۔ سی اے کے ممبر ہیں۔

۱۸ ستمبر ۱۹۳۱ء کو کلکتہ سے پاپیادہ دنیا کا سفر کرنے کے واسطے روانہ ہوکر آنج ۲۸ مارچ ۱۹۳۲ء کو دفتر مجلس احرار دہلی میں تشریف لائے آپ ۱۵۸۲ میل کا سفر طے کرچکے ہیں۔ اس کم عمری میں ان کا تن تنہا اتنا بڑا عزم سفر نہایت حیرت انگیز ہے زمانہ حال کی کوئی ترقی یافتہ یا غیر ترقی یافتہ قوم اپنا کوئی فرد بطور مثال پیش نہیں کرسکتی جس نے دنیا کا پاپیادہ سفر کرنے کی ہمت کی ہو۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہندوستان کا یہ چھوٹا سیاح ہندوستان خصوصاً مسلمان قوم کے لئے مایہ صد فخر و ناز ہو۔

میں تمام مسلمانوں سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ محمد قاسم صاحب جس مقام پر پہونچیں آپ کا پرجوش خیر مقدم کرکے آپ کی حوصلہ افزائی کریں۔ دہلی میں آپ کا قیام ڈیڑھ ہفتہ رہیگا اور اس کے بعد آپ پانی پت کرنال روانہ ہوں گے۔

محمد ابوار احمد سکریٹری مجلس احرار اسلام دہلی

صوبہ سرحد کی ایک خاتون کا انتقال

جناب مولانا حبیب اللہ شاہ صاحب باذارہ نائب ناظم جمعیۃ علمائے افغان ... اسیر ہری پور کے والدہ ماجدہ کا ۲۳ رمضان المبارک کو انتقال ہوگیا ہے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ اپنے فرزند کے گرفتاری کے غم میں بیمار ہوگئیں بیماری روز بروز بڑھتی رہی۔ یہاں تک کہ مرحومہ جان بحق ہوئیں جمعیۃ علمائے افغان مرحومہ کے پسماندگان خصوصاً مولوی عبداللہ شاہ صاحب اور آپ کے والد (جو نہایت ضعیف ہیں) کے ساتھ اس مصیبت عظمیٰ میں اظہار ہمدردی کرتی ہے اور دعا کرتی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس عنایت فرمادے اور پسماندگان کو اجر جزیل و رحمت فرمادے۔ آمین فقط

خلیل الرحمن ناظم جمعیۃ علمائے افغان اتمان زئی

خریداران الجمعیۃ کو چاہیئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنا نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔ (منیجر)

مسلمانوں کی ایک اہم ضرورت پوری ہوگئی

جن مسلمانوں کے دل میں اللہ تعالیٰ نے ملت کا سچا درد دیا ہے وہ ایک مدت سے اس اہم ضرورت کو بے چینی کے ساتھ محسوس کررہے تھے کہ ملک کے گوشہ گوشہ میں ایسی تعلیم گاہیں قائم ہوجائیں جو ملت کے ان نادار فرزندوں کی تعلیم و تربیت کا مستقل انتظام کرسکیں جن میں اتنی استطاعت نہیں ہے کہ وہ تعلیم اور روشنی کے اس زمانہ میں ملت اسلامیہ کے لئے ایک مفید عنصر بن سکیں۔ ...

مولانا شوکت علی کا ریاست حیدرآباد پر حملہ
"زمیندار دکن" کیطرف سے سرزنش

...

سہارنپور میں مڈلٹن رپورٹ کی مذمت

سہارنپور ۲۰ فروری کو کل بعد نماز جمعہ مسلمانان سہارنپور کا ایک جلسہ زیر صدارت مجلس احرار اسلام سہارنپور کے زیر اہتمام بصدارت مولوی حافظ القاری سید محمد حسن صاحب سکریٹری منعقد ہوا اور متعدد تقریروں کے بعد ذیل کی تجویز منظور ہوئی۔

مسلمانان سہارنپور کا یہ عام جلسہ مڈلٹن رپورٹ پر اپنے قطعی عدم اعتماد کا اظہار کرکے اس کی تنقیحات کے خلاف پرزور صدائے مذمت و احتجاج بلند کرتا ہے اور اس نام نہاد رپورٹ کو جس میں مظالم کشمیر کی مجرمانہ حمایت اور مسلمانوں کی انتہائی توہین کی گئی ہے اسلامی حمیت کے نام کھلا چیلنج تصور کرتے ہوئے اعلان کرتا ہے کہ مسلمانان سہارنپور اس کے جواب میں ہر ممکن قربانی پیش کرنے کے لئے تیار ہیں۔

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں۔ مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار کی گئی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mfg: Co. India
Post Box 88 Karachi

بال جڑ سے کالا

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام اطباء کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دار و مدار معدہ پر موقوف ہے ... تمام معدہ کا واحد علاج ہے ...

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

سناٹوجن کے استعمال سے ہر قسم کی تکلیف کا ازالہ

اگر کسی شخص کو بدہضمی پیٹ کا درد استفراغ وغیرہ ہوجائے اور وہ معمولی خوراک کھا کر ہضم نہ کرسکے اور اس کی اعصابی بیماریاں اس کو زندگی کی راحت سے محروم کردیں تو اس کیلئے ایسی خوراک کی ضرورت ہے جو ہضم اور شکم کی کمزوری کو دور کرنے والی ہو جس کے استعمال سے اس کے ہاضمہ کی تمام خرابیاں دور ہوجائیں اس مقصد کیلئے سناٹوجن کی ضرورت ہے یہ خوراک بدن کو بے انتہا طاقت بخشتی ہے اور شکم کی تمام بیماریوں کو دور کردیتی ہے۔ آج ہی سناٹوجن کا استعمال شروع کردیجئے پھر دیکھئے کہ ہر قسم کا درد اور تکلیف کتنی جلدی غائب ہوتے ہیں۔ آپ اس کے استعمال سے طاقت اور صحت محسوس کریں گے۔ اور خوراک کو بغیر کسی دقت اور تکلیف کے ہضم کریں گے۔ صحت کی پہلی نشانی یہ ہے کہ آپ کو بھوک لگے۔

SANATOGEN

ہر دوائی فروش سے دستیاب ہوسکتا ہے

سناٹوجن کو ہاتھ سے نہیں چھوا جاتا اور نہ اس میں کسی ایسی چیز کی آمیزش ہے جو کسی فرقہ اور مذہب کی رو سے ناجائز ہو۔

۱۲ مارچ

۱۲ مارچ کو یاد رکھئے ... امرت دھارا اور اس کے مرکبات ... کل ادویات و کتب نصف قیمت پر لیجئے!

جناب کوی ونود وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت جی شرما وید موجد امرت دھارا و شفاگری کی تیار کردہ چند خاص ادویات جن سے لاکھوں مرد و عورت فیضیاب ہوچکے ہیں ۱۲ مارچ کو جو خطوط آئیں گے ان کو نصف قیمت پر ملیں گی۔ اس اشتہار میں قیمتیں پوری درج ہیں!

چند دیگر ادویات

امرت دھارا ... لاہور

۱۲ مارچ

جناب کوی ونود وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت جی شرما وید موجد امرت دھارا و شفاگری کی تصنیف کردہ کتب جو ہر انسان کے پڑھنے کے قابل ہیں۔ ۱۲ مارچ کو جو خطوط آئیں گے ان کو نصف قیمت پر ملیں گی۔ اس اشتہار میں قیمتیں پوری درج کی گئی ہیں۔

کام ورتی شاستر حصہ اول

امرت دھارا ... لاہور

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کردیا یہ خضاب نہیں خوشبودار تیل ہے جوان بوڑھا سبھی کا بال جڑ سے سات دن میں کالا ہوتو دوگنی قیمت واپس کرنے کی عدالت میں اس کا شرط لکھا لیں بہت جگہ سے اس کا خوشخبری آگیا ہے۔ منگا کر دیکھیں قیمت چار روپیہ (للعہ)

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹورس دربھنگہ

مقویات سرتاج عالم

آتنک نگرہ گولیاں قبض اور بدہضمی خون اور منی کی خرابی وکمی جریان احتلام سرعت انزال رقت منی وغیرہ کی شکایتیں نابود کرکے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہیں ضرور تجربہ کریں صحت و تندرستی کی نعمت کام شاستر بالکل مفت طلب فرمادیں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

حلفیہ بیان اور لعنت اللہ علی الکاذبین کا استعمال

آجکل اشتہارات میں عام ہوچکا ہے ...

ضرغام الدولہ خاں ابو شیرال ریاست انب حال مقام لالوگلی تحصیل ہری پور ہزارہ

دمہ، بواسیر، سوزاک، کوڑھ، سفید داغ اگر دوا کھاتے کھاتے تھک گئے تو میری جڑی بوٹی کی دوا ... بوٹی میڈیکل ہال ... دربھنگہ



صرف چند روز کے لئے مفت
فینسی رسٹ واچ مفت

شاہی سرمہ جس کے استعمال سے آنکھ کے ہر قسم کے مرض دور ہوجاتے ہیں ... قیمت ایک شیشی ایک روپیہ ... ہر ایک گھڑی کی مضبوطی کی گارنٹی پانچ سال مال ناپسند ہونے پر قیمت واپس۔

ملنے کا پتہ
ایشیا رسٹ واچ کمپنی جھانسی سٹی دیو۔ پی

محبوب عاشق کے قدموں پر

... ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۳۵ دہلی

تارکا پتہ الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایکبار)
نصف صفحہ
ایک کالم

الجمعیۃ

سہ روزہ — دہلی — ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۵ | دہلی - یوم دوشنبہ ۵ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۱۳ مارچ ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۹

معاصرین کے افکار و آراء

جیپور میں اسلامی شعائر کی توہین (ریاست)

مسلمانوں کے مطالبات کا حشر (ملت)

منظوری کا اعلان کافی ہے (امارت)

ایک غیر دانشمندانہ اقدام (ہمدم)

قادیانیوں کے عزائم مشئومہ (زمیندار)

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

یورپ میں طلاق کا ایک نیا قانون

نکاح ایک معاہدہ ہے جو منسوخ ہوسکتا ہے

برطانوی مال خرید و سوسائٹی

ملکی مصنوعات سے ملکہ معظمہ کی دلچسپی

قدیم مصر میں شراب کا استعمال

شراب کے برتنوں کا کیمیاوی امتحان

بشپ ڈین انجی کا نیا تخیل

بیس سال میں سیاسیات کا نقشہ بدلنے کی کوشش

ہالینڈ میں فن صحافت سے دلچسپی

ایک جفت فروش کا پرائیویٹ وائرلیس

دیگر ممالک کے ذمہ برطانیہ کا قرضہ

دیش اُپکارک بُکڈپو لاہور کی چند نئی کتابیں جو حال ہی میں شائع ہوئی ہیں

جن کو صرف ۱۲ مارچ کو خط ڈال کر نصف قیمت پر حاصل کیا جاسکتا ہے!

ادویات — رسالہ خوراک — طب ہندی کی قدامت — علم و عمل کشتہ جات — گوشوارہ تشخیص الامراض — ڈاکٹر لوئی کوہنی کے چار اسنان — جیون شکتی قوت حیات، یا ہم ہمیشہ جوان کیسے رہ سکتے ہیں — دش مول ارشٹ — دودھ نباتات — لغات الادویہ

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ - امرت دھارا بھون - امرت دھارا روڈ - امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

دلہن بہار تیل

ایک سو روپیہ انعام اس کو دئے جائیں گے جو ہمارے ایجاد کردہ دلہن بہار تیل میں کسی قسم کا نقص ثابت کریگا

دلہن بہار تیل کے اوصاف

قیمت صرف ایک روپیہ (۸۰) علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ — منیجر صوفی دوا خانہ گلی قاسمجان دہلی

حجاج و زائرین کو مژدہ

منیجر مسلم یونیورسٹی پریس علی گڈھ

انخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب علی آشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیری خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمایا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔

مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ علاوہ محصولڈاک

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے یا ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی بلا جلد مجلد پارچہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الدین میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۵ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ ہجری

مسلم کانفرنس کی ابلہ فریبیاں

حکومت سے علانیہ تعاون اور قوم کو کھلا ہوا دھوکہ

شاید ہندوستان کے مسلمانوں سے زیادہ سادہ لوح قوم دنیا کے پردہ پر کہیں موجود نہ ہوگی ...

"کانفرنس کی رائے ہے کہ سلالات مطالبات پوجو کانفرنس نے منظور کئے ہیں ..."

۹ راگست ۱۹۳۱ء کا فیصلہ

دورخی پالیسی

بغاوت اور غداری

قوم کی حکیمیاں

مضحکہ خیز اور قابل رحم

پاسپورٹ کیوں نہیں دیا جاتا؟

احرار "زمیندار" اور "انصاف"

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

ڈکٹیٹر مجلس احرار اسلام گیا کی گرفتاری

اسمبلی میں وفد سرحد کے متعلق دوبارہ سوال و جواب

حکومت کے تمام خطوط منظر پر آ گئے

چیف کمشنر کی دعوت اور مولانا شفیع داؤدی کی رضامندی ثابت ہو گئی

سر ہاول نے ارکین وفد کی خدمات کا شکریہ ادا کیا اور آئندہ کے لئے انہیں ہدایات دیں

دوشنبہ کے دن ۷ مارچ کو اسمبلی میں مولانا شفیع داؤدی اور ان کے رفیق "مشن" کے سفر سرحد کے متعلق سوالات کا ایک طویل سلسلہ جاری رہا جن کے جواب میں سر ایولین ہاول سکرٹری فارن اینڈ پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ نے میز پر وہ ۹ ملی دعوت نامہ بھی رکھ دیا جو مولانا شفیع داؤدی کو حضرت مولانا احمد سعید صاحب کے دولت خانہ پر ۱۸ فروری کو موصول ہوا تھا اور جس کے متعلق نامہ نگار الجمعیۃ نے حقائق "صلت" کے معمے کو حل کرتے ہوئے اہم تفاصیل پر روشنی ڈالی تھی۔ اس خط کے علاوہ ایک اور خط بھی جو فارن سکرٹری نے مولانا شفیع داؤدی کے نام لکھا تھا منظر پر آ گیا اور بہت سی خطیہ باتیں ضمنی سوالات کے ذریعہ روشنی میں لے آئی گئیں۔ اس مرتبہ مولانا شفیع داؤدی نے بھی سوالات میں حصہ لیا اور سر ہاول سے اپنے مفید ...

تمام خطوط میز پر رکھنے کا مطالبہ

اصلی دعوت نامہ

پروانہ خوشنودی

"ابتداء" چیف کمشنر نے کی

حقیقی ابتداء کس نے کی

"احتجاج" یا "رضامندی"

مولانا شفیع داؤدی کے سوال پر اعتراض

سافران سرحد پر پابندیاں

لفافہ پیش کر دیا گیا

صوبہ سرحد کا ایک جلسہ عام

صدر ناظم جمعیۃ العلماء کا شکریہ اور اخبار الجمعیۃ کی خدمات کا اعتراف

مولانا شوکت علی کا "دورۂ سرحد"

پشاور کے اخبار "فرانٹیئر ایڈووکیٹ" کا بیان

الیسوسی ایٹڈ پریس کی اطلاع کی تصدیق

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کے خلاف

ایمرجنسی آرڈیننس کے ماتحت نوٹس

دہلی ۱۱ مارچ۔ گذشتہ شب تقریباً ۸ بجے حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کے دولت خانہ پر سب انسپکٹر پولیس علاقہ نمبر ۳ مع چند سی آئی ڈی کانسٹبلوں کے حسب ذیل نوٹس لیکر پہنچے۔ چونکہ حضرت مفتی صاحب نے اس نوٹس کو لینے سے انکار کردیا اس لئے پولیس یہ نوٹس دروازہ پر چسپاں کرکے چلی گئی۔

ہرگاہ کہ چیف کمشنر دہلی نے مجھے یہ اختیارات دیئے ہیں کہ میں ایمرجنسی پاورس (ہنگامی اختیارات) کے آرڈیننس دوئم مجریہ ۱۹۳۲ء کے ماتحت احکام جاری کرسکوں اور ہرگاہ کہ مجھے اطمینان ہے کہ آپ مفتی کفایت اللہ کے خلاف کارروائی کرنے کیلئے میرے پاس کافی وجوہ موجود ہیں۔ کیونکہ آپ اپنی قوم کے افراد متاثر کرنے کے لئے گورنمنٹ کے خلاف سخت تقریریں کرتے رہے ہیں اور کیونکہ معلوم ہوا ہے کہ آپ اور آپ کے رفقاء کار یہ ارادہ کررہے ہیں کہ ایک اعلان یا ایک بیان گورنمنٹ کے خلاف شائع کریں۔

اسلئے میں اب آپ کو ہدایت کرتا ہوں کہ آپ آئندہ سے اس طریق پر عمل نہ کریں جو امن وحفاظت عامہ کے منافی ہو اور گورنمنٹ کے خلاف کسی تحریک کو ترقی دیتے یا اور کسی عمل یا پروپیگنڈا سے خواہ وہ کسی ہی کیوں نہ ہو مجتنب رہیں۔

ان احکام کی خلاف ورزی کی سزا زیر دفعہ ۲ آرڈیننس مذکورہ دو سال تک کی قید یا جرمانہ یا دونوں ہوسکتی ہے۔

مورخہ ۹ مارچ ۱۹۳۲ء

دستخط جے رچی جانسن
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ دہلی

بعد کی خبر
حضرت مولانا عبدالماجد صاحب کو نوٹس

معلوم ہوا ہے کہ آج صبح ۹ بجے حضرت مولانا عبدالماجد صاحب صدر مجلس احرار اسلام دہلی پر بھی اسی قسم کا نوٹس تعمیل کرایا گیا ہے۔

سرحد پر مختلف قبائل کا اجتماع

حکومت کے خلاف حاجی صاحب ترنگ زئی کی سرگرمیاں

حکومت ہند کا سرکاری اعلان

صوبہ سرحد کا یہ کمیونیکے مظہر ہے کہ گذشتہ تین یا چار ہفتوں سے متعدد مشہور انتہا پسند اور جوشیلے تو اپنی خصوصاً حاجی صاحب ترنگ زئی جو خان عبدالغفار خاں کے رشتہ دار بھی ہیں، ان کے صاحبزادے بادشاہ گل، فقیر علی نگرا اور مرحوم بابرا ملا کے ایک فرزند حکومت کے خلاف ماورائے سرحد کے ان قبائل میں بغاوت پھیلانے کی کوششیں کررہے تھے جو دریائے کابل کے بالکل شمال میں آباد ہیں۔ یہ لوگ قبائل مہمند، اتمان خیل (اور باجوڑ کے بعض اور قبائل) میں حکومت کے خلاف جہاد کے جذبات پیدا کررہے ہیں۔ یہ تحریک اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ کانگریس یا "سرخ قمیص" کی تحریک کا ادعائے عدم تشدد محض زبانی ہے اور یہ تحریک صوبہ سرحد میں حقیقتاً کانگریسی تحریک کا جزو ہے۔ وہ لوگ جو باشندگان سرحد اور قبائل کو حکومت کے خلاف کھلم کھلا بغاوت کرنے کی ترغیب دے رہے ہیں، ابتدا سے اب تک پشاور کی کانگریس کے بعض سربرآوردہ لوگوں سے تعلق رکھتے تھے اور اب بھی انہیں ان متعدد سرخپوشوں سے امداد مل رہی ہے جو گرفتاری سے جان بچاکر سرحد پار چلے گئے ہیں۔ مثلاً سرخپوش سالار سمندر (ترناب چارسدہ) چند دنوں سے حاجی صاحب ترنگ زئی کے ساتھ فروکش ہیں۔ اور وہی ان متعدد اشتہارات کی تقسیم کے ذمہ دار بھی ہیں جو بادشاہ گل کے نام سے سائیکلو اسٹائل پر چھپوا کر تقسیم کئے گئے ہیں جن میں قبائل کو حکومت کے خلاف جنگ کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔ کانگریسی ایجنٹ بھی ان مجاہد ہندوستانیوں کی آبادی جماعت سے جو سمرقند میں ہے نامہ وپیام رکھتے ہیں جن کی نقل وحرکت ہمیشہ حکومت کے خلاف ہوتی ہے۔ اور جن کا کھلم کھلا مقصد، جیسا کہ انہوں نے شائع کیا تھا یہ ہے کہ وہ گاندھی جی اور دیگر کانگریسی لیڈروں کو رہا کرائیں۔ ان لوگوں کی یہ کوششیں کہ وہ قبائل کو آمادہ جنگ کریں، کچھ زیادہ کامیاب نہ ہوسکیں لیکن گذشتہ چند دنوں میں صورت حال بدل گئی ہے۔

لشکر کا اجتماع

مہمندیوں اور راجڑی کے دیگر قبائل سے مشتمل ایک لشکر مہمندی علاقہ میں داخل ہوگیا ہے جو آج کل دالش کول میں خیمہ زن ہے جو سرحد سے بارہ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ حاجی صاحب ترنگ زئی امکانی کوششیں کررہے ہیں کہ بالائی مہمندی علاقہ کے باشندوں کا لشکر جمع کرکے اپنے موقع بنالیں اور پھر انہیں برطانوی سرحد کی طرف لے آئیں اور شمال میں سالارزئی کا ایک باجوڑی لشکر جس میں اتمان خیل بھی شامل ہیں۔ نجکورہ دریا کے مغرب میں جمع ہورہا ہے جو دیر کی مغربی سرحد سے بالکل متصل ہے۔ یہ لشکر عنقریب دریا عبور کرکے چترال کی سڑک پر حملہ کرنے والا ہے۔

حکومت کی طرف سے گولہ باری کی دھمکی

دہلی میں ایک معزز خاندان کے رکن کی خودکشی

مسٹر عزیز الحسن کو عورتوں کے سامنے زدوکوب کیا گیا

ناظم جمعیۃ علماء اور مولانا بخاری کے مقدمات کی سماعت

وکلاء کی بحث کیلئے ۱۴ مارچ مقرر ہوگئی

حضرت صدر جمعیۃ علماء ہند کا مکتوب

حاجی محمد عبدالغفار صاحب سوداگر کے نام

حکومت ہند کے میزانیہ میں بارہ کروڑ کا خسارہ

اسمبلی میں رکن مالیات کا بیان

دہلی میں تین بار زلزلے

مولانا شوکت علی کا سفر افغانستان

کلکتہ میں وائسرائے کے طیارہ کا انتظار

مولانا ابوالکلام آزاد کے مکان پر پولیس

مسلمانان دہلی کا جلسہ عام

عبداللہ خاں اور امیر احمد کو پھانسی کی سزا

ملک معظم سے رحم کی درخواست

عبداللہ خاں اور امیر احمد کو پھانسی دیدی گئی

قوم پرور مسلمان اور دستوری کمیٹی کا اجلاس

دعوت قبول کرنے سے مسٹر چھاگلا کا انکار

صوبہ متوسط میں ۱۰۰۹ اشخاص کو سزا

کلکتہ میں مسلمانوں کی ہڑتال

مسلح پولیس کا پہرہ

اسپیشل کانسٹبل کا کام کرو

آرڈیننسوں کو واپس لیا جائے

ریلوے مینز فیڈریشن کا مطالبہ

ٹیلیفون کے تار کاٹ دیئے گئے

بمبئی میں روسی سکوں کی کثرت

چند پشاوری اور عرب گرفتار

فصلوں پر فوج کی نگرانی

دیہاتیوں کا لگان ادا کرنے سے انکار

قبائل پر ہوائی جہازوں سے بمباری شروع ہوگئی

بمباری کے باعث ایک گاؤں میں آتشزدگی

ایک لشکر منتشر کردیا گیا

پشاور ۹ مارچ۔ چیف کمشنر صوبہ سرحد کا کل جو کمیونیکے آج کی اشاعت میں کسی جگہ درج کیا گیا ہے اس میں ان قبائل کو جو کمیونیکے کے بیان کے مطابق حاجی صاحب ترنگزئی اور فقیر علی نگرا کی قیادت اور ہدایت میں حکومت کے خلاف "جہاد" کرنے والے تھے، اپنے لشکروں کو منتشر کرنے کا جو نوٹس دیا گیا تھا اس کے ختم ہوتے ہی سرکاری ہوائی جہازوں نے ان پر ہوائی حملہ کردیا اور بمباری شروع ہوگئی، رسالپور اور کوہاٹ سے ہوائی جہاز روانہ ہوئے اور ان گاؤں پر جو مہمندی اور سالموزی علاقے میں واقع ہیں اور جن کو پہلے سے مطلع کردیا گیا تھا کل صبح سے اور شام کو گولہ باری شروع کردی گئی جس کا بہت ہی اچھا نتیجہ ہوا۔ ایک گاؤں میں آگ بھی لگ گئی بمباری اس وقت تک ہوتی رہے گی جب تک کہ باغی قبائل اپنا رویہ درست نہ کرلیں، لشکر منتشر نہ ہوجائیں اور خاص خاص شورش پسندوں مثلاً فقیر علی نگرا اور بادشاہ گل کو جو حاجی صاحب ترنگزئی کے فرزند ہیں، جو مہمندیوں کو حکومت کے خلاف اکسا رہے ہیں، اپنے ہاں سے نہ نکال دیں۔

نیم سرکاری اطلاعات کا یہ نتیجہ ہوا کہ سالارزئی لشکر جو نجکورہ دریا کے مغرب میں جمع ہو رہا تھا، اور عنقریب چترال کی سڑک پر تسلط کرنے والا تھا، منتشر ہوگیا ہے سوائے اس کے کہ ایک گاؤں میں ایک چھوٹا سا دستہ باقی رہ گیا ہے۔ البتہ ایک لشکر سالموزئی مہمندیوں کا، جو کودہ مسید میں مجتمع تھا اور حاجی صاحب ترنگزئی کی براہ راست قیادت میں تھا اور ہندوستان کی سرحد پر حملہ کرنے کی تیاریاں کررہا تھا، اب تک منتشر نہیں ہوا ہے۔ چنانچہ اس کے خلاف آج ہوائی حملہ شروع ہوگیا ہے۔

صلح کے ساتھ ساتھ چین اور جاپان کی جنگ

ووسنگ میں چودہ ہزار جاپانی سپاہ کی آمد

ہوانگ چو پر جاپانی قبضہ

شنگھائی ۷ مارچ۔ چودہ ہزار جاپانی سپاہی آج ووسنگ میں اتر پڑے ہیں حالانکہ ٹوکیو میں یہ افواہ گرم ہے کہ جاپان میدان جنگ سے اپنی فوجیں واپس بلانے کے لئے تیار ہے اور اب اس کے بعد جنگ نہ ہوگی لیکن اس کا ارادہ ہے کہ بین الاقوامی علاقہ کے جن حصوں پر اس کی فوجیں قابض ہوگئی ہیں وہ ان پر بدستور قابض رہے۔ علاوہ بریں یہ بھی خبر ملی ہے کہ جاپانی ووسنگ نوسیانگ کی ریلوے لائن کی مرمت کررہے ہیں تاکہ وہ سامان جنگ آگے بھیج سکیں۔ اسی طرح چین کا ایک اور تار مظہر ہے کہ جاپانی فوجیں برابر آگے بڑھ رہی ہیں اور یہ کہہ رہی ہیں کہ ان کے قبضہ میں جو علاقے آگئے ہیں وہ بہرصورت ان کی حفاظت کریں گے۔

جنیوا کے تار مظہر ہیں کہ گو مصالحت کی کوششیں ناکام ہوچکی ہیں تاہم مجلس اقوام کے حلقوں میں ابھی تک بالکل مایوسی نہیں ہوئی ہے بلکہ جمعیۃ چہارشنبہ کو اس غرض کے لئے ایک سب کمیٹی مقرر کرنے والی ہے کہ وہ چین اور جاپان کی اس جنگ کی تحقیقات کرے تاکہ اس کے بعد جب جمعیۃ کا عام اجلاس ہو تو وہ اس کے سامنے سارے حالات پیش کرسکے۔

معلوم ہوتا ہے کہ چین کو مجلس اقوام کی اسمبلی کے غور ونتیجہ کا انتظار ہے۔ امید ہے کہ اسمبلی چہارشنبہ کو ختم ہوجائے گی۔ جاپانیوں کے بعض دستے لیوہو میں چینیوں سے برسرپیکار رہے ہیں۔ جاپانیوں نے سردست اقدام بند کردیا ہے لیکن بیرونی اضلاع میں جنگ جاری ہے۔ بعد کی اطلاعات سے معلوم ہوا کہ چینیوں میں جاپانی فوج آگے بڑھ رہی ہے۔ اور جاپانیوں نے ہوانگ چو پر قبضہ کرلیا ہے۔

گوبر میں بم رکھ دیئے گئے

کئی لڑکے مجروح

مجلس احرار کی طرف سے بدیشی کپڑے پر پکٹنگ

بغیر ٹکٹ سفر کرنے پر مقدمہ

تمام ہندوستان میں حکومت کی انتظامی کارروائیاں

سیاسی کارکنوں کی گرفتاریاں اور سزایابیاں

جریدہ انقلاب کی ضمانت میں تخفیف

"زمیندار" کی ضمانت ضبط، چھ ہزار کی مزید ضمانت

کلکتہ کے ایک مشہور قومی کارکن کا انتقال

حاجی فقیر محمد صاحب سوداگر چل بسے!

ڈپٹی کلکٹر مجسٹریٹوں کا کام کریں گے

ترکی سفیر گولی سے ہلاک کردیئے گئے

سفارتخانہ کے ایک ملازم کی سفاکی

صوبہ سرحد کے لئے ایک کروڑ کی رقم

اسمبلی میں التوائے اجلاس کی تحریک

سرینگر میں ایک مسلمان وکیل کا اخراج

دارالعوام میں وزیر ہند کا بیان

مولانا شاکر اللہ صاحب کی سزایابی

امریکہ میں جدید محاصل کا نفاذ

حکومت کے مالیہ میں اضافہ کی کوشش

مولانا شوکت علی کا دورہ سرحد

صوبجات متحدہ میں کل گرفتاریاں

کانپور کے ایک گودام میں شدید آتشزدگی

دانستہ آگ لگائی گئی ہے؟

سابق وزیر اعظم فرانس کا انتقال

ایوان تاجران ہند کا اجلاس ممنوع

چینی ترکستان میں جاپانی مال کا داخلہ ممنوع

ہندوستان کی خواہشات قدرتی ہیں سختی اور تشدد سے کام نہیں چلے گا

ہندوستان کی تحریک آزادی پر لارڈ اروِن کا تبصرہ

لندن ۱۴ مارچ۔ گزشتہ شب اکسفورڈ میں تقریر کرتے ہوئے لارڈ اروِن نے کہا کہ ہندوستان کے حالات کا مطالعہ کرتے ہوئے جیسا کہ میں نے کیا ہے، کہا جا سکتا ہے کہ سیاسی ہندوستان کی خواہشات بالکل قدرتی ہیں کیونکہ انسانی طبائع کا تقاضہ ہے کہ اپنے معاملات کا خود انتظام کرنے کی خواہش رکھیں اور گذشتہ ایک سو سال کی تمام تاریخ کے پیش نظر چاہئیے کہ برطانیہ دنیا کے تمام لوگوں سے زیادہ ان کی خواہش کا احساس کرتے ہوئے ان کے ساتھ اظہار ہمدردی کرے۔

اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ ہندوستان کی موجودہ ناخوشگوار صورت حالات میں ہمیں دو طرح کی حکمت عملی سے کام لینا چاہئیے ایک طرف تو ہم حکومت کے استحکام کو برقرار رکھیں اور دوسری طرف اس بات کو تسلیم کریں کہ صرف طاقت سے کبھی کوئی سیاسی مسئلہ حل نہیں ہوا۔ طاقت صرف یہی کر سکتی ہے کہ ایسی حالت پیدا کر دے جس میں عقل، دلیل، ترغیب اور مصالحت کو کام میں لا کر معاملہ حل کیا جائے۔

مزید تفصیل

لارڈ اروِن نے اکسفورڈ میں جو تقریر کی تھی اس کی مزید تفصیل حسب ذیل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں جو کچھ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اس پر نگاہ رکھتے ہوئے میں کہہ سکتا ہوں کہ سیاسی ہندوستان کے عزائم اس انسانی جذبہ اور خواہش کے بالکل قدرتی نتائج ہیں کہ اپنے معاملات کا خود ہی انتظام کریں ... [illegible]

کل حکومتوں کا انحصار قوم کی رضامندی پر ہوا کرتا ہے ... [illegible]

کانگریس کے مقاصد پر گورنر بہار کا تبصرہ

"ہم آخر وقت تک لڑیں گے"

گذشتہ جمعہ کی شب میں پٹنہ میں مہاراجہ دربھنگہ کی طرف سے ہز ایکسیلنسی گورنر صوبہ بہار و اڑیسہ کے اعزاز میں ایک ڈنر دیا گیا ... [illegible]

دوران میں ہز ایکسیلنسی نے فرمایا کہ میرا گمان ہے کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ حکومت کو کانگریس سے سیاسی جنگ کر رہی ہے ملک کے باقی لوگ جنگ کے اس نتیجہ کو دور سے دیکھتے ہیں جو سخت غلطی ہے۔ ... [illegible]

دستوری نیا پالیسی

اس کے بعد ہز ایکسیلنسی نے مجوزہ دستوری تبدیلیوں کا ذکر کیا جو عنقریب ہونے والی ہیں ... [illegible]

ہندوستان میں انقلابی فوج کا نظام کار

مسلح بغاوت کی رو سے حکومت کے خلاف شورش

پٹنہ بم کے مقدمہ کی سماعت کے دوران میں گذشتہ ہفتہ دوران عدالت میں ... [illegible]

لکھنؤ میں فرمانروائے دکن کی یادگار

جامع عثمانیہ کی تعمیر کیلئے پچاس ہزار کا عطیہ

لکھنؤ میں اعلیحضرت فرمانروائے دکن کے ورود کے سلسلہ میں گذشتہ جمعہ کو جب اعلیحضرت نے لکھنؤ کی مسجد ٹیلہ شاہ پیر محمد میں نماز جمعہ ادا کی تو اس سے پہلے منشی محمود علی صاحب میونسپل کمشنر نے منبر کے قریب جا کر اعلان کیا کہ لکھنؤ کے مسلمانوں کے لئے یہ بڑی تکلیف کا سبب ہے کہ یہاں کوئی جامع مسجد نہیں ہے چنانچہ شہر کے فیاض اور دولتمند سوداگر شیخ واجد حسین صاحب نے مبلغ ۵۰ ہزار روپیہ کی گرانقدر رقم کا عطیہ اس لئے پیش کیا ہے کہ حضور نظام کی لکھنؤ میں تشریف آوری کی یادگار قائم کرنے کے لئے وسط شہر میں ایک جامع مسجد جامعہ عثمانیہ کے نام سے تعمیر کی جائے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ شہر کے اور فیاض اور دولتمند تجار اس یادگار کو تکمیل تک پہنچانے میں حصہ لیں گے۔

حکومت نظام کی رعایا پروری

سات لاکھ مالیہ کی معافی

سکندرآباد کی ایک خبر مظہر ہے کہ اعلیحضرت حضور نظام کی حکومت کمشنر آبکاری کی سفارش پر ٹھیکہ داروں کو سات لاکھ روپیہ مالیہ معاف کر دینے کے متعلق غور کر رہی ہے اس بنا پر کہ موجودہ عالمگیر کساد بازاری اور تجارتی تنزل کی وجہ سے ان کو شدید نقصانات برداشت کرنے پڑے ہیں لیکن آخری فرمان جاری ہونے سے پہلے امید ہے کہ حکومت اس بارہ میں ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کرے گی تاکہ انفرادی طور پر آبکاری کے ٹھیکہ داروں کے نقصانات کا تخمینہ لگا کر ہر ایک کو مناسب رعایت دی جائے۔ واضح ہو کہ جب سے موجودہ طریقہ آبکاری رائج ہوا ہے حکومت کی آمدنی ... [illegible]

اس شعبہ میں پچاس لاکھ روپیہ سے ایک کروڑ اسی لاکھ روپیہ ہو گئی ہے گویا اس میں ہر سال ترقی ہو رہی ہے۔

کشمیر میں گولوں کی آوازیں

سرکاری فوج کی تگ و دو

جموں ۱۵ مارچ۔ کوٹلی کے قریب رات میں آجکل گولے کی آواز سنائی دیتی ہے اور اکثر روشنی بھی دیکھی گئی ہے چنانچہ فوج کے ایک دستہ کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اس کل علاقہ کی جو کوٹلی اور پونچھ کے مابین واقع ہے، اچھی طرح پڑتال کی جائے اور معلوم کیا جائے کہ یہ گولے کہاں سے آتے ہیں۔ اس سے پہلے معلوم ہوا تھا کہ یہ گولے بغاوت کی اطلاع کے لئے اس وقت چھوڑے جاتے تھے جب کہ کوٹلی کے قریب باضابطہ لڑائی ہو رہی تھی۔

مسجد کے سامنے باجہ بجانے پر جھگڑا

لاٹھیوں اور چاقوؤں کا استعمال

ترچناپلی کا ایک پیغام مظہر ہے کہ چہارشنبہ کی شام کو زیر تعمیر مسجد کے سامنے ہندو مسلم فساد ہو گیا جس میں چار مسلمان اور سات ہندو زخمی ہوئے ... [illegible] اور چاقو آزادی سے استعمال کئے گئے۔ پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر امن و امان قائم کیا۔

حکومت بمبئی نے کھادی آشرم کو غیر قانونی قرار دیدیا

بمبئی کی ایک خبر مظہر ہے کہ وہاں کی حکومت نے سرکاری گزٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ بمبئی کا کھادی آشرم غیر قانونی قرار دیا جاتا ہے چنانچہ آشرم کی عمارت کو آرڈیننس ... [illegible]

جرمنی کو سب سے زیادہ جس ہتھیار نے کام دیا وہ نہ تو توپ تھی اور نہ گن مشین تھی بلکہ صرف سول پستول

تھا جس نے بلا کسی تکلیف پہنچائے چشم زدن میں ہر ایک جاندار کو اندھا و بیجان کر دیا

جرمنی سے یہ پستول پہلی مرتبہ ہندوستان میں آیا ہے ... پستول کا جوں ہی گھوڑا دبایا جائے فوری ایک خاص قسم کا بجلی کرنٹ ہر ایک جاندار پر اس بری طرح اثر کرتا ہے کہ قطعی اندھا کرنے کے علاوہ بالکل بے حرکت کر دیتا ہے ... اور بے حرکت کر سکتے ہیں (۱۰۰) قدم تک بجلی کرنٹ کام دیتا ہے ... کا ساتھ دینے والا صرف یہی سول پستول ہے جس جاندار کو چاہا پندرہ منٹ تک اندھا و بے حرکت کر دیا ... لینے کو تیار ہیں۔ قیمت فی عدد چھ روپے آٹھ آنہ محصول ڈاک آٹھ آنہ ... گورنمنٹ ہند سے کسی قسم کا لائسنس نہیں ہر شخص منگوا سکتا ہے

اے ایچ فرانسس اینڈ کو پوسٹ بکس ۵۰۰ بمبئی نمبر ۹

بال جڑ سے کالا

... مینیجر ... دربھنگہ



صرف چند روز کیلئے مفت

فینسی رسٹ واچ مفت

... قیمت ... ملنے کا پتہ: اشیاٹک رسٹ واچ کمپنی چھانی سٹی دیو، پی

مقویات سراج عالم

آتشک، سوزاک، گولیاں ... نعمت کام شاستر بالکل مفت طلب فرماویں ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

... مینیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل سٹورس دربھنگہ

بہرا پن کا شرطیہ علاج

... بلب اینڈ سنز ہیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے ... ہمدردی ... کان کی دوا بلب اینڈ سنز ہیلی بھیت (یو پی)

حلفیہ بیان اور لعنت اللہ علی الکاذبین کا استعمال

... خان عبد الخان سابق منشی مال ریاست امب حال مقام لانوگلی تحصیل ہری پور ہزارہ

شربت فولاد

... مینیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

حکام کالج سے سمجھوتہ ہو گیا

طبیہ کالج میں ہڑتال ختم ہوگئی

(۱) حکام کالج اور اسٹرائک کرنے والوں کے درمیان جو سمجھوتہ ہوا ہے وہ بغرض اطلاع عام شائع کیا جاتا ہے۔

(صورت سمجھوتہ)

... [illegible]

سمجھوتہ پر دستخط کرنے والے حضرات کے نام: (۱) نواب ابوالحسن خان صاحب (۲) حکیم امیر سنگھ صاحب (۳) حافظ عبدالعزیز صاحب ... حکیم کبیر الدین صاحب ... حکیم فضل الرحمن صاحب

... سید افتخار حسین سکریٹری شعبہ اشاعت اسٹرائک

بمبئی سے روزنامہ اصلاح کا اجراء

آپ اس خبر سے خوشی محسوس کریں گے کہ بمبئی جیسی جگہ سے عنقریب ایک روزنامہ "اصلاح" کے نام کو لے کر جاری ہونے والا ہے جس کے اجراء کے متعلق جو پوسٹر شائع کیا گیا ہے اس سے آپ کو "اصلاح" کے اغراض و مقاصد مختصراً معلوم ہوں گے۔ نیچنگ ڈائرکٹر روزنامہ "اصلاح" بمبئی

ٹمٹن رپورٹ کے خلاف احتجاج

... [illegible]

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

از دفتر پیکو آرٹ پریس بیرون موچی دروازہ لاہور

طابع و ناشر قرآن مجید عکسی رنگین پنجسورہ شریف، پارے و دیگر اسلامی مطبوعات

برادران ملت

السلام علیکم۔ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ رسالہ حقیقت اسلام میں صحیح ترمذی شریف کے متن کا جو حدیث کی ایک بلند پایہ کتاب ہے سلیس اردو ترجمہ ایسی صورت میں شائع کریں ... الراقم محمد احسان

جاوید نامہ

حضرت علامہ اقبال کا تازہ شاہکار ...

پیشوا کا حج نمبر مفت

... مینیجر رسالہ پیشوا دہلی

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم اردو

... محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی کشمیری بازار لاہور

دمہ، بواسیر، سوزاک، کوڑھ، سفید داغ ... مینیجر لوٹی میڈیکل ہال ... دربھنگہ

بڑھاپے میں جوانی

... طلاء مقناطیسی ... نامرد مرد بنو ... حکیم محمد ظہیر علی کلاں محل دہلی

ستو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

... لہٰذا ... معجون مددگار غدود ... مینیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

دلہن بہار تیل

ایک سو روپیہ انعام اس کو دئے جائیں گے جو ہمارے ایجاد کردہ دلہن بہار تیل میں کسی قسم کا نقص ثابت کرے گا۔

دلہن بہار تیل کے اوصاف

... مینیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

خدا توفیق دے تو ضرور پڑھئے

درس عبرت	اوجز المسالک	خصائل نبوی
قیمت صرف ۸	قیمت صرف چار روپیہ آٹھ آنہ (علاوہ)	قیمت صرف ایک روپیہ

غوث اعظم کی مکمل سوانح عمری	علامہ شیخ محمد عبدہ	اسلام اور یورپ	امت کی آہیں	قرآن مجید کی مکمل تاریخ	رسول کی دعائیں
قیمت صرف ۶		قیمت صرف ۱۲			قیمت صرف ۸

ملنے کا پتہ: ... مجید ملیماران دہلی

تارکاپتہ الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تاریخہائے اشاعت

ہرعیسوی ماہ کی
یکم - ۵ - ۹ - ۱۳
۱۷ - ۲۰ - ۲۴ - ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

سہ روزہ
یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۵ | دہلی - یوم چہارشنبہ ۸ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۱۶ مارچ ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۰

معاصرین کے افکار و آراء

مسلمانوں کو تلقین صبر (مدینہ)

کیا مسلم کانفرنس مقاطعہ منظور کر سکتی ہے؟ (ملت)

کیا آرڈیننسوں کی ابھی ضرورت ہے؟ (ریاست)

جنگ کی تباہ کاریاں (ہمدم)

مسلم کانفرنس سے کوئی امید نہ رکھو! (ہند)

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

اسپین سے جیسوٹ عیسائیوں کا اخراج

جیسوٹ کالجوں کی سرکاری دفاتر میں تبدیلی

سگریٹ نوشی پر سزائے موت

امریکہ میں تین ارب ڈالر سالانہ کی تمباکو نوشی

عجیب و غریب اموات

بیس کروڑ سال کا نقش پا

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین ختک مہوے - لنگی - کلاہ - رومال (مشہدی - یزدی - پشاوری) پنکھے - چپلیاں - نسوار - سرکہ انگوری - اصلی میرہ اور نایاب جڑی بوٹیاں ہمیشہ ارزاں قیمتوں پر طلب فرمایئے
منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

چار نکاح کیجئے

لطف شباب کیا ہے؟ سفوف وطلاء

ملنے کا پتہ حکیم مولوی نظیر علی لکھنوی پوسٹ بکس نمبر ۵۷ دہلی

حجاج و زائرین کو مژدہ

حج بیت اللہ کے تمام احکام و مسائل نہایت جامع اور مفصل حج کی تمام مسنون دعائیں۔ حج کا کل طور و طریق غرض کہ حج کے مکمل طور پر کسی سے کچھ دریافت کرنے کی ضرورت نہ رہے۔ مزید برآں مکہ معظمہ، مدینہ منورہ، بیت المقدس، دمشق، بغداد شریف، قاہرہ شریف، کاظمین شریفین، کربلائے معلی اور نجف اشرف۔ ان تمام اسلامی مقامات کے مقدس زیارات، حجاز، فلسطین، شام اور عراق، چاروں ممالک کے سفر کی تمام ضروری اور مفصل ہدایات۔ زیارات مقدسہ کی ایک درجن عکسی تصویرات اور کل سفر کا ایک مکمل نقشہ یہ سب کچھ

الحاج محمد الیاس برنی کے مشہور و مقبول سفرنامہ "صراط الحمید" میں موجود ہے۔ یہ سفرنامہ حجاج و زائرین کا سب سے بہتر رفیق و رہبر ہے۔ ہاتھوں ہاتھ جا رہا ہے۔ حجم ۱۵۰ صفحات

قیمت صرف دو روپے (عہ)

ملنے کا پتہ
منیجر مسلم یونیورسٹی پریس علی گڈھ

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی اور مستقبل کا دارومدار ہے۔ امس ایسے کڑے موسم اور خطرناک حالات ہو کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔

محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۱۳۵ دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں سے ایک کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اس میں وہ احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ۔۔۔ دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ ۔۔۔ پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے۔ مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے ۔۔۔ اب تک تیار نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور مینیہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے ۔۔۔ شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام

قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ دو آنہ علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ میں صوبہ سرحد کے تحقیقاتی وفد کے متعلق اخبار الجمعیۃ اور اخبار الامان میں سلسلہ بحث جاری ہے - الجمعیۃ کا یہ بیان ہے کہ صوبہ سرحد کے حالات کی تحقیقات کی رپورٹ قلمبند کرکے مجلس عاملہ میں پیش کی گئی لیکن وہ رپورٹ اس طرح تیار کی گئی تھی جس سے تمام الزام مسلمانان صوبہ سرحد پر عائد ہوتا تھا اس وجہ سے مجلس عاملہ میں اس رپورٹ کی سخت مخالفت کی گئی اس مخالفت کی بنیاد پر رپورٹ کی اشاعت ملتوی کی گئی اور ایک رزولیوشن پاس کرنے پر اکتفا کیا گیا - اخبار الامان کا دعویٰ ہے کہ مجلس عاملہ میں کوئی رپورٹ نہیں پڑھی گئی چونکہ مجلس عاملہ کا تمام کارروائی ... اور پریس کے کسی نمائندہ کو جلسہ میں شرکت کی اجازت نہ تھی - اس وجہ سے مسلمان پبلک کو اور اسلامی پریس کے لئے اصلی واقعات کا معلوم ہونا تو قطعاً ناممکن ہے اس وقت تک ناممکن جب تک کہ مجلس عاملہ کا کوئی رکن اصلی واقعات بیان نہ کرے - پچھلے ہفتہ مجھے دہلی جانے کا اتفاق ہوا - وہاں سیٹھ عبداللہ ہارون صاحب رکن مجلس عاملہ ... سے ملاقات ہوئی - سیٹھ صاحب اگرچہ مولانا شفیع داؤدی اور مولانا شوکت علی کے ہم خیال ہیں لیکن انہوں نے جلسہ کی کارروائی کے متعلق مجھ سے یہ بیان کیا کہ رپورٹ جلسہ میں پڑھی گئی تھی اس رپورٹ میں ان مظالم کا کچھ ذکر نہیں تھا جو گورنمنٹ کی جانب سے باشندگان صوبہ سرحد پر ہوئے تھے اور ان کے خلاف الزامات بھی تھے - صوبہ سرحد کے باشندوں نے اس کو پسند نہیں کیا کہ ان کے الزامات کی فہرست بیان کی جائے اور انہوں نے کہا کہ رپورٹ میں ان الزامات کے بیان کرنے سے ہمیں اندیشہ ہے کہ ہمیں اور زیادہ نقصان پہنچے گا - اس وجہ سے رپورٹ کی اشاعت ملتوی کی گئی ہے۔

سیٹھ عبداللہ ہارون صاحب کی اس گفتگو کو سن کر ہم یہ نتیجہ نکالنے پر مجبور ہوئے ہیں کہ الجمعیۃ میں جو کچھ کہ مجلس عاملہ مسلم کانفرنس کی کارروائی کے حالات شائع ہوئے ہیں وہ صحیح ہیں اور اخبار الامان جس طرح واقعات کو پیش کر رہا ہے وہ صحیح نہیں ہے - ہماری رائے ہے کہ اب اس بحث کو ختم کرنا چاہئے اور جو کچھ غلطی ہو چکی ہے آئندہ اس سے سبق حاصل کرنا چاہئے۔

مسلمانوں کے مطالبات (مدینہ)

اس مسئلہ پر غور کرنے کیلئے سب سے پہلے ہمیں مسلمانوں کے مطالبات کا مطالعہ کرنا چاہئے - ان کی تعداد اس وقت تک زیادہ سے زیادہ ۱۴ ہے - ان میں سے بیشتر مشترک ہیں - مثلاً صوبہ سندھ کی علیحدگی، صوبہ سرحد کو دوسرے صوبوں کے مساوی حقوق و اختیارات دینا، تہذیب و تمدن، تعلیم زبان اور مذہب کی حفاظت کا قانون بنانا وغیرہ وغیرہ اور بعض مختلف فیہ ہیں - مثلاً پنجاب و بنگال میں مسلمانوں کی اکثریت برقرار رکھنے کا آئین متعین کر دینا، ملازمتوں میں اور وزارتوں میں قانون و آئین کی رو سے مسلمانوں کو تناسب آبادی کے مطابق حصہ ملنا وغیرہ لیکن مختلف فیہ امور میں اختلاف اصولی اور نظری نہیں بلکہ عملی اور تدبیری ہے - یعنی ہندوستان کا کوئی نہرانی یا نصرانی مسلمان ایسا نہیں جو یہ نہ چاہتا ہو کہ پنجاب و بنگال میں مسلمانوں کو اکثریت حاصل نہ ہو یا وزارتوں اور ملازمتوں میں مسلمانوں کو حصہ وافر نہ ملے - ہر جماعت اور ہر گروہ ان مقاصد کا طلبگار ہے - اختلاف صرف طریقہ حصول یا ذریعہ طلب میں ہے - حقوق ان امور کو ہندوؤں اور انگریزوں سے طلب کرتے ہیں اور نیشنلسٹ ان امور کو مسلمانوں کی قوت بازو سے حاصل کر لینا چاہتے ہیں اور یہ اس لئے نہیں کہ وہ مسلمانوں کو خواہ مخواہ ہندوؤں کے رحم و کرم یا عہد و جہد کے دھارے پر چھوڑ دینا چاہتے ہیں - بلکہ اس لئے کہ کلی اعتبار سے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں بلکہ آئین و قانون کے ذریعہ ان امور کو محدود کرنے میں سراسر مسلمانوں کا نقصان ہے۔

کوچہ رائمان کی مسجد اور سرکاری بیان (ملت)

مسجد کے احترام کا مسئلہ اسلام کا کوئی بہت زیادہ پیچیدہ مسئلہ نہیں ہے کہ اس سے لوگ ناواقف ہوں - مسلمان تو مسلمان، شاید ہی کوئی غیر مسلم ایسا ہو جو یہ نہ جانتا ہو کہ مسجد کے صحن میں جوتا پہنکر جانا مسجد کی توہین ہے - جاہل سے جاہل مسلمان بچے سے پوچھ لیجئے اور جب چاہے دیکھ لیجئے کہ وہ مسجد میں جاتے وقت عادتاً جوتا اتار لیگا - ہم اسے ایک لمحہ کے لئے تسلیم نہیں کر سکتے کہ کسی مسلمان پر خواہ وہ کتنا ہی اجڈ اور جاہل ہو ایک منٹ کیلئے بھی ایسی اضطراری کیفیت طاری ہو سکتی ہے کہ اس کے ذہن سے یہ خیال محو ہو جائے کہ وہ اگر جوتا پہنکر مسجد کے صحن میں چلا جائے گا تو اس کی توہین نہ ہوگی کیا مسٹر ڈی گبل اس قسم کی ایک بھی مثال پیش کر سکتے ہیں کہ کسی گرجے میں کوئی عیسائی کبھی بھی بغیر ہیٹ اتارے ہوئے گھس جائے اور اگر دہلی پولیس میں اس قسم کے افراد موجود ہیں جنہیں یہ نہیں معلوم تھا کہ مسجد کے صحن میں جوتا پہنکر چلا جانا اس کی توہین ہے "یا وہ ... معاملہ ہے جیسا کہ گزشتہ ہفتہ کے دن پیش آیا" اس حقیقت کو بھول جاتے ہیں تو ہمیں نہایت ہی افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑے گا کہ اس کی یہ بہت بڑی خامی ہے جسے مسٹر ڈی گبل اور مقامی حکومت کو جلد سے جلد دور کرنا چاہئے ورنہ ہمیں اندیشہ ہے کہ ان کی اس کمزوری سے دہلی کی حکومت کو آئندہ اور زیادہ دشواریاں پیش نہ آجائیں!

حکومت کے تدبر کا دیوالہ (منیر)

حضرت مفتی اعظم مولانا محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلمائے ہند کو گرفتار کرکے حکومت نے جس بوکھلاہٹ کا مظاہرہ کیا ہے اس پر ہم اظہار خیال بھی نہ کرنے پائے تھے کہ امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد مدظلہ العالی کی گرفتاری کی خبر آئی - یہ دونوں وہ محترم ہستیاں ہیں جنکو اگر مسلمانان ہند کا دل و جگر کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا ان دونوں بزرگان ملت کو کروڑوں مسلمان اپنا قائد اعظم مانتے ہیں - ان حضرات کی امن پسندی و صلح جوئی کا سکہ دشمنان دین کے دلوں پر بھی بیٹھ چکا ہے - ان رہنمایان قوم کا احترام والیان ملک اور شاہان عالی مقام بھی کرتے ہیں - اعلیٰ حضرت خسرو دکن ایداللہ دبنصرہ کی جانب سے مفتی اعظم کی خدمت میں خاصہ بھیجا جاتا ہے - مہاراجہ سیف و قلم حضرت امام الہند کے دست مبارک کو بوسہ دیتے ہیں - مگر حکومت وقت کی بوکھلاہٹ کا یہ عالم ہے کہ ان کو اسیر دستگیر کرکے جیل میں بھیج دیتی ہے - ان غیور و بے ضرر ہستیوں پر مصائب کا پہاڑ توڑنے میں ذرا بھی تامل نہیں کرتی۔

جمہوریت چین

(از جناب بدرالدین صاحب چینی متعلم جامعہ ملیہ)

چین میں ایک حقیقی جمہوری حکومت قائم کرنے کے لئے ایک تعمیری پروگرام تیار کیا گیا ہے جس میں پہلا تعمیری کام یہ ہے کہ عوام کے کھانے پینے رہنے سہنے پہننے اوڑھنے اور آمد و رفت کے ساتھ حکومت عوام کے لئے زراعت کی اصلاح کرے تاکہ غریبوں کو کھانا میسر آسکے - روئی کی دستکاری کو ترقی دے تاکہ کافی کپڑا تیار ہو سکے - وسیع پیمانہ پر مکانات تعمیر کرائے تاکہ لوگ آرام سے رہ سکیں، نئی ریلیں، سڑکیں اور نہریں بنائی جائیں تاکہ تجارت کے لئے آسانی ہو سکے۔

دوسرا تعمیری کام ... حکومت کا فرض ہے کہ ان کو تربیت اور ہدایت دے تاکہ وہ یہ سمجھ سکیں کہ کس طرح سیاسی حقوق سے کام لیا جا سکتا ہے۔

تیسرا تعمیری کام یہ ہے کہ اقلیتوں کا خوف اور ڈر دور کرنے کے لئے حکومت کا فرض ہے کہ وہ ان کے مفاد کی حفاظت کرنے میں حتی الامکان مدد کرے - ان کو یہ بتلائے کہ حکومت خود اختیاری کو کس طرح چلایا جا سکتا ہے - اور مرکزی حکومت میں ان کے کیا حقوق ہیں۔

تعمیری کام ترتیب کے لحاظ سے تین زمانوں میں تقسیم کیا گیا ہے:-

(الف) فوجی عمل کا زمانہ

(ب) سیاسی تربیت کا زمانہ

(ج) دستوری حکومت کا زمانہ

جمہوریت قائم ہونے کے شروع میں ضرور ایک وقت ایسا آتا ہے جس میں اندرونی شورش ہوتی ہے، یعنی فوراً امن قائم ہونا مشکل ہے - ایسی حالت میں ضرورت یہ ہوتی ہے کہ قوجی قوت سے ان شورشوں کو دبا دیا جائے جو جمہوری حکومت کے خلاف پیدا ہوتی ہیں - چونکہ شورشوں کو دبانے کے لئے فوج سے کام لینا پڑتا ہے اس لئے اس زمانہ کو فوجی عمل کا زمانہ کہا گیا ہے۔

سیاسی تربیت کا زمانہ اس وقت شروع ہوتا ہے جس وقت کہ امن قائم ہو جائے - اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جب تک تمام ملک میں امن قائم نہ ہو اس وقت تک سیاسی تربیت کا زمانہ شروع نہ ہوگا - اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایک ضلع میں امن قائم ہو جائے تو اس ضلع کی سیاسی تربیت کا زمانہ اس کے امن قائم ہونے کے وقت سے شروع ہوتا ہے۔

سیاسی تربیت کے زمانہ میں حکومت کو تربیت یافتہ افسران کو مختلف مقامات میں بھیجنا چاہئے، تاکہ وہ باشندوں کی مقامی حکومت کے قائم کرنے اور چلانے میں مدد کریں - مقامی حکومت کا نظام اس وقت مکمل ہوتا ہے جب کہ اس مقام کے رقبہ اور آبادی کے لحاظ سے تمام ضروریات اور لوازمات مہیا کرے - مثلاً حفاظت کے لئے پولیس کی ضرورت ہے، آمد و رفت کے لئے ریل اور سڑکوں کی ضرورت ہے خبر رسانی کے لئے ڈاکخانہ، تار گھر، لاسلکی خانہ وغیرہ کی ضرورت ہے - اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہاں کے باشندوں کو اصول جمہوریت اچھی طرح سکھایا جائے تاکہ وہ اپنے حقوق کو پہچان سکیں، اور ان کیلئے جا طور پر استعمال نہ کریں، اور جب وہ اپنے مقامی افسران کا انتخاب کرنا چاہیں تو نااہل اور غلط آدمی نہ چنیں - چونکہ اس زمانہ میں عوام کو تمام سیاسی باتیں سکھائی جاتی ہیں، اس لئے اس کو سیاسی تربیت کا زمانہ کہتے ہیں۔

جب عوام کو یہ معلوم ہوگیا کہ ان کی روزانہ ضروریات کیا ہیں، اور ان کو کس طرح اپنے سیاسی حقوق کا استعمال کرنا چاہئے، تو اس وقت دستوری حکومت کا عہد شروع ہوتا ہے، اس عہد کے شروع ہوتے ہی مرکزی حکومت میں پانچ مجالس کا قائم ہونا ضروری ہے، یعنی مجلس نگرانی، مجلس عدالت، مجلس قانون سازی، مجلس معائنہ، اور مجلس عاملہ۔

جونہی دستور کا اعلان کر دیا جائے، مرکزی حکومت کے انتظامات فوراً قومی کانفرنس کے سپرد کر دئے جائیں یا بالفاظ دیگر قومی کانفرنس کو یہ قوت ہو جائے کہ وہ مرکزی حکومت کے افسران کو مقرر کرسکے یا ان کو ہٹا سکے۔

اس میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جمہوریت چین کی حکمت عملی دو قسم پر تقسیم کی گئی ہے ...

(ب) دوسری ... (بیرونی حکمت عملی)

بیرونی حکمت عملی اس کو کہتے ہیں کہ غیر ممالک کے ساتھ کیا کیا جائے اور اندرونی حکمت عملی اس کو کہتے ہیں کہ ملک چین کے اندر کیا کیا جائے۔

(الف) بیرونی حکمت عملی

۱- جمہوریت چین کی بیرونی حکمت عملی میں سب سے پہلا نمبر یہ ہے کہ ایسے تمام غیر مساوی معاہدے جن کی رو سے غیر ممالک چین پر نوآبادیات اور مستعمرات قائم کر سکتے ہیں، انہیں امتیازی حقوق حاصل ہیں کسٹم ہاؤس ان کے ہاتھ میں ہے - اور چین کے اندر وہ اپنی عدالت قائم کر سکتے ہیں، ایسے سب کے سب معاہدے منسوخ کر دئے جائیں اور مساوات کی بنا پر نئے معاہدے کئے جائیں۔

۲- وہ ملک جو کہ اپنی طرف سے تمام امتیازی حقوق چھوڑنے کے لئے تیار ہو، چین اس کے ساتھ "اکرم القوم" کی حیثیت سے سلوک کرے گا۔

۳- چین اور غیر ممالک کے درمیان وہ تمام معاہدے نظرثانی کے قابل سمجھے جائیں گے جو کسی ایک حیثیت سے بھی چین کے مفاد کے منافی ہیں، نظرثانی اس غرض سے کی جائے گی کہ طرفین کی عظمت باقی رہے اور کسی کو نقصان نہ ہو۔

۴- باکسر معاوضہ کی واپس شدہ رقم صرف چین کے تعلیمی کاموں میں خرچ کی جائے گی۔

۵- وہ رقم جو چین میں فساد بپا کرنے کی غرض سے غیر ممالک نے فوجی جنرلوں یا غیر ذمہ دار جماعتوں کو بطور قرض دیا ہے، جمہوریت چین اس کی ادائیگی کی ذمہ دار نہیں ہے۔

۶- جب تک غیر قومیں چین کے سیاسی مفاد کا لحاظ کرتی رہیں گی اس وقت تک وہ قرضہ جو چین کو دیا گیا ہے، واپس کر دیا جائے گا۔

۷- ایک کانفرنس منعقد کی جائے جس میں اجتماعی ادارات، تعلیمی ادارات، بنکنگ کارپوریشن اور ایوان تجارت کے نمائندے شامل ہوں اور اس میں اس بات پر غور کیا جائے کہ غیر ممالک کے قرضہ کو کس طرح ادا کیا جائے - اور چین کو غیر ممالک کے معاشی قیود اور بندشوں سے کیسے چھوڑایا جائے۔

(ب) اندرونی حکمت عملی

۱- مقامی اور مرکزی حکومت کے درمیان، قوت کی تقسیم میں کوئی توازن قائم رکھا جائے - وہ معاملے جو کل ملک سے تعلق رکھتے ہوں ان کا فیصلہ مرکزی حکومت کے ماتحت ہو - اور وہ معاملہ جو صرف مقامی حیثیت رکھتے ہوں، مقامی حکومت کے سپرد کر دئے جائیں۔

۲- ہر صوبہ کے باشندوں کو اپنے صوبہ کے دستور و قوانین بنانے کا خود اختیار ہو اور اپنے صوبہ کے لئے افسران کا انتخاب وہ خود کریں لیکن ... اور مرکزی دستور کے مخالف نہ ہو - صوبجاتی حکام کا فرض ہے کہ وہ عدالتی نظام کے ماتحت صوبجاتی کاموں کی نگرانی کرے اور مرکزی حکومت کی ہدایت کے مطابق امور سلطنت چلائے۔

۳- ہر ضلعی حکومت کو ایک مستقل حکومت سمجھا جائے - ہر مستقل حکومت کو یہ حق ہوگا کہ وہ اپنے افسران کا انتخاب کرے، یا ان کو عہدوں سے معزول خود کرے، اور قوانین کے بنانے اور ترمیم کرنے میں اپنے اختیار سے کام لے۔

زمین کا لگان، اور زمین کی پیداوار اور قیمت میں اضافہ، اور وہ تمام منافع جو جنگلوں نہروں اور کانوں سے حاصل ہوتے ہیں، مقامی حکومت کے خزانہ میں داخل کیا جائے تاکہ انکو مقامی صنعت و حرفت کی ترقی دینے، غریبوں ضعیفوں، یتیموں اور بھوکوں کی ...

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین خشک میوے لنگی - رومال (پشاوری مشہدی یزدی) کلاہ - پنکھے - چپلیاں - نسوار سرکہ انگوری چائے سبز - اصلی میوہ اور نایاب مفرد دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے - چار آنہ کے ٹکٹ بھیج کر طلب فرمائیے - منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

دلہن بہار تیل

ایک سو روپیہ انعام اس کو دئے جائیں گے جو ہمارا یہ کارآمد دلہن بہار تیل میں کسی قسم کا نقص ثابت کرے گا

دلہن بہار تیل کے اوصاف

عید کی خوشی میں عید کے روز ... اس کو آپ کو دیکھ کر خوش ہو گے ... بالوں کو گھنا اور لمبا کرتا ہے ... گرمی فوراً دور کرکے دل کو تسکین دیتا ہے ...

قیمت صرف ایک روپیہ ... علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ

منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

شربت فولاد

... معدہ کو قوت دیتا ہے ... خون صالح پیدا کرتا ہے ...

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

... بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی اور مستقبل کا دارومدار ہے ...

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے ...

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

چار نکاح کیجئے

لطف شباب کیا ہے؟ سفوف وطلاء ...

ملنے کا پتہ حکیم مولوی نظیر علی (لکھنوی) پوسٹ بکس نمبر ۵۷ دہلی

دمہ، بواسیر، سوزاک، کوڑھ، سفید داغ ... جڑی بوٹی کی دوا ... پتہ جڑی بوٹی میڈیکل ہال کنسی سمری دربھنگہ

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ... اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

قرابادین مفید عام

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے ...

قرابادین مفید عام ... قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آجتک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ ... علاوہ محصولڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو یہی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد، مجلد پارچہ ... مجلد چرم ... علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم خاشدہ ... علاوہ محصولڈاک مجلد پارچہ ... مجلد چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

عدن کی قدیم تاریخ کا ایک ورق

بندرگاہ عدن کی زرخیزی اور تجارتی مرکزیت

موجودہ اور قدیم عدن کی عظمت کا موازنہ

قدیم زمانہ میں عدن یونانیوں میں بہت مشہور و متعارف تھا اور ان کی زبان میں عدن کو "یوڈامن" کہا جاتا تھا۔ قدیم تاریخ اور آثار سے پتہ چلتا ہے کہ جس زمانہ میں یونانی اور رومی باشندے بحری سفر کر کے مصر کے راستہ سے اوتیانوس کی آبادیوں میں آتے تھے اس وقت کسی ہندوستانی کا قدم عدن اور اس کے اطراف میں نہیں آیا تھا۔ ایسے زمانہ میں یونانی عدن کے پانی میں کشتیوں کے ذریعہ سوار ہو کر آتے تھے کیونکہ ...

... کی گزشتہ عظمت و شان کو خاک میں ملاتی ہیں!

مورخ جیوون اپنی قدیم تاریخ میں لکھتا ہے کہ عدن کی بندرگاہ کے شہر صنعاء اور مآرب کے بازاروں میں عطریات۔ ماکولات اور بیش قیمت پتھروں سے لدے ہوئے اونٹ ہر وقت گشت کرتے رہتے ہیں اور یہاں سے پیٹرا اور دمشق کے بازاروں میں یہ اشیاء پہونچائی جاتی ہیں۔

مورخ حینی لکھتا ہے کہ "عدن میں مختلف الوان اور لغات کے لوگ آباد ہیں۔ اور بابل کی طرح یہاں لوگوں کا ازدحام رہتا ہے" ...ء کے بعد رومی اور سبائی بادشاہوں میں اختلاف پیدا ہو گیا اور ان میں سے ہر بادشاہ کی یہی کوشش ہونے لگی کہ تمام تجارتی مال و اسباب اسی کی قلمرو میں آکر فروخت ہو۔ رومیوں کی یہ ند بیر کہ ان کا ملک تجارتی مرکز قرار پائے کامیاب نہ ہو سکی۔ (النور)

عربی میں شاہنامہ اور عمر خیام کی رباعیات

ادبیات ایران سے فضلائے مصر کی دلچسپی

رباعیات حکیم عمر خیام اور شاہنامہ فردوسی کے تراجم یورپ کی مختلف زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ عمر خیام کی رباعیات کا ترجمہ مرحوم نورالدین مصطفےٰ بک (جو ترکوں میں ایک مشہور ادیب ہیں) نے کیا تھا۔ اب شاہنامہ فردوسی کا ترجمہ آقا عبدالوہاب عزام مصری نے عربی زبان میں کیا ہے آقا موصوف فارسی زبان سے بے مثل ماہر اور ادبیات ایران کے یگانہ فاضل ہیں۔ اس علمی خدمت کے صلہ میں حکومت نے آپکو ڈاکٹر کا خطاب عنایت کیا ہے۔ اور آپکو وزارت معارف کے عہدہ پر مامور کر دیا گیا ہے۔ (جریدۃ القاہرہ)

عراق سے ترکی اور ایران کا معاہدہ

ترکی حکومت نے عراقی حکومت سے بعض دفعات کے ماتحت معاہدہ کر لیا ہے جس کی بنیاد تجارت اور صنعت و حرفت ہے۔ اسی طرح ایران سے بھی عراق کو مکمل معاہدہ ہو گیا ہے۔ (البلاغ)

روسی حکومت سے مسلمانوں کی درخواست

حکومت کا شکریہ اور مزید احتیاط کا مطالبہ

عشق آباد (روس) کا ایک عربی جریدہ رقمطراز ہے کہ باکو کے مسلمانوں نے صدر جمہوریہ روس کی خدمت میں ایک درخواست گزاری ہے جس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ مسلمانوں کے معابد و مساجد اور اوقاف سے وہ سلوک نہ کرے جو عیسائیوں کے ساتھ کیا گیا ہے۔ بلکہ مسلمانوں کو بدستور آزاد رکھے اور ان کی روایات میں کسی قسم کی مداخلت نہ کرے۔ درخواست میں روسی حکومت کا شکریہ بھی ادا کیا گیا ہے کہ اس نے مسلمانوں کے ساتھ اب تک رواداری کا برتاؤ کیا ہے اور ...

... سے بڑھتی جا رہی ہے۔ اخبار ندکور اس درخواست پر رائے زنی کرتا ہوا لکھتا ہے کہ روسی گورنمنٹ کی طرف سے اس کا جواب خاطر خواہ ملیگا کیونکہ اب تک روس کے مسلم باشندوں نے نظام حکومت کے خلاف کبھی باغیانہ تحریک بیدار نہیں کیا ہے۔ (الشرق)

ریف میں محاکم شرعیہ کا قیام

جدید اسپینی حکومت مسلمانوں سے مطمئن ہے

کسی زمانہ میں ریف ایک مجہول اور غیر معروف مقام تھا اور سوائے قرب و جوار کے باشندوں کے کوئی شخص بھی اس کی اہمیت سے واقف نہ تھا مگر جب سے غازی اسلام امیر الاحرار سیدی عبدالکریم ریفی نے حرکت استقلال کا آغاز کیا اور اسپینی اور فرانسیسی جور و استبداد کے خلاف علم جہاد بلند کیا اس وقت سے دنیا کا گوشہ گوشہ ریف کے نام اور کام سے واقف ہو گیا ہے۔ غازی اکبر عبدالکریم جزیرہ ملی یونین میں نظر بند ہیں مگران کی توجہ برابر اپنا کام کر رہی ہے اور لطف یہ ہے کہ موجودہ فرانسیسی حکومت مسلمانوں سے بالکل خائف نہیں اور ان کی جائز حرکتوں کو شبہ نگاہ سے دیکھتی ہے کیونکہ موجودہ جمہوریت بہت سیر چشم اور کشادہ دل واقع ہوئی ہے اور وہ جانتی ہے کہ اس قسم کی حرکتیں ریفی مسلمانوں کے فطری اوصاف ہیں جن کو کوئی طاقت کچل نہیں سکتی۔

اب عربی اخبارات سے معلوم ہوا کہ ریفی مسلمان اپنے حدود میں محاکم شرعیہ قائم کر رہے ہیں تاکہ عدالتوں میں اسلامی روایات کے ماتحت مقدمات کا فیصلہ ہو۔ شرعی محاکم کے قیام کی اطلاع اسپینی حکومت کو بھی دیدی گئی ہے جس نے اب تک کوئی اختلاف ظاہر نہیں کیا امید ہے کہ جمہوریہ اسپین ریفی مسلمانوں کے اس مذہبی اقدام کو نظر تحسین دیکھیگی اور اخلاقی امداد دینے سے بھی کوئی دریغ نہ کریگی۔ (الزہراء)

حجاز میں ایک پراسرار مسیحی مشنری

بیک بینی دو گوش نکالدئے گئے

عسیر کے علاقہ میں ایک نووارد شخص نے آکر ڈیرہ جمایا۔ یہ شخص عربی۔ بولنے پر پورا قادر تھا۔ مگر اس کی بعض حرکات سے عربی قبائل کو شک ہو گیا۔ ابتداء میں لوگوں کا خیال تھا کہ یہ جاسوس ہے جو سرزمین عرب میں استعمار کا بارود پھیلانے آیا ہے مگر اس کی تلاشی لینے اور خود اس کے اقرار کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ جاسوس تو نہیں البتہ پیغمبر فلسطین کی ایک مقدس بھیڑ ہے جو عربوں میں نصرانیت کی تبلیغ کرنے آئی ہے۔ تلاشی لینے پر مشنری صاحب کے پاس سے انجیل کی متعدد کاپیاں نکلیں اور کچھ خطوط برآمد ہوئے جو کلیسائے فرانس کے نام روانہ کئے جانے والے تھے۔ اس پراسرار شخص کی موجودگی نے عربوں کو سخت مشتعل کر دیا۔ آخر بارسوخ اور معزز عربوں کے بیچ میں پڑنے سے یہ فیصلہ ہوا کہ ان کو بیک بینی و دو گوش سرزمین عرب سے باہر نکالدیا جائے۔ چنانچہ پولیس کی ایک جمعیت نے بحفاظت تمام پادری صاحب کو اپنی حدود سے خارج کر دیا۔ معلوم ہوا کہ پادری صاحب اپنی ناکامی پر آنسو بہاتے ہوئے سیدھے اٹلی کو سدھارے۔ (الشعب)

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں مصری نمائندہ کی تجاویز

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں فخری پاشا مندوب مصر نے حکومت مصر کی طرف سے مندرجہ ذیل تجاویز پیش کی ہیں:

(۱) مادی اور عسکری طاقت مجلس اقوام کے ماتحت کر دی جائے۔

(۲) تمام بری۔ بحری اور ہوائی آتش اسلحہ کا استعمال ممنوع قرار دیا جائے۔

(۳) دفاعی اسلحہ کی تخفیف اس حد تک کر دی جائے کہ اس کا اثر سیاسی مصالح پر نہ پڑے۔ (البلاغ)

شاہ فیصل سے مسولینی کا نداق

اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی نے اپنی تصویر شاہ فیصل کی خدمت میں تحفہ کے طور پر روانہ کی ہے۔ یہ تصویر ایک عمدہ اور قیمتی فریم میں نصب کی گئی ہے۔ حکومت اٹلی کے ایک نمائندہ نے شاہ فیصل کی خدمت میں اس عجیب و غریب تحفہ کو پیش کرنے کا فخر حاصل کیا۔ (الاہرام)

کردی بغاوت کے سردار کا نقل مکان

بغداد کی ایک خبر سے معلوم ہوا ہے کہ شیخ سلطان (کردیوں کے باغی لیڈر) جو عراق میں آکر پناہ گزین ہو گئے تھے وہاب سلیمانیہ سے کرکوک کو نقل مکان کر گئے ہیں۔ (جریدۃ القاہرہ)

مولانا شفیع داؤدی کا عذر گناہ

دہلی کے کوچہ و بازار میں ایک گمراہ کن پمفلٹ کی اشاعت

نامہ نگار الجمعیۃ کا مدلل و مسکت جواب

(۲)

ہر شخص بآسانی دیکھ سکتا ہے کہ ۵ جنوری ۱۹۳۲ء کے خط میں جسے ہم نے مولانا شفیع داؤدی ہی کی فرمائش کے مطابق ۹ مارچ ۱۹۳۲ء کے "ہندوستان ٹائمس" سے لفظ بلفظ نقل کر دیا ہے کسی ایک جگہ بھی مسلم کانفرنس کی قرارداد کا ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ مولانا شفیع داؤدی کا یہ فرمانا کہ سر اول نے اس خط میں لکھا تھا کہ وہ چیف کمشنر صوبہ سرحد سے "مسلم کانفرنس کی قرارداد کے مطابق" ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہیں ...

ہو سکتی تھی تو انہیں اسی وقت یہ کہنا چاہئے تھا کہ بیشک ہم چیف کمشنر صوبہ سرحد کی دعوت پر گئے تھے لیکن دعوت کا مفہوم یہ نہیں تھا جو اردو داں پبلک عام طور پر سمجھتی ہے بلکہ اس کا مفہوم کچھ اور ہی تھا جو انگریزی کی رسمی مراسلت کے ساتھ مخصوص ہوتا ہے یہ دور کی کوڑی جو وہ آج نکال کر لائے ہیں انہیں اسی وقت نکالنی چاہئے تھی اور دعوت کا نام سنکر کانوں پر ہاتھ رکھنے کے بجائے دینا یہ بیان اس وقت پبلک ...

... خلاصہ کیا ہے۔ وہ ان کی دیانت اور ایمانداری کا ایک مبین ثبوت ہے اب اس خلاصہ کی بنا پر جو استدلال وہ کر رہے ہیں اس کے متعلق خود قارئین کرام فیصلہ کر سکتے ہیں اگر مولانا شفیع داؤدی کا دعویٰ صحیح ہوتا کہ سر اول کے خطبہ سے ان کی صفائی ہوتی ہے تو وہ پورا خط نقل کرنے میں ہرگز تامل نہ کرتے یا کم سے کم اس کا خلاصہ ہی صحیح الفاظ میں پیش کر دیتے۔ مگر انہوں نے اول تو پورا خط نقل نہیں کیا اور پھر کچھ خلاصہ کیا وہ سر اول کے خط کے بجائے خود اپنے خیالات کا خلاصہ تھا۔

مسلم کانفرنس پر افتراء

پھر اگر مولانا شفیع داؤدی کے اس بیان پر ایک دوسرے پہلو سے غور کیا جائے تو بھی ان کی مغالطہ انگیزی ظاہر ہو جاتی ہے۔ فرض کر لیجئے کہ مولانا شفیع داؤدی نے جو کچھ لکھا ہے وہ سر اول کے خط کا خلاصہ نہیں ہے بلکہ محض واقعہ کے طور پر یہ بتایا ہے کہ سر اول نے مسلم کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کی قرارداد کے مطابق چیف کمشنر سے ٹیلیفون پر گفتگو کی تھی ...

انکار کے بعد اقرار

جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں مولانا شفیع داؤدی کو پہلے تو دعوت ہی سے انکار تھا انہوں نے اپنا ورود ایک تار میں چیف کمشنر کی دعوت موصول ہونے کی پرزور تردید کی تھی اور اسوسی ایٹڈ پریس کے بیان کو گمراہ کن بتا کر اسے یہ دھمکی دی تھی کہ وہ اس پر ازالہ حیثیت عرفی کا دعویٰ کر دیں گے۔ ...

دور کی کوڑی

دعوت کا اقرار کرنے کے بعد جس پر مولانا شفیع داؤدی مجبور ہو گئے تھے انہوں نے ایک اور طریقہ یہ اختیار کیا کہ لفظ دعوت کا مفہوم ہی بدل دینے کی کوشش کی چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ

"ان اخبارات نے اس خط میں "انوٹیشن" ہی کا ایک لفظ ایسا ملاحس سے انہوں نے جان بوجھ کر ہمارے گرد کذب و افتراء کا جال بننا شروع کر دیا حالانکہ یہ لوگ اس سے ناواقف نہیں ہیں کہ انگریزی کی رسمی مراسلت میں بھی یہ لفظ عام طور پر مستعمل ہوتا ہے اور اس کا مفہوم سیاق عبارت سے مختلف نہیں لیا جا سکتا۔"

...

الجمعیۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۰ ذیقعدہ ۱۳۵۰ ہجری

فرقہ وارانہ مسئلہ کا تصفیہ

حکومت ہند کا ایک اور اعلان

۹ مارچ کو نئی دہلی سے ایک سرکاری بیان شائع کیا گیا ہے جس میں ایک مرتبہ پھر حکومت کی طرف سے یہ اطمینان دلایا گیا ہے کہ ملک معظم کی حکومت بہت جلد فرقہ وار مسئلہ کا تصفیہ کرنے والی ہے اس بیان کے الفاظ یہ ہیں کہ

حکومت کو اطلاع ملی ہے کہ فرقہ وار تصفیہ نہ ہو سکنے سے اس پروگرام ...

ہے اور نتیجاً یہ کہ پوری اکثریت کو ناراض کر کے وہ نظام حکومت کو قائم نہیں رکھ سکتی بالخصوص ایسی حالت میں جب کہ صوبہ وار خود مختاری کا ذکر کیا جا رہا ہے اور مختلف صوبوں میں مختلف قوموں کی اکثریت ہونے والی ہے حکومت کے لئے یہ طریق عمل قطعاً غیر ممکن ہے کہ وہ مسلمانوں کے ساتھ کھلم کھلا اتحاد کر کے اور ...

طفل تسلیاں

اور جب اس کا اعادہ کیا جاتا ہے تو تھوڑی دیر کے لئے مطمئن نظر آنے لگتے ہیں۔

دوسری طرف حکومت کی ترکیب یہ ہے کہ وہ اس وقت تک ان گمراہ مسلمانوں کو الجھائے رکھنا چاہتی ہے جب تک کہ دستور سازی کے کام کا وہ حصہ پورا نہیں ہو جاتا جس کا تعلق ہندوستانیوں سے ہے گول میز کانفرنس میں بھی ہوا کہ اس نے کوئی صاف وعدہ مسلم حقوق کے متعلق نہیں کیا، پھر اس کے بعد گول میز کی ہیئتوں کے اعلان کے وقت بھی ہوا کہ اس نے حقوقیوں کو محض یہ کہہ کر ٹلا دیا کہ ہم فرقہ وار تصفیہ خود کر دیں گے۔ اور اب بھی یہی ہو رہا ہے کہ جب کبھی دنیا کو دکھانے کے لئے حقوق کا شور مچاتے ہیں وہ فوراً اسی اعلان کو پھر سے دہرا دیتے ہیں جو وزیر اعظم نے دسمبر میں کیا تھا۔ ہنوز روز اول ہے اور نتیجہ کچھ نظر نہیں آتا۔ ہمیں یقین ہے کہ حکومت اسی طریقہ کو آخر تک جاری رکھے گی اور جب مسلمانوں، ہندوؤں، سکھوں اور اچھوتوں سے اپنا کام کرائے گی اور دنیا کو دکھا چکے گی کہ ان تمام قوموں کے اشتراک عمل سے دستور مرتب کیا گیا ہے تو آخر میں فرقہ وار مسئلہ کے حل کا اعلان کر دیگی اور پھر کسی مخالفت کی پرواہ نہ کرے گی۔ جو کچھ حکومت کو پہلے ہی سے معلوم ہے کہ اس کا حل کسی قوم کے لئے بھی من و عن قابل تسلیم نہ ہو گا اس لئے وہ اپنے مخالفین کو اس وقت موقع دینا نہیں چاہتی ہے۔ جب دستور مسائل بھی ان کی امداد سے طے ہو چکے گی اس وقت اپنے تیے ہی میز پر رکھ دے گی۔ سب ایک دوسرے کا منہ دیکھتے رہ جائیں گے۔ اور آخر میں سر توم کے عافیت پسند دلوں کو چار و ناچار تعاون کرنا ہی پڑے گا کیونکہ پھر ان کے عدم تعاون کے لئے کوئی چیز باقی ہی نہ رہے گی۔

ہم اس قدر لکھ چکے تھے کہ سر محمد اقبال صدر لاہور مسلم کانفرنس کا خطبہ صدارت اور مسلم کانفرنس کی بعض تجاویز موصول ہوئیں ہم انشاء اللہ ان کے متعلق آئندہ اظہار خیال کریں گے۔

مسلم حقوق کی وضاحت اور سیاسی تنظیم کا پروگرام

برطانیہ کی راست بازی تلون مزاج پالیسی سے بدل رہی ہے

آل انڈیا مسلم کانفرنس میں سر اقبال کا خطبہ صدارت

لاہور ۱۲ مارچ - آل انڈیا مسلم کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے سر محمد اقبال نے فرمایا کہ ہم اس جگہ اس سوال کا حل سوچنے کے لئے جمع ہوئے ہیں کہ آیا اس تحریک کو جو ہم نے جاری رکھا ہے جس نے اب تک برطانیہ کی مشکلات کو رفع کیا ہے کوئی اور صورت اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ ...

... سے انصاف کی امید رکھیں جو اس ملک کو مسلمانوں سے لینے کے دن سے ہی سوچ رہے ہیں کہ ہمارا کام ہندوستان میں غیر جانبدارانہ توازن قائم رکھنا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ قدیم برطانوی ہمت اور راست بازی ایک دم تلون پذیر پالیسی سے اس طرح بدل گئی ہے کہ لوگوں کے دل میں اعتماد قائم نہیں ہو سکتا۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں وہ صرف اپنی حیثیت کو مستحکم بنانا چاہتے ہیں۔ اس نے مسلمانوں کو اپنے مفاد کا فیصلہ کرنا ہے اور یہ وہ مسئلہ ہے جو کانفرنس کے کھلے اجلاس میں طے پانا چاہئے ہندوستانی مسلمانوں کی تاریخ میں سب سے زیادہ نازک وقت آگیا ہے۔ اب آپ اپنا فرض ادا کریں یا اپنے وجود کو مٹا دیں۔

مسلم کانفرنس میں منظور شدہ تجاویز

دو ماہ کے بجائے حکومت کو تین ماہ کا نوٹس

لاہور ۱۳ مارچ - بذریعہ ٹیلیفون خبر ملی ہے کہ آج شام کو مسلم کانفرنس میں بعض قوم پرور مسلمانوں نے برطانیہ کے خلاف نعرے بلند کئے لیکن وہ بہت جلد خاموش کر دئے گئے۔ آج کے اجلاس میں دو قرارداد میں منظور کی گئیں پہلی قرارداد میں مطالبہ کیا گیا کہ تمام ہندوستان میں مسلمانوں کو ایک تہائی ملازمتیں دی جائیں۔ دوسری قرارداد میں حکومت سے درخواست کی گئی کہ وہ مسلمانوں کے مطالبات فوراً منظور کرلے اور تین ماہ کے اندر اندر فرقہ وارانہ مسائل کا تصفیہ کر دے دسبجکٹ کمیٹی کے اجلاس میں دو ماہ کی میعاد مقرر کی گئی تھی)۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید ایک جاہل بے نمازی ... ہے اس کے نان و نفقہ کا خیال نہیں رکھتا ...

...

الجواب

...

استفتاء

...

الجواب

...

خط و کتابت کے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے۔ منیجر

دارالحکومت

حضرت صدر جمعیۃ علمائے ہند دہلی جیل میں سزا کے بعد اعزا سے پہلی ملاقات

دہلی ۱۹ مارچ۔ حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کو ڈیڑھ سال سخت کی سزا دیدی گئی۔ اس خبر نے تمام مسلمانوں میں اضطراب و بے چینی پیدا کر دی ہے۔

نصائح

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کا دہلی جیل سے تبادلہ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند سے دہلی جیل میں ملاقات

سابق جوائنٹ سکرٹری مجلس احرار اسلام دہلی

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کا مقدمہ

وکلاء کی بحث آئندہ پیشی ۲۴ مارچ

یکم اپریل کو یوم احترام مساجد

حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب کی تشریف آوری

دہلی جیل سے متعدد خواتین کا تبادلہ

خواتین کو جبراً لاری میں بٹھایا گیا

خواتین کیساتھ بدسلوکی۔ اسمبلی میں تحریک التوا

دہلی ۱۹ مارچ۔ کل شب جبکہ لیڈی سیاسی اسیران دہلی جیل سے انبالہ اور لدھیانہ بھیجی جارہی تھیں تو ایک خطرناک صورت پیدا ہوگئی۔ پونے آٹھ بجے دو موٹریں جن میں سے ایک مسلح پولیس سے بھری ہوئی تھی اور دوسری سامان لے جانے کے لئے خالی تھی جیل کے دروازے پر آپہنچیں۔

حافظ صادر علی صاحب کی گرفتاری

مولانا عبدالماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی گرفتاری

فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق حکومت ہند کا بیان

گذشتہ اعلانات کا اعادہ اور عارضی اسکیم کی پیشکش

مسلم مطالبات سے حکومت کی چشم پوشی

سرکاری کمیونکے مظہر ہے کہ:۔ ملک معظم کی حکومت کی توجہ اس امر پر منعطف ہوئی ہے کہ گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی فرقہ وارانہ مسئلہ کو طے نہ کر سکی اور اس کے صدر نے اس کی جو خواہش اس وقت تک پہنچائی تھی کہ ملک معظم کی حکومت ہی اس کا فیصلہ کردے اس پر غور کیا گیا۔

عارضی اسکیم کی پیشکش

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کے وفد کا الہ آباد میں خیر مقدم

دستور کمیٹیوں کے بائیکاٹ کا فیصلہ

بہار مسلم کانفرنس کی تجویز

بمبئی میں ہندو مسلم فساد

لاٹھیوں اور اینٹوں کا استعمال

ریزیڈنسی کا علاقہ نظام کو واپس دیدیا گیا

حکومت ہند کا فیصلہ

حکومت کو صرف "دو ماہ" کا نوٹس

آل انڈیا مسلم کانفرنس کی قرارداد

پنجاب میں مسلمانوں کے لئے پچاس فیصدی ملازمتیں

سکھوں کا بے جا اضطراب

حکومت بھی مسلمانوں کے مطالبات منظور نہیں کرتی

مسلمانوں کو کونسا راستہ اختیار کرنا چاہئے

مسلم کانفرنس میں صدر استقبالیہ کمیٹی کی تقریر

یوپی میں گرفتاریوں کی مجموعی تعداد

سہارنپور لکھنؤ اور علی گڈھ میں احرار کی سرگرمیاں

سرحد پر قبائل کا دوبارہ اجتماع

فقیر علی نگر جنڈول پر حملہ آور ہونے والے ہیں

سرکاری طیاروں سے قبائل پر زبردست گولہ باری

گاندھی جی کے پروگرام کو بالکل کچل دیا جائے

مسٹر چرچل کی شرافت کا نمونہ

چین اور جاپان کی جنگ کا تصفیہ

شرائط صلح اور فوجوں کی واپسی

سرکاری محصل پر دیہاتیوں کا حملہ

اسکول میں افسر کو جان بچانی پڑی

مدراس میں کل سیاسی گرفتاریاں

جرمانہ میں ۹۲ ہزار روپیہ وصول ہوا

پنجاب میں مسلمانوں کیلئے پچاس فیصدی ملازمتیں

فرقہ وارانہ نمائندگی کے متعلق پنجاب کونسل کا فیصلہ

ودیا ساگر کے ایک طالب علم کی گرفتاری

ریوالور اور کارتوس برآمد ہوئے

وزیر اعظم برطانیہ کا استعفیٰ؟

انگلستان کے سیاسی حلقوں میں خیال آرائیاں

بموں کے سلسلہ میں ایک طالب علم کی گرفتاری

شہر بھر میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

ہندو مسلم اتحاد کیلئے مشترکہ میلہ کی تجویز

انگلستان کو مزید سونے کی روانگی

ہندوستان میں حکومت ہند کی انتظامی کارگذاریاں

داروگیر کا لامتناہی سلسلہ گوشہ گوشہ میں گرفتاریاں

بنارس ۱۹ مارچ۔ شری بیت پرکاش ڈکٹیٹر پراونشل کانگریس کمیٹی کو کل زیر دفعہ ۱۷ (اب) ترمیم ضابطہ فوجداری خلاف قانون انجمن کا ممبر ہونے کے الزام میں ایک سال قید سخت اور پانچ سو روپے جرمانہ کی سزا دے دی گئی۔

گول میز کمیٹیوں کے متعلق صحیح راہ عمل

مولانا مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی کا اعلان

کشمیر کے لئے مزید برطانوی فوج

مندروں کو آگ لگانے پر جرمانہ

قادیانی مناظر کی بدحواسی
"قرآن میرے لئے حجت نہیں"

حال ہی میں ماسٹر محمد ادریس صاحب مناظر اسلام کا ایک زبردست مباحثہ قادیانیوں کے مناظر ماسٹر محمد حسن آسان کے ساتھ دہلی میں ہوا۔ مناظرہ کا موضوع یہ تھا کہ آیا انبیائے کرام سے اپنے الہاموں کے سمجھنے میں غلطی ہو سکتی ہے یا نہیں۔ اسلامی مناظر نے اپنا مسلک صاف صاف واضح کر دیا کہ کسی پیغمبر کو اپنے الہام کے سمجھنے میں غلطی نہیں لگی۔ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ کوئی پیغمبر اپنے الہام کو آخر تک نہ سمجھا ہو اور پھر خدا نے ان کو مطلع کیا ہو۔ قادیانی مناظر نہایت چالاکی اور خیرہ چشمی سے یہ دعویٰ کر رہا تھا کہ انبیائے کرام سے بھی اپنے الہاموں کے سمجھنے میں غلطی ہوئی ہے چونکہ مرزا غلام احمد قادیانی مدعی نبوت کے اکثر پیشینگوئی الہام باوجود تحدی کے غلط اور جھوٹے ثابت ہوئے اس لئے قادیانی اصحاب مرزا صاحب کی اس ضلالت پر پردہ ڈالنے کے لئے انبیائے کرام پر الزام لگاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر مرزا جی کی پیشگوئیاں پوری نہ ہوئیں تو کیا ہوا دیکھو انبیاء کی پیشگوئیاں بھی تو پوری نہیں ہوئیں الغرض قادیانی مناظر نے جس وقت قرآن شریف کی ایک آیت سے یہ استدلال کیا کہ نبی الہام کے سمجھنے میں غلطی کر سکتا ہے تو اسلامی مناظر جناب ماسٹر ادریس صاحب نے مطالبہ کیا کہ آپ قرآن عزیز سے بجائے غلط استدلال کرنے کے یہ دکھائیں کہ انبیائے کرام سے غلطی ہو سکتی ہے۔ میں تاویلات و تحریفات کو تسلیم نہیں کر سکتا۔ اس پر قادیانی مناظر محمد حسن نے کہا کہ "قرآن مجھ پر حجت نہیں ہے" اس پر اسلامی مناظر نے کہا کہ اچھا اگر تم پر قرآن شریف حجت نہیں تو تم یہ بات تحریر کر دو چنانچہ قادیانی مناظر نے بدحواسی اور اضطراب کی حالت میں یہ تحریر لکھ دی جو مندرجہ ذیل ہے:-

"چونکہ میں بطور معترض کے پیش ہوا ہوں اور آپ جواب دینے سے گریز کرتے ہیں اس لئے میں کہہ رہا ہوں کہ قرآنی قانون مجھ پر حجت نہیں مجھے دہریہ سمجھو"
محمد حسن

گویا یہ ایک اصولی بات ہے کہ جو شخص بھی معترض ہو وہ اپنے مسلمات سے انکار کر دے۔ افسوس ہمارے قادیانی علم کلام کاش قادیانی حضرات صاف صاف اعلان کر دیں کہ جب ہم آریوں عیسائیوں اور مسلمانوں پر معترض ہوں گے تو قرآن کی حجت ساقط ہو جائے گی اور ہم اپنے مسلمات سے دستبردار ہو جائیں گے۔

ہم مرزا بشیر محمود احمد خلیفہ قادیان کو مطلع کرتے ہیں کہ وہ خدا را ایسے بگڑے مناظروں کو ہمارے مقابلہ میں پیش نہ کیا کریں کسی ایسے شخص کو ہمارے مقابلہ پر لائیں جو کم از کم آداب مناظرہ سے تو واقف ہو۔ قادیانی مناظر کا یہ اقرار کہ قرآن مجھ پر حجت نہیں۔ قادیان کی شہ رگ پر ایک کاری ضرب ہے۔

ہم انجمن اصلاح المسلمین کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ ماسٹر محمد حسن صاحب آسان سے کوئی مباحثہ نہ کریں۔ جب تک وہ اپنے مسلمات نہ پیش کرے۔

یکے از حاضرین مجلس

کوچہ رحمان کی مسجد کی توہین
ینگ انڈیا سوسائٹی کی تجاویز

ینگ انڈیا سوسائٹی کا غیر معمولی اجلاس آج بتاریخ ۱۹ مارچ کو بوقت ۹ بجے شب دفتر سوسائٹی بصدارت جناب شیخ عمر او صاحب سوداگر منعقد ہوا۔ آج کے اجلاس میں کوچہ رحمان کی مسجد کا واقعہ زیر بحث تھا۔

محمد سعید صاحب آزاد نے سوسائٹی کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ سوسائٹی کسی تحریک کے زیر اثر نہیں ہے۔ بلکہ اپنے مذہب اور قوم کی خدمت کرنا مقصد ہے۔ اس کو کسی طاقت یا کسی فرقہ یا حکومت سے الجھنا مقصود نہیں۔ مگر مذہب کے مقابلہ میں اپنی صحیح رائے ظاہر کرنا ضروری سمجھتی ہے اس کے بعد محمد خلیل صاحب کمہوری نے ایک موثر تقریر مسجد کوچہ رحمان کے متعلق کی۔ اس کے بعد ایک تجویز مولانا موصوف نے اور دوسری حکیم محمد ابراہیم صاحب نے پیش کیں جو بالاتفاق رائے منظور ہوئیں۔

(۱) ینگ انڈیا سوسائٹی کا یہ غیر معمولی اجلاس پولیس کی اہانت آمیز رویہ کے خلاف جو اس نے کوچہ رحمان کی حوض والی مسجد کے ساتھ روا رکھا ہے نفرت و حقارت کا اظہار کرتا ہے۔ اور حکومت ہند سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ایسے ناعاقبت اندیش و مذہب سے بے بہرہ افسروں کو جن کی سرکردگی میں یہ ...

مولوی حفیظ الدین صاحب کی تشویش انگیز علالت
آپ کا وزن ۲۴ پونڈ کم ہو گیا ہے

محمد سعید آزاد سکرٹری ینگ انڈیا سوسائٹی

رہنمائے ملت حضرت مولوی حبیب الرحمن صاحب صدر آل انڈیا احرار اسلام کے برادر مکرم حضرت مولانا حفیظ الدین صاحب لدھیانوی کی صحت کے بارہ میں معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ صحت خراب ہو گئی ہے۔ تین ماہ میں ۲۴ پونڈ وزن ان کا کم ہو گیا ہے اور آنکھوں کی بصارت بھی کمزور ہو گئی ہے۔ وجع المفاصل کا مرض بہت بڑھ گیا ہے جس سے ان کو چلنے پھرنے میں بھی دشواری ہے۔ بواسیر کے باعث ہر وقت خون بہتا رہتا ہے اور سر درد دائمی صورت اختیار کر گیا ہے۔ یہ سب حالات اس لئے پیدا ہوئے ہیں کہ ان کے ساتھ سلوک ان کی حیثیت کے مطابق نہیں کیا گیا۔ ایک مہینے کے قریب ہوا کہ ان کے سینیئر سپرنٹنڈنٹ پولیس اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کو لکھا گیا تھا کہ مولانا موصوف دس میں بلدیہ ...

ایک مسلمہ بزرگ اور رہنمائے قوم ہونے کے علاوہ وہ دہلی کے متمول عالم اور مذہبی مقتدا ہیں ان کا معیار معیشت نہایت بلند ہے۔ ان کو سی کلاس میں رکھنا خطرناک باعث ہے۔ ان کو ان کے سٹیٹس کے مطابق اے کلاس میں رکھا جاوے ... کوئی جواب نہیں دیا ... مولانا موصوف ... کی صحت مخطوط ہو گئی ہے ... لدھیانہ کے مسلمانوں میں سخت اضطراب و بے چینی پیدا ہو گئی ہے۔ حکام کو چاہئے کہ مولانا موصوف کی صحت کے متعلق جلد از جلد اعلان کرے۔ اور ان کو ان کی معیار معیشت کے مطابق اے کلاس دیکر خرابی صحت کو روکنے کی تدبیر ...

محکمہ ڈاک و تار کے مسلم ملازمین کی کانفرنس
مقررہ پروگرام

آل انڈیا مسلم پوسٹ اینڈ ٹیلیگراف کانفرنس کا دوسرا سالانہ جلسہ ۲۵-۲۶-۲۷ مارچ ۱۹۳۲ء کو زیر صدارت سر عبدالقادر ... منعقد ہو رہا ہے کانفرنس کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

۲۵ مارچ ۱۹۳۲ء بروز جمعہ کانفرنس کی کونسل کا اجلاس۔ ۱ بجے صبح سے ۲ بجے تک کھلا اجلاس ۸ بجے سے ... سبجکٹ کمیٹی کا اجلاس ... بجے شب تک۔

۲۶ مارچ بروز ہفتہ: سبجکٹ کمیٹی کا اجلاس۔ ۸ بجے صبح سے ... تجاویز ... کا اجلاس ... بجے شب تک۔

۲۷ مارچ بروز اتوار: سبجکٹ کمیٹی کا اجلاس ۸ بجے صبح سے گیارہ بجے تک۔

تجاویز۔ اور تقاریر۔ دو بجے دوپہر سے ۶ بجے تک۔

(سکرٹری مجلس استقبالیہ)

بادشاہ کو ولی عہد کا جواب

قارئین کو معلوم ہے کہ رومانیہ کا موجودہ بادشاہ ... ولی عہد ... بادشاہ ... ولی عہد نے ... جواب ... بادشاہ ... بنا دیا ...

اطبا کرام کی خدمت میں اطلاع

آل انڈیا طبی کانفرنس کا تیسرا سالانہ اجلاس جو ۲۷-۲۸ مارچ ۱۹۳۲ء کو بدایوں ... جو تاریخ پہلے قرار پایا تھا لیکن بوجوہات تاریخیں تبدیل ہو گئیں اب ۳۰-۳۱ مارچ و یکم اپریل کو بدایوں میں زیر صدارت جناب شفاء الملک حکیم عبد الحمید صاحب لکھنوی اجلاس منعقد ہوں گے اطبائے کرام مطلع رہیں۔

حکیم اسرار احمد سکرٹری استقبالیہ آل انڈیا یونانی طبی کانفرنس بدایوں

لاہور میں نو مسلموں کی انجمن کا قیام

لاہور میں چند نو مسلم حضرات نے بعنوان "انجمن نو مسلم" قائم کرنے کی ہے تمام ہندوستان کے نو مسلموں سے التماس ہے کہ وہ مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں۔

محمد فضل حق بی اے ... معرفت محمد امین ... لاہور

اردو اکادمی کے جلسے کا التوا

اردو اکادمی جامعہ کا جو جلسہ ۱۹ مارچ ۱۹۳۲ء کو ہونے والا تھا تا اطلاع ثانی ملتوی کیا جاتا ہے۔ کیونکہ دہلی میں دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ سے ہر قسم کے جلسے ممنوع قرار پا گئے ہیں۔

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

نقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے جناب ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ عطا فرمایا ہے۔ اس نسخہ کے نیچے یہ عبارت درج ہے:-

"ایک ہفتہ کے استعمال میں پیر صد سالہ مثل جوان پانزدہ سالہ کے ہو جاتا ہے ... تا دم مرگ طاقت جسمانی بہ عضو قائم و برقرار رہے۔ ... سے بیزاری نہ ہو گی ... "

لہٰذا

مجھے سو برس کی عمر رکھنے والے بڈھوں کی ضرورت ہے تاکہ تجربہ کروں کہ واقعی مولوی حکیم سید فخر الدین مرحوم کے برادر زادہ کے بیان کے مطابق یہ نسخہ ایک ہفتہ کے استعمال میں پیر صد سالہ کو مثل جوان پانزدہ سالہ بناتا ہے یا نہیں۔ اس نسخہ سے جو معجون تیار کی جاتی ہے اس کا نام

معجون مددگار غدود

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۳۲ کوچہ چیلان دہلی

سرمہ عزیزی ہمیشہ آنکھوں میں لگائیے

یہ سرمہ لاعلاج موتیا بند۔ جالا۔ پھولا۔ پرِ بال۔ ناخنہ۔ غبار۔ دھند۔ رتوندہ۔ ڈھلکا۔ آشوب چشم۔ خارش۔ سرخی چشم۔ ضعف بصارت ... سرمہ عزیزی کا استعمال کریں ...

حکیم سید محمد عزیز الحسن عرف عزیز میاں پری گھاٹ بھوپال

مقویات سراج عالم

آتنک نگرہ گولیاں ... جریان احتلام سرعت انزال ... طاقت عطا کرتی ہیں ضرور تجربہ کریں صحت و تندرستی کی نعمت کام شاستر بالکل مفت طلب فرماویں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

گلدستۂ قاسمی مفت

ہزاروں علمی، اخلاقی، ادبی، تاریخی کتب کا مرقع معہ قواعد ڈاک ریلوے ... منگائیے۔

مہتمم کتب خانہ قاسمی دیوبند

بال جڑ سے کالا

... بال کا سٹور ... دربھنگہ

حلفیہ بیان و لعنت اللہ علی الکاذبین کا استعمال

... ضرغام اللہ خان سابق منسٹر ریاست انب
حال مقام لالو گلی تحصیل ہری پور ہزارہ

موسم بہار کیلئے
حلال شراب
برف ڈال کر پینے کی چیز

خلیفہ ہارون رشید عباسی کے لئے بڑے بڑے حکیموں نے ایک شربت تیار کیا تھا جس کا نام نبیذ تھا۔ طبی کمپنی دہلی نے اسی نسخہ کو تیار کیا ہے جس میں حسب ذیل اجزا ہیں:

سونے کا کشتہ۔ فاسفورس۔ عرق فولاد۔ عرق انار
بہی۔ انگور۔ پالک۔ مشک۔ عنبر

اس شربت کا نام نبیذ ہے۔ کھانے کا بڑا چمچہ بھر کر آدھے گلاس پانی میں ملائیے اور برف ڈال کر پیجئے۔ اس سے دل کو۔ دماغ کو اور جسم کے اعصاب کو خصوصاً مردمی کی قوت کو ایسا عجیب فائدہ ہوگا کہ آپ حیران ہو جائیں گے۔ کمزور عورتوں اور بچوں کی طاقت بڑھانے کیلئے بھی بہت ہی مفید ہے

قیمت ایک چھوٹی بوتل دو روپے

مگر اپریل ۱۹۳۲ء کے آخر تک بطور نمونہ کے ایک بوتل ایک روپے کو بیچی جائیگی۔ محصول ڈاک خریدار کے ذمہ جو گیارہ آنہ ہو گا۔

طبی کمپنی دہلی سے منگائیے



صرف چند روز کے لئے مفت
فینسی رسٹ واچ مفت

شاہی سرمہ جس کے استعمال سے آنکھ کے ہر قسم کے مرض دور ہو جاتے ہیں ... قیمت ایک شیشی ایک روپیہ ... ایک شیشی کے ہی خریدار کو فینسی رسٹ واچ سنہری معہ سلیٹ ... مفت دی جائے گی ... ہر ایک گھڑی کی مضبوطی کی گارنٹی پانچ سال ... قیمت واپس۔

ملنے کا پتہ: ایشیاٹک سٹور واچ کمپنی جھانسی سٹی (یو پی)

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام اطباء کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دار و مدار معدہ پر ہے ... "ٹانک جالینوس" ... مفت منگائیے۔

منیجر ہمدرد دوا خانہ بازار لال جاہ دہلی

پیشوا کا حج نمبر مفت

حاصل کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ آپ آج ہی ایک روپیہ منی آرڈر کے ذریعہ بھیج کر رسالہ کے خریدار بن جائیے ... ایک روپیہ میں دیا جائیگا۔

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

مدرسہ عالیہ امینیہ دہلی کا عظیم الشان جلسہ
مفتی اعظم کی گرفتاری پر احتجاج

۱۹ مارچ یوم شنبہ کو دار العلوم مدرسہ عالیہ امینیہ دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت محمد یوسف صاحب طالب علم مدرسہ امینیہ منعقد ہوا جمیع طلباء مدرسہ امینیہ شریک جلسہ تھے صدر جلسہ نے تقریر فرمائی اور ۱۸ مارچ یوم جمعہ کے خلاف آئین لاٹھی چارج پر اور حالات مسجد پر اور دیگر حالات پر تبصرہ کیا بعدہٗ حسب ذیل تجاویز بالاتفاق منظور ہوئیں۔

(۱) طلباء دار العلوم مدرسہ عالیہ امینیہ دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کو ان کے خلاف آئین گرفتاری پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے۔

(۲) یہ جلسہ پولیس کے اس وحشیانہ رویہ پر جو اس نے ۱۸ مارچ یوم جمعہ کو مسلمانوں کے پرامن مجمع پر خلاف آئین لاٹھی چارج کیا ہے۔ سخت احتجاج کرتا ہے اور گورنمنٹ سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ پولیس کی زیادتیوں پر پولیس سے بازپرس کرے اور آئندہ کے لئے تاکید کرے۔

(۳) یہ جلسہ پولیس کے اس وحشیانہ رویہ پر جو اس نے کوچہ رحمان کی مسجد کے ساتھ کیا ہے سخت غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے اور گورنمنٹ دہلی سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ان کنسٹبلوں کو جنہوں نے عبد الواحد کے ساتھ مسجد کی توہین کی ہے۔ جلد از جلد معطل کر دے اور مسجد کے واقعات کی تحقیقات کے لئے ایک آزاد تحقیقاتی کمیٹی تقرر کرے۔

(۴) نیز یہ جلسہ گورنمنٹ کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ آئندہ مقدس مقامات کے احترام کا خیال رکھے۔

محمد یوسف منتظم مدرسہ امینیہ دہلی

اشتہار میلہ نوچندی میرٹھ
متعلقہ ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ
من ابتدائے ۱۳ اپریل لغایتہ ۱۱ اپریل ۱۹۳۲ء

میلہ نوچندی کے ساتھ حسب دستور نمائش اسپان و مویشیان و نمائش سامان صنعت و دستکاری و پیداوار زراعتی وغیرہ ہوگی اور مختلف قسم کے کھیل و تماشے وغیرہ بھی ہوں گے۔ اور اعلیٰ اعلیٰ قسم کے سودیشی دوکاندار انواع و اقسام کا سودیشی اسباب تجارتی لیکر آوینگے سودیشی دوکانداروں کو دوکان سجانے کا انعام دیا جاویگا۔ اول انعام ۱۵ اور دوسرا انعام ۱۰ روپیہ ہوگا۔

اطلاع عام

عام پبلک کی اطلاع کے واسطے میں ضروری خیال کرتا ہوں کہ بورڈ کی تجویز ۱۲ پاس کردہ ۲۹ فروری ۱۹۳۲ء کو لفظ بہ لفظ شائع کر کے اس کے منشاء و مقصد کو صاف الفاظ میں واضح کر دوں تاکہ میلہ میں آنے والوں کو کوئی تکلیف اور دشواری نہ ہوگی۔

نقل تجویز ڈسٹرکٹ بورڈ

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا یہ اجلاس جز ۱ نقل موجودہ اقتصادی و ملکی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ تجویز کرتا ہے کہ امسال نوچندی کا میلہ صرف سودیشی اشیاء کی فروختگی و ساخت میں ترقی دینے کی غرض سے مخصوص کیا جاوے اور ایسے میلہ میں صرف ان دوکانداروں کو جو صرف ہندوستان کی بنی ہوئی اشیاء کو فروخت کریں اجازت دی جاوے۔

جز ۲ چونکہ امسال چاروں طرف ہر ایک پیشہ والے کی مالی حالت خراب ہو رہی ہے اس لئے ۳۳ فی صدی موجودہ کرایہ میں کمی کر دیجاوے۔ اور یہ کمی کرایہ صرف امسال کے میلہ کے لئے ہی مخصوص ہے اس کا اطلاق صرف تاجروں و تہ بازاری والوں پر ہوگا۔

جز ۳ نوچندی بجٹ کو مساوی الوزن بنانے کے لئے صرفہ میں تخفیف کی جاوے۔ اور بجٹ نوچندی بغرض ترمیم آمدنی و خرچ کمیٹی کے پاس واپس بھیجا جاوے۔

جز ۴ اس امر کا نوٹس پبلک کی اطلاع کے لئے بورڈ اپنے صرفہ سے چھپوا کر شائع کر دے۔ تاکہ سودیشی مال لانے والے دوکانداروں کو سہولیت ہو۔

جز ۵ یہ کہ اس تجویز کی ایک نقل پاس نوچندی کمیٹی واسطے عملدرآمد بھیج دی جاوے۔

وضاحت تجویز ۱۲ پاس کردہ بورڈ مورخہ ۲۹ فروری ۱۹۳۲ء

بورڈ کے حکم کے مطابق میں ان تجاویز کو ذیل کی وضاحت کے ساتھ شائع کرتا ہوں تاکہ تجویز کا مقصد سمجھنے میں کسی کو غلط فہمی نہ ہو۔

تجویز کے جز ۱ کا مقصد یہ ہے کہ امسال میلہ نوچندی میں ان دوکانداروں کو جگہ دی جاوے جو سودیشی مال فروخت کرتے ہیں۔ تاکہ ہندوستان کی بنی ہوئی چیزوں کو فروغ ہو۔ اور یہ ملک افلاس کی حالت سے نکلے۔ لہٰذا اس تجویز میں فقط دوکاندار آتے ہیں۔ ان کے علاوہ جو فلم گورنمنٹ زراعتی ترقی اور دیہاتی آدمیوں کی تفریح کے واسطے بھیجتی تھی اس کی ابھی درخواست کی جاوے گی۔ تفریحی تماشے اور ان کے انجن وغیرہ معہ سامان کے میلہ میں داخل ہو سکیں گے۔ ہر قسم کی روشنی خواہ ہنڈے کی ہو یا بجلی کی۔ کی جاسکے گی۔ حسب دستور سابق بائیسکل و موٹر کار وغیرہ میلہ میں داخل ہوں گے۔ رؤسا کے ہر قسم کے ڈیرے اور ان کا آرائشی سامان میلہ میں لایا جاسکے گا۔

تجویز کے جز ۲ کا مقصد یہ ہے کہ فقط اس سال کے واسطے بوجہ مالی حالت خراب ہونے کے ۳۳ فیصدی کرایہ میں کمی کر دیجاوے اور یہ کمی فقط دوکانداروں اور تہ بازاری والوں کے لئے ہوگی۔

جز کے ۳ کا منشاء مالی حالت کی خرابی اور کمی کرایہ کی وجہ سے میلہ کے بجٹ کو آمد و صرف کے اعتبار سے درست کرانا ہے۔ اور اخراجات میں وجوہات مذکورہ بالا کی بناء پر کمی کر دینا ہے۔

تجویز کے ۴ کا منشاء یہ ہے کہ نوچندی کمیٹی کے اس اشتہار کے علاوہ جو وہ ہمیشہ شائع کرتی ہے خود بورڈ بھی اپنی طرف سے نوٹس شائع کر دے تاکہ پبلک کو غلط افواہوں کی وجہ سے تکلیف نہ ہو۔

تجویز کے ۵ کا منشاء صرف اس قدر ہے کہ نوچندی کمیٹی بورڈ کی تجویز کی تعمیل کرے۔

تقسیم دوکانات کا کام حسب دستور ۲۸ مارچ ۱۹۳۲ء سے شروع ہوگا۔

المشتہر
چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ

اکتالیس خوبیوں والی تیرہ مہری نئی شان کی
حمائل شریف مترجم

نہایت خوشنما کاغذ ... صفحات ...

نمونہ اکتالیس خوبیوں والی تیرہ مہری نئی شان کی حمائل شریف مترجم

النمل ۲۷ — ۶۹۸ — وقال الذین

قرآن مجید کے مطالب ... یہ حمائل شریف اپنی جدید خوبیوں اور فوائد کے لحاظ سے پہلی حمائل شریف ہے۔ نہایت قبول ہوتی ہے اور ہاتھوں ہاتھ ... قیمت صرف دو روپے آٹھ آنے علاوہ محصولڈاک ... مقامی کتب فروشوں سے لیجئے ... ذیل سے طلب کریں۔ ایک جلد یہ ہر دو جلدوں پر ادا محصول ہوگا۔

ملنے کا پتہ: رحمانیہ بک ڈپو دریبہ کلاں دہلی

دمہ۔ بواسیر۔ سوزاک۔ کوڑھ۔ سفید داغ اگر دوا کھاتے کھاتے تھک گئے ہیں تو میری جڑی بوٹی کی دوا اگر ان مرضوں سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا نہ دے تو دام واپس فی دوا مع کوڑھ ۱۰ پتہ جڑی بوٹی میڈیکل ہال کنسی سمری دربھنگہ

خدا توفیق دے تو ضرور پڑھئے

درس عبرت	اوجز المسالک	خصائل نبوی
اس کتاب میں بتایا گیا ہے کہ پہلے مسلمان کیا تھے اب ان کی حالت کیا ہے اور آئندہ انہیں کیا کرنا چاہئے انداز بیان نہایت عجیب اور محققانہ ہے اس کتاب کا مطالعہ یقیناً ہر مسلمان کے لئے خضر راہ ثابت ہوگا۔ واعظوں عالموں اور صوفیوں کے لئے بھی بہت مفید ہے ضرور مطالعہ کریں۔ قیمت صرف ۴	حدیث کی مشہور درسی کتاب مؤطا امام مالک کی عربی شرح ہے جسے مولانا محمد زکریا صاحب شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم نے نہایت تحقیق و تدقیق کے ساتھ تحریر فرمایا ہے اور جسے اہل علم اور طلباء قبولیت کے ہاتھوں سے لے رہے ہیں۔ کتاب کے شروع میں ایک مبسوط مقدمہ ہے جس میں فن حدیث کی تاریخ۔ محدثین کے مدارج حدیث کی عہد بعہد تدوین اور مؤطا کی تقدیم و فضائل وغیرہ پر نہایت محققانہ انداز میں بحث کی گئی ہے اس شرح کی بے انتہا خوبیاں دیکھنے ہی سے تعلق رکھتی ہیں۔ کتابت کاغذ اور طباعت نہایت اعلیٰ صفحات ۵۵۶ قیمت صرف چار روپیہ آٹھ آنہ	امام ترمذی کی مشہور کتاب "شمائل ترمذی" کی اردو شرح ہے۔ اس کتاب کی قدر و قیمت کچھ اہل ایمان ہی سمجھ سکتے ہیں اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اوصاف احوال، معمولات، عبادات، طریقہ معاشرت وغیرہ سے واقف ہو کر آپ کا صحیح نمونہ بننے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ علماء اور عام اردو خواں لوگوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ صفحات ۲۲۸ قیمت صرف ایک روپیہ بارہ آنہ

غوث اعظم رح کی مکمل سوانح عمری	علامہ شیخ محمد عبدہ مصری کی تفسیر سورہ فاتحہ کا اردو ترجمہ	اسلام اور یورپ کا مقابلہ	امت کی مائیں	قرآن مجید کی مکمل تاریخ	رسول کی دعائیں
قیمت صرف ۱۲	قیمت صرف ۱۰	قیمت صرف ۱۲	عنوان خود مضمون کی تفسیر ہے قیمت صرف ایک روپیہ	(احسن البیان) قیمت صرف ۸	صحیح احادیث سے جمع کی ہوئی دعاؤں کا قابل قدر مجموعہ۔ قیمت صرف ۱۲

ملنے کا پتہ: ایم اے مجید بلیماران دہلی

قرآن شریف
مترجمہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب اسیر مالٹا

جس طرح بے انتہا جانفشانیوں کے ساتھ بے نظیر شکل و صورت میں طبع کیا گیا تھا اسی طرح ملک نے اس کی پذیرائی کی اور ہاتھوں ہاتھ لیکر اس کی خوبیوں کا اعتراف کیا اس کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ پہلا اڈیشن قریب الختم ہے۔ ... قرآن پاک کے ترجمے ... شائع ہو چکے ہیں ... فرمائش جلدی کیجئے ...

ملنے کا پتہ: محمد مجید حسن مالک تیار مدینہ و رسالہ غنچہ بجنور یو پی

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۲۰ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۸ مارچ ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۳

مسلم کانفرنس کا اجلاس لاہور

ڈاکٹر سر محمد اقبال کا مکمل خطبہ صدارت

حضرات! ہندوستان کے مسلمان اپنے سیاسی پلیٹ فارموں سے اتنے خطبے سن چکے ہیں کہ ان میں سے بیتاب عناصر نے ہمارے مشوروں اور فیصلوں کو شک و شبہ کی نگاہوں سے دیکھنا شروع کر دیا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ یہ مشورے اور فیصلے اس روح عمل کو کمزور کرنے کا باعث ہوتے ہیں جو قلب اسلام میں پوشیدہ ہے اور انجام کار اس روح کو کلیتہً فنا کر ڈالتے ہیں۔ ان میں سے ایک نے کہا کہ ملک میں اس وقت جو صورت حالات پیدا ہے۔ اس سے عمل و حرکت کی اشتہا تیز ہوتی ہے اور اگر ہمارے رہنما مسلمانان ہند کی خاص پوزیشن کو مدنظر رکھتے ہوئے کوئی قطعی راہ عمل نہ بنا سکے تو نقالی کی وارفتگی اپنا کام کر جائے گی اور ہمارے نوجوان مآل و انجام پر غور کئے بغیر واقعات و حوادث کے سیل میں کود پڑیں گے۔ ایک اور نوجوان نے جس کے اندر گفتگو سے شباب کی ناشکیبائی ٹپک رہی تھی کہا۔ عمل پہلے سے سوچی سمجھی ہوئی سکیم کا محتاج نہیں۔ یہ اس منطق کا پابند نہیں جس کی تعلیم سکولوں میں دی جاتی ہے بلکہ جب یہ انسانی قلب کے نہاں خانہ سے نکل کر کھلے میدان میں آتا ہے تو اپنی منطق خود پیدا کر لیتا ہے۔ یہ ہمارے نوجوانوں کے موجودہ جذبات و احساسات کا ایک مرقع ہے۔ میں آپ کا ممنون ہوں کہ اس نازک مرحلے پر آپ نے مجھ پر اعتماد کرتے ہوئے منصب صدارت پر سرفراز کیا لیکن میں آپ کو اس انتخاب پر مبارکباد نہیں دے سکتا۔ اس لئے کہ آپ نے ایک ایسے شخص کو اپنا صدر بنایا ہے جو...

اجتماعی وجود کی تعمیر

ہندوستان کی مختلف "قوموں" کے درمیان ظاہر اور مخفی ربط و ضبط کے جو نقاط ہیں۔ ذہن میں نظر رکھتے ہوئے مجھے یقین ہے کہ ہم ایک ایسا یک آہنگ "اجتماعی وجود" تعمیر کر سکتے ہیں جس کی وحدت اس کثرت سے متاثر نہ ہو جو اس کے دامن سے لازماً وابستہ رہے گی۔ ہندوستان قدیم کے سامنے یہ عقیدہ پیش تھا کہ وحدت اپنی "یکی" کو قربان کئے بغیر کثرت کیونکر بن سکتی ہے؟ آج یہ عقیدہ اپنا سماوی بلندیوں سے اتر کر ہماری سیاسی زندگی کی عام سطح پر آ گیا ہے اور ہمیں اسے بالکل برعکس شکل میں طے کرنا ہے یعنی یہ کہ کثرت اپنے تعدد کو قربان کئے بغیر کیونکر وحدت کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ جس حد تک ہماری پالیسی کے اصول و مبانی کا تعلق ہے۔ میں کوئی نئی چیز آپ کے سامنے بیان نہیں کر سکتا۔ جو کچھ ضروری تھا اسے آل انڈیا مسلم لیگ کے خطبے میں عرض کر چکا ہوں۔ موجودہ خطبے میں بعض دوسری چیزوں کے علاوہ میں سب سے پہلے آپ کو اس صورت حالات کا صحیح اندازہ کرنے میں مدد دوں گا جو گول میز کانفرنس میں ہمارے ڈیلی گیشن کے ایک حد تک متذبذب رویہ سے پیدا ہوئی پھر اپنی بصیرت کے مطابق میں یہ ظاہر کرنے کی کوشش کروں گا کہ گذشتہ لندن کانفرنس میں وزیر اعظم کے اعلان نے ساری صورت حالات کے بغور مطالعہ کی جو ضرورت پیدا کر دی ہے۔ تو اس سلسلے میں نئی پالیسی کی وضع و ترتیب کس حد تک مناسب ہے...

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین خشک میوے لنگی رومال (پشاوری مشہدی یزدی) کلاہ پنکھے چپلیاں نسوار کرہ انگوری چاربسر اصلی میرہ اور نایاب مفرد دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے۔ چار آنہ کے ٹکٹ بھیج کر نمونہ طلب فرمائیے۔ منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

عاشق کے قدموں پر

منیجر کا پتہ فضل شاہ عالم پوسٹ بکس نمبر ۴۵ دہلی

دلہن بہار تیل

دلہن بہار تیل میں کسی قسم کا نقص ثابت کریگا

دلہن بہار تیل کے اوصاف

عید کی خوشی میں عید کے روز ڈالیں گے تو یہ آپ کو دو چند خوش کر دے گا۔ بالوں کی سیاہی قائم رکھتا جڑوں کو مضبوط کرتا، بالوں کو چمکدار اور ملائم کرتا بالوں کو گھنا اور دراز کرتا اس کا اصلی فعل ہے۔ سر کے چکر، درد سر، آنکھوں کی گرمی فوراً دور کر کے دل کو تسکین دیتا ہے۔ غرض یہ کہ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ جو صاحب ایک مرتبہ ہی اس کو استعمال کریں گے پھر دوسرا تیل پسند نہ کریں گے۔

قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ: منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مضرت و کراہت اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک نہایت عمدہ قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر اصول اور ترکیب خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ... ایک کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اس میں وہ احادیث درج ہیں جن میں اعمال بد کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے ... دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے ... پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رہنا نہایت ضروری ہے ... ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) **کی تلاوت کرنے کا**

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور رکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عنہ علاوہ محصول ڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر رنگین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عہ مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصول ڈاک دو روپے (عہ)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ عہ قسم دوم حنا شدہ عہ علاوہ محصول ڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم دوشنبہ ۲۰ ذیقعدہ ۱۳۵۵ ہجری

مسلم کانفرنس کی "موت" کا فیصلہ
گول میزی کمیٹیوں کے "مقاطعہ" کی تجویز کا حشر

مسلم کانفرنس کا جو اجلاس لاہور میں منعقد ہوا تھا اس کا خطبۂ صدارت اور اس کی مکمل کارروائی اخبارات میں شائع ہو چکی ہے اور ہم آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ اسے نقل بھی کر رہے ہیں۔ ہمارا ارادہ تھا کہ ہم صحیح ترتیب کے مطابق پہلے سر محمد اقبال کے خطبۂ صدارت پر اظہار خیال کریں گے اور اس کے بعد مسلم کانفرنس کی کارروائی کو زیر بحث لائیں گے مگر چونکہ اس عرصہ میں مسلم کانفرنس کی "سب سے زیادہ اہم" قرارداد ...

... عملی طریق کا ایک پروگرام تیار کر کے ضروری کارروائی کی خاطر آل انڈیا بورڈ کے سامنے پیش کرے۔

یہ کانفرنس گول میز کانفرنس کے مسلمان ممبروں کے اس رویہ کو پسند نہیں کرتی کہ انہوں نے آل انڈیا مسلم کانفرنس کے منتظمہ بورڈ کی قرارداد مورخہ ۷ اگست ۱۹۳۱ء کے باوجود فیڈریشن کمیٹی کے کام میں حصہ لیا۔ یہ کانفرنس ...

ہے کہ وہ جلد سے جلد فیصلہ کر دے گا۔ پھر آپ یہ کیا مطالبہ کرنے چلے ہیں کہ "برطانیہ جلد سے جلد فیصلہ کر دے" یہ وزیر اعظم کی تائید ہے یا مسلمانوں کا مطالبہ ہے۔ وزیر اعظم نے اپنے کسی بیان میں آج تک یہ نہیں کہا کہ میں مسلمانوں کے مطالبات منظور کر لوں گا وہ یا اس کی حکومت جس امر کی ذمہ داری اپنے سر لیتی ہے وہ صرف یہ ہے کہ ہم "تصفیہ" کا اعلان کر دیں گے اس کے معنی خود یہ ہیں کہ مسلمانوں کے مطالبات من وعن پورے نہیں کئے جائیں گے۔ یہ اعلان گذشتہ گول میز کانفرنس کے بعد سے دسیوں مرتبہ ہو چکا ہے اور جب کبھی وزیر اعظم یا وزیر ہند اس کا اعادہ کر دیتے ہیں فوراً "حقوق مسلمانوں کی باچھیں کھل جاتی ہیں اور وہ کہنے لگتے ہیں کہ یہ دیکھئے وزیر اعظم نے وعدہ کر لیا کہ وہ تصفیہ کا اعلان کر دیں گے۔ ان لوگوں کو مطلق شرم نہیں آتی کہ آخر یہ وعدہ کیا حیثیت رکھتا ہے۔ اور اس وعدہ کو ہزاروں مرتبہ سننے اور اس کی حقیقت سے واقف ہونے کے باوجود بھی اس میں کوئی ایسا سحر ہے کہ اس کے زبان پر آتے ہی سارا جوش ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ یہ نہیں سمجھا جاتا ہے کہ کانفرنسیں ایسے گئے گزرے نہیں ہیں کہ ان باتوں کو نہ سمجھتے ہوں ہاں البتہ ان کی ریاکاری اور قومی غداری ہی ان سے یہ تمام پُر فریب حرکات کرا رہی ہے۔

بے عملی کا آخری ثبوت

اب رہا یہ سوال کہ تین مہینوں کے بعد یہ لوگ کوئی تیر ماریں گے اس کے متعلق ہمیں کچھ کہنے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ کانفرنسیوں کی پوری تاریخ قوم کے سامنے ہے جنہوں نے کبھی گول میز کی رکنیت سے استعفے دیدینے کا بھی تصور نہیں کیا، جو کمیٹیوں کے معمولی الاؤنس اور حکام کی ادنیٰ عنایتوں اور نوازشوں کی بدولت قوم کو جہنم میں جھونکنے کے لئے تیار رہے ہوں ...

سمندر پار کی اپنی زبان کو اظہار خیال کا ذریعہ بناتی ہے اسے دوسروں سے یہ توقع رکھنے کا کیا حق پہنچتا ہے کہ وہ اس کی زبان کا تحفظ کریں گے۔ سر اقبال تمام دنیا میں اردو زبان کے بہترین شاعر تسلیم کئے جاتے ہیں لیکن جب وہ اپنے ہی ہم مذہب اور ہم زبان مجمع کو مخاطب کرتے ہیں تو انہیں اپنا مافی الضمیر ادا کرنے کے لئے اردو زبان میں الفاظ نہیں ملتے اور انگریزی سے امداد طلب کرنی پڑتی ہے۔ اور اسی اجتماع پر کیا منحصر ہے ہمیں آئے دن اس کا تجربہ ہوتا رہتا ہے۔ کہ حقوق مسلمین کے یہ سب سے بڑے علمبردار ہندوستان میں خود اپنے ہاتھوں سے اسلامی تہذیب، اسلامی تمدن، اور اردو زبان کا خون کرتے رہتے ہیں اور جو کچھ کہتے ہیں کبھی اس پر عمل کر کے نہیں دکھاتے۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ شہر اندور میں ایک قبرستان ہے جو قریب ۵۰ سال سے کل میں لایا جا رہا ہے۔ اس کو بڑی اہمیت اس وجہ سے حاصل ہے کہ اس کے قریب میں ہندوؤں کا مرگھٹ و فنا کردیوں کی آبادی ایک طرف، دوسری طرف قوم بالی وغیرہ رہتی ہیں۔ قبرستان کے قریب میں رہنے والی توہیں سب جانور (سور) پالتی ہیں۔ قبرستان محفوظ نہ ہونے کی وجہ سے ان ناپاک جانوروں کے رہ گزر چراگاہ ہو رہا ہے۔ مقابر کی بے حرمتی ہوتی ہے اس لئے بعض خیر اندیشان قوم کو سوجھی کہ قبرستان کا احاطہ بنوایا جائے ...

دار الحکومت دہلی

یوم احترام مساجد کا پوسٹر نہیں چھپ سکا

پولیس نے پتھر کٹوا دئے!

دہلی ۲۵ مارچ۔ یکم اپریل کو تمام ہندوستان میں یوم احترام مساجد منانے کا اعلان کیا گیا تھا۔ اسی سلسلہ میں ایک پوسٹر ہزارہا کی تعداد میں چھاپنے کے لئے اقبال پرنٹنگ پریس کو دیا تھا جو ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں بھیجا جاتا۔ اس پوسٹر میں مسجد کوچہ رائمان دہلی کی توہین کے متعلق پولیس کی حرکات کے مختصر واقعات اور حکومت کے رویہ کا تذکرہ تھا۔ نیز ایک تجویز تھی جس میں مسلمانوں کی اس قسم کی تمام شکایات کیلئے ایک متفقہ فیصلہ کا اعلان تھا اور کوئی ایسی بات نہ تھی جو موجودہ پریس آرڈیننس کی حکومت کی خواہش کے خلاف ہو۔

دہلی میں ایک مکان پر پولیس کا حملہ

پستول اور کارتوسوں کی برآمدگی

مجلس احرار کے دو رضاکار گرفتار کرلئے گئے

علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کو کیوں گرفتار کیا گیا؟

انڈین نیشنل کانگریس خلاف قانون نہیں

اسمبلی میں ہوم ممبر کا بیان

ایک مشہور سیٹھ کی بیوی کا دردناک قتل

پچاس ہزار روپے کے زیورات کی چوری

وائسرائے کی ٹرین کو اڑانے کی جگہ کا معائنہ

مجاہد ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کا فیصلہ

دو سال قید سخت اور پانچ سو روپیہ جرمانہ کی سزا

دہلی ۲۵ مارچ۔ کل سردار عبد الصمد خاں صاحب مجسٹریٹ درجہ اول نے ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ دفعہ ۱۲۴ الف کے دو مقدمات آپ پر چل رہے تھے۔ ہر ایک میں ایک سال قید سخت اور ڈھائی سو روپیہ جرمانہ کیا گیا۔ عدم ادائے جرمانہ کی صورت میں تین ماہ مزید سزا کا حکم دیا۔ دونوں سزائیں ساتھ ساتھ شروع ہوں گی۔ مجسٹریٹ نے آپ کو بی کلاس میں رکھنے کی سفارش کی ہے۔

کوچہ رائمان کی مسجد کا معاملہ دہلی میونسپلٹی میں

تحقیقاتی کمیٹی کے تقرر سے انکار کر دیا گیا

امن و امان کا مسئلہ کمیٹی کے اختیارات سے باہر ہے

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسہ عام

ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کی بصیرت افروز تقریر

مولانا عبد الماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا اب تک چالان نہیں کیا گیا

عبد اللطیف صاحب پر نوٹس کی تعمیل

دو مسلم رضاکاروں کی گرفتاری و رہائی

مسجد شاہ مسعود مہرولی کا گنبد شہید کر دیا گیا

پولیس کی نگرانی میں خانۂ خدا کی توہین

مجلس احرار دہلی جمعیۃ علماء میں مدغم کر دی گئی

مولانا عبد الباقی صاحب ایڈیٹر زمیندار کی تشریف آوری

کرنل محمد اسحاق صاحب پر نوٹس کی تعمیل

حافظ عبد العزیز صاحب کی خانہ تلاشی

دہلی میں بمبئی کے رضاکاروں کی آمد

یکم اپریل کو یوم احترام مساجد

ترچنا پلی میں ہندو مسلم فساد

طرفین کے متعدد اشخاص گرفتار

دہلی جیل میں خواتین پر زیادتیوں کی شکایات

اسمبلی میں التواء کی تجویز مسترد

ہندوستانیوں کے جذبات کی تلخی کا اقرار

لارڈ لوتھین کا اظہار خیال

نوجندی کے میلہ میں قصر سوشی اشیاء فروخت کی جائیں

صدر ڈسٹرکٹ بورڈ اور کمشنر کے درمیان خط و کتابت

بورڈ کی تجویز نے میلہ کو بائیکاٹ سے بچا لیا

نام نہاد مسلم کانفرنس کی حکومت پرستانہ سرگرمیاں

حکومت سے تعاون کی قرارداد اور مسلم حقوق سے چشم پوشی

کانفرنس کے خلاف مسلمانوں کا زبردست مظاہرہ

لاہور میں جلوس اور جلسہ

چھ سو کے قریب گرفتاریاں

طوفان باد سے عمارتیں اڑ گئیں

شمالی بنگال میں تباہ کن آندھی

کراچی سے حجاج کے آخری جہاز کی روانگی

بنگال میں کل گرفتاریاں اور نظر بندیاں

بنگال کونسل میں ہوم ممبر کا بیان

اب تک گولیوں سے کتنے آدمی ہلاک ہوئے

اسمبلی میں ہوم ممبر کا بیان

پارڈی کانگریس کمیٹی کا روپیہ ضبط

ریاست جوناگڑھ میں فرقہ وارانہ فساد

برمی باغیوں کی مہلک سرگرمیاں

نمبردار کو گولی سے اڑا دیا

کانگریس بلیٹن کہاں طبع ہوتے ہیں

کانپور کی خفیہ پولیس نے پتہ لگا لیا

سودیشی سبھا خلاف قانون قرار دیدی گئی

ڈاکٹر ستیہ پال کو دو سال قید سخت کی سزا

سرحدی حملہ آوروں کی گرفتاری

دو گھنٹہ تک گولیوں سے مقابلہ

قبائل کی باہمی جنگ

صوبہ سرحد میں جہاد کی دعوت

ایک پوسٹر کی ضبطی

آرڈیننس مجالس قانون ساز میں پیش نہیں کئے جائینگے

دار العوام میں وزیر ہند کا جواب

یوم بھگت سنگھ پر گرفتاریاں

مسلمانان قصبہ پہانی کا عظیم الشان جلسہ

رہنماؤں کی گرفتاری اور مسجد کی توہین کے خلاف احتجاج

ایک عربی رسالہ کا اجراء

امریکہ کا ایک شہر برباد

خوفناک آندھی سے ۲۷۵ افراد ہلاک

مسلم کانفرنس کا اجلاس لاہور

(بسلسلہ صفحہ ۲)

اشتہار میلہ نوچندی میرٹھ

متعلقہ

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ

من ابتدائے ۲ر اپریل لغایتہ ۱۸ر اپریل ۱۹۳۲ء

میلہ نوچندی کے ساتھ حسب دستور نمائش اسپان و مویشیان و نمائش سامان صنعت و دستکاری و پیداوار زراعتی وغیرہ ہوگی اور مختلف قسم کے کھیل و تماشے وغیرہ بھی ہوں گے۔ اور اعلیٰ اعلیٰ قسم کے سودیشی دوکاندار انواع و اقسام کا سودیشی اسباب تجارتی لیکر آویں گے سودیشی دوکانداروں کو دوکان سجانے کا انعام دیا جاویگا۔ اول انعام ۵۰ اور دوسرا انعام ۲۵ روپیہ ہوگا۔

اطلاع عام

عام پبلک کی اطلاع کے واسطے میں ضروری خیال کرتا ہوں کہ بورڈ کی تجویز ۱۲ پاس کردہ ۲۹ فروری ۱۹۳۲ء کو لفظ بہ لفظ شائع کرکے اس کے منشاء و مقصد کو صاف الفاظ میں واضح کردوں تاکہ میلہ میں آنے والوں کو کوئی تکلیف اور دشواری نہ ہوگی۔

نقل تجویز ڈسٹرکٹ بورڈ

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا یہ اجلاس (جزو اول) موجودہ اقتصادی و ملکی حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ تجویز کرتا ہے کہ امسال نوچندی کا میلہ صرف سودیشی اشیاء کی فروختگی و ساخت میں ترقی دینے کی غرض سے مخصوص کیا جاوے اسلئے میلہ میں صرف ان دوکانداروں کو جو صرف ہندوستان کی بنی ہوئی اشیاء کو فروخت کریں اجازت دی جاوے۔

جزو ۲۔ چونکہ امسال چاروں طرف ہر ایک پیشہ والے کی مالی حالت خراب ہو رہی ہے اسلئے ۳۳ فی صدی موجودہ کرایہ میں کمی کردی جاوے۔ اور یہ کمی کرایہ صرف امسال کے میلہ کے لئے ہی مخصوص ہے اس کا اطلاق صرف تاجروں و تہ بازاری والوں پر ہوگا۔

جزو ۳۔ نوچندی بجٹ کو مساوی الوزن بنانے کے لئے صرفہ میں تخفیف کی جاوے۔ اور بجٹ نوچندی بغرض ترمیم آمدنی و خرچ کمیٹی کے پاس واپس بھیجا جاوے۔

جزو ۴۔ اس امر کا نوٹس پبلک کی اطلاع کے لئے بورڈ اپنے صرفہ سے چھپوا کر شائع کرے تاکہ سودیشی مال لانے والے دوکانداروں کو سہولیت ہو۔

جزو ۵۔ یہ کہ اس تجویز کی ایک نقل پاس نوچندی کمیٹی واسطے عملدرآمد بھیج دی جاوے۔

وضاحت تجویز ۱۲ پاس کردہ بورڈ مورخہ ۲۹ فروری ۱۹۳۲ء

بورڈ کے حکم کے مطابق میں اس تجویز کو ذیل کی وضاحت کے ساتھ شائع کرتا ہوں تاکہ تجویز کا مقصد سمجھنے میں کوئی غلط فہمی نہ ہو۔

تجویز کے جزو ۱ کا مقصد یہ ہے کہ امسال میلہ نوچندی میں ان دوکانداروں کو جگہ دی جاوے جو سودیشی مال فروخت کرتے ہیں تاکہ ہندوستان کی بنی ہوئی چیزوں کو فروغ ہو۔ اور یہ ملک افلاس کی حالت سے نکلے۔ لہٰذا اس تجویز میں فقط دوکاندار آتے ہیں۔ ان کے علاوہ جو قلم گورنمنٹ زراعتی ترقی اور دیہاتی آدمیوں کی تفریح کے واسطے بھیجتی تھی اس کی اب بھی درخواست کی جاوے گی۔ نیز تماشے اور اُن کے انجن وغیرہ معہ سامان کے میلہ میں داخل ہوسکیں گے۔ ہر قسم کی روشنی خواہ ہنڈے کی ہو یا بجلی کی کی جاسکے گی حسب دستور سابق بائیسکل، موٹر کار وغیرہ میلہ میں داخل ہوں گے۔ رؤسا کے ہر قسم کے ڈیرے اور ان کا آرائشی سامان میلہ میں لایا جاسکے گا۔

تجویز کے جزو ۲ کا مقصد یہ ہے کہ فقط امسال کے واسطے بوجہ مالی حالت خراب ہونے کے ۳۳ فی صدی کرایہ میں کمی کردی جاوے اور یہ کمی فقط دوکانداروں اور تہ بازاری والوں کیلئے ہوگی۔

جزو کے ۳ کا منشاء مالی حالت کی خرابی اور کمی کرایہ کی وجہ سے میلہ کے بجٹ کو آمد و صرف کے اعتبار سے درست کرانا ہے۔ اور اخراجات میں وجوہات مذکورہ بالا کی بناء پر کمی کردینا ہے۔

تجویز کے جزو ۴ کا منشاء یہ ہے کہ نوچندی کمیٹی کے اس اشتہار کے علاوہ جو وہ ہمیشہ شائع کرتی ہے خود بورڈ بھی اپنی طرف سے نوٹس شائع کردے تاکہ پبلک کو غلط افواہوں کی وجہ سے تکلیف نہ ہو۔

تجویز کے جزو ۵ کا منشاء صرف اسقدر ہے کہ نوچندی کمیٹی بورڈ کی تجویز کی تعمیل کرے۔

تقسیم دوکانات کا کام حسب دستور ۲۰ مارچ ۱۹۳۲ء سے شروع ہوگا۔

المشتہر

چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ

وفد جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ کا آگرہ میں خیر مقدم

بدنصیبی سے جمعیۃ العلماء ہند دہلی کے مقابلہ میں جمعیۃ العلمائے ہند کانپور بنائی گئی تھی۔ کانپور میں جمعیۃ العلمائے صوبہ متحدہ (شاخ دہلی) کا جس طرح خیر مقدم کیا گیا اور جمعیۃ العلماء ہند کانپور کے دفتر کی حقیقت کا خود سکرٹری صاحب کے والد ماجد کی زبانی جس طرح انکشاف ہوا وہ ناظرین ۲۰ مارچ کے الجمعیۃ میں ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ کانپور وہ جگہ تھی جہاں جمعیۃ العلماء ہند کانپور کے سکرٹری کا قیام تھا اور آگرہ وہ جگہ ہے جہاں جمعیۃ العلماء ہند کانپور کے صدر مولانا نثار احمد صاحب مرحوم کا قیام تھا۔ وفد جمعیۃ العلمائے صوبہ متحدہ کا کانپور میں جس طرح خیر مقدم کیا گیا اس سے کہیں زیادہ آگرہ میں اس کا خیر مقدم کیا گیا۔ ...

نتخب ہوئے۔ جلسہ میں بہت سے علماء نے شرکت فرمائی جن میں سے بعض مشہور علماء کے اسمائے گرامی ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

مولانا ضیاء الاسلام صاحب امام جامع مسجد۔ مولانا مفتی محمد اعظم شاہ صاحب مفتی شہر۔ مولانا سلطان حسن صاحب مدرس مدرسہ جامع مسجد۔ مولانا حبیب اللہ صاحب مدرس اول مدرسہ جامع مسجد۔ مولانا محمد یعقوب صاحب امام مسجد اکبری۔ مولانا نور الدین صاحب مدرس مدرسہ شبینہ۔ مولانا حمید اللہ صاحب۔ مولانا عبد اللطیف صاحب۔ مولانا حفظ الرب صاحب۔ مولانا احمد سعید صاحب۔ مولانا محمد آفاق صاحب۔ مولانا عبد المجید صاحب۔ مولانا عبد الغنی صاحب۔ مولانا یسین حسن صاحب۔

مذکورہ بالا تمام علمائے جمعیۃ العلماء آگرہ کی ممبری قبول فرمائی۔ سارس تمام کارروائی کے اختتام پر آگرہ کے مذکورہ بالا علماء و فضلائے مولانا محمد دراز بیگ صاحب ناظم جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ کا شکریہ ادا کیا کہ انکی تشریف آوری اور سعی سے جمعیۃ العلماء آگرہ کا انعقاد ہوگیا۔

عبد المجید بی۔ اے۔ رکن جمعیۃ العلمائے صوبہ متحدہ

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے جناب ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ عطا فرمایا ہے۔ اس نسخہ کے نیچے یہ عبارت درج ہے:۔

"ایک ہفتہ کے استعمال میں پیر صد سالہ مثل جوان پانزدہ سالہ کے ہوئے تا دم مرگ طاقت جسمانی ہمہ عضو قائم و برقرار رہے ...

لہٰذا

معجون مذکار غذود

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

پیشوا کا حج نمبر مفت

منیجر رسالہ پیشوا دہلی



صرف چند روز کے لئے

فینسی رسٹ واچ مفت

ایشیاٹک سٹور کمپنی جھانسی سٹی یو۔پی

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا رومؒ (اردو)

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی (رجسٹرڈ) کشمیری بازار لاہور

آپ کا ارادہ ہے کہ پٹیالہ کے راجہ صاحب سے ضرور ملاقات کریں۔ آپ افغانستان۔ ایران۔ عرب۔ مصر۔ ترکی۔ بلقان اور وسطی یورپ سے ہوکر گزریں گے۔

کشمیر گول میز کانفرنس پر عدم اعتماد

سلمانان کشمیر مقیم بمبئی کا احتجاج

حکومت کشمیر نے کمیٹی کی رپورٹ پر غور کرنے کے لئے جو کشمیر میں گول میز کانفرنس طلب کی ہے بلحاظ اکثریت اس میں مسلمانان کشمیر کی کافی نمائندگی نہیں ہے اور نہ یہ پبلک کے منتخب کردہ ممبر ہیں اسلئے انجمن کشمیری مسلمانان بمبئی اس پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مہاراجہ صاحب کی خدمت میں گزارش کرتی ہے کہ کانفرنس میں مسلمانان کشمیر کی رائے عامہ کے مطابق ممبران کو عمل میں لانا نہایت بہتر ہوگا۔

سکرٹری انجمن کشمیری مسلمانان بمبئی نمبر ۹

صاحب یا اُن کے دوست مسٹر گردھاری لال ہندوستان بھر کی کسی دیسی ریاست کا نام بھی بتا سکتے ہیں جہاں مذہبی تعلیم کیلئے ایسے ناقابل برداشت قوانین نافذ ہوں جہاں تک معلوم ہے روشن خیال الور اس حرف میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔

مسٹر گردھاری لال نے دوستی کا اثر ڈال کر مولانا شوکت علی صاحب کو تو دھوکا دیدیا مگر تمام دنیا کو دھوکا نہیں دے سکیں گے۔ ان احکام کا مقصد خواہ کچھ بھی ہو مگر نتیجہ صرف ایک ہے اور وہ یہ ہے کہ مسلمان نہ فارسی پڑھیں گے نہ اردو پڑھیں گے نہ مذہبی رسائل پڑھیں گے اور نہ قرآن پڑھیں گے۔ اجازت کون لے اور دائمی نگرانی اور جاسوسی کے خطروں میں کون پڑے۔ ایک دو پشت کے بعد وہ اسلام سے اسقدر بیگانہ اور ناآشنا بن جائیں گے کہ عملاً مرتد ہو جائیں گے۔ سوامی شردھانند آنجہانی کی شدھی کی نسبت یہ شدھی سستی پڑے گی۔

سید غلام بھیک نیرنگ

معتمد عمومی جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام انبالہ شہر

دنیا کا پاپیادہ سفر کرنے والے مسٹر قاسم کی لندن کو روانگی

پانچ نوجوان دنیا کا سفر پاپیادہ کرنے کی غرض سے ۱۰ ستمبر ۱۹۳۱ء کو کلکتہ سے روانہ ہوئے۔ ایک مسلم، ایک عیسائی اور دو ہندو نوجوان راستے کی صعوبتوں کے ...

ریاست الور میں تعلیم قرآن

مولانا شوکت علی کے بیان کی تردید

روزنامہ انقلاب لاہور مورخہ ۱۳ مارچ ۱۹۳۲ء میں مولانا شوکت علی صاحب کا ایک اعلان شائع ہوا ہے جس کا عنوان یہ ہے کہ الور میں قرآن مجید پڑھنے کی ممانعت نہیں۔ اس اعلان میں محترم مولانا نے ان لوگوں کو جنہوں نے یہ خبر شائع کی کہ ریاست الور میں تعلیم قرآن کے مدارس سے تعرض کیا جاتا ہے مفسدہ پرداز کا خطاب عطا فرمایا ہے اُنکی حرکت کو مکروہ اور شرمناک کہا ہے اور اُن کے عمل کو مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی ناپاک کوشش قرار دیا ہے۔ ...

ذہنیت تھا۔ اصلی ہدف مسلمانوں کے مکاتب و مدارس تھے ... (یہ قواعد بھی عنقریب شائع کئے جائیں گے)۔ ان احکام و قواعد پر عمل کرتے ہوئے ناظم تعلیمات الور نے تمام ائمہ مساجد کو جو اپنی مسجدوں میں بچوں کو قرآن کریم پڑھایا کرتے تھے ۱۹۳۱ء میں طلب کرکے ایک حکم پر اُن کے اطلاعی دستخط کرائے جس کا خلاصہ یہ تھا کہ اگر کوئی شخص کسی مکتب یا مسجد میں تعلیم قرآن دیگا تو مستوجب سزا ہوگا۔ ...

جرمنی کو سب سے زیادہ جس ہتھیار نے کام دیا وہ نہ تو توپ تھی اور نہ گن مشین تھی بلکہ صرف سول پستول تھا جس نے بلا کسی تکلیف پہنچائے چشم زدن میں ہر ایک جاندار کو اندھا و بے جان کر دیا۔

پستول کا جوں ہی گھوڑا دبایا جائے فوری ایک خاص قسم کا بجلی کرنٹ ہر ایک جاندار پر اس طرح اثر کرتا ہے کہ قطعی اندھا کردینے کے علاوہ بالکل بے حرکت کردیتا ہے ...

بے حرکت کرسکتے ہیں (۱۰۰) قدم تک بجلی کرنٹ کام دیتا ہے۔ ... یقین مانئے آپ کی جان کا ساتھ دینے والا صرف یہی سول پستول ہے جس جاندار کو چاہا پندرہ منٹ تک اندھا اور بے حرکت کردیا۔ ... ایک نقطہ تحریر کے خلاف ہو تو ہم اپنے خرچہ سے تیار ہیں۔ ...

ہفتہ آزما سکتے واپس لینے کو

گورنمنٹ ہند سے کسی قسم کا لائسنس نہیں ہے ہر شخص منگوا سکتا ہے۔

پتہ: اے۔ ایچ فرانسس اینڈ کو پوسٹ بکس نمبر ۱۰۵۵ بمبئی نمبر ۹

حضرت علامہ اقبال کا تازہ شاہکار **جاوید نامہ** — تاج الدین بازار انارکلی لاہور

نپٹ بہراپن کا قطعیہ علاج

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

ہمارا دوسرا سرمہ ...

کان کی دوا — بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

چار نکاح کیجیے

بڑھاپے میں جوانی

طلا مقوی خاص

نامرد مرد ہو

حکیم محمد ظہیر علی کلاں محل دہلی

گلدستہ قاسمی نسخہ

مہتمم کتب خانہ قاسمی دیوبند

مقویات مرتب عالم

محبوب عاشق کے قدموں پر

تارکا پتہ الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم - ۵ - ۹ - ۱۳
۱۶ - ۲۰ - ۲۴ - ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ــــ صہ
نصف صفحہ ــــ ستہ
ایک کالم ــــ عنہ
½ کالم ــــ ...
¼ کالم ــــ عہ

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ
ید اللہ علی الجماعۃ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی ۔ اے)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ــــ ...
ششماہی ــــ ...
سہ ماہی ــــ ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ــــ ...
ششماہی ــــ ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۵ | دہلی ۔ یوم جمعہ ۲۴ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ مطابق یکم اپریل ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۴

معاصرین کے افکار و آراء

حکومت برطانیہ کا انتہائی اعلان (مدینہ)

"تین مہینہ کا الٹیمیٹم" (ملت)

مفتی صاحب کو سخت سزا (حقیقت)

ٹائمیں ٹائمیں فش! (ہمدم)

ملکی مصنوعات کی ترقی (البشیر)

ہندوستان کے محکمۂ پولیس کے نام

اسلام کے معابد، ابوان شر نہیں ہیں
کیوں انکی عظمتیں پیش نظر نہیں ہیں؟
ہے احترام ان کا ہر حال میں ضروری
بابا! یہ مسجدیں ہیں، خالہ کا گھر نہیں ہیں "تاج"

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

جاپان کی سپریم کورٹ میں ایک اہم مقدمہ کا فیصلہ
ناجائز بچوں کے حقوق کا تصفیہ

(جاپان ٹائمز)

استرے اور چاقوؤں کے اشتہارات
۲۵ کروڑ روپے کا خرچ

(اسٹیٹسمین)

دنیا میں سب سے بڑا گھنٹہ

(بمبئی کرانیکل)

عیسائیوں کو بدھ مذہب اختیار کرنیکا مشورہ
سردی کا عجیب و غریب علاج

(اسٹیٹسمین)

ستر کروڑ پونڈ سونا ہندوستان سے باہر

(اسٹیٹسمین)

انگلستان کے میلہ میں ٹائل کی ایک مصنوعی مسجد

(اسٹیٹسمین)

بالشویک روس میں بچوں کی تعلیم

(معارف)

نابینا اشخاص کیلئے انجیل کا عربی ترجمہ

(معارف)

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین سنگی ۔ رومال (پشاوری) مشہدی ۔ یزدی ۔ کلاہ ۔ پنکھے ۔ چپلیاں ۔ ... ۔ انگوری ۔ ... اصلی عنبر ۔ خشک میوے اور نایاب مفرد دوائیں ۔ مذکورہ چیزوں کے نمونوں کے واسطے جوابی کارڈ آنے چاہئیں ۔ منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

شربت فولاد
معزز ناظرین! یہ شربت دواخانہ کی قابل قدر اور بھروسہ کی چیز ہے جس کا بار بار تجربہ کیا جا چکا ہے ۔ ... یہ شربت معدہ کو قوت دیتا ہے ۔ جگر کو خاص طور پر تقویت بخشتا ہے ۔ خون صالح پیدا کرتا ہے ۔ ...
منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

بال جڑ سے کالا
... بال کالا اسٹور کنسی سمری دربھنگہ

کیسٹوفین
بچوں کی صحت
کا خیال اور پاس ضروری ہے ۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی اور مستقبل کا دارومدار ہے ۔ اس لئے کڑوے اور مضر ادویہ کے جلاب دیکر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو ۔
کیسٹوفین
بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے ۔ ... ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے ۔
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

مدینہ
... منیجر اخبار مدینہ بجنور (یوپی)

غنچہ
ملک وملت کے نونہالوں کے لئے مدینہ پریس بجنور سے نہایت آب وتاب کے ساتھ شائع ہوتا ہے ۔ ... اور غنچہ کا نمونہ طلب فرما کر اپنی اولاد کی دماغی اور ذہنی ترقیوں کے لئے ضرور خریدیئے ۔
محمد مجید حسن مالک رسالہ غنچہ و اخبار مدینہ بجنور یوپی

دمہ ۔ بواسیر ۔ سوزاک ۔ کوڑھ ۔ سفید داغ اگر دوا کھاتے کھاتے تھک گئے ہو تو میری جڑی بوٹی کی دوا اگر ان جملہ امراض سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا نہ دے تو دام واپس ۔ ... جڑی بوٹی ہیڈ میڈیکل ہال کنسی سمری دربھنگہ

وسیلۂ نجات
حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ۔ ... دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے ۔ ...
دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی ۔
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام
طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے ... الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے ۔ ...
قرابادین مفید عام کا ہر بااصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے ۔ کتاب کا سائز بڑا ۔ ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کیلئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک ۔
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف
مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے ۔ قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے ۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں ۔
آجتک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا ۔
اعلیٰ حضرت حضور نظام
جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا ۔ اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمایا ۔ صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں ۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب ۔ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب ۔ مولانا شاہ ولی اللہ صاحب ۔ حضرت شیخ سعدی ؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے ۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عنہ ۵ علاوہ محصولڈاک ۔
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا
اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اسقدر طہارت وپاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا ۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایۂ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے ۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کیساتھ اس قرآن مجید کی صحت میں نہایتی جانفشانی کے ساتھ کی ہے ۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد ، بوڑھے ، بچے ، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں ۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھکر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے ۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ۔
ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد ۔ مجلد پارچہ عہر ۔ مجلد چرم نقرہ عگ ، علاوہ محصولڈاک ۔

نورانی قرآن مجید مترجم
اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامتہ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ۔ ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ۔ صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کیلئے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے ۔
ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ۔ قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک ۔ جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۴ ذیقعدہ ۱۳۵۰ ہجری

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک لڑکی آٹھ سالہ نابالغہ قوم نیشاپوری ساکن پٹنہ کی رہنے والی جب کہ اس کا باپ فوت ہوگیا بوجہ غربت اس کی والدہ نے ایک مسلمان قوم میمن عمر تیس سال سے نکاح کردیا۔ چونکہ ناکح تو نگر و نابینا تھا اس کو ایک خادم کی ضرورت تھی علاوہ اس کے پہلے سے کوئی شادی بھی نہیں کیا تھا اس بنا پر اس لڑکی سے عرصہ دو ماہ تک خدمت لیتا رہا۔ اس اثنا میں لڑکی سے صحبت کے لئے دست اندازی کی اس حرکت کو لڑکی دیکھ کر ماں کے گھر چلی گئی ...

(۱) والدہ کی رضا سے جو نکاح حالت نابالغہ میں کیا گیا وہ قائم سمجھی جائے یا باطل۔

(۲) یہ بھی ظاہر ہے کہ بوقت نکاح نابالغہ لڑکی کا اصل ولی نہ تھا اور نہ اب ہے تو کیا اسکی والدہ کو شرعاً کوئی حق نکاح کا ہے یا نہیں اور بوقت نکاح کوئی ولی عصبہ شلاً بھائی چچا وغیرہ موجود نہ تھا اور نہ اب ہے۔

(۳) بوقت نکاح نابالغہ تھی ...

الجواب

چندہ وصول کنندہ کا یہی حق ہے کہ نہایت نرمی و سہولت کے ساتھ وصول کرے اگر سختی کے ساتھ یا بذریعہ دباؤ کسی بڑے شخص کے چندہ وصول کرے گا تو گنہگار ہوگا ...

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص مسمی زید کی بیوی کی چچازاد بہن بیوہ ہے۔ کیا زید مذکور اپنی بیوی کی موجودگی میں اس بیوہ سے بھی عقد نکاح کرسکتا ہے شرعاً کیا حکم ہے۔ ارشاد فرمادیں۔ بینوا توجروا

الجواب

بیوی کی چچازاد بہن بیوہ سے بیوی کی موجودگی میں نکاح کرلینا جائز ہے۔ فقط واللہ اعلم

اجابہ وکتبہ
حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے دس آدمی کو ...

ایک شاعر کا خطبۂ صدارت

حقائق کا اعتراف اور صحیح نتائج سے چشم پوشی

سر محمد اقبال نے مسلم کانفرنس لاہور میں جو خطبۂ صدارت ارشاد فرمایا اس کا پورا متن ہم گزشتہ اشاعت میں شائع کرچکے ہیں۔ اس خطبۂ صدارت کو شروع سے آخر تک پڑھ لینے کے بعد ایک ایسے شخص پر جو سیاسیات حاضرہ سے واقفیت رکھتا ہوا ...

(۱) اچھوتوں کے لئے خاص نیابت کی مخالفت (۳) کامل آزادی کے لئے کانگرس کے مطالبہ کی تائید۔

(۲) مسلمان متفقہ طور پر فیصلہ کرچکے تھے کہ وہ فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کے مباحث میں حصہ نہیں لیں گے لیکن پھر انہوں نے اپنے فیصلہ کے خلاف مباحث میں حصہ لیا ...

فلسفیانہ اندازِ بیان

افسوسناک کوتاہی

اعتراف

نظامت کا شوق

زمیندار کا خیر مقدم

شیخ چلی کے منصوبے

ایک حیرت انگیز ہوائی جہاز

کانپور میں پچاس دیہاتیوں کی گرفتاری

موٹر کار کی چوری

خریداران الجمیعۃ

مولانا شفیع داؤدی کا عذرِ گناہ

دہلی کے کوچہ و بازار میں ایک گمراہ کن پمفلٹ کی اشاعت

نامہ نگار الجمیعۃ کا مدلل و مسکت جواب

(۳)

پیش کردیا ہے کہ گویا وہ پہلی خط و کتابت کے سلسلہ کی کوئی ایک کڑی ہے۔ میں حیران ہوں کہ اس جرأت کی داد کس طرح دی جائے۔ اس خط میں تو مولانا شفیع داؤدی اور مولوی مظہرالدین کو سرحد آنے کی دعوت دی گئی ہے اور وہ شرائط بیان کی گئی ہیں جن پر یہ لوگ صوبہ سرحد کا دورہ کرسکتے ہیں ...

۲۰ جنوری کا خط

Camp Peshawar
20th Jan., 1932.

My dear Maulvi,

I have discussed again with Chief Commissioner your suggestion that you and Mazharuddin might visit Haripur Jail, but he is quite sure that, if you did so, the only effect would be to cause excitement amongst the prisoners however mistaken might be the grounds on which that excitement would rest and thus delay the process of reconciliation and release which is now beginning. I am afraid therefore that you had better cut out this portion of your proposed itinerary. I hope, however that, you have no reasonable cause of complaint as you have apparently been wherever you wished to go all over the place and seen whatever you wished to see.

As regards the alleged excesses, I would ask you to bear two facts in mind. First, that Government has set its face against these as strongly as possible from the very start and second, that any tendency to give undue publicity to such incidents as may have occured can only have a bad effect.

It is in fact playing into the hands of the local Congress by widening the breach between the Government and the people of the province which all of us are anxious to see closed up as soon as possible.

The Chief Commissioner joins with me in thanking you for the spirit in which you have approached your task and for various suggestions of value in connection with releases and other matters of which he has taken note. If you can now induce your friends of the intellegentsia and of other shades of opinion to

(باقی صفحہ ۱۲ پر ملاحظہ فرمایئے)

۹ جنوری کا خط

... ۹ جنوری کو جو خط بھیجا تھا اس کی انگریزی نقل اور ترجمہ حسب ذیل ہے:۔

My dear Maulvi,

With reference to our conversation of this morning I enclose a letter of introduction to the Chief Commissioner. I have informed him that you and the other members of your party whose numbers are not likely to exceed three and of whose probable composition I have informed him will arrive in Peshawar by 11 o'clock train on Monday, Jan. 11, with the object of finding out for the information of the All-India Muslim Conference the actual condition of the affairs in the North-West Frontier Province. I have also told him that you on behalf of your party have agreed to go straight to Peshawar and to be generally guided by his advice as to your action while in the North-West Frontier Province. If there is anything further that I can do for you, I trust that you will let me know and will inform me as soon as possible who the actual members of your party will be.—

Yours sincerely,
(Sd.) E. B. Howell.

مکرمی مولوی۔ ہمارے درمیان آج صبح کو جو گفتگو ہوئی تھی اس کے حوالے سے میں آپ کو چیف کمشنر صوبہ سرحد کے نام ایک تعارفی خط بھیجتا ہوں۔ میں نے چیف کمشنر کو یہ اطلاع دیدی ہے کہ آپ اور آپ کی پارٹی کے دوسرے اراکین جن کی تعداد تین سے متجاوز نہ ہوگی اور جن کی ترکیب کے متعلق میں نے چیف کمشنر کو مطلع کردیا ہے ۱۱ جنوری کو دوشنبہ کے دن ۱۱ بجے کی گاڑی سے پشاور پہنچیں گے اور ان کا مقصد یہ ہوگا کہ آل انڈیا مسلم کانفرنس کی اطلاع کیلئے صوبہ سرحد کے صحیح حالات معلوم کریں۔ میں نے چیف کمشنر سے یہ بھی کہا ہے کہ آپ اپنی پارٹی کی طرف سے اس پر رضامند ہوگئے ہیں کہ سیدھے پشاور جائیں گے اور جب تک صوبہ سرحد میں رہیں گے چیف کمشنر کے مشورہ اور رہنمائی پر عمل کریں گے۔ اگر اس کے علاوہ اور کوئی خدمت میرے لائق ہو تو میں امید کرتا ہوں کہ آپ مجھے بتائیں گے اور جلد سے جلد اپنی پارٹی کے ناموں سے مطلع کریں گے۔

آپکا مخلص
(دستخط) ای۔بی۔ہاول

غلط بیانی

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

ترکی میں عیسائی پادریوں کی ناکامی

"مصطفےٰ کمال کی جمہوریت نظام خلافت سے بہتر نہیں"

طرابلس کے ایک مجاہد کا مکتوب

امیر شکیب ارسلان کے نام

طرابلس کے ایک مجاہد وطنی نے علامہ امیر شکیب ارسلان کے نام ایک مکتوب ارسال کیا ہے جس میں مجاہد مذکور لکھتے ہیں کہ طرابلس، جبل اخضر اور برقہ کے حالات ابھی پرسکون نہیں ہیں اور شورش کسی موقعہ کی منتظر رہتی ہے۔ سید عمر مختار شہید کی شہادت و تصلیب کے بعد اطالوی حکومت اس بات پر آمادہ ہوگئی تھی کہ جبل اخضر کو عرب قبائل کی سیادت میں دیدیا جائے ...

(الذہب)

حجاز و عراق کے درمیان سڑک کی تعمیر

حکومت عراق کیلئے طیاروں کی خریداری

(جزیرۃ العرب)

مصر میں عربی انجیل کی تقسیم

عیسائی پادریوں کی مذہبی دریوزگی

ترکی میں فاتح سمرنا کا انتقال

ترکی کے سپاہی قائد اور سمرنا کے فاتح جنرل نورالدین پاشا کا گزشتہ ہفتہ انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ...

(الفتح)

شامی انتخابات میں حکومت کی سخت تدابیر

(المصری)

حجاز میں عراقی سفیر کا تقرر

(دارالعمل)

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔
منیجر الجمعیۃ دہلی

ترکی حکومت کی ہوائی طاقت میں اضافہ

(السبیل)

فلسطین میں یہودی اقتدار

(فلسطین)

دارالحکومت

نارنول کے مسلمانوں کا وفد
مہاراجہ پٹیالہ کی خدمت میں

دہلی ۳۰ مارچ۔ کل نارنول ریاست پٹیالہ کا ایک مسلم وفد دہلی پہونچا۔ چونکہ مہاراجہ پٹیالہ آجکل دہلی میں قیام پذیر ہیں اس لئے یہ وفد آپ سے ملاقات کرکے اپنی جائز شکایات آپ کی خدمت میں پیش کریگا۔ مہاراجہ کی خدمت میں وفد کی طرف سے مندرجہ ذیل تار ارسال کیا گیا ہے۔

ہز ہائی نس اہم فرقہ یعنی قوم راجپوت پیشہ آہنگری کے چند گھر ایک جگہ واقع ہیں شہر کے چند ہندو مفسدوں نے متعصب حکام کے سہارے آج فدویان پر دوپہر کو آٹھ دس ہزار ہندوؤں کی معیت میں جو شہر اور دیہات کے علاوہ علاقہ اور نابھہ ضلع رہتک کے فسادی عناصر پر مشتمل تھے، حملہ کر دیا۔ ہم فدویان اپنی جان بچانے کے لئے جناب ناظم صاحب اور انسپکٹر جنرل پولیس کی حفاظت میں چلے گئے۔ ہز ہائی نس کے اقبال انسپکٹر جنرل اور ناظم صاحب کی کوششوں سے ہمارے بچے اور خواتین محفوظ رہیں ورنہ نارنول سے بھائی راجپوت کی نسل فنا کر دی جاتی۔ فدویان کو اب بہت زیادہ خوف غالب ہے اس لئے ہماری حفاظت کی جائے بمفصل معروضات حاضر خدمت ہوکر پیش کریں گے۔ جن مفسد حکام نے یہ شرارت کی ہے ان کی تحقیقات کمیشن کے ذریعہ کی جائے۔ ہم کل (۳۰ مارچ) اعلیٰ حضرت کی خدمت میں باریابی کا شرف حاصل کریں گے۔ (ارکان وفد)

(نارنول میں مفسد ہندوؤں کی طرف سے ان غریب راجپوت مسلمانوں کو تباہ کرنے کے جو کچھ کیا جا رہا ہے اس کی پوری کیفیت سے ہم مطلع ہو چکے ہیں چونکہ وفد اپنی شکایات مہاراجہ کی خدمت میں پیش کرنے والا ہے اس لئے سر دست ہم (طول) خیال سے اجتناب کرتے ہیں۔ الجمعیۃ)

گائے بھینس بھیڑ بکری پر ٹیکس
دہلی میونسپلٹی کی تجویز

دہلی ۳۰ مارچ۔ میونسپل کمیٹی نے اپنے خاص اجلاس منعقدہ ۲۰ جنوری میں یہ فیصلہ کیا تھا کہ بوچڑ خانہ کی فیس کے بجائے اتنی ہی رقم کا ٹرمینل ٹیکس ہر دودھ دینے والے جانور پر لگایا جائے۔ چنانچہ بیل، گائے، بھینس اور کٹڑے پر سواری آٹھ آنہ فی راس۔ اور بھیڑ بکری بکرے اور بکری کے بچے پر سواری دو آنہ فی راس ٹرمینل ٹیکس لگانا تجویز کیا گیا ہے۔

کمیٹی کے جنرل اجلاس میں جو ۱۴ مارچ کو ۱ بجے ٹاؤن ہال میں ہوگا۔ اس امر کا آخری فیصلہ کیا جائے گا۔

معلوم ہوتا ہے کہ اس کے متعلق بہت سے لوگوں نے عذرداریاں سکرٹری میونسپل کمیٹی کے پاس روانہ کی ہیں۔

اسی سلسلہ میں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ سکرٹری میونسپل کمیٹی نے مذکورہ بالا ٹیکس لگانے کی حمایت کرتے ہوئے یہ سفارش کی ہے کہ جب کہ تمام سامان پر جو دہلی میں لایا جاتا ہے ٹیکس لگایا جاتا ہے۔ تو ایسی حالت میں مویشیوں کو مستثنیٰ کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

طبیہ کالج میں کمیشن مقرر ہوگیا

معتبر ذرائع سے یہ اطلاع ملی ہے کہ بورڈ آف ٹرسٹیز کے جلسہ میں، جو ۲۰ مارچ کو شریف منزل منعقد ہوا تھا، کالج کے حالات تحقیقات کرنے کے لئے حسب ذیل کمیشن کا تقرر کر دیا گیا۔

(۱) خان بہادر عبدالرحمن صاحب وائس چانسلر دہلی یونیورسٹی
(۲) مولوی عبدالرحمن صاحب پروفیسر مشن کالج
(۳) ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب پرنسپل جامعہ ملیہ دہلی
(۴) حافظ محمد صدیق صاحب ملتانی سوداگر
(۵) پنڈت ٹھاکر دت شرما وید

اس کمیٹی کو تمام معاملات کالج کا فیصلہ کرنے اور ضروری اصلاحات نافذ کرنے کے پورے اختیارات حاصل ہوں گے اور ان کے فیصلوں پر بورڈ یا میٹنگ کمیٹی میں نظر ثانی نہیں کی جا سکے گی۔

اسی طرح دوا خانہ کی معاملات کی تحقیقات کرنے کے لئے حسب ذیل کمیٹی مقرر کی گئی ہے۔

(۱) لالہ رادھے موہن صاحب۔
(۲) خان بہادر شیخ عزیز الدین صاحب پراچہ۔
(۳) شیخ رشید احمد صاحب سوداگر۔

اس کمیٹی کی رپورٹ بغرض منظوری بورڈ کے سامنے پیش ہوگی۔

سیٹھانی کے واقعہ قتل کی تحقیقات

کشمیری دروازہ میں سیٹھ رام لال کی اہلیہ کے قتل کے سلسلہ میں پولیس سرگرم تحقیقات ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ان لوگوں نے جو پولیس کی حراست میں ہیں پولیس سے بعض انکشافات کئے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ قتل کے اس واقعہ میں اور لوگ بھی شریک ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے پولیس سے یہ کہا ہے کہ کچھ لوگوں نے انہیں سیٹھ جی کے مکان کا راستہ بتایا اور وہاں تک لے گئے اس کے بعد وہ غائب ہوگئے معلوم ہوا ہے کہ کہانے جو اس شب میں غیر حاضر تھا ابھی تک کوئی بیان نہیں دیا ہے۔

حقوق انتخاب کی کمیٹی کی رپورٹ

دہلی ۲۹ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ حقوق انتخاب کمیٹی نے اس وقت تک جتنا کام ختم کر لیا ہے اس کی رپورٹ تیار کرکے عنقریب شائع کر دے گی۔ یہ رپورٹ تقریباً تہائی ہے اور امید ہے کہ ۱۴ اپریل تک اس پر دستخط ہو جائیں گے۔

حافظ صادر علی صاحب کے مقدمہ کی سماعت
دو مسلم رضا کاروں کو سزا

دہلی ۳۰ مارچ۔ کل حافظ صادر علی صاحب کے خلاف آرڈیننس کے ماتحت نوٹس کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں مسٹر الیسری کی عدالت میں مقدمہ پیش ہوا اور گواہان استغاثہ کی شہادتوں کے بعد ۳۰ مارچ کے لئے ملتوی ہوگیا۔

کل جمعیۃ علماء ہند کے دو رضا کاروں کو پکیٹنگ کے الزام میں تین تین ماہ قید اور پچاس پچاس روپے جرمانہ کی سزا دی گئی چار رضا کار بری کر دئے گئے۔

مولانا عمر دراز بیگ صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کی دہلی میں تشریف آوری

دہلی ۳۰ مارچ۔ آج صبح مولانا مولوی عمر دراز بیگ صاحب دہلی میں تشریف لائے ہیں آپ کا ایک ماہ سے جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کے دفتر کو کامیاب بنانے کے لئے یو۔پی کے مختلف مقامات کا دورہ فرما رہے ہیں۔ اس وقت مولانا آگرہ کے ایک عظیم الشان جلسہ میں زبردست تقریر فرما کر دہلی تشریف لائے ہیں۔ اور دفتر جمعیۃ علماء ہند میں مقیم ہیں۔

سکھوں کی طرف سے تصفیہ کی راہ میں رکاوٹیں
پنجاب میں تیس فیصدی کا مطالبہ

لاہور ۲۶ مارچ۔ سردار اجل سنگھ نے جو گول میز کانفرنس میں سکھوں کے نمائندہ کی حیثیت سے گئے تھے، سکھ پولیٹیکل کانفرنس کے اجلاس میں اعلان کیا کہ "ہمارے خاص مطالبات یہ ہیں کہ کسی فرقہ کو پنجاب کی قانون ساز مجلس میں دستوری اکثریت نہ دی جائے۔ سکھوں کو پنجاب کی مجلس مقننہ میں اسی تناسب سے نشستیں ملیں جس تناسب سے مسلمانوں کو ان صوبوں میں دی جائیں جہاں وہ اقلیت میں ہیں" انہوں نے کہا کہ دنیا کی تاریخ میں ایسا کوئی دستور اساسی نہ ملیگا جس میں کسی جماعت اور کسی فرقہ کو دستوری طریقہ پر اکثریت دیدی جائے۔ تحفظات ہمیشہ اقلیتوں کو دئے جاتے ہیں تا کہ وہ اکثریتوں کی زیادتیوں سے محفوظ رہ سکیں نہ کہ اکثریت کو کہ وہ اقلیت کو دبائے رہے۔ انہوں نے پنجاب میں سکھوں کی اہمیت کو ظاہر کیا اور بتلایا کہ علاوہ ایک طاقتور قوم کے صوبہ کی مالگزاری میں بھی ان کا بڑا حصہ ہے۔ ساہوں نے کانگریس اور حکومت دونوں کی اس روش پر اعتراض کیا جو ان کی طرف سے سکھ مطالبات کے متعلق اختیار کی گئی ہے۔

وفاقی دستور اساسی کا تذکرہ کرکے انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں اس طرح کا دستور اساسی تو کبھی قائم ہی نہیں ہو سکتا جو کینیڈا، آسٹریلیا اور دیگر نو آبادیات میں رائج ہے۔ سکھوں کے متعلق انہوں نے بتایا کہ وہ کسی اسکیم کو قبول نہیں کر سکتے جس میں مالیات پر پورے اختیارات ہندوستانیوں کو حاصل نہ ہو جائیں۔

کانفرنس نے جو قرارداد منظور کی ہے اس میں پنجاب کی مجلس مقننہ میں تیس فیصدی نمائندگی ملنی چاہئے اور انتظام حکومت میں انہیں یہی حصہ ملنا چاہئے جو دیگر صوبوں میں جہاں مسلمان اقلیت میں ہیں، مسلمانوں کو دیا جائے۔

بیکانیر میں ہندو مسلم فساد
متعدد افراد زخمی

اجمیر ۲۸ مارچ۔ بیکانیر سے خبر آئی ہے کہ وہاں گزشتہ ۲۲ مارچ کو ہندو مسلمانوں میں جھگڑا ہو گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ جھگڑا ایک مسجد کے سامنے باجا بجانے پر اصرار کرنے سے ہوا۔ کئی آدمی اس میں زخمی ہوئے۔ ریاست کی پولیس اور فوج نے فوراً موقعہ پر پہنچ کر صورت حال پر قابو پا لیا فوراً مشین گنیں لگادی گئیں اور فوج گشت کرنے لگی۔ دفعہ ۱۴۴ کا بھی نفاذ کر دیا گیا۔ شہر میں ایک دن ہڑتال بھی تھی۔ لوگوں کے فرقہ وارانہ جذبات بہت برانگیختہ ہو گئے ہیں۔ مفسدین کو پکڑا جا رہا ہے۔

"حکومت صلح کی جانب راغب نہیں ہے"
صلح کی گفت و شنید کی خبر غلط ہے
اخبار کے نمائندہ کو سروجنی نائیڈو کا بیان

بمبئی ۳۰ مارچ۔ سروجنی نائیڈو آج صبح دہلی سے یہاں واپس آگئیں۔ نمائندہ پریس سے ملاقات کے دوران میں آپ نے اس امر کی تردید کی کہ آپ کانگریس اور حکومت کے درمیان پیامبری کے فرائض انجام دے رہی ہیں آپ نے فرمایا کہ میں دہلی جنوبی افریقہ کی کانفرنس کے سلسلہ میں گئی تھی، میرے وہاں جانے کی اور کوئی وجہ نہیں تھی، بیشک جب میں دہلی میں مقیم تھی تب میں نے متعدد کانگریسی اصحاب سے ملاقات کی۔ بعد ازاں میں بنارس گئی۔ وہاں پنڈت مدن موہن مالویہ سے میری طویل گفت و شنید ہوئی میرا خیال ہے کہ حکومت صلح کی جانب ابھی قطعاً راغب نہیں ہے۔ مجھے جہاں تک معلوم ہوا ہے اور جہاں تک میں اخذ کر سکتی ہوں اس کے مطابق یہ کہہ سکتی ہوں کہ ابھی جنگ ختم ہونے کے کوئی آثار نظر نہیں آتے لیکن یہ امر یقینی ہے کہ کانگریس کبھی گفت و شنید شروع نہیں کرے گی۔

آپ نے فرمایا کہ صلح کی گفت و شنید کرنے یا اس کے لئے انکار کرنے کے واسطے صرف گاندھی جی کو ہی اختیار ہے ہر ایک کانگریسی کارکن کو گاندھی جی کے حکم کا انتظار کرنا چاہئے۔ مزید اظہار خیال کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ میری گرفتاری کا ہر وقت امکان ہے۔ جنوبی افریقہ کی کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے وہاں کی صورت حالات پر اظہار تشویش کیا اور فرمایا کہ ہم لوگوں نے یعنی ہندوستانی نمائندوں نے جو کہ جنوبی افریقہ گئے ہوئے تھے دہلی میں جس ضروری خط و کتابت پر غور کیا ہے وہ نہایت ہی نازک ہے۔ مزید اظہار خیال کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ موجودہ صورت حالات میں جو کچھ ہم نے وہاں حاصل کیا ہے وہ ہم لوگوں کی توقعات سے زیادہ ہے۔

مشاورتی کمیٹیوں سے کس صورت میں تعاون ہو سکتا ہے
ایوان تجارت ہند کے اجلاس کا فیصلہ
روپیہ کو اسٹرلنگ سے وابستہ کرنے پر احتجاج

نئی دہلی ۲۸ مارچ۔ چیمبر آف کامرس کی فیڈریشن نے مندرجہ ذیل ریزولیوشن پاس کیا ہے۔

فیڈریشن محسوس کرتی ہے کہ لندن کی گول میز کانفرنس میں فیڈریشن کے نمائندوں کی شرکت کا نتیجہ کچھ نہیں نکلا۔ اور صرف فیڈریشن کو اخراجات برداشت کرنے پڑے ہیں۔ چنانچہ اس تجربہ کے پیش نظر فیڈریشن کے خیال میں مشاورتی کمیٹی کے ساتھ فیڈریشن کے نمائندوں کے تعاون کا کوئی مفید نتیجہ اس صورت میں نکل سکتا ہے جب گورنمنٹ سچے دل سے موجودہ پالیسی کو ترک کرکے ہندوستان کے ترقی پسند طبقہ کے ساتھ مالی خود مختاری تحفظات مخصوص صیغہ جات اور تجارتی حقوق کے سوال پر بحث کرنے کے لئے تیار ہو جائے۔ اور اس مطلب کے لئے مشاورتی کمیٹی کو فنانس سے متعلقہ امور پر غور کرنے کے لئے پوری آزادی دی جائے اور تجارتی حقوق کے سوال کو برٹش اور ہندوستانی ماہرین کی ایک مشترکہ کمیٹی کے حوالہ کیا جائے۔ اس کمیٹی میں جو ماہرین شامل کئے جائیں ایسے اشخاص ہونے چاہئیں جن پر فیڈریشن کو اعتماد ہو۔

کل انڈین چیمبر آف کامرس کے اجلاس کا آخری دن تھا۔ بند کمرے میں اس سوال پر غور کیا گیا کہ کانفرنس کمیٹیوں کے متعلق چیمبر کو کہاں تک اختیار کرنا چاہئے۔ اس کے بعد پریذیڈنٹ نے اگلے سال کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبروں کے نام کا اعلان کیا۔ سر پرشوتم داس ٹھاکر داس نے شرح تبادلہ کے متعلق ایک ریزولیوشن پیش کیا جو اتفاق رائے سے پاس ہو گیا۔ اس ریزولیوشن میں روپے کو اسٹرلنگ کے ساتھ ملحق کرنے کے خلاف مندرجہ ذیل وجوہ کی بنا پر پروٹسٹ کیا گیا۔

اسٹرلنگ کا مستقبل گورنمنٹ ہند کے باقاعدہ میں نہیں ہے۔ اور نہ ہو سکتا ہے مستقبل میں اسٹرلنگ کی کیا قیمت ہوگی۔ اس کا انحصار دنیا کی عام اقتصادی حالت اور انگلینڈ کی اقتصادی پوزیشن پر ہوگا۔ اور ممکن ہے کہ یہ قیمت ہندوستان کے لئے نقصان دہ ثابت ہو۔ دس سٹرلنگ کی پوزیشن اس وقت غیر مستحکم ہے، اس لئے روپیہ کی پوزیشن کو مستحکم رکھنے کی غرض سے اسے اسٹرلنگ کے ساتھ ملحق کر دینے کا اصول بالکل غلط ہے۔

والیان ریاست اور آئندہ دستور اساسی
وفاق ہند میں پچاس فی صدی کا مطالبہ

نئی دہلی ۲۸ مارچ۔ ایوان والیان ریاست کی ایک کمیٹی کا اجلاس ہندوستان کے مجوزہ دستور اساسی پر غور و خوض کر رہی ہے۔ اس کے جلسے ہو رہے ہیں، اور معلوم ہوا ہے کہ ان میں ان تجاویز اور شرائط پر غور کیا جا رہا ہے جن کے منظور ہو جانے پر والیان ریاست وفاق ہند میں شریک ہو سکتے ہیں چنانچہ کل کے اجلاس میں، ایک اطلاع مظہر ہے کہ ایک تجویز اس قسم کی پیش ہوئی کہ والیان ریاست کو اگر وفاق ہند میں پچاس فی صدی نیابت اور حقوق دئے جائیں تب وہ اس میں شرکت پر آمادہ ہیں۔ یہ تجویز کمیٹی مذکور میں ابھی زیر غور ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ مرکزی مجلس قانون ساز کے متعلق بھی یہ مسئلہ در پیش ہے کہ مجلس ایک ایوانی ہو یا دو ایوانی اور ریاستوں کے لئے ان میں نمائندگی کے لئے کونسا طریقہ اختیار کیا جائے۔ سر اکبر حیدری، کرنل ہکسر، مسٹر مقبول محمود وغیرہ جن کا تعلق ریاستوں کے وزراء کی جماعت سے ہے بحث میں کافی حصہ لے رہے ہیں ہز ہائی نس نواب صاحب بھوپال، مہاراجہ بیکانیر اور مہاراجہ پٹیالہ کوشش کر رہے ہیں کہ کوئی صورت باہمی تصفیہ کی نکل آئے اور ایسا خاکہ تیار ہو جائے کہ اس پر سب رضا مند ہو سکیں۔

جبر و تشدد خود کوئی مقصد نہیں
ایوان والیان ریاست میں وائسرائے کی تقریر

نئی دہلی ۲۸ مارچ۔ آج ایوان والیان ریاست کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وائسرائے نے فرمایا کہ مجھے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ان اہم مسائل کو حل کرنے کے لئے جو کہ ایوان کے روبرو زیر بحث تھے نمایاں کامیابی حاصل کرلی گئی ہے مجھے مطلع کیا گیا ہے کہ ان میں سے ایک مسئلہ یہ تھا کہ والیان ریاست اور جاگیردار برطانوی ہند میں علاقہ حاصل کرنا چاہتے ہیں اس معاملہ میں بھی کافی ترقی کی جا چکی ہے اور مجھے امید ہے کہ انقطاعی فیصلہ ہو جائے گا۔

اس کے بعد ریاستوں کے تعلق اور دوسرے مسائل کا ذکر کرنے کے بعد وائسرائے نے فرمایا کہ والیان ریاست اور میں خود یہ بخوبی محسوس کرتے ہیں کہ جبر و تشدد خود کوئی مقصد نہیں بلکہ ذریعہ ہے۔ یہ زبردست عقیدہ ہے کہ ہم جلد ہی اپنی تواریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کر سکیں گے نو میں اس امر کا عزم کر چکا ہوں کہ جس طرح سے بھی ممکن ہوگا امن قائم کیا جائے گا اور اس کی موجودگی میں ہی آئین کے قیام کی جانب قدم بڑھایا جا سکے گا میں اس کے لئے مشکور ہوں کہ میں والیان ریاست کی امداد پر بھروسہ کر سکتا ہوں۔

برمی باغیوں کے خلاف کارروائی
بغاوت کے حالات پر حکومت کی رپورٹ

نئی دہلی ۲۸ مارچ۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ حکومت ہند کو حکومت برما کی طرف سے حسب ذیل تار ملا ہے:

ہفتہ مختتمہ ۱۹ مارچ کے ... میں صورت حالات کی رپورٹ اس طرح ہے کہ پیگو، انسین، تھرا واڈی کے اضلاع میں باغیوں کے خلاف جد و جہد جاری ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ باغی کئی جماعتوں میں منقسم ہو گئے ہیں۔ اس ہفتہ میں سرکاری آدمیوں کا کوئی نقصان نہیں ہوا۔ جابجا، زیر سماعت تبدیلیوں کو رہا کر دیا گیا ہے ۲۰۵۔ اشخاص زیر حراست ہیں۔ ٹیکسوں کی وصولی تسلی بخش طریقہ پر ہو رہی ہے۔

خواتین کے لئے مساوی حقوق ضروری ہیں
بیگم شاہ نواز کے جواب میں سر آغا خاں کا بیان

لاہور ۲۸ مارچ۔ بیگم شاہ نواز نے سر آغا خاں کے نام ایک برقی پیغام روانہ کیا تھا جس میں مردوں اور عورتوں کے حقوق رائے دہندگی کی مساوات کے مسئلہ کے بارے میں استصواب رائے کیا تھا۔ سر آغا خاں نے جواباً مطلع کیا ہے کہ عورتوں کی آزادی اور مساوات کے بارے میں اسلام کا جو حکم ہے اس سے مجھے اتفاق ہے۔ عورتوں کی تنظیم سیاسی حیثیت سے ہی نہیں بلکہ مذہبی حیثیت سے بھی ضروری ہے۔ اسلام کے لئے یہ مہلک قدم ہوگا کہ کتاب مقدس کے حکم کی تاویل تنگ نظری سے کی جائے۔ تاہم میں سیاسی اور عملہ مسئلوں کے لحاظ سے قدامت پسند اور ترقی پسند عناصر سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے ایمان کے مستقبل کی کارفرمائی کے لئے ذاتی اختلافات ترک کرکے اس سلسلہ میں متحدہ طور پر کام کریں۔ مستقبل کی ترقی کو اس کی ضروریات پر چھوڑ دینا چاہئے۔

صوبہ سرحد میں انتخابی جد و جہد
پشاور کے ایک گاؤں پر سات سو روپیہ جرمانہ

پشاور ۲۷ مارچ۔ صوبہ سرحد میں انتخابات کا ہنگامہ شروع ہو گیا ہے ۲۸ نشستوں کے لئے ۱۷۵ امیدوار الیکشن میں لڑ رہے ہیں۔ عام طور پر وکلاء کی جماعت ان انتخابات سے بڑی دلچسپی لے رہی ہے۔ شہر پشاور میں عبدالقیوم خاں اور محمد پیر بخش خاں میں مقابلہ ہے۔ سب سے زیادہ دلچسپ مقابلہ نواب سر عبدالقیوم اور خان بہادر تاج محمد خاں میں ہے۔ دو امیدوار خان بہادر عبدالرحیم خاں بیرسٹر اور سردار راجا سنگھ بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔

موضع مہری ضلع پشاور کے باشندگان پر ہنگامی اختیارات کے آرڈیننس کے ماتحت اس جرم میں سات سو روپیہ جرمانہ کیا گیا ہے کہ انہوں نے خلاف قانون جلسہ میں شریک ہو کر ایسی کارروائی کی جو امن و قانون کے لئے خطرہ تھی۔

سرحد پر قبائل کا حملہ
فوج کے متعدد سپاہی مجروح

... ایک چوکی پر حملہ کر دیا ... حملہ آوروں نے چوکی کے پانچ سپاہیوں کو بھی زخمی کیا۔ انہیں وہاں بھیجا گیا تھا۔ ان قبائل کے تعاقب کے لئے ایک ہوائی مہم بھی روانہ کی گئی لیکن قبل اس کے کہ وہ موقعہ پر پہنچے یہ سب اس طرح منتشر ہو گئے کہ ہوائی جہازوں کا سراغ نہ لگ سکے۔ مزید تفصیلات ابھی تک نہیں آئی ہیں لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ یہ حملہ کچھ زیادہ اہم نہ تھا۔

ایک سرخپوش شاعر کو سات سال قید
پشتو میں اشتعال انگیز نظم

منیجر کتبخانہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام
طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے ... اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔
قرابادین مفید عام کا ہر اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے۔ کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ... صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کیلئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف
مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔
اعلیٰ حضرت حضور نظام
جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عللہ علاوہ محصولڈاک۔
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید مصرا
اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن کا ٹائٹیل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگالیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔
ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ ۶/ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم
اس کلام الدین ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور محاورہ ہے اس کا ٹائٹیل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹیل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔
ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ہے قسم دوم حنا شدہ عار علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ چرم عہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

گرفتاریاں

مندرجہ بالا نوٹ لکھا جا چکا تھا کہ اس سلسلہ میں مزید اطلاعات موصول ہوئیں ۔ مجلس استقبالیہ کے خلاف قانون قرار دئے جانے اور شہر میں متعدد مقامات کی تلاشیاں ہونے کے بعد ان لوگوں کو گرفتار کر لیا گیا جن کے متعلق کہا جاتا تھا کہ وہ مجلس استقبالیہ کے رکن ہیں۔

صوبہ سرحد کی نئی کونسل

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ...

الجواب

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

الجواب

ضروری گزارش

الجمعیۃ دہلی
بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم یکشنبہ ۱۷ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ ہجری

ریاست کشمیر کا طرز حکومت بدلنا چاہئے

مہاراجہ کا اعلان کافی نہیں ہے

گلینسی کمیشن کی رپورٹ ابھی تک ہمارے سامنے نہیں آئی ہے ۔ ا ور ہم اس کا انتظار کر رہے ہیں کہ اس رپورٹ کے تمام مندرجات کو پڑھنے کے بعد اس کے متعلق کوئی مجموعی رائے قائم کریں لیکن اس دوران میں اس رپورٹ کی سفارشات کے متعلق مہاراجہ کشمیر کا ایک اعلان اخبارات میں شائع ہوا ہے جسے ہم کسی دوسری جگہ نقل کر رہے ...

اس اصول کو تسلیم نہیں کیا گیا ہے کہ مسلمانوں کو ذبیحہ اور قربانی کی عام آزادی ہونی چاہئے ...

باشندگان کشمیر کا مطالبہ

ملازمتیں اور ٹیکس

اسمبلی کا قیام

بعد از وقت

مذہبی تحفظ

وزارت کا نظام

ذبیحہ اور قربانی

بمبئی میں فساد

جامعہ ملیہ اسلامیہ

انجام کیا ہوگا؟

[illegible] سفارشات پر مہاراجہ کشمیر کا اعلان

مسلمانوں کے بعض مطالبات کی منظوری

گلینسی کمیشن کی سفارشات پر مہاراجہ کشمیر نے جو اعلان کیا ہے اس کا خلاصہ درج ذیل ہے :-

سری نگر ۔ مہاراجہ کشمیر نے گلینسی کمیشن کی سفارشات کو منظور کر لیا ہے اور یہ حکم دیا ہے کہ ان کے جلد سے جلد نفاذ کا بندوبست کیا جائے ۔ مہاراجہ صاحب کا اعلان ذیل میں درج کیا جاتا ہے :-

مذہبی مقامات کے تحفظ کا وعدہ

محکمہ تعلیم کے سکریٹریٹ ، کلرکوں ، انسپکٹروں اور استادوں میں مسلمانوں کی تعداد کو فوراً بڑھایا جائے ۔ مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کے لئے ایک خاص انسپکٹر مقرر کیا جائے اور وہ موجودہ انسپکٹروں کے ماتحت نہ ہو۔

ملازمتیں اور افسران سے بازپرس

تبدیل مذہب کی اجازت

خدام ریاست سے مراعات

تعلیم و زراعت کے مدارس

چراگاہوں کے ٹیکس کی منسوخی

میرپور تحصیل میں تاتوڑ کا بقایا جو اب تک واجب الادا ہے معاف کر دیا جائے ۔ لگان کی معافی و تنسیخ کے قوانین پر تمام ریاست میں نہایت احتیاط اور پابندی سے عمل کیا جائے ۔ (باقی صفحہ ۔ پر ملاحظہ کیجئے)

سری نگر کے صنعتی سکول میں کسی انتظامی تبدیلی کی ضرورت ہے یا نہیں ۔ زنانہ مدارس میں استانیوں ، ذریعہ تعلیم اور پردہ کے انتظامات کے متعلق بھی کمیشن کی سفارشات ہیں۔

گلابی اُردو

مسلمانوں کا سیاہ نفاق

(ساقط القلم ملا رموزی صاحب کے)

بس ہندوستان کے اے کالے گورے اور گلابی شگفتہ مسلمانو!!

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص جمعیۃ کیلئے)

حجاز مقدس پر فرانس کی نگاہیں

حرمین میں فرانسیسی حجاج کیلئے مسافر خانوں کی تعمیر

ٹیونس کے اوقاف اور حجاز ریلوے کا معاملہ

حکومت فرانس اور الجزائر کے اوقاف

ٹیونس کے اوقاف اور حجاز ریلوے

اجنبی امتیازات کا عذاب

فلسطین پر یہودی کیوں قبضہ جمانا چاہتے ہیں

ایک عجیب و غریب راز کا انکشاف

مصر کے ایک ملحد کا جامع ازہر سے اخراج

حجاز مقدس میں اخلاقی جرائم ناپید ہیں

اخبار کے نمائندہ سے ینبوع کے قاضی کا بیان

حجاز مقدس میں خدا کے فضل سے ہر طرح کا امن و امان ہے اور اخلاقی جرائم ...

چینی زبان میں قرآن شریف کے ترجمہ کی اشاعت

عراق میں کردی بغاوت دوبارہ شروع ہوگئی

ٹیونس سے ایک عرب کا اخراج

افغانستان میں ریلوے لائن کی تعمیر

معاصر "اصلاح کابل" کا بیان

افغانستان کے تجارتی مرکزوں میں ٹیلیگراف

دارالحکومت

دہلی میں تماشیوں کی بھرمار

کانگریس کے اجلاس کے سلسلہ میں پولیس کی سرگرمیاں

جمعیۃ علماء ہند کے دفتر کی تلاشی

ملتان جیل میں حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے نام خطوط بھیجنے والوں کو اطلاع

مولانا عبدالماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی ملتان جیل منتقل کر دئے گئے

ہندوستانی دواخانہ کے ملازمین کی ہڑتال

سینما تھیٹر اینٹ اور مسکرات پر ٹیکس

نئے ٹیکسوں کیلئے دہلی میونسپلٹی کا فیصلہ

ستیہ وتی اور بیگم فاطمہ کو سزائیں

جامع مسجد میں مسلمانوں کا جلسہ عام

یورپین لیڈی سے مولانا شوکت علی کی شادی ہو گئی!

مولانا شوکت علی اور آپ کے فرزندوں میں زبردست اختلاف

دربار رسالت میں بابائے خلافت کی گستاخی

اپنی شادی کے متعلق مولانا کا بیان

دربار رسالت میں مولانا شوکت علی کی گستاخی

کانگریس کی استقبالیہ کمیٹی خلاف قانون قرار دیدی گئی

سروجنی نائیڈو قائم مقام صدر کانگریس نظر بند

سروجنی نائیڈو صدر کانگریس نظر بند

کانگریسی ڈیلی گیٹوں کی گرفتاری

مجلس استقبالیہ کے تمام ارکان گرفتار کر لئے گئے

ریلوے اسٹیشنوں پر نگرانی، پارچہ فروشوں کے نام نوٹس

کانگریس کے اجلاس کو روکنے کیلئے دہلی پولیس کی سرگرمیاں

ایک روز میں دو سو ڈیلی گیٹوں کی گرفتاری

شہر کی ناکہ بندی اور اسٹیشن پر زبردست انتظامات

مختلف صوبوں کے نمائندوں کی گرفتاری

اسٹیشن اور ہوٹلوں سے گرفتاریاں

پنڈت مالویہ کی دہلی کو روانگی

بمبئی کے باندرہ اسٹیشن پر سروجنی نائیڈو کی گرفتاری

ہار پہنانے والے خدائی خدمتگار بھی گرفتار کر لئے گئے

آٹھ سو قیدی رہا کر دئے گئے

سیاسی قیدیوں کیلئے جگہ کی ضرورت

شراب کی فروخت میں حیرت انگیز کمی

حکومت کو ۹۸ لاکھ روپیہ کا خسارہ

شراب نوشی کے خلاف کانگریس کی تحریک کا اثر

الہ آباد میں شراب کے ٹھیکہ کا نیلام

پولیس کے زبردست انتظامات

روس اور جاپان میں جنگ کی تیاریاں

فوجوں کی نقل و حرکت شروع ہو گئی

صوبہ سرحد میں کونسل کا افتتاح اور ہز ایکسیلنسی وائسرائے کی تقریر

گورنر، صدر کونسل اور اراکین کا حلف وفاداری

ملک معظم کی طرف سے مبارکباد کا پیغام

سرحدی کونسل میں انڈیپنڈنٹ پارٹی کا قیام

حکومت سرحد کا پہلا وزیر

پشاور کے دیہات پر جرمانے

گورنر کے تقرر پر قیدیوں کی رہائی

سرحدی علاقوں میں وائسرائے کا دورہ

وائسرائے ہند کی تقریر

بمبئی میں باجہ پر ہندو مسلمانوں میں فساد

ایک پٹھان شہید ۲۱ اشخاص زخمی پولیس کے فائر

جانبین کی سنگ باری سے ۴ سپاہی بھی زخمی ہوئے

گلینسی کمیشن کی سفارشات پر مہاراجہ کشمیر کا اعلان

(بقیہ مضمون صفحہ ۲)

رشوت ستانی کا انسداد

گوشت کی خرید و قربانی

جنگلات اور ذرائع رسل و رسائل

ٹیکسوں کی تنسیخ اور قانون مطالبہ

غازی عبدالرحمن کا لاہور سے اخراج

جاپانی فوجوں کی نقل و حرکت

مفاہمت کی کوئی امید نہیں

آئرلینڈ کو خراج دینا پڑے گا

ڈی ویلرا کے جواب میں معاہدہ کی اشاعت

آئرش پارلیمنٹ میں حلف وفاداری کی تنسیخ کا بل

مکہ مکرمہ میں ایک لاکھ تین ہزار حجاج کی حاضری

والی حجاز کی طرف سے حجاج کی ضیافت

(الجمعیۃ کے نام حجاز کا خاص تار)

برمی باغیوں کو کالے پانی کی سزا

ایک خاتون کی عصمت دری کی سعی

دو پولیس والوں کا قتل

عراق کے پٹرول کا برطانی کمپنی کو ٹھیکہ

دو سو مربع میل خطہ میں تیل نکالنے کی اجازت

چودھری افضل حق صاحب گرفتار کر لئے گئے

پشاور کے قریب فرنٹیر میل پر بم
تین ہندو نوجوانوں کی گرفتاری

پشاور ۹ اپریل۔ گذشتہ شب جب فرنٹیر میل پشاور چھاؤنی اور پشاور شہر کے درمیان میں چل رہی تھی ... ایک بم پھینکا جو غالباً پٹری پر رکھا تھا ... اسٹیشن تک چلا گیا۔

معلوم ہوا ہے کہ پولیس نے اسی سلسلہ میں تین ہندو نوجوانوں کو گرفتار کر لیا ہے پولیس ابھی سرگرم تحقیقات ہے اور ممکن ہے کہ بعض اور گرفتاریاں بھی عمل میں آئیں۔ تحقیقات سے ... ریل کی پٹری کے پاس ... شیشے کے ٹکڑے وغیرہ ملے ہیں پٹری کو کوئی نقصان نہیں پہنچا ہے۔

دہشت انگیزی کا اصل سبب
سابق گورنر بنگال کا اظہار خیال

دہلی میں ۹۶ سکھوں کی گرفتاری

دہلی میں سات رضاکاروں کی گرفتاری
بدیشی کپڑے پر پکٹنگ کرنے کا الزام

دہلی ۱۹ اپریل۔ ... چاندنی چوک سے پولیس نے دو عورتوں اور ۵ مرد والنٹیروں کو بدیشی کپڑے کی دکانوں پر پکٹنگ کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔

مولانا بشیر احمد صاحب ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کی گرفتاری

فرقہ وارانہ مسئلہ حل کرنے کیلئے شرائط کی پابندی
وزیر ہند کی طرف سے انکار

موتی لال نہرو کے سکریٹری کو سزا
چندر کانت مالویہ کو قید و جرمانہ

شاردا ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں پر مقدمہ
وکلاء کی ایک انجمن کا قیام

احراری قافلہ کی سزایابی

پشاور میں دو سو خدائی خدمتگاروں کی آمد

ایک امریکن مشنری کا قتل

گجرات سبھا کا ۳۵ ہزار روپیہ ضبط

تاریخ ہند کے متعلق ضروری اطلاع

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

خضر علیہ السلام مل گئے

یعنی جس طرح ایک پریشان اور راہ گم کردہ انسان کے حق میں حضرت خضر علیہ السلام کا مل جانا مسرت اور شادمانی کا باعث ہو سکتا ہے بالکل اسی طرح رنجیدہ اور متفکر انسان کے لئے ملا رموزی کی ان کتابوں کا شائع ہو جانا مسرت بخش ہے۔

عورت ذات - تین روپے آٹھ آنہ
لاٹھی اور بھینس - ایک روپیہ چار آنہ
دیوان ملا رموزی - چار آنہ
سوانحعمری ملا رموزی - چار آنہ

ملنے کا پتہ: ملا رموزی۔ بھوپال

ایک مہینہ میں انگریزی آجائے گی

منیجر بک ایجنسی کلاں محل دہلی

حضرت مصلح الدین سعدی شیرازی
گلستان

ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ

منیجر حافظ بکڈپو شیرانوالا گیٹ لاہور

امرت دھارا

بیماری تکلیف تشویش اور خرچ سے بچاتی ہے ہمیشہ پاس رکھو

مفصل حالات جاننے کے لئے رسالہ امرت مفت منگوایئے

خط و کتابت کا پتہ: امرت دھارا، لاہور

محبوب عاشق کے قدموں پر

مصر کے حجاز شام اور ہند کے علماء کی حیرت انگیز تعلیمی ایجاد
ایک مہینہ میں عربی آجائیگی

اتالیق عربی

حافظ محمد سعید ہاشمی تاجر کتب کوچہ چیلان دہلی

مرض پائیریا اور دانتوں کے تمام امراض کا علاج
حمیدی منجن ہے

منیجر کتب خانہ فیضی پوسٹ جنکپورہ (دہلی)

مقویات سرتاج عالم

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

اکسیر جذام

بواسیر و ذیابیطس

حافظ اقبال حسین بھٹیا ہی بھاگلپور

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور دربھنگہ

پٹنہ کے مقدمہ سازش کا فیصلہ
ایک کو سزائے موت پانچ کو کالا پانی

پٹنہ ۱۹ اپریل۔ پٹنہ کے مقدمہ سازش کا کل مسٹر اے آر سیرٹھ آئی سی ایس نے فیصلہ سنا دیا۔ یہ فیصلہ ۱۱۹ صفحات پر مشتمل ہے۔

اس کی ابتدا یوں ہوئی کہ پٹنہ شہر میں ایک بم پھٹنے سے رام نرائن سنگھ سب انسپکٹر ہلاک ہوا۔ اس مقدمہ کی سماعت ہوئی اور سورج ناتھ چوبے کو دس سال قید سخت کی سزا دی گئی۔ اور ہری لال کو جو دہلی کے مقدمہ سازش کا مفرور تھا عمر قید کی سزا دی گئی مگر نومبر میں ہزاری لال کی گرفتاری عمل میں آئی اور اس نے اقبال جرم کیا جس سے مزید حال معلوم ہوا اس مقدمہ میں کل گیارہ ملزمین تھے جن میں سے دو سرکاری گواہ بن گئے بقیہ ملزمین میں سے ۹ مجرم پائے گئے۔ چنانچہ زیر دفعات ۱۲۱ الف تعزیرات ہند و قانون اسلحہ اور قانون مادہ آتشگیر حسب ذیل سزائیں دی گئیں۔

سورج ناتھ چوبے کو سزائے موت۔ مہندر پرشاد، شام کرشنا، اگروال شام دیو، گنگا بالی اور کیتھی مصر کو عمر قید بعبور دریائے شور۔ جہا بیر مصرا سات سال قید سخت۔ چندیشور پانڈے اور ٹانگو تیلار ہا کئے گئے۔

مقدمہ کے دوران میں اس کا انکشاف ہوا کہ کس طرح سازشیوں نے ریلو الور دں پر قبضہ کیا اور بم بنانے شروع کئے چوری اور ڈاکہ زنی کی۔ ایک لیڈی ڈاکٹر کا ریوالور چرایا۔ گرجا پر بم پھینکا۔ کلب کے اسسٹنٹ سی آئی ڈی کے افسران پر بم پھینکے اور اس علاقہ میں دہشت پھیلائی۔

ان سرگرمیوں کے دوران جب اس انقلابی جماعت کے ایک ممبر پر جاسوسی کا شبہ ہوا۔ تو اسے قتل کیا گیا اور دوسرا اتفاقیہ ہلاک ہو گیا۔ یہ مقدمہ چار ماہ میں ختم ہوا۔

دم گھٹنے سے ۱۷ اشخاص کی ہلاکت
بہار کی ایک کان میں خوفناک حادثہ

کلکتہ کے ہندو مسلم مزدوروں میں فساد

کلکتہ ۸ اپریل۔ گوری پور جوٹ مل کے ہندو اور مسلمان مزدوروں میں جو فساد ہو گیا تھا اس کے نتیجہ کے طور پر ۱۲ مسلمان اور ۔ ہندوؤں کو جنہیں شدید ضربات آئی تھیں امام باڑہ ہسپتال میں داخل کیا گیا۔ ان میں سے چار کے بستر مرگ پر بیان تحریر کئے جا چکے ہیں۔

الہ آباد اور بنارس میں لیٹر بکسوں پر آفت
خطوط جلا دیئے گئے مجسٹریٹ کا بیان

الہ آباد ۱۹ اپریل۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ الہ آباد نے ایک کمیونک شائع کیا ہے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ قومی ہفتہ کے دوران میں بعض شورش پسند دل نے لیٹر بکسوں کو آگ لگا دی۔ اب تک لیٹر بکسوں کے ساتھ ایسے واقعات ہو چکے ہیں۔ الہ آباد میں مختلف مقامات پر ۱۲ لیٹر بکس میں ان کی علیحدہ حفاظت مشکل ہے۔ آپ نے پبلک کو تنبیہ کی ہے کہ اگر اس قسم کی حرکتیں جاری رہیں تو اس کی ذمہ داری کانگریس پر ہوگی۔ اور ذمہ دار اصحاب سخت سزا کے مستوجب ہوں گے۔

بنارس ۱۸ اپریل۔ بنارس سٹی ہیڈ پوسٹ آفس کے لیٹر بکس کے خطوط آج صبح جلے ہوئے پائے گئے شبہ کیا جاتا ہے کہ انہیں صبح کا ابتدائی گھنٹوں میں جلایا گیا اور یہ ڈاکخانوں کے مقاطعہ کے پروگرام پر عمل کے لئے کیا گیا۔

جموں کی طرف جتھوں کی دوبارہ روانگی
سات رضاکار اور دو خواتین کی گرفتاری

سیالکوٹ ۱۰ اپریل۔ چند دن ہوئے کہ احراریوں کی طرف سے ریاست جموں کو جتھے بھیجے جاتے تھے لیکن ان کو سوچیت گڑھ سے آگے نہ دیا جاتا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سے احراری گرفتار ہوئے اور یہ مورچہ بھی ختم کر دیا گیا لیکن آج پھر احراریوں نے شہر میں جلوس نکالا اور یہ جلوس شہر کے مختلف حصوں سے ہوتا ہوا ریلوے سٹیشن پر پہنچا جہاں خواجہ غلام محمد صاحب سات والنٹیر اور دو لیڈی والنٹیروں کو جنہوں نے برقعے پہنے ہوئے تھے گرفتار کر لیا گیا۔ کیونکہ یہ لوگ گاڑی پر سوار ہونا چاہتے تھے۔

ہندوستانی دواخانہ کے ملازمین کی انجمن

ہندوستانی دواخانہ دہلی کے ملازمین نے مسیح الملک مرحوم کی یادگار اور اپنے حقوق کا تحفظ اور اتحاد باہمی کے لئے یونین ہندوستانی دواخانہ کے نام سے ایک انجمن بنائی ہے جس کی عہدہ داران کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

امریکہ کا اطالوی قونصل قتل کر دیا گیا

سپرنگ فیلڈ ۸ اپریل۔ اطالوی قونصل مسٹر ... کو جب کہ وہ اپنے نو سالہ لڑکے کے ہمراہ اپنے بھائی کے مکان کو جا رہے تھے قتل کر دیا گیا۔ قاتل فرار ہو گئے۔ لڑکے کو کوئی ضرب نہیں آئی ہے۔

پشاور میں "یوم شریعت" کا شاندار جلسہ
جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کی مساعی جمیلہ

۱۵ اپریل کو پشاور میں "یوم شریعت" نہایت دھوم دھام سے منایا گیا۔ ۱ بجے سے ہی جامع مسجد مہابت خاں میں لوگ جوق در جوق آنے شروع ہو گئے اہل شہر کے علاوہ دیہات سے ہزاروں لوگ آئے تھے نماز کے بعد باقاعدہ جلسہ زیر صدارت مولانا مولوی داؤد محمد صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ سرحد شروع ہوا صاحب صدر نے محاکم شرعیہ کی ضرورت پر ایک بسوط اور حقائق افروز تقریر فرمائی جس میں لوگوں کو شریعت پر عمل پیرا ہونے اور رواجی ملکی قوانین کو خیرباد کہنے کی تلقین کی حاضرین نہایت ہی متاثر ہوئے اور اثنائے تقریر میں "اللہ اکبر" "شریعت زندہ باد" کے فلک شگاف نعرے بلند کرتے رہے آخر میں مولانا محمد یوسف صاحب نبوری نے ایک مختصر مگر نہایت ہی جامع تقریر فرمائی۔ تقریروں کے بعد مندرجہ ذیل تجویزیں منظور ہوئیں:۔

۱۔ مسلمانان پشاور کا یہ عام جلسہ جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کے مطالبہ "محاکم شرعیہ" کی زبردست تائید کرتا ہے اور حکومت پر واضح کرتا ہے کہ اس کے بغیر مجوزہ کونسل سے مسلمان مطمئن نہیں ہوں گے۔

۲۔ مسلمانان پشاور کا یہ عام جلسہ کونسل میں علماء کی نمائندگی نہایت ہی ضروری خیال کرتا ہے اور حکومت سے اس کا پرزور مطالبہ کرتا ہے تاکہ کونسل میں شرعی مفاد کی نگرانی ہو سکے۔

۳۔ مسلمانان پشاور کا یہ عام جلسہ حکومت کی توجہ محکمہ تعلیم میں مندرجہ ذیل اصلاح کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہے۔

ا۔ مرجوعہ النسان تعلیم جو ایک عرصہ سے اس محکمہ کے لئے بدنامی کا باعث ہو رہے ہیں اور جن کے متعلق بارہا اخبارات میں مضامین شائع ہو چکے ہیں فوراً الگ کر دئے جائیں۔

ب۔ تمام سرکاری اور نیم سرکاری سکولوں میں دینیات بطور لازمی مضمون داخل کر دی جائے تاکہ مسلمان لڑکے مذہبی معلومات سے بے بہرہ نہ ہوں۔

۴۔ مسلمانان پشاور علاقہ باغی تحصیل مردان میں پولیس کی اس حرکت کے خلاف اظہار نفرت کرتا ہے جس نے جمعیۃ العلماء کے پوسٹروں کو جن میں قرآنی آیتیں بھی لکھی ہوئی تھیں نہایت ہی بیدردی سے پھاڑے اور چسپاں کرنے والا مولوی عبد المستعان صاحب کو کچھ گھنٹے تک بے جا حراست میں رکھا۔

محمد لطف الدین جہانگیری مولوی فاضل۔ فاضل دیوبند

مسلمانان میرپور کی مسلم وکلاء سے اپیل
مسلم انجمنوں سے قانونی امداد کی درخواست

ریاست کشمیر کی ڈوگرہ شاہی حکومت نے مسلمانوں کو آواز حق بلند کرنے کی پاداش میں کن کن مظالم کا تختۂ مشق بنایا اور خون مسلم کو پانی کی طرح خطہ کشمیر میں بہایا جس سے ہزارہا غریب مسلمان تباہ ہوئے سینکڑوں گھرانوں کے نشانہ سے شہید ہوئے اور کئی معصوم بچے اپنی ماؤں کی آغوش کو داغ مفارقت دیکر ڈوگروں کی وحشت کا شکار ہو چکے ہیں مگر اب بھی حکومت کشمیر تحصیل میرپور کے تقریباً چار صد مظلوم اور بیکس مسلمانوں کے خلاف تازہ فسادات کے سلسلہ میں ڈاکہ، قتل، لوٹ اور آتش زدگی وغیرہ کے مقدمات چلا کر مزید تباہی اور بربادی کے لئے تیار ہو گئی ہے اور دوسری طرف مظلوم مسلمان بالکل بے دست و پا ہیں نہ روپیہ ہے اور نہ رسوخ ہے نہ کوئی قانونی امداد کا انتظام ہے ...

بجنور میں وفد جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کا قیام

جب حکیم اور ڈاکٹر جواب دے دیں

جب تندرستی کی کوئی صورت نظر نہ آئے جب مرض لاعلاج سمجھا جانے لگے اس وقت مندرجہ ذیل ادویہ سے فائدہ اٹھایئے جن کے طلسمی اثر نے ہزاروں مریضوں اور مایوسوں کی زندگی کو بدل دیا ہے۔ یہ تمام ادویہ ان نسخوں سے تیار کی گئی ہیں جو میرے خاندان کے صدہا سال کے مجربات ہیں اور جن کی بدولت ہزارہا مریض اس وقت تک تندرست ہو چکے ہیں۔

چاند سا خوبصورت لڑکا پیدا ہوگا

امید حمل

سفید داغ پانچ دن میں غائب ہو جائینگے

سات روز میں بواسیر کو شرطیہ آرام ہو جائیگا

دمہ ہمیشہ کے لئے جاتا رہیگا

حکیم محمد ظہیر علی کلاں محل دہلی

گلدستہ قاسمی مفت

مہتمم کتب خانہ قاسمی دیوبند

تعلیمیافتہ مسلمان بیکاروں کی ضرورت

(متصل اڈورڈ پارک دہلی)

شربت فولاد

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

دہرہ دون کے تحفے

ہر شہر میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

منیجر ڈون ویلی رائس اینڈ ٹی اسٹور ... دہرہ دون

چار نکاح کیجئے

لطف شباب کیا ہے؟ سفوف و طلاء

ملنے کا پتہ: حکیم مولوی نظیر علی لکھنوی ... دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

روزانہ
بدُ اللہ علی الجماعۃ
الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی۔اے)
معاون محمد عثمان فارقلیط

تاریخ اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۱ ۲۴ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (")
ایک کالم (")
½ کالم (")
¼ کالم (")

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم پنجشنبہ ۲۱ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۸ اپریل سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۰

معاصرین کے افکار و آراء

مولانا شوکت کا مرض مزمن (مولوی)

آج کل مولانا شوکت علی کو "تعاون" کا مرض لاحق ہوگیا ہے اور دنیا کو مبتلائے فریب کرتے کرتے اب آپ اپنے نفس کو بھی فریب دینے میں مصروف ہیں۔ ایک زمانہ تھا آپ کی حریت پرستی کی قسم ملک کی در و دیوار کھاتے نظر آتے تھے اور آپ ملک کے جس گوشہ اور جس صوبہ میں پہنچتے تھے آپ پر پھول برستے تھے اور اللہ اکبر اور بندے ماترم کے فلک شگاف نعروں سے آپ کا استقبال کیا جاتا تھا لیکن ہماری انہی دو آنکھوں نے جنہوں نے وہ پرشکوہ مناظر حیرت و احترام دیکھے تھے آج یہ منظر بھی دیکھا کہ آپ ... کیا جاتا ہے اور سرحد کے غیور و بیسور فرزندان توحید آپ کو کہیں نہیں ٹکنے دیتے۔

جب سے آپ انگلستان سے واپس آئے ہیں اس وقت سے تو آپ کی بالکل کایا پلٹ ہی ہوگئی ہے اور آپ ہر جگہ حکومت کے تعاون اور اس کی نیک نیتی کا ڈھول بجاتے پھرتے ہیں اسی ٹیلیگوں آسمان کے نیچے اور اسی ہندوستان میں تعلق پسندی بھی ہیں اور حکومت کے وفادار بھی لیکن کسی میں اتنی ہمت نہیں کہ وہ علانیہ حکومت سے تعاون کا سبق پڑھائے لیکن مولانا ہیں کہ جا بجا محل و بے محل اور شہر بشہر یہی کہتے پھرتے ہیں کہ دنیائے اسلام کے متعلق انگریزوں کا نقطۂ نگاہ تبدیل ہوچکا ہے اور اب وہ ہر جگہ مسلمانوں کے ساتھ انصاف اور تعاون کرنے کے لئے تیار ہے۔ کاش ایسا ہی ہوتا۔ لیکن تو بہ! حکومت اور مسلمانوں کے ساتھ تعاون اسے تو اپنے مفاد سے غرض ہے اور مولانا اس کے آلۂ کار بنے ہوئے ہیں۔ گو تقریباً ہر جگہ ہی آپ کی اس تلقین تعاون پر لے دے ہوئی اور تمام اسلامی پریس نے اس پر سختی کے ساتھ اعتراض کئے لیکن رحیت د تعاون کا یہ مجنون پھر بھی اپنی سرگرمیوں سے باز نہیں آتا اور حکومت کی زلف گرہ گیر کا اسیر بنکر کو یہ کوا ور دشت بدشت تعاون کے نعرے لگاتا پھرتا ہے۔

پر تماشہ یہ ہے کہ آپ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ مسلمانوں کو میری زعامت و قیادت پر پورا اعتماد ہے ... مسلمان اتنے بے وقوف ہیں جتنا کہ آپ نے انہیں سمجھ رکھا ہے اور وہ آپ کے نصائح کو برا برا دیزۂ گوش ہوش بنائے چلے جاتے ہیں۔ بھلا جو شخص اسٹیج پر کھڑا ہو کر علانیہ یہ کہہ دیتا ہے کہ مسلمانان کشمیر کو ذمہ دار حکومت کا مطالبہ نہیں کرنا چاہیئے اور جو مسلمانوں کو آغوش اغیار میں لا ڈالنے کے لئے اپنی تمام سرگرمیاں اور تمام طاقتیں وقف کئے ہوئے ہے اس پر مسلمان اعتماد نہ کریں تو کس پر کریں آپ اپنی قیادت ہی کے زعم میں تحقیقات مظالم سرحد کے لئے بھی تشریف لے گئے۔ لیکن مسلمان نہ آپ کی تحقیقات کو تحقیقات سمجھنے پر تیار ہیں اور نہ آپ کا سرحد جانا اہل سرحد کے لئے کسی طرح بھی سود مند ہوسکتا ہے ہم مسلمانوں سے استدعا کریں گے کہ وہ مولانا شوکت علی کی تلقینات سے ہرگز گمراہ نہ ہوں جو حکومت اب تک مسلم حقوق کے متعلق متعدد مواعید کے باوجود اعلان نہ کرسکی جس نے سرحدیوں کے ساتھ بڑا کر مفرمایانہ سلوک روا رکھا اور جو ہر معاملہ میں مسلمانوں کی جانب سے برابر بے پروائی برتتی چلی آرہی ہے اس سے تعاون تو محض شوکت علی ہی کرسکتے ہیں مسلمانوں میں ابھی غیرت و عقل باقی ہے۔

کانگریس کا اجلاس دہلی (الجمعیۃ)

چند دنوں سے یہ خبر بعض حلقوں میں حیرت سے اور بعض میں مسرت سے سنی جاتی رہی ہے کہ کانگریس کا سالانہ جلسہ ۲۴ اپریل کو دہلی میں ہوگا۔ اور صدر جلسہ پنڈت مالوی جی ہوں گے۔ اتفاق کی بات ہے کہ پہلے جب دہلی میں جلسہ ہوا تھا اس میں بھی صدر پنڈت موصوف ہی تھے۔ اس کے بعد بات چلی کہ حکومت اجازت دیگی یا نہیں۔ چنانچہ حکومت نے اجازت نہیں دی اس وجہ سے کہ کانگریس سول نافرمانی کو چلاتی ہے۔ ہمارے خیال میں حکومت کو ذرا فیاضی اور قانون کی پابندی سے کام کرنا چاہیئے مانا کہ آج قانون سے بالاتر آرڈیننسوں کا زمانہ ہے جو تحقیق مرغی مولانا زہر اولی کی مثال ہے مگر آخر حکومت کی ہر ایک قانونی کتاب میں انگریزی گورنمنٹ کو قانونی گورنمنٹ لکھا ہوتا ہے۔ اس لئے گورنمنٹ کو قانون کی پابندی بہ نسبت رعایا کے زیادہ لازم ہے۔ اس لئے وائسرائے کے ساتھ ایک مشیر قانونی رہتا ہے جو وائسرائے کو قانونی مشورے دیتا ہے۔ اس لئے ہم بھی باوجود اعتراف عدم علم کے گورنمنٹ سے قانونی سوال کرتے ہیں کہ قانونی اصول ہے کہ مواخذہ منع کے بعد ہوتا ہے جس کام سے ابھی منع نہیں اس پر مواخذہ جائز نہیں۔ کانگریس کو خلاف قانون ابھی قرار نہیں دیا گیا تو اس کا جلسہ کیوں ممنوع ہوا۔ حکومت کا یہ فرمانا کہ کانگریس سول نافرمانی میں مدد دیتی ہے۔ ہم اس سے نہ انکار کرتے ہیں نہ اعتراف بلکہ یہ کہتے ہیں کہ کانگریس ایسا کرتی ہے تو کانگریس کو خلاف قانون اعلان کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد جلسہ کو ممنوع قرار دینا خلاف قانون نہ ہوتا لیکن یہ کیا ہے کہ اصل ہی ثابت نہیں تو فرع پر حکم۔ اسی اصول کو عربی علماء نے یوں بتایا ہے۔ ثبت العرش ثم انقش

اس کے علاوہ حکومت کا دعویٰ ہے کہ کانگریس مرگئی۔ اس جلسہ سے حکومت کا دعویٰ ثابت ہوسکتا۔ کیونکہ جلسہ اگر بے رونق رہتا تو ثابت ہوتا کہ کانگریس واقعی مرگئی اور اگر جلسہ بارونق ہوتا تو گورنمنٹ کو ثابت ہوتا کہ اس سانپ کے کچلنے کو ابھی بہت سی ضربات کی ضرورت ہے۔ اس لئے ہماری رائے میں از روئے قانون اور از روئے فیاضی جلسہ کانگریس کا ہونا ہی مناسب تھا۔ آئندہ ع

رموز مملکت خویش خسرواں دانند
گدائے گوشہ نشینی تو حافظا مخروش

حکومت ہند کے نام (تاج)

وہ ڈس اوبلی ڈی اینس" کا طوفان تھم چکا
لیکن ابھی نہ قصۂ ضبط الم — چکا
لاٹھی کو رکھ کے طاق میں، شبنم اٹھائیے
اب رنگ بھی جمائیے سکّہ تو جم چکا

صوبہ سرحد (اجمل)

سرخ پوش جماعت کے متعلق جو سرکاری بیانات اس عرصے میں آتے رہے ان سے یہی نتیجہ نکالا جا سکتا تھا کہ ان کی تحریک بالکل دبادی گئی۔ اور اب یا تو سرخ پوش لیڈر جیلوں میں بند ہیں یا جو بچے کچھے ہیں انہوں نے اس تحریک کو ترک کر کے انتخابی کشمکش میں حصہ لینا شروع کیا ہے مگر ۱۲ اور ۱۳ اپریل کے پشاور کے تاروں نے اس خیال کی پوری طرح تردید کردی۔ اور ان بیانات کی روشنی میں یہی نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ سرخ پوشوں کی تحریک صوبہ سرحد میں ابھی زندہ ہے اور اس حد تک زندہ ہے کہ انتخابات کی راہ میں ان کی پکٹنگ کی وجہ سے رکاوٹ پیدا ہوئی اور پولیس کو دو مرتبہ گولی چلانا پڑی۔ یہ خوش قسمتی ہے کہ اب کی مرتبہ گولی چلنے سے نقصان جان نہ ہوا۔ جیسا کہ پچھلے مواقع پر ہوا ہے۔ بہرحال ان واقعات سے جو نتیجہ نکالا جاسکتا ہے وہ یہ ہے کہ اس صوبہ کی آبادی ابھی مطمئن نہیں ہے اور انتخابی کشمکش سے اس کی دلچسپی کی جو اطلاعات موصول ہوتی ہیں وہ ممکن ہے کہ خان بہادروں اور خطاب یافتہ طبقے اور ان کی حامیوں کی جماعت کے متعلق صحیح ہوں۔ مگر یہ حکم وہاں کی پوری آبادی پر نہیں لگایا جا سکتا۔ اس صوبے میں امن و اطمینان کے قیام کی ایک ہی صورت ہے کہ حکومت اپنی موجودہ تشدد کی پالیسی ترک کرے۔ اور صوبہ سرحد کی آبادی کے حقوق تسلیم کر کے ان کا یہ مطالبہ پورا کرے کہ ان کے ساتھ ویسا ہی سلوک کیا جائے گا جو ملک کے اور صوبوں کے ساتھ ہوتا ہے۔

مولانا شوکت علی کے نام (تاج)

دُور کی چلتے چلاتے بخدا سوجھی ہے؟
اب جواں بننے کی صاحب کو دوا سوجھی ہے؟
اس سن و سال میں ناطورۂ مغرب سے نکاح!
لے میں قربان، بڑھاپے میں یہ کیا سوجھی ہے؟!

انگریزی اخبارات کے تراجم
(خاص الجمعیۃ کیلئے)

انسانی معلومات کا تاریخی زمانہ
آٹھ ہزار صلحناموں میں ایک پر بھی عمل نہیں کیا گیا

امریکہ کے ایک مورخ نے تاریخی تحقیقات کے بعد یہ جدید انکشاف کیا ہے کہ انسان کے متعلق جو کچھ اب تک معلومات حاصل ہوسکی ہیں اس کا کل زمانہ ۳۴۲۱ ہے۔ اس عرصہ میں ۳۱۵۲ سال کا زمانہ انسان نے جنگ و حرب میں گزارا ہے صرف ۱۶۸۱ سال قتل و غارتگری سے خالی گزرے ہیں۔ ان میں بھی بعض بہادری قتال جنگ و قتال کرتے رہے ہیں۔ ساڑھے تین ہزار سال میں آٹھ ہزار صلحنامے مرتب ہوئے لیکن کسی ایک پر بھی عمل نہیں کیا گیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کرۂ ارض کی تمام مخلوقات میں انسان حرب و ضرب میں زیادہ مبتلا رہا ہے اور اس کی طبیعت کا میلان بھی زیادہ تر اسی طرف ہے۔

ایسٹر کے روز اہل انگلستان کے مشاغل

انگلستان میں ایسٹر کے روز مختلف تفریح گاہوں میں لوگوں نے اپنے ذوق کے مطابق حصہ لیا جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:-

برٹش میوزیم میں	۲۲۰۹۹ لوگ حاضر ہوئے
ٹاور آف لنڈن میں	۷۶۴۲ "
نیچرل ہسٹری میوزیم میں	۱۸۱۵۳ "
کرسٹل پیلیس میں	۵۴۳۰۳ "
ٹنالوڈ میں	۲۲۰۰۰ "
وکٹوریا اینڈ البرٹ میوزیم میں	۱۵۶۷۴ "
چڑیا گھر میں	۵۴۰۰۰ "
وحپ سینڈ میں	۸۰۰۰ "

قدیم امریکن باشندوں کے متعلق جدید تحقیقات

نسل انسانی کی مختلف اصناف کا انکشاف اداروں کے طور پر خصوصیت سے منظر عام پر آنے والا ہے۔ ڈاکٹر رافیل نے جنوبی اور وسطی امریکہ میں نسل انسانی کے مختلف اقسام کا گہرا مطالعہ کیا ہے آپ نے جنوبی امریکہ کے قدیم باشندوں کے ڈھانچے دریافت کئے ہیں اور ان کا لندن اثری تحقیقات کے بعد ذکر کیا ہے۔ ان ڈھانچوں کی شکل صورت اور ان کے متعلق ... ثابت ہوتا ہے کہ ان کا قدیم مصری اقوام سے شدید تعلق ہے۔

ڈاکٹر موصوف نے اپنے نظریہ کی تائید کیلئے مصر جاکر مصریات کا بھی مدتوں مطالعہ کیا ہے جس سے آپ پر یہ بات محقق ہوگئی ہے کہ قدیم امریکہ کے باشندے دراصل مصری باشندے تھے جو نامعلوم اسباب کی بنا پر امریکہ آکر آباد ہوگئے تھے۔

ہندو مسلمانوں سے جان بل کا مذاق

گزشتہ ہفتہ ولایتی اخبار "پنچ" نے ایک دلچسپ کارٹون شائع کیا ہے۔ جان بل دو ہاتھیوں کی لڑائی کا تماشہ دیکھ رہا ہے۔ یہ دو ہاتھی ہندو اور مسلمان ہیں۔ یہ لڑائی ایک تالاب پر واقع ہے جس کا نام ہندوستان کے لئے جدید دستور ہے جان بل کہہ رہا ہے کہ تم دونوں ہاتھی (ہندو اور مسلمان) پیاسے ہو اسلئے میں تم کو تالاب کے پاس لایا ہوں تاکہ تم پانی پی کر اپنی تشنگی رفع کرو لیکن تم دونوں نے بجائے پانی پینے کے لڑائی شروع کردی ہے اسلئے میں ایک ایسی ہیکم تیار کر رہا ہوں جس کی رو سے تم دونوں پانی پینے پر مجبور ہو جاؤ گے۔

ایک عظیم الشان ہوائی جہاز کی تیاری
۸۸ ٹن بوجھ اٹھانے والا طیارہ

فریڈرک شیافن میں ایک جدید قسم کا زبردست ہوائی جہاز تیار ہو رہا ہے جس کا طول اور عرض ۱۳۵ فٹ ہے گراف زیلین کی نسبت یہ نیا طیارہ ۹۲ فٹ زیادہ طویل اور ۲۳ فٹ زیادہ عریض ہے۔ اس میں گیس رکھنے کے لئے بھی بہت زیادہ گنجائش رکھی گئی ہے۔ جہاز میں چار بڑے انجن ہیں اور ہر ایک انجن ۸۵۰ گھوڑوں کی طاقت کا ہے۔ چونکہ پٹرول میں آگ لگنے کا زیادہ اندیشہ رہتا ہے اسلئے اس جہاز کی مشینوں میں بجائے پٹرول کے کروڈ آئل استعمال کیا جائے گا۔ یہ جہاز جس کا نام ایل زیڈ ۱۲۹ ہے۔ ۸۸ ٹن بوجھ لیجا سکے گا جس کی تقسیم حسب ذیل ہے:-

انجنوں کے لئے ایندھن ۴۰ ٹن۔ پانی ۷ ٹن۔ پینے کا پانی ۲ ٹن نہانے دھونے اور دیگر ضروریات کا پانی ۲ ٹن۔ سامان اور ڈاک ۸ ٹن۔ دیگر اسباب ۱۸ ٹن۔ (ایک ٹن مساوی ۲۸ من) اب رہے پچاس مسافر جن کا وزن ان کے اسباب کو ملا کر ۳ ٹن ہوتا ہے۔ کل وزن ۸۸ ٹن۔

اس جہاز میں بالا وزیرین دو حصے ہوں گے جن میں مسافر آرام سے رہ سکیں گے جہاز کو آفتابی شعاعوں سے بچانے کے لئے الومونیم پوڈر استعمال کیا جائے گا۔ یہ امر تحقیق ہوگیا ہے کہ گراف زیلین ٹرانس اٹلانٹک ٹریفک کے لئے کافی نہیں ہے بلکہ اس کے لئے ایسے جہاز کی ضرورت ہے جو طویل ہونے کے بجائے زیادہ عریض ہو۔ توقع ہے کہ یہ جہاز ۱۹۳۴ء کے موسم برشگال میں پرواز شروع کردیگا۔

انگلستان سے نیویارک کو صرف چھ گھنٹہ میں

رائل یونائیٹڈ سروس انسٹی ٹیوشن میں کمانڈر سارے رایج اور بیسار نے "تیز رفتار پرواز" پر ایک لیکچر دیا جس میں آپ نے فرمایا کہ اگر موجودہ پرواز کی ترقی بقرار رہے تو انگلستان اور نیویارک (امریکہ) کی پرواز مستقبل قریب میں صرف چھ گھنٹہ کے اندر ختم ہوسکے گی۔ آپ نے تیز رفتاری کی اسکیم کی پیزور حمایت کی اور کہا کہ جس طرح بہادروں کی تیز پائی کو آج تعجب کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے اسی طرح دنیا پرواز کی تیز رفتاری پر متعجب ہوگی۔

آپ نے مزید فرمایا کہ اب تک پرواز کی جو رفتار عمل میں آچکی ہے اس سے بہت زیادہ رفتار کی ضرورت ہے اور اس کا مظاہرہ مستقبل قریب میں ہو جائے گا۔ تیز رفتاری سے خوف نہیں کرنا چاہئے کیونکہ ہلکی رفتار سے تیز رفتاری حفاظت جان کی زیادہ ضامن ہے۔

تین ہزار سال قبل کی ایک کتاب

مصر کے عجائبات اپنی گوناگوں دلچسپیوں کے اعتبار سے اسقدر نادر ہیں کہ علمی دنیا ہر لمحہ ان کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے بے چین رہتی ہے۔ اب تک مصری سرزمین نے اس قدر نادرات برآمد کئے ہیں کہ دنیا حیرات ہے اور کچھ نہیں کہ ان عجائبات کا سلسلہ کب تک جاری رہیگا۔

حال میں اثری تحقیقات کے ماہرین نے مصر کے اہرام کے قریب ایک ٹیلہ کو کھود کر تین ہزار سال قبل کے آثار برآمد کئے ہیں جن میں ایک کتاب بھی ہے جو ایک ہزار سال قبل مسیح سے متعلق بتائی جاتی ہے۔ کتاب کا خط ابھی تک شناخت نہیں کیا گیا تاہم بتایا جاتا ہے کہ قدیم ہیروغلیفی خط ہے۔ کتاب پاپیرس (قدیم مصری کاغذ) پر لکھی ہوئی ہے جس میں مختلف جانوروں کی تصاویر بھی موجود ہیں۔ کتاب کا کاغذ اس قدر دبیز ہے کہ تین ہزار سال گزرنے پر بھی اوراق علیحدہ علیحدہ کئے جا سکتے ہیں۔ اس کتاب کا ایک تہائی حصہ بالکل بوسیدہ ہوگیا ہے۔ ماہرین کی تحقیقات جاری ہے۔

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین، لنگی، رومال (پشاوری مشہدی، یزدی) کلاہ، پنکھے، چپلیاں، نسوار، سرکہ انگوری، چاء سبز اعلیٰ قیمتی۔ خشک میوے اور نایاب بافرد دوائیں سستے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمایئے۔ مذکورہ بالا چیزوں کے نمونوں کے واسطے چار آنے کے ٹکٹ روانہ کیجئے۔ **منیجر اینڈ افغان نیشنل ایجنسی پشاور**

کیا چاہتے ہیں؟

آپ اپنی تجارت کو فروغ دینے کے خواہشمند ہیں اور ٹریڈ مارک کو کامیاب بناکر اس سے دولت حاصل کرنے کی آرزو رکھتے ہیں تو صرف

اخبار "وطن"

میں اشتہار دیں جو ہر دل عزیز اور کثیر الاشاعت پرچہ ہے مفصل حالات اور نمونے کا پرچہ مفت روانہ کیا جاتا ہے۔

المشتہر
ایم۔ اے۔ خالق کیف
منیجر صیغہ اشتہارات روزانہ "وطن" دہلی

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی اور مستقبل کا دار و مدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دیکر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

کٹ پیس پارچہ بزازی کی
پُر منافع تجارت

ہم سے نہایت رعایتی ہول سیل نرخوں پر ولایتی کٹ پیس ٹکڑہ جات و پارچہ بزازی ہندوستان بھر کے خریدار منگاتے ہیں اس موسم کا تازہ چالان مال نہایت اعلےٰ ولکش ڈیزائن کا آگیا ہے کم سے کم سرمایہ والے واقف ناواقف سب یکساں گھر بیٹھے معقول فائدہ اٹھا سکتے ہیں پردہ نشین مستورات بھی نہایت اچھی طرح سے اس کام کو کرسکتی ہیں ہماری یکصد روپے کی گانٹھیں جن میں کئی قسم کا مال ہوگا فوراً منگائیں ذاتی ضروریات اور اپنے اہل و عیال کی پوشیدنی کے لئے پچاس روپے کا بنڈل طلب کریں اور معقول نفع اٹھائیں۔ چوتھائی رقم پیشگی ہمراہ آرڈر آنی لازمی ہے۔ عید کا موقع ہے جلد آرڈر دیویں۔

امپیریل ایکسپریس کمپنی۔ بائیکلہ۔ بمبئی ۸

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کردیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بےنظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں سے ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اس میں احادیث ورج ہیں جن میں اعمال بد کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال بد سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد ۸ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ۸ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل حسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ ۸ علاوہ محصولڈاک۔ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں نورانی قرآن کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر کہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ یا بلا جلد مجلد پارچہ ۸ مجلد چرم نقرہ ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب کہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ، قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ۲ روپے قسم دوم حنا شدہ ۱۲ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ چرم ۱۲

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۱ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ ہجری

کانگریس کا اجلاس

خلاف توقع اور سبق آموز

گزشتہ اتوار کو دہلی میں جو واقعات رونما ہوئے وہ کم سے کم ان لوگوں کے لئے تو قطعاً خلاف توقع تھے جو نہ تو کانگریس کے اندرونی حلقوں میں کوئی رسوخ رکھتے ہیں اور نہ جنہیں حکومت کی مخصوص اطلاعات اور خفیہ معلومات کا علم ہوتا ہے۔ اگرچہ کئی روز سے شہر میں پولیس کے انتظامات بہت بڑے پیمانہ پر ہو رہے تھے مگر جہاں تک عوام الناس کا تعلق ہے ان انتظامات کو بالکل غیر ضروری اور بیکار سمجھا جا رہا تھا ...

شہروں میں بہت سے رضا کار اور ڈیلیگیٹ گرفتار کئے گئے ہیں اگر ان سب کی مجموعی تعداد شمار کی جائے تو یقیناً ایک ہزار سے متجاوز ہوگی ...

زمیندار کمیٹی کا قیام

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند کی نامزدگی

حکومت ہند ایک پونڈ قرض لے رہی ہے

سرکاری اعلان

عراق کی "آزادی"!

صوبہ سرحد کے "آرڈیننس" اور قیدی

دہلی میں گھنٹہ گھر کے نیچے کانگریس کا ۴۷ واں اجلاس

پولیس کی موجودگی میں جلسہ کا انعقاد اور تجاویز کی منظوری

پانچ سو دہلی گیٹ رضا کار اور کانگریسی کارکنوں کی گرفتاری

کانگریس کے اجلاس میں جمعیۃ علمائے ہند کی شرکت

دہلی ۲۵ اپریل۔ کل صبح کو انڈین نیشنل کانگریس کے ۴۷ ویں اجلاس کا دن تھا اس لئے تمام شہر میں پولیس کے زبردست انتظامات تھے ...

ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند کی گرفتاری

اجلاس کے بعد کے حالات

پولیس کی بے تیزی

پولیس کی آمد اور گرفتاریاں

اکالی جتھہ کی گرفتاری

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

حجاز کیلئے ہالینڈ کے مشیر مالیات کا تقرر

مسٹر فان لیون کی خدمات کیوں حاصل کی گئیں؟

مسٹر فان لیون بوئینڈی مالیات کے سلسلہ میں خاص شہرت رکھتے ہیں ...

حکومت حجاز کی طرف سے ایک علمی وفد کا تقرر

ربع الخالی کی تحقیق کے لئے ایک مہم کی روانگی

عرب میں ربع الخالی ایک ایسا مقام ہے جس کے حالات سے عرب بھی کما حقہ واقف نہیں ہیں۔ دشوار گزار راستوں، گرمی کی انتہائی شدت اور ریگستانی علاقہ کے باعث کوئی سیاح بھی وہاں جانے کی جرأت نہیں کر سکتا۔

مؤتمر شرق اردن کا سالانہ اجلاس

برطانوی اتفاق سے انکار

(۱) یہ مؤتمر برطانیہ کے اس اتفاق سے انکار کرتی ہے جو اس نے امیر شرق اردن کے ساتھ کیا ہے۔

(۲) یہ مؤتمر شرق اردن کے لئے ایک دستوری حکومت کی طلبگار ہے۔

افغانستان اور حجاز میں معاہدہ مودت

معاصر ام القریٰ میں افغانی وفد کے سردار کا بیان

ترکی میں سات ہزار درسگاہیں

طلباء اور اساتذہ کی تعداد میں اضافہ

حجاز مقدس میں بغاوت

رائٹر ایجنسی کے بیان کی تردید

مصر اور ٹیونس میں انگریزی مال کا مقاطعہ

خواتین مصر کی وطن پرورانہ مساعی

حلب کے علاقہ میں قدیم آثار کی برآمد

مصر سے انگریزی فوج کی روانگی

دار الحکومت

سندھی اخبار نویسوں کو دہلی سے اخراج کا حکم

ہندوستانی دواخانہ دہلی

لالہ [illegible] کی گرفتاری

[illegible] تین اشخاص کی گرفتاری

جمعیۃ علماء کے ایک کارکن کی گرفتاری اور رہائی

دہلی میں گھنٹہ گھر کے نیچے کانگریس کا جلسہ

مقدمات کی سماعت

دہلی آتے ہوئے سندھی نمائندہ کی گرفتاری

مولانا مولوی محمد صدیق صاحب بھی گرفتار

کراچی اور مدراس کے مابین ہوائی ڈاک

مولانا بشیر احمد صاحب ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کو ۱۸ ماہ قید اور جرمانہ کی سزا

آپ کو دیگر رضاکاروں کے ہمراہ سی کلاس دی گئی!

ریل میں پولیس اور قیدیوں کی جنگ

گولی سے ہیڈ کانسٹیبل مارا گیا

تین سو من غلہ کی فصلیں ۳۱۲ روپے میں نیلام

بمبئی میں سروجنی نیڈو کی گرفتاری کے بعد ہڑتال

کمشنر اجمیر پر ریوالور کے فائر

حملہ آور انقلابی جماعت کا رکن ہے

بنارس جیل میں ہنگامہ

جیل وارڈروں پر حملہ، اٹھارہ زخمی

پولیس اور دیہاتیوں میں زبردست جنگ

سائیکلوسٹائل اور بلیٹن کا پتہ چل گیا

[illegible] کے مکان پر پولیس کا چھاپہ

اصلاحات میں تاخیر بے اطمینانی کا باعث ہوگی

عیسائی اور جداگانہ انتخاب

کراچی میں سندھ کانفرنس کا اجلاس

منچوریا میں ریلوے لائن پر باغیوں کا قبضہ

چین کے ایک مقام پر خوفناک جنگ

جاپان، روس پر حملہ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا

جاپانی وزیر جنگ کا بیان

چین پر اشتراکی افواج کا حملہ

سرکاری افواج کی پسپائی

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس کی کامیابی

سر جان سائمن کی تجویز منظور ہوگئی

برمی ایسوسی ایشن کا وزیر اعظم کے نام تار

خطوط بازار کے لیٹر بکسوں میں ڈالے جائیں

افسروں کی تنخواہوں میں تخفیف

سرحدی قوانین کی تنسیخ اور سیاسی اسیروں کی رہائی کا مطالبہ

نعمت اللہ کمیٹی کی سفارشات پر کیوں عمل نہیں کیا گیا؟

سرحدی کونسل کی انڈیپنڈنٹ پارٹی کے لیڈر کا بیان

لاہور میں لارنس کے بت کو توڑنے کی کوشش

تلوار اور قلم کو توڑ دیا گیا چار سکھ گرفتار

بت کی حفاظت کیلئے پولیس کے زبردست انتظامات

وائسرائے اور ملک معظم میں برقی پیغامات

سرحد کو گورنری صوبہ بنانے پر مسرت کا اظہار

کراچی جیل کے قیدیوں کو تازیانہ کی سزا

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا بیان

وزیر اعظم کشمیر کی خدمت میں مسلمانوں کا وفد

سرکاری افسران کی زیادتیوں کی تحقیقات کی جائے

زمینداروں اور کاشتکاروں میں فساد

دو ہلاک اور دو مجروح

شراب کی فروخت بڑھانے کیلئے حکومت کا اشتہار

کھلی ہوئی شراب فروخت کرنے کی اجازت

سندھ کانفرنس کے اجلاس کی کارروائی

ترکی کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ روس روانہ ہوگئے

امریکہ میں اشتراکیوں کا ہنگامہ آفرین مظاہرہ

مردوں اور عورتوں کے مجمع پر لاٹھیاں

ایک انگریزی اخبار کا ایڈیٹر زیر عتاب

ڈاکخانہ کے خطوط کو آگ لگا دی گئی

ایک پارسی کی اولوالعزمی

مفاد عامہ کیلئے تین کروڑ روپیہ کا وقف

تین بنگالی نوجوانوں کی گرفتاری

ریوالور، کارتوس اور کلہاڑیوں کی برآمدگی

ٹیلیگراف کے تار دوبارہ کاٹ دیئے گئے

ملزمان کا سراغ نہیں لگا

گرکشیترا کے گرد و نواح میں آثار قدیمہ کی دریافت

ہندو جین اور بدھ مذہب کے قدیم مجسمے اور تالاب

مسز نائیڈو کو ایک سال قید کی سزا

دریائے ہگلی میں تین جہاز ٹکرا گئے

حکومت کی زمینداروں دشمنی کے خلاف احتجاج

اچھوتوں میں لڑائی

ریاست میسور اور واعظین اسلام
مذہبی آزادی سخت خطرے میں

عرصہ دراز سے مشہور ہے کہ ریاست میسور کا نظام حکومت روشن خیالی اور بے تعصبی کی بنیادوں پر قائم ہے۔ حتیٰ کہ مسلمانوں کی قلت تعداد کے باوجود دیوان ریاست کے عہدے پر ایک مسلمان فائز ہے۔ لیکن جو اطلاعات اس وقت آئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندو ذہنیت میسور میں بھی وہی ہے جو ہر جگہ ہے۔ بلکہ مسلمان دیوان کے وجود سے مسلمانوں کی حالت اور بھی زیادہ خطرے میں پڑ گئی ہے۔ مسلمان دیوان اگر مسلمانوں کو کسی قسم کے ظلم سے بچانے کی کوشش کرے تو اس پر طرفداری کا الزام لگایا جاتا ہے...

ریاست نے ایک دوسرے ملازم ریاست سے کیوں اس نظم کو پڑھوایا۔ حالانکہ پروگرام میں علمدار مذکور کا نام ہی نہ تھا...

میں تمام مسلم اخبارات اور تمام مسلم انجمنوں کو ان واقعات کی طرف توجہ دلاتا ہوں... ریاست میسور کو اس حرکت کے خلاف... احتجاج بلند کریں اور تمام مسلم انجمنیں اندرین باب تجاویز احتجاجی منظور کر کے جنرل سکریٹری گورنمنٹ میسور کی خدمت میں روانہ کریں۔

سید غلام بھیک نیرنگ معتمد عمومی جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام انبالہ

کلکتہ میں انجمن ضرب الاسلام کی مساعی

عرصہ سے کلکتہ میں دلی مسلم کلب کے نام سے ایک انجمن قائم ہے جس کے صدر جناب حاجی فخر الدین صاحب تاجر کلکتہ ہیں...

انڈین اسٹورز ڈیپارٹمنٹ کراچی پرچیز سرکل میں مسلمانوں کی حق تلفی

یوں تو تمام سرکاری دفاتر میں برادران وطن کی گھٹا کی طرح چھائے ہوئے ہیں اور جہاں کہیں بھی ان کا بس چلتا ہے تمام عملہ اپنی ہی قوم سے بھر دینا چاہتے ہیں... اسی قسم کے دفاتر میں مسلمانوں پر ہر طرح سے وسعت حیات تنگ کیا جاتا ہے جیسا کہ انڈین اسٹورز ڈیپارٹمنٹ کراچی پرچیز سرکل جس کے واحد اجارہ دار ایک ہندو افسر ہیں...

عہدہ	مشاہرہ	مسلم	ہندو	میزان
ہیڈ کلرک	۱۵۰-۵-۲۰۰	×	۱	۱
سٹینوگرافر	۷۵-۵-۱۲۵	×	۱	۱
سینیئر کلرک	۸۰-۵-۱۳۰	×	۶	۶
جونیئر کلرک	۵۰-۳-۱۲۵	۳	۷	۱۰
کل		۳	۱۵	۱۸

عیاں ہے کہ حکومت کے بلند بانگ دعاوی مسلم حقوق کی پاسبانی کے متعلق بالکل بے حقیقت ہیں...

حاجی میر محمد بلوچ رنچھوڑ لائن کراچی

صدر الصدور اور مفتی کا عہدہ قائم کیا جائے
دولت آصفیہ سے مسلمانان مدراس کی اپیل

۵ اپریل ۱۹۳۲ء بعد نماز جمعہ جامع مسجد... زیر صدارت جناب مولانا حکیم سید رضا علی صاحب جلسہ منعقد ہوا۔ مولانا عبد اللطیف صاحب فاروقی مدیر "آزاد ہند" کی مدلل تقریر ہوئی۔ مندرجہ ذیل تحریکات بالاتفاق منظور ہوئے۔

ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کو مبارکباد

مشکوٰۃ شریف مترجم و محشی اردو

تمام اور تخواستیں بنام عبد الغفور غزنوی مالک کارخانہ انوار الاسلام امرتسر آنی چاہئیں

نوٹس
سیکن اینڈ کو کانپور

گلدستۂ قاسمی مفت
مہتمم کتب خانۂ قاسمی دیوبند

محبوب عاشق کے قدموں پر

ایک مہینہ میں عربی آجائیگی
اتالیق عربی
حافظ محمد سعید ہاشمی تاجر کتب

دہرہ دون کے تحفے
ہر شہر میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

مقویات سرتاج عالم

گلستان
حضرت مصلح الدین سعدی شیرازی
منیجر حافظ بکڈپو شیرانوالہ گیٹ لاہور

اکسیر جذام
حافظ اقبال حسین بھٹیاہی بھاگلپور

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

صد ہا مرضوں کی ایک دوا
منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

مسٹر چرچل کا پروپیگنڈہ رنگ لایا
ہندوستان کے خلاف ایک امریکی اخبار کی فتنہ انگیزی

ہندوستان کے حالات سے اہل امریکہ کو صحیح واقفیت بہم پہنچانے کے لئے مسٹر چرچل نے نئی دنیا کے دورہ کی جو زحمت گوارہ فرمائی وہ رائیگاں نہیں گئی۔ ایک امریکن اخبار "ہیرلڈ ٹریبیون" نے گاندھی جی اور کانگریس کے خلاف بے موقعہ اور بے محل اپنی بھڑاس نکالی ہے اخبار مذکور لکھتا ہے کہ مسٹر گاندھی اور ان کے پیرو ہندوستانی صورت حالات اور امریکہ کے انقلاب میں مشابہت دیکھنے میں ہمہ تن مصروف رہتے ہیں یہ ایسے متوازی ہیں جن کی بنیاد بہت کم مشابہت ہو سکتی ہے۔ ساتھ ہی وہ دیگر طریقوں سے بھی دوسروں کے معاملات میں دلچسپی لینے کی اپیل کر رہے ہیں اور بدقسمتی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بعض امریکن غیر ملکی معاملات کے متعلق اپنی دلچسپی کا اظہار کر رہے ہیں۔

سنجیدہ مزاج امریکیوں کے لئے ان کی اس کوشش کے ساتھ ہمدردی کرنا مشکل ہے...

(۲) روس کی "پنج سالہ اسکیم" بالشویزم کی ناکامی کو چھپانے کا ایک ذریعہ ہے۔ (۳) پنج سالہ اسکیم دنیا کی سرمایہ داری کو تباہ کرنے کی ایک سازش ہے...

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

میرے یہاں چند نادر الوجود کتب فروخت طلب ہیں

روسیوں پر لگائے ہوئے الزامات کی فہرست

مولانا احمد سعید صاحب کو مبارکباد

سرزمین بیت اللہ سے بعض مسلمانوں کا بغض

یہ دیکھ کر سخت صدمہ ہوتا ہے کہ اتنی بے شمار بربادیوں پر بھی مسلمانوں کو ہوش نہیں آیا اور ان کے بعض افراد آج بھی اسلام سے دشمنی کرنے اور اس کی رہی سہی قوت کو بھی برباد کرنے میں کوشاں ہیں۔ جس طرح "انقلاب" اور "خلافت" مسلمانان ہند کو اس نازک وقت میں بھی روس کے مذہبی مظالم کی داستانیں سنانے کی بجائے سوالات سے غافل کر رہے ہیں تاکہ مسلم کانفرنس کے جیالات... اسی طرح بعض اسلامی اخبار اور بعض نام نہاد مسلمان حکومت حجاز کو بدنام کرنے نقصان پہنچانے اور غیر مسلم طاقتوں کو اس سرزمین مقدس پر مسلط کر دینے کے لئے ایڑی سے چوٹی تک کا زور لگا رہے ہیں۔

ان حضرات نے حسب سابق اس سال بھی بہت کوشش کی کہ مسلمانوں کو فریضۂ حج سے روک دیں تاکہ بیت اللہ کے حج اور عمرہ کے مرجائیں... کہا گیا حجاز میں سخت قحط پڑا ہوا ہے امن وامان مفقود ہے لوٹ مار جاری ہے...

لوگوں کو معلوم نہیں مگر یہ واقعہ ہے کہ حجاز میں ایک ترقی یافتہ حکومت اور حیرت انگیز امن وامان قائم کر کے سلطان ابن سعود نے ایک عجیب معجزہ کر دکھایا ہے...

ہم جانتے ہیں کہ مسلمان منافقوں سے بچنے کے لئے ہوشیار ہو جائیں جو مقدس بیت اللہ کی دشمنی پر کمر بستہ ہیں...

ستاولوجن کے استعمال سے شہوتی تکالیف کا ازالہ

حلفیہ بیان

ایک مہینہ میں انگریزی آجائے گی

پنڈت بھرا بن کا شرطیہ علاج
بلب اینڈ سنز علی جمعیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات
کان کی دوا بلب اینڈ سنز علی جمعیت دہلی

اگر کسی علمی ادارے اخبار یا رسالہ کو
قومی ملی مذہبی اور تعلیمی شغف رکھنے والے ایک ایسے عالم کی خدمات کی جو...
ضرورت ہو!
تو معرفت منیجر صاحب اخبار الجمعیۃ دہلی خط و کتابت فرمائیں

تارکا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳

۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)

نصف صفحہ

ایک کالم

۱/۲ کالم

۱/۴ کالم

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ

ششماہی

سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ

ششماہی

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

معاون

محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول

ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم یکشنبہ ۲۴ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق یکم مئی سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۱

معاصرین کے افکار و آراء

ہندوستان کیلئے اقتصادی آزادی

انسداد مے نوشی

صوبہ سرحد کے قیدیوں کی رہائی

آزادی کی دبی ہوئی چنگاریاں

لیگ اقوام کی حیثیت

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

مولانا شوکت علی کی انگریز بیوی پردہ میں

"میں اپنی جوانی کا لطف اٹھا چکی ہوں"

مولانا شوکت علی اور ان کے فرزند کے بعد انگریز لیڈی کا بیان

مسز مولانا شوکت علی پردہ میں

مولانا کی انگریز بیوی کا بیان

عراق کے ہوائی بیڑہ میں جدید طیارے

مصر اور عراق کی ہوائی طاقت میں اضافہ

ساٹھ ہزار میل کی مسلسل پرواز

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔

منیجر "الجمعیۃ" دہلی

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین۔ لنگی رومال (پشاوری مشہدی یزدی) کلاہ۔ پنکھے۔ چپلیاں۔ نسوار۔ سرکہ انگوری۔ چاء سبز۔ اصلی خشک میوے اور نایاب مفردو دوائیں نہایت ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے۔ مذکورہ چیزوں کے نمونوں کے واسطے جار آنے کے ٹکٹ روانہ کیجئے۔

منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

کٹ پیس پارچہ بزازی کی

پُر منافع تجارت

ہم سے نہایت رعایتی ہول سیل نرخوں پر ولایتی کٹ پیس ٹکڑہ جات و پارچہ بزازی ہندوستان بھر کے خریدار منگا رہے ہیں اس موسم کا تازہ جالان مال نہایت اعلےٰ دلکش ڈیزائن کا آگیا ہے کم سے کم سرمایہ والے واقف ناواقف سب یکساں گھر بیٹھے معقول فائدہ اٹھا سکتے ہیں پردہ نشین مستورات بھی نہایت اچھی طرح سے اس کام کو کر سکتی ہیں ہماری یکصد روپیہ کی گانٹھیں جن میں کئی قسم کا مال ہوگا فوراً منگائیں ذاتی ضروریات اور اپنے اہل و عیال کی پوشیدنی کے لئے پچاس روپے کا بنڈل طلب کریں اور معقول نفع اٹھائیں۔ چوتھائی رقم پیشگی ہمراہ آرڈر آنی لازمی ہے عید کا موقع ہے جلد آرڈر دیویں۔

امپیریل ایکسپریس کمپنی۔ بائیکلہ بمبئی ۸

خالص کیسٹر آئیل

سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اسکے حق میں رائے دی ہے بچے اسے مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mafg: Co (India) Post Box 88 Karachi

وسیلہ نجات

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین ذیل کے مسئلہ میں زید اور عمر کے والد مسمی بکر نے اپنی حالت حیات میں زید کی لڑکی مسماۃ ہندہ نابالغہ کا عمر کے لڑکے مسمی خالد نابالغ کو رو برو زید اور عمر کے نکاح میں دے دیا ہے ... اور اس شخص کا یعنی قاضی کا یا دو شخص جو ہوئے تمام حالات پر کیا حکم ہے۔ اور لڑکی کے باپ کا کیا حکم ہے۔ شرع شریف ... بیان کیجئے۔

الجواب

صورت مسئولہ میں زید اور عمر دونوں بھائیوں نے اپنے باپ کی زندگی میں بحیثیت نابالغ لڑکے اور لڑکی کا نکاح کر دیا ... اب زید کو اپنی لڑکی کے دوسری جگہ نکاح کرنے کا حق حاصل نہیں۔ اگر زید نے کسی دوسری جگہ غلطی سے نکاح کر بھی دیا تو وہ نکاح ناجائز اور باطل ہوگا۔ فقط واللہ اعلم

کتبہ بندہ محمد یوسف عفی عنہ

مدرسہ امینیہ دہلی

الجواب صحیح: حبیب المرسلین عفی عنہ

استفتاء

الجواب

الجواب

الجواب صحیح

مدرسہ امینیہ دہلی

شملہ میں وائسرائے اور گورنروں کی کانفرنس کا انعقاد

سول نافرمانی۔ دہشت انگیزی اور آرڈیننسوں کے بعد طریق کار پر بحث

بنگال میں ہولناک طوفان باد

متعدد اشخاص کی ہلاکت اور مختلف مقامات کی تباہی

کلکتہ ۹ مئی۔ آج بنگال کے مختلف مقامات سے طوفان کی تباہ کاریوں کے متعلق اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ میمن سنگھ، کھلنا، فرید پور، بنگیلی اور جمال پور میں زبردست طوفان آیا۔ میمن سنگھ میں ڈسٹرکٹ جیل کی چہار دیواری گر جانے کی وجہ سے کئی ہلاک اور کئی مجروح ہو گئے۔ ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو سکا ہے۔ ۔۔۔ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ سکانات بید نشینوں اور فصلوں کا بہت نقصان ہوا ہے۔

ایک بدیشی پارچہ فروش پر ہتھوڑوں سے حملہ

غیر ملکی پارچہ کی تجارت بند کرنے کا مطالبہ

سرحدی کونسل میں ہندوؤں کی ملازمتوں کا مسئلہ

ہندو ممبر کی طرف سے سوالات

مسجد اور مندر فساد کی جڑ ہیں!

بغیر لائسنس کے کوئی عبادت گاہ تعمیر نہ ہو

بمبئی کارپوریشن میں زبردست مباحثہ

بھائی پرمانند کی شرر باری

ہندو مسلم فساد کا باعث تحریک خلافت ہے!

گجرات سبھا کے ۳۴ ہزار روپیہ کی ضبطی کا معاملہ

صدر پراونشل کمیٹی کا مکتوب

تمام کانگریسی کارکن گرفتار کر لئے گئے

پولیٹیکل سکرٹری دربار ریوا کا بیان

کلکتہ میں محرم کے لئے پیشبندیاں

پانچ مسلمانوں سے نیک چلنی کے مچلکے

احمد آباد میں ایک اسٹریکس کو آگ لگادی گئی

لیٹر بکس ہی اڑا دیا گیا

پارسل میں ریوالور

یوپی میں ڈھائی ہزار قیدیوں کی رہائی

کلکتہ میں پولیس نے گولی چلادی

ایک ہلاک اور دو مجروح

ایران میں ٹیگور کی عزت افزائی

حکومت کی طرف سے تمغہ اور شاہی فرمان کا عطیہ

ناگپور میں محرم کے سلسلہ میں انتظامات

مشتبہ لوگوں سے ضمانتیں اور مچلکے

دارالحکومت

دہلی میں ساردا ایکٹ کے ماتحت مقدمہ

مولانا ابوالکلام آزاد کی رہائی

روزنامہ قومی گزٹ دہلی

دہلی کی خلافت کمیٹی کے سکرٹری کا سکوت

مجلس انتخابات کا اہم فیصلہ

مجلس ادب کا جلسہ

حکومت حجاز اور افغانستان کے معاہدہ پر دستخط ہو گئے

امیر فیصل فرزند سلطان ابن سعود کا لندن میں ورود

مرکزی اور صوبجاتی خود مختاری ایک ساتھ دی جائے

آرڈیننسوں کی موجودگی میں اصلاحات فضول ہیں

لندن کے اخبارات کے تبصرے

سیاسی قیدیوں کو فوراً رہا کر دو

سول نافرمانی اور پکٹنگ کا مقابلہ کرو

کانگریس پر الزامات کی فہرست

لبرل جماعت کے قائد سر سپرو کی تقریر

وزیر ہند، حکومت ہند اور صوبجاتی گورنروں میں مشورہ

آرڈیننسوں کے متعلق دارالعوام میں سوال و جواب

صدر جمہوریہ فرانس گولیوں سے ہلاک ہو گئے

پیرس میں ماتم بین الاقوامی اظہار افسوس

کیا قاتل پاگل تھا؟

آرڈیننسوں پر بحث

پارلیمنٹ میں سوال و جواب

چین میں ایک سیاسی مذہب کا ظہور

کاغذی گھوڑوں سے جنگ برپا کرنے کی کوشش

چین اور جاپان پھر میدان میں

پنجاب کا مشہور ڈاکو گولی سے اڑا دیا گیا

گرفتار کرنے والے سپاہی کا قتل

پرنٹر پبلیشر روزنامہ "اکالی" کی گرفتاری

صوبہ بہار میں ۱۴ ہزار اشخاص کی گرفتاری

"مہذب" امریکہ میں عدل و انصاف کا جنازہ

حبشیوں کے گورے قاتلوں کو سزا میں بچالی گئی

لارڈ لوتھین کیلئے نائب وزیر ہند کا عہدہ

گاندھی جی سے ملاقات

ایک رکن پارلیمنٹ کو اجازت نہیں دی گئی

کراچی سے نکل جانے کا حکم

ایک پنجابی خاتون کے خلاف نوٹس

مولانا شوکت علی کا سفر افغانستان

بیگم صاحبہ کی ہمراہی

لارڈ لوتھین کو دعوت

کانگریس بلیٹن تقسیم کیا گیا

کانپور میں فرقہ وارانہ فساد ہوتے ہوتے رہ گیا

پشاور کے تین لیٹر بکسوں میں تیزاب

ہندوستانی منڈیوں پر جاپان کا قبضہ

۷۵ ہزار کپڑوں کی گانٹھوں کی آمد

بمبئی اور احمد آباد کے کارخانوں میں ہلچل

ایڈیٹر پنجاب کیسری کے مقدمہ کا فیصلہ

۸ ماہ قید سخت کی سزا

سری نگر میں ہندو ڈکٹیٹروں کی گرفتاری

سادھوؤں کا ریاست سے اخراج

کانپور میں کانگریس بلیٹن پر قبضہ

وفاق کے قیام کے بعد حکومت کو سات کروڑ کا خسارہ

وفاقی مالیات کی رپورٹ شائع ہو گئی

بنگال، بہار اور اڑیسہ کو کروڑوں کا خسارہ

شملہ ۵ مئی۔ وفاقی مالیات کی تحقیقاتی کمیٹی (وفیڈرل فائنینس کمیٹی) کی رپورٹ شائع کر دی گئی ہے ...

	آمد (لاکھوں میں)		خرچ (لاکھوں میں)	
محاصل			**قرضہ جات**	
خرچ	۹۸		سود ملکی	۱۱۲۵
اصل آمد	۵۰۳۰	۵۰۳۰	ٹیکس کاٹا	۷۵
نمک	۷۷۰		تارو ڈاک کچھ نہیں	
خرچ	۱۱۵		فوجی خرچ	۴۰۰
اصلی آمد	۵۵۵	۵۵۵		
افیون	۸۰		شہری نظم و نسق	۷۸۵
تیاری صرف	۳۰		پنشن	۲۶۵
کل آمدنی	۵۰	۵۰	صوبہ سرحد کو امداد	۱۰۰
ریلوے			شہری کام	۱۶۰
کل آمدنی		۵۰		
سکہ جات ٹکسال		۸۰		
مختلف			جیف کمشنروں کے صوبہ جات	۲۸۶
معمولی	۱۹۶		**اور مرکزی اخراجات**	
دستکاری	۱۹۶			
کل	۱۹۶	۱۹۶	کل خرچ	۱۰۵۵
ریاستوں کا خراج				
خرچ	۸۰			
کل آمدنی				
مجموعی آمدنی	۸۲۶۰		مجموعی خرچ	۸۰۱۰
بقایا			۲۵۰	

صوبجاتی مالیات کے تخمینہ میں کمیٹی نے اندازہ لگایا ہے کہ صوبہ جات متحدہ کو ۲۵ لاکھ اور صوبہ پنجاب کو ۵۰ لاکھ روپیہ کی بچت ہوگی لیکن مدراس کو ۳۰ لاکھ بمبئی کو ۲۵ لاکھ بنگال کو ... بہار اڑیسہ کو ... آسام کو ... خسارہ ہوگا ...

فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کا اعلان کیا جائے

راجا سوامی آئر اور جیکر کا بیان

شملہ ۵ مئی۔ گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی کے اجلاس کی نسبت ... سر سی۔ پی۔ راما سوامی آئر اور مسٹر ایم۔ آر۔ جیکر ممبران کمیٹی نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ کو ایک بیان دیتے ہوئے کہا کہ وفاقی، ڈیڈ رلیشن، مسئلہ کے متعلق ... بحث کے لئے ...

بارہ کروڑ ہندوستانی فاقہ کر رہے ہیں

مسلمانوں کو سودیشی کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے

لفٹنٹ کی موٹر سے ایک ہندوستانی لڑکی کی ہلاکت

پونہ ۵ مئی۔ لفٹنٹ ... کی موٹر سے ایک ہندوستانی لڑکی ہلاک ہو گئی ...

پنٹ بہرا پن کا شرطیہ علاج

کان بہنے، کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے، بھینی، ناسور، گیرے بڑھ جانے، ہر طرح کی آوازیں ہونے، پردوں کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک عجیب و اکسیر ہے ...

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ ... محصول ڈاک و پیکنگ معاف

ہمادری سرمہ

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

مولانا ابوالکلام صاحب آزاد کی معرکتہ الآرا تصنیف

مسلمانوں کی قومی زندگی و سعادت کا سرچشمہ

اگر قرآن حکیم کی تعلیم حق ہے تو آج بھی اسی سرچشمہ سے ہم زندگی و سعادت حاصل کر سکتے ہیں ... مولانا ابوالکلام آزاد کی تفسیر قرآن ... ترجمان القرآن ...

سورۂ فاتحہ کی تفسیر ... قرآن کا علم کلام ...

ترجمہ اور تفسیری نوٹوں کی نسبت ...

سورتوں کے مطالب کی مفصل فہرست ...

منیجر ترجمان قرآن نمبر ۱۰ دریا گنج دہلی

اب کے محرم میں کیا ہوگا؟

... اسلامی معاشرت ...

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

مرقع علم و فن کا آئینہ ہیں ... تجارت کا ...

دو صد روپے ماہوار کمانے کا واحد ذریعہ

ہمارے ہر فن مولا مقبول عام ماہوار باتصویر رسالہ

دلربا

... سالانہ چندہ ... نمونہ چار آنے کے ٹکٹ بھیج کر منگالیں۔

منیجر رسالہ دلربا پریم گلی لاہور

حلفیہ بیان

...

ضرغام اللہ خاں ... اوپندی شاہ نظر

قومی خیالات کا ترجمان اور قومی مفاد کا علمبردار

اخبار قومی گزٹ دہلی

ایک روزانہ اخبار ہے جو ہندوستان کے دارالحکومت دہلی سے شائع ہوتا ہے

لیکن جدید انتظامات کی ترقی کے بعد

... قومی گزٹ کے اشتہار ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں ...

المشتہر منیجر قومی گزٹ گلی قاسم جان دہلی

فینسی کٹ پیس کی گانٹھ

مبلغ پچیس روپیہ میں

ہم نے کپڑے کی گانٹھ وزنی دس پونڈ کی تیار کی ہے جس میں تمام کٹ پیس بالکل تازہ وائل، چھینٹ، مخمل، دسماچہ، پاپلین، ظفر ریشمی کٹ پیس وغیرہ وغیرہ اگر آپ اس کی تجارت کرنا چاہتے ہیں تو پہلے نمونہ کی گانٹھ منگا کر دیکھیں بڑا آرڈر دیں اس گانٹھ میں تمام کٹ پیس کار آمد ہوں گے قیمت صرف پچیس روپیہ علاوہ پیکنگ وغیرہ کے۔

نوٹ: ضروری آرڈر کے ہمراہ مبلغ پانچ روپے پیشگی آنے بالکل ضروری ہیں بغیر پیشگی مال روانہ نہیں ہوگا

منیجر دی فٹ کوٹ کمپنی کٹ پیس مرچنٹ ... کراچی

ایک مہینہ میں انگریزی آجائے گی

...

پتہ: مشہور بک ایجنسی کلاں محل دہلی

میرے یہاں چند نادر الوجود کتب

فروخت طلب ہیں

...

محمد حمید ... حیدرآباد دکن

جمعیۃ علماء صوبہ سرحد کا جلسہ

شریعت کمیٹیاں قائم کرنے کیلئے وفود کی روانگی

ہری پور (ہزارہ) ... جمعیۃ علماء میرہ و بائیزئی ...

انتقال پُرملال

جانوروں کی پشت پر کلمات طیبات

کلکتہ مجلس احرار کی ڈکٹیٹرشپ سے علیحدگی

یونیورسٹی کے شعبہ جغرافیہ میں نمایاں ترقی

بالشویکوں کے خلاف جرمن کی سرگرمیاں

الحاد پسند انجمنوں کو توڑ دیا گیا

پارلیمنٹ میں آرڈیننسوں کی تنسیخ کیلئے تحریک

کانگریس بلیٹن کی اشاعت کے مرکز پر حملہ

بارہ اشخاص گرفتار

شاہ نادر خاں کے تحائف ہضم

دارالعوام میں حلف وفاداری کی تنسیخ پر شور

جوتش کا چمتکار

جوتش کے ذریعہ بند لفافہ کا جواب

... پنڈت جوتش کاریالہ لاہور

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کر دیا ...

منیجر ... پرشاد گپتا بہار سیڈیکل اسٹور، دربھنگہ

سید حسین نگروی مونگیری کی تلاش

... فضل الرحمن ... مونگیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان اللہ ہو الرزاق ذو القوۃ المتین

... المشتہر حاجی علی جان تاجر دہلی نئی سڑک متصل گھنٹہ گھر

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

...

معجون مدد گار غدود

... نظام المشائخ ... دہلی

اعلان

طبیہ کالج دہلی

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

مقویات سراج عالم

آتشک ... سوزاک ... احتلام ...

ویشنا ستری جام نگر کاٹھیاواڑ

کٹ پیس پارچہ بزازی

کی پُر منافع تجارت

...

امپیریل ایکسپریس کمپنی نائیکلہ بمبئی ۸

محبوب عاشق کے قدموں میں

...

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ...
ششماہی ... ...
سہ ماہی ... ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ...
ششماہی ... ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

اجرت اشتہارات
ایک کالم (۱) ... عــــ
½ کالم (۱) ... عــــ
¼ کالم (۱) ... عــــ

جلد ۱۵	دہلی ۔ یوم دوشنبہ ۹ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۶ مئی ۱۹۳۲ء	نمبر ۳۵

معاصرین کے افکار و آراء

جمعیۃ علمائے سرحد کے مطالبات (مدینہ)

صوبہ سرحد ایک اسلامی صوبہ ہے۔ اس کے باشندوں کی قومی اکثریت پختہ کار مسلمان پر مشتمل ہے۔ یہاں کے اصول حیات اور معاشی بود و باش کے طریقے، تمام تر اسلامی تہذیب پر مبنی ہیں۔ سرحدی افغانوں کی فطرت اپنی تمام خصوصیات میں شریعت اسلامیہ کی رہین منت ہے۔ اس صوبہ کے باشندوں کی طرف سے جمعیۃ علمائے صوبہ سرحد نے جدید اصلاحات کے سلسلہ میں حکومت سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ یہاں محاکم شرعیہ قائم کئے جائیں۔ اسلامی قوانین کا نفاذ کیا جائے ... [illegible] ... ہمارے جو اصول اسلامی شریعت کے مطابق ہوں۔ ہمیں اچھی طرح یاد ہے کہ جمعیۃ علمائے ہند کے مطالبات سیاسی میں بھی ان امور کو اہمیت کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ دوسری گول میز کانفرنس سے پیشتر جمعیۃ علماء کے ممتاز اراکین نے مہاتما گاندھی سے مل کر دستور کے سلسلہ میں ان امور کو ان کے گوش گزار کر دیا تھا۔ تم پر ہم مسلم کانفرنس لکھنؤ میں بھی ہمارے نمائندوں نے جمعیۃ کے مقاصد کی تائید کے سلسلہ میں ایک تجویز کی صورت میں شرعی محاکم کو پیش کرنے کی کوشش کی تھی۔ مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب نے بھی مہاتما گاندھی کو ایک مراسلہ خصوصی کے ذریعہ سے ان امور سے آگاہ کیا تھا جن کی بنا پر جمعیۃ سیاسی جد و جہد میں حصہ لے رہی ہے۔ ان تمام واقعات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جمعیۃ علماء کی قربانیوں اور سیاسی سرگرمیوں کی اساس بنیاد یہ آزادی کے علاوہ اسلامی قوانین کے نفاذ کی ضرورت اور اہمیت پر بھی ہے۔

صوبہ سرحد کی جمعیۃ علماء نے اپنے اس جدید اقدام سے مرکزی جمعیۃ کے بنیادی مقاصد کی ترجمانی کا فرض ادا کیا ہے۔ جمعیۃ نے شریعت کمیٹی کے نام سے ایک کارکن مجلس بھی قائم کی ہے اور اس کی سرگرمی میں صوبہ کے مختلف حصوں میں یوم شریعت کو کامیابی سے منایا گیا ہے۔ یہ تحریک روز بروز تقویت حاصل کر رہی ہے اور ہمیں یقین ہے کہ اگر آج نہیں تو کل حکومت کے ارکان اس سے ضرور متاثر ہوں گے۔ صوبہ سرحد کے علماء نے گزشتہ سیاسی جد و جہد میں جس شاندار طریقے سے حصہ لیا ہے وہ اس امر کا ثبوت بہم پہنچانے کے لئے کافی ہے کہ یہاں کے علماء میں اپنے حقوق کے حصول کے لئے عملی جد و جہد کا سلیقہ موجود ہے اور اگر انہوں نے پختہ عزم اور پرجوش عمل کے ساتھ اپنی تحریک کو جاری رکھا تو کسی نہ کسی حد تک ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ افسوس ہے کہ حکومت اپنے قوانین کی اصول سے زیادہ رواج اور اپنے وقار کا خیال رکھتی ہے اور اسی طرح اس امر کا اظہار کرتی ہے کہ اس میں جہلاء کا مقابلہ کرنے کیلئے کافی علماء موجود نہیں۔ سرحد میں ابھی حکومت کے سامنے یہی چیز در پیش ہے۔ اگر حکومت اسلامی قوانین کے نفاذ کو منظور کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو اس کو مسئلہ وراثت اور دوسرے مسائل میں رواجی پابندیوں کو اڑا دینا پڑے گا اور اس طرح ایک خود غرض اور سیاسیات حاضرہ سے بے بہرہ جماعت برہم ہو جائے گی۔ اس کے باوجود حکومت کو متاثر کرنا جمعیۃ علمائے صوبہ کا ایک جائز حق ہے اور ہمیں امید ہے کہ وہ اس میں کوتاہی نہیں کرے گی۔ ہمیں حکومت ہند پر بھی یہ ظاہر کر دینا ضروری ہے کہ اگر دستور عمومی کے بارے میں جمعیۃ علماء کا نظریہ قابل قبول نہیں ہے تو دستور سرحد کے سلسلے میں اس سے استغناء نہیں کیا جا سکتا۔

"حج اور قانون" (زمانہ)

اسلام کی پہلی تعلیم آزادی ہے وہ اپنے پیروں کو ہیچ اور کامل آزادی کا درس دیتا ہے خصوصاً فرائض و ارکان اسلام کی ادائیگی میں شریعت اسلام کی پابندی کو روا نہیں رکھتی۔ رہبر "حج بیت اللہ" تو فرض ہونے کے سوا ایک عاشقانہ ذوقی عبودیت بھی ہے۔ اگر ذی استطاعت ہونے کی شرط نہ ہوتی تو خدا جانے کتنے قافلے جذبہ جبیں سائی میں اس آستان اقدس و اعلیٰ کی طرف ہر سال روانہ ہوتے اور کتنی جانیں خدا کی راہ میں ہر سال نثار ہو جایا کرتیں۔ اس ہفتے ہمارے پاس حکومت ہند کی طرف سے تین مسودات قانون پہنچے ہیں جو جمعیۃ مقننہ میں پیش ہو کر مجلس انتخابیہ کے سپرد کر دئے گئے ہیں (۱) بحری تجارت کا مسودہ قانون (۲) ساحلی حج کمیٹی کا مسودہ قانون (۳) زائرین حجاز (معلمین) کا مسودہ قانون۔ ان مسودات ...

کے مطالعہ سے واضح ہو جاتا ہے کہ گویہ مجوزہ قانون زائرین بیت اللہ کی آسانی کے لئے نافذ ہونے والا ہے تاہم آزادی اسلام کی راہ میں ایک ایسی ٹھوکر ہے جسے کوئی مسلمان بہ طیب خاطر برداشت نہیں کر سکتا۔ بادی النظر میں حکومت کی طرف سے مذہب میں مداخلت کا یہ ایک جدید اقدام معلوم ہوتا ہے جس کی تائید کے لئے ہم کسی طرح تیار نہیں۔ حج بیت اللہ کے تمام ارکان حجاز میں ادا ہوتے ہیں۔ اگر زائرین کے لئے کوئی قانون بنایا جا سکتا ہے تو سلطنت حجاز ہی اسے بنا سکتی ہے اور نافذ کر سکتی ہے۔ حکومت ہند کی دی ہوئی ... کی سفارشات برائے مسلمانوں کے ساتھ ... ہم صاف الفاظ میں یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ جہاں تک زیارت بیت اللہ کا تعلق ہے مسلمانوں کے لئے کوئی نیا قانون اور قاعدہ بنانے کی ضرورت نہیں۔ معلمین پر قیود عائد کرنے کی ضرورت ہے۔ اس لئے کہ جو قیود آج معلمین پر عائد کی جا رہی ہیں ممکن ہے کہ وہی قیود کل زائرین پر بھی عائد کرنی پڑیں۔

"حج" ایک فریضہ ہے جسے باوجود استطاعت ادا نہ کرنے سے کوئی مسلمان مسلمان نہیں ... مسودہ "حج" کے راستے میں قانونی مشکلات پیدا کرنا مسلمانوں کو گوارا نہیں ہو سکتا۔ ان مسودات کو مسلمانوں میں بے چینی پھیلنے سے پہلے روک دینا ہی مناسب ہے۔

راہبر کی فکر ہے حج دور کی منزل نہیں
تم جسے مشکل سمجھتے ہو مجھے مشکل نہیں

آرڈیننسوں کا مسئلہ (اودھ اخبار)

کانگریس کی تحریک سول نافرمانی کے سلسلہ میں جو متعدد آرڈیننس نافذ کئے گئے تھے ان کی میعاد تقریباً ڈیڑھ ماہ میں ختم ہو جائے گی اور صوبجات متحدہ میں عدم ادائیگی لگان کا جو آرڈیننس جاری کیا گیا تھا اس کی مدت تو غالباً اس سے پہلے ہی ختم ہو جائیگی چنانچہ اس وقت حکومت کے سامنے یہ مسئلہ موجب غور و فکر بنا ہوا ہے کہ آیا ان آرڈیننسوں کے اختتام پر انہیں دوبارہ نافذ کیا جائے یا ان کی جگہ مخصوص قوانین مجالس قانون ساز سے منظور کرائے جائیں یا ان دونوں صورتوں میں سے کوئی صورت بھی اختیار نہ کی جائے اور عام قوانین ہی کے ذریعہ سے نظم و نسق کا کام چلایا جائے۔ جہاں تک معلوم ہو سکا ہے تیسری صورت کے اختیار کئے جانے کی کوئی توقع نہیں اور سرکاری حلقوں میں اول الذکر دونوں صورتوں میں سے کسی صورت کے اختیار کئے جانے کے متعلق باہمی مشورے ہو رہے ہیں۔

لیکن کیا یہ سوال نہیں کیا جا سکتا کہ جب وزیر ہند یہ فرماتے ہیں کہ ہندوستان کی صورت حال اس وقت بہت اچھی ہے اور یہ بھی ارشاد فرما چکے ہیں کہ آرڈیننسوں کو ضرورت سے ایک لمحہ بھی زیادہ عرصہ تک جاری نہیں رکھا جائے گا تو پھر آرڈیننس کے دوبارہ اجراء یا مخصوص قوانین کی ترتیب کا سوال کیسا؟ صورت حال جب بہتر ہے تو پھر معمولی قوانین سے کیوں نہیں کام لیا جاتا۔

ایک عبرتناک مثال (طاقت)

حال ہی میں مسٹر فضل الحق صاحب سابق وزیر بنگال نے ایک مکتوب اخبار اسٹیٹسمین میں شائع کرایا ہے جس میں انہوں نے سب سے پہلے تو یہ بتایا ہے کہ ان کی ساری عمر کیونکر "وفاداری" میں گزری اور اس کے بعد انہوں نے اپنے اس ہائیت تلخ تجربہ پر روشنی ڈالی ہے جو ان کو کلکتہ کارپوریشن کے انتخاب میئری کے سلسلہ میں ہوا۔ اس انتخاب میں تین امیدوار کھڑے ہوئے تھے۔ دو تو کانگریسی ہندو تھے اور ایک مسٹر فضل الحق خود تھے مگر یورپین اراکین کی ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ انہوں نے اپنے تقریباً تمام ووٹ مسٹر فضل الحق کے مقابلہ میں ایک کانگریسی ہندو امیدوار کو دے دئے۔ ہم مسلمانوں سے پوچھتے ہیں کہ کیا اس مثال سے یہ حقیقت واضح نہیں ہوتی کہ ہر میدان میں صرف وہ قوم اور اس قوم کے افراد کامیاب ہوا کرتے ہیں جو اپنی طاقت کو منوانے کا جذبہ رکھتے ہوں۔ اور خاہر ہے کہ اس زمانہ میں حق اور ناحق کو کوئی نہیں پوچھتا۔ بلکہ زیادہ تر اس بات کو دیکھا جاتا ہے کہ کون کتنا طاقتور ہے اور جو جس قدر طاقتور ہوتا ہے اتنا ہی وہ اپنا احترام کرا لیتا ہے۔ بہرحال مسٹر فضل الحق کے ساتھ کلکتہ کارپوریشن کے یورپین اراکین کا رویہ مسلمانوں کے لئے ایک عبرتناک مثال ہے۔ کاش ہمارے خوش فہم مسلمان بھائی اب بھی سمجھیں اور محسوس کریں کہ جب تک وہ اپنے اندر اتحاد و عمل کی اور ایثار کی طاقت نہیں پیدا کریں گے اس طاقت کا ثبوت نہیں دیں گے اس وقت تک ان کا نہ انفرادی حیثیت سے کوئی احترام کیا جائے گا نہ اجتماعی حیثیت سے۔

ماہ محرم اور اس کی بدعتیں

عاشورہ کے روز مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیئے؟

محرم کا مہینہ وہ مہینہ ہے جس کی فضیلت احادیث اور آثار سے ثابت ہے سیدہ عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں کہ رمضان کی فرضیت سے پیشتر عاشورہ کا روزہ فرض تھا اگر جب رمضان شریف کے روزے فرض ہوئے تو اس کی فرضیت جاتی رہی اب جو چاہے عاشورہ کا روزہ رکھے جو چاہے نہ رکھے۔ مدینہ منورہ کے یہودیوں سے حضور نے دریافت کیا کہ آج کا روزہ کیسا اور یہ خوشی کیسی ہے؟ انہوں نے کہا کہ آج کا دن نیک ہے آج اللہ نے موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو دشمنوں سے نجات دی۔ موسیٰ علیہ السلام نے شکر میں یہ روزہ رکھا تھا ہم بھی ان کی اتباع کرتے ہیں۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام سے زیادہ میں حقدار ہوں کہ عاشورہ کے روز روزہ رکھوں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کی صبح کو انصاریوں کے گاؤں میں کہلا بھیجا کہ جس نے کھانا نہ کھایا ہو وہ روزہ رکھے اور جس نے کھا لیا ہو وہ اب کچھ نہ کھائے۔ ہم اس ارشاد کے مطابق عاشورہ کا روزہ رکھتے اور اپنے بچوں سے بھی رکھواتے ہیں۔

ابو قتادہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ یوم عاشورہ کے روزے سال گزشتہ کا کفارہ ہیں۔ مجھے خدا کی ذات سے ایسی ہی امید ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ آنحضرت نے عاشورہ کے دن روزہ رکھا اور دوسروں کو روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ لوگوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! یہ وہ دن ہے جس کی تعظیم یہود کیا کرتے ہیں آپ نے ارشاد فرمایا کہ آئندہ سال اگر میں زندہ رہا تو انشاء اللہ میں نویں محرم کو روزہ رکھوں گا۔ مگر آپ آئندہ سال آنے سے پیشتر ملاء اعلیٰ سے جا ملے۔

ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رمضان شریف کے بعد سب سے افضل ماہ محرم کے روزے ہیں اور فرض نماز کے بعد افضل نماز تہجد کی نماز ہے۔ حضرت علی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ محرم کے مہینہ میں ایک دن ایسا ہے جس میں ایک قوم کی توبہ قبول ہوئی اور اس دن اوروں کی توبہ بھی قبول ہوگی۔

حضرت عباس روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عاشورہ کے دن روزہ رکھو ایک دن قبل اور ایک دن بعد تاکہ یہود کی مخالفت ہو۔

محرم کی افسوسناک بدعتیں

مسلمانوں میں جہالت اور مشرک قوموں سے اختلاط کے باعث جو مشرکانہ رسوم داخل ہو گئی ہیں ان میں سب سے زیادہ وہ ہیں جو ماہ محرم میں اسلام کا نام لے کر بجا لائی جاتی ہیں۔ یہ محرم کی بدعتیں ایسی ہیں جن میں تمام مشرکانہ افعال شریک کر لئے گئے ہیں اور جن کو عین اسلام کی تعلیم تصور کر لیا گیا ہے حالانکہ ان میں کوئی رسم بھی ایسی نہیں ہے جو اسلام کے نزدیک جائز ہو یا صحابہ، تابعین اور آئمہ کرام کے زمانہ میں ان کا وجود پایا گیا ہو۔ لکڑی اور کاغذ کے تعزیئے بنانا۔ براق وعلم بنانا۔ باجے کے ساتھ ان کے جلوس نکالنا۔ سینے پٹینا۔ روٹیاں بانٹنا۔ سبیلیں لگانا وغیرہ یہ سب چیزیں ایسی ہیں جن کا اسلام میں کوئی وجود نہیں اور ان کے ناجائز ہونے پر گزشتہ اور موجودہ علماء اسلام کا ایسا اتفاق ہے کہ شاید کسی اور مسئلہ پر بجز اصول دین کے ایسا اتفاق نہ ہوگا۔

اصلیت کے اعتبار سے اگر ان رسوم کو دیکھا جائے تو صحابہ کرام۔ تابعین اور تبع تابعین کے عہد میں (جن سے زیادہ امام حسین علیہ السلام کی محبت کسی کا مدعا نہیں ہو سکتی) ان کا کوئی وجود نظر نہیں آتا۔ ان کے بعد آئمہ مجتہدین کے زمانہ میں بھی ان کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ اسلام کو تین چار صدیاں ہی جبکہ شریعت اپنے اصلی رنگ میں زندہ تھی۔ ہمیں اس قسم کا ایک واقعہ بھی نہیں ملتا کہ سیدنا امام حسین علیہ السلام کی شہادت کی یادگار میں نالہ و شیون کا کوئی دن مقرر کیا گیا ہو۔ نوحہ خوانی کی مجلسیں قائم کی گئی ہوں۔ ماتمی جلوس نکالے گئے ہوں اور سبیلیں لگا کر ان کو سجایا گیا ہو۔ تاریخ ...

پتہ چلتا ہے کہ سب سے پہلے جس شخص نے عاشورہ کے دن ماتم کی رسم شروع کی وہ وہ شخص تھا جس کی گردن پر بغداد کی جامع مسجد پر صحابہ کرام کے لئے لعنت کے الفاظ لکھوانے کا بار ہے۔ اس سے ہر مسلمان اندازہ لگا سکتا ہے کہ یہ کیسی ناپاک رسم ہے جسے مسلمانوں نے اختیار کر رکھا ہے۔ ہم ان رسموں کے متعلق خود کچھ کہنا نہیں چاہتے بلکہ اس بارے میں ان بزرگوں کے چند فیصلے لکھ دینا ہی کافی سمجھتے ہیں جن کی جلالت قدر، ولایت، زہد و ورع مسلمانوں کے نزدیک مسلم ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی بے نظیر کتاب غنیۃ الطالبین میں فرماتے ہیں:۔

"ایک گروہ نے عاشورہ کے روزے اور اس دن کی بزرگی سے انکار کیا ہے اور دعویٰ کیا ہے کہ حسین علیہ السلام کے قتل کے باعث اس دن کا روزہ رکھنا ناجائز ہے۔ اس دن تو تمام مسلمانوں کو عام ماتم کرنا چاہئے اور یہ رسم اسی طرح مسلمان حسین علیہ السلام کے حق کو ادا نہیں کر سکتے۔

حضرت امام فرماتے ہیں کہ جو شخص یوم عاشورہ کے متعلق ایسا کہتا ہے وہ خطا پر ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جگر گوشہ کی شہادت کے لئے دنیا کے تمام دنوں میں وہ دن مقرر کیا ہے جو اس کے نزدیک سب سے زیادہ اشرف، اعظم، اجل اور ارفع ہے تاکہ ان کے درجات کو اور زیادہ بلند کرے۔ اگر ان کی شہادت کے دن کو ماتم کا دن بنانا ہوتا تو پیر کا دن اس کا زیادہ مستحق تھا جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی معصوم اور حضرت ابوبکر صدیق کی روح قبض کی۔" (صفحہ ۳۸ جلد ۲)

اسی طرح امام المحدثین حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی اپنی کتاب سفر السعادۃ میں فرماتے ہیں کہ

"اہل سنت کا دستور یہ ہونا چاہئے کہ عاشورہ کے دن فرقہ رافضیہ کی نکالی ہوئی بدعتوں (مرثیہ، ماتم و نوحہ وغیرہ) سے احتیاط کریں کیونکہ یہ کام مومنوں کے نہیں ہیں ورنہ اگر یہ فعال جائز ہوتے تو اس غم و الم کا سب سے زیادہ حقدار پیغمبر اسلام کا یوم وفات تھا۔"

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا فتویٰ بھی ملاحظہ ہو۔ فرماتے ہیں کہ "دس محرم میں تعزیہ داری اور تصویر وغیرہ بنانا جائز نہیں ہے کیونکہ تعزیہ داری سے مراد یہ ہے کہ زینت اور ترک کیا جائے اور رنجیدہ صورت بنائی جائے حالانکہ مرنے کیلئے شریعت میں ایسی کوئی صورت کہیں سے ثابت نہیں ہوتی۔ تعزیہ داری بدعت ہے اور تصویر قبور و علم وغیرہ نکالنا بھی بدعت ہے اور بدعت نکالنے والے کے متعلق حکم ہے کہ اس کی بدعت اسے ہمیشہ خدا وندی میں گرفتار رکھتی ہے اور اس کی کوئی عبادت مقبول نہیں ہوتی۔ حدیث میں آیا ہے کہ من احدث فی امرنا ھذا ما لیس منہ فھو رد۔ یعنی جس نے ہمارے دین میں کوئی ایسی بات نکالی جو اس میں موجود نہیں ہے تو وہ بات مردود ہے۔ دوسری حدیث میں وارد ہے کہ من احدث حدثا او اوی محدثا فعلیہ لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس اجمعین لا یقبل اللہ منہ صرفا ولا عدلا۔ یعنی جس نے دین میں کوئی نئی بات نکالی یا ایسی بات نکالنے والے کو پناہ دی اس پر اللہ، ملائکہ اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔ اللہ نہ اس کے کسی فرض کو قبول فرمائے گا نہ نفل کو۔" (فتاویٰ عزیزی)

علماء محققین کی ان تصریحات سے معلوم ہوا کہ آج کل محرم کے مہینہ میں مسلمانوں کے اندر جو بدعات اور فضول رسمیں جاری ہیں ان کی اصل نہ شریعت میں ملتی ہے اور نہ عہد اول میں اس کی کوئی مثال پائی جاتی ہے۔ یہ صرف ان مسلمانوں کی ایجاد و اختراع ہے جو جاہل ہونے کے ساتھ ساتھ مشرکوں سے اختلاط رکھتے تھے۔

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین، لنگی، رومال (پشاوری، مشہدی، یزدی) کلاہ، پیشکے، چپلیاں، نسوار، سرکہ انگوری، چار سبز، اصلی مرہ، خشک میوے اور نایاب مفرد دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمایئے۔ مؤخر الذکر چیزوں کے نمونوں کے واسطے چار آنے کے ٹکٹ روانہ کیجئے۔ منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد عورت۔ بچے۔ بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
Castophene Manufacturing Co: (India) P. Box 88 Karachi.

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام اطباء کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دارومدار معدہ پر موقوف ہے اور "نمک جالینوس" جو دواخانہ ہذا کی خاص چیز ہے تمام معدہ کا واحد علاج ہے جو معمولی درد شکم سے لے کر تو لنج تک کو مفید ہے ایک شیشی مہینوں کو کافی ہوتی ہے۔ قیمت فی شیشی صرف ... محصولڈاک بذمہ خریدار مجرب ادویات کی فہرست مع جنتری ... مفت منگائیے۔

المشتہر
منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

اکسیر جذام

یہ دوا ... خاص فائدہ عام کے ... اس موذی مرض میں مبتلا ہو گئے ... چار ہفتہ میں صحت کلی ہو جاتی ہے ... سوکھنے لگ جاتا ہے قیمت دوا ایک ... کے لئے چار روپیہ ...

بواسیر و ذیابیطس

... رجسٹری ... وی۔ پی طلب فرمائیے

حافظ اقبال حسین بھیٹیا ہی بھاگلپور

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث صحیح ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عــہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عــہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک نیا نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آج کل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے وہ دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عـہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بہترین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ عــہ مجلد چرم نقرہ ۸/ علاوہ محصولڈاک

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ ... قسم دوم حاشیہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) **کی تلاوت کرنے کا**
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے ترجمہ اور تفسیر کی خوبیوں کو بہت پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا۔ صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے ... علاوہ محصولڈاک

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۹ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ ہجری

حج کمیٹیوں کے متعلق جدید مسودۂ قانون

شدید احتجاج کی ضرورت

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ ۱۹۲۹ء میں اراکین جمعیۃ مقننہ کی ایک تحقیقاتی کمیٹی اس غرض کے لئے مقرر کی گئی تھی کہ کلکتہ، بمبئی اور کراچی کے بندرگاہوں میں حجاج کے لئے آسانیاں بہم پہنچانے اور معلمین حجاج اور حج کمیٹیوں کے اختیارات و فرائض متعین کرنے اور ...

استعمال کرسکے کمیٹی کا کورم آٹھ اراکین پر مشتمل ہو۔ اگرچہ سفارشات طویل ہیں مگر ہم نے ان سفارشات میں سے ان چند امور کا خلاصہ نکال لیا ہے جن کا تعلق حج کمیٹی کی مجموعی حیثیت سے ہے۔ اراکین کا ...

احادیث نبوی

[از حضرت مولانا الحاج الحافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند (اسیر فرنگ)]

قبروں کا احترام ماتم۔ نوحہ۔ سوگ اور ٹوٹکہ

جو کسی میت پر ماتم کرے، اپنے منہ کو پیٹے، گریبان کو پھاڑے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (بخاری۔ مسلم)

ابوموسیٰ کی روایت میں ہے۔ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو عورت مردے پر چیخ کر روئے یا ماتم کی وجہ سے سر منڈوائے (یہ زمانۂ جاہلیت کا دستور تھا) یا اپنے کپڑوں کو پھاڑے میں اس سے بری ہوں۔ مراد یہ ہے کہ میرا اس سے کوئی تعلق نہیں (بخاری۔ مسلم)

جو لوگ میت پر روتے ہیں تو میت ان رونے والوں کے باعث عذاب دی جاتی ہے۔ (بخاری) مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی مرنے والا وصیت کر گیا تھا یا وہ مردے پر ماتم کو جائز سمجھتا تھا تو ایسے شخص پر دوسروں کے ماتم کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے۔

تین باتیں کفر کی ہیں (۱) مردے پر چلا کر رونا (۲) گریبان پھاڑنا (۳) کسی کے نسب میں طعن کرنا (ابن حبان۔ حاکم) یعنی اس قسم کی رسوم مراسم کفریہ میں سے ہیں۔

دو آوازیں ملعون ہیں۔ دنیا و آخرت میں دونوں پر ان پر لعنت کا سلسلہ رہتا ہے ایک نعمت کے موقع پر گانے بجانے کی آواز اور دوسرے مصیبت کے وقت چلا کر رونے کی آواز (بزار)

چار باتیں میری امت میں زمانۂ جاہلیت کی ہیں (۱) فخر کرنا حسب و نسب میں (۲) دوسروں کے نسب میں طعن کرنا (۳) بارش کو تاروں کی طرف منسوب کرنا (۴) میت ...

صدر اور ایگزیکیٹو آفیسر

اس کے بعد چیرمین (صدر) اور ایگزیکیٹو آفیسر کا سوال ہے۔ ایک ایسی کمیٹی کا جیسی کہ حج کمیٹی ہونی چاہئے، چیرمین کسی طرح سرکاری نہیں ہوسکتا کیونکہ چیرمین ہی کی پوزیشن پر کمیٹی کی پوزیشن کا دارومدار ہے۔ اس کمیٹی کو چاہئے اندر کافی سرکاری عنصر رکھتی ہے۔ اگر اپنا صدر منتخب کرنے کا بھی اختیار نہیں ہے تو وہ یقیناً ایک مفلوج کمیٹی ہے اور ہم کو آزاد ویا اختیار نہیں کہی جاسکتی۔ تحقیقاتی کمیٹی کے سامنے جو شہادتیں ہوئیں ان میں بھی صدر کے غیرسرکاری اور منتخب شدہ ہونے پر اصرار کیا گیا اور خود کمیٹی نے بھی یہی سفارش کی تھی کردہ منتخب شدہ ہو۔ پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ حکومت نے اس کے تقرر کو اپنے ہاتھ میں کیوں حج کمیٹیوں کو بیکار کردینے کی تجویز کیوں پیش کردی۔ اسی طرح ایگزیکیٹو آفیسر کا معاملہ ہے۔ کیونکہ کمیٹی کے تمام کام کو چلانے والا یہی آفیسر ہوگا۔ اگر اس پر کمیٹی کو اقتدار حاصل نہیں ہے اور اس کے عزل و نصب کا اختیار کمیٹی کے قبضہ میں نہیں رکھا گیا تو اس کے معنی یہ ہیں کہ کمیٹی برائے نام ہے۔ انتخاب صدر کی طرح تحقیقاتی کمیٹی نے یہ بھی سفارش کی تھی کہ ایگزیکیٹو آفیسر کو حج کمیٹی ہی مقرر کرے۔ مگر مسودۂ قانون میں اس سفارش کو بھی ٹھکرا دیا گیا اور ایگزیکیٹو آفیسر کا تقرر بھی کمیٹی کے دائرۂ اختیارات سے باہر نکال دیا گیا۔ اور کمیٹی پر ایسی پابندیاں عائد کردی گئیں کہ اس کی حیثیت بالکل ہی بدل گئی۔

افسوسناک حقیقت

آخر میں ہم نہایت افسوس کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ جس تحقیقاتی کمیٹی پر اتنا طویل وقت اور اتنا کثیر روپیہ صرف ہوا تھا اس کا یہ انجام نہایت تکلیف دہ ہے۔ ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ یہ کمیٹی موجودہ حالات کو اور زیادہ بہتر بنانے اور حاجیوں کے لئے پہلے سے زیادہ مفید نظام قائم کرنے کی تجاویز سوچے گی اور اس کی تحقیقات سے فریضۂ حج کی ادائیگی میں آسانیاں اور سہولتیں پیدا کی جائیں گی اور مسلمانوں کو یہ موقع دیا جائیگا کہ وہ اپنے ایک خالص مذہبی معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لیکر اس کو شرعی طریق پر انجام دیں مگر اب جو کچھ ہمیں نظر آرہا ہے وہ بالکل اس کے برعکس ہے ...

مسودہ قانون کا خلاصہ

صدر جمعیۃ علمائے ہند کی رائے

تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات

انتخاب اور نامزدگیاں

مشورے

محرم کے روزے

بدعت

طیاریاں

حجاج کے متعلق تیسرا مسودۂ قانون

فریضۂ حج کی ادائیگی میں ناقابل برداشت کاوٹیں

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

حجاج کے متعلق جو تین مسودات قانون اسمبلی کے سامنے پیش کئے جاچکے ہیں اور جنہیں اب ایک منتخبہ مجلس کی سپرد کردیا گیا ہے ان میں سے دو مسودات کا ترجمہ ہم شائع کرچکے ہیں اور آج تیسرے مسودۂ قانون کا ابتدائی حصہ پیش کرتے ہیں جو کہ یہ تیسرا مسودۂ قانون خفیف میں ایک دوسرے مستقل قانون کی ترمیم ہے اسلئے اسے بغیر اصل قانون کا مطالعہ کئے ہوئے سمجھنا غیرممکن ہے۔ ہم نے اس لئے ترجمے کے آخر میں چند تشریحی نوٹ لکھ دئے ہیں جن سے قانون کا مقصد با آسانی سمجھا جاسکے گا۔ ان مسودات قانون کے متعلق آج کی اشاعت میں مقالۂ افتتاحیہ بھی لکھا جارہا ہے۔ قارئین کرام بالخصوص حضرات علمائے عظام کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ گزشتہ دو مسودات کا بغور معائنہ فرماکر اور آج کا مقالۂ افتتاحیہ پڑھ کر اپنی آراء سے حاجی وجیہ الدین صاحب ایم۔ ایل۔ اے۔ صدر بازار میرٹھ کو مطلع کریں کیونکہ حاجی صاحب موصوف اس منتخبہ کمیٹی کے ایک رکن ہیں جو ان مسودات پر غور کرنے کے لئے اسمبلی کی طرف سے بنائی گئی ہے اور جہاں تک ہمارے علم میں ہے انہیں اس خالص مذہبی مسئلہ سے کافی دلچسپی ہے۔ اگر حاجی صاحب کے پاس مختلف مقامات سے کافی رائیں پہنچ گئیں تو انہیں کمیٹی کے سامنے مسلمانوں کا نقطۂ نگاہ پیش کرنے میں آسانی ہوگی اور اگر اس کے باوجود بھی حکومت نے ان مسودات کو منظور ہونے دیا تو اس کارروائی کے خلاف مؤثر احتجاج کیا جاسکیگا (الجمعیۃ) ...

تشریحی نوٹ

ضروری گزارش

منیجر الجمعیۃ دہلی

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

دریائے نیل میں کودنے والے دو فقیر

ہمدردی حاصل کرنیکا عجیب طریقہ

دو فقیروں نے دریائے نیل میں کود کر خوب سونا بنا لیا۔ ان میں سے ایک تو مرد تھا اور ایک عورت تھی۔ یہ دونوں جہاں کہیں کوئی پل پاتے ایک عجیب کھیل تماشہ کرتے اور خوب روپیہ بٹورتے۔ عورت پل سے دریا میں کود پڑتی جس کو بچانے کے لئے مرد فقیر بھی کود جاتا اس نظارہ کو دیکھنے کے لئے بہت لوگ جمع ہوجاتے اور کوشش کرتے کہ یہ مرد عورت کو کسی طرح بچالائے اور صحیح و سالم کنارہ پر پہونچ جائے۔ کچھ دیر تک تو یہ دونوں فقیر نکلنے کے لئے مصنوعی جدوجہد کرتے اور بالآخر مرد عورت کو کنارہ پر لے آتا۔ بس "حادثہ" کو دیکھنے والے لوگ عورت کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے اور اس کی خوش قسمتی پر اس کو مبارکباد دیتے۔ مرد کو سب سے زیادہ شاباشی دی جاتی کیونکہ اس نے عورت کی جان بچائی تھی۔ عورت کیلئے فی الفور چندہ کی تحریک ہوجاتی اور ہمدردی کرنے والے نرس کھا کر خاصہ روپیہ جمع کردیتے۔ اور پھر یہ دونوں آپس میں تقسیم کرلیتے آخر ...... "کودائی" کا راز فاش ہوگیا کیونکہ پورٹ سعید پہاں دونوں نے پھر بھی حرکت کی تھی۔ اس جگہ بھی ۵ پونڈ جمع ہوگئے تھے مگر پولیس نے وہاں کی تک میں تھی ان دونوں فقیروں کو گرفتار کرکے جیل بھیج دیا۔

امریکہ میں لکڑی کے جدید سکوں کا اجراء

دو سال میں تین ہزار بنکوں کا دیوالہ

واشنگٹن (امریکہ) کے ایک قصبہ "ٹینی نو" میں لکڑی کا ایک سکہ جاری کیا گیا ہے غالباً تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہے کہ دنیا میں لکڑی کا روپیہ جاری کیا گیا ہو۔ لکڑی کا یہ سکہ اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ آج کل امریکا اقتصادی اور مالی پریشانیوں میں کس طرح گرفتار ہے۔ گزشتہ دو سال کے اندر اندر امریکہ کے تین ہزار بنک بند ہوچکے ہیں۔

"ٹینی نو" میں یہ سکہ ایوان تجارت کی طرف سے ہنگامی کرنسی کے ماتحت جاری کیا گیا ہے۔ کیونکہ بنکوں نے اپنے دروازے بند کرلئے ہیں اور روپئے کی کمی واقع ہوگئی ہے۔ یہ لکڑی کا سکہ ڈالر کی ربڑ کار یوں کی شکل میں ہے جنے ہیں ۲۵ اور ۵۰ سینٹ کا سکہ ہے۔ اس سکہ کے درمیان ایک کاغذ رکھا گیا ہے اور اس کے دونوں جانب لکڑی ہے۔

۱۹۲۰ء میں جرمن نے بھی مختلف سکے جاری کئے تھے جو المونیم لوہے اور جست کے تھے۔ ۱۹۲۱ء میں جمہوریت نے لوہے کے سکے جاری کئے تھے۔ آسٹریا اور اسکے جاپان نے بھی ۱۹۲۰ء میں لوہے کے سکے جاری کئے تھے۔ مگر لکڑی کا سکہ سوائے امریکہ کے اب تک کہیں جاری نہیں ہوا۔

نماز کے متعلق ایک انگریز کے تاثرات

اسلام ہی عالمگیر امن وامان کا ذریعہ ہے

ایک انگریز مسٹر ڈبلیو۔ ڈی بشیر پکرڈ نے جب ہندستانی کے موقعہ پر مسجد شاہجہان میں مسلمانوں کو نماز عید ادا کرتے دیکھا اور وہ اس نظارہ سے بہت متاثر ہوا۔ مسٹر موصوف اپنے ایک بیان میں لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کی اس یکجہتی کو دیکھ کر میں اس نتیجہ پر پہونچا ہوں کہ اسلام مذہب کے اعتبار سے ایک ایسا مذہب ہے جو عالمگیر امن وامان اور نوع انسانی میں خوشگوار تعلقات قائم کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔

آپ نے مزید فرمایا کہ نماز کے وقت مسلمانوں کی یکجہتی اور صف آرائی ان کی زندگی اور بقا کی ضامن ہے اور وہ قوم کبھی نہیں مرسکتی جس میں عبادت اور تنظیم کی یہ واحد صورت پائی جائے۔

عراق میں طوفان نوح کے نشانات

طوفان عالمگیر نہ تھا

فلاڈلفیا کے ڈاکٹر سی۔ لینارڈ ووٹ ڈائرکٹر محکمۂ آثار قدیمہ نے حال ہی میں عراق کے ایک مقام کی تنقیب کرکے طوفان نوح کا ریت زمین سے برآمد کیا ہے۔ آپ کا دعویٰ ہے کہ جدید تحقیقات کے بموجب طوفان نوح کو عالمگیر حیثیت حاصل نہ تھی بلکہ وہ ایک مقامی طوفان تھا۔ اس طوفان کا پانی دریائے فرات سے ابلا تھا۔ عراق میں جو عمارتیں اور کھلونے بچانے کے ظروف برآمد ہوئے ہیں ان پر جمی ہوئی ریت سے یہ بات آشکارا ہوجاتی ہے۔

ڈاکٹر ووٹ فرماتے ہیں کہ آثار سے پتہ چلتا ہے کہ طوفان کے باعث جو لوگ پہاڑوں پر بھاگ گئے تھے وہ بعد میں آکر اپنے کاروبار حسب معمول مشغول ہوگئے تھے۔ اشیرین زمانہ کی جو الواح ملی ہیں وہ بھی اس نظریہ کی تائید کرتی ہیں۔

مصنوعی دل سے حرکت پیدا کرنیکی کوشش

سائنس کا ایک محیر العقول کارنامہ

ایک برطانوی سائنس داں نے ایک مصنوعی دل تیار کرلیا ہے جو جانوروں کا اصل دل نکالنے کے بعد اس کے نظام میں خون پہونچاتا رہتا ہے۔ یہ مصنوعی دل کسی نرم چیز کا نہیں بلکہ پیتل کا بنایا گیا ہے اور اس کا موجد ڈاکٹر .... ہے۔ اس مصنوعی دل کو لگانے کے بعد بلی، خرگوش اور دیگر بڑے جانور کئی گھنٹہ تک زندہ رہ سکتے ہیں اور اس کا تجربہ بھی کرلیا گیا ہے۔ مزید امتحان جاری ہے۔

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

عراق کی آزادی کا فرنگی مفہوم

مغربی اقوام کا استعمار برابر قائم ہے

دمشق کے ایک اخبار نے ایک فرانسیسی مدبر کی ایک تقریر نقل کی ہے جو موصوف نے عراق کی آزادی پر تبصرہ کرتے ہوئے پیرس کی ایک مجمع علمی کے سامنے کی تھی۔ مقرر کا نام موسیو .... ہے جو پیرس کی یونیورسٹی کے شعبۂ سیاسیات کے پروفیسر اور عربی علوم و ادب کے ماہر ہیں۔ مقرر نے پہلے تو عراق کے انتداب کی ایک مختصر تاریخ بیان فرمائی ہے اس کے بعد آپ نے آزادیٔ عراق پر خوشنودی کا اظہار فرماتے ہوئے ان لوگوں کو مطمئن کرنے کی کوشش کی ہے جنہیں عراق کی آزادی گراں گزری ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ عراق اب کمل آزاد ہے اور برطانوی حکمبرداری ہمیشہ کے لئے ختم ہوچکی ہے۔ یہ آزادی زبردستی حاصل نہیں کی گئی ہے بلکہ خود برطانیہ کی خواہش کے مطابق عراق کو آزادی دیدی گئی ہے۔

جو لوگ عراق کی آزادی کے مخالف ہیں وہ خود سوچیں کہ اس آزادی سے مغرب کو کیا نقصان پہونچا ہے کیونکہ پٹرول کے چشموں کا اجارہ پچھتر سال کی مدت کیلئے حاصل کرلیا ہے اور ظاہر ہے کہ اس میں نہ صرف برطانیہ کا بلکہ اٹلی، فرانس اور جرمنی کا مفاد وابستہ ہے۔ یہ اجارہ بھی زبردستی حاصل نہیں کیا گیا بلکہ حکومت عراق کو اس کے منافع میں شریک کرکے خود عراق کی اجازت سے ایسا کیا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ عراق کے قدرتی ذخائر بالواسطہ یا بلاواسطہ خود ہمارے قبضہ میں ہیں اس لئے آزادیٔ عراق کے مخالفوں کو اس قدر سراسیمہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔

حجاج کو مزید سہولتیں پہونچانے کا انتظام

حکومت حجاز کا ایک دانشمندانہ حکم

حکومت حجاز نے مصمم ارادہ کرلیا ہے کہ آئندہ موسم حج میں حجاج کیلئے مزید سہولتیں بہم پہنچائے اور ان کو آرام پہونچانے کا کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں حکومت نے اپنے جنگی تھانوں کو حکم دیدیا ہے کہ وہ آئندہ سے حجاج کے ان اسباب پر کوئی جنگی محصول نہ کریں جو حجاز سے خریدکردہ اپنے گھروں کو لیجاتے ہیں۔ اس حکم کی فوراً تعمیل کردی گئی ہے اور حجاج کو اس قسم کی چنگیوں سے مستثنیٰ کردیا گیا ہے۔ حکومت حجاز کے اس دانشمندانہ حکم سے حجاج کو بہت کچھ فوائد ہونچیں گے اگرچہ خود حکومت کو (جو اس وقت عام کساد بازاری کے زیراثر ہے) اس حکم کے بعد مالی خسارہ برداشت کرنا پڑے گا۔ مگر حجاج کی آسائش کے لئے وہ سب کچھ برداشت کریگی۔

ٹیونس میں یہودیوں کی شرارت

اپنی کامیابی کے خواب پریشاں

ٹیونس میں صیہونی تحریک کے ایک زبردست کارکن یہودی کچھ دنوں سے قیام پذیر ہیں اور متعدد مجالس میں آپ اسلام اور صیہونیت کے عنوان پر تقریریں بھی کرچکے ہیں۔ آپ نے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ توریت کی پیشگوئیوں کے بموجب عنقریب مسلمانوں اور عیسائیوں کو ہمارا ساتھ دینا پڑے گا اور فلسطین بہت جلد ہمارا قومی وطن قرار پائے گا۔ یہ الفاظ منہ سے نکلے ہی تھے کہ مسلمانوں اور عیسائیوں نے سخت احتجاج کرکے تقریر کو بند کرادیا اور مقرر صاحب پولیس کی نگرانی میں اپنی قیامگاہ پر پہونچا دئے گئے۔

ہرات میں ترک چائے نوشی کی مبارک سعی

چائے استعمال نہ کرنے کا عہد

ہرات کے باشندوں میں ڈاکٹر امام الدین خان کی مساعی سے ترک چائے نوشی کی تبلیغ کامیاب ہورہی ہے۔ کیونکہ ڈاکٹر صاحب نے چائے نوشی کے مضرات کو اچھی طرح ان کے ذہن نشین کردیا ہے۔ ہرات کے بہت سے ماموریں اور عام باشندوں نے آپس میں یہ عہد کرلیا ہے کہ وہ آئندہ کبھی چائے کا استعمال نہ کریں گے اور دوسروں کو بھی تبلیغ کے ذریعہ چائے کے استعمال سے روکنے کی سعی کریں گے معلوم ہوا ہے کہ افغانستان کے دیگر شہروں میں بھی ہرات کے باشندوں کی تقلید کی جائے گی۔

افغانستان میں عہد انقلاب کا ایک بم

بم کے پھٹنے سے چار بچے زخمی ہوگئے

هدوک میں جو سالار کا مقبرہ واقع ہے اس کے قریب ایک بم پھٹ گیا۔ واقعہ اس طرح ہے بچہ سقہ کے زمانہ کا ایک بم جو کسی طرح پھٹنے سے محفوظ رہ گیا تھا چند خوردسال بچوں کو پڑا ہوا ملا۔ بچوں نے اس کے ساتھ کھیلنا شروع کردیا مگر وہ پھر بھی نہ پھٹا۔ آخر بچوں نے یہ معلوم کرنے کے لئے کہ یہ کیا چیز ہے اس کو پتھر سے کوٹنا شروع کردیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بم فوراً پھٹ گیا اور چار بچے زخمی ہوگئے۔ دو بچوں کے زخم زیادہ سخت ہیں۔

ہرات کے محاصل میں کئی لاکھ کا اضافہ

۱۳۰۹ء کی نسبت ۱۳۱۰ء میں ہرات کے محاصل میں ساڑھے چار لاکھ روپے کا اضافہ ہوا۔ اس اضافہ سے معلوم ہوتا ہے کہ افغانستان میں تجارت کو بہت فروغ حاصل ہورہا ہے اور یہ ملک اس وقت ترقی پذیر حالت میں ہے۔ دیگر متمدن ممالک میں محاصل وغیرہ آمدنیوں میں زبردست کمی واقع ہورہی ہے۔

دار الحکومت

انتخابات خلافت صوبہ دہلی
عیدگاہ میں علاقہ قصاب پورہ کے اراکین کا اجتماع

محمد اسحاق نمبر خلافت کمیٹی صوبہ دہلی

حویلی اعظم خاں کے مسلمانوں کا احتجاج

اخبار الرحمن سے دو ہزار روپے کی ضمانت
کانگریس کے متعلق مضامین شائع کرنے کا الزام

دہلی میں گورنر بنگال کا ورود
قطب مینار اور صفدر جنگ کی سیر

ہندو مسلم منسٹر کی بورڈ کی طرف سے محرم کے انتظامات

اعلان تعطیل

سٹروگلس کے قتل کے سلسلہ میں گرفتاری

جمعیۃ علماء ہند کے چوتھے ڈکٹیٹر کی گرفتاری
جامع مسجد میں جلسہ شہر میں جلوس کا گشت
شہر کے مختلف گوشوں میں پولیس کے زبردست انتظامات

دہلی ۱۴ اپریل۔ چونکہ کل جمعہ کو جمعیۃ علماء ہند کے پروگرام کے بموجب آرڈیننس ڈے منایا جانے والا تھا اس لئے صبح سے ہی پولیس سرگرمی سے انتظامات میں مصروف تھی۔ ... جامع مسجد ... مولانا نور الدین صاحب ... گرفتار کر لیا۔

شیخ محی الدین کو دو سال قید سخت کی سزا
بغیر لائسنس کے ریوالور رکھنے کا الزام

والی یمن کے شہزادہ کا افسوسناک انتقال
دوسرے کی جان بچانے میں خود سمندر کی نذر

کانپور میں زبردست ڈاکہ
گیارہ اشخاص کی گرفتاری

پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان جنگ
ایک ڈاکو گولی سے اڑا دیا گیا

سودیشی کی تبلیغ کیلئے تمام ہندوستانیوں کو کوشش
ملک میں سرکردہ لیڈروں کا دورہ

تحصیل بدایوں میں بارہ سو مکانات کی بربادی
بارہ اشخاص جل گئے۔ ۱۲ لاکھ روپے کا نقصان

جیل کے انہدام پر ڈیڑھ سو قیدی فرار
بیس اشخاص اور ایک سو سپاہی ہلاک

بمبئی میں ایڈیشنل پولیس کی بھرتی
مولانا شوکت علی کی خدمات جلیلہ

کانپور کے میڈیکل اسٹور میں آتشزدگی
پچاس ہزار کا نقصان

ایک اینگلو انڈین لڑکی پر چھرے سے حملہ
بھوساول اسٹیشن پر ٹرین میں حادثہ

کاشتکاروں نے زمیندار کو قتل کر دیا
امروہہ میں چوتھا واقعہ

بمبئی کے وزیر مالیات کا استعفیٰ

مدراس کے قریب ایک کشتی غرقاب

محکمہ ڈاک کو حکومت کی ہدایت
خطوط اور پارسلوں کو روکنے کے اختیارات
بائیکاٹ کے نعرے اور لیڈروں کی تصاویر

دہلی ۱۱ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ محکمہ ڈاک میں ایک تازہ سرکلر شائع کیا گیا ہے جس کی رو سے یہ حکم دوبارہ بحال کر دیا گیا ہے کہ جس خط۔ لفافہ یا پارسل وغیرہ پر گاندھی جی کی تصویر ہو اسے روک لیا جائے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ مذکورہ بالا حکم گذشتہ سول نافرمانی کی تحریک کے دوران میں بھی جاری کیا گیا تھا مگر گاندھی ارون سمجھوتہ کے بعد غالباً اپریل ۱۹۳۱ء میں خارج کر دیا گیا تھا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی کے علاوہ سول نافرمانی سے تعلق رکھنے والے دیگر لیڈروں کی تصویروں کو بھی قابل اعتراض قرار دیا گیا ہے علاوہ بریں "برطانی مال کا بائیکاٹ کرو" "سودیشی" "آزاد بھارت" اور دیگر تمام ایسے نعروں کو قابل اعتراض سمجھا جائے گا جس سے سول نافرمانی کو تقویت پہنچنے کا احتمال ہوگا چنانچہ جن خطوط یا پارسلوں وغیرہ پر اس قسم کی تصویریں یا نعرے ہوں گے وہ روک لئے جائیں گے۔

معلوم ہوتا ہے کہ یہ سرکلر حکومت ہند کی ہدایات کے مطابق شائع کیا گیا ہے جو لیڈروں کی تصویروں کو امن عامہ کے منافی سمجھتی ہے اور ساتھ ہی برطانی مال کا بائیکاٹ روکنا چاہتی ہے۔

غیر ممالک میں ہندوستانیوں کی آبادی
برطانوی اور غیر برطانوی علاقہ کے اعداد و شمار

دہلی ۱۱ اپریل۔ ذیل میں ان ہندوستانیوں کی تعداد درج ہے جو سیاسی یا معاشی اسباب کی بنا پر ہندوستان کو چھوڑ کر غیر ممالک میں آباد ہو گئے ہیں:۔

برطانوی نو آبادیات

(۱) جزیرہ سیلون (لنکا)	۹ لاکھ ۹ ہزار
(۲) ملایا	۷ لاکھ
(۳) ماریشس	۲ لاکھ ۸۱ ہزار
(۴) جنوبی افریقہ	۱ لاکھ ۶۰ ہزار
(۵) ٹرینی ڈاڈ	۱ لاکھ ۳۰ ہزار
(۶) جزائر فیجی	۶۹ ہزار
(۷) دیگر	[illegible]
میزان	[illegible]

غیر برطانوی علاقہ

(۱) ریاستہائے متحدہ امریکہ	۳ ہزار ایک سو [illegible]
(۲) جزائر مڈغاسکر	۳ ہزار ۳ سو ۴۳
(۳) جزائر الشرق	۵۰ ہزار
(۴) سرینم	۳۴ ہزار
میزان	تقریباً ایک لاکھ

وفاق میں ایک اون فیصدی کا مطالبہ
والیان ریاست کی کانفرنس کا فیصلہ

والیان ریاست کا آخری اجلاس
سرکاری اعلان کی توقع

خان عبد الغفار خاں کس جیل میں ہیں؟
شاہی قیدی کی حیثیت سے نظر بندی

ڈھاکہ کے قریب ریلوے ٹرین پر مسلح ڈاکہ
گارڈ پر گولی کے فائر۔ ڈاکو ۳۲ ہزار روپیہ لے کر فرار ہو گئے

کلکتہ ۱۰ اپریل۔ کل سہ پہر کو تین بجے ڈھاکہ کے قریب دو نوجوانوں نے جو تیسرے درجہ میں سفر کر رہے تھے گاڑی کی زنجیر کھینچی۔ گاڑی ... گارڈ پر گولی چلا دی ... ۳۲ ہزار روپیہ ... نوجوان کچھ روپیہ چھوڑ کر بھاگ گئے۔

ٹیلیگراف کے تار کاٹ دیئے ریل کے ڈبہ کو آگ لگا دی
آگرہ اور جھانسی کے درمیان تازہ شرارت

آگرہ ۱۲ اپریل۔ گذشتہ ۲۴ گھنٹہ میں بعض نامعلوم اشخاص نے ضلع آگرہ میں ٹیلیگراف کے تار کاٹنے، کھمبے اکھاڑنے، ریل کے ڈبوں میں آگ لگانے اور ریل گاڑیوں کو جلانے کی کوشش کی۔ ...

برطانی کابینہ کے ذریعہ فرقہ وارانہ مسائل کا تصفیہ
لوگوں سے ہڑتال منانے کی اپیل اور کانگریس کو کھلا چیلنج
ویلفیئر آف انڈیا لیگ میں مولانا شوکت علی کی تقریر

شملہ کی کانفرنس میں کیا ہوگا؟
کانگریس اور حکومت میں مصالحت کا امکان
لبرلوں اور اعتدال پسندوں سے مشورے

شنگھائی سے جاپانی افواج کی واپسی
حکومت جاپان کا اعلان

ہندوستان سے لارڈ لوتھین کی توقعات
پارلیمنٹ اور کانگریس کے درمیان مرکزی اتفاق
ہندوستان کے آئینی مستقبل پر تبصرہ

روسی گورنمنٹ پر برطانیہ کا قرضہ
دار العوام میں سوال و جواب

الہ آباد میں گولی کیوں چلائی گئی؟
کمشنر الہ آباد کی رپورٹ

انگلستان کے بے روزگاروں میں اضافہ

برما میں قتل و غارت گری کا زور
برمیوں اور پٹھانوں میں جھڑپ

آئرلینڈ کے ساتھ کوئی گفت گو نہیں ہوگی
دار العوام میں مسٹر ٹامس کا بیان

سائمن کمیشن کی سفارشات پر آئین کی ترتیب
ڈیلی ایکسپریس کا بیان

لندن میں کانگریس کی شاخ کا دوبارہ احیا

صوبہ بہار میں ایک مفید انجمن کا قیام

(نشی ارحمن صدر جماعت)

بنگال کے آرڈیننس واپس نہیں لئے جائیں گے

ہندوستان میں مسلح بغاوت
سوویٹ روس کا زبردست پروپیگنڈا
دار العوام میں سر جان سائمن کا بیان

برمی باغیوں اور پولیس میں جنگ
طرفین سے گولیوں کے فائر

ضلع پشاور میں زائد پولیس کا تقرر

روم کی ایک قدیم خانقاہ منہدم کر دی گئی

۵۸ زمینداروں کی آراضی ضبط

تمام خاندان پاگل ہو گیا!

ڈاکٹر کچلو کی گرفتاری اور رہائی

لیٹر بکس سے خطوط نکال کر رنگ بھر دیا

کریلا اور نیم چڑھا!
بھائی پرمانند کا تازہ ہذیان

ہندوؤں میں آریہ صاحبوں کی مذہبی ذہنیت متعصبانہ وجوہ سے مسلمانوں میں آوادیانیوں کی ذہنیت سے ملتی جلتی ہے۔ ہمیں کسی کے عقائد سے ذکر ہے نہ تعصب۔ لیکن اس واقعہ کے اظہار پر ہم مجبور ہیں کہ آریہ سماجی اور قادیانی، دونوں کو ایک ناقابل علاج مذہبی جنون لاحق ہے، جو نہ صرف یہ کہ خود ان دونوں فرقوں کے حق میں مضر ہے بلکہ ملک کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ یہ دونوں جماعتیں جب سیاسیات میں قدم رکھتی ہیں تو ان کے اکثر افراد حکومت کی بوجا شروع کر دیتے ہیں اور یہ محض اپنے مذہبی جنون کی وجہ سے جو انہیں اس وہم باطل میں مبتلا کر دیتا ہے کہ حکومت کی مدد سے ان کے عقائد زیادہ پھیل سکیں گے۔

بھائی پرمانند جب آریہ بنے تو گویا کریلا نیم پر چڑھ گیا۔ آپ نے نام نہاد آل انڈیا ہندو مہاسبھا کانفرنس کی کراچی میں صدارت کرتے ہوئے جو خیالات ظاہر کئے ہیں وہ اس قابل ہیں کہ ہندو اور مسلمان دونوں ان پر غور کریں۔ یہ خیالات اگرچہ ہذیان سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے مگر ہندوؤں کے لئے ان میں عبرت موجود ہے کہ ان کا ملک کے لئے کس درجہ مضر جماعت ہے اور اس کی زندگی ملک کی زندگی کے لئے کس قدر خطرناک ہے۔ مسلمانوں کے لئے یہ عبرت ہے کہ کس طرح ہندو اور مسلمان فرقہ پرستوں کی ذہنیت بالکل ایک ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے دونوں کا سرچشمہ ایک ہی ہے۔ دونوں ایک ہی سانچے میں ڈھلے ہیں اور دونوں کا مقصد بھی ایک ہی ہے یعنی وطن پرستی کی مخالفت کی جائے، ہندوستان کی نجات روکی جائے اور موجودہ سیاسی نظام بحال رکھا جائے۔

بھائی پرمانند نے اپنے خطبہ صدارت میں جو کچھ کہا ہے حقیقۃً وہی ہے جو مسلم کانفرنس والے کہتے ہیں۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ بھائی جی نے ہندوؤں کا رونا رویا ہے اور مسلم کانفرنس والے مسلمانوں کا رونا روتے ہیں۔ مگر مطلب ایک ہی ہے یعنی ہندوستان کی غلامی بدستور باقی رکھی جائے۔

بھائی پرمانند نے کہا ہے:-

"کانگریس ہندوؤں کی مخالف جماعت ہے اور کسی طرح بھی ہندوؤں کو ان خطروں سے بچا نہیں سکتی جو انہیں گھیرے ہوئے ہیں۔ کانگریس نے براہ راست اور بالواسطہ مسلمانوں کی مدد کی اور انہیں مضبوط بنا دیا ہے لیکن ہندوؤں کو جو طرح ..."

ہیں ہم آہنگ ہیں، موجودہ سیاسی نظام پر برابر کے عاشق ہیں۔ ہمیں بھائی پرمانند وغیرہ فرقہ پرستوں پر اتنا تعجب نہیں ہے جتنا ان لوگوں پر ہے جو ان حضرات سے عقیدت رکھتے اور ان کے پیچھے چلتے ہیں۔ بھائی پرمانند وغیرہ کی جماعت ذاتی مصلحتوں کا تقاضا یہی ہے کہ وہ فرقہ پرست بنے رہیں اور ملک کو فرقہ پرستی کی دلدل میں مبتلا رکھنے کی کوششیں کرتے رہیں۔ البتہ عام لوگوں کی عقل پر تعجب آتا ہے جو ان خود غرض درباری سیاسی بازیگروں کے پیچھے اندھوں کی طرح چل رہے ہیں اور در اصل سیدھے گڑھے کی طرف ...

...

آئندہ زمانے میں جب ہندوستان کی تاریخ لکھی جائے گی، تو مورخ یہ واقعہ دیکھ کر حیران رہ جائے گا کہ محض مٹھی بھر خود غرض لوگوں نے پورے ہندوستان کو کس طرح مدتوں بربادی میں مبتلا رکھا اور وہ حقیقت دیکھنے نہ دی جو سچ سے بھی زیادہ روشن تھی۔

...

(ہند جدید)

میر پور میں فوجیں بدستور متعین رہیں گی
کشمیر میں گرفتاریاں

...

جمعیۃ مقننہ کا آئندہ اجلاس
سوالات اور مسودات قانون

شملہ ۱۶ مئی۔ غالباً جمعیۃ مقننہ کا اجلاس اخیر اگست میں شروع ہو گا۔ کئی سرکاری اور غیر سرکاری مسودات قانون پیش ہونے والے ہیں۔ بعض کے مسودات کے منتشر ہو جانے کی وجہ سے فہرست سے خارج ہو گئے۔ یہ مسودات غیر سرکاری حسب ذیل ہیں:۔

(۱) مسودہ قانون انتقال اراضی جو زیر ملاحظہ ...

(۲) ...

...

چودھری ظفر اللہ خاں اور مشاورتی کمیٹی کے تعاون
کارروائی میں حصہ لینے اور نہ لینے کا مسئلہ

گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی کی کارروائی میں جس کے اجلاس کے لئے ... مئی مقرر ہے حصہ لینے اور نہ لینے کے متعلق چودھری ظفر اللہ خاں صاحب رکن کمیٹی نے ایک بیان اخبارات کو دیا ہے ...

...

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ شملہ میں سلیکٹ کمیٹی کے اجلاس کے بعد حج کے متعلق مسودات قانون پر حاجی رشید احمد صاحب کا ایک بیان اخبار اسٹیٹسمین میں شائع ہوا تھا جس میں انہوں نے یہ بتایا تھا کہ سلیکٹ کمیٹی کے مسلم اراکین ان مسودات قانون کے متعلق کیا رویہ اختیار کرتے ہوئے ہیں اور خصوصیت کے ساتھ مولانا شفیع داؤدی کے طرز عمل پر سخت نکتہ چینی کی تھی۔ حاجی صاحب کے بیان کا ...

جیسا کہ ہم بارہا عرض کر چکے ہیں عازمین حج پر اس قسم کی پابندیاں عائد کرنا کہ انہیں واپسی ٹکٹ لینے کے لئے مجبور کیا جائے اور مخصوص تہمت پر مخصوص انتظام کے ماتحت کھانا خریدنا ان کے لئے لازمی قرار دیا جائے یقیناً ناقابل برداشت ہے اور مولانا شفیع داؤدی نو د ... ہیں کہ وہ اسکی حمایت کرتے ہیں۔ یہ عذر گناہ تو ...

...

"سخت خطرہ"

ملتان جیل سے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی علالت سے متعلق جو تار اور خط موصول ہوئے تھے انہیں ہم الجمعیۃ کی گذشتہ اشاعت میں درج کر چکے ہیں۔ اور حضرت ممدوح کے مکتوب گرامی سے جو اطمینان پیدا ہوا تھا ...

...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں

(۱) زید ایک مسجد کا پیش امام ہے بسبب عرصہ دس سال ہونے کے نسیان غالب ہے (۲) اکثر اوقات سہو ہو جاتا ہے (۳) جلد کی وجہ سے ہاتھ کی ... (۴) اکثر مصلیوں کو امام سے طبعی نفرت ہے (۵) مجلس مشروعہ غیر مشروعہ کا لحاظ نہیں ہر جگہ داخل ہوتا ہے، اور اس مجلس کی زینت کا باعث ہوتا ہے۔ کیا ایسا شخص امام ہو سکتا ہے ...

۲۔ بعض لوگ بسبب گرمی اندرون مسجد نماز نہیں پڑھتے سجدے کے صحن سائبان میں نماز پڑھتے ہیں۔ بعض کا خیال ہے کہ اندرون مسجد جو ثواب ملتا ہے وہ بیرون مسجد نہیں ملتا ...

الجواب

...

استفتاء

...

الجواب

...

"زمیندار کا خیر مقدم"

...

حکومت تیسری گول میز کانفرنس منعقد نہیں کرے گی

صوبجاتی خود مختاری کے ساتھ مرکز میں برائے نام ذمہ داری

فرقہ وارانہ مسئلہ پر حکومت ہند کا مکتوب

وفاقی اسکیم پر کاری ضرب

مرکاری بیان سے معلوم ہوا ہے کہ مشاورتی کمیٹی میں شامل ہونے کی غرض سے والیان ریاست نے اپنا دورہ انگلستان ملتوی کر دیا ہے لیکن اس سے ان حالات کا علم نہیں ہو سکا جو حالات کے نتائج کے سلسلہ میں فوری ظاہر ہوئے ہیں۔

اصلاحات کے متعلق معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مسٹر سوئل ہور وزیر ہند نے ...

ہوتی ہے۔ بہار و بنگال نے مشاورتی کمیٹی کی شرکت سے انکار کر دیا ہے۔ صرف چند وزراء کمیٹی میں شامل ہوں گے۔ البتہ ریاستوں کے نمائندے ریاستی مسائل میں حصہ لینے کے لئے شریک ہوں گے۔

وزیر ہند کا اصل مقصد یہ ہے کہ صوبجاتی خود مختاری کے ساتھ برائے نام مرکز میں ذمہ داری دی جائے اور اس کی تائید ان لوگوں سے کرائی جائے جو ہندوستان ...

...

فرقہ وارانہ مسئلہ پر حکومت کا مکتوب

...

بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت ہند کے دو ہندو ارکان سر ... اور سر ... نے ایک اختلافی نوٹ تحریر کیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ حکومت کی سفارشات ہندو فرقے کے ساتھ ناانصافی پر مبنی ہیں اگر ان سفارشات کو فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کرنے میں شامل کر لیا گیا تو سیاسی صلح نہیں ہو سکے گی۔

علم حدیث کی خدمت

اعلیٰحضرت شہریار دکن کا عطیہ

... "علم حدیث"

ہمارے تمام علوم شرعیہ اور فنون دینیہ کی اصل و اساس، ہر قسم کے معارف قدسیہ کا سرچشمہ، جمال محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا صاف و شفاف آئینہ، رسول کریم صلی اللہ علیہ ...

...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

بالشویک روس اور ترکی میں جدید اتحاد کی بنا

عصمت پاشا کا تاریخی سفر اور اسکے نتائج

ترکی اور روس کے ارتباط پر ایک امریکن کے خیالات

عصمت پاشا کا سفر روس جس قدر کامیاب ثابت ہوا ہے اس کی نظیر تمام سیاسی ...

...

کو ایک تاریخی سفر سے تعبیر کیا جا سکتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی آپ نے روس کی بھی تعریف کی ہے اور اس کو دنیا کا نجات دہندہ ثابت کیا ہے۔ اسی کے ساتھ امریکن موصوف نے ترکی کے اس اقدام کو بھی سراہا ہے اور بتایا ہے کہ جس مقصد کیلئے یہ سفر کیا گیا تھا اگر ...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

شرق اردن اور حجاز کی جنگ کا افسانہ

"والی حجاز کی تلوار مجرموں کیلئے بے نیام ہے"

روائٹر کے گمراہ کن بیان کی تردید

قاہرہ سے روائٹر نے اطلاع دی تھی کہ شرق اردن اور حجاز کی سرحد پر سلطان ...

شرق اردن اور حجاز کی سرحد پر جنگ کے متعلق جو خبریں شائع ہوئی ہیں وہ بالکل بے بنیاد ہیں۔ اصل واقعہ یہ ہے کہ ابن رفادہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ سینا سے آیا اور فلسطین اور شرق اردن کی سرحد کو عبور کر کے عقبہ کے نزدیک ... ابھی تک اس کا فیصلہ نہیں ہے۔

سلطان ابن سعود مجرموں کو بہت جلد سزا دے کر ان کو راہ راست پر لانے کی کوشش کریں گے کیونکہ سلطان کی جس تلوار نے ابن رفادہ کو اس سے قبل شکست دی تھی وہی تلوار خدا کے فضل سے اب بھی بے نیام ہے جس کی حرکت کے بعد مجرموں کو کہیں پناہ نہیں مل سکتی ...

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی علالت پر مسلمانان ہند میں ہیجان

دہلی اور لاہور کے اسلامی مجامع میں اضطراب و بیچینی کا اظہار

اگر موسمی تکالیف کا انسداد نہ کیا گیا تو حکومت نتائج کی ذمہ دار ہوگی

دہلی ۲۴ جون۔ آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں حضرت علامہ مولانا معین الدین صاحب اجمیری سابق نائب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی زیر صدارت مسلمانان دہلی کا عام جلسہ منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد حضرت صدر نے آزادی وطن کی راہ میں ... ملتان جیل کے سیاسی اسیروں کی تکالیف اور حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی علالت ...

...

صدر جمعیۃ علماء ہند سخت تکلیف میں ہیں، ملتان کی ضرب المثل گرمی اور جیل کی ناقابل برداشت فضا نے آپکو بیہوش کر دیا، اور آپ تین گھنٹے تک آنکھیں کھول نہ سکے ... حکومت حضرت مفتی صاحب کو اے کلاس میں رکھنے کا اعلان کر چکی ہے لیکن انہیں برقی پنکھا آج تک نہیں دیا گیا۔ ہم چاہتے ہیں کہ حکومت حضرت مفتی صاحب کی قدر و قیمت سے آگاہی حاصل کرنے میں غلطی نہ کرے۔ ورنہ نتائج و عواقب کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور صرف حکومت پر ہوگی۔

حضرت مفتی صاحب کی صحت کے لئے حاضرین نے صمیم قلب کے ساتھ دعا کی اور یہ ریزولیوشن اتفاق آراء سے منظور ہوا۔

فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کا اعلان

وزیر ہند کا خیال ہے کہ فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کا اعلان وسط جولائی تک ہو جائیگا اس لئے آپ کی یہ تجویز ہے کہ فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کا اعلان ہونے کے ایک ماہ بعد مشاورتی کمیٹی کے ارکان کو لندن روانہ ہونا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ ... مشاورتی کمیٹی کے برطانوی ہند کے ارکان کا بیان ہے کہ مشاورتی کمیٹی کے ارکان کو لندن بلا کر ہی مشورہ کیا جائے اس سے وزیر ہند کی جانبداری ظاہر ...

...

اس کو ہمراہ لے گیا تو دنیا میں بالشویک حکومت کا ایک ہمدرد پیدا ہو جائے گا۔ اور روس سے جو اب تک کی رنجش چلی آتی ہے اس کی تلافی بااحسن طریق ہو جائے گی ذیل میں ہم اس مضمون کا ترجمہ شائع کرتے ہیں جو امریکہ کے ایک رسالہ میں حال ہی میں شائع ہوا ہے۔

برنارڈ شا اور بالشویک روس

مسٹر برگرٹ لکھتے ہیں کہ روس کے متعلق یورپ اور سرمایہ دار قوموں نے اس قسم کی داستانیں مشہور کی ہیں جس سے ناواقف لوگوں نے اس کو شیطان سے کم نہیں سمجھا ہے مگر واقعات معلوم ہونے پر اس کا اقرار کرنا پڑتا ہے کہ روس شیطان تو نہیں البتہ فرشتہ رحمت ہے جو دنیا کو امن و راحت اور سکون و اطمینان کا پیغام سنانے آیا ہے۔ برنارڈ شا جو اس زمانہ کا سب سے بڑا صاحب قلم ہے اور جسے بجا طور پر فخر برطانیہ کہا جاتا ہے اس نے روسی حکومت کی نفسیات پر غور کر کے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے جس سے انگلستان اور امریکہ کی مہذب دنیا میں کوئی قدر نہیں رہتی۔ برنارڈ شا لکھتے ہیں کہ امریکہ اور انگلستان مزدوروں کا خون چوستے ہیں اور وہ بجائے امن و سلامتی کے خونریز ہیجان کا موجب بنے ہوئے ہیں۔ لیکن روس نے اپنے دور حکومت میں سرمایہ داری کا سر کچل کر ثابت کر دیا ہے کہ مزدوروں اور غریبوں کی ہمدردی حاصل کر کے ہی کوئی حکومت مستحکم بنیادوں پر قائم ہو سکتی ہے۔ امریکہ اور انگلستان کو چاہیے کہ وہ بالشویک نظام کو دیکھ کر شرمائیں اور وہ طریقہ اختیار کریں جس سے وہ دنیا میں حقیقی امن و راحت کا موجب بن سکیں۔

ترکی اور روس دونوں خطرہ میں

...

عصمت پاشا نے روس کا سرکاری سفر کر کے ملوکیت پرستوں کے حلقوں میں صف ماتم بچھا دی ہے۔ ... بجائے کوئی عبرت حاصل کرنے کے روس کی طرح ترکی کو بھی ایک خطرہ سمجھنے لگے ہیں۔ اب تک تو دنیا کو معلوم تھا کہ روس کا کوئی ہمدرد نہیں ہے یا شاید بالشویک گورنمنٹ کو اپنا ہمدرد پیدا کرنا نہیں آتا مگر عصمت پاشا کے سفر نے ثابت کر دیا کہ روس سے بھی دوستی کی جا سکتی ہے اور اس سے ہمدردی کرنے والے بھی مکمران دنیا میں موجود ہیں۔

یورپ کیلئے فرضی خطرات

عصمت پاشا نے لینن گراڈ میں بالشویک افسروں کے سامنے جو تقریر کی ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ بالشویک گورنمنٹ نے اپنے جس وسیع اخلاق کا عملی ثبوت دیا ہے وہ اپنی نظیر آپ ہی ہے۔ اس دوستی اور مودت سے یورپ خائف ہے اور سرمایہ دار ...

...

کردی قبائل پر بمباری

شیخ احمد برزان کے خلاف برطانیہ کی مہم

عراق میں کردی قبائل کے شیخ احمد برزان کی بغاوت کا زور ... جس نے حکومت عراق کو سخت مضطرب کر دیا ہے اور وہ اس کے استیصال پر آمادہ ہو گئی ہے۔ چنانچہ شیخ کی ہنگامہ خیزیوں کو روکنے کیلئے برطانیہ کے ارباب فضا ...

... بھی میدان میں نکلنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ احمد برزان کے میدان میں چھ سو سپاہیوں کا ایک دستہ روانہ کر دیا جائے، اور ان کے ہمراہ ہوائی جہاز بھی ہوں۔ عنقریب یہ مہم روانہ کر دی جائے گی اور ہوائی جہاز روزانہ چھ سو جہاز کی پرواز کیا کریں گے۔ حال ہی میں شاہی ہوائی بیڑہ نے احمد برزان کے متبعین پر بھی گولے برسائے ہیں۔ اس کے بعد مزید ہوائی تاخت کی جائے گی۔

ترکی کے متعدد مقامات میں ہوائی ڈاک کا سلسلہ

رصد اور وائرلیس کے اسٹیشنوں کی تعمیر

ترکی حکومت کے داخلی شہروں میں ہوائی ڈاک کیلئے جو امریکہ کے ماہرین فن ... میں مشغول تھے۔ انہوں نے اب اپنی سعی کو ختم کر دیا ہے۔ سب سے پہلے ہوائی ڈاک استنبول، انقرہ، غازی انتاب، ارزروم، دیار بکر اور انقرہ کے درمیان جاری ہوگی اور ان مقامات میں جہاں سے ہوائی ڈاک گزرے گی رصد اور وائرلیس کے انتظامات بھی کئے جائیں گے۔ یہ تمام کام چار ماہ کے عرصہ میں پایہ تکمیل کو پہنچ جائیں گے اور یہ ہوائی ڈاک کا کام شروع ہو جائے گا اس مقصد کیلئے کئی ایک طلباء روس کو خصوص کر دیا گیا ہے۔

مشہور مورخ علامہ ابن خلدون کا مجسمہ

اسلامی فلاسفر کی یادگار میں ادبائے مصر کا فیصلہ

اسلام کے مشہور فلاسفر اور شہرہ آفاق مورخ علامہ ابن خلدون کے متعلق ادبائے مصر نے ارادہ کیا ہے کہ ان کا ایک مجسمہ بطور یادگار نصب کیا جائے اور انتقال پر پانچ سو سال گزرنے کی مناسبت سے ان کی یادگار عام طور پر منائی جائے۔

اس تجویز کا ہر مقام پر خیر مقدم کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ عنقریب یہ تجویز عملی جامہ پہن لیگی۔

استنبول میں تین ممالک کی کانفرنس

یونان اور بلغاریہ سے تجارتی گفت و شنید

ترکی کا ایک اخبار مظہر ہے کہ تجارتی مبادلات کی بہتری اور اقتصادی تعلقات کیلئے ترکی، یونان اور بلغاریہ کے درمیان استنبول میں ایک کانفرنس منعقد ہوگی جس میں ان ہر سہ ممالک کے نمائندے شریک ہوں گے۔

ان نمائندوں میں وہ لوگ بھی شامل ہوں گے جن کو تجارتی ... تجربہ ہے اور جن کو بین الاقوامی داد و ستد میں خاص الخاص مہارت حاصل ہے۔

جدہ میں اطالوی سفارت خانہ

حکومت حجاز اور حکومت اطالیہ میں معاہدہ کے بعد اطالوی حکومت نے جدہ میں اپنا سفارت خانہ کھول دیا ہے اور عنقریب اطالوی قونصل اپنے عہدہ کا چارج لیں گے۔

اسی طرح گزشتہ ہفتہ حکومت برطانیہ کا مندوب سر اینڈریو جدہ میں سفیر بنا کر بھیجے گئے ہیں۔

دارالحکومت

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسہ عام
خلافت کمیٹی کو آلہ کار بنانے والوں پر اظہار مذمت

دہلی ۵ جون۔ کل جامع مسجد دہلی میں جناب ہلال احمد صاحب زبیری بی اے کی صدارت میں مسلمانان دہلی کا عام جلسہ مجلس خلافت کے تازہ انتخابات کے متعلق ہوا۔ صدر جلسہ نے گذشتہ ۱۲ جون کے انتخابات کے متعلق واقعات کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا جو مجلس مذکور کے سالانہ انتخابات کے سلسلہ میں ۱۲ جون کو ہوا۔ اس کے بعد حسب ذیل قرارداد منجانب صدر پیش کی گئی جس کو حاضرین نے باواز بلند بالاتفاق رائے منظور کیا۔

عراق میں کردی قبائل کی بغاوت کا خاتمہ
برطانوی فوج اور باغیوں میں مختصر سی جنگ
باغیوں کے سردار کو گرفتار کر کے ترکوں کے حوالہ کر دیا گیا

بغداد ۳ جون۔ شاہی ہوائی بیڑہ کے ماتحت ایک زبردست فوجی مہم یہاں پہنچ گئی ہے اور فوج کے ساتھ نو ہوائی جہاز بھی یہاں آگئے ہیں۔ یہ جہاز مصر سے ایک ہزار میل کی مسافت قطع کر کے اور صحرائے شام کو عبور کر کے یہاں پہنچے ہیں۔

پولیس افسر اور مفرور انقلابی میں مقابلہ
جانبین سے ریوالور کے فائر

لاہور ۳ جون۔ لاہور کے ایک پولیس افسر اور ایک مفرور انقلاب پسند کے درمیان جو کہ ریوالور سے مسلح بتلایا جاتا ہے مقابلہ کی تفصیلات موصول ہوگئی ہیں۔

دہلی میں شرح اموات میں اضافہ
روزانہ ۲۷ اموات کا اوسط

یرواڈا جیل سے گاندھی جی کا مکتوب
باعزت صلح کیلئے آمادگی کا اظہار
لندن کے اخبارات میں مکتوب کی اشاعت

لارنس کے بت کو توڑنے والے سکھوں کا مقدمہ
سکھوں کی جائداد کا نیلام

چیف کمشنر دہلی کے جمعدار اور اسکے لڑکے کا قتل
حملہ آور نے باپ بیٹے کے چھرا گھونپ دیا

دہلی میں متعدد خانہ تلاشیاں

مکان کی چھت گرنے سے ایک عورت مجروح

آرڈیننسوں کا دوبارہ اجراء
چند ترمیمات کے ساتھ آرڈیننسوں کو زندہ کرنیکی کوشش

تمام سیاسی اسیروں کو رہا کیا جائے
پہلا قدم حکومت کو اٹھانا پڑے گا
مجلس خادمان ہند کا بیان

ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کا عام جلسہ

لالہ دیش بندھو کو نوٹس
تمہیں میونسپلٹی کی ممبری سے کیوں خارج نہ کیا جائے

مدن موہن مالویہ کا بیان ضبط کر لیا گیا
ہندی ترجمہ اور ایک اور کتاب بھی ضبط

صوبہ سرحد میں اصلاحات کے نتائج
پولیس افسروں کو غیر معمولی اختیارات
وارنٹ کے بغیر گرفتار کر لینے کی عام اجازت

سیاسی اسیروں کی رہائی کا مسئلہ
حکومت بنگال غور کر رہی ہے

سروجنی نیڈو سے ہوم ممبر بمبئی کی ملاقات
گاندھی جی اور وائسرائے میں صلح کرانیکی کوشش

دیوار گرنے سے تین جانوں کا اتلاف
چاندنی چوک میں المناک واقعہ

ڈاکٹر چلوا آل انڈیا کانگریس کے صدر

مسلم کانفرنس کے بعض اراکین کا نفرت انگیز بیان
ملک برکت علی کی پُرزور تردید

بمبئی میں ایک مسلمان پر ہندوؤں کا حملہ
پندرہ ہندو مسلمانوں کی گرفتاری

"تیج" میں شائع شدہ خبر کی تردید

پونڈری کے فساد کی تحقیقات
مسٹر جیکسن کا تقرر

میرٹھ کی کچہری میں ایک عجیب واقعہ
ایک نقاب پوش گھوڑی لے بھاگا

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں صدر جمہوریہ امریکہ کی تجاویز
فرانس اور جاپان کے ہوش اڑ گئے۔ برطانوی حلقہ میں ہلچل
اٹلی اور جرمنی کی طرف سے غیر مشروط تائید

طول و عرض ہند میں گرفتاریاں اور سزایابیاں
کانگریس کی سرگرمیوں کو روکنے کیلئے حکومت کی تدابیر
مختلف صوبوں کے متعلق تازہ ترین اطلاعات

صوبہ مدراس

بنگال

یو۔ پی

پنجاب

بمبئی

سی۔ پی

ہندوستان کی منڈیوں میں جاپانی مال کا فروغ
جاپانی کپڑے اور سوت کی درآمد میں اضافہ

سیام کے شاہی خاندان کو قید کر دیا گیا
بری اور بحری فوج کی عام بغاوت
سپہ سالار کو گولی سے اڑا دیا گیا

لندن میں فرقہ وارانہ مسائل پر غور
۱۹۳۲ء کے آخر تک صوبجاتی خودمختاری دیدی جائیگی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے قتل کے مقدمہ کا فیصلہ
قاتل کو پھانسی کی سزا

کانپور میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ
مجوزہ کانفرنس کو روکنے کی تدبیر

لوزان کانفرنس میں جنگی قرضہ کا حل
جرمن اور برطانیہ میں اتفاق

قسطنطنیہ میں انگریزوں کی گرفتاری
افیون وغیرہ کی ناجائز تجارت

روئی کی تجارت کو فروغ دینے کیلئے حکومت کی سعی
بمبئی کے تاجروں سے تبادلہ خیال

مصر میں چاول کی کاشت کیلئے ایک دلچسپ اسکیم
مستقبل قریب میں چاول کی درآمد بند ہو جائیگی

جرمن کے تمام حصوں میں بغاوت
پولیس اور باغیوں کی زبردست جنگ

یرواڈا جیل میں مسز نیڈو سے ملاقات
کوئی سیاسی مقصد نہ تھا

مال گاڑی پٹڑی سے اتر گئی
تار کاٹ ڈالے گئے

سارڈا ایکٹ کے ماتحت مقدمہ

گرجوں میں موم بتی جلانیکی ممانعت
پاپائے روم کا حکم

پیگو کی بغاوت پر آخری ضرب
بندوق اور کارتوسوں پر پولیس کا قبضہ

پیگو کا باغی لیڈر گرفتار

جدہ سے جہاز جہانگیر کی روانگی

مولانا آزاد سبحانی کا نپور میں

گاڑھے کی تحریک کی عظیم الشان کامیابی

(از جناب مولانا محمد اسمٰعیل صاحب فاروقی)

پونڈری میں مسلمانوں کے مظالم کیخلاف احتجاج

انجمن اسلامیہ کرنال کی منظور شدہ تجاویز

انجمن اردو جبل پور کا قیام

دیوبند میں مشاعرہ

سندھ میں مسودات حج کیخلاف مظاہرہ

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے

معاونین الجمعیۃ کا ایک ضروری فرض

اگر آپ کو الجمعیۃ کے ساتھ حقیقی ہمدردی ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپکا اخبار زیادہ سے زیادہ ترقی کرے تو دیکھئے کہ آپکے شہر یا قصبہ میں "الجمعیۃ" کو فرخت کرنے والا کوئی ایجنٹ ہے یا نہیں اگر کوئی صاحب ایجنٹ ہیں تو ان سے تاکید کیجئے کہ وہ "الجمعیۃ" کو زیادہ سے زیادہ فروخت کرنے کی کوشش کریں اس سلسلہ میں آپکی جو کچھ مدد ہو سکے ضرور کریں اور اگر آپکے یہاں الجمعیۃ کی ایجنسی نہیں ہے تو کسی محنتی اور دیانتدار آدمی کو ایجنسی لینے پر آمادہ کریں اس طرح آپ اپنے اخبار کی بھی خدمت انجام دینگے اور ایک محتاج کی معاش کا ذریعہ بھی پیدا ہو جائیگا۔ شرائط ایجنسی ذیل کے پتہ سے طلب کر سکتے ہیں۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دیکر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

ایک مہینہ میں انگریزی آجائیگی

قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

پتہ مشہور بک ایجنسی کلاں محل دہلی

داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

طلبہ و طالبات کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیورویدک یونانی طبی کالج قرول باغ دہلی کا نصاب تسلیم بالکل مفت حاصل کرنے کی جلد سے جلد کوشش کریں

درخواست داخلہ پرنسپل کے نام ۵؍جولائی ۱۹۳۲ء سے قبل پہنچ جانی چاہئے ہمارا اپنا تعلیمی سال پہلی اگست ۱۹۳۲ء سے شروع ہوتا ہے۔

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

یونیورسل میجیکل کمپنی نمبر ۱۵ ملتان شہر

عملیات الموعرف فرشتہ غیب (رجسٹرڈ)

یونیورسل میجیکل کمپنی نمبر ۱۵ ملتان شہر

تعلیم کیلئے چھوٹے بچوں کو

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی میں داخل کرائیے یہاں اعلیٰ تعلیم کے علاوہ بچوں کی ابتدائی اور دینی تعلیم کا خاص انتظام ہے تربیت نہایت معقول ہے اخراجات بہت کم ہیں۔

دفتر رجسٹرار سے دستور العمل طلب کیجئے

فینسی کٹ پیس رعایتی نرخوں پر

		قیمت فی پونڈ	
۱	ڈوریہ سفید برائے قمیص نہایت اعلیٰ ...		
۲	پاپلین رنگین نہایت اعلیٰ ...	۔	۲
۳	لٹھا ریشمی پھول دار ...	۔	۳
۴	ڈرل ...	۔	۵
۵	...	۔	۲

نوٹ:۔ آرڈر کے ہمراہ چوتھائی قیمت پیشگی آنی بالکل ضروری ہے۔

منیجر فٹ کوٹ کمپنی کٹ پیس مرچنٹ رنچھوڑ لائین کراچی

مسودات حج اور تاریخ اسلامی کے اخراج پر احتجاج

طلباء دار العلوم امینیہ دہلی

محمد یوسف سہارنپوری متعلم مدرسہ امینیہ دہلی

مسلمانان ہند سے اپیل

منظالم مسلمانان الور

سیرت محمد علی

مولانا محمد علی کے ہزارہا معتقد اور ان کی سیرت کے ہزار ہا مشتاق سن کر بہت مسرت ہوگی کہ ان کی سیرت نگاری کا کام ایک حد تک پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے اور اب یہ مسودہ مولانا عبد الماجد صاحب مدیر "سچ" کی زیر نظر ثانی ہے۔ طباعت کا کام اگست سے شروع کر دیا جائے گا اور یادگاری جامعہ کی یہ سیرت انشاء اللہ العزیز تا سیسِ جامعہ (۲۹ اکتوبر) کو شائع ہو جائے گی۔

قیمت غالباً تین روپے ہوگی۔

خریداری کی تمام درخواستیں مندرجہ ذیل پتہ پر بھیجی جائیں۔

منتظم مکتبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

انجمن اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت

سکریٹری انجمن اسلامیہ جامع مسجد ڈابھیل

بلوہ پونڈری ضلع کرنال کے مسلمانوں کی امداد

پسماندگان مقتولین و مجروحین کے لئے اپیل

ممبران انتظامیہ کمیٹی انجمن اسلامیہ کرنال

پنجابی پبلک لائبریری کا جدید انتخاب

دریائے جمنا پر پیراکی کا مقابلہ

منگلور میں بارش

صنعت و حرفت کیلئے ایک مسلم نوجوان کا سفر

بھوپال میں اخبار الجمعیۃ

ایک ریوالور پکڑا گیا

اکسیر حیات

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

البیان فی علوم القرآن

دار الاشاعۃ تفسیر حقانی بلیماران دہلی

بے روزگاری کا آسان علاج

معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں اگر آپکا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

"الجمعیۃ" کی ایجنسی لیکر آپ اپنی خدمت بھی کر سکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دینگے۔

"الجمعیۃ" کی ایجنسی آپ کیلئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

قیمت چار روپیہ (للعہ)

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹورز دربھنگہ

مقویات سراج عالم

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ یوپی

۹ جولائی ۱۹۳۲ء کو کھلے گا۔ امتحان ہائی اسکول کے اختیاری مضامین ہیں۔ تاریخ جغرافیہ عربی فارسی سائنس ڈرائنگ اور کامرس کی تعلیم کا انتظام ہے درجہ ششم تک کے لئے ہندی دفرسٹ فارم آف ورناکیولر کی تعلیم کا بھی انتظام ہے۔ داخلہ و قواعد کی درخواستیں جلد آنا چاہئیں۔

محمد الطاف حسین بی اے علیگ (ہیڈ ماسٹر)

ضرورت ہے

مندرجہ ذیل شہروں اور قصبوں میں الجمعیۃ کے لئے محنتی اور دیانتدار ایجنٹوں کی حیدر آباد دکن۔ اورنگ آباد دکن۔ ناگپور۔ جھانسی۔ علیگڈھ۔ اٹاوہ۔ فرخ آباد۔ فتحپور۔ ایٹہ۔ کانپور۔ اعظم گڈھ۔ فیض آباد۔ بلیا۔ آرہ۔ بہرائچ۔ رائے بریلی۔ لکھنؤ۔ شاہجہانپور۔ شرائط ایجنسی فوراً طلب کریں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

ایک منٹ آئس کریم مشین

قیمت میں حیرت انگیز رعایت

عالیجناب ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ کی رائے

صرف ایک منٹ میں آئس کریم (ملائی کا برف) تیار کر دیتی ہے

لہٰذا فرمائش بھیجنے میں عجلت سے کام لیں

ملنے کا پتہ

ایم۔ اے۔ مجید۔ بلیماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

بسم اللہ
یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
سہ ماہی ۔۔۔
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۷ ۔ ۲۰ ۔ ۲۴ ۔ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ۔۔۔
نصف صفحہ (") ۔۔۔
ایک کالم (") ۔۔۔
½ کالم (") ۔۔۔
¼ کالم (") ۔۔۔

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم جمعہ ۲۶ صفر المظفر ۱۳۵۱ھ مطابق یکم جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۱

معاصرین کے افکار و آراء

حکومت برطانیہ سے مسلمانان ہند کے مطالبات (زمیندار)

مسلم کانفرنس کا "الٹیمیٹم" (ملت)

گورنمنٹ اور کانگریس میں صلح (الجمعیۃ)

احرار اسلام اور ملت اسلامیہ (مدینہ)

ہز ہائینس بہاولپور صاحب اور ان کے نام (نباض)

(منیجر)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

خوزستان کی سرزمین میں ہرمزان اسلام کا علم

ہرمزان کی شکست اور مدینہ میں گرفتاری۔ اسلام
فرش خاک پر خلیفۃ المسلمین کی تلاش

شوستر کی فتح اور ہرمزان کی گرفتاری

ہرمزان کا مدینہ میں داخلہ

ہرمزان کی حیف آرائی

ہرمزان کا سرکار اسلام پر

خوزستان کے مرکز پر اسلامی فوج کی یلغار

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام اطباء کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دارومدار معدہ پر موقوف ہے۔ اور نمک جالینوس ہمدرد دواخانہ دہلی کی خاص چیز ہے تمام معدہ کے عوارضات کا واحد علاج ہے۔ جو معمولی درد شکم سے لیکر خوردنی نمک کو مفید ہے۔ ایک شیشی ہیضہ کو کافی ہوتی ہے۔ قیمت فی شیشی صرف آٹھ آنہ محصول ڈاک۔ بذمہ خریدار مجرب ادویات کی فہرست معہ جنتری ۱۹۳۳ء مفت منگائیے۔

المشتہر
منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

اکسیر جذام

حافظ اقبال حسین بھیا ساہی بھاگلپور

مجرب

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے ... "دوزخ کا کھٹکا" ... "جنت کی کنجی" ...

منیجر کتب خانہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشۂ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے ... قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے ...

قرابادین مفید عام ... لیکن اس کے ذریعہ کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عمر) علاوہ محصول ڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) **کی تلاوت کرنے کا**

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عـہ علاوہ محصول ڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی ۔ عـہ

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معریٰ

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک عربی خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عـہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصول ڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الہٰی میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ؏ قسم دوم حنا شدہ عـہ علاوہ محصول ڈاک جلد پارچہ ۸؍ چرم عـہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ
دہلی

یوم جمعہ ۲۶ صفر المظفر ۱۳۵۱ہجری

ہندوستان کی آزادی کے متعلق مسلمانان ہند کا مطمح نظر
مسلم کانفرنس کے گمراہ کن پروپیگنڈا کا جواب
اراکین جمعیۃ علمائے ہند اور دیگر حریت پرور مسلمانوں کا بیان

اراکین جمعیۃ علمائے ہند اور ہندوستان کے دیگر سربرآوردہ مسلم زعماء کی مجالس سے حسب ذیل اعلان اس بیان کے جواب میں شائع کیا گیا ہے جو شملہ اور لنڈن میں ساتھ ساتھ بعض اراکین مسلم کانفرنس کے دستخطوں سے جاری ہوا ہے:-

چاہیئے۔

انڈین نیشنل کانگرس بھی جو ہر ملت کے اس تیسرے گروہ کی نمائندہ انجمن ہے ان ہی اصولوں کی پابند ہے۔ جو لوگ عدم تشدد کے ساتھ تحریک عصیان مدنی پر عقیدہ رکھتے ہیں ان میں سے ہزارہا جیلوں میں جا چکے ہیں اور ان میں مسلمانوں کی تعداد بھی

[illegible]

مولانا شفیع داؤدی کا بیان
عذر گناہ بدتر از گناہ
(۲)

ہم نے گزشتہ اشاعت میں ج کے متعلق مسودات قانون کے خلاف مسلم رائے عامہ کے مظاہروں سے مولانا شفیع داؤدی کے تجاہل عارفانہ کا ذکر کرتے ہوئے یہ بتایا تھا کہ انہوں نے اپنے اس بیان میں جو پٹنہ کے اخبار اتحاد میں شائع ہوا ہے اور جسے خود انہوں نے ہمارے پاس بغرض اشاعت بھیجا ہے کس طرح اپنی صفائی پیش کرنے کی ناکام کوشش کی ہے۔ [illegible]

یہاں تک مسلم حقوق کی حفاظت کی ہے کہ مسلمین کے مسودہ قانون کو بھی قطعاً مسترد نہیں ہونے دیا ہے بلکہ وہ بھی ابھی تک قائم ہے۔ صرف چند دفعات زیر غور ہیں چنانچہ خود مولانا شفیع داؤدی لکھتے ہیں کہ

"مسلم لیگ کا نام بدل کر پبلک سروس کا نڈیل" (مسودہ قانون متعلق ...) [illegible]

[illegible]

"عالم شریعت"

[illegible]

مسلمانوں کو بیوقوف بنانے کی کوشش

[illegible]

سلیکٹ کمیٹی کی ترمیمات

[illegible]

نام کی تبدیلی

[illegible]

حادثہ جانکاہ

[illegible]

زعماء ملت کی اپیل
عوام الناس اور اخبارات سے خطاب
فرقہ وارانہ منافرت کے اندوہناک نتائج

مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا حسین احمد صاحب مدنی، ڈاکٹر سیف الدین کچلو، ملک برکت علی، مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب، مسٹر آصف علی، مولانا عارف ہسوی صاحب، مولانا عبدالوالی صاحب فرنگی محلی، چودھری خلیق الزماں صاحب اور مسٹر عبدالرحمن صدیقی کے دستخطوں سے حسب ذیل اپیل بغرض اشاعت موصول ہوا ہے:-

[illegible]

آور یا الزام ... خواہ کسی اخبار نویس یا مضمون نگار کے لئے یہ ایک ناقابل معافی گناہ ہے کہ وہ کسی معمولی سے اشتعال پر باہمی منافرت و معاندت کے راگ الاپنے شروع کر دے۔

اخبار نویسوں کی ذمہ داری

[illegible]

ملتوں کے مخصوص مطالبات خواہ کچھ بھی کیوں نہ ہوں انہیں آخر کار ایک ایسے تصفیہ پر متفق ہونا ہی پڑے گا جو تمام ملتوں کے مشترک اقتصادی مفاد کے لئے ضروری ہو اور جس سے بلا امتیاز ہر ملت کے لئے مساوی تحفظات، حقوق اور ذمہ داریوں کی ضمانت ہوتی ہو۔

عوام پر باہمی مخالفت کا اثر

ہم لوگ بھی اس قسم کا تصفیہ کرنے کے لئے اسی قدر بے چین ہیں جتنے کہ ان حقوق و تحفظات کے مدعیان ہو سکتے ہیں اور ہم بھی اس کے انتہائی مخالف ہیں کہ کسی ایک ملت کے حقوق کی قربانی کر کے کسی دوسری ملت کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا جائے۔ [illegible]

تازیانۂ عبرت

[illegible]

خودساختہ لیڈروں کا دجل و فریب
دروغگورا تا بخانہ باید رسانید
(از مولانا حسرت موہانی)

کسی دوسری جگہ ۲۴ جون سے یکم جولائی تک ہفتۂ دعا کا اعلان ملاحظہ طلب ہے۔ دعا کی اس تجویز میں اس بات کا اظہار بھی یقیناً مستور ہے کہ آل انڈیا مسلم کانفرنس کے جلسہ اگزیکٹیو بورڈ میں جس کا انعقاد بمقام الہ آباد بتاریخ ۳ جولائی ۱۹۳۲ء طے پایا ہے۔ اس بات کی پوری کوشش کی جائے گی کہ مسلم کانفرنس کے سرکاری، نیم سرکاری اور معتدل غیر سرکاری ارکان اپنے اس آخری وعدہ سے منحرف نہ ہونے پائیں ... [illegible]

بیشک دنیا پر ان حضرات کی حکومت پرستی کا دجل و فریب روز روشن کی طرح آشکار ہو جائے گا مگر وہ خود کبھی اپنی خطا کو تسلیم نہ کریں گے اور لوگوں کی آنکھوں میں خاک ڈال کر ... شوکت علی کی طرح یہی کہتے رہیں گے کہ حکومت نے اسلامی مطالبات ... منظور کر لیا ہے [illegible]

[illegible]

انگریزی اخبارات کے تراجم
(خاص الجمعیۃ کیلئے)

امریکہ انگلستان اور ہالینڈ غرق ہوجائینگے
ملک معظم کے محل خاص میں مچھلیاں تیرتی پھرینگی
چالیس ہزار برس بعد آنے والے طوفان کی تباہ کاریاں

برطانیہ میں جو حال ہی میں طوفان آیا ہے اس نے سائنس دانوں کی توجہ کو اس وقت ہندوستان کر لیا ہے کہ دوسرا عظیم الشان طوفان کب آئے گا۔ یہ موضوع خاص طور پر توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ ایک سائنس دان کا خیال ہے کہ یہ عظیم طوفان تیس اور چالیس ہزار برس کے درمیان آئے گا جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ برطانیہ کے تمام جزیرے [illegible]

اوٹاوا کانفرنس میں برطانیہ کا مفاد
برطانیہ کو تجارتی منڈیوں کی تلاش ہے

[illegible]

شنگھائی اسکول کی دو لڑکیوں کو سرکاری تحفہ
موجودہ جنگ میں رضاکارانہ خدمات انجام دینے کا صلہ

شنگھائی اسکول کی دو لڑکیوں کو جاپان کے بحری محکمہ کی طرف سے چینی کی موجودہ جنگ میں رضاکارانہ خدمات پیش کرنے کے صلہ میں تحفے موصول ہوئے ہیں۔ یہ تحفے ریشم کے ہیں جو ایک لکڑی کے خوبصورت صندوقچہ میں بند کر کے جاپانی پارلیمنٹ کے نائب صدر نے خود لڑکیوں کو دئے ہیں۔ جاپان کی بحری فوج کے کمانڈر کی طرف سے ان لڑکیوں کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔ ان لڑکیوں نے خطرناک مواقع پر چہرہ اور جسم پر زخم کھا کر رضاکارانہ خدمات انجام دیں اور وہ زمانہ جنگ میں نیلی جاکٹ پہنے رہیں۔ حالانکہ اور بہت سی اسکول کی لڑکیاں بھاگ کر جاپان چلی آئیں۔

پچاس ہزار برس کے انسانی ڈھانچوں کا انکشاف

مسٹر تھیوڈور میکاؤن نے (جو برٹش آثار قدیمہ کے ڈائرکٹر ہیں) فلسطین کے جنوبی حصہ میں کرمل ٹیلہ سے چند انسانی ڈھانچے برآمد کئے ہیں جن کے متعلق ان کا دعویٰ ہے کہ یہ انسان اس قوم سے تعلق رکھتے ہیں جو اب سے پچاس ہزار برس پہلے آباد تھی۔

آپ فرماتے ہیں کہ یہ ڈھانچے نینڈرتھل لوگوں سے زیادہ مشابہت رکھتے ہیں۔ نینڈرتھل لوگ اب سے پانچ لاکھ برس پہلے آباد تھے جن کا دماغ چوڑا، ناک پتلی، گردن گائے کی گردن کے مشابہ تھی۔

امریکہ اور برطانیہ کے بہت سے ماہرین آثار قدیمہ ان ڈھانچوں کی تحقیقات میں لگے ہوئے ہیں۔ ان ڈھانچوں میں ایک بچہ کا ڈھانچہ بھی ہے جس کے دماغ اور مختلف اعضاء کا خاص طور پر معائنہ ہو رہا ہے۔

حبش کا بادشاہ مسلمان سمجھ کر تخت سے اتار دیا گیا

"بمبئی کرانیکل" کا نامہ نگار عدن سے مطلع کرتا ہے کہ حبش کا سابق بادشاہ لجیاسو جسکو تخت سے اتار کر نظر بند کر دیا گیا تھا وہ قید خانہ سے نکل کر بھاگ گیا اور گجام کے پہاڑ میں روپوش ہے۔ لجیاسو شاہ منلک دوم کا پوتا اور راس مچل کا بیٹا ہے۔ ۱۹۱۶ء میں یہ اسلئے تخت سے اتار دیا گیا کہ وہ ایک مسلمان کی طرح زندگی بسر کرتا تھا۔ ملکہ زوڈیتو نے تخت سنبھالا اور اسکے انتقال کے بعد راس تفاری تخت نشین ہوا۔ حالات جلد جلد منقلب ہو رہے ہیں۔

عربی اخبارات کے تراجم
(خاص الجمعیۃ کیلئے)

اسلام کے مستقبل پر ایک مغربی پروفیسر کے خیالات
عیسائیت کے تن نیم جان میں الحاد کا عفریت
ممالک اسلامیہ میں حیات و ترقی کا نیا دور

ڈنمارک کی یونیورسٹی کے پروفیسر مسٹر ... نے آج سے ایک سال پہلے اپنی یونیورسٹی میں "اسلام اور اس کا مستقبل" کے عنوان سے ایک لکچر دیا تھا جو نہ صرف مسلمانوں میں بلکہ وسیع النظر غیر اسلامی طبقوں میں بھی بڑی دلچسپی سے پڑھا گیا۔ یہ لکچر پیرس میں مبلغین میں شائع ہو چکا ہے۔ مجلہ "شہاب" (قسطنطنیہ) نے اس لکچر [illegible]

اسلام کی غیر مخصوص ترقی

[illegible]

موجودہ عیسائیت دہریت کا دوسرا نام ہے

[illegible]

مستقبل میں غلبۂ اسلام

لیکن اس کے مقابلہ میں اسلام کی حقیقی روح اب بھی اسی طرح موجود ہے جس طرح خلفاء اسلام کے زمانہ میں موجود تھی اور جس کا نمونہ پیغمبر اسلام چھوڑ گئے تھے۔ اس مختصر تقابل سے آپ کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ روحانیت کے اعتبار سے اسلام کا درجہ کتنا بلند ہے اور عقلیت کے اعتبار سے اسلام کے اصول کس قدر محفوظ ہیں۔ اسی بنا پر میرا خیال ہے کہ آئندہ جس مذہب کو غلبہ حاصل ہوگا وہ اسلام ہے کیونکہ روحانیت کو مادیت پر ہمیشہ غلبہ حاصل رہا ہے۔

[illegible]

اسلامی ممالک کی نشاۃ ثانیہ

ٹرکی جو مغرب کی اصلاح میں سرد ہو رہا تھا وہ اب توی اور جوان ہو گیا ہے اور مصطفیٰ کمال کی قوت معجزانہ طریق پر ترقی کے مدارج طے کر رہی ہے۔ [illegible] ... سلطان ابن سعود اس وقت عربی ممالک کا سب سے بڑا فرمانروا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ جزیرۂ عرب کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں کا نشان بھی یہی شخص ہے۔

حوادث و احکام

استفتاء

پنجاب کے دیہات میں اکثر جاہل و مشرک پیر گشت لگاتے رہتے ہیں اور لوگوں کے دین و ایمان پر ڈاکہ ڈالتے رہتے ہیں۔ ابھی چند دنوں کا واقعہ ہے کہ یہاں سے قریب ایک موضع سکوں ہے جس میں قلیل آبادی مسلمانوں کی بھی ہے اس میں ایک مسجد ہے اور ایک امام صاحب بھی مقرر ہیں۔ جو کہ پیری مریدی کا سلسلہ بھی رکھتے ہیں۔ ان کے پاس ایک جاہل پیر آکر ٹھیرا جس کی یہ امام صاحب ہر طرح خاطر و مدارات کرتے تھے۔ پیر صاحب نے لوگوں میں یہ عقائد پھیلانے شروع کئے کہ پیر خود خدا ہے پیغمبر کی عبادت کرو۔ اگر یہ بات غلط ہے تو میں قرآن سے یہ مذہب ثابت کر دوں گا۔ کسی مولوی کو نے آکر جو میرے ساتھ مناظرہ کرے۔ اس پر چند با خبر مسلمانوں نے ایک مولوی صاحب کو خبر دی اور وہ چند غیور مسلمانوں کو ساتھ لیکر پیر کے پاس پہنچے اور اس کفریہ عقیدہ پر مواخذہ کیا تو وہ پیر کہنے لگا کہ قرآن شریف میں ہے۔ وَفِي أَنفُسِكُمْ أَفَلَا تُبْصِرُونَ۔ اس سے اس نے یہ استدلال کیا کہ خود قرآن بتلاتا ہے کہ تم تمہارے نفسوں میں ہے پس خدا ہر انسان کے اندر ہے۔ ...

دارالحکومت

منشی عبدالقدیر صاحب کی گرفتاری

یوم اسیران سیاسی کے پوسٹروں کی تلاش

دہلی ۲۹ جون۔ آج پولیس نے منشی عبدالقدیر مالک دوکان عبدالقدیر (الاخوان) کے مکان پر ایک بجے چھاپہ مارا اور تلاشی لی کہا جاتا ہے کہ منشی صاحب نے آئندہ یوم اسیران سیاسی کے سلسلہ میں ایک پوسٹر کفایت نام کے ایک کاتب کو لکھنے کے لئے دیا تھا پولیس کو پتہ چل گیا اور اس نے کفایت کو حراست میں لے لیا کاتب نے منشی صاحب کا حوالہ دیا جس پر پولیس نے ان کے مکان کی تلاشی لی اور انہیں گرفتار کر لے گئی۔ کہا جاتا ہے کہ پولیس نے اس سلسلہ میں منشی فرمان علی ... کے مکان کی بھی تلاشی لی لیکن وہاں سے کوئی قابل اعتراض شے برآمد نہیں ہوئی۔ ایک اور کاتب کے مکان پر بھی پولیس نے چھاپہ مارا ...

جنرل پوسٹ آفس میں دھماکا

ایک لفافہ کا مادہ آتشگیر پھٹ گیا

ڈاکٹر کچلو گرفتار کرلئے جائینگے

مولانا عبدالماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی استقبال اور سپاسنامہ

دہلی میں لو سے اموات

سرحدی کونسل کا فیصلہ مسترد کردیا گیا

گورنر کے اختیارات کا کرشمہ

یورپ خود جنگ کا حامی ہے

مشرقی ممالک کو اسلحہ کی فراہمی

بمبئی کے ہندو مسلمانوں میں پھر خونریز فساد ہوگیا

مجمع کو منتشر کرنے کیلئے پولیس کو گولی چلانی پڑی

۴۵ اشخاص مجروح اور چار ہلاک

بمبئی ۲۹ رجون۔ آج بمبئی میں پھر فرقہ وارانہ خونریز فساد ہوگیا ...

بمبئی میں امن و سکون کے بعد پھر ہنگامہ

دو مسلمان اور ایک یہودی کا قتل

کربلا میں ایک لاکھ شیعہ مسلمانوں کا اجتماع

صحرائے عراق میں چار فرانسیسی افسر گم گشتہ

علماء و زعماء کے بیانات

حضرت مولانا انور شاہ صاحب کشمیری صدر جمعیۃ علماء ہند کی اہلیہ محترمہ کا انتقال

مولانا عبداللطیف صاحب ... کی گرفتاری

پرونشیا میں یہودیوں کی جائداد ضبط

پارلیمنٹ میں صرف صوبجاتی خودمختاری کے متعلق بل پیش کیا جائیگا

فرقہ وارانہ فیصلہ میں تاخیر۔ وفاق ہند کا مسئلہ کھٹائی میں

لندن اور ہندوستان میں وزیر ہند اور وائسرائے کا اعلان

کل دارالعوام میں وزیر ہند سر سیموئل ہور نے وہ بیان سنا دیا جس کا تمام ہندوستان میں بے چینی سے انتظار کیا جا رہا تھا۔ یہ بیان برطانیہ کی متفقہ پالیسی کے عین مطابق ہے ...

(۱) پارلیمنٹ میں صرف صوبجاتی آزادی کے متعلق ایک بل پیش کیا جائے گا (۲) حقیقی وفاق (فیڈریشن) کی تکمیل کو مستقبل پر چھوڑ دیا گیا (۳) فرقہ وارانہ مسئلہ کو ... (۴) گول میز کانفرنس کے ... (۵) ...

ہندوستان کیلئے صرف صوبجاتی خودمختاری

مشاورتی کمیٹی کا انعقاد

تیسری گول میز کانفرنس کا خاتمہ

فرقہ وارانہ فیصلہ کب ہوگا؟

تین جولائی کے بعد آرڈیننس دوبارہ نافذ ہونگے

حکومت نے مطمئن ہوکر یہ قدم اٹھایا ہے

دارالعوام میں وزیر ہند کے دلائل

برطانوی دارالعوام میں کل دوشنبہ کے دن وزیر ہند کے دفتر کے اخراجات اور اس کے اصول کار پر مباحثہ کے سلسلہ میں سر سموئیل ہور نے آرڈیننس کے متعلق بتایا ...

فرقہ وارانہ مسئلہ ضرور طے ہو گا

مبہم اور مشکوک الفاظ کا ذخیرہ

وزیر ہند کا بیان بمبئی کرانیکل کی نظر میں

سوویٹ روس میں اشیاء کے نرخ بڑھانے کا نتیجہ

بلغاریہ کی ترکی آبادی کا قتل عام

چالیس لڑکیاں بھی قتل کردی گئیں

ایڈیٹر ... کے خلاف مقدمہ

ڈاک پر ڈاکہ کے مقدمہ کا فیصلہ

بارودولی کے پٹیلوں کو انوکھی سزا

شاردا ایکٹ کے ماتحت سزا

سابق شاہ امان اللہ خاں کی خودنوشت سوانح عمری

یسام میں آئینی حکومت کا قیام

امریکہ کی اقتصادی تباہی

ڈبلن کانگرس ... کا ایک مجسٹریٹ پر حملہ

مسلم کانفرنس والوں کو ایک اور بہانہ ہاتھ آگیا

سر اقبال اور شفیع داؤدی کے نام تار

آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے صدر کی رہائی

گول میز کمیٹیوں سے سر سپرو کا استعفیٰ

صرف اپریل میں ۱۲۵۰ گرفتاریاں

قومی مذہبی دار العلوم کی تعمیر

اجمیر شریف میں ایسا کوئی ادارہ نہیں جس کا مخصوص ذاتی مکان نہ ہو لیکن اس شرف سے وہی محروم ہے جس کی مذہب کی رو سے سب سے زیادہ ضرورت ہے یعنی عربی دار العلوم اجمیر شریف کہ یہ تقریباً پندرہ سال سے اجمیر شریف میں قائم ہے صدہا طلبہ دور دراز کے رہنے والے اس سے فیضیاب ہوچکے ہیں وہ واحد مذہبی و قومی دار العلوم ہے جو مذہب کے لئے ہمیشہ سینہ سپر ہوتا رہا۔ خلافت و ترک موالات کے کارنامے اسی کی بدولت نمایاں ہوئے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا حق آزادی کے ساتھ اسی نے ادا کیا ہر باطل کے سر پر زور کو کچلنے کیلئے یہی پیش پیش رہا۔ اسی کے سرپرست و اساتذہ و تلامذہ حق گوئی اور اعلان حق کی خاطر اسیر قید فرنگ ہوئے۔ راہ حق میں جو مصائب پیش آئیں وہ اسی پر وارد ہوئیں اسلام اور مسلمانوں کی جانب سے ہمیشہ بے خوف و خطر اسی نے صدائے احتجاج بلند کی یہیں کے پڑھے ہوئے طالب علم آج مسلمانوں کے قائد و رہنما ہیں۔ اب بھی استقلال کے ساتھ حق گوئی و اعلان حق و اشاعت سنت میں یہ دار العلوم ثابت قدم ہے۔

بوجوہ مالی لحاظ سے متزلزل ہوتا رہا لیکن اس کے مذہبی استقلال اور دینی ثابت قدمی میں اس وقت تک کوئی تزلزل نہیں آیا۔ اب بھی یہ دار العلوم جہاد حق میں مصروف ہے اپنی اسی صاف گوئی کی بدولت اس نے روساء و امراء کی سرپرستی کبھی قبول نہیں کی محض غریبوں کی امداد پر نہایت عسرت کے ساتھ اپنے وجود کو قائم رکھا۔ اب بھی غریب مسلمانوں سے اس کی اپیل ہے کہ یہ غریب لیکن ضروری ادارے کا کم از کم کوئی ٹھکانا کر دیں۔ کرایہ کے مکان میں کب تک رہے اس کی ایسی حالت کا خاتمہ ہونا چاہیئے آج مالک مکان اگر خالی کرنے کا نوٹس دے تو اس کے طلبہ اور کتب خانہ اور ضروری سامان کے لئے کوئی ٹھکانا نہیں ہے۔ افسوس ہے کہ سب چیزوں کے لئے ٹھکانا ہو لیکن جہاں ٹھکانا ہو وہ دین اسلام کی تعلیم مسلمانو آپ کی غیرت دینی سے اپیل کی جاتی ہے کہ اپنے مذہبی درسگاہ کا کوئی ٹھکانا بنا دیں اور اس طرح اپنی غیرت دینیہ اور حمیت ملی کا ثبوت دیں یہ عمارت غریب مسلمانوں کی جماعت کے لئے یادگار ہوگی۔ اجمیر شریف میں جہاں امراء و رؤساء [illegible] کی یادگار مدرسہ کی صورت میں قائم ہو جائے گی اور ممکن ہے کہ یہ سب سے زیادہ پائیدار اور بامنفعت ہو۔

(حضرت العلامہ مولانا) معین الدین (صاحب) اجمیری

دفوٹ) ترسیل زر چندہ سکریٹری دار العلوم (حنفیہ صوفیہ) اجمیر شریف کے پتہ سے ہونی چاہیئے۔

مسودات حج کے خلاف احتجاج

انجمن اشاعت اسلام کا یہ جلسہ بصدارت شیخ الحدیث حضرت مولانا مولوی مفتی محمد یسین صاحب مہتمم مدرسہ اشاعت العلوم بریلی ہر سہ گانہ مسودات حج کو ناقابل قبول و برداشت خیال کرتے ہوئے اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہے اور جمعیت علماء ہند کی مجلس مشاورت منعقدہ مراد آباد کی پرزور تائید کرتا ہے اور مسلمانان ہند سے عموماً اور مسلم ممبران اسمبلی و کونسل آف اسٹیٹ سے خصوصاً اپیل کرتا ہے کہ مسودات مذکورہ کی بحالت موجودہ تائید نہ کریں اور مذہبی احکام کا احترام کرتے ہوئے بغیر استصواب و مشورہ علماء دین تصدیق نہ فرمائیں۔

محمد عبد العزیز مدرس مدرسہ اشاعت العلوم

دربھنگہ جمعیۃ الطلبہ کا یہ جلسہ تجاویز طے کردہ جمعیۃ علمائے ہند منعقدہ مراد آباد درباره قوانین متعلقین حجاج و پورٹ حج کمیٹی و جہازراں کمیٹی کی تائید و توثیق کرتا ہوا جلسہ مسلمانان دربھنگہ منعقدہ ۵ ارجون جو بصدارت جناب مولانا حکیم عبد العزیز صاحب و تائید جناب مسٹر محمد شفیع صاحب ایم۔ ایل۔ سی و جناب ڈاکٹر سید محمد فرید صاحب و جناب مولوی عبد الحمید خان صاحب وکیل ہوا تھا ان تجاویز طے کردہ کی مزید توثیق کرتا ہے اور اسی کو اپنی راہ عمل بناتا ہے۔ زیادہ والسلام

محمد زکریا بجنوری عفا اللہ عنہ

صدر جمعیۃ الطلبہ و مدرس مدرسہ امدادیہ دربھنگہ

قضیہ رام گڈھ کے طے کرنے میں سکھوں کی پیشدستی

[illegible]

[illegible]

کر رہے تھے اور دربار سیکر کے نمایندوں سے مسلمانوں کے مطالبات پر تفصیلی بحث ہوئی اور مسلم مطالبات کے حق بجانب ہونے کو اس خوبی سے بیان کیا گیا کہ مخالفین کو سوا تسلیم کرنے کے چارہ نہ رہا۔ سیکر دربار کے نمایندوں کو ماننا پڑا کہ (۱) مسجد کی زمین اپیل اور قبرستان مسلمانوں کے بلاشرکت غیرے مقبوضہ و مملوکہ ہیں (۲) مسجد کے مینار و ہ دیوار تعمیر کرنے کا حق ہر وقت مسلمانوں کو حاصل ہے (۳) قضیہ رامگڈھ کی وجہ سے برخاست شدہ مسلمانوں کو ان کی ملازمتوں پر بحال کرنا ضروری ہے (۴) سیکر کی کونسل میں کم از کم ایک مسلمان ممبر کا تقرر لازمی ہے (۵) آیندہ مسلمانوں کو سرکاری ملازمت سے مسلمان ہونے کی وجہ سے نہ نکالا جانا واجب ہے (۶) سیکر کی ہر ایک تحصیل میں سرکاری اسکول کھلنا ضروری ہے جس میں اردو کی تعلیم کا ہونا بھی لازمی ہے (۷) سیکر کی ہر ایک تحصیل میں سرکاری شفاخانہ کھلنا بھی مناسب ہے (۸) مسلمانوں کو میونسپلٹی میں بقدر تناسب آبادی ممبری کا حق حاصل ہے (۹) مسلمانوں کو ان ٹیکسوں سے آزادی ملنا بھی ضروری ہے جو جے پور ریاست میں نہیں ہیں۔ مسلمانوں کے صرف ایک مطالبہ کو ماننے سے سیکر کے نمایندوں نے انکار کیا اور وہ یہ ہے کہ رامگڈھ کے مسلمانوں کو جو مالی نقصان اس قضیہ میں پہنچا ہے اس کا معاوضہ سیکر سرکار دلائے کیونکہ مسلمانوں کے سب مطالبات حق تسلیم کئے جاچکے ہیں۔

اب وہ وقت آتا ہے کہ یہ معاملہ ختم ہو جائے اور مسلمانان رام گڈھ اپنے وطن میں چین سے بیٹھنا نصیب ہو وہ آخری جلسہ ترتیب پاتا ہے جس میں

وادر راجہ صاحب سیکر کی نمایندگی حروان کے رائیں مسٹر صاحب کرتے ہیں اور مسٹر الیف۔ ایس۔ ینگ بہادر سی۔ آئی۔ ای۔ آئی۔ پی۔ ایس۔ انسپکٹر جنرل پولیس ریاست جے پور بھی شریک ہوتے ہیں۔ پرائیس منسٹر صاحب سیکر راجہ راؤ صاحب کی عدل گستری اور انصاف پروری کا پہلے تو قصیدہ سناتے ہیں اور پھر فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کے مطالبات سب بجا ہیں لیکن انہیں رام گڈھ کے ہندو مسلمانوں میں خوشگوار تعلقات پیدا کرنے ہیں اس لئے سردست دیوار مسجد کی تعمیر تو ملتوی رہے گی اور دیگر مطالبات کو پورا کرنے پر غور کیا جائیگا۔ اب اور مسلمان کیا چاہتے ہیں ایک ممبر سیکر کونسل میں پہلے ہی رکھ دیا گیا ہے رفتہ رفتہ اور باتیں بھی ہو جائیں گی۔

مسلمانوں کو سیکر دربار کے وعدوں کی حقیقت معلوم ہے وہ ان طفل تسلیوں کو بہت سن چکے ہیں۔

محمد بہلول خان درانا صدر جمعیۃ اخاختہ

ایک مسلم ملاح کی گرفتاری

کلکتہ ۸ ارجون۔ سراج میاں ایک مسلم ملاح کو قانون اسلحہ کے ماتحت اس الزام میں گرفتار کیا گیا تھا کہ اس کے پاس سے بارہ نالی کا ایک ریوالور برآمد ہوا عدالت نے ملزم پر جرم عائد کر دی ہے ایک اور شخص کو عدالت نے رہا کیا ہے ملزم کا بیان ہے کہ اس ہتھیار کا ریوالور کلکتہ میں نہیں ملتا۔

بجلی کا کام سیکھنے والو!

بجلی کا کام سیکھنا ہو تو اس سکول میں داخل ہونا چاہیئے جو ڈائرکٹر آف انڈسٹریز کی زیر ہدایات نہایت عمدہ کام سکھا رہا ہو۔ اور ان بورڈ آف انڈسٹریز سے بیکر وزیر تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کرکے اس کی تعلیم کی عمدگی اور ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہو۔ اس سکول کا نام ہے

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ

[illegible]

معاونین الجمعیۃ کا ایک ضروری فرض

اگر آپ الجمعیۃ کے ساتھ حقیقی ہمدردی ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپکا اخبار زیادہ سے زیادہ ترقی کرے تو لیجئے [illegible]

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

شربت فولاد

[illegible]

منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

شربت اکسیر

رجسٹرڈ

اگر تندرستی میں نزتی ہے تو زندگی بیکار ہے

[illegible]

جریان

[illegible]

تازہ سرٹیفکیٹ

[illegible]

ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی۔ ریڈیو نمبر [illegible] کوئی منگوائیے [illegible] اسٹریٹ کلکتہ

بال جڑ سے کالا

[illegible]

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

[illegible]

الجمعیۃ کا نمونہ مفت طلب کیجئے

ایک مہینہ میں انگریزی آجائیگی

[illegible]

پتہ:۔ مشہور بک ایجنسی کلاں محل دہلی

مقویات سراج عالم

[illegible]

بالکل مفت طلب فرمادیں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

حلفیہ بیان کا مطلب

[illegible] نامردی، جریان، سرعت انزال، کثرت احتلام ...... نقائص کو ایک ایک حرکت [illegible] مرد کامل بنا دینے کا دعوی کرتے ہیں [illegible]

[illegible]

ضرغام اللہ خاں سابق شیل ریاست حال محلہ شاہ نظر راولپنڈی

بے روزگاری کا آسان علاج

معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپکے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

"الجمعیۃ" کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کرسکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔

"الجمعیۃ" کی ایجنسی آپکے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھکر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں

پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

[illegible]

ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۵ دہلی

عملیات الوہاب فرشتہ غیب

[illegible]

بوپوسٹ بکس [illegible] ملتان شہر

دہلی میں اسلامیہ مسافر خانہ کی ضرورت
مسلمانان دہلی کی توجہ کے قابل

دہلی چونکہ ایک اسلامی شان و شوکت کا شہر ہے اور ہمیشہ ہندوستان کا دار الخلافہ رہا ہے اور اس وقت بھی حکومت ہند کا پایۂ تخت ہے سیاح اور مسافر اس قدیم اور جدید پایۂ تخت کو دیکھنے اور آثار قدیمہ کی زیارت کے لئے دور دراز ملکوں سے یہاں آتے رہتے ہیں ہندو مسافروں اور سیاحوں کے لئے دہرم شالہ اور مسافر خانے بکثرت یہاں موجود ہیں جہاں وہ چندروز قیام کرکے اپنی ضروریات پوری کر لیتے ہیں۔ اگر تکالیف اور مصائب میں تو بیچارے مسلمان مسافروں کے لئے اس لئے کہ ان کے چندروز قیام کے لئے کوئی مسافر خانہ دہلی میں موجود نہیں جس کی وجہ سے وہ نہایت پریشانیوں میں مبتلا رہتے ہیں۔

حاجی محمد عمر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے پھاٹک حبش خاں میں ایک مسافر خانہ قائم کیا تھا جو عرصہ دس سال سے اپنی استطاعت کے مطابق مسافروں کی خدمت کرتا رہا۔ گو یہ مسافر خانہ مسافروں کی ضرورت کے لئے کافی نہیں تھا۔ مگر کوئی اور مسافر خانہ نہ ہونے کی صورت میں غنیمت تھا لیکن وہ بھی چند وجوہ کی وجہ سے بالکل معدوم ہوگیا۔

حاجی محمد عمر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ سے خاکسار مسافر خانہ میں بغرض الدین مسافروں کی خدمت کی سعادت حاصل کرچکا ہے اور جانتا ہے کہ دہلی میں اکثر غریب الوطن مسلمانوں پر کیا گذرتی ہے۔ لہذا اب ضرورت اس امر کی ہے کہ دہلی جیسے تاریخی شہر میں ایک جدید عظیم الشان مسافر خانہ قائم کیا جائے۔ خاکسار نے دال علی الخیر کفاعلہ کے مصداق قوم کو توجہ دلانا اپنا مذہبی اور انسانی فرض سمجھ کر اس اعلان کو شائع کرنے کی جرأت کی ہے امید ہے

مسلمانان دہلی اس اہم اور ضروری چیز کی طرف توجہ فرما کر اپنے ساتھ اس گنہگار کی کشتی کو بھی کفارۂ نجات تک پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ مسافر خانہ یقیناً صدقہ جاریہ میں داخل ہے جس کا ثواب جلد منقطع نہیں ہوتا بلکہ اس وقت تک باقی رہتا ہے جب تک دنیا میں اس مسافر خانہ کا وجود ہے۔ اس لئے مسلمانان دہلی سے قوی امید ہے کہ اس کار خیر کی طرف ضرور توجہ مبذول فرمائیں گے۔ اللہ تعالی آپ کے اس عمل کو باقیات صالحات میں شمار کرے گا اور مسافر آپ کو دعائے خیر سے یاد کریں گے۔

ایم احمد حسین قریشی

مہتمم سابق اسلامیہ مسافر خانہ پھاٹک حبش خاں دہلی

الکٹرک سیلوشن طاقت کی بے نظیر دوا

ELECTRIC SOLUTION

جو کہ ضعف باہ، جریان، احتلام اور سرعت انزال کی جملہ خرابیوں کو دور کرنے کیلئے عجائبات زمانہ میں سے ہے۔ نامردوں مجلوقوں کے لئے اکسیر بلکہ پیدائشی نقص کے لئے آب حیات ہے۔ نامرد اور مجلوق اگر اس کے چند یوم کے استعمال سے مرد کامل نہ بن جائیں [illegible] بالوس العلاج مریض کو فائدہ پہنچا یا جوانی کی غلط کاریاں اور عیاشی کے بدنتائج صرف اس دوائی سے ہی دور ہو سکتے ہیں۔ [illegible]

[illegible]

قیمت فی شیشی چالیس روز خوراک پانچ روپیہ نمونہ دو ہفتہ کی خوراک دو روپیہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ۔

الکٹرک آئیل

ELETRICOIL

[illegible]

ملنے کا پتہ فیض عالم شفاخانہ بٹالہ (پنجاب)

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہرا پن کی (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہونچتی ہے۔ ہزار ہا ڈاکٹر اور حکیم جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

نپٹ بہرا پن کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)



داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

طلبہ و طالبات کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیورویدک یونانی طبی کالج قرولباغ دہلی کا نصاب تعلیم بالکل مفت حاصل کرنے کی جلد سے جلد کوشش کریں۔

درخواست داخلہ پرنسپل کے نام ۱۵ جولائی ۱۹۳۲ء سے قبل پہنچ جانی چاہئے ہمارا اپنا تعلیمی سال پہلی اگست ۱۹۳۲ء سے شروع ہوتا ہے۔

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم (اردو)

عاشقان مثنوی مولانا روم کی خاطر ہمنے بصرف زرکثیر ایک فاضل اجل اور صوفی اکمل سے اس شرح کو لکھوایا ہے جس میں اول مثنوی کا شعر حل کیا گیا ہے بعض بعض اعراب دیکر لکھا گیا ہے اس کے بعد مشکل الفاظ کی لغات اور صرفی نحوی ترکیب لکھکر شعر کا ترجمہ سلیس اردو میں ایسی طرز سے لکھا ہے کہ جو تحت لفظی بھی ہے اور بامحاورہ بھی اس کے بعد شعر کے مطالب کو قرآن و حدیث اور بزرگان دین کے اقوال کے حوالہ جات سے مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے اور مثنوی کے رموز و نکات کو حل کرنے کے لئے جا بجا مفصل بحث کرکے مشکل عقدے [illegible]

[illegible]

اعلی قیمت حصہ اول بلا جلد دو روپے آٹھ آنہ حصہ دوم دو روپے آٹھ آنہ حصہ سوم دو روپے آٹھ آنہ حصہ چہارم دو روپے آٹھ آنہ حصہ پنجم دو روپے آٹھ آنہ مجلد جس پر سنہری حروف میں کتاب کا نام درج ہے فی حصہ تین روپے چار آنے حصہ اول و دوم یکجا مجلد چھ روپے حصہ سوم و چہارم یکجا مجلد چھ روپے حصہ پنجم علیحدہ مجلد تین روپے چار آنے پانچوں حصوں کو اکٹھا خریدنے پر سوانح مولانا روم از شبلی اور جنتری ۱۹۳۲ء مفت (نوٹ) پسند نہ آنے کی صورت میں قیمت واپس علاوہ ازیں ہر قسم قرآن مجید و حمائل شریف مترجم و معرا اور ہر قسم کی کتابیں عربی فارسی اردو بکفایت ہمارے کتبخانہ سے مل سکتی ہیں۔

ملنے کا پتہ

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی (۷) کشمیری بازار لاہور

ٹینسی کٹ پیس رعایتی نرخوں پر

۱	ڈوریہ سفید برائے قمیض نہایت اعلی ۲ سے ۱۰ گز کا ٹکڑا پونڈ ساڑھے پانچ گز	-	۱
۲	پاپلین رنگین نہایت اعلی ۲ سے ۵ گز کا ٹکڑا پونڈ میں سات گز	-	۲
۳	ٹینسی ریشمی پھول دار ٹکڑے برائے نکٹائی رومال بچوں کے سوٹ	-	۳
۴	وائل پرنٹڈ ہر ایک فٹ کوالٹی ۳ سے ۱۰ گز پونڈ میں ۱۲ گز	-	۵
۵	برڈ کلافقر رنگین نہایت اعلی برائے زنانہ فراک قمیض وغیرہ پونڈ میں ۱۱ گز	-	۴

نوٹ:۔ آرڈر کے ہمراہ ۱ پیشگی آنی بالکل ضروری ہے۔

منیجر نوٹ کمپنی کٹ پیس مرچنٹ رنچھوڑ لائین کراچی

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ یوپی

۹ رجولائی ۳۲ء کو کھلے گا۔ امتحان ہائی اسکول کے اختیاری مضامین ہیں۔ تاریخ، جغرافیہ، عربی، فارسی، سائنس، ڈرائنگ اور کامرس کی تعلیم کا انتظام ہے درجہ ہشتم تک کے لئے ہندی دفرسٹ فارم آف ورناکیولر) کی تعلیم کا بھی انتظام ہے داخلہ و قواعد کی درخواستیں جلد آنا چاہئیں۔

محمد الطاف حسین بی۔ اے۔ علیگ (ہیڈ ماسٹر)

ایک منٹ آئس کریم مشین
قیمت میں حیرت انگیز رعایت

عالی جناب ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ کی رائے

[illegible]

[illegible]

لہذا فرائش بھیجنے میں عجلت سے کام لیں

ریل کا محصول اور پیکنگ کا خرچ خریدار کے ذمہ ہوگا۔ فرائش میں اپنے ریلوے اسٹیشن کا نام ضرور لکھیں

ملنے کا پتہ

ایم۔ اے۔ مجید۔ بلیماران دہلی

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ... ۵ ... ۹ ... ۱۳
۱۷ ... ۲۰ ... ۲۴ ... ۲۸
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ (") ...
ایک کالم (") ...
½ کالم (") ...
¼ کالم (") ...

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی-اے)

جلد ۱۶ | دہلی - یوم سہ شنبہ ۳۰ صفر المظفر ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۲

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

انسانی عظمت و کمالات کا مظہر اتم

اسود واحمر، عرب اور عجم کیلئے ایک دائمی نمونہ

قیصر کے نام خاتم المرسلین کا تبلیغی مکتوب

اسلام کو خدا نے تعالے نے جو تمام ادیان سابقہ و موجودہ پر شرف و امتیاز بخشا ہے وہ اس کی عالمگیر حقیقت ہے جو مکان و زمان کی قید سے بالاتر اور آفتاب کی طرح فیض عمومی کا سرچشمہ ہے۔ اسلام سے پیشتر جس قدر انبیاء کرام ہدایت خلق کیلئے مبعوث ہوتے ان کا دائرہ عمل ایک خاص مقام اور خاص قوم تک محدود تھا۔ وہ اپنی اپنی قوم کی اصلاح کیلئے آئے اور چلے گئے اور جو پیغام انہوں نے سنایا وہ دوسرا پیغام آنے تک ختم ہوگیا لیکن یہ شرف اس انسان کامل کو ختم کر دیا گیا جو اسود و احمر سارے انسان اور عرب و عجم کیلئے مبعوث ہوا تھا جس کی دعوت کیلئے کوئی حد مقرر نہیں کی گئی۔ پیغمبر اسلام کی دعوت و رسالت کے متعلق اللہ تعالے نے فرمایا وما ارسلناک الا کافۃ للناس بشیرا ونذیرا۔ اے نبی! ہم نے تم کو تمام انسانوں کیلئے بشیر و نذیر بنا کر بھیجا ہے۔ پھر فرمایا قل یا ایہا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا۔ اے نبی کہدو کہ میں تمام نوع انسانی کیلئے رسول اور داعی بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ یہ وہ شرف و فضیلت ہے جس میں دنیا کا کوئی مصلح آپ کا شریک و سہیم نہیں ...

کرنا چاہتے تھے۔

قیصر روم کو دعوت اسلام

ان واقعات اور حقائق سے ثابت ہوتا ہے کہ آقائے دو جہاں حبیب رب مختار جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام دنیا کے لئے داعی بنا کر بھیجے گئے تھے اور اس خصوصیت میں کوئی انسان آج تک آپ کا شریک نہیں گزرا۔ اس بات کا مزید ثبوت کہ واقعی آپ تمام اسود و احمر کی طرف داعی الی اللہ بنا کر مبعوث کئے گئے تھے آپکے وہ خطوط ہیں جو آپ نے مختلف سلاطین کو دعوت اسلام کے سلسلہ میں تحریر فرمائے اور آپکے خاص سفراء انکو لیکر مختلف درباروں میں پہونچے ہم یہاں صرف اس مبارک دعوت کا تذکرہ کرتے ہیں جو آپنے روم کے قیصر کو دی اور جس کے حامل حضرت دحیہ کلبی مقرر کئے گئے۔ دحیہ کلبی رضو کو جو مکتوب دیا گیا اس میں قیصر روم کو ان الفاظ میں دعوت اسلام دی گئی تھی "میں تم کو اسلام کی دعوت دیتا ہوں تم اسلام مقبول کر لو جس کے بعد تم سلامت رہوگے۔ اگر تم نے انکار کیا تو تمام ملک کا گناہ تمہاری گردن پر ہوگا" اس نامہ مبارک کو لیکر حضرت دحیہ کلبی بصریٰ پہونچے بصریٰ میں قیصر روم کے ماتحت حارث غسانی حکومت کرتا تھا اس نے اس نامہ مبارک کو قیصر روم کے پاس بھیجدیا۔ اتفاق سے قیصر اس وقت بیت المقدس میں آیا ہوا تھا ...

معاصرین کے افکار و آرا

مسودات حج اور مولوی محمد شفیع داؤدی

ایسٹ انڈیا ویسٹ کارپوریشن

مسلمانوں کیلئے ایک لمحہ فکریہ

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد، عورت، بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mafg Co. (India) P. Box 88. Karachi.

ضرورت ہے

مندرجہ ذیل شہروں اور قصبوں میں الجمعیۃ کے لئے محنتی اور دیانتدار ایجنٹوں کی حیدرآباد دکن، رنگ آباد، ناگپور، جھانسی، علی گڑھ، اٹاوہ، فرخ آباد، فتحپور، ایٹہ، کانپور، اعظم گڈھ، فیض آباد، بلیا، آرہ، بہرائچ، بریلی، لکھنؤ، شاہجہانپور۔ شرائط ایجنسی فوراً طلب کریں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

اکسیر جذام

یہ وہ عطیہ فقیر ہے جو ہزاروں پر تجربہ کر کے بخیال فائدہ عام کے اشتہار دیا ہے جذام کوڑھ جو صاحب اس ناپاک مرض میں مبتلا ہو گئے ہوں ہمارے ہاں سے دوا طلب کر کے کھائیں چار مہینہ میں صحت کلی ہوجاتی ہے اگر بیماری بالکل آیا ہے تو مفلوج عضوؤں میں سوتھنے لگتا ہے قیمت دوا ایک ماہ کیلئے چار روپیہ (للعہ)

بواسیر و ذیابیطس

کی دوا کچھ دنوں تک مفت محصول و پیکنگ کے لئے ۸ روانہ کریں یا ویلیو پی طلب فرمادیں۔

حافظ اقبال حسین بھیٹیا ہی بھاگلپور

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں انہیں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جنمیں اعمال سیہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۸۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جنمیں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں ۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں ان دونوں کتابوں کا رہنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس کا مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے، نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے، اعراب زیر، زبر، پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرلئے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ) مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ؎ قسم دوم حنا شدہ عہ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ چرم عہ

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمایا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رح اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عظم علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عا۱۲

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم سہ شنبہ ۳۰ صفر المظفر ۱۳۵۱ سنہ ہجری

اسلامی ممالک کی خبریں

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

افغانستان میں ترک چاء نوشی کی تحریک

سرکاری افسران اور دیگر چار صد اشخاص کا عہد

جریدہ "اتفاق اسلام" ہرات اطلاع دیتا ہے کہ افغانستان میں ترک چاء نوشی کی تحریک کامیاب ہو رہی ہے اور ڈاکٹر آقائے امام الدین خاں کی سعی بار آور ہو رہی ہے ہرات اور دیگر مقامات کے سربر آوردہ حضرات سے ڈاکٹر صاحب نے چاء کے مضار پر مفصل گفتگو کی اور اس کے مضرات کو ان کے ذہن نشین کرا دیا جس کا اثر یہ ہوا کہ بہت سے لوگوں نے ترک چاء نوشی کے عہد نامہ پر دستخط کر دئے اور آئندہ ترک چاء کا وعدہ فرمایا۔ چنانچہ نائب سالار اور دیگر سرکاری عہدیداران نے نہ صرف خود ترک چاء کا وعدہ فرمایا بلکہ یہ فرض بھی اپنے ذمہ لے لیا کہ وہ ترک چاء کی سعی میں حتی الامکان کوشش کرتے رہیں گے۔ اس وقت پر مطبوعہ عہد نامہ پر چار سو اشخاص نے ترک چاء نوشی کے سلسلہ میں دستخط کر دئے ہیں آئندہ مزید توقع ہے۔

افغانستان میں ایک عجیب الخلقت بچہ

دو سر چار ہاتھ چار پیر

جریدہ اتحاد مظہر ہے کہ قریہ طبقان میں ایک شخص سلطان کے گھر میں ایک عجیب و غریب بچہ پیدا ہوا ہے۔ بچے کے دو سر چار ہاتھ اور چار پیر ہیں۔ اب تک اس کی پیدائش کو چھ روز ہو چکے ہیں مگر وہ اب تک زندہ ہے۔ زیادہ تعجب اور حیرانی کی بات یہ ہے کہ اگر ایک سر ماں کا دودھ نوش کرتا ہے تو دوسرا سر سوتا رہتا ہے۔ اسی طرح ایک منہ سے گریہ کرتا ہے تو دوسرا منہ خاموش رہتا ہے گو یا کائنات عالم کے اثرات سے دونوں سر بیک وقت متاثر نہیں ہوتے۔ اور اگرچہ جسم ایک ہے مگر روحی اور باطنی ارتباط ایک نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ بیک وقت دونوں سر جدا جدا کاموں میں مشغول رہتے ہیں اور ایک سر دوسرے سر کا کوئی اثر قبول نہیں کرتا۔

ملک معظم کی سالگرہ کی تقریب

شاہ نادر خاں کا برقیہ

ذیل کا تار اعلیٰ حضرت نادر شاہ غازی نے ملک معظم جارج خامس کی خدمت میں بتقریب جشن ولادت ارسال فرمایا ہے:-

"میں جشن ولادت کی خوشی میں اعلیٰ حضرت کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں اور صحت و عافیت کا خواہشمند ہوں۔"

ملک معظم کی طرف سے اس کا حسب ذیل جواب موصول ہوا ہے:-

"اپنی سالگرہ کے موقعہ پر آپ کا برقیہ موصول ہوا جس کو میں نے کمال مسرت سے وصول کیا۔ میں آپ کی عنایات کا ممنون ہوں۔ میری جانب سے ہدیہ تشکر قبول فرمائیے۔"

علم حشرات الارض کی بین الملی کانفرنس

حکومت مصر کے نمائندوں کی شرکت

علم حشرات کی بین الملی کانفرنس کا پانچواں اجلاس بماہ جولائی پیرس میں منعقد ہوگا۔ اس کانفرنس میں جو اہم مباحث پیش آئیں گے ان کے پیش نظر حکومت مصر بھی اپنے نمائندے بھیجے گی۔ ممکن ہے کہ مصری حکومت حسن شکری (فلاطوں کی تحقیقات) نمائندہ وزارت زراعت اور پروفیسر عبدالمجید منشاوی کو کانفرنس کی شرکت کے لئے روانہ کرے۔

اس کانفرنس میں حکومت مصر کی جانب سے یہ تجویز پیش ہوگی کہ اس کا آئندہ اجلاس مصر میں منعقد کیا جائے۔ اس کانفرنس میں شہد کی مکھیوں اور کرم پیلہ کے متعلق گرما گرم بحثیں ہوں گی۔

کابل میں مادہ آتش گیر پھٹ گیا

مکان کی چھت منہدم۔ چار اشخاص ہلاک اور ۵ مجروح

دوشنبہ ۱۳ تاریخ کو دو بجے دن جان محمد خان تحویلدار کے مکان میں ایک صندوق پھٹ گیا جس سے مکان کی دیوار اور چھت بالکل منہدم ہو گئی اور چار اشخاص ہلاک اور پانچ مجروح ہوئے۔ صندوق میں شکاری کارتوس اور مچھلی کے شکار کے بم رکھے ہوئے تھے۔ اتفاق سے صندوق میں کسی وجہ سے مادہ آتشگیر کو آگ لگ گئی اور تمام بم فوراً پھٹ گئے۔

علی نگار اور علی تنگ کے درمیان ٹیلیفون

حال میں ٹیلیفون کی ایک جدید لائن مرکز جنتہ سرائے سے اور دوسری لائن مرکز حکومت بیان سے علی نگار اور علی تنگ تک تعمیر ہوگئی ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر مقامات میں بھی ٹیلیفون اور بجلی کے تار تعمیر کئے جا رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایک سال میں افغانستان کے تمام مرکزوں میں بجلی اور ٹیلیفون کے تار کا جال بچھ جائے گا۔

(بسلسلہ صفحہ اوّل)

قیصر۔ پیغمبر کبھی وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتے۔ یہ پیغمبر تم کو کیا سکھاتا ہے؟

ابو سفیان۔ کہتا ہے کہ صرف خدا کی عبادت کرو کسی اور کو اس کا شریک نہ بناؤ۔ نماز پڑھو عفیف اور پارسا رہو قتل نہ کرو۔ صلہ رحمی کرو۔

قیصر۔ اگر یہ سچ ہے تو مجھے یقین ہے کہ میرے قدموں تک اس کا قبضہ ہو جائے گا۔ مجھے معلوم تھا کہ دنیا میں ایک رسول پیدا ہونے والا ہے مگر یہ معلوم نہ تھا کہ وہ عرب میں ہوگا۔ ...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

دنیا کی تمام حکومتوں کا دیوالہ

برطانیہ۔ امریکہ۔ جرمنی۔ فرانس اور جاپان کو مالی خسارہ

دول عالم کو کس طرح نجات مل سکتی ہے؟

آج کل تمام دنیا کی حکومتوں کو مالی بحران نے بہت پریشان کر رکھا ہے اور کوئی ملک ایسا نہیں جو مالی نقصانات سے محفوظ ہو۔ موجودہ وقت میں ہر ایک حکومت اس کوشش میں ہے کہ اس کے سالانہ میزانیہ میں توازن قائم ہو جائے اور مزید نقصانات سے اسے دوچار نہ ہونا پڑے۔ ذیل میں معاصر "ابزرور" کے ایک مضمون کا ترجمہ درج کیا جاتا ہے جس سے دنیا کی تمام حکومتوں کی مالی حالت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

برطانیہ کو ۴۷ کروڑ پونڈ کا خسارہ

معاصر مذکور رکھتا ہے کہ گزشتہ ستمبر میں ہم کو ۴۷ کروڑ پونڈ کا نقصان ہوا ہے مگر خوش قسمتی سے ہماری پوزیشن پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑا ہے۔ انگلستان کی حکومت تبدیل ہوگئی اور اس کی جگہ ایک قومی حکومت (نیشنل گورنمنٹ) قائم ہوئی لیکن نتیجہ یہ نکلا کہ مالی سال کے اختتام پر ... پونڈ کا اضافہ ہوا ہم نے بہت کوشش سے ایک قسم کا مالی سسٹم تیار کیا۔ ... ہم کو امید ہوئی کہ مالی توازن قائم ہو جائے گا ...

امریکہ کو بہت بڑا نقصان

فرانس کا مالی بجٹ

اٹلی کا بجٹ

جرمنی کی مالی تباہی

جاپان کا خسارہ

کناڈا کی حالت زار

افغانستان میں ایرانی سفیر کا ورود

چار آرڈیننسوں کا ایک مجموعی آرڈیننس نافذ کر دیا گیا

پریس آرڈیننس کے اختیارات تمام صوبوں پر محیط ہوں گے

مقامی حکومتوں کے اعلانات

شملہ ۳۰ جون۔ ۳۰ جولائی کو جو چار آرڈیننس ختم ہو رہے ہیں ان کو ملا کر ایک مجموعی آرڈیننس جاری کر دیا گیا ہے جس کا نام آرڈیننس اختیارات خصوصی ہے۔

"آرڈیننس اختیارات خصوصی" میں ان آرڈیننسوں کے اکثر اختیارات شامل ہیں جو آج کل نافذ العمل ہیں مثلاً آرڈیننس اختیارات ہنگامی آرڈیننس ترغیب خلاف آئین آرڈیننس انجمن ہائے خلاف آئین اور آرڈیننس مقاطعہ و انسداد۔

ترمیم و اضافہ

اس موجودہ آرڈیننس میں ہنگامی اختیارات کے آرڈیننس کے بعض اختیارات موجود نہیں ہیں ...

ماتحت حاصل ہوتے۔ ان چار اضلاع سے خارج کر رہا ہے جن میں وہ آج کل موجود ہیں۔ صوبہ دہلی میں ایسے متعدد اختیارات ترک کئے جا رہے ہیں جو موجودہ ہنگامی آرڈیننس کے ماتحت حاصل ہیں۔ صوبہ بمبئی اس کے تین اضلاع میں ان اختیارات کو چھوڑ رہا ہے جو خلاف آئین ترغیب کے آرڈیننس سے حاصل ہوئے ہیں۔ صوبہ بمبئی مقاطعہ کے آرڈیننس سے حاصل شدہ اختیارات کو بیس اضلاع میں نافذ العمل قرار نہیں دے رہا ہے۔ صوبہ بنگال دس اضلاع کو، صوبہ متحدہ ۲۶ اضلاع کو اور پنجاب سترہ اضلاع کو تمام اختیارات سے پاک کر رہا ہے ...

صوبہ متحدہ

آل انڈیا اختیارات

بنگال

صوبہ وار اختیارات

آئینہ پوزیشن

مختلف صوبوں میں نفاذ

مدراس

دہلی

ضروری گزارش

ہندوستان کے ساتھ برطانیہ کا خلفِ عہد

وزیر ہند سر سیموئل ہور کا تازہ بیان

سر سیموئل ہور وزیر ہند نے ۲۷ جون کو دار العوام میں ہندوستان کے متعلق جو بیان پیش کیا ہے وہ موجودہ سیاسیات عالم میں ایک نہایت عبرت انگیز اور سبق آموز دستاویز ہے۔ دنیا کا مورخ جب مستقبل میں ہندوستان کی تاریخ مدون کرے گا اور دور حاضر کے واقعات و حالات پوری تفصیلات کے ساتھ صفحہ قرطاس پر ثبت کئے جائیں گے تو یہ واقعہ کہ حکومت برطانیہ نے صرف ... سال کے عرصہ میں ...

اور صوبجاتی مجالس مقننہ پر عائد کی جائے گی۔ ہاں البتہ مرکز میں بعض ایسے تحفظات رکھے جائیں گے جو "مخصوص حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے ضروری ہوں گے۔" سوال "مرکز میں ذمہ داری" کا نہ رہا تھا کیونکہ وہ ایک طے شدہ چیز تھی صرف "تحفظات" کا مسئلہ باقی رہ گیا تھا۔ ان تحفظات کی نوعیت اصولاً بیان کر دی گئی تھی ...

توثیق و تصدیق

وزیر اعظم کا اعلان

خط تنسیخ

مرکزی ذمہ داری کے صریح وعدے

امید واروں کی مایوسی

رکھی تھی اس سے منحرف ہو رہی ہے۔ مرکز میں تحفظات کے ساتھ ذمہ داری نہیں دی جائے گی۔ فوج اور تعلقات خارجہ کو چھوڑ کر دوسرے مضامین میں ایگزیکٹو مجلس مقننہ کے سامنے جوابدہ نہیں ہوگی۔ حکومت ہند کے دستور اساسی کا وہ تاج نازرجس کی جھلک دکھا کر سپرو اور جیکر کو گول میز کانفرنس کا دلدادہ بنایا گیا تھا اور تحفظات و ذمہ داری کا وہ طلسمی جال جس کو لندن سے ہندوستان تک بچھا کر گاندھی جی کو دوسرے اجلاس میں شرکت کے لئے پھانسا گیا اب آہستہ آہستہ فضا میں تحلیل ہوتا ہوا نظر آ رہا ہے۔ نہ گول میز کانفرنس باقی رہی اور نہ وہ معاہدے باقی رہے جو گول میز والوں سے حکومت برطانیہ نے کئے تھے۔ ہمیں تو پہلے ہی سے ان وعدوں پر یقین نہ تھا ہم تو جانتے ہی تھے کہ ان کا حشر کیا ہوگا البتہ ان لبرلوں اور ماڈریٹوں، سبھائیوں اور کانفرنسیوں سے کوئی پوچھے کہ اب ان کی کیا رائے ہے جو لندن سے توقعات وابستہ کئے بیٹھے تھے اور جو آج اگر با علان نہیں تو اپنے دل میں ضرور یہ کہہ رہے ہوں گے۔

غضب کیا ترے وعدے پہ اعتبار کیا

اور جن کو زبان نہیں تو ضمیر ضرور انہیں اس وقت ملامت کر رہے ہوں گے۔ بین الاقوامی تاریخ میں خلف عہد کی ایک نادر مثال ہے اور اسے اگر غداری کے عبرتناک انجام سے تعبیر کیا جائے تو غلط نہ ہوگا۔

پھر وہی جنگ زرگری

جوں جوں ۳ جولائی قریب آ رہی تھی مسلم کانفرنس کے اراکین پر ایک قسم کی سراسیمگی طاری ہو رہی تھی ...

نیا آرڈیننس

حرب ایجاد کئے گئے تھے وہ بحالہ قائم رکھے گئے صرف ایسی دفعات میں کچھ ترمیم ہو گئی ہے جن کا "ضرورت محسوس نہیں" کی جاتی یا جن کو گذشتہ تجربہ نے بیکار ثابت کر دیا ہے۔ ہمیں افسوس ہے کہ ہم حکومت کی اس پالیسی کو جس کے ماتحت یہ آرڈیننس جاری کئے گئے ہیں خود حکومت کے لئے کسی طرح مفید نہیں سمجھتے۔ چھ مہینے تک آرڈیننسوں کی حکومت قائم رہنے کے بعد اگر اب بھی یہ محسوس کیا جاتا ہے کہ آرڈیننسوں کی ضرورت باقی ہے تو اس کے صاف معنی یہ ہیں کہ حکومت اس طریقہ سے اپنا مقصد حاصل نہیں کر سکتی اور رعام باشندوں کو ناراض کر کے ان کی مرضی اور منشاء کے خلاف زیادہ عرصہ تک کامیاب نہیں ہو سکتی۔ بالخصوص ایسے زمانہ میں جبکہ نیا دستور مرتب کیا جا رہا ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام طبقوں اور جماعتوں کا تعاون حاصل کیا جائے حکومت کا حالات کو درست اور اصلاح کرنے کے بجائے ایک جدید آرڈیننس جاری کر کے عام ناراضگی پیدا کر دینا کسی عنوان تدبر و مآل اندیشی پر مبنی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اگر اس وقت تمام آرڈیننسوں کو ختم ہونے دیا جاتا ہے اور سیاسی قیدیوں کو رہا کر کے کانگریس ورکنگ کمیٹی کو یہ موقع دیا جاتا کہ وہ موجودہ حالات پر غور کر کے کوئی فیصلہ کرتی تو وہ صورت اس صورت حال سے جو پیدا کر دی گئی ہے بدرجہا بہتر ہوتی۔ لیکن ایسا نہیں کیا گیا اور وزیر ہند سر سیموئل ہور نے اس پالیسی کے ماتحت جو آج کل اختیار کئے ہوئے ہیں آرڈیننسوں کا دوبارہ نفاذ ہی مناسب سمجھا اور ایک بہترین موقع کو ہاتھ سے نکل جانے دیا۔ جب رائے عامہ کو نظر انداز کر کے قوت کے زعم پر فیصلہ کرنے کا عالم ہے تو ظاہر ہے کہ اس صورت میں کوئی مفید مشورہ کیا اثر کر سکتا ہے۔

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

دار الحکومت

دہلی میں متعدد اشخاص پر نوٹسوں کی تعمیل
نوٹسوں کی میعاد میں مزید توسیع

بمبئی میں ہنگامہ کو روکنے کے لئے مارشل لار کا نفاذ؟
مجمع کو منتشر کرنے کیلئے پولیس نے تین بار گولی چلائی
۱۳ افراد ہلاک اور ۲۰۱ مجروح

بمبئی یکم جولائی۔ بمبئی میں فرقہ وارانہ جنگ نے اب خطرناک صورت اختیار کر لی ہے۔ آج صبح سے پولیس تین بار گولی چلا چکی ہے۔

ایک مسلم جنازہ پر ہندوؤں کا حملہ
پولیس کی گولیوں سے ایک ہندو اور تین مسلمان ہلاک
بمبئی میں پھر ہنگامہ

بمبئی یکم جولائی۔ کل دوپہر تک شہر میں امن و امان رہا۔ لیکن شام کے وقت فضا پھر مکدر ہوگئی۔ ہندو غنڈوں نے مسلمانوں کی ایک جماعت پر جبکہ جنازہ کو دفن کر کے رام دیوی اور کالبا دیوی کے چوراہے سے گزر رہا تھا۔ پتھروں سوڈا واٹر کی بوتلوں سے حملہ کر دیا جس سے تقریباً نصف درجن مسلمان مجروح ہوگئے۔ پولیس بھی فوراً موقع پر جا پہنچی۔ اس نے فسادیوں کو منتشر کر دیا اور صورتِ حالات پر جلدی قابو پا لیا لیکن قریبی محلوں میں اب بھی خوف و ہراس کا عالم ہے۔

بعد کی اطلاع مظہر ہے کہ تقریباً ۹ بجے کلال واڑی کے قریب ہندو مسلمانوں میں زبردست مقابلہ ہوا۔ جس میں تقریباً ایک درجن اشخاص مجروح ہوگئے۔ ان میں سے کچھ لاٹھیوں سے اور کچھ پتھروں وغیرہ سے مجروح ہوئے ہیں۔ پولیس بھی فوراً جائے وقوع پر پہنچ گئی اور فسادیوں کے باز نہ آنے کی وجہ سے گولی چلانے پر مجبور ہوگئی۔ جس سے ایک ہندو اور تین مسلمان ہلاک ہوگئے۔ حالانکہ پولیس کی کوششوں سے اب یہاں امن و امان قائم ہو گیا ہے۔ لیکن اِکّے دُکّے حملے ہنوز جاری ہیں۔

بمبئی میں کپڑے کا مارکیٹ بند
پولیس کمشنر کے حکم کے خلاف احتجاج

بمبئی ۳۰ رجون۔ آج مولجی جیٹھا مارکیٹ قطعی بند ہو گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ کارروائی پولیس کمشنر کے اس حکم کے خلاف پروٹسٹ کرنے کے لئے کی گئی ہے۔ جو انہوں نے مارکیٹ مذکور کو سودیشی اور بدیشی دو حصوں میں منقسم کرنے کی غرض سے لگائی ہوئی ٹین کی چادروں کو ہٹانے کے لئے دیا تھا۔ گو مارکیٹ کے دروازے کھلے ہیں لیکن اندر تمام دوکانیں بند ہیں۔

جاپان ہندوستان کی منڈیوں پر قبضہ کر رہا ہے
جاپانی مال کے محصول میں اضافہ کیا جائے

بمبئی ۳۰ رجون۔ ایوانِ تجارت ہند کے اکثر ارکان نے وزیر تجارت ہند کی خدمت میں ذیل کا تار ارسال کیا ہے۔

گائے بھینسوں پر پانچ روپیہ سالانہ ٹیکس
دہلی سے طوائفوں کے اخراج کا مسئلہ

مسلم کانفرنس کے التواء کی مخالفت
سر اقبال کے نام مولانا حسرت کا تار

ڈاکٹر سیف الدین کچلو پر نوٹس کی تعمیل
پنجاب کے سات اضلاع میں داخلہ کی ممانعت

مسلم کانفرنس سے شاہ مسعود احمد صاحب کا استعفیٰ

۲۴ گھنٹہ میں ۳۳ اموات

وائرلیس کے مقدمہ کی سماعت
جعلی سکے بنانے کا الزام

میرپور میں ہندوؤں کی شورش
جلوس کا مظاہرہ اور گرفتاریاں

ڈاکٹر کچلو کی کوٹھی پر پہرہ
نامزد مسلک کی نقل و حرکت کی نگرانی

دہلی جیل سے سرخپوشوں کی رہائی

مسلم کانفرنس سے مولانا شفیع داؤدی کا استعفا
مستعفی ہونے کے اسباب

حوادث و احکام
(بسلسلہ صفحہ ۳ کالم ۳)

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

اپنے ساتھ بیوی کو غرق کرنے کی کوشش

مسٹر ڈگلس کے قاتل کو پھانسی کی سزا
ملزم کی طرف سے اپیل دائر کر دی گئی

کھیڑہ میں چار سو اشخاص کی گرفتاری
سیاسی کانفرنس منعقد کرنے کی سعی

مشاورتی کمیٹی میں گاندھی جی کی شرکت
جیل میں گاندھی جی کو دعوت دی جائیگی

جیل سے نظربندوں کا فرار

برطانیہ کی طرف سے آئرلینڈ کی بغاوت کا رد عمل
آئرلینڈ کی مصنوعات پر انگلستان نے بحری محاصل لگا دیئے
ڈی ولیرا موثر جواب سوچ رہے ہیں

اقتصادی مشکلات کا حل صرف ملکی مصنوعات کی ترقی میں ہے
حکومت افغانستان کا نتیجہ خیز اعلان

پشاور ۲ر جولائی۔ افغانستان کی حکومت نے مندرجہ ذیل اعلان کیا ہے۔

مقدمہ سازش کراچی کا فیصلہ
سات ملزمان کو قید سخت کی سزا

مصر میں کامل آزادی کیلئے جدوجہد
برطانیہ سے تصفیہ کی گفتگو کرنے کی تحریک

روس کے تیل کا بین الاقوامی بائیکاٹ
پیرس میں تیل کی کمپنیوں کا مخفی اجلاس

طول و عرض ہند میں گرفتاریاں اور سزایابیاں
کانگریس کی سرگرمیوں کو روکنے کیلئے حکومت کی تدابیر
مختلف صوبوں کے متعلق تازہ ترین اطلاعات

گاندھی جی سے مسٹر ایمرسن کی ملاقات
چار دن تک مصالحت کی گفتگو

لوزان میں وزیر اعظم برطانیہ کی مساعی
جرمنی کو ادائے قرضہ پر آمادہ کرنے کی کوشش

خطوط میں آگ لگانے والوں کی تلاش
ایک سو روپے کا اعلان

گرفتار کرانے والے کو دس ہزار روپیہ انعام
اسلحہ خانہ چاٹگام پر حملہ کرنیوالے کی تلاش

ہندوستان سے ۴۲ کروڑ روپے کا مطالبہ
جنگ عمومی میں ہندوستان کی خدمات کا صلہ

والدہ اور بیوی کے قاتل کو سزائے موت
ساس بہو کی لڑائی کا خطرناک نتیجہ

ڈاکوؤں کے ہاتھوں نمبردار کا قتل
بندوق اور کارتوس لے کر فرار ہوگئے

عراق میں عہد قدیم کے دو مجسموں کی برآمد
مجسموں کا سرقہ اور پولیس کی تفتیش

ہندوستانی مفکرین کو مسٹر چرچل کا عطیہ
گول میز کانفرنس کی موت پر سجدۂ شکر

اسپیشل مجسٹریٹ کے قتل کے سلسلہ میں خانہ تلاشی
ریوالور اور کارتوسوں کی برآمد

کانگریس کے "مخفی غار" پر پولیس کا چھاپہ

جرمنی میں شخصی حکومت کے قیام کیلئے جدوجہد
مارشل ہنڈن برگ کی علیحدگی کا امکان

لوزان کانفرنس کو ناکام بنانے والے
ایک برطانوی مدبر کا بیان

بھڑوچ میں سیاسی کانفرنس کا انعقاد
دو سو سے زائد نمائندے گرفتار

ریاستہائے ہند کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ پر دستخط

بیت المقدس میں دو برطانوی باشندوں پر حملہ
خاوند زخمی اور بیوی ہلاک

سر آغا خاں جہاز تیار کرا رہے ہیں
جہاز پر پانچ لاکھ پونڈ کا صرفہ

فادر ایلون کو انگلستان جانے کی اجازت

امریکہ نے شراب کے جواز کا قانون پاس کر دیا

ازالۂ غلط فہمی!

ہندوستان کے مشہور و مقبول ترین وہر دلعزیز
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

نے اپنے چھبیس سالہ دورِ زندگی میں اپنے اسم بامسمّیٰ ہونیکا جو عملی ثبوت دیا ہے اور اپنے اعلیٰ نصب العین کی بنا پر ملک قوم و فن شریف کی جو بہترین خدمات انجام دی ہیں۔ اور راستی حسن معاملگی وصداقت شعاری و ایمانداری کی بنا پر جو حُسن قبول حاصل کیا ہے اور تدریجاً ترقی طے کر کے بحمد للہ آج جس اوج کمال پر پہنچ گیا ہے اور اپنے زرین اصولوں کی بنا پر جو محیر العقول شہرت ومقبولیت حاصل کی ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔ ضرورت تھی کہ ہمدرد دواخانہ کے اعلیٰ اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ملک و فن کی خدمت کی جاتی لیکن نہایت افسوس کے ساتھ دیکھا جاتا ہے کہ بہت سے غیر ذمہ دار دوا فروشوں نے کورانہ تقلید کے طور پر ہمدرد دواخانہ کی نیک نامی و مقبولیت سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی غرض سے اس کی ہر ہر چیز کی نقل ہی کر لینے کو کافی و ضروری سمجھا ہے اور طرح طرح سے پبلک کو مغالطہ میں ڈالنے کی اور ہمدرد دواخانہ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کیجاتی ہے جس کی بنا پر بے شمار قدردانانِ ہمدرد ہم سے زبانی اور بذریعہ خطوط استفسارات کرتے رہتے ہیں چونکہ سب کو فرداً فرداً جواب دینا بہت مشکل ہے لہٰذا ہم بذریعہ اشتہار ھذا اعلان کر دینا اپنا اخلاقی فرض سمجھتے ہیں کہ ہمدرد دواخانہ دہلی کا جدید یا قدیم مقامی یا بیرونی کسی دواخانہ سے کسی قسم کا تعلق نہیں ہے نہ ہی ہمدرد دواخانہ کی دہلی یا بیرون دہلی میں کوئی شاخ ہے لہٰذا کوئی صاحب نام کی مشابہت اور صورت کی مطابقت سے غلط فہمی کا شکار نہ ہوں صاف ستھرے اصلی مفردات اور صحیح لندن باقاعدہ تیار شدہ مرکبات آپ کو حسب دستور سابق ہمدرد دواخانہ ہی سے مل سکتے ہیں مجھے امید ہے کہ مذکورہ بالا چند سطور پبلک کے اطمینان و رفع شک کے لئے کافی ہونگی۔

اگر آپ ہندوستان کے اس عظیم الشان دواخانہ کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ تو ایک کارڈ لکھ کر دواخانہ کی شاندار فہرست ادویہ معہ جنتری ۱۹۳۲ء مفت طلب فرمائیے۔

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی بازار لال کنواں دہلی

الور کے تازہ حالات

جس رام دیال کے قتل کے الزام میں غفور محمد پہلوان اور چار اور مسلمان گرفتار ہو چکے تھے اسی سلسلہ میں کچھ مسلمان اور گرفتار ہوئے ہیں (۱) ہینا (۲) قاضی امید علی (۳) مرزا مصطفیٰ بیگ (۴) مرزا یسین بیگ اور دو اور جن کے نام معلوم نہیں ہو سکے۔ مقتول کے گواہوں میں سے جو کوئی بھی کسی بھی مسلمان کی طرف اشارہ کر دے بس بغیر بلا مزید ثبوت کے یا بیان کے فوراً گرفتار کر لیا جاتا ہے اور جیل میں بھیج دیا جاتا ہے۔

غفور پہلوان اور چار پہلے گرفتار شدہ مسلمانوں پر بلا شہادت اور بیان لئے فرد جرم لگا دی گئی ہے جس میں تین جرم شامل ہیں۔ بلوہ، قتل اور بغاوت۔

جے پلٹن کی جو رائفلیں خود سپاہیوں نے توڑ کر مسلمانوں پر الزام لگایا ہے اس سلسلہ میں ریاست الور کے ملٹری ایڈوائیزر جے پور سے تشریف لائے تھے۔ آپنے رائفلیں دیکھتے ہی فوراً کہدیا کہ یہ خود سپاہیوں نے توڑی ہیں لکڑی سے نہیں ٹوٹی ہیں اگر لکڑی سے ٹوٹتی تو ہاتھ پر بھی کچھ نہ کچھ چوٹ ضرور آتی مگر کسی ایک سپاہی کے بھی ہاتھ پر خفیف سی چوٹ بھی نہیں ہے۔ اس انگریز ملٹری ایڈوائیزر نے وہی سوالات کئے جو سابق فائرنگ کمیشن کے مسلمان ممبر کپتان الہ داد خاں نے کئے تھے اور جن کی وجہ سے ممبری سے علیحدہ کر دیا تھا سنا ہے کہ اس انگریز ملٹری ایڈوائیزر نے ملٹری ایڈوائیزر گورنمنٹ شملہ کو اس امر کی رپورٹ کر دی ہے اور غالباً ۲۸ جون ۱۹۳۲ء تک ملٹری ایڈوائیزر چیف معہ ایک انگریز آفیسر (دستری) کے الور پہنچیں گے۔ یہ ملٹری ایڈوائیزر راجیت مہاراجہ الور کے گہرے اور قدیم دوست ہیں۔ دیکھئے وہ دوستی کا خیال رکھتے ہیں یا انصاف کا؟

جے پلٹن کے فیر کرنے کے سلسلہ میں پہلے ایک ملٹری کمیشن مقرر ہوا تھا مگر اب دوسرا کمیشن مقرر ہوا ہے جو بلوہ کی تحقیقات کا تھا۔ ۲۰ تاریخ جون ۱۹۳۲ء سے کام شروع ہو گیا ہے ۵ جون ۱۹۳۲ء تک رپورٹ مکمل کر کے مہاراجہ صاحب کو بھیجدی جائے گی۔

(محمد بہلول خاں دانا)

جمعیت المبلغین پونہ کیمپ کا شاندار جلسہ
جمعیۃ علماء ہند کی مساعی کا اعتراف

کل بتاریخ ۲۴ جون ۱۹۳۲ء بروز چہارشنبہ شب میں بعد نماز جمعہ زیر صدارت مولوی محمد عارف حسین صاحب قریشی منعقد ہوا۔ دس بجے جلسہ کی کارروائی شروع ہوئی پہلے تلاوت قرآن مجید بعدہٗ باجازت صدر صاحب جناب ڈاکٹر عبدالسلام صاحب ساکن بمبئی نے تقریر فرمائی جس میں کہ ڈاکٹر صاحب موصوف نے تبلیغ کی طرف مسلمانوں کو توجہ دلائی اور آپ کا خاص موضوع ضرورت تبلیغ تھا۔ بعدہٗ صدر صاحب نے اپنے عالمانہ خطبہ کے ساتھ فاضلانہ تقریر شروع فرمائی۔ اسوۂ حسنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر مفصل روشنی ڈالتے ہوئے مسلمانان پونہ کو جمعیت المبلغین کے ساتھ شریک عمل ہونے پر خاص کر توجہ دلائی اور مسلمانوں سے پرزور الفاظ میں اپیل کی کہ وہ اس انجمن کو کامیاب بنانے کے لئے دامے درمے قدمے ہر طرح سے امداد کریں ڈیڑھ گھنٹہ کی بصیرت افروز تقریر فرمانے کے بعد چند تجاویز حاضرین کے سامنے پیش کیں جو بہ اتفاق پاس ہو گئیں اور وہ حسب ذیل ہیں۔

(۱) مسلمانانِ پونہ کیمپ کا یہ اجتماع اسلامی موجودہ مناقشات باہمی کو نیز آپس میں مخالفت کی رنگت یعنی ہندو مسلم فرقہ وارانہ ذہنیت کو انتہائی نفرت و حقارت سے دیکھتا ہے۔

(۲) موجودہ فسادات بمبئی کو ملکی مفاد کے لئے انتہائی ضرر رساں سمجھتا ہے اور مقامی فضا کی حالت کو دیکھتے ہوئے ہندو مسلم افراد سے درخواست کرتا ہے کہ دہلی میں جس طرح سے ہندو مسلم مشترکہ بورڈ قائم ہوا ہے اگر ضرورت محسوس ہو تو یہاں بھی قائم کیا جاوے تاکہ ملک میں امن و امان قائم رہے۔

(۳) مسلمانوں کا یہ عظیم الشان جلسہ جمعیۃ العلماء ہند کی پالیسی پر اعتماد کلی کرتا ہے اور اس کی مساعی جمیلہ کو بنظر استحسان دیکھتا ہے۔

(۴) یہ جلسہ ان غریب مسلمانوں کو جو انتہائی مظالم کا شکار ہوئے ہیں اور جام شہادت نوش کر چکے ہیں ان کے لئے دعائے مغفرت کرتا ہے۔ (قاضی بشیر احمد قریشی سکریٹری جمعیت المبلغین پونہ کیمپ)

داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

طلبہ وطالبات کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج قرول باغ دہلی کا نصاب تعلیم ... حاصل کرنے کی جلد سے جلد کوشش کریں۔

درخواست داخلہ پرنسپل کے نام ۵ ارجولائی ... ہمارا اپنا تعلیمی سال ... ۱۹۳۲ء سے شروع ہو جائے گا۔

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

بال جڑ سے کالا

بے روزگاری کا آسان علاج
معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے باعث پریشان ہیں اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

"الجمعیۃ" کی ایجنسی لے کر آپ اپنی بہتری کے ساتھ ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔

منیجر اخبار "الجمعیۃ" دہلی

خوب یاد رکھیں

فیض عالم شفاخانہ بٹالہ (پنجاب)

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

اخبار الجمعیۃ
کا نمونہ مفت طلب کیجئے۔ منیجر

عملیات ابوالعوف فرشتۂ غیب

بجلی کا کام سیکھنے والو!

سکول فار الیکٹریشینز لودھیانہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر

بے روزگاری کا بہترین علاج

ایجنٹوں کی ضرورت ہے

ایس۔ رفیق بھائی۔ حبیب سرکل سمبئی

معاونین الجمعیۃ کا ایک ضروری فرض

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

پونچھ ریاست کشمیر انجمن اسلامیہ کی خدمات
ایثار پیشہ حضرات سے امداد کی اپیل

ایہا الناظرین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ سطح زمین پر ایک خطہ ایسا بھی ہے جس کو دنیا کشمیر جنت نظیر کے نام سے موسوم کرتی ہے جہاں کے نظر فریب مناظر۔ دلکش وادیاں اور بوقلموں گلزار بڑے سے بڑے سیاح سے خراج تحسین وصول کرتے ہیں جس کے بنفشہ زار و زعفران سے آنے والے اہل نظر کو مسحور کر کے ہمیشہ کے لئے اپنا دلدادہ بنا لیتے ہیں یہی وہ جگہ ہے جہاں قدرت نے حُسن آفرینی کو درجۂ کمال تک پہنچانے کے علاوہ ذرہ ذرہ اور چپہ چپہ کو دولت لازوال سے مالا مال کر دیا ہے یہاں کی آبادی بیشتر مسلمانوں پر مشتمل ہے قدرت کی ستم ظریفی سمجھئے یا مسلمانوں کی بدقسمتی کہ ان کی ہستی کسی معشوق کے نہایت حسین چہرہ پر نظر بد سے بچنے کے لئے ایک سیاہ بدنما داغ سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی کشمیری مسلمان کی مفلسی و ناداری ضرب المثل ہے تمام دن پہاڑوں کو کھودتا ہے معہ اہل وعیال سخت سے سخت محنت کرتا ہے۔ اپنی جان جوکھوں میں ڈال کر جو دو چار پیسے بشام تک کماتا ہے وہی پیٹ پالنے پر خرچ کرتا ہے۔ نہ پاؤں میں جوتی نہ سر پر صافہ نہ بدن پر کرتہ دنیا کی جنت کے یہ باشندے اسی ہیئت کذائی میں تلف معاش کے سبب ہزاروں ...

اس وقت طلبا کی تعداد تقریباً تین سو ہے اور یہ تعداد یوماً فیوماً ترقی پر ہے۔ ضرورت ہے کہ اس کے دائرۂ عمل کو وسیع کر کے اس اہم کام میں حکومت کا ہاتھ بٹانے کے علاوہ دیہاتی طبقہ کو بھی جو اتنک اس سے قطعی بے بہرہ ہے تعلیم کی ترغیب دی جائے اس کے لئے سرمایہ کی ضرورت ہے۔ بھلا ایسی مفلس قلاش قوم سے جس کی حالت پیشتر عرض کی جا چکی سرمایہ فراہم کیا جائے تو کیسے بس اسی سے اندازہ فرما لیجئے کہ مدرسہ ہذا میں تمام تعلیم تقریباً مفت ہے ان تین سو طلبا سے فیس کی آمدنی میلغ ستر روپیہ ماہوار سے زیادہ نہیں مزید برآں یہ کہ ہر سال کم وبیش دو سو روپیہ کی کتب طلبا کو مفت تقسیم کی جاتی ہیں۔ سری راجہ صاحب بہادر کی عین رعایا پروری ہے کہ پانچ روپیہ ماہوار کی گرانقدر رقم مدرسہ ہذا کو عطا فرماتے ہیں۔ کہنے کو تو یہ ایک بڑی رقم ہے مگر جس ہائی سکول کی آمدنی کے تمام ذرائع مسدود ہوں۔ جہاں کی آبادی کے بمشکل نیم فی صدی لوگوں کو دو وقت پیٹ بھر کر روٹی ملتی ہو جس جگہ کے افراد تعلیم کو ایک بے معنی چیز تصور کرتے ہوں جس مدرسہ کے تمام طلبا کی فیس معاف ہونے کے علاوہ ایک کثیر تعداد کو ادارہ کی طرف سے کتب بھی مفت مہیا کرنی پڑتی ہوں اس کی مالی حالت کا بیان تو کیا تصور ہی ناممکن ہے۔ گذشتہ فسادات بدامنی اور ان کے ردعمل نے حالات کو بد سے بدتر بنا دیا۔ اب ہم اس قابل بھی نہیں رہے کہ آنے والی صدیوں تک اپنی کچھ بھی مدد کر سکیں۔

ایسے بیم وہراس اور مایوسی کے عالم میں ہماری نظر اپنے تمام ہندوستانی ...

صد السعی ثابت نہ ہوگا؟ یقیناً درد مند دل رکھنے والے ایسے بہت سے حضرات ہوں گے جو پونچھ کی اس صدا کی لاج رکھنے کے لئے ہماری جھولی کو خالی نہ دیکھ سکیں گے۔

پیر حسام الدین پریذیڈنٹ انجمن اسلامیہ پونچھ کشمیر

قصبہ منصور میں مسودات حج کیخلاف احتجاج

آج مورخہ ۲۱ جون ۳۲ء کو مسلمانانِ قصبہ منصور کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا حمید الدین صاحب فاضل جامعہ ڈابھیل منعقد ہوا جس میں مولانا محمد ایوب صاحب صدیقی فاضل دیوبند نے جامع تقریر فرماتے ہوئے مسودات قانون حج کے مفاسد پر کافی روشنی ڈالی آخر میں حسب ذیل تجاویز پاس ہوئیں۔

(۱) مسلمانانِ قصبہ منصور کا یہ جلسہ ہر سہ مسودات قانون حج کو نفرت اور حقارت کی نظر سے دیکھتے ہوئے جمعیۃ علماء ہند کی مجلس مشاورت منعقدہ مراد آباد کی قرارداد کی تائید اور توثیق کرتا ہے اور اس حقیقت کا اعلان کرتا ہے کہ جب تک مسلمان اپنی پر امن جدوجہد سے ہندوستان کو کامل طور پر آزاد نہ کرائیں گے اس قسم کے مفاسد کا سد باب نہ ہوگا۔ نیز یہ جلسہ مسلمانوں سے اپیل کرتا ہے کہ موجودہ وقت اور فضا کو غنیمت سمجھ کر اس راہ میں عملی قدم بڑھائیں۔

یہ زیر صدارت جناب حاجی محمد افضل خاں منعقد ہوا۔ ماتحت علاقہ کے نظم ونسق اور پروگرام پر غور و خوض کے بعد مندرجہ ذیل قرارداد بالاتفاق منظور ہوئی۔

یہ اجلاس تجویز کرتا ہے کہ حال علاقہ ناڈیری میں مسجد مقدس کی جو تعمیر ہو رہی ہے جس کے خلاف حکومت سرحد نے نوٹس امتناعی دیکر جواب طلب کیا ہے) ایک تحقیقاتی وفد موقع پر تشریف لے جائے اور ایسے میں مناسب جواب سے حکومت کو مطلع کر دیا جائے۔

ناظم شریعت سب کمیٹی پابینری عبدالمستعان

حکومت یو۔ پی ہفتہ وار اخبار جاری کرے گی

لکھنؤ۔ ۳ر جون۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت صوبجات متحدہ ایک ہفتہ وار اخبار نکالنے والی ہے۔ اخبار کے اجراء کا مقصد نامعلوم ہے۔

مدینہ والے آقا کا اصلی خط

اگر آپ دیکھنے کے مشتاق ہیں تو آج ہی رسالہ مدینہ والے اعلیٰ ایڈیشن کے لئے درخواست بھیجئے ... رسول نمبر میں مدینہ کے جگ داتا کے اس خط کا فوٹو شائع کیا جائیگا ...

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

شریعت کمیٹی پابینری کی مجلس عاملہ کا اجلاس
اہم قرار داد کی منظوری

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ یو۔ پی

۹ جولائی ۱۹۳۲ء کو کھلے گا ... سائنس، ڈرائنگ، اور کامرس کی تعلیم کا انتظام ہے ...

محمد الطاف حسین بی۔ اے۔ علیگ (ہیڈ ماسٹر)

اکسیر حیرت
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

صد ہا مرضوں کی ایک دوا

مقویات سراج عالم

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

اکسیر جذام

مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

ایک منٹ آئس کریم مشین
قیمت میں حیرت انگیز رعایت
عالیجناب ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ کی رائے

ایم اے مجید بلیماران دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

ایک مہینہ میں انگریزی جانیئے

حافظ اقبال حسین بھیشیا بھاگلپور

ضرورت ہے

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ
سہ روزہ — دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ — ششماہی — سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ — ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ...
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۶ | دہلی یوم شنبہ ۴ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۳

معاصرین کے افکار و آراء

مفاہمت کس سے ہو؟ (زمیندار)

مشکلات کا غلط اندازہ (ملت)

مسلم کانفرنس کا نامۂ اعمال

مسلم کانفرنس کا امتحان ہونے والا ہے

صاحب کی سودیشی

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے
(از معاون)

وہ انسان جو تمام کمالات کا خاتم ہے

ربانی محبت و اخلاق کا ابلتا ہوا سرچشمہ

سرور الانبیاء کی سیرت طیبہ کا ایک گوشہ

گروہ انبیاء میں خاتم المرسلین کا درجہ

تواضع ز گردن فرازاں نکوست

مطب وقت
صبح ۸ بجے سے ۱۱ بجے تک

صدر جمعیۃ العلماء ہند کا اعلان
اور علماء و زعماء ملت کی تصدیق

مطب وقت
شام ۵ بجے سے ۹ بجے تک

حکیم مولوی مسعود احمد صاحب جو ایک فارغ التحصیل عالم اور طبیب ہیں ... نے تکمیل خدمت کی غرض سے ایک دواخانہ جاری کیا ہے جس کا نام "وطنی دواخانہ" ہے ...

نوٹ۔ وطنی دواخانہ کی دوائیں اپنی زود اثری کے باعث مقبول ہو چکی ہیں ...

سرور دو جہاں طبیب حاذق صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان

طاقت اور قوت مردمی کا لاجواب نسخہ

عورتوں کے مرض سیلان رحم کا مکمل علاج

ملنے کا پتہ: وطنی دواخانہ (رجسٹرڈ) ماہر طب حکیم مولوی مسعود احمد خاں صاحب صدر بازار دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل حسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ ... علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی ...

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے بجیت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ دس آنہ بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الٰہی میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرمی ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۴ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ ہجری

ارکین جمعیۃ العلماء اور دیگر قوم پرور مسلمانوں کا اعلان

اینگلو انڈین اور نیم سرکاری اخبارات کی پرفریب تنقید

مسلم کانفرنس کے "بعض" بے غیرت ورکنے جمعیت ارکین نے ہندوستان و بیرون ہند میں مسلمانوں کو ذلیل و خوار کرانے اور ہندوستان کی تحریک آزادی کے خلاف ترشا پروپیگنڈا کرنے کی غرض سے جو بیان شائع کیا تھا اس کی تردید نہایت موثر الفاظ میں ذمہ دار مسلم زعماء و علماء کی جانب سے کی جا چکی ہے۔ اور ہم ارکین جمعیۃ علماء ہند اور دیگر قوم پرور مسلمانوں کا وہ اعلان گزشتہ سے پیوستہ اشاعت میں

ہی اس گمراہ کن سعی میں بھی کامیاب نہ ہو گا اور کذب و افترا کا طوفان حق و صداقت کی چٹان سے ٹکرا کر خود بخود پاش پاش ہو جائے گا۔

پنجاب و بنگال کی اکثریت

پہلے اعتراض یعنی پنجاب و بنگال کی اکثریت کے متعلق دستخط کنندگان کی خاموشی کا ذکر کرتے ہوئے انقلاب لکھتا ہے:۔

اصول اور فروع

"انقلاب" کی تلبیسات

دو رنگی

غلطی کا انجام

علیحدگی سندھ

حیثیت نمائندگی

اس کی مصالح اسے یہ اجازت دیتی ہو کہ باشندگان سندھ کے ایک جائز اور مبنی بر انصاف مطالبہ کو تسلیم کر لیا جائے۔ مذکورہ بالا کانفرنس کی کارروائی نے علیحدگی سندھ میں مالی مشکلات کی اہمیت کو بہت کم کر دیا ہے اور اب یہی دیکھنا ہے کہ حکومت اس سلسلہ میں کیا قدم اٹھاتی ہے۔

ڈاکٹر انصاری صاحب کا سفر یورپ

ڈاکٹر انصاری صاحب بجائے ۸ جولائی کے ۷ جولائی کو ڈسٹرکٹ جیل دہلی سے رہا ہو کر باہر تشریف لے آئے ہیں۔ گذشتہ چھ ماہ کا جو عرصہ ڈاکٹر صاحب نے جیل میں گذارا اس کا اثر ممدوح کی صحت پر نہایت ناخوشگوار پڑا ہے اور ہمیں یہ معلوم کر کے بے انتہا فکر و تشویش ہو گئی ہے کہ ڈاکٹر صاحب بہت زیادہ بیمار ہیں اور ان کے طبی مشیروں نے انہیں مشورہ دیا ہے کہ وہ بحالیٔ صحت کے لئے یورپ کا سفر کریں۔ ڈاکٹر انصاری صاحب ملت اسلامیہ کے ایک مایۂ ناز فرزند ہیں

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

علیحدگی سندھ کے متعلق کانفرنس کی رپورٹ

مالی مشکلات کا حل پیدا کیا جا سکتا ہے

بارہ سال کے عرصہ میں خسارہ بچت سے مبدل ہو جائیگا

(نامہ نگار خصوصی)

شملہ ۴ جولائی۔ سندھ کانفرنس کے صدر مسٹر اے۔ ایف۔ ایل برین کی رپورٹ شائع ہو گئی ہے۔ یہ کانفرنس اس عہدہ کے مطابق مقرر کی گئی تھی جو گزشتہ سال یکم دسمبر کو وزیر اعظم نے گول میز کانفرنس کے سامنے بیان دیتے ہوئے کیا تھا۔ اور جس کا مفاد یہ تھا کہ ملک معظم کی حکومت نے اس اصول کو تسلیم کر لیا ہے کہ اگر صوبہ سندھ کے مصارف پورے کرنے کا اطمینان بخش ذریعہ معلوم ہو جائے تو سندھ کو ایک علیحدہ صوبہ بنا دیا جائے اور اس کانفرنس کا مقصد یہ تھا کہ ماہرین کی اوڈنگ کمیٹی نے گزشتہ موسم گرما میں جو تحقیقات کی تھی اس کے نتیجہ میں پیدا شدہ مشکلات کا حل تلاش کیا جائے۔

بھی شامل ہوں گے۔ حالانکہ یہی خسارہ اوڈنگ رپورٹ میں ۱۰۷۔۴۵ لاکھ روپیہ دکھایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ علیحدگی کے آغاز میں سندھ پر صرف ان مصارف پنشن کے بار ڈالے جائیں کی تجویز جو سندھ میں ادا کئے جاتے ہوں اور یہ تجویز کہ سکھر بند کے علاوہ علیحدگی سے قبل جو قرضہ لیا گیا ہو اس کی ادائیگی پچاس سال میں کی جائے قابل قبول ہو گی۔ یہ خسارہ چھ سال تک اسی طرح جاری رہیگا اور اس مدت میں سکھر بند سے جو مزید محصول حاصل ہو گا وہ سود میں ادا کیا جاتا رہے گا۔ اس کے بعد بقایا بڑھتی جائے گی جس کو عام مقاصد کے لئے استعمال کیا

ماہرین کی کمیٹی اور ہندوستانی کی رائے

ترقی کے لئے ضروریات

اکثریت کی بحال

امدادی ضرورت

جدید تجاویز

مسٹر برین کا تخمینہ

مسٹر برین کا تخمینہ یہ ہے کہ یکم اپریل ۱۹۳۳ء کو (یہ تاریخ موجودہ حالات میں فرض کر لی گئی ہے) ۸۰.۵ لاکھ روپیہ کا خسارہ آئے گا جس میں علیحدگی کے مصارف

اور پانی کی تقسیم میں پوری قابلیت اور صارفت سے کام لیا جائے۔ اور آبپاشی کے محصولات وصول کرنے کا صحیح انتظام ہو اور زراعت کے طریقوں کی ترقی اور ہمت افزائی کا پورا اہتمام کیا جائے۔

(ایسوسی ایٹڈ پریس)

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

"نواح مدراس میں یوم مال گزاری"

ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانہ میں کاشتکاروں پر مظالم

۱۸۵۶ء کے ایک انگریزی رسالہ کا اقتباس

مندرجہ ذیل مضمون ہم کو اپنے ایک کرمفرما دوست سے موصول ہوا ہے جس کا ترجمہ خود موصوف نے ایک انگریزی رسالہ سے کیا ہے۔ یہ تمام مضمون رسالہ "اؤس ہولڈ ورڈس" مورخہ ۵ اپریل ۱۸۵۶ء سے ماخوذ ہے جس کے ایڈیٹر مسٹر چارلس ڈکنس تھے۔ آپ ۱۸۱۲ء میں بمقام پورٹس ماؤتھ پیدا ہوئے اور ۱۸۷۰ء میں انتقال کیا۔

ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانۂ حکومت میں جو بے عنوانیاں وصول مالیہ کے سلسلہ میں ہوتی تھیں موصوف نے ان پر اپنے اس رسالہ میں تنقیدی نظر ڈالی ہے اور نمونہ کے طور پر صوبہ مدراس کے واقعات درج کئے ہیں۔ ہم اس مضمون کو تشکر یہ کے ساتھ

نفرت انگیز تصویر

ایسٹ انڈیا کمپنی کا خوفناک عمل

استحصال بالجبر کا محکمہ

(باقی آئندہ)

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

شرق اردن پر ابن رفادہ کا حملہ

کیا شرق اردن حکومت حجاز کے خلاف سازش میں شریک ہے؟

مصر میں حکومت شرق اردن کے معتمد کا کارنامہ

معاصر ام القریٰ (مکہ مکرمہ) کی تازہ ترین اشاعت میں حدود شرق اردن اور حجاز پر ابن رفادہ کی ترکتازیوں کے متعلق ذیل کا مقالہ شائع ہوا ہے:۔

اسی اخبار (ام القریٰ) میں کسی دوسری جگہ ایک سرکاری اعلان درج ہے جس میں حکومت نے اس خبر کی حقیقت سے پردہ اٹھایا ہے جو سیار اور سارہ سے حجاز کی سرحد میں داخل ہونے اور وہاں شر و فساد پھیلانے کے متعلق ہے۔

سرکاری اعلان میں جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی اس عادت کا کھلے الفاظ میں تذکرہ کیا گیا ہے

شرق اردن کی اکثریت پر افسوس

اصل حقیقت کا انکشاف

حجاز کے خلاف خفیہ سازش

انتقادات

پیشوا کا رسول نمبر

دہلی کے مشہور و معروف ماہوار رسالہ پیشوا کا رسول نمبر طبع ہو کر شائع ہو چکا ہے اور اپنی گزشتہ روایات کے مطابق صوری و معنوی خوبیوں سے آراستہ و پیراستہ ہے۔ اس مرتبہ بھی عزیز حسن صاحب بقائی مدیر پیشوا نے اس ضخیم مجموعۂ مضامین کی ترتیب و تدوین میں نہایت محنت و سعی سے کام لیا ہے اور ایسے مضامین اور نظمیں جمع کی ہیں جو ہر اعتبار سے قابل داد و قابل ستائش ہیں۔ بالخصوص وہ مضامین اور نظمیں جو غیر مسلموں کے رشحات قلم کا نتیجہ ہیں اور جن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے مختلف پہلوؤں کو روشنی میں لایا گیا ہے۔

ہے۔ اگر کوئی صاحب صرف رسول نمبر طلب کرنا چاہیں تو اس کی قیمت ایک روپیہ ہے۔ ٹائٹل رنگین ہے۔ طباعت و کتابت بہترین اور کاغذ سفید اور چکنا ہے۔ ملنے کا پتہ:۔ منیجر رسالہ پیشوا۔ کوچہ چیلاں۔ دہلی

اسرار التنزیل فی تفسیر سورۃ الفیل

مصنفہ مولانا عبد البصیر صاحب

یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے سورۃ الفیل کی تفسیر ہے جو نئے اسلوب سے دلائل اور جدید علمی انکشافات کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی ہے۔ پہلے سورہ فیل کا اردو ترجمہ ہے اس کے بعد اس کی نحوی ترکیب کی گئی ہے۔ تفسیر میں قدماء کی تفسیر کے ساتھ ساتھ جدید معلومات اور انکشافات سے بہت زیادہ مدد لی گئی ہے اور قرآنی حقائق کو تاریخ اور اثری تحقیقات کی روشنی میں نمایاں کیا گیا ہے۔ ہر لفظ کی تشریح اور تفسیر کے ساتھ ہی ان تمام شبہات کا ازالہ بھی کیا گیا ہے جو اسلام کے اندرونی اور بیرونی دشمنوں کی طرف سے پیش کئے جاتے ہیں۔

مبشرات المولود

دارالحکومت

دہلی میں یوم اسیران کے مظاہرے اور جلوس

چالیس اشخاص گرفتار پولیس کا لاٹھی چارج

سائکلو اسٹائل مشین پولیس کے حوالہ کردی گئی

دہلی ۵ جولائی۔ کل شہر میں یوم گاندھی اور یوم اسیران سیاسی کے سلسلہ میں جزوی ہڑتال رہی۔ [illegible]

مولانا نورالدین صاحب اسیر فرنگ کی

اہلیہ مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت اور قرآن خوانی

[illegible]

اعلیٰ حضرت نظام دہلی تشریف لائیں گے

[illegible]

فرقہ وارانہ مسائل کے متعلق برطانی حکومت کا فیصلہ

کونسلیں مشترکہ انتخاب کا فیصلہ کریں گی

پست اقوام اور مزدوروں کیلئے خاص نمائندگی

لندن ۵ جولائی وزیر ہند نے دارالعوام میں جدید ہندوستانی دستور کے متعلق جو اعلان کیا تھا اس میں اس امر کی طرف بھی اشارہ تھا کہ برطانوی حکومت عنقریب فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق اپنے انقطاعی فیصلہ کا اعلان کردے گی۔ باخبر حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت نے فیصلہ تو مرتب کرلیا ہے لیکن اس کے جزئیات پر مفصل بحث و تمحیص نہیں ہوئی ہے۔ مزید براں مخالف جماعت کو بھی بعض امور سے اختلاف رائے ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ برطانوی حکومت نے مسلم مطالبات کے پیش نظر جداگانہ انتخاب کو برقرار رکھا ہے۔ اور یہ فیصلہ کیا ہے کہ اگر اور جس وقت کسی صوبجاتی مجلس قانون ساز نے کثرت رائے سے جس میں اقلیت کے ۲/۳ ممبران کی رائے شامل ہوگی مشترکہ انتخاب کے اصولوں کو تسلیم کرلیا تو اس صوبہ میں مشترکہ انتخاب جداگانہ انتخاب کی جگہ جاری ہو جائے گا۔

اس طرح حکومت نے جداگانہ سے مشترکہ انتخاب کی جانب رجوع کرنے کے لئے وقت کی قید نہیں لگائی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ برطانوی حکومت نے مرکز اور صوبوں میں اقلیتوں کے لئے نشستوں کی تخصیص کے اصول کو بھی تسلیم کیا ہے لیکن اس کے ساتھ یہ قید لگادی ہے کہ وفاقی مجلس قانون ساز (فیڈرل اسمبلی) نے جدید دستور کی کارفرمائی کے تجربہ کے دوران میں نشستوں کی تخصیص کو غیر ممکن العمل خیال کیا تو وہ اپنی اکثریت کے ذریعہ اس اصول کو منسوخ کرسکے گی۔

اچھوتوں کی نمائندگی کے متعلق معلوم ہوا ہے۔ اختلاف رائے ہے۔ کہا جاتا ہے۔ مخالف جماعت اچھوتوں کو مخصوص نمائندگی دینے کے حق میں نہیں ہے لیکن کابینہ کی اکثریت اچھوتوں کے لئے مخصوص نمائندگی کم سے کم سال کے واسطے لابد تصور کرتی ہے۔ لیکن مزدوروں اور یونیورسٹی کی مخصوص نمائندگی پر سب کو اتفاق ہے۔

بنارس میں سرکردہ رہنماؤں کا اجتماع

مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی شرکت

[illegible]

جمعیۃ علماء ہند کے دفتر پر پولیس کا دھاوا

ایک رضاکار کی گرفتاری

[illegible]

ڈاکٹر انصاری صاحب کی اچانک رہائی

[illegible]

صدر جمعیۃ علماء ہند کی علالت سے مسلمانوں میں تشویش

مفتی صاحب کو کسی سرد مقام میں تبدیل کیا جائے

(خاص تار جمعیۃ)

[illegible]

رنگون میں تین لڑکیوں کا بے رحمانہ قتل

معمولی زیور کے لئے قاتلوں کی سنگدلی

[illegible]

مسلم کانفرنس کے اراکان کو الٹی میٹم

حکومت سے تعاون کی حکمت عملی بے سود ثابت ہوئی

جماعت احرار کے قیام کی تجویز

[illegible]

اسمبلی کے ممبران کا حکومت کے خلاف احتجاج

جدید آرڈیننس بغیر مشورہ کے کیوں نافذ کیا گیا

[illegible]

این۔ ڈبلیو ریلوے کو زبردست خسارہ

بعض لائنوں کو بند کرنے کا ارادہ

[illegible]

بمبئی کی تجارت ایک تہائی رہ گئی

ہندو مسلم فساد کا تباہ کن اثر

[illegible]

برہم پور میں بم کیس کا فیصلہ

تین ملزموں کو مختلف میعاد کی سزائیں

[illegible]

سیاسی اسیروں کی رہائی کے متعلق نئی اطلاع

جیل میں کانگریسی لیڈروں کیساتھ تبادلہ خیال

دارالعوام میں لانسبری کی تجویز

[illegible]

ریلوے ٹرینوں کو روک کر اشتہارات کی تقسیم

یوپی میں ایک منظم تحریک کا آغاز

کانگریسی جھنڈوں کا مظاہرہ

[illegible]

ضلع مدناپور میں گولی چل گئی

دو کانگریسی ہلاک اور متعدد زخمی

[illegible]

مفلسی سے تنگ آکر لڑکے اور لڑکی کو زہر

[illegible]

برطانی مال پر مزید محصول لگایا جائے

حکومت کو ایوان تجارت ہند کا تار

[illegible]

ریاست کشمیر میں ایک مسلم وزیر کا تقرر

[illegible]

اعتدال پسند حکومت کی حکمت عملی سے ناراض ہوگئے ہیں

پارلیمنٹ میں کانگریس کے ساتھ تعاون کرنے پر بحث

مخالف جماعت کے رکن مسٹر لانسبری کا نوٹس

لندن ۸ جولائی معلوم ہوا ہے کہ مسٹر لانسبری نے جو برطانوی پارلیمنٹ کے دارالعوام میں مخالف جماعت کے لیڈر ہیں حکومت سے دریافت کرنے کا نوٹس دیا ہے کہ ہندوستان کی موجودہ نازک سیاسی صورت حالات کے پیش نظر جب کہ اعتدال پسند حکومت کی تازہ حکمت عملی سے ناراض ہوگئے ہیں۔ حکومت کی پوزیشن کیا ہے آیا وہ ان کو مطمئن کرنے کے لئے کوشش کرے گی؟ اگر ایسا ہے تو وہ کونسا ذریعہ اختیار کرے گی۔

معلوم ہوا ہے کہ مسٹر لانسبری اس امر پر زور دیں گے کہ کانگریس کے ساتھ سمجھوتہ کی اشد ضرورت ہے۔ مسٹر لانسبری کے مذکورہ نوٹس پر ۱۴ جولائی ۱۹۳۲ء کو دارالعوام میں زبردست اور گرماگرم مباحثہ ہوگا یہ اجلاس ہندوستان کے لئے بہت زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ کیونکہ اس میں دارالعوام جس فیصلے پر پہنچے گا اس سے یہ ظاہر ہو جائے گا کہ وہ تعاون کے لئے کس حد تک تیار ہے۔

دہرہ دون ایکسپریس کو لوٹنے کی سازش

پٹریاں اکھیڑ ڈالی گئیں

دہرہ دون ۸ جولائی۔ گذشتہ شب دہلی ایکسپریس کو لوٹنے کی ایک افسوسناک سازش کا ظہور ہوا جب کہ ٹرین ہرادالا اور مقام پور اسٹیشنوں کے درمیان میں دہرہ دون سے صرف پانچ میل کے فاصلہ پر تھی ڈرائیور نے یہ دیکھا کہ کچھ پٹریاں اکھڑی ہوئی ہیں وقت رات میں نو بجے کا تھا۔ دہلی ایکسپریس دہرہ دون سے اپنی پوری رفتار کے ساتھ جارہا تھا۔ ڈرائیور نے دور سے تیز روشنی میں اتفاق سے یہ دیکھا کہ پٹری کے نیچے کی پلیٹیں بکھری ہوئی ہیں اس سے ایک دن پہلے ٹرینوں کو روکنے کے واقعات ہوچکے تھے اور ڈرائیور چونکنا تھا اس نے سمجھ لیا کہ ضرور کچھ شرارت ہے چنانچہ اس نے رفتار کم کردی یہاں تک کہ اس مقام سے صرف چند گز پہلے گاڑی کو روک لیا۔ ٹرین روکنے کے بعد معلوم ہوا کہ اگر ذرا سی بھی غفلت ہو جاتی تو نہایت ہی سخت حادثہ ہوتا اور کوئی نہیں کہہ سکتا کہ اس کا کیا نتیجہ ہوتا۔ ٹرین تقریباً دس منٹ رکی رہی اس کے بعد آہستہ آہستہ روانہ ہوئی۔

پولیس اس واقعہ کی تحقیقات کر رہی ہے لیکن شرارت کرنے والے کا اب تک کچھ سراغ نہیں ملا ہے۔

مجلس وفاق کا اجلاس لندن مدعو کیا جائیگا

حکومت پر مہاراجگان کا دباؤ

شملہ ۸ جولائی۔ ہندوستانی اصلاحات کے سلسلہ میں وزیر ہند کے اعلان کے بعد چونکہ ایک نیسری کانفرنس درحقیقت میں گول میز نہیں ہوگی بلکہ محض ایک کانفرنس کی حیثیت سے سابق گول میزوں کی مرتب کردہ اسکیم کے متعلق انقطاعی فیصلہ کرے گی۔ [illegible] مہاراجگان کی جانب سے حکومت ہند پر اس ضرورت کو واضح کردیا ہے کہ کم سے کم مجلس واضع دستور وفاقی (فیڈرل کمیٹی) کے ہندوستانی ارکان کو ضرور لندن میں مدعو کیا جائے۔ کیونکہ ان کی رائے میں جدید دستور کی کامیابی کے لئے ہندوستانی ارکان کی لندن میں موجودگی نہایت ضروری ہے۔ قائم مقام صدر الیوان والیان ریاست مذکورہ بالا خیالات کو مہاراجگان کی جانب سے حکومت کے سامنے پیش کرنے کی غرض سے عنقریب شملہ پہنچنے والے ہیں۔

باخبر حلقوں میں کہا جاتا ہے کہ فیڈرل کمیٹی کے اجلاس کو ریاستی امور کے فیصلہ کے لئے بہت اہم تصور کرتے ہیں۔

سات لاکھ مزدوروں کی ہڑتال کا خطرہ

ریلوے ملازمین کے مطالبات

[illegible]

ایک ہیڈ کانسٹبل کے خلاف استغاثہ

گاندھی ٹوپی اتارنے کا الزام

[illegible]

سر آغا خاں ہندوستانی نمائندوں کے لیڈر

[illegible]

مسٹر جیکر گاندھی جی سے ملاقات کریں گے

[illegible]

بنارس میں سیاسی رہنماؤں کا اجتماع

پنڈت مالویہ سے سپرو، کچلو اور آصف علی کی ملاقات

مسائل حاضرہ پر رازدارانہ گفتگو

بنارس ۸ جولائی۔ ڈاکٹر تیج بہادر سپرو نے جیسا کہ پہلے اطلاع دی جاچکی ہے یہاں آنے کے بعد مالوی جی سے ملاقات کی۔ ایک دن پہلے ان میں تبادلہ خیال ہوچکا تھا اس کے بعد اس کی ضرورت پیش آئی کہ دیگر قائدین کانگریس سے بھی گفتگو کی جائے۔ چنانچہ ڈاکٹر کچلو قائم مقام صدر کانگریس بھی دہلی سے آگئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ دوران گفتگو میں علاوہ مفاہمت اور مصالحت کے امکانات کے قانونی حیثیت سے آرڈیننس کے جواز پر بھی غور کیا گیا۔ [illegible]

بمبئی میں موسلادھار بارش

فرقہ وارانہ فساد پر پانی پڑ گیا

پٹنہ ۵ رجولائی۔ مظفر پور سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ تلک میدان کو مسلح فوج کے قبضہ سے حاصل کرنے کے لئے بہت سے کانگریسی کارکنوں نے میدان پر دھاوا بولا۔ پولیس بھی کافی تعداد میں موجود تھی اس نے حملہ آوروں کو لاٹھیوں سے منتشر کیا۔ دستے کے بعد دستے حملہ کرنے کے لئے آگے آئے اور گرفتار کر لئے گئے۔ فوج نے کچھ مزاحمت نہیں کی۔ کملیانی سے دھرمشالہ تک پوری سڑک پر پولیس کا زبردست پہرہ لگا ہوا تھا پولیس نے بعض گرفتار شدگان کو رہا کر دیا ہے۔

دریائے چناب میں زبردست سیلاب

سینکڑوں عمارات برباد متعدد دیہات کو خطرہ

جھنگ مگھیانہ ۵ رجولائی۔ دریائے جہلم میں زبردست طغیانی آجانے کے باعث کوٹ عیسیٰ شاہ و جھنڈ الٹریانہ، سلام پور، فراز، حیوانہ، سن ساجد وغیرہ کے دیہات زیر آب ہیں۔ جھنگ اور مگھیانہ کے علاوہ دیگر مقامات پر بھی متعدد غیر سرکاری عمارات منہدم ہو گئی ہیں۔ کئی اشخاص کی نعشیں بہتی ہوئی ملی ہیں بہت سے مویشی بھی ہلاک ہو گئے ہیں۔ دیہاتی پریشان ہیں۔ جانی و مالی نقصان کا صحیح اندازہ اس وقت مشکل ہے۔

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری لاہور کی عدالت میں

بار ایسوسی ایشن کی طرف سے سابق فیصلہ کے خلاف اپیل

شاہ صاحب کی نسبت سرکاری وکیل کا دروغ بے فروغ

لاہور ۲ رجولائی۔ کل عدالت عالیہ میں مسٹر جسٹس کری نے سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مرافعہ کی سماعت کی۔ یہ اپیل بار ایسوسی ایشن کے مسلم ارکان کی طرف سے پیش کی گئی تھی۔ شاہ صاحب کی طرف سے میاں عبد العزیز بیرسٹر (صدر بلدیہ لاہور) اور سرکار کی طرف سے مسٹر رشید گورنمنٹ ایڈوکیٹ پیش ہوئے۔

شاہ صاحب کو مسٹر عبد الصمد خان مجسٹریٹ دہلی نے مورخہ ۲۴ مارچ ۱۹۳۲ء کو زیر دفعہ ۱۲۴ الف باغیانہ تقریروں کے سلسلہ میں دو جرموں میں ایک ایک سال قید اور ڈھائی ڈھائی سو روپے جرمانہ کی سزا دی تھی۔ یہ تقریریں ماہ اپریل ۱۹۳۱ء میں دہلی میں کی گئی تھیں۔

میاں عبد العزیز صاحب نے دوران بحث میں کہا کہ شاہ صاحب نے عوام کے سامنے حقائق بیان کئے تھے اور حقائق کا بیان کرنا بغاوت کی تعریف میں نہیں آتا ...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

بالشویک روس کا فوجی اور ہوائی نظام

چھ کروڑ بچوں اور ۲۳ لاکھ عورتوں کو فوجی تعلیم

روس کی سوا تین کروڑ فوج جنگ کا انتظار کر رہی ہے

ایک اخبار نویس نے ماسکو کے ایک بالشویک افسر سے مندرجہ ذیل سوال کیا:

"جب آپ کا یہ خیال ہے کہ سرمایہ دار حکومتیں بالشویک حکومت کو آنے دن دھمکیاں دیتی رہتی ہیں تو بتائیے اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ کی فوج کی تعداد بہت کم ہے؟"

افسر مذکور نے اس کے جواب میں کہا کہ "ہماری سرخ فوج سے مراد فوجی سپاہ نہیں ہیں بلکہ سرخ فوج میں افسر اور کمانڈر وغیرہ شامل ہیں رہا عام طور پر فوجی سپاہ کا سوال سو وہ کوئی خاص جماعت نہیں ہے بلکہ تمام روسی باشندے حکومت کے سپاہی ہیں۔"

مکتوب مصر

(از حاجی حکیم صدیق محمد نا رو جنرل سکریٹری ...)

مصر اور لندن کا ٹیلیفونی الحاق

ذیل کا مکتوب ہمیں اس ہفتہ قاہرہ سے موصول ہوا ہے جس میں قابل نامہ نگار نے مصر کے عمومی حالات پر روشنی ڈالی ہے، ہم اس مکتوب کو ذیل میں درج کرتے ہیں:

۲۲ جون کو شام کے چھ بجے مصر اور لندن کے ٹیلیفونی الحاق کی تقریب کا افتتاح کیا گیا۔ سب سے پہلے مدتی پاشا وزیر اعظم مصر نے مسٹر بالڈون قائم مقام وزیر اعظم انگلستان سے ٹیلیفون میں گفتگو کی ...

مصری پارلیمنٹ اور ارکان کا الاؤنس

نولان کانفرنس میں جرمنی نمائندہ کا اعتراض

جرمنی کے فوجی اخراجات اور تخفیف اسلحہ

وزارت کا انتقال اسکندریہ

ضروری گزارش

سوراج بھون الہ آباد اور کانگریس ہاؤس بمبئی پر کانگریسیوں کا حملہ

عمارات کو پولیس کے قبضہ سے نکالنے کی سعی

مجمع پر لاٹھی چارج۔ متعدد اشخاص گرفتار

بمبئی میں فرقہ وارانہ خونریزی کا اعادہ

راہگیروں پر حملے اور دس اشخاص گرفتار

دار الحکومت

جامع مسجد میں جلسہ عام

حالات حاضرہ پر مؤثر تقریریں

کانگریس اور کانگریسی جھنڈا خلاف قانون نہیں

ایک مقدمہ میں عدالت عالیہ بمبئی کا فیصلہ

مسلمانان دیوبند کا عظیم الشان جلسہ

مولانا حفظ الرحمن صاحب کی حریت آموز تقریر

عورتوں کو صرف عورتیں گرفتار کریں

پکٹنگ کرنیوالی خواتین کا مطالبہ

ہندوستان میں بیرونی مال کی درآمد

مالک کی خانہ جات کا حکومت سے مطالبہ

کلکتہ میں معدودہ قانون انسداد فواحش کی زبردست حمایت

تمام شہر میں جلسے اور مظاہرے

ڈاکٹر کوڑی کی گرفتاری

فوجی اخراجات میں مزید تخفیف پر غور و خوض

تحقیقات کے لئے ایک افسر کا تقرر

صرف گاندھی جی کو گفتگو کا حق حاصل ہے

مسٹر تصدق احمد خاں شیروانی کا بیان

بنگال کے مسلمانوں کی اکثریت خطرہ میں

وزیر اعظم کے اعلان میں کیا ہوگا؟

مولانا نجیب الرحمن صاحب کی رہائی

فرقہ وارانہ مسئلہ کے تصفیہ پر آخری غور

ایک سال میں جدید اصلاحات کا مسودہ پیش ہوجائیگا

ریلوے کی آمدنی میں بدستور خسارہ

عظیم الشان العوامی ٹی پارٹی

جدید آئین میں کسی صوبہ کو اکثریت نہ دیجائے

چودہ نکات کے مقابلہ میں سترہ نکات کی ایجاد

اعتدال پسندوں اور آزاد خیالوں کا جلسہ

حکومت کی پالیسی پر نکتہ چینی

صوبہ بنگال میں الارم پستول رکھنے کی ممانعت

حلف وفاداری کا مسودہ ملتوی

آئرلینڈ کی ڈائٹ میں گرما گرم بحث

کانپور میں بم اور بارود کی برآمد

تین سال کے بچے نے ایک شخص کو ہلاک کر دیا

سرحد میں چالیس سرخپوشوں کی گرفتاری

فری پریس جرنل کی چھ ہزار کی ضمانت ضبط

قومی جھنڈے کے ساتھ بم

بم کے بجائے گول برش

مشاورتی کمیٹی سے مستعفوں کی دھمکی

آخر مسلمانوں کی بھی آنکھیں کھلیں

ڈبلن میں ہندوستان اور آئرستان کی مجلس احرار کا قیام

سابق صدر اسمبلی کی مساعی کا نتیجہ

لکھنؤ میں اسّی سے زائد گرفتاریاں

بدیشی پارچہ کی دو دکانوں پر پکٹنگ

فرقہ وارانہ جذبات کو ترک کر کے متحد ہو جاؤ

ملک سے ڈاکٹر ٹیگور کی اپیل

ہندوستان کے سیاسی حالات قرون وسطیٰ کی بربریت کی طرف جارہے ہیں

ڈاکٹر ٹیگور کا تازہ ارشاد

فرقہ وارانہ مسئلہ طے ہوگیا؟

مسلمانوں کے نصف مطالبات مسترد

حکومت کیا اعلان کرنے والی ہے؟

پشاور میں سول سرجن قتل کر دیا گیا

پٹھان اردلی کا خنجر سے حملہ

شرق اردن پر ایک شریر جماعت کا حملہ

نجدی فوجیں توپوں اور موٹروں کی روانگی

بنگال کونسل میں اصلاحات

جنگل میں ایک مشہور اور مفرور ڈاکو پکڑا گیا

حملہ کرنے کے بعد چار بندوقیں برآمد ہوئیں

سرکاری وکیل کو بم سے اڑانے کی کوشش

گھر والے بال بال بچ گئے

ہندوستان اور آئرلینڈ کا موازنہ

سابق صدر اسمبلی کے تاثرات

تلک ودیالہ پر کانگریسی رضاکاروں کا حملہ

پولیس کے قبضہ سے نکالنے کی سعی

روسی اور جاپانی جہازوں میں جنگ

فریقین نے گولیاں چلائیں

ہندوستان اور برطانیہ میں تجارتی تعلقات

مہاراجہ جام نگر کی مساعی

وائسرائے معتدلین کو مصالحت پر آمادہ کرینگے

اطالوی پارلیمنٹ میں مغربی تہذیب کا نظارہ

آئرلینڈ ہندوستان کی آزادی

ریاست میسور میں ہندو مسلم آبادی

ایک انگریز خاتون کا مالی ایثار

ناگپور میں خانہ تلاشیوں کی بھرمار

ریل اور لاری کا ہولناک تصادم

لنکا شائر کے کارخانہ میں ہڑتال

ہندوستان سے باہر سونے کی برآمد میں کمی

دہلی کے کانسٹبل پر پستول سے حملہ
علی پور روڈ کا واقعہ

گذشتہ چہارشنبہ کو شب میں ۹ بجے کے قریب علی پور روڈ اور نکلسن روڈ کے چوراہے پر ایک کانسٹبل کو جو گاڑیوں وغیرہ کی آمد و رفت کا انتظام کر رہا تھا کہ اچانک عقب کی طرف سے سر پر کوئی چیز زور کے ساتھ آ کر لگی اور تھوڑی دیر کے بعد دھماکے کی آواز آئی اس نے مڑ کر دیکھا کہ دو نوجوان بے تحاشا دوڑے جا رہے ہیں۔ پولیس کانسٹبل چونکہ شدید طور پر مجروح ہوا تھا اس لئے اسے فوراً ہسپتال پہنچایا گیا جہاں اس کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے اور کافی تعداد میں خون اس کے ناک سے بہہ رہا ہے جو بند ہونے کو نہیں آتا بیان کیا جاتا ہے کہ یہ زخم ریوالور کی گولی سے لگا ہے جائے وقوعہ کے قریب قدسیہ باغ میں ایک درخت کے پاس صرف ایک بائیسکل پڑی ہوئی ملی اس کے ساتھ چمڑے کی تھیلی میں ایک پنسل اور ایک رومال بھی دستیاب ہوئے۔

جمعرات کی صبح ۸ بجے کے قریب دو نوجوان اس بائیسکل کے قریب مشتبہ طریق پر گھومتے ہوئے دیکھے گئے پولیس نے انہیں زیر حراست کر لیا اور بیان کیا جاتا ہے کہ پولیس کو اس امر کا یقین ہوگیا ہے کہ ان دونوں کا تعلق ایک انقلابی جماعت سے ہے سائیکل کے قریب قدموں کے نشانات بھی دیکھے گئے مسٹر ڈی گبل سینیئر سپرنٹنڈنٹ پولیس اور مسٹر ڈگلس ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ انچارج نئی دہلی فوراً موقع پر پہنچ گئے اور خود تفتیش کر رہے ہیں۔

دہلی کے چھ وکلاء کی طلبی
گذشتہ اتوار کے جلسہ کا اثر

گذشتہ اتوار کو کمپنی باغ میں مسٹر نیلوزانی ایڈوکیٹ دہلی کی صدارت میں موجودہ آرڈی ننسوں کے خلاف احتجاج کا جو جلسہ منعقد ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ اس کے سلسلہ میں آنریبل مسٹر جے این جی جانسن چیف کمشنر نے ان چھ وکیلوں کو جنہوں نے جلسہ میں تقریریں کی تھیں بلایا ہے کہ ان سے ... مسٹر ... شیخ محمد صدیق، رگھبیر سنگھ صاحب اور مسٹر ... جنید ہیں۔

آزاد پارک میں پولیس کا مظاہرہ
جمعیۃ علماء کے جلسہ کو منتشر کر دیا گیا

دہلی ۲۸ جولائی۔ آج شام کو ۶ بجے جمعیۃ العلماء کی جانب سے آزاد پارک میں ایک جلسہ کرنے کی کوشش کی گئی ہندو مسلمانوں کی کثیر تعداد جمع ہوگئی مولوی عمر دراز صدر جلسہ تھے۔

مولانا مجیب الرحمن کی گرفتاری پر ان کو مبارکباد دینے کے لئے جلسہ کیا گیا تھا شیخ عبدالواحد صاحب انسپکٹر کی سرکردگی میں پولیس کے بہت سے سپاہی موقع پر پہنچ گئے۔

کہا جاتا ہے کہ پولیس نے ڈنڈوں اور مکوں سے مجمع کو منتشر کر دیا اور جلسہ نہیں ہو سکا۔

منشی عبدالقدیر کی رہائی

دہلی ۲۷ جولائی۔ منشی عبدالقدیر یوم اسیران کے سلسلہ میں ایک پوسٹر لکھوانے کے الزام میں پریس ایکٹ کے ماتحت مقدمہ چلایا گیا تھا جس میں ۲۵ روپے جرمانہ کی سزا ہوئی تھی۔ معلوم ہوا ہے کہ کسی نے جرمانہ ادا کر کے انہیں چھڑا لیا۔

الکسوین شریف

جد امجد حضرت شمس الفقراء سراج السالکین قطب ... حضرت خواجہ سید حسن صاحب ... دوسیں ثانی ... کا سالانہ عرس ... بتاریخ ... اگست منعقد ہوگا ... مجلس سماع منعقد کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ لہذا امید ہے کہ تمام ارادت مند اصحاب بالعموم اور حضرات صوفیائے کرام بالخصوص بتاریخ ... شرکت فرمائیں۔

بروز منگل مطابق ۲ اگست ۱۹۳۲ء بعد نماز عشاء اپنی شرکت عمل سے ثواب دارین اور فیض روحانی حاصل کریں گے۔

(مخدوم زادہ) سید ولایت حسین رسول نمائی دہلوی نبیرہ حضرت خواجہ سید حسن رسول نما متصل پہاڑ گنج دہلی

دہلی میں ایک اور انقلابی گرفتار ہوگیا
بکس میں کارتوسوں کا زبردست ذخیرہ تھا

دہلی میں بہ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ انقلابیوں نے اپنا مرکز بنا لیا ہے ... اس قسم کے واقعات ادھر کچھ عرصہ سے متواتر ہو رہے ہیں چند دن ہوئے کہا جاتا ہے کہ دھرمپال نامی مشتبہ انقلابی اسٹیشن جا رہا تھا کہ اس سے پہلے والوں نے اس کے بکس کو کھولنے کے لئے کہا جس میں بہت سے کارتوس ملے اور وہ بھاگ گیا۔ پرسوں جمعہ کے دن مقامی سی آئی ڈی نے ایک عرصہ کی جستجو کے بعد اس کا سراغ لگایا اور اسی دن شب میں نتیجری کے قریب ... باؤلی جاتے ہوئے اسے محکمہ پولیس کے انسپکٹر کرم چند، کانسٹبل امیر چند اور ستی رام نے گرفتار کیا۔ خیال ہے کہ اس کی گرفتاری کے بعد علی پور روڈ کے قتل کے واقعہ کا بھی کچھ نہ کچھ سراغ مل جائے گا۔

کانگریس کا جلسہ اور پولیس کی پکٹنگ

دہلی۔ آج اتوار کے دن مورخہ ۲۴ جولائی صبح کو چار بجے سے کانگریس کے جھنڈے کی سلامی کا کمپنی باغ میں چرچا تھا پولیس نے بھی کافی انتظام کر لیا تھا ... سات بجے کے قریب پولیس نے لوگوں کو کمپنی باغ سے دھکیل کر باہر نکالا ... ایک بارہ سالہ لڑکا جو شکل سے دیہاتی معلوم ہوتا تھا ... کانگریس کا جھنڈا لئے انقلاب زندہ باد کے نعرے لگاتا ہوا باغ میں داخل ہوا۔ پولیس نے لڑکے کو گرفتار کر لیا اور جھنڈا چھین لیا۔ لڑکے سے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ لڑکا بریلی کے پاس کسی گاؤں کا رہنے والا ہے اس کے بعد پولیس ساڑھے نو بجے تک باغ پر پکٹنگ کرتی رہی یہاں تک کہ ساری پبلک منتشر ہوگئی اور اطمینان ہوگیا تو پولیس واپس آئی۔

اس کے علاوہ شہر میں کوئی نئی بات پیدا نہیں ہوئی

راندیر میں ایک علم دوست ہستی کا انتقال

جناب حاجی گلاب خان پیر خان صاحب ساکن راندیر جو ایک دیندار و متقی و علم دوست تھے۔

۵ جولائی ۱۹۳۲ء بروز جمعہ انتقال فرما گئے مرحوم کے تعلقات مدارس اسلامیہ سے وابستہ تھے لہذا مدارس اسلامیہ کے کارکنان و طلبہ مرحوم کو دعائے مغفرت و ایصال ثواب سے یاد کریں۔

بمبئی میں سب جماعتوں کی کانفرنس کی تجویز

بمبئی ۲۳ جولائی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ہفتہ کے اختتام پر بمبئی کے لبرل رہنماؤں کا ایک غیر رسمی جلسہ ... منعقد ہوگا جہاں مشترک دوستوں کی رسائی ... آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنے کے امکان پر بحث ہوگی ... امید ہے کہ سر سموئیل ہور کی تبدیل شدہ پالیسی کے خلاف ... کانگریسی رہنماؤں کے طرز عمل میں کانگریس کوئی دخل اندازی نہیں کرے گی۔

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرمایا تھا اس نسخہ کے نیچے یہ عبارت درج ہے:۔

ایک ہفتہ کے استعمال میں پیر صد سالہ مثل جوان یا نزدہ سالہ کے ہوئے تا دم مرگ طاقت جسمانی ہمہ عضو قائم و برقرار رہے ...

معجون مددگار غدود

احمد مجتبیٰ برادرز دفتر رسالہ نظام المشائخ کوچہ چیلان دہلی

جس چیز کی تلاش تھی

... سعید برادرس اینڈ کمپنی کلاں محل دہلی

جب ماہواری ایام آتے ہیں

تو عورتوں کو بہت تکلیف ہوتی ہے کیونکہ آج کل ہندوستان ... بے شمار عورتیں ... مبتلا ہیں ...

منیجر صاحب نسائی دواخانہ دہلی

مقویات سراج عالم

... ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

عجیب (۱۰۸۶)
ہندوستانی دواخانہ دہلی کا نادر و نایاب تحفہ

... منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

بال جڑے سے کالا

...

در بھنگہ کے مشہور آموں کے قلم

... منیجر قاسمی سوسائٹی لہریا سرائے دربھنگہ

بعدالت صاحب کلکٹر ضلع سہارنپور

... اطلاع نامہ ... دستخط حاکم

ضرورت ہے

مندرجہ ذیل شہروں اور قصبوں میں الجمعیۃ کے لئے مختتی اور دیانتدار ایجنٹوں کی ...

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بے روزگاری کا بہترین علاج

... ایجنٹوں کی ضرورت ہے

الیس رفیق بھائی۔ جیکب سرکل بمبئی

جمعیۃ علماء افغان کی اہم تجاویز
جمعیۃ علماء ہند کے کارکنوں کی خدمات کا اعتراف

بتاریخ ۲۸ جولائی جمعیۃ علمائے افغان کی مجلس عاملہ کا ایک غیر معمولی اجلاس بمقام ... منعقد ہوا۔ ذیل کی چند تجاویز بالاتفاق پاس ہوئیں۔

(۱) جمعیت علمائے افغان علامہ مولانا مولوی محمد کفایت اللہ صاحب کی تشویشناک علالت کو دنیائے اسلام کے لئے موجب اضطراب سمجھتی ہے۔

(۲) جمعیت علمائے افغان مولانا نورالدین صاحب اسیر فرنگ کے ساتھ ان کے اہلیہ کے انتقال پر اظہار ہمدردی کرتی ہے اور اللہ جل جلالہ سے دعا کرتی ہے کہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔

(۳) جمعیت علمائے افغان مولانا عبدالحلیم صدیقی کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے اور دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کو استقلال مرحمت فرمائے۔

(۴) جمعیۃ علمائے افغان جمعیت علمائے ہند کے اس اعلان کو جو ... اظہار حقیقت شائع کیا گیا ہے بنظر استحسان دیکھتی ہے۔ ... اظہار اطمینان کرتی ہے۔

(۵) جمعیت علمائے افغان موقر جریدہ اخبار زمیندار کے اجراء پر مولانا ظفر علی خان کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتی ہے اور مسلمانان ہند خصوصاً مسلمانان سرحد کو مشورہ دیتی ہے کہ وہ مولانا کے بنائے ہوئے نقشہ ... زمیندار کو خرید کر ... حیات زمیندار ... کو زندہ کریں۔

خلیل الرحمن ناظم جمعیت علمائے افغان

جمعیۃ الطلباء جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کا جلسہ

انجمن مذکورہ بالا تقریباً دو سال سے جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں قائم ہے جس نے اس قلیل مدت میں بہت سے طلبہ کو فیض پہنچانے ہوئے تقریر ... اور دیگر اسلامی اہم خدمتیں بھی باحسن وجوہ انجام دی ہیں۔ اور جمعیۃ ترقی کی طرف قدم بڑھاتی رہی لیکن سال رواں میں جس تیزی روز افزوں ترقی اس انجمن نے کی ہے وہ بہت ہی ہمت افزا اور باعث صد مسرت ہے اس سے بڑھ کر یہ کہ اس انجمن کی دو سالہ زندگی کا یہ پہلا زریں موقعہ ہے کہ ۲۸ ربیع الاول یکشنبہ کو بعد نماز ظہر جامعہ میں امام المتکلمین رأس المفسرین حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی دامت فیوضہم شیخ التفسیر جامعہ اسلامیہ و حضرت مولانا احمد صاحب بزرگ مہتمم مدرسہ واساتذہ کرام ادام اللہ برکاتہم اور طلبائے جامعہ اور شہر کے اکثر معززین اور دو سو اشخاص کی شرکت میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ خاکسار ناظم انجمن نے تلاوت قرآن مجید اور مولانا علی محمد جان لاہوری نے حضرت نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم اور پرجوش بیانات سے جلسہ کی ابتداء کی ان کے بعد انجمن کے سرگرم رکن مولانا محمد ادریس صاحب پشاوری نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحیح کمالات ہونے پر ایک مبسوط تقریر فرمائی۔ بعدہ جناب مولانا حافظ ریاست خان صاحب کانپوری نے معجزات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بیان فرماتے ہوئے خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کی خصوصیت کمل اور مدلل طریقہ پر بیان فرمائی آپ کے بعد جناب مولانا ناظم مصطفیٰ صاحب کشمیری ایچ۔ ڈی۔ ایچ۔ اے۔ ایچ۔ پی ایچ بی اوانٹ صدر انجمن نے مذاہب عالم کی تاریخ کا اجمالی نقشہ پیش کرنے کے بعد فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت اور نبوت کی اہمیت اور ان کی خصوصیت پرزور الفاظ میں بیان فرمائی ان کے بعد حضرت شیخ التفسیر مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی ادام اللہ فیوضہم نے اسوۂ حسنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک ایسی جامع اور مدلل تقریر فرمائی جس کی نظیر ایک خود ان کی تقاریر میں مشکل مل سکتی ہے آخر میں مولانائے ممدوح نے قیام انجمن اور اس کے اراکین کی مساعی جمیلہ پر اظہار مسرت کرتے ہوئے بعض مفید اور ضروری اہم استیاد پر متنبہ فرمایا۔

جمال الدین ناظم انجمن اصلاح الکلام جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت

دار الاصلاح دہلی میں بیگم صاحبہ سچین کی تشریف آوری

مسلمانوں کی والیہ بیگمات بہت کم ہیں جو غریبوں کے مدارس کو اپنی تشریف آوری سے عزت بخشیں۔ حقیقت میں یہ دہی کر سکتے ہیں جن کے قلوب میں جذبہ اسلامی اور غرباء سے سچی ہمدردی ہے ورنہ عام طور پر بڑے لوگ بڑی جگہوں میں جایا کرتے ہیں لیکن ۲۲ جولائی ۱۹۳۲ء کو قریب ۱۱ بجے دن کو ہزہائی نس معلی الالقاب بیگم صاحبہ سچین دامت اقبالہا العالی نے دار الاصلاح میں تشریف آوری نے ثابت کر دیا کہ نہ صرف بیگمات میں بلکہ والی ریاست میں بھی ایسی بیگمات موجود ہیں جن کے قلوب احساسات قومی اور جذبات اسلامی سے مملو ہیں۔ خوش قسمت ہے وہ رعایا جس کے والی کی معزز رفیق حیات کا دل رعایا کی ہمدردی سے لبریز ہو۔

ہزہائی نس نے بعد معائنہ دار الاصلاح کے بچوں کو ... اور ... ماہوار کی امداد عطا فرمائی اور کتاب معائنہ میں ارقام فرمایا کہ میں دار الاصلاح مدرسہ کو دیکھ کر نہایت خوش ہوئی خداوند کریم اس میں ترقی فرمائے

ہزہائی نس نے دار الاصلاح کی جو عزت فرمائی دار الاصلاح اس کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہزہائی نس کو سچین کی ملکہ سے بڑھا کر ہندوستان کے طبقہ نسوان کی ملکہ کا بھی مرتبہ عطا فرمائے۔

محمد عبدالغفار الخیری
ناظم دار الاصلاح قرول باغ دہلی

انبالہ شہر میں یوم الور

مجوزہ پروگرام کے مطابق آج انبالہ شہر میں یوم الور منایا گیا شہر میں منادی کی گئی چنانچہ ہزار ہا مسلمان جامع مسجد میں جمع ہوئے۔ بعد نماز جمعہ جناب سید غلام حبیب صاحب بیرنگ بی۔ اے ایڈوکیٹ و معتمد عمومی جمعیت مرکزی تبلیغ الاسلام نے الور کی خونی داستان تفصیل کے ساتھ سنائی اور الور کے مسلمانوں کی نجات کے واسطے دعا مانگی گئی اور چندہ کی اپیل کی گئی اگرچہ لوگ اس کے لئے بالکل تیار ہو کر نہیں آئے تھے تاہم معقول رقم جمع ہوگئی اتفاق رائے سے تجویز پاس ہوئی کہ سکریٹری آف سٹیٹ اور وائسرائے بہادر کو تار دے جائیں کہ وہ ایک غیر جانبدار کمیشن کے ذریعہ واقعات الور کی تحقیقات کریں اور مسلمانان الور کی داد رسی کے واسطے خاص عملی قدم اٹھائیں۔

جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام انبالہ شہر

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

دواخانہ رشیدیہ دیوبند
مصدقہ

عالیجناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی — حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی صدر مدرس دارالعلوم دیوبند — عالیجناب حکیم ... — حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبند — عالیجناب حکیم عبدالوہاب صاحب حکیم نابینا دہلوی — خان بہادر شیخ محمد ضیاء الحق صاحب رئیس دیوبند

کے خاص مجربات

...

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

لاکھوں روپیہ

کی سالانہ آمدنی وہ تاجر پیدا کرتے ہیں جو تمام دنیا کے ملکوں کو الائچی خورد، سیاہ مرچ، ہلدی، لونگ، سونٹھ، سپاری، جائفل وغیرہ جو دنیا بھر میں محض ہندوستان کے زرخیز علاقہ جات میں بکثرت پیدا ہوتی ہیں بہم پہنچاتے ہیں ...

ایس ایل سوواا اینڈ برادرس ایجنٹس اینڈ کنٹریکٹرز ... اسٹریٹ لاہور

بجلی کا کام سیکھنے والو!

... سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ

چند مایہ ناز مجربات خصوصی

... منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی کا ایک تازہ شاہکار
شاعر کی راتیں

... اعجاز الحق قدوسی نامپلی جدید مکان ۱۰ حیدرآباد دکن

مسلمانو! صنعت و تجارت سیکھو

...

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

... منیجر کرشنا گوپال ... سٹور دربھنگہ

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم
اکسیر حیات

...

حکیم الملوک افسر الاطباء حکیم مسیح الدولہ بہادر

...

خوب یاد رکھیں

... دواخانہ ... لکھنؤ

محبوب عاشق کے قدموں پر

...

مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

الجمعیۃ

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

دہلی

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ... ... سے

ششماہی ... ... سے

سہ ماہی ... ... سے

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ... ... سے

ششماہی ... ... سے

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳

۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ... ... صہ

نصف صفحہ (") ... ... سنہ

ایک کالم (") ... ... عنہ

۱/۲ کالم (") ... ... صہ

۱/۴ کالم (") ... ... عہ

معاون

محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول

ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۶ | دہلی - یوم دوشنبہ ۲۷ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ مطابق یکم اگست ۱۹۳۲ء | نمبر ۸

معاصرین کے افکار و آراء

سکھ اور مسلمان (زمیندار)

اگر اخلاص وطن ضروری ہے اور یہ بھی مسلمات سے ہے کہ مسلمان صورت انتخاب جداگانہ کے نفاذ پر مصر ہیں تو اب سکھ ہی اس عقدہ لاینحل کی کشائش کی کوئی سبیل نکالیں کہ ۲۶ فی صدی ہندوؤں، اور تیس یا ستائیس فی صدی نشستیں سکھوں کے لئے مخصوص کرنے کے بعد مسلمانوں کے لئے کیا بچ جاتا ہے اور کیا وہ یہ چاہتے ہیں کہ جن لوگوں کی غلامی اور تسلط انہیں ایک لمحہ کے لئے بھی گوارا نہیں سا انہیں سلاسل تعبد میں دائماً جکڑ دیں۔ سکھ بے شک زائد از استحقاق نیابت کا مطالبہ کریں لیکن کیا کبھی اس دنیا میں کوئی جمہوری نظام قائم ہوا ہے جس میں اکثریت کو اقلیت میں بدل دیا گیا ہو؟ کیا دنیا کے دساتیر میں کوئی بھی نظیر مل جاسکتی ہے؟ سکھ تو ہندوستان کی مجموعی آبادی کا ایک فی صدی حصہ بھی نہیں ہیں اور خود ان کے قول کے مطابق پنجاب کے دو چار اضلاع میں ان کی جماعتی قوت قابل ذکر ہے۔ لیکن مسلمان ہندوستان کی آبادی کا کم از کم ایک چوتھائی حصہ ہیں اور بہار جیسے اقلیت والے صوبہ میں بھی ان کی آبادی اتنی ہے کہ سارے ہندوستان کے سکھ ان کی برابری نہیں کرسکتے۔

اب سکھ ہی بتائیں کہ ہمارے مسلمان تسلط کا مطالبہ کیوں نہ کریں اور کیا یہ "خون کی ندیاں بہانے" کی دھمکی دیں۔ سکھ اگر حکومت سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ پنجاب میں مسلمانوں کی اکثریت کا تحفظ نہ کیا جائے تو انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ حکومت اس تجویز پر غور کرنے پر بھی مجبور ہوگی کہ تمام ہندوستان میں ہندوؤں کی اکثریت فنا کردی جائے۔

کمال بے خیالی سے کہہ دیا جاتا ہے کہ صوبہ بمبئی میں ہندوؤں کی اکثریت ہونے کے باوجود کونسل میں ان کی اکثریت نہیں ہے۔ اول یہی غلط ہے بیسرا ور تجارتی حلقے کے ارکان یہ کمی پوری کردیتے ہیں۔ ثانیاً مسلمانوں نے یہ کبھی نہیں کہا کہ بمبئی میں ہندوؤں کی اکثریت اقلیت میں بدل جائے وہ ایک زمانہ سے علیحدگی سندھ کا مطالبہ کررہے ہیں اور اس کے بعد نہ تو بمبئی کے ہندوؤں کی اکثریت کو کوئی شکایت باقی رہے گی نہ مسلمان اپنے واجبی حق سے محروم کئے جائیں گے۔

بہرحال شملہ میں سکھوں کا جو جلسہ ہوا اس نے ایک مرتبہ پھر خالصہ جی کی روایتی جنگجوئی کی یاد تازہ کردی اور لاہور کی رہی سہی کسر بھی پوری کردی سردار اجل سنگھ نے جلسہ میں یہ مبارزانہ اعلان کیا کہ

"پنجاب کو سکھوں نے تلوار کے زور سے فتح کیا اور اسے غیر مسلم راج سے بچایا۔ پھر وہی سکھ کس طرح حکومت برطانیہ کو یہ اجازت دے سکتے ہیں کہ وہ بیک گردش قلم پنجاب پر مسلم راج مسلط کردے"

حیرت ہے کہ اپنی تلوار کا ذکر کرتے ہوئے وہ بلوچیوں کی شمشیر خارا شگاف کو کیوں بھول جاتے ہیں جس نے انہیں ٹکنی کا ناچ نچوایا تھا۔ پنجاب میں مسلم اکثریت کا تحفظ برطانیہ کی اک گردش قلم کا مرہون منت نہ ہوگا۔ بلکہ اس کی اساس مسلمانوں کا پیدائشی حق اور ان کی وہ عزیمت و استقامت ہوگی۔ جس کے مظاہرے پردہ نہ اٹھا ہوا ہے۔

ڈاکٹر منجے کی سعی ناکام (مدینہ)

ڈاکٹر منجے ہندوستان کے ان جماعتی رہنماؤں میں سے ہیں جو خود بزدل ہیں اور اپنی قوم کو بزدل بنانا چاہتے ہیں جو خود فرقہ پرور ہیں اور اپنی قوم کو فرقہ پروری اور تعصب کے جہنم کی طرف دعوت دے رہے ہیں اور جن کی زندگی کا سب سے بڑا مطمح نظر یہ ہے کہ مسلمانوں پر سیاسی، اقتصادی اور معاشی زندگی کی راہیں مسدود کردی جائیں۔ آج کل آپ ہندوستان سے جلاوطن ہیں، انگلستان میں مقیم ہیں اور اس مقصد سے مقیم ہیں کہ وزرائے برطانیہ اور انگلستان کی رائے عامہ کو مسلمانوں کے خلاف ہموار کیا جائے۔ آپ نے اپنے رفیق سیاست مسٹر راجہ کو برقی پیغام بھیجا ہے اور اس میں ان کو اطلاع دی ہے کہ تمام غیر ممالک میں نیز برطانیہ میں سلسل نفاست کی نشر و اشاعت کا کام جاری ہے اور ان کے مسلمانوں کے نتائج و اثرات اچھے مرتب ہو رہے ہیں۔ ڈر ہے کہ کہیں برطانوی مدبرین اس پراپیگنڈے سے متاثر ہو کر گمراہ نہ ہوجائیں اور کوئی ایسا اقدام نہ کرگزریں جس سے ہندو مفاد کو نقصان پہنچ جائے۔ ڈاکٹر صاحب مسٹر راجہ کو ہدایت کرتے ہیں کہ وہ ڈاکٹر امبیدکار کا مقابلہ کرنے کے لئے فوراً انگلستان پہنچ جائیں۔ امید کی جاتی ہے کہ مسٹر راجہ اس ہدایت کی فوری تعمیل کے طور پر اسی ہفتہ عازم لندن ہونگے۔

ہمارے خیال میں ڈاکٹر امبیدکار کی روانگی لندن بھی مستحسن تھی اور ڈاکٹر منجے کا عزم انگلستان بھی اور اسی طرح ہم مسٹر راجہ کے قصد انگلستان کا خیر مقدم کرنے کے لئے تیار ہیں۔ کیونکہ ان لوگوں کا ملک سے دور رہنا ملک میں رہنے سے بہرحال بہتر ہے۔ رہا جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے انکو اپنے خدا پر اپنی قوت عمل پر اپنے جذبہ ایثار و قربانی پر اور اپنے شرف و مجد پر اعتماد رکھنا چاہئے اور سازشی افراد کی سازشوں سے ہراساں نہ ہونا چاہئے اور یقین رکھنا چاہئے کہ ہماری سیاسی زندگی اور ہمارے مستقبل کا فیصلہ انگلستان میں نہیں بلکہ ہندوستان ہی میں ہوگا اس وقت ہندوستان ہی سیاست ملکی کا مرکز ہے اور اسی مرکز میں ہمارے قوائے سیاسی کو منظم اور سرگرم عمل ہونے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر منجے اور اسی رنگ کے دوسرے اشخاص کا ہندوستان کی سیاسی اور ملکی زندگی سے کنارہ کش ہو کر جلاوطن ہوجانا اسلامی نقطہ نظر سے بھی مفید ہے اور ملک کی سیاسی فضا کے اعتبار سے بھی درست اور غالباً مسلمانوں اور قوم پرور حلقوں کے لئے اس سے زیادہ مبارک اور کوئی امر نہیں ہوسکتا کہ یہ لوگ ایک عرصہ دراز کے لئے جلاوطن رہیں اگرچہ یہ جلاوطنی خود ان لوگوں کے تدبر کی خامی ہی کا نتیجہ کیوں نہ ہو۔

مسلمانوں کے حقوق اور ہندو و سکھ (ہند)

حکومت کا یہ فیصلہ کہ وہ مسلمانوں کے مطالبات خصوصاً بنگال اور پنجاب میں انکی اکثریت تسلیم نہ کرے گی کوئی پیشین گوئی نہیں ہے۔ بلکہ تمام حالات و قرائن سے یہی پتا ہے ہیں اور وہ کوئی دیوانہ ہی ہوگا جو اس حقیقت کے خلاف یقین کو اپنے فاسد دماغ میں پرورش کریگا۔

مسلمانوں کے حقوق و مطالبات کی اصلی صورت حال یہی ہے کہ نہ حکومت انہیں تسلیم کرے گی اور نہ جی حضوری رہنما، مسلمانوں کے چلتے حکومت سے بگاڑ کر کے اپنا مستقبل برباد کریں گے۔ یہ بھی حضوریوں کا طے شدہ فیصلہ ہے کہ وہ حکومت سے ہرگز کوئی تصادم نہیں کریں گے، لیکن سانپ ہی انہیں یہ بھی یقین ہے کہ ایسا کرنے کی صورت میں مسلمان ان کے ہاتھ سے ہمیشہ کے لئے نکل جائینگے اور وطن پروروں کے زیر علم جمع ہوجائیں گے۔ چنانچہ اس خطرے سے بچنے کے لئے یہ تجویز کی گئی ہے کہ ہندوؤں اور سکھوں میں سے وطن فروشوں کو کھڑا کردیا گیا ہے کہ پورے زور شور اور پوری شرارت و بیہودگی کے ساتھ مسلمانوں کے مطالبات کی مخالفت کریں اور بزدلانہ دھمکیاں دیں کہ "اگر مسلمانوں کے مطالبات منظور ہوجائیں گے تو ہم خون کی ندیاں بہادیں گے!"

ہندوؤں اور سکھوں کو اس طرح اٹھا دینے کا مقصد یہ ہے کہ سادہ لوح مسلمان یقین کریں کہ حکومت تو ہمارے مطالبے مان لینے کے لئے تیار تھی مگر ہندوؤں اور سکھوں کی مخالفت نے اسے انکار کردینے پر مجبور کردیا!

مسلمانوں کے اس یقین اور وطن فروش ہندوؤں اور سکھوں کی اس شرارت کا لازمی نتیجہ یہی نکلے گا کہ مسلمان حکومت سے اپنی بدظنی بھول جائیں گے اور فرقہ وارانہ فسادات ملک بھر میں پھیل جائیں گے۔ اس طرح حضوریوں کا بھی یہ مقصد حاصل ہوجائے گا کہ مسلمان ان کے ہاتھ سے نکل نہ سکیں گے اور آئندہ بھی انکی غداریوں کا نشانہ بنتے رہیں گے!

اس وقت ملک میں جو ہندوؤں اور سکھوں نے مسلمانوں کے مطالبات کی مخالفت میں جو طوفان اٹھایا ہے اس کی حقیقت بس یہی ہے جو ہم نے بیان کردی ہے۔ دراصل یہ ایک نہایت خطرناک سازش ہے اور اس سے مقصود مسلمانوں کا مستقبل بالکل برباد کرڈالنا ہے۔

سر تیج کے کم سے کم مطالبات (ملت)

سر تیج بہادر سپرو نے حال میں بمبئی کے ایک اخبار سے ملاقات کے دوران میں یہ کہا ہے کہ اب یہ حکومت اور سر سیموئیل ہور کا فرض ہے کہ وہ یہ بتلائیں کہ آیا وہ گول میز کانفرنس کے طریقہ کو رائج کریں گے یا نہیں، معتدلین سے ان کے کم سے کم مطالبات پوچھنا، جس کا وہ اظہار کرچکے ہیں قرین انصاف نہیں اگر سر تیج بہادر سپرو یہی روش برابر اختیار کئے رہے تو ان میں اور کانگریس میں کوئی فرق نہ رہے۔ بہرحال ہم ان کی کوششوں کے نتائج کے منتظر ہیں۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

راہ حق میں ایک نابینا خاتون کا ایثار

عبداللہ بن زبیر کی لاش درخت پر لٹکادی گئی

"الحمد للہ میرا بیٹا مرنے کے بعد بھی سر بلند ہے"!

اسلام کا امتیازی نشان یہ ہے کہ وہ حق و صداقت کا علمبردار ہے وہ حق کی نصرت کے لئے دنیا میں آیا اور معمورۂ ارضی کو راستی اور سچائی سے بھر دیا۔ اسلام اپنے پیروکاروں کو یہی سبق دیتا ہے کہ ہمیشہ راستی کی حمایت اور باطل سے گریز کیا جائے خواہ اس راستہ میں اپنی جان، اپنی اولاد اور اپنی عزت و آبرو سے ہاتھ ہی کیوں نہ دھونا پڑے اور دنیا کے مصائب و آلام اسے میں ہی کیوں نہ ڑالیں۔ اسلام کی اس تعلیم کا اثر ہمیشہ مسلمانوں میں عملی ظہور کرتا رہا ہے حضور صلعم کا زمانہ تو اس کی زندہ مثال گزر چکا ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حقانیت راستی اور حق پرستی کے راستہ میں تکلیفیں برداشت کیں اور اس دشوار گزار وادی میں جس قدر ان کے تلوؤں میں کانٹے چبھے اس کی مثال قیامت تک پیدا نہیں ہوسکتی۔ یہی حال صحابیات کا تھا جنھوں نے مردوں کے دوش بدوش حق کی حمایت میں وہ کام انجام دیے جو رہتی دنیا تک فراموش نہیں ہوسکتے۔ آج ہم اسلام کی ایک معزز اور قابل فخر خاتون کا تذکرہ کرتے ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ مسلمان عورتیں قرون اولیٰ میں اسلام کی بہادر رعنائیوں کس طرح حق کی شیفتہ اور فریفتہ تھیں اور اس کی خاطر وہ کس طرح اپنے عزیز بچوں کو راستی کی قربانگاہ پر بھینٹ چڑھا دیا کرتی تھیں۔

ایک نابینا خاتون کی حق پرستی

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا حضرت ابا بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی دختر نیک اختر اور آنکھوں سے نابینا تھیں۔ ان کے شوہر کا نام زبیر بن العوام تھا۔ خاتون مذکور کے کئی لڑکے تھے جن میں سے ایک کا نام عبداللہ بن زبیر تھا حجاج بن یوسف کے مظالم اور اس شقی اور گمراہ حکمران کی چیرہ دستیوں سے پڑھنے لکھنے والے مسلمان آگاہ ہیں یہی وہ شقی ہے جس کے ہاتھ سے ایک لاکھ مسلمانوں نے جام شہادت نوش کیا۔ اسی نے حضرت اسماء جیسی نیک خاتون کے فرزندوں کے خون سے اپنے ہاتھ رنگے اور آخر میں اس نابینا اور حق پرست اسلام کے چھوٹے بیٹے عبداللہ بن زبیر کو بھی اس شقی نے شہید کئے بغیر نہ چھوڑا۔

جس وقت حق و باطل کی کشمکش جاری تھی اور حجاج بن یوسف کے ہاتوں ہزاروں اہل حق کا خون پانی کی طرح بہایا جارہا تھا اس وقت اپنی تابینا کے آخری سہارے اور اکیلے فرزند حضرت عبداللہ بن زبیر حق کی نصرت کے لئے حق نما میدان کارزار میں چلنے کے لئے تیار ہوگئے لیکن انکو فوراً ہی خیال آیا کہ اگر صلح کرلی جائے اور حجاج کو مزید خونریزی کا موقعہ نہ دیا جائے تو شاید تمام مسلمانوں کے لئے یہ بہتر ہوگا یہ سوچ کر آپ اپنی نابینا والدہ کے پاس تشریف لائے اور یوں گویا ہوئے۔

مجاہد فرزند کو والدہ کی نصیحت

فرزند سپاہی - میری محترم والدہ! میں جنگ کیلئے پا بر کاب بیٹھا ہوں لیکن ایک مشورہ کے لئے حاضر خدمت ہوا ہوں خدارا آپ میرے مشورہ میں میری امداد کیجئے۔ وہ مشورہ یہ ہے کہ حجاج اپنے مظالم سے باز نہیں آتا مسلمانوں کے خون کا دریا اس کے ہاتھ سے بہہ چکا ہے۔ اگر اس وقت اس سے صلح کرلی جائے تو کیا یہ مناسب نہ ہوگا؟ دوسری بات یہ ہے کہ میں اس وقت اکیلا ہی آپکا فرزند ہوں اگر میں بھی مارا گیا تو آپ کے لئے بڑی مصیبت کا سامنا ہوگا۔

والدہ - اے میرے فرزند! یہ کیا گفتگو ہے جو میں تم سے سن رہی ہوں! لیکن قبل اس کے کہ میں تم کو کوئی مشورہ دوں میرے ایک سوال کا جواب دیدو۔ تم جو اب تک لڑ رہے تھے آیا حق سمجھ کر لڑ رہے تھے یا باطل سمجھ کر؟ اگر تم کو یقین تھا کہ تمہاری جنگ باطل کی جنگ ہے تو تم اب تک باطل کا ساتھ کیوں دیتے رہے اور کیوں نہ تم نے حق سے روگردانی کی؟ اور اگر تم نے اب تک حق کی حمایت میں جنگ کی ہے تو تم حق سے منہ کس لئے موڑتے ہو؟ کیا باطل سے ڈر کر اور دشمن سے مرعوب ہو کر؟

فرزند - اے میری عزیز والدہ! آپ یقین کیجئے کہ میں اب تک حق کی حمایت میں لڑتا رہا۔ باطل کا میں نے کبھی ساتھ نہیں دیا۔ اور دے بھی کیسے سکتا تھا جب کہ آپ زندہ موجود ہیں! ایسی صورت میں صلح کا خیال دل سے نکال دیتا ہوں

بے شک حق یہی ہے کہ حق کی حمایت میں جان تک دیدی جائے۔

والدہ - دیکھو تم جانتے ہو کہ میں کس کی بیٹی ہوں۔ میرے باپ کا نام ابابکر صدیق ہے جنہوں نے راستی اور حق کے لئے اپنا سب کچھ قربان کردیا۔ جاؤ اللہ کے راستہ میں اور حق کی حمایت میں دشمن کا مقابلہ کرو یہاں تک کہ تم شہید ہوجاؤ اور

کھال کھچوالو گرحق سے منہ نہ موڑو

فرزند - جزاک اللہ آپ نے مجھے حق و راستی پر قائم کردیا۔ میں اب سچائی کی خاطر اپنی جان تک فدا کردونگا لیکن اے میری والدہ مجھے صرف اس بات کا خوف ہے کہ دشمن جب مجھے قتل کرچکیں گے تو وہ میرے جسم کی کھال اتار لینگے کیونکہ انہوں نے یہ پہلے ہی سے مشورہ کر رکھا ہے۔ اگر انہوں نے ایسا کیا تو یہ میرے لئے سخت کوفت اور مصیبت کا باعث ہوگا۔

والدہ - بیٹا! تم کیسی باتیں کرتے ہو۔ جب ایک بکری کو ذبح کرنے کے لئے بچھایا جاتا ہے تو اس کے لئے برابر ہے کہ اس کی کھال کھینچی جائے یا نہ کھینچی جائے۔ جب تم اللہ کے راستے میں جان تک دیدو گے تو تمہاری بلا سے کہ تمہاری کھال اتاری جائے یا نہ اتاری جائے اصل چیز حق کے راستہ میں گردن کا دینا ہے نہ کھال کا اتارنا تو بعد کی بات ہے جس کا تم کو فکر تک نہ کرنا چاہئے۔ اچھا اب تم مجھ سے آخری ملاقات کرلو اور میرے سینے سے لگ جاؤ۔ چنانچہ عبداللہ بن زبیر اپنی والدہ محترمہ سے معانقہ کرتے ہیں۔ والدہ کہتی ہیں کہ بیٹے تمہارے بدن پر یہ کیا چیز ہے؟ عبداللہ بن زبیر نے دو زرہیں زیب بدن کر رکھی تھیں تاکہ دشمن کے حملے سے محفوظ رہیں۔ آپ نے اپنی والدہ سے کہا کہ یہ دو زرہیں ہیں جو میں نے دشمن کے حملے سے بچنے کے لئے پہن رکھی ہیں۔ نابینا والدہ نے کہا کہ بیٹا جب حق کے راستہ میں سونا ہی ہے تو ان زرہوں کی کیا ضرورت ہے حفاظت کرنے والا تو اللہ ہی ہے۔ اس پر عبداللہ بن زبیر نے دونوں زرہیں اتاردیں اور اسی طرح میدان جنگ میں کود پڑے۔

شہادت کے بعد والدہ کی مسرت

حجاج بن یوسف کی فوج سے خوب مقابلہ ہوا آخر کار آپ شہید کردئے گئے۔ جیسا کہ حضرت عبداللہ نے اپنی والدہ سے کہا تھا کہ لوگ شہید کرنے کے بعد میری کھال تک اتارلیں گے ویسا ہی ہوا اور آپکو شہید کرکے ظالموں نے کھال اتارلی اور لاش کو ایک درخت پر لٹکا دیا۔ حجاج بن یوسف نے اس قبیح حرکت کے بعد عبداللہ بن زبیر کی نابینا والدہ کے پاس خبر بھیجی کہ ہم نے تمہارے بیٹے کو قتل کرکے اور اس کی کھال اتار کر فلاں درخت پر لٹکا دیا ہے تم جا کر اس کو ہاتھوں سے ٹٹول کر معلوم کرسکتی ہو۔ یہ خبر سنکر اس فخر اسلام خاتون نے کہا کہ الحمد للہ خدا کا شکر ہے کہ میرا بیٹا زندگی میں بھی سربلند رہا اور مرنے کے بعد بھی خدا نے اس کو سربلندی عطا فرمائی۔ دوسروں کے نوجوان فرزند تو خاک و خون میں تڑپتے ہوئے پڑے ہیں مگر میرا بیٹا درخت پر سربلند ہے۔

یہ مرتبہ بلند ملا جس کو مل گیا
ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

اس کے بعد نابینا والدہ اپنے بیٹے کی لاش کے پاس پہونچیں جہاں ایک درخت پر کھال اتری ہوئی جنگ ہوئی تھی۔ والدہ نے دونوں ہاتھوں سے ٹٹول کر اپنے جگر کے ٹکڑے سے کہا کہ اے بیٹے اگھوڑے سے اب تو اترو کیا اب بھی تم گھوڑے پر سوار ہوگے؟

اے موجودہ دور کے بزدل مسلمانو! کیا اب بھی تمہاری مائیں ایسی موجود ہیں جو اللہ کے راستہ میں تم کو تیغ و تلوار کی نذر کردیں؟ کیا تم کو بھی حضرت عبداللہ بن زبیر جیسے لائق فرزند اور حق پرست ہونے کا فخر ہے؟ تمہاری بزدلی اور خوف کا یہ عالم ہے کہ تم حیلوں کے چند روزہ مصائب سے ڈر کر ملک و ملت سے غداری کرتے ہوئے بھی نہیں شرماتے اور حکام کی ایک نظر لطف و کرم کی خاطر قرون اسلامی کو فروخت کرنے کے لئے ہر وقت آمادہ رہتے ہو؟ ایک خاتون تو اسماء بنت ابی بکر تھیں جن کا حال تم نے سطور بالا میں پڑھا اور ایک تمہاری مائیں ہیں۔ ایک طرف عبداللہ بن زبیر تھا اور دوسری طرف تم ہو۔ انہوں نے حق کے راستہ میں جان تک دیدی اور کھال تک کھچوا لی۔ دوسری طرف تم ہو کہ باطل سے مرعوب ہو کر حق پرستوں کی کھال کھنچواتے ہو کیا تمہارے لئے اس واقعہ میں کوئی عبرت پوشیدہ ہے؟

شربت فولاد

معزز ناظرین! یہ شربت دواخانہ کی قابل قدر اور معرکہ کی چیز ہے جسکا بارہا تجربہ کیا جاچکا ہے بلاتفریق مذہب استعمال کیا جاتا ہے یہ شربت معدہ کو قوت دیتا ہے جگر کو خاص طور پر تقویت بخشتا ہے خون صالح پیدا کرتا ہے بھوک خوب لگاتا ہے قوت جسمانی کو ترقی دیتا ہے چہرے کو خوشرنگ بناتا ہے بیماری کی کمزوری کو دور کرتا ہے ضعف معدہ کی وجہ سے جو درست آتے ہیں ان کو دور کرتا ہے نیز طحال وجگر وغیرہ کے لئے مفید ثابت ہوا ہے ترکیب استعمال بعد شربت ہمراہ پانی دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد چاٹ لینا چاہئے قیمت فی شیشی ... مکمل فہرست جس میں ساٹھ سے زائد مجربات درج ہیں مع جنتری ۱۹۳۲ء مفت منگوائیے۔ پتہ:

منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

اکسیر جذام

یہ وہ طبیہ نسخہ ہے جو ہزاروں پر تجربہ کرکے بہ خیال فائدہ عام کے اشتہار دیا ہے۔ جذام کوڑھ جو صاحبان اس ناپاک مرض میں مبتلا ہوچکے ہوں ہمارے ہاں سے دوا طلب کرکے کھائیں چار چھ ہفتہ میں صحت کلی ہوجاتی ہے اگر عضو گل گیا ہے تو ہفتہ عشرہ میں سوکھنے لگ جاتا ہے۔ قیمت دوا ایک ماہ کے لئے چار روپیہ (للعہ)

بواسیر و ذیابیطس

کی دوا کچھ دنوں تک مفت محصول و پیکنگ کے لئے ۸ آنہ روانہ کریں یا وی پی طلب فرمادیں۔

حافظ اقبال حسین بھیٹیا ہی بھاگلپور

اقتصادی مشکلات کا بہترین حل

روپیہ بنانے کی مشین

اگر آپ موجودہ افلاس کی تنگ اور تاریک وادیوں سے نکلنا چاہتے ہیں تو قلیل سرمایہ سے روپیہ کمانے کی خواہش رکھتے ہیں تو روپیہ بنانے کی مشین یعنی اسرار صنعت کی ایک جلد ضرور منگالیجئے ہم آپکو یقین دلاتے ہیں کہ آپ دو روپیہ کے سرمایہ سے سینکڑوں روپیہ کماسکتے ہیں یہ کتاب امیروں اور غریبوں کو لکھ پتی بنانے کا کارخانہ رکھتی ہے اسکے خلاف ثابت کرنے والے کو سو روپیہ انعام دیئے جائیں گے یہ کتاب ہماری بکڈپو کی سب سے زیادہ مشہور و مقبول کتاب ہے نئے ایڈیشن کی خوشی میں اس کی قیمت بجائے ... کے صرف ... کردی گئی ہے دو جلد کے خریدار کو دو شیشی دوتی رومال بطور انعام دئے جائینگے یہ رعایت صرف ... جولائی ۱۹۳۲ء تک (محصول بذمہ خریدار)

ملنے کا پتہ

منیجر تاج بکڈپو سنڈی حمام آگرہ

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے، کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دار و مدار ہے اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے۔ ... زود اثر اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت پیش کی جارہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں سے ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب آلہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب آلہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۸۸۴ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے۔ اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۱۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں ان کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کررہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں ابتک تیار نہیں ہوا ایت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چھاپی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عنہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عالی خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں ہے اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درود ولی پورخلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے بامو قع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (دعہ) بلاجلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الٰہی میں ترجمہ حکیم الامتہ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی (مدظلہ) کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے لئے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ خشاشدہ ... قسم دوم خشاشدہ عاً علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸/ چرم عہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۷ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ ہجری

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں

(۱) ایک عورت کو سن بلوغت کے ابتداء ہی حیض نہیں آیا یا آتا رہا ہے لیکن کسی بیماری کے پیدا ہو جانے سے بند ہو گیا ہے۔ ایسی عورت کو اگر طلاق ہو جائے تو ایسی حالت میں اس کو عدت ۳ ماہ ہوگی یا تین حیض پورے ...

(۲) امام مسجد ...

(۳) ایک نکاح کیا گیا ہے ...

یہ نکاح درست ہے؟

الجواب

...

سکھوں کی جنگجوئی

گزشتہ دو ہفتوں میں پنجاب کے اندر سکھوں نے جو فرقہ وارانہ فضا پیدا کر دی ہے اور نہایت غیر ذمہ داری کے ساتھ جو جنگجویانہ پروپگنڈا ان کی طرف سے کیا جا رہا ہے وہ یقیناً قومی نقطۂ نگاہ سے اس سے بھی زیادہ قابل مذمت ہے ...

مالوی جی اور فرقہ وارانہ تصفیہ

...

مدیر الجمعیۃ پر نوٹس

...

دہلی میں مظلومین الور کا ورود

مسلمانوں کا مذہبی و ملی فرض کیا ہے

الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت میں ان مظلومین الور کی آمد کے متعلق اطلاع شائع ہو چکی ہے جو ریاست الور کے مظالم سے تنگ آ کر ترک وطن پر مجبور ہو گئے ہیں اور آج کل ایک بہت بڑی تعداد میں دہلی کے اندر مقیم ہیں۔ ان مظلومین میں مرد عورتیں اور بچے سب شامل ہیں ...

مجلس کی تشکیل

اسٹیشن کا پروگرام

عامۂ دہلی کی قرارداد

آخری اپیل

جامع مسجد کا جلسۂ عام

لکھنؤ میں انڈیپنڈنٹ پارٹی کا پہلا تاسیسی اجلاس

پارٹی کے نصب العین، مقاصد اور پروگرام کا تعین

مجلس عاملہ کا انتخاب

(از نامہ نگار خصوصی)

آل انڈیا انڈیپنڈنٹ پارٹی کے پہلے تاسیسی اجلاس کا انعقاد کرنے کے لئے ۲۴ جولائی مقرر کی گئی تھی ...

مقاصد کا تعین اور عملی جد و جہد کا پروگرام

جلسۂ عام

مجلس عاملہ کا انتخاب

آخر میں قرار پایا کہ زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ کی مدت میں ایگزیکٹو بورڈ کا مکمل اجلاس پھر طلب کیا جائے اور اس کے مقام اور تاریخ کا اعلان سکرٹری صاحب اراکین دہلی کے مشورہ سے فرمادیں۔ جناب صدر کے شکریہ پر جلسہ تقریباً ایک بجے ختم ہوا۔

ڈاک خانہ کو آگ لگانے کی کوشش

لیٹر بکس پر ایک پراسرار خط

الہ آباد ۲۴ جولائی آج رات ... ڈاکخانہ کو آگ لگانے کی کوشش کی گئی معلوم ہوتا ہے کہ مٹی کے تیل سے بھیگے ہوئے کپڑے دروازے کی سلاخوں میں لپیٹ کر ان میں آگ لگا دی گئی تھی۔ دروازہ جل گیا لیکن پولیس نے عین وقت پر پہونچکر باقی عمارت کو نقصان سے بچا لیا۔ لیٹر بکس پر ایک خط چپکا ہوا پایا گیا جس میں لکھا تھا کہ "پنجاب میل" طاقت رفتار میں "گجرات میل" سے زیادہ ہے۔

توبہ کے بعد حق گو کی جسارت کا تازہ مظاہرہ

اوقات نماز پر لایعنی اعتراضات کا مسکت جواب

(از جناب محمد طہٰ صاحب متعلم ندوۃ العلماء لکھنؤ)

حتی تملوا وان احب الاعمال الی اللہ ما دوم علیہ وان قل وکان آل محمد اذا عملوا عملا اثبتوہ ...

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک چٹائی تھی ...

(باقی آئندہ)

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے سعی فرما کر اپنی علم دوستی ... کا ثبوت دیجئے

دار الحکومت سے

جامع مسجد میں مظالم الور کیخلاف احتجاج

تارکان وطن کی امداد و اعانت کیلئے اپیل

دہلی ۹ جولائی - آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مسلمانان دہلی کا عام جلسہ بصدارت جناب مولانا محمد شریف صاحب رکن جمعیۃ مرکزیہ علمائے ہند منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد اول صاحب صدر نے مظلومین الور کے متعلق ایک فرارداد پڑھکر سنائی اس کے بعد حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی نے اللہ اکبر کے فلک رسا نعروں میں کھڑے ہوئے اور نہایت ولولہ انگیز اور جامع تقریر کی۔

تجویز ۱

تجویز ۲

ہلال احمد صاحب زبیری ایڈیٹر الجمعیۃ کے خلاف نوٹس

اپنے علاقہ سے باہر نہ جاؤ

دہلی ۔ جولائی چیف کمشنر صوبہ دہلی کی طرف سے ہلال احمد صاحب زبیری بی اے ۔ ایڈیٹر الجمعیۃ کے نام گذشتہ شب کو آٹھ بجے ذیل کا نوٹس موصول ہوا ہے:-

ہرگاہ کہ چیف کمشنر دہلی کو اس امر کا اطمینان حاصل ہوگیا ہے کہ ہلال احمد زبیری ایڈیٹر الجمعیۃ دہلی کے خلاف دفعہ ۲ (۱) آرڈیننس ... ۱۹۳۱ء کے ماتحت کارروائی کرنے کے کافی وجوہ موجود ہیں اس لئے یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ

(۱) آپ آئندہ ایسے کاموں سے جو امن عامہ کے منافی ہوں یا ایسی تحریک سے جو نقص امن کا موجب ہوسکتی ہو یا حکومت کے خلاف کسی قسم کے عمل یا پروپیگنڈا سے اجتناب کریں گے۔

(۲) آپ علاقہ ... کی حدود کے اندر رہیں گے اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس شہر دہلی کی اجازت کے بغیر ان حدود کو نہ چھوڑیں گے۔

یہ احکام آئندہ نوٹس تک نافذ رہیں گے۔ ان احکام کی خلاف ورزی با ہر نہ کورہ بالا آرڈیننس کی دفعہ ۷ کے ماتحت دو سال تک کی قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

دستخط چیف کمشنر صوبہ دہلی

پنجاب میں فرقہ وارانہ حقوق کا تصفیہ

آبادی کا تناسب اور نشستوں کی تعداد

"فری پریس" کا ایک بیان مظہر ہے کہ فرقہ وارانہ سمجھوتے کے سلسلے میں حکومت پنجاب اور حکومت ہند نے وزیر ہند کو ایک یادداشت ارسال کی ہے جس پر غور کرنے کے بعد وزیر ہند ... مسئلہ پنجاب کا حل تجویز کریں گے اس یادداشت میں پنجاب کونسل کی ترکیب اس طرح تجویز کی گئی ہے:-

عام نشستیں جن کا انتخاب عیحدہ گانہ ہوگا		۱۶۱
خاص	مخلوط ہوگا	۱۴
پنجاب کونسل کی کل نشستیں		۱۷۵

۱۶۱ عام نشستوں کی تقسیم فرقہ وار اس طرح ہوگی:-

قوم	نشستوں کی تعداد	تناسب باعتبار فیصدی
یورپین	۲	۳ فیصدی
ہندوستانی عیسائی	۲	
سکھ	۳۱	۱۹ فیصدی
ہندو	۴۲	۲۶ فیصدی
مسلمان	۸۴	۵۲ فیصدی

۱۴ خاص نشستوں کی تقسیم اس طرح ہوگی:-

قوم	نشستوں کی تعداد	تناسب باعتبار فیصدی
مسلمان	۹۱	۵۱ فیصدی
ہندو	۴۷	۲۷
سکھ	۳۳	۱۹
عیسائی اور یورپین	۴	۳

دہلی کے عمائدین و قومی کارکنان کا جلسہ مشاورت

مظلومین الور کی امداد کے لئے صحیح راہ عمل

سرحد کے ایک قلعہ پر قبائلی لشکروں کا حملہ

حاجی بنین کی فوجوں میں زبردست مقابلہ

وزیر ہند کے تبدیلی قلب کی کوئی توقع نہیں

بمبئی میں سیاسی مسائل پر تبصرہ

سر سپرو کا اظہار خیال

نواب دیر کے علاقہ پر حملہ کرنیکی کوشش

سرحد میں قبائل کا اجتماع

مقروض نے مہاجن کو قتل کردیا

ایک اور انقلاب پسند بنگالی گرفتار کرلیا گیا

کمپنی باغ میں سی آئی ڈی کی جدوجہد

ایک ساہوکار نے گیارہ لڑکیوں کا اغوا کیا

سید عطاء اللہ شاہ صاحب کی اپیل خارج ہوگئی

لاہور ۲۷ جولائی - کل مسٹر جسٹس ... کے اجلاس میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کی طرف سے زیر دفعہ ۱۲۴ (الف) دہلی میں دو تقریروں کے سلسلہ میں سزایابی کے خلاف مرافعہ کی سماعت ہوئی ... انہوں نے بتایا ... لیکن عدالت نے مرافعہ خارج کردیا۔

ایک بوہرہ کے مکان پر خوفناک ڈاکہ

لڑکی نے دو ڈاکوؤں کو ہلاک کردیا

پشاور میں خانہ تلاشیاں

دو نوجوان گرفتار

ڈاکٹر انصاری صاحب کا عزم یورپ

گاندھی جی سے ملاقات کا ارادہ

شاہ واجد علی کی دختر کا انتقال ہوگیا

پنجاب میل کو روکنے پر سخت سزائیں

لارڈ ولنگڈن کے بت کو توڑنے کی کوشش

سیاسی قیدیوں کی بھوک ہڑتال

ایک سپرنٹنڈنٹ پولیس کو گولی سے زخمی کردیا گیا

کومیلا میں تشدد پسندوں کا اقدام

کومیلا ... جولائی - کل ایک پولیس افسر مسٹر ای. بی. ایلین سپرنٹنڈنٹ پولیس کو گولی سے زخمی کردیا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ تین اشخاص نے ان پر ریوالور سے فائر کئے گولی مسٹر موصوف کے پیٹ میں لگی جس کے باعث وہ زخمی ہو گئے حملہ آوروں میں سے دو بھاگ گئے لیکن ایک گرفتار کرلیا گیا گولی لگنے کے بعد انہیں اسپیشل ٹرین کے ذریعہ ڈھاکہ پہونچایا گیا مقامی اسسٹنٹ سرجن ان کے ہمراہ تھے۔

مسٹر ایلین اپنے اردلی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر اپنے بنگلہ پہونچے فوراً ایک نوجوان نے پیچھے سے ریوالور سے فائر کیا گولی ان کی پشت میں لگی اور پیٹ میں داخل ہوگئی۔ شبہ میں ایک نوجوان گرفتار کرلیا گیا ہے سڑکوں اور گلیوں میں پولیس گشت لگا رہی ہے۔

گول میز کانفرنس کی ریاستی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ

حکومت اور ریاست ہائے ہند کے درمیان مالی تعلقات

خراج محاصل انکم ٹیکس کے متعلق سفارشات

شملہ ... جولائی - ہندوستانی ریاستیں تحقیقاتی کمیٹی (مالیاتی) کی رپورٹ آج ہندوستان اور برطانیہ میں بیک وقت شائع ہوگئی ہے اس رپورٹ کی اشاعت کے بعد ان تینوں تحقیقاتی کمیٹیوں کا کام پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا جو گول میز کانفرنس کے دوسرے اجلاس کے بعد وزیر اعظم نے مقرر کی تھیں ...

ریلوے سکہ جات اور ڈاک و تار

خراج کا معاملہ

پنجاب کے سکھوں کی شورش کا انسداد

فرقہ وارانہ مسئلہ میں افسوسناک روش

علامہ اقبال کا بیان

سکھ لیڈروں نے حال میں ایک اعلان شائع کرکے پنجاب میں مسلمانوں کی اکثریت کو ... کے خلاف جو بیان شائع کیا تھا اس میں انہوں نے یہ کہا تھا کہ خواہ کچھ ہو وہ اس تصفیہ کو ہرگز قبول نہ کریں گے، علامہ اقبال، صدر ...

جاپانی تجارت کو روکنے کی سعی

حکومت ہند کے رکن تجارت کی خدمت میں وفد

جاپانی مال پر محصول عائد کرنے سے انکار کردیا گیا

انگریز دس سال میں ہندوستان واپس کرینگے

ہم کو کوئی قوم نہیں دبا سکتی

سابق صدر اسمبلی کا خیال

کانگریس ہاؤس بنارس پر جھنڈا نصب کرنیکی کوشش

عورتوں اور مردوں کی گرفتاری

آگرہ کے قریب پھر تار کاٹ دئے گئے

تار کاٹنے والوں کا کوئی پتہ نہیں چلا

لندن کے کارخانوں میں ہڑتال

۲۲ ہزار مزدور کارخانے چھوڑ کر الگ ہوگئے

جرمنی میں پولیس اور اشتراکیوں کے درمیان جنگ

دو ہلاک متعدد مجروح

کانگریس کمیٹی کی خفیہ چھاؤنی پر چھاپہ

قابل اعتراض اشیاء کی برآمد

کراچی میں ایک قیدی کی بھوک ہڑتال

حالت نازک ہوگئی ہے

میل گاڑی کا انجن لائن سے اتر گیا

عبدالرشید کو پھانسی کی سزا

کپتان کولڈ اسٹریم کے مقدمہ قتل کا فیصلہ

لندن میں زبردست طوفان باد

۳۵ گھنٹہ تک مسلسل بارش

ایک پولیس افسر پر بم

ملزم گرفتار کرلیا گیا

سوراج بھون پر کانگریسیوں کا دوبارہ حملہ

دنیا میں سونا کس کے پاس زیادہ ہے

۳۰۰ ایکڑ اراضی ضبط کرلی گئی

عدم ادائیگی مالگزاری کا شاخسانہ

پکٹنگ کرنے والی خواتین گرفتار

جمعیۃ علماء صوبہ سرحد کی مجلس مرکزیہ کا اجلاس

اہم قراردادوں کی منظوری

پشاور ۲۶ جولائی آج جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کا اہم اجلاس جناب محترم مولانا داؤد محمد صاحب کی صدارت میں دفتر جمعیۃ العلماء میں منعقد ہوا۔ اکثر علماء کرام نے شرکت فرمائی۔ حسب ذیل قراردادیں طویل بحث و تمحیص کے بعد بالاتفاق منظور ہوئیں۔

فیصلہ ہوا کہ حسب ذیل اراکین کی ایک مجلس ماتحت اجرائے شریعت کے لئے ایک مسودہ قانون تیار کرے جو آئندہ اکتوبر کو مجلس مقننہ صوبہ کے اجلاس میں پیش کیا جا سکے۔ (۱) مولانا داؤد محمد صاحب صدر جمعیۃ العلماء مولانا اللہ بخش صاحب سکرٹری شعبہ تحفظ شریعت مولانا محمد لطف اللہ صاحب گوہر سیاں احمد شاہ صاحب بیرسٹر ایٹ لا۔ مجلس کو اختیار ہے کہ کسی اور کو اپنے ساتھ شامل کر دیوے۔

مسٹر پیر بخش خان رکن مجلس مقننہ صوبہ سرحد کے مسودہ قانون ترمیم پنجاب میونسپل ایکٹ پر جس کو ادارہ مجلس بہ غرض آئینی حصول رائے عامہ کے لئے شائع کیا ہے پورا غور و خوض کیا گیا۔ پایا گیا کہ چونکہ مسودہ ہذا کی رو سے صرف حدود بلدیہ ہی میں چکلے ممنوع قرار دئے جا سکتے ہیں حالانکہ شرعاً ان کا وجود ممنوع اور باعث تخریب اخلاق ہے۔ لہذا جہاں تک علماء کی رائے اور شرعی نقطۂ نظر کے تعلق کا سوال ہے۔ علماء ہر جگہ چکلوں کے وجود کے مخالف ہیں خواہ حدود بلدیہ میں ہوں یا ڈسٹرکٹ بورڈوں کی زیر اثر زمین پر۔

یہ جلسہ تمام سیاسی قیدیوں کے ساتھ عموماً اور علماء کرام کے ساتھ خصوصاً جیل میں نامناسب سلوک کے خلاف احتجاج کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ مولانا شاکر اللہ صاحب ناظم ...

جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کو کم از کم "بی" کلاس دی جائے۔

چونکہ تحریک کشمیر ایجی ٹیشن ختم ہو چکا ہے اور حکومت کشمیر نے اس سلسلے کے اکثر گرفتاران کو رہا کر دیا ہے اس لئے مجلس مرکزیہ کا یہ جلسہ حکومت ہند سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھی فوراً مجلس احرار اسلام کے تمام وہ قیدی رہا کر دے جو اس تحریک کے ضمن میں گرفتار ہو چکے ہیں نیز مولانا کفایت اللہ صاحب کو ضعیف اور کبر سنی کی وجہ سے فوراً رہا کر دیا جائے۔

پنجاب یونیورسٹی کے خلاف احتجاج

یہ جلسہ پنجاب یونیورسٹی کی اس حرکت پر اظہار نفرت کرتا ہے کہ اس نے بی۔ اے کے نصاب سے تاریخ کو خارج کر کے اپنی کوتہ اندیشی اور اسلام دشمنی کا ثبوت دیا ہے۔

محمد یوسف قائم مقام ناظم

علماء سرحد جمعیۃ علماء ہند کے پروگرام کے پابند ہیں

معزز ناظرین! یہ شربت دواخانہ کی قابل قدر اور بھروسہ کی چیز ہے جسکا بار بار تجربہ کیا جا چکا ہے بلا تمیز عمر و مذہب استعمال کیا جاتا ہے یہ شربت معدہ کو قوت دیتا ہے جگر کو خاص طور پر تقویت بخشتا ہے خون صالح پیدا کرتا ہے بھوک خوب لگاتا ہے قوت جسمانی کو ترقی دیتا ہے چہرے کو خوش رنگ بناتا ہے بیماری کی کمزوری کو دور کرتا ہے ضعف معدہ کی وجہ سے جو دست آتے ہیں ان کو روکتا ہے نیز طحال و جگر بڑھ جانے کو مفید ثابت ہوا ہے ترکیب استعمال چھ ماشہ یہ شربت بغیر پانی ملائے دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد چاٹ لینا چاہئے قیمت فی شیشی ۱۲؍ مکمل فہرست جس میں ساٹھ سے زائد مجربات درج ہیں مع جنتری ۱۹۳۲ء مفت منگوائیے

نیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

کلوزنگ برقعہ

یہ اکسیر ایسی مستورات کیلئے کارآمد ہے جو زیادتی اولاد کی وجہ سے پریشان ہوں یا جن کا پہلا بچہ ابھی دودھ پیتا ہو اور دوسرے بچے کا حمل جلد قرار پا جائے سو اس اکسیر کے استعمال سے حمل جلد قرار نہیں پاتا ... منگوانے کا پتہ: دواخانہ اکسیر راحت بٹالہ (پنجاب)

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کر دیا یہ خضاب نہیں خوشبودار تیل ہے جوان بوڑھا سبھی کا بال جڑ سے سات دن میں کالا نہ ہو تو دوگنی قیمت واپس کرنے کی عدالت میں اس کا شرط لکھا لیں بہت جگہ سے اس کا خوشخبری آگیا ہے منگا کر دیکھیں قیمت چار روپیہ (للعہ)

نیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹورز دربھنگہ

دوا وہ درد و لب اٹھے کہ تاثیر اسکو کہتے ہیں
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اس کو کہتے ہیں

اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جس کا ہر گھر بلکہ ہر شخص کے پاس سفر و حضر میں رہنا ضروری ہے کیونکہ اکسیر حیات سر سے پیر تک کی اکثر بیماریوں کا حکمی اور فوری علاج ہے ... مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

عجیب (۱۰۸۶)

ہندوستانی دواخانہ دہلی کا نادر و نایاب تحفہ

کھانے پینے میں بے احتیاطی کے باعث جو شکایتیں عموماً پیدا ہو جاتی ہیں ان کے رفع کرنے میں یہ اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ فساد ہضم - گرانی شکم اور دوران سر کو آناً فاناً روکتی ہے۔ تخمہ اور ہیضہ میں یہ نہایت مجرب اور بہت ہی زود اثر ثابت ہوئی ہے۔ سفر کی حالت میں عموماً کھانے پینے میں احتیاط نہیں ہو سکتی جس کے باعث دوران سر اور گرانی شکم کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے سفر و حضر میں اسکی ایک شیشی ضرور اپنے ہمراہ رکھیئے۔

(ترکیب استعمال) درد شکم یا ہیضہ کے لئے اس کے چار قطرے پانی میں ڈال کر استعمال کئے جائیں۔ قیمت فی شیشی ۱۲؍

علاوہ اس کے اگر آپ ہر موسم اور مزاج کے مطابق طبیب اعظم حکیم محمود خاں حاذق الملک حکیم محمد عبدالمجید خاں اور حضرت مسیح الملک ثانی حکیم محمد احمد خاں کے خاص الخاص مجربات برائے نام قیمتوں پر حاصل کرنا چاہتے ہوں تو آج ہی ایک کارڈ بھیجکر فہرست خصوصی مفت طلب فرمائیے

المشتہر

نیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

دق کے مریضوں کیلئے صحت کا پیغام

حیرت انگیز طبی ایجاد

عرق حیات

جو

تیسرے درجہ تک کے مریضوں کیلئے تجربہ شدہ مفید عرق ہے جب گوشت گھل گیا ہو بدن کی کھال خشک ہو کر ہڈیوں سے جا لگی ہو دست آنے لگے ہوں - رطوبات خشک ہو گئی ہوں مایوسی ہی مایوسی نظر آتی ہو اور اطباء جواب دے چکے ہوں ڈاکٹر ناامید ہو گئے ہوں - ہزار ہا روپیہ برباد کرنے کے بعد خدا سے دعا مانگنے کے سوا کچھ نہ کر سکتے ہوں۔

تو

عرق حیات

استعمال کرنا چاہئے ناامیدی خوشی سے اور مایوسی کامیابی سے بدل جائے گی اور رفتہ رفتہ انشاء اللہ مریض صحیح و تندرست ہو جائیگا

آپ کا اخلاقی و انسانی فرض ہے

کہ جہاں کہیں کوئی دق کا مریض ہو اسکو اس عرق کے استعمال کرنے کا مشورہ دیں آپ داخل ثواب ہوں گے اگر آپ اس کار نیک میں حصہ لینا چاہیں تو آپ کے طلب کرنے پر اشتہارات مفت اپنے صرفہ سے ہم روانہ کرنے کو تیار ہیں وہ اپنے شہر میں تقسیم کرکے داخل حسنات ہوں آپ کو معلوم ہے کہ لاکھوں جانیں صرف اس موذی مرض کی بدولت ضائع ہو رہی ہیں اس لئے ہر ہندوستانی کا فرض ہے کہ وہ اس کی تشہیر میں جہاں تک زیادہ سے زیادہ ممکن ہو حصہ لے کر ملکی خدمت ادا کرے۔ یہ عرق حیات کبھی نہ خطا کرنے والی اور دنیا کی لاثانی اور قابل قدر و لائق تحسین مجرب ادویات سے ہے۔ آج تک ہزاروں مریضوں پر تجربہ کیا جا چکا ہے اور بفضلہ اپنے محیر العقول فوائد کے باعث پبلک اور حکیموں سے سارٹیفکٹ حاصل کر چکا ہے۔ کوئی معمولی دوا سمجھ کر اس کو نظر انداز نہ کر دیجئے ورنہ وقت نکلنے پر کف افسوس ملنا پڑیگا قیمت فی بوتل (عہ) علاوہ محصول و پیکنگ۔

نوٹ: ہمدم دواخانہ رجسٹرڈ کی فہرست ادویہ مرکبہ جس میں سر سے پاؤں تک کے امراض کے علاج درج ہیں چھپکر شائع ہو گئی ہے ایک کارڈ ڈال کر مفت طلب فرمائیے۔ تار کا کافی پتہ: "ہمدم" دہلی

المشتہر

منیجر ہمدم دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ... دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۴ ربیع الثانی ۱۳۵۱ھ ہجری

"فرقہ وارانہ فیصلہ" اور مسلمانان ہند

چند ناقابل انکار حقیقتیں

فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق حکومت برطانیہ کے فیصلہ کا اعلان وزیر اعظم کی جانب سے شائع ہوچکا ہے اور اس کے متعلق ملک کے ہر گوشے سے مختلف الخیال رہنماؤں کی آراء اب تک موصول ہورہی ہیں۔ ہر ملت کی "نمائندہ" و غیر نمائندہ انجمنیں اپنے اپنے اجلاس منعقد کرکے اظہار خیال کرچکی ہیں اور ہر طبقہ کے اخبارات اس موضوع پر مقالات لکھ چکے ہیں۔ ہم نے گزشتہ اشاعت میں اسی روز جب کہ یہ "فیصلہ" ہمیں موصول ہوا تھا اس کے متعلق اپنی اجمالی رائے ظاہر کردی تھی اور یہ بتا دیا تھا کہ اس سے وہ لوگ بھی مطمئن نہیں ہوسکتے جو ایک عرصہ سے اس کا انتظار کررہے تھے اور جنہوں نے ہندوستان کی قومیت متحدہ سے توقعات منقطع کرکے حکومت برطانیہ کے ساتھ تمام امیدیں وابستہ کرلی تھیں اور یہ سمجھ رہے تھے کہ ان کی قومی و وطنی غداریوں کے صلہ میں حکومت ان کے فرقہ وارانہ مطالبات کو منظور کرے گی، یہ دوسری بات ہے کہ ان کی ذاتی مصالح اور خوشامدانہ پالیسی انہیں اظہار صداقت سے مجبور رکھے اور وہ اعلاء کلمۃ الحق کے بجائے دوسروں کو اپنی فریب کاریوں سے مغالطہ میں مبتلا کرنے پر آمادہ ہوں۔ اب تک جس قدر رائیں موصول ہوئی ہیں ان سے ہمارے اس خیال کی پوری طرح تائید ہوتی ہے۔

نکات چہاردہ گانہ کا صحیفۂ آسمانی

مسلمانوں کو دھوکا کیوں دیا گیا تھا؟

کیا حقوق المسلمین کا تحفظ ہوگیا؟

مسلم مطالبات کا صریح قتل عام

وزیر اعظم کے اعلان کا دوسری تجاویز سے مقابلہ

عنوانات	حکومت برطانیہ کا فیصلہ	آل پارٹیز کانفرنس کی رپورٹ	قوم پرور مسلم کانفرنس کی قرارداد	جمعیۃ علمائے ہند کا فارمولا
مذہبی، معاشرتی اور لسانی تحفظات	×	حکومت کی جانب سے مذہب، معاشرت، اور زبان ... کا وعدہ	تہذیب، تمدن، مذہب، زبان، رسم الخط، تعلیم، اوقاف، اقتصادی مفاد اور پرسنل لا (شخصی قوانین) کا تحفظ	تہذیب، تمدن، مذہب، زبان، رسم الخط، تعلیم، اوقاف، اقتصادی مفاد اور پرسنل لا کا تحفظ ...
صوبوں کی خود مختاری	×	ایک خاص حد تک خود مختاری	مکمل خود مختاری اور اختیارات باقی ...	مکمل خود مختاری اور اختیارات باقی صوبوں کے لئے مخصوص
صوبوں کی مساوات	×	کامل مساوات کا اعتراف جس میں صوبہ سرحد، بلوچستان اور صوبہ سندھ شامل ہیں	کامل مساوات (بشمول صوبہ سرحد، بلوچستان، سندھ)	کامل مساوات (بشمول صوبہ سرحد، بلوچستان، سندھ)
صوبہ سرحد کا معاملہ	۱- دوسرے صوبوں کے ساتھ مساوات پر سکوت ۲- غیر مسلم اقلیتوں کو تین گنی نیابت جس کی وجہ سے مسلمانوں کا ...	۱- دوسرے صوبوں کے ساتھ مساوات ۲- غیر مسلم اقلیتوں کے لئے قدر تناسب آبادی نشستوں کی تخصیص	۱- دوسرے صوبوں کے ساتھ مساوات ۲- غیر مسلم اقلیتوں کے لئے حسب تناسب آبادی نشستوں کی تخصیص، اگر وہ زائد طلب کریں تو مسلم اقلیتوں کو بھی پاسنگ کا حق	۱- دوسرے صوبوں کے ساتھ مساوات ۲- غیر مسلم اقلیتوں کے لئے تناسب آبادی نشستوں کی تخصیص، اگر وہ زائد طلب کریں تو مسلم اقلیتوں کو بھی پاسنگ کا حق
صوبہ بلوچستان کا معاملہ	اصلاحات سے محرومی	مکمل اختیارات و اصلاحات جو دوسرے صوبوں کو دی جائیں	مکمل اختیارات و اصلاحات جو دوسرے صوبوں کو دی جائیں	مکمل اختیارات و اصلاحات جو دوسرے صوبوں کو دی جائیں
صوبہ سندھ کا معاملہ	علیحدگی کے اعلان سے گریز	مسلمانوں کی خواہش پر بہر صورت علیحدگی کا اعلان اور مساوی درجہ	صوبہ بمبئی سے علیحدگی کا قطعی فیصلہ اور مساوی درجہ	صوبہ بمبئی سے علیحدگی کا قطعی فیصلہ اور مساوی درجہ
مرکز میں نیابت	×	تناسب آبادی کے اعتبار سے نشستوں کی تخصیص اور زائد نشستیں حاصل کرنے کا اختیار	⅓ نیابت	
وزارتوں میں نیابت	×	×	مسلم مفاد کا رواج کے ذریعہ تحفظ	مسلم مفاد کا رواج کے ذریعہ تحفظ
ملازمتوں میں حصہ	×	×	۱- کم سے کم معیار قابلیت ۲- جائز حصہ کا تحفظ	۱- کم سے کم معیار قابلیت ۲- جائز حصہ کا تحفظ
سپریم کورٹ کا قیام	×	سپریم کورٹ کے قیام کی سفارش	×	سپریم کورٹ کا قیام جو اقلیتوں اور صوبوں کے درمیان فیصلہ کا کامل اختیار رکھتا ہو
طریق انتخاب	جداگانہ انتخاب (سوائے صوبہ سرحد کے ہر صوبہ میں) آئینی اقلیت کے قیام کے ساتھ	مخلوط انتخاب (حق رائے دہی بالغان کے ساتھ)	مخلوط انتخاب (حق رائے دہی بالغان کے ساتھ)	مخلوط انتخاب (حق رائے دہی بالغان کے ساتھ)
مسلم اقلیتوں کے صوبوں کا مسئلہ	میثاق لکھنؤ سے بھی کم پاسنگ کے ساتھ نشستوں کی تخصیص	تناسب آبادی کے حساب سے نشستوں کی تخصیص اور زائد نشستیں حاصل کرنے کا حق	تناسب آبادی کے حساب سے نشستوں کی تخصیص اور زائد نشستیں حاصل کرنے کا حق، اگر دوسری اقلیتیں پاسنگ ...	تناسب آبادی کے حساب سے نشستوں کی تخصیص اور زائد نشستیں حاصل کرنے کا حق، اگر دوسری اقلیتیں پاسنگ ...
حکومت ترکیبیہ لامرکزیہ کا مسئلہ	×	حکومت مرکزیہ وحدانیہ	حکومت ترکیبیہ لامرکزیہ کا قیام	حکومت ترکیبیہ لامرکزیہ کا قیام
حق رائے دہی کا مسئلہ	×	حق رائے دہی بالغان ...	حق رائے دہی بالغان یا کم سے کم ...	حق رائے دہی بالغان یا کم سے کم ...
صوبہ پنجاب کا معاملہ	جداگانہ انتخاب کے ساتھ صرف ۴۹ فیصدی نشستوں کی تخصیص ...	مخلوط انتخاب بحق رائے دہی بالغان کے ساتھ ۵۰ فیصدی سے زائد نشستیں حاصل کرلینے کا حق	مخلوط انتخاب بحق رائے دہی بالغان کے ساتھ ۵۰ فیصدی سے زائد نشستیں حاصل کرلینے کا حق	مخلوط انتخاب اور حق رائے دہی بالغان کے ساتھ ۵۰ فیصدی سے زائد نشستیں حاصل کرلینے کا حق
صوبہ بنگال کا معاملہ	جداگانہ انتخاب کے ساتھ صرف ۴۷ فیصدی نشستوں کی تخصیص ... آئینی اقلیت کا قیام	مخلوط انتخاب اور حق رائے دہی بالغان کے ساتھ ۵۰ فیصدی سے زائد نشستیں حاصل کرلینے کا حق	مخلوط انتخاب بحق رائے دہی بالغان کے ساتھ ۵۰ فیصدی سے زائد نشستیں حاصل کرلینے کا حق	مخلوط انتخاب اور حق رائے دہی بالغان کے ساتھ ۵۰ فیصدی سے زائد نشستیں حاصل کرلینے کا حق

فرقہ وارانہ تصفیہ کے اعلان پر زعمائے ہند کے خیالات

حکومت کا اعلان "پھوٹ ڈالو اور حکومت کرو" کے اصول پر مبنی ہے

سکھوں اور مہاسبھائیوں کی تنگ ظرفی اور فرقہ پرستی

مسلمانان پنجاب

شملہ ۱۸ اگست۔ آج سہ پہر کو میاں احمد یار دولتانہ کی قیام گاہ پر پنجاب کے مسلم لیڈروں و عام مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس کے صدر نواب سر ذوالفقار علی خاں تھے، جلسہ میں حسب ذیل تجویز پاس کی گئی:-

مسلمانان پنجاب کا یہ جلسہ ملک معظم کی حکومت کے فرقہ وارانہ فیصلہ پر اظہار ناراضگی کرتا ہے جس سے اس صوبہ کے مسلمان اپنے جائز اور کھلے ہوئے حق اکثریت سے محروم کردیئے گئے اور اس فیصلہ میں اس چیز کا اظہار کہ مسلمان خاص مفاد کی نشستوں سے کچھ نشستیں حاصل کرلیں گے محض دھوکہ ہے کیونکہ ان نشستوں میں اکثر نشستیں عام انتخابات کے لئے کھلی ہوئی ہوں گی اور کوئی جماعت اس صورت میں ان انتخابات کے نتائج پر بھروسہ نہیں کرسکتی۔

حکومت پرست بنگالی مسلمان

مولانا آزاد سبحانی

حکومت کا فیصلہ حقوق چونکہ فیصلہ اختیارات کے بغیر شائع ہوا ہے لہٰذا وہ فرع بلا اصل ہونے کے باعث ان لوگوں کیلئے قطعی ناقابل توجہ ہے جو فرع سے زیادہ اصل کی فکر میں ہیں۔ یعنے وہ پہلے یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ ہندوستان کو کیا ملا، اسکے بعد یہ سمجھنا چاہتے ہیں کہ جو کچھ ہندوستان کو ملا اس میں سے کس ہندوستانی فرقہ کو کیا ملا۔ بحیثیت ایک عام اصولی محب وطن ہونے کے میں اس بے اصل و اساس نقشہ تنوع کو ناقابل توجہ ٹھہراتا ہوں جو ہندوستانی اس نقشہ کی جزئیات سے رضامندی کا اظہار کررہے ہیں، افسوس ہے کہ ان کا سیاسی نقطۂ نظر بہت تنگ ہے۔ میری رائے میں تصفیہ حقوق کی خواہش کو فی الحال دماغ سے نکال دینا چاہئے اور اس کے بجائے اس اصول اساس کو ذہن نشین کرلینا چاہئے کہ ہندوستان میں آزادی سے پہلے اطمینان بخش تصفیہ حقوق ممکن ہی نہیں ہے خواہ وہ خانگی تصفیہ ہو خواہ حکومت کا ثالثانہ تصفیہ لہٰذا پہلے آزادی حاصل کرو پھر تصفیہ حقوق کی کوشش کرو۔

چودھری خلیق الزماں

مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی

مولانا حسرت موہانی

مولانا مفتی محمد نعیم صاحب ڈکٹیٹر ہفتم جمعیۃ علماء ہند کا بیان

سکھوں کا بیان

ہندو مہاسبھا

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید کا نکاح بکر کے ساتھ ...

حکومت حجاز جنگ کی تیاریوں میں مشغول ہے

شرق اردن اور مستعمرین کی ریشہ دوانیوں کا خطرہ

دمشق اور بیروت کے عربی اخبارات کا بیان

حجاز مقدس کی طاقت کو کمزور کرنے اور اس پر مستعمرین کا تسلط جمانے کے لئے ابن رفادہ کے پردہ میں جو کوششیں ہو چکی ہیں وہ اخبار بین طبقہ سے مخفی نہیں ...

صوبہ دہلی میں شراب افیم بھنگ اور چرس کی سال بسال ترقی کے اعداد و شمار

مجلس اقوام کے مقررہ آئین کی کھلی مخالفت

صوبہ دہلی میں بھنگ، چرس، افیم اور شراب پینے میں حیرت انگیز ترقی ہو رہی ہے ...

دار الحکومت سے

جمعیۃ علماء ہند کے دو کارکنوں کی گرفتاری

شراب کی دوکان پر پکٹنگ

مسلمان فرقہ وارانہ تصفیہ ہرگز قبول نہیں کریں گے

جمعیۃ شبان المسلمین دہلی کی مدلل قرارداد

ایک معزز عیسائی کا قبول اسلام

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی رہائی

رہائی کے بعد نوٹس کی تعمیل

کمرہ بنگش کے قرب و نواح میں سٹہ اور قمار بازی کی شکایت

وزیر اعظم کے تصفیہ سے مسلمانان پنجاب کی بیزاری

انجمن اسلامیہ امرتسر کی قرارداد

چلتی ٹرین میں ایک اور ڈاکہ

ریوالور دکھا کر آٹھ ہزار روپے چھین لیے

مولانا عارف ہسوی بھی گرفتار کر لیے گئے

ریاست سندھ کے سیلاب سے تین لاکھ کا نقصان

بنگال میں تشدد پسندوں اور انقلابیوں کی بیخ کنی کیلئے پولیس کی تگ و دو

تمام علاقوں میں پولیس کا گشت۔ ایک روز میں پندرہ نوجوان گرفتار

وزیر اعظم کی بارگاہ میں نام نہاد مسلم کانفرنس کا سجدۂ عبودیت

غداروں کی غداری اور "براہ راست کارروائی" کا پول کھل گیا

اجلاس میں زبردست انتشار "واک آوٹ" اور شور و غل کے مناظر

(از نامہ نگار خصوصی)

معلوم ہوا ہے کہ ... مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا پہلا اجلاس شریف منزل میں منعقد ہوا ...

پانچ اہم تجویزیں

واک آوٹ

ڈاکٹر مونجے اور امبیدکر بھی بول پڑے

وزیر اعظم کے فیصلہ کی مذمت

حکومت برطانیہ اور حکومت ہند کے مابین تجارتی معاہدہ

ہندوستانی تجارت برآمد کی ترقی کا امکان

آخر سر اقبال کی مہر سکوت ٹوٹی

تصفیہ گورنمنٹ نجدہ ہے مگر مسلمانوں کو قبول کر لینا چاہئے

سی آئی ڈی کے افسر پر گولیوں کے فائر

دیوبند میں عظیم الشان جلسہ

حضرت مولانا حسین احمد صاحب کو ڈاکٹروں کا مشورہ

ڈاکٹر سیف الدین کچلو گرفتار کر لیے گئے

حجاز میں برطانوی مداخلت کی بے بنیاد خبر

حکومت حجاز کی طرف سے سرکاری تردید

انڈیا لیگ کے وفد کا دورہ

گورنر بمبئی اور گاندھی جی سے ملاقات کا ارادہ

ٹرین کو لائن سے اتارنے کے مقدمہ کا فیصلہ

حبس دوام اور ۹ سال قید سخت کی سزا

دیوبند میں ایک عظیم الشان جلسہ و جلوس
حاجی رشید احمد کا بیان اسلامی غیرت کے خلاف ہے

دیوبند ۱۲ اگست آج بعد نماز جمعہ باشندگان دیوبند اور طلبائے دارالعلوم کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا نانوتوی اسحاق احمد صاحب منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن حکیم کے بعد دو پر جوش نظمیں پڑھی گئیں جن کا حاضرین پر خاص اثر ہوا۔ مولانا احمد حسن شیر کوٹی (فاضل دیوبند) اور مولانا حافظ ... صاحب کی تحریک و تائید سے دو تجویزیں بالاتفاق منظور ہوئیں۔

پہلی تجویز میں ان فرزندان دارالعلوم کی خدمت میں ہدیۂ تبریک و تہنیت پیش کیا گیا جو ملک و ملت کے لئے جمعیۃ علمائے ہند کی زیر ہدایت قید فرنگ کی مصیبتیں جھیل رہے ہیں اور دوسری تجویز میں فضلائے دارالعلوم ... [illegible]

فلک بوس نعروں میں جلسہ برخاست کیا گیا اور جامع مسجد سے ایک عظیم الشان جلوس زیر سیادت حافظ ... [illegible]

مجاہد ملت مولانا محمد ابراہیم صاحب کی وفات
دہلی میں تعزیتی جلسے اور ایصال ثواب

دہلی ۱۹ راگست آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں ایک جلسہ زیر سرکردگی جمعیۃ علمائے ہند زیر صدارت جناب مولانا قاری احمد اللہ صاحب دیوبندی منعقد ہوا۔ صدر نے بہت پر جوش طریقے پر مسلمانوں کو وحدت عمل کی دعوت دی۔ پھر جناب مولانا برکت علی صاحب دیوبندی نے اپنی ولولہ انگیز تقریر میں سارے مجمع سے ... کا عہد لیا۔ پھر جناب مولانا مظہر احمد صاحب دیوبندی نے تقریر کی جس میں مسلمانوں کو سودیشی لیگ میں شرکت کرتے ہوئے دیسی اشیاء کے استعمال کی دعوت دی۔ اس کے بعد حسب ذیل تجویزیں پیش ہو کر بالاتفاق منظور ہوئیں۔

تجویز ۱۔ مسلمانان دہلی کا یہ عام جلسہ حضرت مولانا حسین احمد صاحب ڈکٹیٹر ششم جمعیۃ علمائے ہند کی فاتحانہ واپسی پر حضرت موصوف کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہے۔ نیز حضرت مولانا کی ناسازی مزاج اور پیر کے زخم کی تکلیف پر دلی اضطراب کا اظہار کرتا ہے اور بارگاہ ایزدی میں حضرت کی صحت یابی کے لئے دست بدعا ہے۔

۲۔ مسلمانان دہلی کا یہ عام جلسہ جناب مولانا قاضی احمد حسین صاحب بلیاوی نائب ناظم جمعیۃ الطلبہ صوبہ دہلی و کارکن جمعیۃ علمائے ہند کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان کی گرفتاری پر ہدیۂ مبارکباد پیش کرتا ہے۔

۳۔ مسلمانان دہلی کا یہ عام جلسہ جناب مولانا محمد ابراہیم صاحب کارکن جمعیۃ علمائے ہند کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے آپ کے اقارب و احباب کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتا ہے اور مرحوم کے حق میں دعائے مغفرت کرتا ہے۔

برکت علی از دفتر جمعیۃ علمائے ہند دہلی

مدرسہ رحمانیہ میں جلسہ

تذ ذاق ہذا الموت من کان قبلنا
نحن نذوق الموت من بعد ذالک

مجاہد ملت بطل حریت مولانا مولوی حافظ الحاج محمد ابراہیم صاحب کی وفات حسرت آیات سے جو صدمہ جانکاہ عالم اندوہگین پہنچا ہے وہ احاطۂ تحریر سے باہر ہے۔

کل بتاریخ ۱۷ راگست ۱۹۳۲ء ایک عظیم الشان جلسہ برائے تعزیت زیر صدارت حضرت مولانا مولوی نذیر احمد صاحب منعقد کیا گیا جس کی ابتدا مبارک شید صاحب نے اپنی جگر سوز نظم سے کی بعد ازاں ذیل کی تجویز پاس ہوئی جس کی تائید میں ہتمم مدرسہ اور اساتذہ کرام و طلبہ نے جانگداز تقریریں کیں۔

(۱) یہ جلسہ مولانا مولوی حافظ محمد ابراہیم صاحب کی بے وقت اچانک وفات پر اظہار افسوس کرتا ہے اور بارگاہ ایزدی میں ملتجی ہے کہ خدا مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عنایت فرمادے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین

عبد الغفار حسن ناظم جمعیۃ الطلبہ مدرسہ دارالحدیث رحمانیہ دہلی

قرآن خوانی اور ایصال ثواب

دہلی ۱۸ راگست۔ مولانا حافظ الحاج محمد ابراہیم صاحب سابق ناظم مجلس احرار اسلام دہلی و کارکن جمعیۃ علمائے ہند کی وفات حسرت آیات پر جس قدر افسوس کیا جائے کم ہے لیکن اب ان کے مخلصین و احباب کے لئے سوائے اس کے کیا چارہ ہے کہ ایصال ثواب سے مرحوم کے حق رفاقت کی ادائیگی کریں۔ جناب مولانا عبد الماجد صاحب ناظم جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی نے اس ضرورت کو محسوس کیا۔ اور آپ نے آج ۸ بجے درس قرآن مجید مسجد احاطہ کالے صاحب میں مع شرکاء درس قرآن خوانی کر کے مولانا ابراہیم صاحب کی روح کو ایصال ثواب کیا۔

مظہر الدین شیر کوٹی اور مسلمانان الور کے متعلق تجویز

۱۷ اگست یوم جمعہ کو سوہول میں بعد نماز حضرت شیخ الہند ثانی مولانا حسین احمد صاحب کی گرفتاری پر مسلمانوں کا عظیم الشان اجتماع ہوا۔ سب سے پہلے مولانا عبد الرحمن صاحب نے جمعیۃ العلمائے ہند کی مذہبی حیثیت اور اس کے پروگرام پر روشنی ڈالی اس کے بعد متفقہ طور سے حضرت شیخ الہند ثانی مولانا حسین احمد صاحب کی گرفتاری پر مبارکباد کی تجویز پاس ہوئی اور دوسری تجویز میں مولوی مظہر الدین شیر کوٹی پر اظہار ملامت کیا گیا جنہوں نے جامع مسجد دہلی میں تحفظ و رکھ کے ذریعے مسلمانوں پر چاقو اور لٹھ سے حملہ کرایا اور افتراق بین المسلمین کے باعث ہوئے۔ تیسری تجویز میں مہاجرین الور کے ساتھ اظہار ہمدردی کی گئی اور ان کے لئے جمعیۃ العلمائے ہند کے مشورے کو مفید سمجھا گیا اور اس مشورہ کی متفقہ طور سے تائید ہوئی۔

(مولوی محمد قاسم صاحب مدرس اول مدرسہ سوہول)

سچے موتی کی سی آب

"ستاج منجن" صرف چند یوم استعمال کیجئے اور بھر دانتوں میں سچے موتی کی سی آب و تاب قابل رشک صفائی کا مشاہدہ ... [illegible]

آبنوسی خضاب ... [illegible]

منیجر ستاج کمپنی قریب جامع مسجد دہلی

دق کے مریضوں کیلئے صحت کا پیغام
حیرت انگیز طبی ایجاد
عرق حیات جو

... [illegible]

عرق حیات
آپ کا اخلاقی و انسانی فرض ہے

... [illegible]

منیجر ہمدم دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۲۲ دہلی

جب ماہواری ایام آتے ہیں

... ماہواری ایام آنے لگتے ہیں۔

منیجر صاحب زنانہ دواخانہ دہلی

مقویات ستاج عالم

... [illegible]

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

دنیا میں ایک عجیب تیل

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا ... [illegible]

منیجر شنکر کارجالہ نمبر ۹ دربھنگہ بہار

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے رکگنائز کردیا

... [illegible]

لاانتہا روپیہ

... [illegible]

ایس ایل سود اینڈ برادرس ایجنٹس انڈ کنٹریکٹرز پیٹ ٹبیاں اسٹریٹ لاہور

سیرت النبی جلد چہارم (منصب نبوت)
جس میں

تعلیمات نبوی میں سے عقائد کی تشریح کی گئی ہے ۵ ستمبر ۱۹۳۲ء کو شائع ہوجائیگی تقطیع کلاں ... [illegible]

(۱) ہر شہر کے تاجرین کتب کو چاہئے کہ مطلوبہ نسخے اپنے شہر کے شائقین کیلئے ریل کے ذریعہ سے منگوا کر رکھیں تاکہ محصول کی کفایت سے تاجر و خریدار دونوں کو فائدہ پہونچے۔

(۲) ہر شہر کے متفرق خریدار بھی اگر مل کر اپنی مطلوبہ جلدیں ریلوے کے ذریعہ سے منگوائیں، توان کو بھی محصول میں کفایت ہوگی، ایسے لوگوں کے نام ریلوے بلٹی وی۔ پی ہوگی، اور اگر لوگ قیمت مع محصول بذریعہ منی آرڈر بھیجکر کتاب منگوائیں تو مزید کفایت ہوگی۔

(۳) چونکہ ڈاک کا محصول بہت زیادہ ہوگیا ہے، اس لئے ریلوے پارسل میں بہت کفایت ہوگی دس سیر کے وزن میں تین جلدیں روانہ ہوسکتی ہیں۔

منیجر دار المصنفین اعظم گڈھ

سکھیڑہ ضلع میرٹھ میں ذبیحہ پر پابندیاں
ہندو حکام کی خطرناک چشم پوشی

موضع سکھیڑہ تھانہ پلکھوہ ضلع میرٹھ میں ہندو و مسلمان نصف نصف آباد ہیں جہاں پر ہمیشہ سے ذبیحہ ہوتا ہے لیکن اس طرف عام ذبیحہ کے لکھے جانے کا رواج نہیں ہے صرف بموقع عید الضحیٰ رجسٹر پولیس میں قربانیوں کا اندراج ہوتا ہے جس کا سو سال سے تحریر ہونے کے وقت سے اندراج ہے۔ لیکن امسال اہل ہنود نے سازش کر کے پولیس میں رپورٹ کی ہے کہ یہاں پر کبھی ذبیحہ نہیں ہوا غیر مسلم پولیس نے دفعہ ۱۴۴ نافذ کر کے ذبیحہ کو احمد سعید و عبد الکریم العد لوہار کے چلم پر ۱۳ راگست سے ۱۶ راگست تک روک دیا اور ایک طرف مسلمانوں پر نوٹس تعمیل کئے جس کے خلاف احتجاجاً چلم کو مسلمانوں نے ملتوی کردیا اور اب حاکم علاقہ تحصیل غازی آباد و کلکٹر ضلع میرٹھ کے یہاں درخواست دی ہے کہ ہمارے چلم کی بموجب رسم سابق اجازت دی جاوے لیکن اس وقت تک کوئی حکم نہیں ملا جس کے باعث تمام سامان خراب ہو رہا ہے اور رسائل کا سخت نقصان ہو رہا ہے نیز اہل ہنود نے تمام حلقہ پولیس تھانہ پلکھوہ ان دیہاتی مسلمانوں کو جہاں ان کی آبادی کم ہے تنگ کرنا شروع کردیا ہے اور وہ یہ کہتے ہیں کہ جب سکھیڑہ کی نصف آبادی ہوتے ہوئے ان کا گوشت کھانا اور تقریب پر تیار ہونا روک دیا ہے تو تمہاری کیا مجال ہے کہ تم اپنی تقاریب پر گوشت وغیرہ کھاؤ اس کی وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اس وقت تھانہ پلکھوہ میں دونوں سب انسپکٹر ہندو یعنی انچارج اور دوسرے ملکہ سکھ افسر دوئم گنگا انگلیہ برہمن ہے حالانکہ اس سے پیشتر ہمیشہ سے ایک ہندو اور ایک مسلمان رہتے آئے ہیں اب ان ہر دو کے موجود ہونے سے اہل ہنود کو یہ جرأت ہے کہ مسلمانوں کو ایذا پہونچا کر تباہ و برباد کریں اور جانی و مالی نقصان پہونچائیں اگر موضع سکھیڑہ کے جائے حق ذبیحہ کی اجازت نہیں ہوئی تو تمام علاقہ کی مسلم اقلیت خطرہ میں پڑجائے گی۔

لہٰذا حکام بالا مجاز کو چاہئے کہ فوراً اس کا مناسب انتظام فرمائیں۔

(نامہ نگار از پلکھوہ)

مولانا حسین احمد صاحب کی رہائی پر جلسہ

سہارنپور میں ۱۷ راگست کو بعد نماز عشاء جامع مسجد میں عام مسلمانوں کا جلسہ ہوا جو زیر صدارت جناب مولانا ... صاحب ناظم جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی رہائی پر منعقد ہوا حسب ذیل تجویز بالاتفاق رائے منظور ہوئی۔ مسلمانان سہارنپور کا یہ عظیم الشان جلسہ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی رہائی پر مبارکباد پیش کرتا ہے اور یقین کرتا ہے کہ حضرت مولانا مدظلہ کی رہائی آزادیٔ وطن کیلئے مفید ہوگی۔

محمد یسین

بالکل مفت اردو کی کتابیں صرف جوابی کارڈ آنے پر مفت دیوان غفران عین العرفان مناجات وغیرہ پتہ ... عبد الغفور صاحب پوسٹ ... ضلع جھنگ

رنگون میں "الجمعیۃ" کا تازہ پرچہ

عبد الرزاق خاں صاحب فیض آبادی مکان نمبر ۱۰۴ بار اسٹریٹ سے بھی ایک آنہ میں مل سکتا ہے۔

منیجر "الجمعیۃ"

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کردیا۔ یہ خضاب نہیں خوشبودار تیل ہے جوان بوڑھا سبھی کا بال جڑ سے سات دن میں کالا نہ ہو تو دوگنی قیمت واپس کرنے کی عدالت میں اس کا شرط لکھالیں بہت جگہ سے اس کا خوشخبری آگیا ہے منگا کر دیکھیں قیمت چار روپیہ (للعہ)

پتہ

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹورس دربھنگہ

آلو کی کھیتی باتصویر

اسکاٹ لینڈ میں ارل آف ڈنبیری اپنی زمین میں ڈیڑھ ہزار من فی ایکڑ آلو کی پیداوار کی وجہ سے آپ کا نام آلو کا مداری رکھا گیا ہے اس کتاب میں کاشت آلو کے متعلق عجیب و غریب راز بتائے گئے ہیں جن سے ہندوستان میں اس جیسے مداری بن سکیں ... [illegible] ... اس کی ضخامت ۱۴۹ صفحات کی ہے قیمت صرف بارہ آنے (۱۲)

زراعتی کتب کے مشہور مصنف

بابو رام پرشاد صوبہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ

مقام گونہ دگوالیار) سے مل سکتی ہے

پنجاب کے طبیب اعظم

بالکل مفت

عالیجناب شفاء الملک بہادر حکیم نبی جان خان صاحب علی صدر آل انڈیا یونانی طبی کانفرنس و ڈائرکٹر صوبہ انڈیا طبیہ کالج پٹیالہ کی سرپرستی و نگرانی میں تیار ہونے والی بے نظیر اور سریع التاثیر ادویات کی فہرست ایک کارڈ آنے پر بالکل مفت ارسال کی جاتی ہے۔

پتہ

اسسٹنٹ منیجر شاہی مطب پٹیالہ پنجاب

آئندہ سال کیا ہوگا

۱۹۳۳ء آپ کے لئے اور ہندوستان کے لئے نحس ہوگا یا سعد ہوگا۔ اس قسم کی حیرت انگیز پیشین گوئیاں معلوم کرنے کے لئے

باتصویر شاندار رنگین
مشرقی جنتری ۱۹۳۳ء

کتب فروشوں اور اخبارات کے ایجنٹوں سے خریدیئے

علم نجوم اور پیشین گوئیوں کے علاوہ

مشرقی جنتری میں ہر قسم کی ضروری معلومات علمی، تاریخی، ادبی مضامین اور متعدد تصاویر ہوں گی۔

ہندوستان کے مشہورین کے لئے

اس کے بعد کوئی دوسرا اشتہار نہیں ... اتنی شاندار اور کثیر الاشاعت کوئی دوسری جنتری نہیں ہے۔

دفتر مشرقی جنتری کلاں محل دہلی

آتشک سات روز میں شرطیہ جاتا رہیگا

نہ مرہم لگانے کی ضرورت نہ زیادہ پرہیز کا خوف نہ جلاب لینے کا جھنجھٹ نہ منہ آتا ہے نہ دست روزانہ ایک رتی ہماری اکسیر آتشک کھانے پر نئے سے پرانا آتشک صرف سات روز میں شرطیہ دور ہوجائیگا۔ قیمت صرف تین روپیہ (عـہ) علاوہ محصول

سات روز میں بواسیر شرطیہ دور ہوجائے گی

خونی ہو یا بادی نئی ہو یا پرانی مسہ دار ہو یا بلامسہ خراب سے خراب بواسیر کیوں نہ ہو صرف پہلی خوراک سے جادو کی طرح اثر کر کے سات روز میں بیخ و بن سے اکھیڑ دیتی ہے ہماری اکسیر بواسیر خونی بادی بواسیر کو دور کرنے میں عجیب الخواص شے ہے قیمت خوراک ہفت روزہ تین روپیہ (عـہ) علاوہ محصول

اکسیر سوزاک پیشاب کی تکلیف اور خون پیپ کا آنا جلن سوزش پڑنا پیشاب بند ہوجانا زخم پڑجانا میں اور درد ہونا وغیرہ سوزاک کی تمام شکایتوں کو دور کرتی ہے ہماری آزمائی ہوئی اور خاص دوا ہے اکثر و بیشتر تین روز میں جملہ خرابیاں رفع ہوجاتی ہیں خواہ سوزاک نیا ہو یا پرانا دونوں کو مثل جادو کے دور کرتی ہے اول خوراک استعمال سے اثر کا مل دکھاتی ہے قیمت خوراک ہفت روزہ تین روپیہ (عـہ) علاوہ محصول۔

اکسیر جریان جریان سرعت انزال کثرت احتلام رقت منی اور مادہ منویہ کی جملہ خرابیوں کی اصلاح کرتی ہے منی کو قابل اولاد بناتی ہے مقوی اعضاء رئیسہ ہے امساک پیدا کرتی ہے سرعت انزال کثرت احتلام جریان جیسے قاطع نسل مرضوں کو جڑ سے کھو دیتی ہے دائمی قبض کو دور کرتی ہے ہاضمہ کو درست کر کے خون صالح پیدا کرتی ہے بدن کو فربہ اور چہرہ کو سرخ سپید بناتی ہے اپنے خواص کے لحاظ سے عجیب و غریب بے مثل شے ہے قیمت خوراک بیس روز تین روپیہ (عـہ) علاوہ محصول۔

نوٹ۔ جملہ خطوط خفیہ رہیں گے اگر فائدہ نہ ہو حلفیہ تحریر آنے پر قیمت واپس کر دی جائے گی۔

المشتہر حکیم سید عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام اطباء کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دارومدار معدہ پر موقوف ہے اور نمک جالینوس جو دواخانہ ہذا کی خاص چیز ہے تمام امراض معدہ کا واحد علاج ہے جو معمولی درد شکم سے لے کر قولنج تک کو مفید ہے ایک شیشی مہینوں کو کافی ہوتی ہے۔ قیمت فی شیشی صرف ۸ آنہ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ مجرب ادویات کی فہرست مع جنتری ۱۹۳۲ء مفت منگائیے۔

المشتہر

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

بال جڑ سے کالا

تھوڑا لگانے سے زیادہ لگا بال لعہ روپیہ کے تیل میں کالا پیدا لیکر ساٹھ برس تک کالا نہ رہے تو دونا دام واپس پتہ:۔ بال کالا اسٹور کنسی سمری دربھنگہ

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

چند مایہ ناز مجربات خصوصی

دوائے جریان۔ ہر قسم کے پرانے و نئے جریان سرعت انزال کثرت احتلام کیلئے بے حد مفید ہے منی کو غلیظ کرتی ہے اور ناکارہ انسان کو قابل فخر مرد بنا دیتی ہے قیمت تیس خوراک تین روپے آٹھ آنہ علاوہ محصول ڈاک و پیکنگ

طلائے خاص۔ نہایت خوشبودار اور مقوی کمزوروں اور نامردوں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے بالکل بے ضرر ہے ... [illegible] طاقت پیدا ہوجاتی ہے تندرست بھی شوقیہ استعمال کرسکتے ہیں قیمت فی شیشی دو روپیہ علاوہ محصول ڈاک و پیکنگ

مقوی درحقیقت اسم بامسمیٰ ہے نہایت قیمتی اجزاء سے تیار ہوتی ہے ... [illegible] ... چالیس خوراک کی قیمت پانچ روپیہ علاوہ محصول ڈاک و پیکنگ

سیلان الرحم ... [illegible] ... چالیس خوراک کی قیمت صرف چھ روپے چار آنے ... محصول ڈاک و پیکنگ معاف۔

روغن شباب۔ کثرت اولاد عمر کی زیادتی یا کسی مرض کی وجہ سے اگر عورت کی چھاتیاں ڈھل جائیں اور حسن و خوبصورتی پر ایک بدنما دھبہ معلوم ہوں تو روغن شباب کے چند روزہ استعمال سے پھر نوجوانی کی سی کیفیت پیدا ہوجائے گی۔ قیمت فی شیشی جو ایک عورت کے لئے کافی ہے دو روپے علاوہ محصول ڈاک و پیکنگ۔

المشتہر

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

... [illegible]

ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۱۹۵ دہلی

(۱۰۸۶) عجیب
ہندوستانی دواخانہ دہلی کا نادر و نایاب تحفہ

کھانے پینے میں بے احتیاطی کے باعث جو شکایتیں عموماً پیدا ہوجاتی ہیں ان کے رفع کرنے میں یہ اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ فساد ہضم۔ گرانی شکم اور دوران سر کو آنا فاناً دور کرتی ہے تخمہ اور ہیضہ میں یہ نہایت مجرب اور بہت ہی زود اثر ثابت ہوتی ہے۔ سفر کی حالت میں عموماً کھانے پینے میں احتیاط نہیں ہوسکتی جس کے باعث دوران سر اور گرانی شکم کی شکایت پیدا ہوجاتی ہے۔ سفر و حضر میں اس کی ایک شیشی ضرور اپنے ہمراہ رکھئے۔

(ترکیب استعمال) درد شکم و ہیضہ کے لئے اس کے چار قطرے پانی میں ڈال کر استعمال کئے جائیں۔ قیمت فی شیشی ۸ آنہ

علاوہ اس کے اگر آپ ہر موسم و مزاج کے مطابق طبیب اعظم حکیم محمود خاں حاذق الملک حکیم محمد عبد المجید خاں اور حضرت مسیح الملک ثانی حکیم محمد احمد خاں کے خاص الخاص مجربات برائے نام قیمتوں پر حاصل کرنا چاہتے ہوں تو آج ہی ایک کارڈ بھیجکر فہرست خصوصی مفت طلب فرمائیے۔

المشتہر

منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخ اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۶ ۔ ۲۰ ۔ ۲۴ ۔ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
۱/۲ کالم
۱/۴ کالم

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
بلال احمد زبیری (بی ۔ اے)

جلد ۱۶ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲۸ ربیع الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۵

معاصرین کے افکار و آراء

ذلیل خوشامد کا ذلیل ترین صلہ (امارت)

ہندو سکھ اور مسلم کانفرنس (الجمعیۃ)

تمہیں کیا کرنا چاہئے

آخری ہوا جسکی توقع تھی

جمعیۃ العلماء ہند کا معرکۃ الآراء بیان

فیصلہ ثالثی اور مسلم کانفرنس

حکومت برطانیہ حکومت ہند کے نام

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسکندریہ میں علمبرداران توحید کا پہلا قدم

فتح کامل کے بعد قبطیوں کو مذہب اور ضمیر کی آزادی

سپہ سالار اسلام کا محصوری اور دلیرانہ مقابلہ

مقوقس کا اعتراف شکست

ذمیوں کو پوری مذہبی آزادی

قبطیوں کو پوری آزادی کا عطیہ

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں ۔ درد کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں ۔ مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے ۔ بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں ۔ نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں ۔ مرد ۔ عورت ۔ بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں ۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں ۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

CASTOPHEN MAFG CO.,
P. BOX 88 BUNDE ROAD KARACHI

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا)
بندر روڈ کراچی

تمام دنیا میں مشہور مصفی خون کا بادشاہ
بھگوانس عرق عشبہ مرکب

مصفی خون خارش ۔ پھوڑا پھنسی ۔ آتشک ۔ ناسور ۔ گنٹھیا ۔ بدن کے سیاہ و سفید داغ وغیرہ جلدی بیماریوں کے لئے دنیا میں مشہور ہو رہا ہے ۔ ہزاروں اشخاص کی تصدیق کی کاپی درخواست پر مفت ملتی ہے ۔ پنجاب کے بڑے بڑے شہروں میں ہر جگہ بقیمت ۔ مل سکتا ہے ۔

تمام ضروریات زندگی

ہر بھگوان پنساری شہر راولپنڈی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

کے

خاص مجربات

اکسیر قلب ۔ تریاق الرحم ۔ سوزاک کا مکمل علاج

نوٹ ۔ دواخانہ رشیدیہ دیوبند میں ہر قسم کی بہترین مرکبات تیار ہوتے ہیں ۔ فہرست خصوصی مجربات طلب فرما کر ملاحظہ کیجئے

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یو پی

کلوزنگ برتھ

دواخانہ اکسیر راحت بٹالہ (پنجاب)

اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب
پھلواری شریف ضلع پٹنہ

قوت مردانگی کا تیر بہدف علاج

منیجر دواخانہ مجربات مسیحی پل نخاس لکھنؤ

آسمان طبابت پر عالیجناب شمس الاطباء کی نور پاشیاں

مخزن حکمت یا گھر کا ڈاکٹر و حکیم

میٹیریا میڈیکا مع مجربات ڈاکٹری

مخزن مرکبات معظم و دواسازی

مخزن الجواہر یا طبی ڈاکٹری لغات

تاریخ الاطباء

مخزن العلاج یا طب جیلانی

ملنے کا پتہ ۔ طبی کتب خانہ جناب شمس الاطباء بھاٹی گیٹ لاہور

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ۔ ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اس میں احادیث جمع ہیں جن میں اعمال سیہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیہ سے بچنے کی ترغیب ہے ۔ مکمل کتاب ۸۰ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ۳ ۔

دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ۳ ۔

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں ۔ انسان کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک شائع نہیں ہوا ۔ بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا ۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف ۵ دونوں جلدیں دی جائینگی ۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے ۔ مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں ۔ اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے ۔ حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ علاوہ محصولڈاک ۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں ۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ ۔ تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر ۔ تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر ۔ تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر ۔ تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر

علاوہ محصول ڈاک ۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت

ابدی نجات ۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت

ملنے کا پتہ ۔ منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۸ ربیع الثانی ۱۳۵۱ ہجری

جامع مسجد میں اجتماع امت کو روکنے کی سعی نامشکور

"توہین مساجد" کی آڑ میں ایک نئے فتنہ کا افتتاح

۲۷ جولائی کو دہلی کی جامع مسجد کے امام صاحب نے بعض مخصوص حضرات کا ایک جلسہ شوریٰ اس غرض کے لئے طلب کیا کہ جامع مسجد میں "سیاسی" اور "غیر مذہبی" جلسوں کے متعلق "چیف کمشنر صوبہ دہلی" کا جو مکتوب جامع مسجد کمیٹی کے ۔۔۔ ۔۔۔ وصول ہوا ہے اس پر غور کیا جائے اور یہ سوچا جائے کہ اس قسم کے جلسوں کو کس طرح روکا جا سکتا ہے۔ جب صبح کو ساڑھے آٹھ بجے یہ اجتماع جامع مسجد کے ایک دالان میں ہوا تو حضرات مدعوین ۔۔۔

مسجد میں "گالی گلوچ" اور "مار پیٹ" ہوتی ہے اسلئے جلسے مسجد میں منعقد نہ کئے جائیں اور اس پر علماء کرام سے فتویٰ حاصل کیا جائے۔

مساجد مجامع امت ہیں

جہاں تک مساجد میں نفس اجتماع کا تعلق ہے ہر شخص جسے شریعت اسلامیہ کے ذرا سی بھی واقفیت حاصل ہے اور اسلام کے قرون اولیٰ کی تاریخ پر عبور رکھتا ہے ۔۔۔

توہین مسجد کے اسباب و علل

علماء کرام سے گذارش

انجمنی پروپیگنڈا اور خطبہ جمعہ

جامع مسجد کے پریس سے جلسے

۔۔۔ یعنی سندھ کو علیحدہ کرنا چاہتی ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو بمبئی کا اینگلو انڈین اخبار ٹائمس آف انڈیا اسے دیتا علیحدگی سندھ کی مخالفت نہ کرتا اور دوسرے اینگلو انڈین اخبارات حسب اتفاق اس کی تائید نہ کرتے۔ یہ حقیقت ہے کہ حکومت اور سندھ مہاسبھا دونوں علیحدگی سندھ کے مخالف ہیں اور یہ دونوں نہیں چاہتے کہ سندھ علیحدہ ہو کر اپنے پاؤں پر آپ کھڑا ہو سکے۔ حکومت اس فکر میں لگی ہوئی ہے کہ اگر سندھ کو علیحدہ ہی کرنا پڑے تو کسی بہانہ سے مرکز کے ماتحت کر لے۔ قوم پروروں کا فرض ہے کہ وہ انصاف اور آزادی کے اصول کے مطابق سندھ کو علیحدہ کئے جانے اور اسے کافی امداد دئے جانے کی یکساں طور پر حمایت کریں اور اس سلسلہ میں مہاسبھائی یا سرکاری پروپیگنڈا کا شکار نہ ہوں۔

خفیہ رپورٹ

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ ۱۹۳۱ء میں جمعیۃ مقننہ نے ایک تحقیقاتی کمیٹی اس غرض ۔۔۔

۔۔۔ Confidential REPORT ۔۔۔

وہ اس دستاویز کو سیر پڑھ سکے۔ اس کے بعد یہ ۔۔۔ خود بخود ہو جائے گا کہ اس رپورٹ میں کیسی سفارشات کی گئی ہیں اور اس کو مخفی رکھنے کا مقصد کیا ہے۔ اب تک اراکین جمعیۃ مقننہ کا اس کارروائی سے ناواقف رہنا بھی تعجب انگیز ہے کیونکہ اس سے براہ راست ان کے حقوق و اختیارات میں مداخلت ہوتی ہے اور جو معلومات پبلک کی ملکیت ہیں ان کو صیغہ راز میں رکھ کر حکومت اپنے اختیارات سے تجاوز کر رہی ہے بہرحال اس اطلاع کے بعد کسی مسلم رکن جمعیۃ مقننہ کو باضابطہ سوال کرنا چاہئے تاکہ حکومت یا تو اس کی صاف الفاظ میں تردید کر دے یا مسلمانوں کی معلومات میں کوئی مزید اضافہ ہو۔

طلباء دارالعلوم دیوبند کا احتجاج

حاجی رشید احمد صاحب نے دارالعلوم دیوبند کے متعلق جو مراسلہ الامان میں شائع کرایا تھا اس کے خلاف طلباء دارالعلوم میں بہت زیادہ جوش پھیلا ہوا ہے اور ہمیں ایک احتجاجی بیان پانچ سو طلباء کے دستخط سے موصول ہوا ہے جس میں حاجی صاحب کی مراسلہ کی پرزور تردید کی گئی ہے اور ان تمام جلسوں اور ۔۔۔

ہم اس قدر لکھ چکے تھے کہ اخبار "اسٹیٹسمین" میں ۲۷ اگست کے جلسہ کی وہ کارروائی ہماری نظر سے گزری جو غالباً جامع مسجد کمیٹی کی طرف سے بھیجی گئی ہے۔ ہم اس کارروائی پر انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں تبصرہ کریں گے۔

علیحدگی سندھ اور مسٹر ہارنیمن

مسٹر ہارنیمن نے بمبئی کرانیکل میں علیحدگی سندھ کے متعلق متعدد مضامین اپنے قلم سے لکھے ہیں اور اس بنا پر صوبہ سندھ کو ایک مستقل صوبہ بنانے کی مخالفت کی ہے کہ اس سے خود سندھ کو نقصان پہنچے گا اور حکومت کے اغراض و مقاصد کو تقویت ہوگی۔ ہم نے ان مضامین کو شروع سے آخر تک پڑھنے کے بعد ان میں کوئی ایک دلیل بھی ایسی نہیں دیکھی جس سے مسٹر ہارنیمن کا دعویٰ صحیح ثابت ہو سکتا ہو۔ ہمیں حیرت ہوتی ہے کہ مسٹر ہارنیمن باوجود ایک آزاد خیال اور حریت پسند انسان ہونے کے یہ کیونکر پسند کر سکتے ہیں کہ ایک ایسی آبادی کو جو اپنے ۔۔۔

مسلم کانفرنس نے کیا مانگا تھا اور حکومت نے کیا دیا

مسلمانوں کے حقوق کو ایک ایک کر کے گھاٹ اتار دیا گیا

ہزاروں ٹھوکریں کھانے کے بعد بھی "کانفرنس" حکومت کے سامنے سجدہ کر رہی ہے

مسلم کانفرنس کی گذشتہ چار سالہ تاریخ اجتماعات کا آموختہ دہرانے میں گزر گئی جو ہندوستان کے مسلمانوں کی طرف سے سر آغا خان کی صدارت میں منعقد کئے گئے تھے اور جن کو بوریں قرار دیتے ہوئے تنظیم و انجمن کی تحریک پر مسلم کانفرنس نے اپنے اجلاس منعقدہ دہلی میں زیر صدارت مولانا شوکت علی صاحب دوبارہ مرتب کیا تھا۔ ان مطالبات کو مسلم کانفرنس بار بار اعادہ کرتی رہی اور یہ کہتی رہی کہ جب تک ان تمام مطالبات کو من وعن قبول نہ کیا جائے گا اس وقت تک مسلم قوم دوسری اقوام سے کوئی سمجھوتہ نہ کریں گے اور نہ حکومت کے ساتھ اس دستور اساسی کی تدوین میں حصہ لیں گے ۔۔۔

۔۔۔ اور حکومت نے جو کچھ دیا اس کی تفصیل درج کرتے ہیں۔ کیفیت کے خانہ سے مسلم حقوق کے تعلق حکومت کی سیجدہ دو کی انتہا ۔۔۔

نمبر	مسلم کانفرنس نے کیا مانگا تھا	حکومت نے کیا دیا	کیفیت
۱	[illegible]	×	[illegible]
۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۳	[illegible]	×	[illegible]
۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۵	[illegible]	×	[illegible]
۶	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۷	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۸	[illegible]	منظور کر لیا گیا	[illegible]
۹	[illegible]	×	[illegible]
۱۰	[illegible]	×	[illegible]
۱۱	[illegible]	×	[illegible]
۱۲	[illegible]	×	[illegible]
۱۳	[illegible]	×	[illegible]
۱۴	[illegible]	×	[illegible]
۱۵	[illegible]	×	[illegible]
۱۶	[illegible]	×	ایضاً
۱۷	[illegible]	×	[illegible]
۱۸	[illegible]	×	[illegible]
۱۹	[illegible]	×	ایضاً
۲۰	[illegible]	×	[illegible]
۲۱	پنجاب میں ۵۱ فی صدی اور بنگال میں ۵۱ فی صدی نشستیں	پنجاب میں ۴۹ فی صدی نشستیں ملیں اور مقبوضہ شامل ۔۔۔	اس طرح حکومت برطانیہ نے بنگال میں مسلمانوں کی آئینی اقلیت قائم کرنے کے لئے یوروپین، اینگلو انڈین وغیرہ کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا اور پنجاب میں بھی آئینی اکثریت نہ ہونے دی ۔۔۔ دونوں مسلم اکثریت والے صوبے ایک ہی طرح مسلم اقلیت والے صوبوں کے خلاف ہیں۔

اسلامی ممالک کی خبریں

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

افغانستان میں جشن استقلال کی تقریب

"نادر" اعلیٰحضرت افغانستان کا بے مثال تاریخی خطبہ

خدا کی بندگی اور وطن سے عشق کا فلسفہ

افغانستان کے دارالحکومت کابل میں امسال بروز ۔۔۔ افغانستان کا جشن استقلال نہایت شان و شوکت اور جوش و خروش سے منایا گیا اور اس کا افتتاح خود اعلیٰحضرت شاہ نادر خان غازی فرمانروائے دولت مستقلہ افغانستان نے فرمایا ۔۔۔

تم احتیاج سے فارغ ہو سکتے ہو اور اپنے لئے اور اپنے ملک کے لئے مال و دولت کے انبار لگا سکتے ہو۔

ترویج علوم و فنون کی ضرورت

۔۔۔ اگر حکومت ان اسباب سے کوئی امر اختیار کرے تو تم مستحق استقلال ہو کر اس کے ساتھ تعاون کرو ۔۔۔ اور دنیاوی اور روحانی غلبہ حاصل کر سکتے ہو۔ استقلال تام کی نعمت سے بہرہ اندوز ہوئی ہے ۔۔۔

خدا کی بندگی اور وطن کا عشق

پیغام استقلال کے ذرائع

۔۔۔ دعا کرتا ہوں کہ وہ مجھے بندگی کی دولت سے بیگانہ نہ کرے۔ مجھ کو خلوص اور خدا کی سچی محبت کے ساتھ میری عزیز ملت کو دنیوی اور دینی ترقیات سے مالا مال کر دے تاکہ میری ملت دنیا میں سرفراز و عقبیٰ میں رستگار ہو۔ آخر میں پھر تمام لوگوں کی خدمت میں اس جشن مبارک کی تقریب پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

زندہ باد افغانستان و پائندہ باد استقلال افغانستان

(اصلاح - کابل)

تبریز میں کوئلہ نکالنے کی اسکیم

تبریز میں سخت گرمی پڑتی ہے اور درختوں کے نہ ہونے سے موسم سرما میں جلانے کی لکڑی بھی ناقابل برداشت ہو جاتی ہے اس لئے حکومت ایران کی مجلس شوریٰ نے تبریز کے گرد و نواح سے بارہ فرسخ تک کوئلہ نکالنے کے لئے ایک ایرانی کو ٹھیکہ دے دیا ہے اگر ۔۔۔

دار الحکومت

مسلم کانفرنس کے سابق جائنٹ سکرٹری کا بیان

امن سبھا کا دوسرا نام مسلم کانفرنس ہے

وفاداری کی انجمن سے کوئی امید نہیں

کیا دہلی کی شاہجہانی جامع مسجد کے دروازے بند کر دیے جائینگے

چیف کمشنر کے خفیہ خط پر منیجنگ کمیٹی میں غور و خوض

جامع مسجد میں سیاسی جلسوں کی بندش کا معاملہ

اسلامیان ہند سے ایک بلوچستانی کی اپیل

بلوچستان کے دس لاکھ مظلوموں کو فراموش نہ کرو

مسجد کی زمین پر ناجائز قبضہ

چند ہندوؤں کی شرارت

مسلمانوں کے ازدواجی مقدمات کیلئے فقہاء کا تقرر

اسمبلی میں حاجی وجیہ الدین صاحب کی قرارداد

گورنر بنگال سے مالویہ کی ملاقات

ہندو مسلم سمجھوتہ کی توقع

ڈاکٹر کچلو کو دو سال قید سخت کی سزا

نوٹس کی خلاف ورزی کا اقرار

اخبارات کے تاروں کی شرح میں اضافہ

صحافت کا مستقبل خطرہ میں

صلح کی گفتگو پھر شروع ہو گئی؟

وائسرائے کے ہاں سر سپرو کی طلبی

مسلمانان دہلی کا عام جلسہ

مسلم کانفرنس کی غداری پر اظہار ملامت

کھدر کے تحفظ کے لئے ایک مسودہ قانون

اصلاحات کے جدید طریق کار کا اعلان

تیسری گول میز کانفرنس میں کون شریک ہوں گے؟

مولانا برکت اللہ صاحب کی گرفتاری

علامہ معین الدین صاحب پر اعتماد کا اظہار

اسلحہ خانہ چاٹگام کا مفرور ملزم گرفتار

پولیس کی کامیابی

برطانیہ نے مسلمانوں کے تمام مطالبات ٹھکرا دئے

مولانا معین الدین صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ہند کا بیان

دہلی ۹ اگست۔ مولانا معین الدین صاحب اجمیری نائب صدر جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل بیان دیا ہے:

پنجاب اور بنگال میں مسلم اکثریت کا خاتمہ

بلوچستان کے مسئلہ سے بے اعتنائی

سندھ کی علیحدگی اور مرکز

چین اور جاپان میں پھر جنگ شروع ہو گئی!

جاپان کے ہوائی مستقر اور وائرلیس اسٹیشن کو آگ لگا دی گئی

منچوریا سے جاپانی افواج ہٹالی جائیں

دار العلوم دیوبند کے متعلق چند اضطراب انگیز بیانات

حضرت مہتمم صاحب جلد توجہ فرمائیں

محمد رفیع فاروقی۔ ناظم جمعیۃ الطلبہ صوبہ دہلی

ڈھاکہ میں گرفتاریاں

متعدد نوجوان حوالات میں

ریل کی پٹریاں غائب!

انسداد جنگ کی تدابیر پر غور

برطانوی اور فرانسیسی مندوبین کی شرکت

فصل کو قرق کرنے پر پولیس اور کسانوں میں جھگڑا

پولیس نے گولی چلادی، سپاہی اور کسان مجروح

روس میں ۲۳ اشخاص کو پھانسی کی سزا

سرکاری مال چرانے کا الزام

مولانا فضل الرحمن صاحب بہاری کی رہائی

دہلی میں پیدائش و اموات

بمبئی میں ۹ کانگریسی کارکنوں کی گرفتاری

جنرل سنجو حوکی سزائے موت بدل دی گئی

کشمیر کی بیداری اور تعلیم کی ضرورت
ندوۃ العلماء کی طرف سے دارالعلوم کا قیام

اہل کشمیر کی ذہنی قابلیتیں محتاج بیان نہیں۔ ان میں سے جنکو اچھی تعلیم و تربیت میسر آئی ہے وہ ہمیشہ اپنے ہمچشموں میں ممتاز رہے ہیں ... ہندوستان کا ایسا حصہ ہے جہاں تقریباً مسلمان ہی مسلمان تیس لاکھ تعداد میں آباد ہیں ...

ندوۃ العلماء نے دارالعلوم کے نام سے ایک درسگاہ قائم کی ہے ... عربی زبان کی تعلیم پر خصوصیت سے زور دیا ہے ... اسلام کی تاریخ اسلام کی تحصیل لازم ہے اور جدید علوم میں بھی سائنس اور فلسفہ اور انگریزی کی تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے ...

راندیر میں مسلمانوں کا اجتماع
رہنمایان ملت کی رہائی کا مطالبہ

بعد نماز جمعہ مسلمانان راندیر کا ایک عظیم الشان جلسہ ہوا ... زیر صدارت علامہ مفتی سید مہدی حسن صاحب منعقد ہوا۔ جلسہ میں جمعیۃ علماء ہند کے ڈکٹیٹر مولانا حفظ الرحمن صاحب بھی تشریف لائے ... جلسہ کی کارروائی تلاوت قرآن شریف کے ساتھ شروع ہوئی ... حسب ذیل تجاویز باتفاق آراء منظور ہوئیں۔

(۱) یہ جلسہ مسلمانان الور اور مہاجرین الور کے ساتھ اپنی دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے ...

(۲) یہ جلسہ مسلمانان ہند کے مسلمہ لیڈر ڈاکٹر محمد عالم، چودہری افضل حق اور علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی جیل میں ... رہائی کا مطالبہ کرتا ہے ...

عبدالحی ناظم ندوۃ العلماء

میرے احباب

میرے احباب فرمائیں کہ دارالاصلاح کو ختم کر دو ... قومی کارکن ... یتیم بچوں کا ملک میں ایک ہی ادارہ ہے ...

غلام حسین معلم مشتاق راندیر ضلع سورت

جمعیۃ الطلباء کا جلسہ

بتاریخ ۱۹ اگست ۱۹۳۲ء بروز سہ شنبہ بعد نماز عشاء جامع مسجد دہلی میں جمعیۃ الطلبہ ... کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا فضل الرحمن صاحب فاروقی منعقد ہوا ... قاضی احمد حسین صاحب نائب ناظم جمعیۃ الطلبہ کی گرفتاری پر ... اظہار کیا گیا ...

محمد وکیع فاروقی ... ناظم جمعیۃ الطلباء صوبہ دہلی

محمد عبدالغفار الخیری ناظم دارالاصلاح قرولباغ دہلی

مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی کا اجلاس

مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی نے اپنے ایک اجلاس میں مندرجہ ذیل تجاویز منظور کی ہے ...

سچے موتی کی سی آب

سرتاج منجن صرف چندیوم استعمال کیجئے اور پھر دانتوں میں سچے موتی کی سی آب تاب قابل رشک صفائی کا مشاہدہ کیجئے ... "سرتاج منجن" کا ایک معمولی کرشمہ ہے۔

آبنوسی خضاب ... سفید بالوں کو اصلی بالوں کے مانند سیاہ چمکدار ...

سرمہ نور عالم ... آنکھوں کے جملہ امراض کے لئے اکسیر ہے ...

ضروری ...

منیجر سرتاج کمپنی، قریب جامع مسجد ۱۷۱ دہلی

مقویات سرتاج عالم

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سیرت النبی جلد چہارم (منصب نبوت)
جس میں

تعلیمات نبوی میں سے عقائد کی تشریح کی گئی ہے ۱۵ ستمبر ۱۹۳۲ء کو شائع ہو جائے گی (تقطیع کلاں) ضخامت ... صفحے قیمت قسم اعلیٰ ... قسم دوم ... محصول ڈاک فی جلد بہ اختلاف کاغذ ...

(۱) ہر شہر کے تاجرین کتب کو چاہئے کہ مطلوبہ نسخے اپنے شہر کے شائقین کے لئے ریل کے ذریعہ سے منگوا کر مہیا رکھیں تاکہ محصول کی کفایت سے تاجر و خریدار دونوں کو فائدہ پہونچے۔

(۲) ہر شہر کے متفرق خریدار بھی اگر مل کر اپنی مطلوبہ جلدیں ریلوے کے ذریعہ سے منگوائیں، توان کو بھی محصول کی کفایت ہوگی ...

(۳) چونکہ ڈاک کا محصول بہت زیادہ ہو گیا ہے ... دس سیر کے وزن میں تین جلدیں روانہ ہو سکتی ہیں۔

منیجر دارالمصنفین اعظم گڈھ

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی

اگر آپ ... آپ گھر بیٹھے ... مریض ... ہندوستان سے باہر ... تصدیق ...

ایم اے مجید اینڈ سنز آرڈر سپلائرز اینڈ کمیشن ایجنٹس بلیماران۔ دہلی

اگر تندرستی ہے تو زندگی بیکار ہے!
شربت اکسیر

اگر آپ اشتہاری دواؤں سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک دفعہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

جریان ...

تازہ سرٹیفکیٹ ملاحظہ فرمایئے جناب قادر بادشاہ صاحب ...

ملنے کا پتہ۔ ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی۔ اینڈ کمپنی کوٹھی نمبر ۵ کولوٹلہ اسٹریٹ کلکتہ

اخبار الجمعیۃ
میں
اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اگر کمزور آدمی صرف دو منٹ میں طاقتور ہونا چاہتے ہیں تو بوقت ضرورت
جرمنی طلسمی آلہ
استعمال کریں ... منیجر آنند اینڈ کمپنی ۱۵ پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

دارالعلوم معینیہ عثمانیہ اجمیر شریف میں طلبہ کی شورش

چند روز سے مختلف اخبارات میں دارالعلوم کے خلاف بے بنیاد شکایات کی اشاعت شروع ہوئی ہے ... دارالعلوم معینیہ عثمانیہ کے مدرسین برابر مصروف درس و تدریس ہیں اور دارالعلوم کے سب کام سکون کے ساتھ جاری ہیں۔

سید نثار احمد متولی آستانہ و معتمد مجلس دارالعلوم معینیہ عثمانیہ درگاہ معلی اجمیر شریف

آتشک سات روز میں شرطیہ جاتا رہیگا

... آتشک صرف سات روز میں شرطیہ دور ہو جاتی ہے۔ قیمت صرف تین روپیہ ... علاوہ محصول

سات روز میں بواسیر شرطیہ دور ہو جائے گی

اکسیر سوزاک ...

اکسیر جریان ...

المشتہر حکیم سید عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

پہلی بھیت کیوں مشہور ہے

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

نیٹ بہراپن

کان بہنے اور طرح طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ ...

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

امرت دھارا

بیماری تکلیف تشویش اور خرچ سے بچاتی ہے ہمیشہ پاس رکھو!

... مفصل حالات جاننے کے لئے رسالہ "امرت" مفت منگوائیں!

امرت دھارا ... لاہور

لکرزی کورس
مردانہ قوتوں کو جگانے والا حیرت انگیز جادو

لکرزی کورس کی اندرونی استعمال کی دوائیں
صفوف صلاح ... **مار الحیات** ... **روح عشرت** ...

لکرزی کورس کی بیرونی استعمال کی دوائیں
تکمیلہ ... **دوا بیاہ** ... **الکزائل** ... **رجونشک** ...

... پوسٹ بکس ۱۵ دہلی

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب نے رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کیلئے وقف کر دئیے ہیں۔ اور آپکے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے، اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانہ کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھایئے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفا خانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو، مسلم اور سکھ طلبا طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمایئے)

آپ کا خادم۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب فرمایئے

قرص اپنج جنس ... **اکسیر نسواں** ... **ملین** ... **جوہری** ...

ملنے کا پتہ منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمیعۃ دھلی"

الجمیعۃ دھلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ ...
ایک کالم ...

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۶ | دھلی - یوم دوشنبہ ۳ جمادی الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۶

معاصرین کے افکار و آراء

ہندوؤں پر البلیس فرقہ پرستی کا قبضہ (ہمدم جدید)

آرڈیننس میں ایک اہم قانونی سقم (ملت)

مسلمان آئندہ کس طرح زندہ رہ سکتے ہیں؟

مالی ایثار اور اجتماعی زندگی کا اسلامی فلسفہ

سلوٹرکیا کہتے ہیں؟

ہم کیوں زندہ ہیں؟

بحالات موجودہ کیا کیا جائے

خلافت کمیٹی

زمانہ سالت میں زندگی کے اصول

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معارف)

ایثار! ایثار!!

فداکاری اور اخلاص

اپنے نفس پر دوسروں کو مقدم کرنا

[illegible]

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

خاص مجربات

اکسیر قلب ...

تریاق الرحم ...

سوزاک کا مکمل علاج ...

نوٹ دواخانہ رشیدیہ دیوبند میں ہر قسم کے بہترین مرکبات تیار ہوتے ہیں۔ فہرست خصوصی مجربات طلب فرما کر ملاحظہ کیجئے

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یو۔پی

تمام دنیا میں مشہور مصفی خون کا بادشاہ

بھگوانس عرق عشبہ مرکب

تمام ضروریات زندگی

ہر بھگوان پنساری شہر راولپنڈی

آلو کی کھیتی باتصویر

زراعتی کتب کے مشہور مصنف

بابو رام پرشاد صوبہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ

مقام گونہ (گوالیار) سے مل سکتی ہے

محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ فضل شاہ عالی پوسٹ بکس نمبر ۲۵ دھلی

...سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے رجسٹر کر دیا...

سکول مذکور میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے۔ انسپکٹر آف انڈسٹریز نے کرو پر تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کرکے اس کی تعلیم شاف سامان اور ضبط و انتظام پر اطمینان ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ سکول کا اپنا پاور ہاؤس ہے جس میں اے۔ سی اور ڈی۔ سی ہر دو قسم کا بجلی کا مکمل سامان موجود ہے اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے رجسٹر بھی کر دیا ہے۔ ہر قابلیت کے طلبا کے لئے جدا گانہ کلاسیں ہیں کورس ہر کلاس کا صرف ایک سال کا ہے۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔ منیجر

طبیہ کالج علی گڈھ میں داخلہ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں ۲۶ ستمبر ۳۲ء تا یکم اکتوبر ۳۲ء داخلہ کی تاریخ مقرر ہے امیدواران کو اس سے قبل اپنی درخواست پرنسپل کے دفتر میں بھیجدینا چاہئے اور داخلہ کے وقت انکو موجود ہونا چاہئے پراسپکٹس پرنسپل طبیہ کالج کے دفتر سے حاصل کیا جاسکتا ہے دار الاقامہ میں رہنے والے طالب العلم کو ۱۰ روپیہ ماہوار وظیفہ دیا جائیگا۔

پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی دانڈیا کراچی

شربت فولاد

منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دھلی

کلونزنگ

دواخانہ اکسیر راحت بٹالہ (پنجاب)

پنجاب کے طبیب اعظم

اسسٹنٹ منیجر شاہی مطب پٹیالہ پنجاب

بال جڑ سے کالا

اخبار الجمیعۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا ... اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی، اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی ...

غریبوں کا قرآن مجید معرا

نورانی قرآن مجید مترجم

منیجر اخبار الجمیعۃ بازار بلیماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی تعلیمی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کیلئے شدید ضرورت ہے افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کیلئے نہایت ضروری ہے۔ حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عـہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی عـہ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو شکل سے ملیگا ... ہدیہ باوجود خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عـہ) بلا جلد ... علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ... قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ شدہ بلا جلد ... قسم دوم ... علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸ اور چمڑے کی جلد کا ۱ ہدیہ کے علاوہ

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ

حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کیلئے شدید ضرورت ہے افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کیلئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ علاوہ محصولڈاک

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کیلئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی تعلیمی نصاب نہیں ہے یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ / تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر / تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر / تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵ علاوہ محصولڈاک۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶

ابدی نجات آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے: سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ... — ممالک غیر کے لئے: سالانہ ... ششماہی ... — نمونہ مفت — فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت — ہر عیسوی ماہ کی یکم، ۵، ۹، ۱۳، ۱۷، ۲۱، ۲۵، ۲۹ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات — ایک صفحہ (ایکبار) ... نصف صفحہ ... ایک کالم ... نصف کالم ... چوتھائی کالم ...

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ — ید اللہ علی الجماعۃ

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۶ | دہلی یوم سہ شنبہ ۱۱ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۳ ستمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۸

معاصرین کے افکار و آراء

نکاح و طلاق کے قوانین (مدینہ)

بڑی خوشی کا مقام ہے کہ اب قانون ساز مجالس کے مسلمان ارکان بھی ملک کی قانون سازی میں عملی حصہ لینے لگے ہیں چنانچہ حاجی وجیہ الدین صاحب ممبر اسمبلی نے ایک مسودہ قانون پیش کرنے کی اطلاع حکومت کو دی ہے جس کا منشاء اور مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کے جملہ معاملات نکاح و طلاق، خلع وغیرہ کے مقدمات مسلمان قاضیوں اور مسلمان حاکموں کی عدالتوں کے سامنے پیش ہوں۔ ہندوستان میں ہندوؤں کی مصاحبت اور تقلید کے باعث مسلمان اسلامی تعلیمات کا بہت سا حصہ اس بری طرح فراموش کر چکے ہیں کہ آج ان کے رواج کے لئے ان کو معاشرتی اور قانونی مشکلات کا نسیب سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسلام نے نکاح، طلاق اور خلع وغیرہ کے مسائل کو معاشرت اسلامی کا اہم ترین جز قرار دیا ہے اور شریعت میں اس کے قوانین اسقدر واضح، وسیع ہمہ گیر اور تفصیلی ہیں کہ موجودہ یا آئندہ دنیا کا کوئی واقعہ ان سے باہر نہیں ہو سکتا اور وہ انسانی معاشرت کی اصلاح و درستی کے لئے بھی نہایت لازمی ہیں لیکن ہندوستان کا انگریزی قانون ان میں قطع و برید کرکے ایسا دستور العمل پیش کرتا ہے جس نے عورتوں کے حقوق کو خصوصیت کے ساتھ پامال کر رہا ہے اور آج ہندوستان میں مسلمان عورتوں کی ارتداد کی بڑی تعداد انہی غیر اسلامی قوانین کا نتیجہ ہے۔ اس خرابی کو دور کرنے کی صورت اس کے سوا کچھ نہیں کہ ان امور سے متعلق مقدمات کا فیصلہ مسلمان قاضیوں اور ججوں کے سپرد کر دیا جائے جو اسلامی قانون کے مطابق ان کو طے کریں۔ جس وقت ہندوستان کی حکومت مغلیہ حکومت سے (ایسٹ انڈیا کمپنی نے) بروئے معاہدات حاصل کی ہے تو شاہ مغلیہ نے قضاۃ اسلامی کے حق کو ہمیشہ کے لئے محفوظ کر دینے کا عہد انگریزوں سے لیا تھا لیکن مرور ایام سے حکومت مغلیہ کے ساتھ وہ معاہدات بھی ختم ہو گئے ... آج بھی اکثر خلع کے معاملات سے تعلق رکھنے والے علماء ہمیشہ عدالت میں جا کر علیحدگی کی درخواست دینے کا مشورہ دیا کرتے ہیں لیکن انگریزی اور غیر اسلامی عدالتوں کے سامنے مسلمان مظلوم خواتین کا جانا اور انصاف حاصل کرنا سخت دشوار رہتا ہے۔ غیر اسلامی عدالتیں اسلامی تعلیمات کی باریکیوں کو نہیں سمجھ سکتیں۔ اس کے ساتھ ہی ہندوستان کے علما کی جمعیۃ کے مطالبات میں بھی اسلامی قضاۃ کا قیام داخل ہے۔ ان حالات میں ہم توقع رکھتے ہیں کہ حاجی صاحب کا مسودہ قانون بغیر مخالفت کے منظور کرکے قانون بنا دیا جائے گا۔ ہم حاجی صاحب سے عرض کریں گے کہ وہ اپنے مسودہ قانون کی ترتیب میں علمائے اسلام سے ضرور مشورہ کر لیں تاکہ قانون ناقص نہ رہے اور بعد میں دشواریاں پیش نہ آئیں۔

ڈاکٹر محمود صاحب کا بیان (ہندوستان)

ڈاکٹر صاحب کا یہ خیال بالکل صحیح ہے کہ ان نیشنلسٹ ہندو اخباروں کی روش مسلمانوں کو نقصان پہنچا رہی ہے۔

برطانوی فیصلہ مسلمانوں کے حق میں اس درجہ مضر ہے کہ کوئی انسان اس کی تائید میں ایک لفظ بھی نہیں بول سکتا حتیٰ کہ سرکاری مسلمانوں اور جی حضوریوں کی مسلم کانفرنس کو بھی اس کی مذمت پر مجبور ہونا پڑا لیکن ان نیشنلسٹ ہندو اخباروں کی اس روش سے فتنہ پردازوں کو مسلمانوں میں گمراہی پھیلانے کا موقعہ مل گیا ہے اور وہ علی الاعلان یہ کہہ کر مسلمانوں کو دام تزویر میں پھانس رہے ہیں کہ "برطانوی فیصلہ اگر تمہارے حق میں مفید نہ ہوتا تو ہندو اخبار اس طرح شور کیوں مچاتے اور اسے مسلم راج کی سند کیوں ٹھہراتے؟ لہٰذا تمہیں یہ فیصلہ منظور کر لینا چاہیئے!"

مسلمانوں اور ہندوؤں میں مدت سے جو فرقہ وارانہ منافرت چلی آ رہی ہے اور جس نے یہ صورت حال پیدا کر دی ہے کہ مسلمانوں کی ہر بھلائی کی فرقہ پرست ہندو مخالفت کرتے ہیں اور ہندوؤں کی ہر بھلائی کی فرقہ پرست مسلمان مخالفت کرتے ہیں، اس کے دیکھتے ہوئے قوی اندیشہ ہے کہ مسلمان فریب میں آ جائیں گے اور محض اس بنیاد پر یہ فیصلہ منظور کر لیں گے کہ نیشنلسٹ ہندو اخبار بھی اسے "مسلم راج" کا پیش خیمہ بتا رہے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کے بیان سے ایک اور بات بھی پوری طرح واضح ہو جاتی ہے سرکاری مسلمانوں کی طرف سے وطن پرور مسلمانوں پر ہمیشہ یہ تہمت لگائی جاتی ہے کہ وہ ہندوؤں کی غلطیوں پر معترض نہیں ہوتے، صرف فرقہ پرست مسلمانوں ہی پر نکتہ چینی کیا کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ تہمت سراسر جھوٹی ہے۔

سودیشی کا پیغام (الجمعیۃ)

سودیشی ہفتہ کے افتتاح کی رسم ادا کرتے ہوئے مسز کملا نہرو نے اہل بمبئی کو یہ پیغام دیا ہے کہ اگر وہ اپنے کروڑوں ہم وطنوں کو بھوک اور فاقہ کی مصیبت سے بچانا چاہتے ہیں تو سودیشی اشیاء خریدیں۔ سودیشی تحریک کے فوائد اب اس حد تک واضح ہو چکے ہیں کہ ان کے بار بار دہرانے کی ضرورت نہیں، آج عالمگیر کساد بازاری اور روز افزوں بیکاری دنیا کے ہر ملک کو مجبور کر رہی ہے کہ وہ سودیشی کی حمایت کرے یعنی حتی الامکان اپنی ضروریات اپنے ہی ملک کی تیار شدہ اشیاء سے پوری کرے۔ یورپ کے متمول ممالک خاص کر برطانیہ جیسا زبردست ملک بھی اس بات پر مجبور ہو رہا ہے تو غریب ہندوستان جس کی صنعت و حرفت پچھلے ڈیڑھ سو سال میں تباہ ہو چکی ہے کس شمار قطار میں ہے، اسے تو حفاظت خود اختیاری کا یہ طریقہ سب سے پہلے اور سب سے زیادہ زور و شور سے اختیار کرنا چاہیئے، یہ امر بلاشبہ قابل مسرت ہے کہ اب ملک میں اس ضرورت کا احساس عام ہوتا جاتا ہے، امید ہے کہ سودیشی ہفتہ منانے کی اسکیم اس مقصد کو اور زیادہ فائدہ پہنچائے گی ہر محب وطن ہندوستانی کا فرض ہے کہ وہ ایسی ہر کوشش سے عملی ہمدردی کرے ... تاکہ اس کے کروڑوں ہم وطنوں کو جو بیکاری اور افلاس کا شکار ہو کر فاقوں سے تنگ آ رہے ہیں۔ اس عذاب سے نجات ملے۔

چین اور جاپان کی کشمکش (ہندوستان جدید)

ہندوستان اگر چاہتا ہے کہ آئندہ تبدیلی اس کے حق میں مفید ہو تو اس کا فرض ہے کہ ایسا نظام حکومت حاصل کرنے کی کوشش کرے جو سوا سر عوام الناس کے زیر اقتدار ہو۔ ہندوستان کی تقریباً تمام آبادی غریب ہے، لہٰذا یہاں کی حکومت غریبوں ہی کے ہاتھ میں ہونی چاہیئے تاکہ کرسی ہوؤں کو اٹھایا جا سکے۔

ہندوستان کو اس واقعہ سے بھی عبرت حاصل کرنی چاہیئے کہ منچوریا محض اس وجہ سے جاپان کے ہاتھ میں چلا گیا ہے کہ نانکنگ کی سرمایہ دار حکومت نے اپنے اجنبی آقاؤں کو جن میں ایک جاپان بھی ہے چین کے بیدار غریبوں، کسانوں اور مزدوروں کو بہت بری طرح پیس ڈالا ہے اور یہ صرف اس وجہ سے کہ وہ سرمایہ داری کے مخالف تھے آج اگر چین میں چینی عوام کی حکومت موجود ہوتی تو جاپان اس آسانی سے منچوریا کو ہضم نہ کر سکتا۔ بلاشبہ موجودہ چینی حکومت نے سختی سے احتجاج کیا ہے، مگر یہ احتجاج دکھانے ہی کا ہے۔ چینی حکومت ایک ایسی پوزیشن میں ہے کہ سرمایہ دار سلطنتوں کے حکم سے سرتابی کر ہی نہیں سکتی۔

ہندوستان اگر چاہتا ہے کہ مستقبل میں ایسے حوادث سے محفوظ رہے، تو اس کا فرض ہے کہ اپنی قسمت سرمایہ دار ہندوستانیوں کے حوالہ کرنے سے قطعی انکار کر دے۔ سرمایہ دار ہندوستانی بڑی سرعت سے قوت حاصل کر رہے ہیں اور غریب ہندوستانی اسی سرعت سے گرتے چلے جاتے ہیں۔ یہ صورت حال بے حد خطرناک ہے۔ ہندوستان کو ابھی سے اپنے مستقبل کی فکر کرنی چاہیئے۔

حج کے متعلق مسودہ قانون (ملت)

ہز ایکسیلنسی وائسرائے کی تقریر پڑھنے کے بعد جو انہوں نے پرسوں ارکین جمعیۃ مقننہ کے روبرو ارشاد فرمائی تھی اور جس میں ہز ایکسیلنسی نے حج کے متعلق مسودہ قانون کا ذکر کیا تھا اور یہ یقین دلایا تھا کہ وہ سردست جمعیۃ مقننہ کے سامنے پیش نہ ہونگے ہمارا خیال تھا کہ حکومت اس قانون کو مسلمانوں کی مرضی کے مطابق ہی منظور کرے گی لیکن ہمیں سخت حیرت ہوئی ہے کہ جمعیۃ کے اسی اجلاس میں یہ مسودہ بغیر ترمیمات کے حاضرین کے سامنے پیش کئے ہوئے پیش کر دیا گیا ہم صاف صاف کہہ چکے ہیں کہ یہ مسئلہ ایسا نہیں ہے کہ حکومت بغیر مسلمانوں کی عام رضامندی کے خود بخود کوئی کارروائی کرے۔ حج مسلمانوں کا ایک اہم مذہبی رکن ہے اور اس کے متعلق قوانین اور قواعد مرتب کرنا امت کے لئے ایک اہم ذمہ داری کا کام ہے۔ جمعیۃ مقننہ کے مسلم ارکین کے متعلق ہمیں کافی تجربہ ہو چکا ہے کہ ان میں بعض بمشکل اسلامی فقہ کے جزئیات کے متعلق کوئی رائے دے سکتے ہوں مخصوصاً جبکہ ان کی ایک جماعت اس مسودہ کی ... اس حالت میں بھی تائید کر چکی ہو جس پر ابھی چند دن ہوئے مسلمان غور رہے ہیں اور حکومت کو اس میں تبدیلی کرنی پڑی ہے۔ صرف ان ارکین کی رضامندی یقیناً عام مسلمانوں کی رضامندی نہیں ہے۔ حکومت کو اس بارے میں سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا پڑے گا۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسلام نے کس طرح ادیان سابقہ کی تکمیل کی؟
سیاست اور مذہب کی تفریق سے خلافت کی بربادی
اپنی مسجدوں کو مسجد نبوی کے نمونہ پر قائم کرو

آج کل بعض حلقوں میں اس خوفناک نظریہ کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ اسلام میں مذہب اور ہے اور سیاست اور، اور یہ دونوں چیزیں ایک دوسرے سے بالکل جدا ہیں اور ان میں ایسی حد فاصل قائم کر دی گئی ہے جو کبھی اور کسی حال میں دور نہیں ہو سکتی، جو شخص اس قسم کا خیال اسلام کی نسبت ظاہر کرتا ہے اور بہر مسلمان ہونے کا بھی مدعی ہے وہ نہ صرف قرآن حکیم کی تعلیم اور سیرت نبوی سے ناواقف ہے بلکہ وہ خود اسلام اور مسلمانوں کے لئے ذلت و رسوائی کا ایک مخصوص داغ ہے اور اس کا مقصد اس نظریہ سے سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ اسلام کو نصرانیت یا عیسائیت کے سانچے میں ڈھال کر دنیا کے سامنے پیش کیا جائے اور اسلام کا سب سے مقدس اور انتہائی نظام حرمت کا دعویٰ ہے ... اسلام کو سیاسیات سے کوئی تعلق نہیں ہے تو (نعوذ باللہ) وہ مذہب بھی عیسائیت کی طرح ایک مردہ لاش ہے جو ہرگز نوع انسانی کی ترقی و فلاح کا ضامن نہیں ہو سکتا اور نہ اس کے احکام کو عالمگیر دستور العمل کا درجہ دیا جا سکتا ہے لیکن جو لوگ قرآن حکیم سے ذرا بھی مس رکھتے ہیں اور ان کی نظروں سے خاتم المرسلین کی زندگی کے بعض حالات گزرے ہیں وہ ان نصرانی مسلمانوں کے اس نظریہ کو ان کے منہ پر کھینچ ماریں گے اور ایک لمحے کیلئے بھی اس ناپاک اور گمراہ کن خیال کی تائید نہ کریں گے۔

سخت حیرت ہے کہ ان لوگوں کو اسلام اور سیاست میں حد فاصل قائم کرنے کی ہوس کیونکر سوجھی اور وہ کس برتے پر اس کفر بواح کا اعلان کرنے لگے؟ تعجب اس بات پر نہیں کہ اس قسم کا دعویٰ خود بعض مسلمانوں کی طرف سے کیوں کیا جا رہا ہے بلکہ تعجب اس بات کا ہے کہ یہ خیال ان کے دماغ میں کیونکر آیا اور کہاں سے آیا! اللہ اکبر آج اس نیلے آسمان کے نیچے بعض اس قسم کے مسلمان بھی موجود ہیں جو اسلامی شرف و امتیاز اور اس کے حقیقی منصب کے گلے پر بے باکانہ چھری پھیر رہے ہیں؟ چونکہ یہ خیال استعماری تخت دیرینہ کا نتیجہ ہے اس لئے جو شخص بھی اس کی ہمنوائی کرے گا وہ یقیناً جیسا نصرانی ہوگا جس کے شر سے عامۃ المسلمین کو بچانا ہر سچے مسلمان کے لئے ضروری ہے۔

ہم کو موجودہ واقعات سے کوئی بحث نہیں ہے اور نہ ہم کو اس بات سے غرض ہے کہ یہ مسئلہ بعض نام نہاد مسلمانوں کی طرف سے کیوں اٹھایا گیا ہے یہاں ہم جو کچھ بھی پیش کریں گے وہ صرف مذہبی حدود کے اندر محدود رہیگا تاکہ مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ اس مسئلہ زیر بحث میں اسلام اور داعی اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کیا ہے اور مسلمانوں کا اس کے متعلق کیا عمل ہونا چاہیئے۔

عیسائیت میں مذہب اور سیاست کی تقسیم

الجمعیۃ میں جو ایک مدت سے تاریخ کا سلسلہ جاری ہے اور جو واقعات اور حقائق اس کے ذیل میں اب تک پیش کئے جا چکے ہیں صرف انہیں پر ایک نظر ڈالنے سے ایک غبی سے غبی شخص بھی اس نتیجہ پر پہنچے بغیر نہیں رہیگا کہ اسلام کا اوڑھنا اور بچھونا سیاست ہی سیاست ہے مسلمانوں کا ہر اسلامی عمل سیاست ہی کی ایک شکل ہوتا ہے مسلمانوں کی نماز، مسلمانوں کا حج، مسلمانوں کی زکوٰۃ، مسلمانوں کے تہوار اور مجامع عامہ غرض اس کا کل اور جز سیاست کے سوا اور کچھ نہیں ہے اور یہی سیاست مسلمانوں کا مذہب ہے، مسلمانوں کا دین ہے۔ قرآن کی تعلیم ہے دونوں کا ایمان و عقیدہ ہے۔ یہاں تک کہ ان ہی چیزوں پر ایک مسلمان کی نجات موقوف ہے۔

از بسکہ اسلام ادیان سابقہ کا مکمل اور متمم اور دین و دنیا دونوں کی فلاح کا ضامن ہے۔ اس لئے اس نے ظہور فرماتے ہی ملل سابقہ کی غلطیوں کو آشکارا کیا اور جو کمی ان کے اندر رہ گئی تھی اس کو خود پورا کرکے اکمال دین پر دائمی مہر کر دی، یہ خیال کہ مذہب اور سیاست دو جدا چیزیں ہیں عیسائیوں کی ان منجملہ کمزوریوں میں سے ایک کمزوری ہے جس نے آج تمام یورپ کو اس سے منحرف بنا دیا ہے اور اہل سیاست عیسائی مذہب کو ایک مردہ لاش سے زیادہ وقعت نہیں دیتے۔ انجیل ہی میں ہے کہ "تم خدا کا حق خدا کو دو اور قیصر کا حق قیصر کو دو" یعنی خدا کا حق اور ہے اور قیصر کا حق اور یا بالفاظ دیگر خدا اور بادشاہت بالکل جدا جدا ہیں اور قیصر خدا کے مقابلہ میں ایک مستقل حیثیت رکھتا ہے۔ ایک جگہ اسی انجیل میں مذکور ہے "میری بادشاہت اس دنیا کی نہیں ہے" معلوم ہوا کہ خود عیسائیت نے مذہب کو سیاست سے جدا کر دیا ہے اور عیسائی اس تقسیم کو تسلیم کرنے پر مجبور ہیں۔

اسلام کی جامعیت کبریٰ

لیکن اس کے مقابلہ میں اسلام، مذہب اور سیاست کا جامع ہے اور خود خدائے تعالیٰ مسلمانوں سے یہ وعدہ کرتا ہے۔

وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنہم فی الارض کما استخلف الذین من قبلہم ولیمکنن لہم دینہم الذی ارتضیٰ لہم ولیبدلنہم من بعد خوفہم امناً یعبدوننی لا یشرکون بی شیئاً ومن کفر بعد ذالک فاولئک ہم الفاسقون۔

"تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور جو لوگ نیک عمل کرتے ہیں ان سے خدا وعدہ کرتا ہے کہ وہ انہیں زمین میں حاکم بنائے گا جیسا کہ پہلے لوگوں کو بنایا تھا اور ان کے لئے اس دین کو جسے اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے مضبوطی کے ساتھ قائم کر دیگا اور خوف کے بعد امن سے تبدیل کر دیگا۔ میری عبادت کرینگے اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گے اور جو کوئی اس نعمت کی ناشکری کریگا تو پھر وہی نافرمان اور عہد کا توڑنے والا ہے"

یہ استخلاف فی الارض کا وعدہ کس سے کیا گیا ہے؟ مسلمانوں سے، ایمان والوں سے، اور محض خدا کی عبادت کرنے والوں اور شرک سے پاک رہنے والوں سے۔ یہ استخلاف فی الارض کیا ہے؟ سیاست ہے یا کچھ اور؟ اور پھر یہ سیاست عین مذہب ہے یا مذہب سے جدا؟ اگر مذہب سے جدا ہے تو خود خدا نے قرآن میں اس کا کیوں ذکر فرمایا ہے؟ کیا وہ (نعوذ باللہ) اس آیت کو نازل کرتے وقت بھول گیا تھا کہ سیاست اور مذہب دو جدا چیزیں ہیں۔ پھر میں نے قرآن کریم میں اس کا ذکر کیوں کروں؟

اسلام میں مذہب کی تعریف

اسلام کے نزدیک مذہب کس چیز کا نام ہے؟ جن چیزوں کا ذکر قرآن حکیم میں کیا گیا اور جن چیزوں پر خود داعی اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل کرکے دکھایا یا صرف زبان سے ارشاد فرمایا اس کا نام مذہب ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ قرآن حکیم اور سیرت نبوی میں سیاست کا کوئی ذکر ہے یا نہیں۔ اگر نہیں ہے تو بے شک اسلام کو سیاست سے کوئی تعلق نہیں لیکن اگر ہے تو اسی کا نام مذہب ہے۔ اسلام ہے۔ ایمان ہے۔ خدا اور اس کے رسول کی خوشنودی ہے اور اسی پر مسلمانوں کی نجات کا دار و مدار ہے۔ کیا قرآن حکیم میں چوروں کی سزا مقرر ہے؟ کیا زانیوں کے لئے کوئی سزا آئی ہے؟ کیا اسلام میں جہاد فی سبیل اللہ کے احکام آئے ہیں؟ اگر یہ ساری باتیں موجود ہیں تو پھر بتاؤ سیاست کس چیز کا نام ہے؟ اگر یہ سیاسی احکام ہیں تو یہی مذہب بھی ہیں کیونکہ قرآن کریم ان کے متعلق مسلمانوں کو حکم دیتا ہے کہ تم ایسے مجرموں کے ساتھ ایسا سلوک کرو اگر سیاست نام ہے پالیسی کا، مکاری کا، رشوت ستانی اور استعماریت کا تو اسلام کے نزدیک اس کا نام سیاست نہیں ہے۔

اب آؤ ذرا سیرت نبوی پر ایک نظر ڈالو اور تلاش کرو کہ تمہیں وہاں کیا کیا ملتا ہے، تم کو وہاں سے جو ملے گا وہ مذہب ہی ہوگا خواہ اس کی صورت سیاسی ہو یا اقتصادی، معاشرتی ہو یا تعلیمی غرض جو بھی صورت ہو وہ مذہب کے دائرہ سے باہر نہیں نکل سکتی۔

داعی اسلام نے خود نکاح کئے اور مسلمانوں کو نکاح کرنے کا حکم فرمایا، حالانکہ نکاح انسان کے لئے اسقدر ضروری اور لابدی چیز ہے کہ اگر اس کے متعلق احکام بھی نہ ہوں تو اس پر عمل ضرور ہوگا کیونکہ یہ انسان کا ایک فطری تقاضہ ہے جو کسی کے فرمان و احکام کا شرمندہ احسان نہیں ہے مگر اسلام میں یہ بھی مذہب میں داخل ہے۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ النکاح من سنتی فمن رغب عن سنتی فلیس منی یعنی نکاح کرنا میرا طریقہ اور عمل ہے اور جو مسلمان میرے اس عمل سے انحراف کریگا وہ مجھ سے کاٹ ڈالا جائے گا۔ گویا نکاح کرنے کے حکم کے ساتھ انحراف کی صورت میں وعید بھی ہے۔ اب بتاؤ نکاح مذہب میں داخل ہوا یا نہیں، اسی طرح تجارت ہے کیونکہ داعی اسلام نے خود بھی تجارت کی ہے اس لئے یہ بھی مذہب میں داخل ہے۔

(باقی آئندہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۱ر جمادی الاول ۱۳۵۱ھ ہجری

تمام مقبوضہ مساجد اور اوقاف کے فوٹو حاصل کئے جائیں

اسمبلی کے ارکان اپنے فرض کی ادائیگی کیلئے تیار ہو جائیں

مسلمانوں سے حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب کی اپیل

حضرت مولانا ابو المحاسن سید محمد سجاد صاحب قائم مقام ناظم مجلس مرکزیہ تحفظ ناموس شریعت نے حسب ذیل برقی پیغام اخبارات کو روانہ کیا ہے:-

ایسٹ انڈیا کمپنی یا اس کے بعد تقسیم مساجد اور اوقاف پر حکومت کا قبضہ ناجائز ہے ان کو آزاد طور پر واگزاشت کرنے کے لئے ممبران اسمبلی کے نام میں ایک اپیل شائع کر چکا ہوں۔ امید ہے کہ وہ حضرات اس پر خاص توجہ کریں گے اور اگر انہوں نے غفلت کی تو سمجھا جائے گا کہ وہ اسمبلی میں پبلک کی نمائندگی اور ملت کی خیر خواہی کے لئے نہیں جاتے تھے اس صورت میں بہت ممکن ہے کہ آئندہ انتخاب میں یہی غفلت اُن کی راہ میں مشکلات پیدا کر دے۔

بہرحال آئندہ تدبر کی کارروائی کے لئے میں تمام مسلمانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ اس قسم کی تمام مساجد کا فوٹو اندر و باہر سے جلد از جلد لیں جن پر فوٹو گرافر کے علاوہ کم از کم دو شاہدوں کے دستخط ہوں۔ ان فوٹوؤں کا ایک پلیٹ اپنے یہاں محفوظ رکھیں اور ایک مجلس مرکزی تحفظ ناموس شریعت کے دفتر میں بجفاظت روانہ فرمائیں اور ان سب مساجد کے پورے احوال ضروری معلومات فراہم کرکے روانہ فرمائیں تاکہ پورے غور و کافی بصیرت کے ساتھ کوئی مؤثر قدم اٹھانا ممکن ہو۔

ناظم مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت نے اخبارات کے نام ارسال فرمایا ہے اور جس میں مسلمانوں کو اس ضروری کام کے متعلق ابتدائی امور سے آگاہ کیا گیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر شہر اور ہر قصبہ کے مسلمان جہاں اس قسم کی مساجد یا خانقاہیں موجود ہیں جن پر حکومت کا قبضہ ہے یا جن میں اذان نماز یا دیگر مذہبی فرائض کی ادائیگی پر ...

حوادث و احکام

فاضل طلباء کیگیسیا جیل میں سلوک

ورثائے مدینہ کا اجراء

جمعیۃ مقننہ میں حج کے متعلق مسودۂ قانون

طول و عرض ملک میں شدید احتجاج کی ضرورت

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ جس وقت گزشتہ مئی میں حج کے متعلق مسودات قانون ہمیں بغرض اشاعت موصول ہوئے ہیں اور حکومت نے ان مسودات کو رائے عامہ حاصل کرنے کی غرض سے دیگر اخبارات کو بھی بھیجا ہے ہم نے ان مسودات کے خلاف نہایت ...

ہے جس میں آزاد مسلمانوں کی رائے کو کوئی دخل نہ ہوگا۔

(۷) کمیٹیوں کے اہم امور کے متعلق قواعد سازی کا اختیار کلی لوکل گورنمنٹوں کو دیا گیا ہے جس میں مسلمانوں کی رائے عامہ کو کوئی دخل نہ ہوگا ...

اراکین جمعیۃ مقننہ سے

مساجد و معابد کے فوٹو

کانگریس ایک منظم اور باروخ جماعت ہے

لیکن اس کی خطرناک تحریک کو ختم کر دیا جائے گا

وائسرائے کی جانب سے حکومت کے عزائم کا اعلان

(گزشتہ سے پیوستہ)

فوجی مصارف میں تخفیف کا مسئلہ

گزشتہ سال کی انتہائی تخفیف مصارف اور موجودہ سال کی مزید تخفیف کے باوجود فوجوں کی قابلیت اور استطاعت کا نہایت بلند معیار قائم ہے ...

فراموش کر دی ہے۔ اسلئے یہ یاد کرنا مفید ہوگا کہ اس وقت جبکہ مسٹر گاندھی دوسرے ہندوستانی نمائندوں کے ساتھ کانفرنس میں بیٹھے ہوئے برطانوی پارلیمنٹ کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے اور اس مشترکہ جدوجہد میں مصروف تھے کہ جدید دستور اساسی کی بنیاد قائم کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ متفقہ امور معلوم کریں ...

مستقل اختیارات

میری حکومت نہایت توجہ کے ساتھ یہ غور کرتی رہی ہے کہ اس آرڈیننس کے اختتام پر کیا کارروائی کرنی پڑے گی۔ ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آرڈیننس کی بہت سی دفعات کو عام قانون میں داخل کرکے اسے اور زیادہ قوی بنانا چاہئے۔ ہم اس تدبیر کو صرف اس لئے ضروری نہیں سمجھتے کہ اس سے سول نافرمانی کی موجودہ تحریک کا خاتمہ ہو جائے گا بلکہ اس لئے بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ آئندہ اسی قسم کی کوئی دوسری سرگرمی نہ دکھائی جا سکے گی۔ ان تجاویز کے علاوہ جو میری حکومت مرکزی جمعیۃ مقننہ میں عام قانون کی تقویت کے لئے پیش کرے گی صوبوں کی حکومتوں کو بھی اپنی مجالس مقننہ میں مخصوص تجاویز پیش کرنی ہوں گی جہاں سول نافرمانی کی تحریک ایک مستقل خطرہ ثابت ہوئی ہے۔ اس طرح آرڈیننس کی دوسری دفعات بھی جو مخصوص حالات میں ضروری ہیں قانونی شکل اختیار کر لیں گی۔

ہم اپنا فرض ادا نہیں کریں گے اگر ہم نے حتی الامکان اس کی کوشش نہ کی کہ یہ تحریک ختم ہو جائے اور آئندہ کے لئے اس کے احیاء کا کوئی موقع باقی نہ رہے ...

نوٹ کا خلاصہ

صوبہ سرحد کی اصلاحات

صوبہ سرحد کی انقلابی تحریک

حکومت کی پالیسی

اتحاد کانفرنس

معاہدۂ اٹاوہ

مستقل تحریک

الرلیشہ، سندھ اور برما

فرقہ وارانہ فیصلہ

سول نافرمانی کا زور

تحریک تمام نہیں ہوئی

آرڈیننس

دستوری کمیٹیاں

فرقہ وارانہ راج

تحریک سول نافرمانی

اخبار الامان کے مالک و ایڈیٹر کا دروغ بے فروغ

خدام جمعیۃ علمائے ہند پر ناپاک اتہامات اور انکا عبرتناک انجام

افترا پردازی اور فتنہ انگیزی کا راز فاش ہو گیا

جمعیۃ علمائے ہند اور خدام جمعیۃ کے خلاف ذاتی عناد کی بنا پر اور اس وجہ سے کہ مظہر الدین شیرکوٹی ایڈیٹر و مالک الامان کو جمعیۃ علماء ہند کی طرف سے بعض افسوسناک ...

افترا پردازی اور خباثت کی انفرادی مثال

انکشاف حقیقت اور ابطال باطل

اصل جھگڑے پر تبصرہ اور ہمارا مستقل رویہ

بیرون دہلی کے مسلمانوں اور ہمدردوں سے اپیل

دار الحکومت

جامع مسجد میں مسلمانوں کا عام جلسہ

مولانا مفتی محمد نعیم صاحب ڈکٹیٹر ہفتم کی گرفتاری

جمعیۃ علماء ہند کی قیادت میں جلوس کا گشت

دہلی ۱۰ ستمبر۔ کل چونکہ آرڈیننس ٹوٹ گیا تھا اور اس کے ساتھ ساتھ یوم احترام مساجد بھی تھا اس لئے دہلی کے مسلمانوں میں ایک خاص جوش نظر آتا تھا اور جامع مسجد میں بھی نمازیوں کی تعداد بہت زائد تھی۔

بعد نماز جمعہ جمعیۃ العلماء ہند کے زیر اہتمام جامع مسجد میں ایک جلسہ عام منعقد کیا گیا۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب ڈکٹیٹر ہفتم جمعیۃ علمائے ہند دہلی جو باوجود پولیس کی سخت نگرانی کے دہلی پہنچ گئے تھے صدر منتخب کئے گئے۔

چند پر جوش نظموں کے بعد حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب نے واقعات حاضرہ پر ایک نہایت مفصل و مبسوط تقریر ارشاد فرمائی ...

ناظم جمعیۃ علماء مراد آباد کا دہلی سے اخراج

جمعیۃ علماء ہند کے کارکنوں کی رہائی

رہائی کے بعد نوٹس کی تعمیل

مولانا امانت اللہ صاحب مونگیری خلف الرشید حضرت مولانا الحاج جامع العلوم سید محمد علی صاحب مونگیری رحمۃ اللہ علیہ و مولانا عبد الحنان صاحب و مولانا نور الاسلام صاحب و مولانا عبد الغنی صاحب، مولانا عباس علی صاحب و مولانا قیم الدین صاحب، کارکنان جمعیۃ علماء ہند کو کل شب کے بارہ بجے دہلی سے خارج کر دیا گیا۔ ان حضرات کو یکم ستمبر کو جمعیۃ علماء ہند کے دفتر سے گرفتار کیا گیا تھا اور اب تک کوتوالی کی حوالات میں رکھا تھا۔

معلوم ہوا ہے کہ روانگی سے قبل ان سب حضرات کو فوراً دہلی چھوڑنے کا نوٹس دیا گیا اور پولیس کی حراست میں اسٹیشن لیجا کر مراد آباد جانے والی گاڑی میں سوار کرا دیا گیا۔ یہ سب حضرات جمعیۃ علماء ہند کی خدمات انجام دینے کیلئے دیوبند سے آئے تھے جو دار العلوم دیوبند کے فارغ التحصیل تھے۔

اسمبلی میں حج کمیٹی کا مسودہ قانون

۳۰ ستمبر کو "یوم حج" کا مظاہرہ کیا جائیگا

حضرت مولانا ابو المحاسن سید محمد سجاد صاحب نائب ناظم امارت ... مجلس تحفظ ناموس شریعت نے حسب ذیل برقیہ اخبارات کو ارسال فرمایا ہے:۔

"حکومت نے رپورٹ حج کمیٹی کا مسودہ قانون اسمبلی میں بلا اجازت رائے عامہ داخل کر دیا اور قرینہ ہے کہ تمام مسلم ممبران نے بھی اس کی مخالفت نہیں کی اور اس طرح سے انہوں نے مسلمانوں کو عظیم نقصان پہنچایا۔ ۳۰ ستمبر کو اس کارروائی کے خلاف یوم حج کے نام سے عام مظاہرہ کیا جائے۔ اس کے متعلق پوسٹر اور تجاویز عنقریب شائع ہوں گے۔"

دریائے جمنا میں زبردست طغیانی

پانی ۳۰ فٹ تک پہونچ گیا

معلوم ہوا ہے کہ دہلی کے آس پاس کے مواضعات کے باشندوں کو خبردار رہنے کی تنبیہ کر دی گئی ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کے آٹھویں ڈکٹیٹر کا تقرر

جمعیۃ علماء ہند کے ساتویں ڈکٹیٹر حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب نے اپنی گرفتاری کے وقت حضرت مولانا الحاج محمد اسمٰعیل صاحب کو اپنا قائم مقام نامزد کیا ہے۔

شراب کی دوکان پر پکٹنگ

جمعیۃ علماء ہند کے دو کارکنوں کی گرفتاری

دہلی ۱۰ ستمبر۔ کل جمعیۃ علماء ہند کے دو رضاکاران محمد یوسف و غلام جیلانی نے ... شراب کی دوکان پر پکٹنگ کیا جن کو پولیس نے گرفتار کر کے ...

دہلی کانگریس کے اجلاس کو روکنے میں حکومت کا صرفہ

شملہ ۱۰ ستمبر۔ اسمبلی میں حکومت کی جانب سے بیان کیا گیا ہے کہ دہلی میں انڈین نیشنل کانگریس کا اجلاس روکنے کے لئے حکومت کو ... روپیہ کی رقم صرف کرنا پڑی۔

فرانس کی طرف سے جرمنی الٹی میٹم کا جواب

جرمنی کے مطالبات جنگ کا پیش خیمہ ہیں

کونسل سے اعلانات ... جمعیۃ علماء ہند ... (ہاتھ سے لکھی ہوئی عمودی تحریر، ناقابل خواندگی)

چھوٹی گول میز کانفرنس کی شرکت کے لئے لبرلوں کی پانچ شرطیں

تحفظات اور مرکز میں ذمہ داری کے متعلق انقطاعی فیصلہ

حکومت کو سخت گیر پالیسی اور کانگریس کو سول نافرمانی ترک کرنے کا مشورہ

بمبئی ۱۱ ستمبر۔ مغربی ہند کی لبرل ایسوسی ایشن کی کونسل کا ملتوی شدہ اجلاس کل سیپرو کو وائسرائے کے اعلان پر غور و خوض کرنے کے لئے منعقد ہوا۔ دو گھنٹہ تک بند کمرہ میں بحث و تمحیص کے بعد کونسل نے حسب ذیل تجویز منظور کی ... وہ حسب ذیل ہیں:۔

(۱) اول یہ کہ تیسری گول میز کانفرنس کے ارکان کو ... (۵) تمام فرقوں کو گول میز کانفرنس میں تعاون کرنے کا مشورہ دیا جائے ...

کانپور اور دہرہ دون میں "انقلابی فوج" کی گرفتاریاں

کیمیاوی اجزاء اور انقلابی لٹریچر کی برآمد

الہ آباد ۹ ستمبر۔ دہرہ دون کا ایک پیغام مظہر ہے کہ ... سی کو پولیس نے دہرہ دون اور کانپور کے مشترکہ مقدمہ سازش کے سلسلہ میں گرفتار کر لیا ہے ...

جھنڈا لہرانا خلاف قانون نہیں

چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ کا فیصلہ

بمبئی ۹ ستمبر۔ کیا کانگریس کا جھنڈا لہرانا اور بندے ماترم کے نعرے لگانا کانگریس کی سرگرمیوں کی مدد کرنا ہے۔ یہ سوال تھا جس پر چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ نے آج تحریر کیا ...

سر سپرو اور گاندھی جی کی ملاقات

وائسرائے سے اجازت طلب کی گئی

ہندوستان میں اشتراکی لٹریچر کا داخلہ

حکومت ہند کا تازہ اعلان

ریاست کشمیر نے کپڑوں پر محصول بڑھا دیا

برطانوی پارچہ کو مستثنیٰ کر دیا

کلکتہ میں ایک جلوس پر لاٹھی چارج

تیسری گول میز کانفرنس کے مندوبین

کیا گاندھی جی اور مسز نائیڈو کو بھی دعوت دی جائیگی

اسمبلی میں گاندھی جی کی رہائی کا سوال

کانگریس اور حکومت کے درمیان صلح کی گفتگو

اسمبلی کا اجلاس کیوں ملتوی ہوا؟

لنکاشائر کے مزدور اور ہندوستان

کپڑے کی کھپت کیلئے گاندھی جی کو رہا کر دو

سارڈا ایکٹ اپنے شباب پر

ایک درجن مسلمانوں پر مقدمہ

حجاز میں ایک جاسوس کی گرفتاری اور اس کا قتل

خط تمثال میں مشتبہ تحریریں، مجرم کا اقبال جرم

حکومت نجد و حجاز نے ذیل کا سرکاری بیان شائع کیا ہے:۔

محمد سعید بن عبد الصمد ... حجاز میں جاسوسی کے فرائض انجام دے رہا تھا۔ ... جاسوسی کا تحریری اقرار کر لیا تھا اس کے لئے حکومت حجاز نے سزائے قتل تجویز کی چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق جاسوس مذکور نماز جمعہ کے بعد ارکان حکومت کے سامنے قتل کر دیا گیا۔

آل انڈیا قوم پرور مسلم پارٹی کا جلسہ

فرقہ وارانہ فیصلہ کو مسترد کر دیا گیا

کلکتہ ۔ ستمبر۔ آل انڈیا نیشنلسٹ مسلم پارٹی کی ورکنگ کمیٹی کا ایک ضروری اجلاس مولانا ابو الکلام آزاد کی جائے رہائش پر منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل رزولیوشن پاس کئے گئے:۔

(۱) یہ میٹنگ اعلان کرتی ہے کہ قوم پرست مسلم پارٹی ان جماعتوں کے ساتھ شامل نہیں تھی جنہوں نے ... ہندوستان کے فرقہ وارانہ معاملات کو فیصل کرنے کی درخواست کی تھی ... اس قسم کی درخواست ہندوستان کی خودداری کی شان کے شایاں نہیں۔

(۲) یہ کمیٹی فرقہ وارانہ فیصلہ کو ازحد خطرناک تصور کرتی ہے ...

(۳) قوم پرورانہ نقطۂ نگاہ سے یہ فیصلہ غیر تسلی بخش ہے کیونکہ مسلمانوں کے چودہ نکات اور پنجاب اور بنگال میں آئینی اکثریت کو تسلیم نہیں کیا گیا۔

(۴) کمیٹی تمام فرقہ جات سے اپیل کرتی ہے کہ اپنے اختلافات کو ختم کر کے فرقہ وارانہ مسئلہ کو حل کریں ...

سرحد پر جنگ کی تیاریاں

فقیر علی نگر کا لشکر میدان عمل میں

ریوالور اور خنجر سے مسلح ڈاکہ

تین نوجوان بنگالی گرفتار

کانگریس کے چار ہزار بلیٹنوں پر قبضہ

پولیس کی زبردست دوڑ دھوپ

ڈاکٹر محمد عالم کی رہائی کا مشورہ

تپ کے دوروں سے تشویشناک حالت

فرقہ وارانہ کشت و خون کا عبرتناک نتیجہ

۶ ہندوؤں کو سزائے موت

فسادات مرزاپور کی اپیل کا فیصلہ

الہ آباد ۹ ستمبر۔ جسٹس بینان اور جسٹس ... نے کل مرزاپور کے فسادات کے مقدمہ کی اپیل کا فیصلہ سنا دیا ...

ہندوؤں اور سکھوں کی خیرہ سری کا علاج

سرحد کے سرخپوشوں کا اعلان

"ہم نے ملک کی خاطر کسی سے کم قربانیاں نہیں کیں"

والیان ریاست اور وزراء کی کانفرنس

آئینی امور پر تبادلۂ خیالات کا ارادہ

شملہ ۸ ستمبر۔ وائسرائے نے ۲۰ ستمبر کو والیان ریاست اور ان کے وزراء کی ایک کانفرنس شملہ میں طلب کی ہے ...

حسب ذیل والیان ریاست کو وائسرائے نے دعوت دی ہے:۔ مہاراجہ نوانگر، مہاراجہ دھولپور، مہاراجہ پٹیالہ، مہاراجہ بیکانیر، نواب بھوپال ... نظام حیدر آباد ...

کانگریس کے مخفی دفتر کا پتہ چل گیا

ہندوستان سے باہر کانگریس کا پروپیگنڈہ

وائسرائے کی جانب سے حکومت کے عزائم کا اعلان

(فیصلہ صفحہ ٢)

مختلف ملتوں کے درمیان مختلف فیہ مسائل پر کوئی فیصلہ دیا جائے گا تو اس پر اس مفروضہ کے ساتھ بحث و مباحثہ ہوں گے کہ ہر صوبجاتی مجلس مقننہ میں کوئی ایک ملت خود اختیارانہ اور دوسری ملتوں سے آزاد انفرادی حکومت قائم کرے گی جو ہر دوسری ملت کے مخالف ہوگی۔ میں خیال کرتا ہوں کہ حکومت خود اختیاری کے نظام کے ماتحت جو واقعات رونما ہوں گے ان کے متعلق اس قسم کا اندازہ لگانا ان واقعات کو صریحاً غلط طور پر سمجھنے کا نتیجہ ہے۔ ایک حکومت کو اپنے باشندوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کے متعلق عملی مسائل سے ...

آخری مرحلہ

برطانوی پارلیمنٹ اور انگریزوں کی پالیسی

صوبجاتی اور مرکزی ذمہ داری

آئندہ طریق کار

مجھے معزز اراکین کو اس امر سے مطلع کرنے کا اختیار دیا گیا ہے کہ ملک معظم کی حکومت کو ایسا مواد بہم پہنچانے کے لئے جو دستوری تجاویز بنانے کے لئے ضروری ہوگا لندن میں مزید بحث و تمحیص کی ضرورت لاحق ہوگی جس کا امکان وزیر ہند کے بیان میں ظاہر کیا گیا تھا۔ ملک معظم کی حکومت یہ تجویز کرتی ہے کہ دیسی ریاستوں اور برطانوی ہند کے نمائندوں کی ایک مختصر تعداد کو وسط نومبر میں لندن آکر حکومت سے مشورہ کرنے کی دعوت دی جائے۔ اس طریقہ سے حکومت یہ چاہتی ہے کہ ان اہم مسائل کے متعلق جن کا فیصلہ ابھی تک نہیں ہوا ہے ...

تعاون کی اپیل

مسلمانان لدھیانہ اور تصفیہ حقوق

... کی اندرونی ریشہ دوانیوں سے بالکل محفوظ ہو رہے ہیں اور اپنے اندرونی نقائص دور کرنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔

(ضیاء الحسن لدھیانوی)

سچے موتی کی سی آب

... استعمال کیجئے اور پھر دانتوں میں سچے موتی کی سی آب و تاب قابل رشک صفائی کا مشاہدہ کیجئے۔ سرتاج منجن ... دانتوں کے درد، مسوڑھوں کے پھولنے، خون، پیپ نکلنے اور پایوریا جیسے خطرناک مرض کے لئے ...

... ریخوں سے چونے اور میل کا صاف کرنا "سرتاج منجن" کا ایک معمولی ...

... بڑی شیشی آٹھ آنہ (٨/)

... تمام نقائص سے پاک صرف پانچ منٹ میں سفید بالوں کو اصلی بالوں کے مانند ... ریشم کے مانند کرنے والا "اکسیری خضاب" جس کا رنگ نہایت پختہ ہے قیمت ... ایک روپیہ (عہ) نمونہ مفت۔

... کے لئے اکسیر ہے سچے موتی اور جواہرات اس کے نسخے کے جزو اعظم ہیں ... قیمت فی شیشی ... ایک روپیہ (عہ)

... کی تعمیل بذریعہ ویلیو نہیں ہوتی اس لئے کہ کم از کم خرچ ڈاک ۸/ ہوتا ہے ...

منیجر سرتاج کمپنی، قریب جامع مسجد، دہلی

سورۂ اخلاص کا زندہ معجزہ

پنجاب کے طبیب اعظم

دنیا میں ایک عجیب تیل

سفید بال تک ہفتہ میں جڑ سے کالا

مقویات سرتاج عالم

صد ہا مرضوں کی ایک دوا

البیان فی علوم القرآن

لاکھوں روپیہ

اجمیر کے مسلمانوں کا زبردست جلسہ

اور کے معاملہ میں جمعیۃ علماء ہند کی صحیح رہنمائی

... مداخلت کرے اور نہ حکومت کو مداخلت کی دعوت دے اور اس حقیقت کا اعتراف کیا گیا کہ رائے عامہ جمعیۃ علماء ہند کی پشت پر ہے۔ اور وہ مسلمانوں کی سب سے زیادہ محترم اور سب سے زیادہ ذمہ دار جماعت ہے اور اس بات کو ...

... جیل جا رہے ہیں وہ خودکشی کر رہے ہیں اور ان کا یہ فعل قابل مذمت ہے اظہار نفرت کیا گیا اور ان سے درخواست کی گئی ہے کہ اسلام کی توہین سے باز آئیں ... فضلوا واضلوا کے مصداق نہ بنیں۔

(نامہ نگار)

جامع مسجد دہلی کی منیجنگ کمیٹی کو انتباہ

حاجی رشید احمد کے بیان پر اظہار ملامت

آسمان طبابت پر عالیجناب شمس الاطباء کی نور پاشیاں

مخزن حکمت یا گھر کا ڈاکٹر و حکیم — طبع ہفتم مصنفہ جناب شمس الاطباء حکیم ڈاکٹر غلام جیلانی خان صاحب اس کتاب میں ہر مرض کے اسباب علامات، ماہیت، تشخیص و انجام مرض وغیرہ لکھنے کے بعد علاج شافی یونانی ڈاکٹری اور یورپ و امریکہ کی بہترین پیٹنٹ (PATENT) ادویات میں تحریر کیا ہے۔ حجم ہر دو حصہ ... صفحات قیمت بلاجلد ہر دو حصص ... روپیہ آٹھ آنے در رعایتی قیمت ہر دو حصہ مجلد دس روپے) علاوہ محصول ڈاک۔

میٹیریا میڈیکا مع مجربات ڈاکٹری — طبع چہارم اس کتاب میں تقریباً تین ہزار مفرد و مرکب ڈاکٹری ادویات کا بیان ہے نیز یورپ و امریکہ کے نامور ڈاکٹروں کے مختلف امراض کے لئے سات سو مجرب نسخہ جات درج ہیں۔ قیمت جلد اول بلاجلد پانچ روپے چار آنے مجلد ... جلد دوم بلاجلد ... مجلد ...

مخزن مرکبات و معلم دوا سازی — اس کتاب میں تمام جدید مرکبات کے صحیح منتخب و مستند نسخہ جات بمع ترکیب درج کئے گئے ہیں اور نیز ان کے فوائد خواص و مقدار خوراک اور ترکیب استعمال بھی درج ہیں اور کتاب کے آخر میں ضمیمہ علاج الامراض بھی دیا گیا ہے۔ ضخامت ... صفحات قیمت بلاجلد ... مجلد ...

مخزن الجواہر یا طبی و ڈاکٹری لغات — اس کتاب میں تقریباً چودہ ہزار عربی، فارسی کی قدیم و جدید اصطلاحات درج ہیں علاوہ ازیں چھ ہزار انگریزی ڈاکٹری اصطلاحات ہیں حجم ... صفحات قیمت بلاجلد ... مجلد ... رعایتی قیمت مجلد ...

ہیومن اناٹومی و فزیالوجی یا تشریح انسانی و منافع الاعضاء طبع سوم — اس کتاب میں تشریح کے علاوہ اطباء یونانی و ڈاکٹری کے اکثر اختلافی مسائل پر بحث کی گئی ہے۔ حجم ٢٢٢ صفحات قیمت بلاجلد ... مجلد ...

تاریخ الاطباء — اس میں مشرق و مغرب کے متقدمین و متاخرین مشاہیر اطباء یعنی ڈاکٹروں حکیموں وید ... کی زندگی کے حالات اور طبی خدمات و مجربات ...

مخزن العلاج یا طب جیلانی ...

... اس کے نام بھی ایک سال کے لئے رسالہ مفت جاری کیا جائیگا۔

ملنے کا پتہ:- طبی کتب خانہ جناب شمس الاطباء، بھاٹی گیٹ لاہور

تار کا پتہ "میڈی سنٹر" دہلی — ٹیلیفون نمبر ٥٥٦

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے۔ اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھایئے۔

اس دواخانے کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے۔ جہاں سینکڑوں ہندو، مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمایئے)

آپ کا خادم۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

جوہری	ململین	اکسیر نسواں	قرص احیض
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ٢٢ دہلی

پیشوا کا رسول نمبر مفت

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہو گی

منیجر ... بلیماران، دہلی

بال جڑ سے کالا

محبوب عاشق کے قدموں پر

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم - ۵ - ۹ - ۱۳
۱۷ - ۲۰ - ۲۴ - ۲۸
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (")
ایک کالم (")
½ کالم (")
¼ کالم (")

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۶ | دہلی - یوم جمعہ ۱۴ / جمادی الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۶ / ستمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۹

معاصرین کے افکار و آراء

آزادی مساجد (زمیندار)

مسجد شاہجہانی دہلی کی آزادی میں مداخلت کر کے حکومت نے مسلمانوں کے خوابیدہ احساس کو بیدار کر دیا ہے۔ اور اب ان کو محسوس ہو رہا ہے کہ ان کی مسجدیں بھی جو وقف ہونے کی بنا پر قیامت تک کسی کی ملک نہیں ہو سکتیں۔ اغیار کی دستبرد سے آزاد نہیں نہ صرف مسلمانان دہلی بلکہ ہندوستان کے آٹھ کروڑ مسلمانوں کو اس احساس نے مضطرب کر رکھا ہے اور ان کی نگاہیں نہ صرف مسجد شاہجہانی دہلی بلکہ لال قلعہ کی موتی مسجد دہلی کے پرانے قلعہ کی مسجد قطب کی مسجد اور طول و عرض ملک کی تمام ان مساجد پر پڑ رہی ہیں جو اسلام کی شوکت رفتہ کی یادگار ہیں۔ لیکن سالہا سال سے اغیار کے ہاتھوں ان کی بے حرمتی ہو رہی ہے۔ اور ان کی مقدس زمین مومنوں کی سجدہ گاہ بننے کے بجائے ناپاک بوٹوں سے روندی جا رہی ہے۔ عالمگیر کی روح فریاد کر رہی ہے کہ گزشتہ بہتر سال سے موتی مسجد میں اللہ اکبر کی صدا بلند نہیں ہوئی۔ شیر شاہ کی اسلامی غیرت مصروف آہ و زاری ہے کہ دہلی کے پرانے قلعہ کی مسجد کا دروازہ حلقہ بگوشان اسلام پر بند ہے۔ لیکن انہیں ... ہیں لیکن یہ صورت حالات اب زیادہ دن قائم نہیں رہ سکتی اور حکومت کو چاہئے کہ خدا کی امانت کو جس کے امین صرف مسلمان ہو سکتے ہیں ان کے حوالہ کر دے۔ مولانا سجاد ولے اسمبلی کے ارکان سے اپیل کی ہے کہ وہ بھی اس اہم مسئلہ کی طرف متوجہ ہوں اور معابد و اوقاف کو حکومت کے ناجائز قبضہ سے آزاد کرنے کی کوشش کریں۔ ہمیں توقع ہے کہ مسلمان ارکان خصوصیت کے ساتھ ان کی آواز پر لبیک کہیں گے اور عام مسلمان بھی اس وقت تک اپنی سرگرمیوں کو جاری رکھیں گے جب تک کہ ان کی ایک ایک مسجد اغیار کے تسلط و اقتدار سے آزاد نہ ہو جائے۔

ہے روک دے۔ اور پھر کیا بعض علل کی بنا پر نماز روزہ اور زکوٰۃ کو سیاسی قرار نہیں دیا جا سکتا؟ پھر نماز کو سیاسی قرار دیکر اس کو مسجد میں پڑھنے سے کیوں نہیں روکا جا سکتا ہے؟ اگر نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کو سیاسی قرار دیکر روکا جا سکتا ہے تو پھر مسجد میں بھی خطبہ جمعہ اور تمام اسلامی مجالس و مواعظ کو بند کیا جا سکتا ہے۔ متولی و منتظم مسجد کو اس امر میں خود احتیاط کرنی چاہئے اور اپنی حرکت سے حکومت کافرہ کو ایسا موقعہ نہ دینا چاہئے کہ وہ براہ راست یا ان کے ذریعہ کسی مسجد میں اسلامی جلسوں کے انعقاد کو روکے۔ اگر حکومت نے کسی مسجد پر بھی کوئی پابندی عائد کی تو یہ مذہبی مداخلت ہوگی۔

لباس اور لباس عریانی (سچ)

"آئندہ سال غسل والی پوشاک کا جو فیشن ہوگا وہ اس وقت سے بھی زیادہ عریاں ہوگا۔ غسل آبی و غسل آفتابی کے لئے جو لباس تیار ہو رہے ہیں وہ ایسے ہیں کہ بلا تکلف ایک اشارہ میں اتارے جا سکتے ہیں۔ جلد کا ہم رنگ، یا گلابی رنگ ان کپڑوں کا ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ اس لباس کا رنگ یہاں تک بھی ملکن ہو جلد کے رنگ سے بالکل مل جائے ایسا کہ کچھ دور سے یہ بھی نہ پتہ چلے کہ لباس جسم کے کن کن حصوں پر ہے اور کن کن پر نہیں۔" (ڈیلی ہیرلڈ، لندن)

حدیث نبوی میں، ساڑھے تیرہ سو سال قبل، کا بیات علامات کا ذکر آچکا ہے یعنی ایسی عورتیں جو باوجود لباس پہنے ہونے کے برہنہ ہونگی۔ حدیث میں ان کیلئے جنت ... ہے۔ یہاں مقصد صرف یہ کہنا ہے کہ دنیا کا کوئی اہم نقشہ ایسا نہیں جس کی تصویر، آئینہ نبوت میں نہ دکھلائی جا چکی ہو۔ نبی کو دکھا سب کچھ دیا گیا۔ نبی کے واسطہ سے امت کو بتا سب کچھ دیا گیا، عمل کرنا نہ کرنا، راہ پر چلنا یا راہ سے بھٹکنا، یہ کام ہمارا آپ کا ہے۔

کشمیر کا سیاسی مطلع (اہلحدیث)

اہل پنجاب نے کشمیری برادران کے لئے ہزاروں آدمی جیلوں میں بھیجے، لاکھوں روپے کا خرچ اور حرج کیا، سیالکوٹ نے اس خصوص میں وہ کیا کہ انصار رضی اللہ عنہم کا قصہ تازہ کر دیا۔ لیکن انجام کیا ہوا؟ یہ سوال رہ رہ کر دماغوں میں پھرتا ہے اس کا جواب دینا اہل کشمیر کا کام ہے۔ ہم تو اس کا جواب بہت دل شکن پاتے ہیں جس کی بنا ایک حدیث شریف پر ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکان سے باہر تشریف لائے کہ شب قدر کی تاریخ بتائیں۔ دیکھا کہ دو اصحاب باہمی لڑ جھگڑ رہے ہیں۔ فرمایا کہ میں شب قدر کی تاریخ بتانے آیا تھا مگر تمہاری لڑائی سے شب قدر کا علم میرے دل سے اٹھا لیا گیا۔ آہ! امت مرحومہ کیسی محروم ہو گئی۔

اہل کشمیر کی جب باہمی لڑائی کی خبریں سنتے ہیں تو ہمیں خوف ہوتا ہے کہ اس حدیث کا اثر ظاہر ہو کر اہل کشمیر اس نعمت سے محروم نہ ہو جائیں جس کے حاصل کرنے کے لئے وہ مبتلائے آفات ہوئے اور اہل پنجاب بلکہ اہل ہند کو جتلائے مصائب کیا۔ اس لئے ہم اہل کشمیر کو بحیثیت مسلم اور بحیثیت کشمیری نیت کے ہمدرد عرض کرتے ہیں کہ حدیث مرقومہ کے نتیجہ سے خوف کر کے باہمی جنگ کو بند کریں۔ ہم اس موقعہ پر کسی فریق پر الزام نہیں لگانا چاہتے بلکہ آشتی کیلئے بھی ایک حدیث سناتے ہیں جس میں ارشاد ہے من ترک المراء و ھو محق بنی لہ فی الجنۃ۔ (جو کوئی سچا ہو کر بھی لڑائی کو چھوڑ دے اس کی نجات ہے)

شمس العلماء مولوی سید احمد پیش امام جامع مسجد دہلی کے نام

یہ مسجد ہے جہاں دخل کلیسا ہو نہیں سکتا
یہاں قانون کا جھگڑا گوارا ہو نہیں سکتا
خدا کا گھر خدا کا گھر رہیگا آپ بحق رکھیں
کسی صورت کسی کا اس پہ قبضہ ہو نہیں سکتا

الور کے مظلوم مسلمانوں کو خود غرضوں سے بچاؤ (ریاست)

الور کے مظلوم مسلمان ہر مسلمان کی دلی ہمدردی کے مستحق ہیں مگر ضرورت ہے کہ وہ مسلمانان کشمیر کی طرح اپنے پیروں پر خود کھڑے ہوں۔ اور ان خود غرض، آبرو باختہ اور بدرجہ غلط انسانوں کے پنجہ سے رہائی حاصل کریں جن کی شمولیت نے الوری مظلوموں کے کاز کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔

میں جمعیۃ علماء ہند، مجلس احرار کے ایثار پیشہ کارکنوں اور مولانا ظفر علی خان صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ الور کے مظلوم مسلمانوں کو ان خود غرضوں سے بچانے کے لئے مسئلہ الور کو اپنے ہاتھ میں لیں اور فوراً ایسا انتظام کریں کہ پہلے اتمام حجت کے لئے مہاراجہ الور سے الوری مسلمانوں کے مطالبات کے تسلیم کرانے کے لئے گفت و شنید کریں۔ اور اگر مہاراجہ صاحب الور اپنے غلط مشیروں کے پھندے سے نہ نکلیں تو پھر یک وقت اندرون الور میں پرامن ایجی ٹیشن طلب حقوق کے لئے شروع کر دیا جائے اور اس کے ساتھ ہی بیرون الور سے اسلامی دستوں کی ایسی زبردست یلغار کی جائے کہ حکومت الور مسلمانوں کے جائز مطالبات تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائے، ورنہ اندیشہ ہے کہ الور کی تحریک حریت فنا ہو جائے اور برٹش انڈیا کا امن خطرے میں پڑے گا اور مسلمانان الور تھک کر ہمیشہ کے لئے ذلت کی زندگی بسر کرنے کے لئے اپنے گھر واپس چلے جائیں۔ میں مہاراجہ الور کے تازہ اعلان معافی کو ناکافی سمجھتا ہوں۔ ضرورت ہے کہ وہ تمام اسلامی مطالبات کو تسلیم کر کے اپنے تدبر کا ثبوت دیں۔

مساجد اور اسلامی مجالس (امارت)

اسلام میں مذہب و سیاست کی کوئی علیحدہ علیحدہ تقسیم نہیں ہے، ہاں مغربی دماغ نے یہ دو قسمیں جدا جدا کی ہیں، اصل ان ہی قسموں کا نتیجہ ہے کہ وہ مسلمانوں کے ارکان اربعہ میں سے ایک اہم رکن حج کو سیاسی قرار دیتے ہیں اور اسی سبب سے بعض مغربی حکومتیں انسداد حج کی سازشوں میں مصروف ہیں۔

کیا مساجد میں سیاسی مجالس کے انعقاد کی مخالفت کرنے والے حج کو بھی اسی طرح سیاسی قرار دیدیں گے اور کیا حکومت کو مشورہ دیں گے کہ وہ مسلمانوں کو حج

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معارف)

اسلام نے کس طرح ادیان سابقہ کی تکمیل کی؟

سیاست اور مذہب کی تفریق سے خلافت کی بربادی

اپنی مسجدوں کو مسجد نبوی کے نمونہ پر قائم کرو

(گزشتہ سے پیوستہ)

حدیث میں آیا ہے التاجر الصادق الامین مع النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین۔ سچا تاجر سچا اور امانت دار ہوگا وہ انبیاء صلحاء شہداء اور صدیقوں کے ساتھ ہوگا۔ بتاؤ یہ خوشخبری کیوں سنائی گئی ہے؟ اس لئے کہ اسلام نے تجارت کو بھی مذہب میں داخل کیا ہے۔

اولو الامر کی اطاعت اور سیاست

یہی حال سیاست کا ہے کہ وہ اور مذہب لازم ملزوم ہیں اور اسی لئے ہیں کہ قرآن پاک اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے متعلق احکام دئے اور آپ نے اور آپ کے جانشینوں (صحابہ کرام) نے حاکم و محکوم پر عمل کیا۔

قرآن حکیم نے فرمایا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم۔ خدا کی اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور تم میں سے جو بادشاہ ہو اس کی بھی اطاعت کرو۔ کیا اسلامی بادشاہ کی اطاعت کرنا صرف سیاست ہے؟ اگر صرف سیاست ہے تو قرآن نے مسلمانوں کو اس کا حکم کیوں دیا؟ صاف ظاہر ہے کہ اولو الامر کی اطاعت سیاست بھی ہے اور مذہب بھی بلکہ حقیقت میں صرف مذہب ہے کیونکہ قرآن حکیم نے مسلمانوں پر اس چیز کو فرض کر دیا ہے۔ گو اس کی شکل سیاسی ہو جس طرح تجارت اور نکاح کی صورت اقتصادی اور معاشرتی ہے مگر اصلیت کے اعتبار سے یہ تمام امور عین مذہب ہیں۔

کہاں تک لکھا جائے۔ اسلام نے تو ہر ترقی کے اسباب کو اور زندگی کے ہر قدم کو مذہب میں داخل کیا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مسلمان کسی غاصب سے اپنے مال کو غصب کرنے سے بچائے اور اس جدوجہد میں اگر وہ قتل کر دیا جائے تو وہ شہید ہوگا۔ یعنی اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے اگر جان بھی دینی پڑے تو دیدینی چاہئے جس کے نتیجہ میں اس کو شہادت کا درجہ ملیگا۔ حالانکہ بظاہر یہ چیز ذاتی اور شخصی ہے مگر اسلام نے شہادت کا اجر مقرر کر کے اس کو بھی مذہب میں داخل کر لیا ہے۔

عہد اول کی ملکی فتوحات اور جنگی مہمات

قرآن حکیم میں جنگ کے متعلق احکام موجود ہیں۔ مسلمانوں کو جہاد فی سبیل اللہ کی ترغیب دی گئی ہے دشمنوں اور امن کے بدخواہوں کے لئے تادیب و تعزیر کے اصول بیان کئے گئے ہیں اور حکم دیا گیا ہے کہ اہل کتاب سے جزیہ (ٹیکس) وصول کرو حتی یعطوا الجزیۃ عن ید وھم صاغرون۔ خبر نہیں مذہب اور سیاست کو جدا کرنے والے نصرانی صفت مسلمان ان احکام اور اصول کا کیا نام تجویز کریں گے۔ معلوم نہیں کہ ان کے نزدیک یہ احکام سیاست ہیں یا مذہب؟ بہرحال وہ کیا نام تجویز کریں ان کو مذہب سے خارج نہیں کر سکتے کیونکہ قرآن حکیم میں ان پر بسط کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے۔

پھر پیغمبر اسلام اور آپ کے اصحاب کرام کی زندگی کا بیشتر حصہ ملکی فتوحات، قیام امن اور بسط عدل میں گزرا۔ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں بیسیوں جنگوں میں حصہ لیا اور خود فوج کی کمان کی۔ اگر یہ سب چیزیں مذہب سے خارج ہیں تو نعوذ باللہ یہ کہنا پڑے گا کہ داعی اسلام کی تمام زندگی غیر مذہبی امور کی سرانجام دہی میں گزری اور آپ مدت العمر دنیا داری یا "سیاست" میں گھرے رہے!

جنگ احد، جنگ حنین، جنگ بدر، فتح مکہ، معتدین کفار کے قتل اور معاہدات کو آخر کیا حیثیت دی جائے گی؟ حالانکہ یہ وہ جنگیں ہیں جن میں پیغمبر برحق نفس نفیس شریک ہوئے۔ جنگ بدر میں کفار عرب کا قتل کس نام سے پکارا جائے گا؟ مختلف اطراف میں افواج کی روانگی اور جنگی خطبات و تقاریر کو کیا نام دیا جائے گا؟ اگر یہ تمام چیزیں عین مذہب اور عین سیاست ہیں تو خدارا دو ترکیب بھی بتاد ...

ہم مذہب کو سیاست سے جدا کریں اور اسلام صرف تسبیح ہلانے کا نام رہ جائے؟ ان کے بعد خلفائے راشدین کے زمانہ پر نظر ڈالو۔ مصر کی فتح، بابل و خوزستان کی تسخیر، ایران و روم کی قوتوں سے مقابلہ، عراق، شام، قادسیہ وغیرہ ممالک پر غلبہ کیا ان کی زندگی کے درخشاں کارنامے ہیں۔ آخر ان فتوحات کا نام نصرانی سانچے میں کس طرح ڈھالا جائے گا اور ان کو کس نام سے پکارا جائے گا؟

مسجد نبوی کن اغراض کیلئے مخصوص تھی

اگر یہ تمام کام جو سراسر سیاست اور عین مذہب ہیں خود داعی اسلام اور آپ کے اصحاب کرام نے انجام دئے تو آج کس کی مجال ہے جو ان کے خلاف لب کشائی کرے۔ جب یہ ثابت ہو گیا کہ سیاسیات کے تمام پہلو سراسر مذہب ہی ہیں تو مساجد میں ان کو انجام دینا یا ان کے متعلق تجاویز و تدابیر سوچنا کس طرح بھی خلاف مذہب نہیں ہو سکتا جو کام سب سے پہلے حامل وحی کے زمانہ میں مسجد نبوی کے اندر انجام پاتے تھے وہی کام آج اگر مساجد میں انجام پاتے ہیں یا ان کے انجام دینے کی کوشش کی جاتی ہے تو یہ خلاف مذہب کیسے ہو گئے؟

جانتے ہو مسجد نبوی کیا ہے؟ اسلام میں اس کا کیا درجہ ہے؟ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں مسجدی ھذا آخر المساجد الانبیاء۔ میری یہ مسجد انبیا کی آخری مسجد ہے یعنی جس طرح پیغمبر خدا خاتم النبیین ہیں کہ آپ کے بعد کوئی رسول کوئی پیغمبر نہیں آسکتا اسی طرح آپ کی مسجد انبیا کی آخری مسجد ہے۔ اب دیکھو "آخر المساجد الانبیاء" میں کیا ہوتا تھا؟ کیا وہاں صرف نماز ہی ہوتی تھی اور تسبیح کے دانے ہلائے جاتے تھے؟ کیا وہاں صرف نماز کے سوا کوئی کام نہ ہوتا تھا؟ نہیں بلکہ وہاں وہ سب کچھ ہوتا تھا جس کا نام اسلام نے مذہب رکھا ہے۔ وہاں مقدمات اور نزاعات کے فیصلے ہوتے تھے۔ جہاد فی سبیل اللہ کے لئے خطبات بھی دئے جاتے تھے۔ جیوش و عساکر کو احکام بھی وہیں سے نافذ ہوتے تھے۔ سفرا اور وفود سے ملاقاتیں بھی وہیں ہوتی تھیں۔ مال غنیمت بھی اسی جگہ تقسیم کیا جاتا تھا۔ اسی جگہ اسیران جنگ کو ستون سے باندھ کر سزا دی جاتی تھی۔ جنگی مہمات کے لئے بھی اسی مقام پر مشورے ہوتے تھے۔ اسی جگہ تعلیم نبوی کے چشمے بھی جاری تھے اور اسی جگہ خدا کے دربار میں سر نیاز بھی جھکایا جاتا تھا۔ غرض وہ کونسا کام تھا جو اس "آخر المساجد الانبیاء" میں انجام نہیں پاتا تھا اور خود صاحب وحی اور داعی حق نے ان میں شرکت نہیں فرمائی؟ جب یہ تمام کام مسجد نبوی میں انجام پاتے رہے تو اگر آج بھی یہی کام مساجد میں انجام پانے لگیں تو کیوں ان کو "سیاست" اور "لامذہبی" کی بحث میں ڈال کر روکنے کی کوشش کی جاتی ہے؟ اوصاف کہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام کا یہ فعل مذہب کے مخالف تھا اور قرآن کا منشا تھا اور نشاء الٰہی کے منافی تھا اور یا پھر کھلے دل سے اعتراف کرو کہ مسجد نبوی میں صاحب وحی کے سامنے جو کچھ ہوا اعین مذہب تھا، خدا کے حکم سے تھا اور پیغمبر برحق کی مرضی کے عین مطابق تھا!

مذہب اور سیاست کا مغربی پروپیگنڈہ

آخر میں پھر گزارش کروں گا کہ مذہب کو سیاست سے جدا کرنے والے اسلام پر ایک زبردست اور کاری ضرب لگا رہے ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے جو مسئلہ خلافت کے متعلق یورپ کا تھا۔ یعنی مغربی مستشرقین نے یہ کہہ کر کہ خلافت کا مسئلہ کوئی مذہبی حیثیت نہیں رکھتا اسلام کی اس وحدت پر کاری ضرب لگائی تھی جس کا خمیازہ آج الغائے خلافت کے بعد مسلمانوں کو کھینچنا پڑ رہا ہے۔ اور جس کے بعد مسلمانوں کی حدود عامہ نصرانی پروپیگنڈہ کی نذر ہو گئی ہے اسی طرح جو لوگ سیاست کو مذہب سے جدا ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں وہ ... کے آلہ کار ہیں اور چاہتے ہیں کہ مسلمان سیاسی موت کا شکار ہو کر اقوام زمانہ اور روز بازار میں محکوم کی گہری قبر میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے سو جائیں۔

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔ ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)

چائینہ سبز چاء - نئے سیزن کا عمدہ مال آگیا ہے طلب فرماویں - نرخ فی سیر پختہ ... بیوپاری بھی خط و کتابت کریں۔ پتہ حاجی غلام محبوب جنرل مرچنٹ - قصہ خوانی پشاور شہر

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

CASTOPHEN MAFG COY,
P. BOX, 88. BUNDER RD., KARACHI.

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریکگنائز کر دیا

سکول مذکور میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے۔ انسپکٹر آف انڈسٹریز سے لے کر وزیر تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کر کے اس کی تعلیم شافت اور ضبط و انتظام پر مطمئن ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ سکول کا اپنا پاور ہوس ہے جس میں اے سی اور ڈی سی ہر دو قسم کا بجلی کا مکمل سامان موجود ہے اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے ریکگنائز بھی کر دیا ہے ہر قابلیت کے طلبا کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں کورس ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال کا ہے پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔ منیجر

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

خاص مجربات

قوت حیوانی کا تیر بہدف علاج

دہلی کا "آئینہ" دیکھئے

سید ابن الحسن صاحب فکر ایم اے

نمونہ مفت طلب فرمائیے

پتہ: منیجر رسالہ آئینہ - دریا گنج - دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل حسن النظر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی ... فرمائشیں کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا - اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ کتابت صاف اور روشن ہے ... بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائٹل رنگین ... جس پر ایک طرف مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد بارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرمی نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم - اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے حصہ قسم اعلی سفید کاغذ حاشیہ شدہ بلا جلد ... قسم دوم ... بلا جلد ... علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ... اور چمڑے کی جلد کا ... ہدیہ کے علاوہ

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۲۰ صفحات قیمت صرف ۱۲ / علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ ۔ تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر - تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر - تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵ / علاوہ محصولڈاک۔

پہلے جب کہ خلافت کمیٹی صحیح راستہ پر تھی تو اس کی کیا شان تھی اور اب جبکہ وہ بدقسمتی سے غلط راستہ پر پڑ گئی ہے تو اس کی کیا حیثیت باقی رہ گئی ہے۔ اس کی غلط روی اور بے عملی کی ایک مثال یہ ہے کہ محض وزیر اعظم کے فرقہ وارانہ فیصلہ کے انتظار میں تین مرتبہ اجمیر کانفرنس کا اجلاس ملتوی کرنا پڑا۔ اور صرف اس لئے کہ جو کچھ سرکار دولتمدار کی بارگاہ رفعت پناہ سے صادر ہو اس کی تصدیق و توثیق کر کے مسلمانوں کو ایک مرتبہ پھر موت کی نیند سلا دیں۔ اور ان کو اپنے جائز حقوق کے حاصل کرنے کے لئے بھی میدان عمل میں آنے سے روک دیں اور اس ملت کشی اور قوم فروشی کے صلہ میں

سرکار کی خوشنودی مزاج کا پروانہ حاصل کر لیں۔ چنانچہ ہم پورے یقین و وثوق کے ساتھ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اگر مسلمانان اجمیر نے صبر و سکون سے کام لیکر آل انڈیا خلافت کانفرنس کو کسی مسجد میں اجلاس کا موقع دیا اور مسجد میں ٹکٹوں کے ذریعہ داخلہ کی شرط کو زیادہ اہمیت نہ دی تو جو ادیزو یہاں منظور کی جاویگی وہ شوکت علی صاحب کے اس بیان سے مختلف نہ ہوگی جو وہ فرقہ وارانہ فیصلہ کے متعلق اپنے اخبار خلافت میں شائع کر چکے ہیں یعنی یہ کہ اگرچہ فیصلہ بہت برا ہے مگر پھر بھی مسلمان اس کو قبول کر لیں۔ یہی سبب ہے کہ اجمیر کے غیور مسلمان حضرت مولانا معین الدین اجمیری کی زیر قیادت اس کانفرنس کا اجمیر میں منعقد کئے جانے کے سخت خلاف ہیں۔ اور چار چار ہزار کی تعداد میں جمع ہو کر خلافت کمیٹی اور اس کے کارکنوں کے خلاف عدم اعتماد کی تجویز پاس کی ہے کاش شوکت علی صاحب کو اب بھی سمجھ آ جائے اور وہ اس ذلت سے کوئی مفید سبق حاصل کر سکیں۔

فرقہ وارانہ جنگ کی بنیاد (ملت)

ہم یہ ہرگز نہیں چاہتے اور نہ یہ کہتے ہیں کہ ہندو یا مسلمان یا ہندو جاتی کے فرقہ وارانہ حقوق کی حفاظت نہ کرے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس کے یہ طریقے جو وہ ملک کی دوسری قوموں کے حقوق کو پامال کرنے کے لئے اختیار کر رہی ہے بیحد افسوسناک ہیں اور ہماری رائے میں قوم پرور طبقہ خواہ وہ ہندو ہو یا مسلمان اس کا مقابلہ کرنا چاہئے اور اسے روکنے کی تدبیر سوچنی چاہئے۔ اس میں شک نہیں کہ موجودہ حالت میں کانگریس یا دیگر جماعتوں کے متعلق یہ کہنا ابھی بہت ہی قبل از وقت ہے کہ مجالس قانون ساز کے داخلہ کے مسئلہ میں آئندہ ان کی روش کیا ہوگی، تاہم ہندو مہاسبھا نے پیشقدمی کر کے ابھی سے اسے چھیڑ کر جبکہ ان مجالس میں داخلہ کا حقیقتاً کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوا تھا، اپنی فرقہ وارانہ ذہنیت کا پورا پورا ثبوت دیدیا اور ان لوگوں کو اس کے سدباب کا کافی موقعہ بہم پہنچا دیا جو یہ نہیں چاہتے کہ ہندوستان میں باہمی جنگ و جدل کا بازار گرم رہے ہمیں امید ہے کہ جو لوگ ہندوستان کی بہی خواہی اور اس کی آزادی کے آرزومند ہیں وہ اس خطرے کا مقابلہ کرنے پر غور کریں گے اور اس کے انسداد کی تدبیر سوچ لیں گے۔

مؤمن کے آنسو! (ہند جدید)

قسم خدا کی یہی وہ وقت ہے کہ مؤمن کے آنسو جاری ہو جائیں اور کبھی نہ رکیں! کون ہے جس کے دل میں ایمان ہو اور اس کی آنکھیں اشک باری سے باز رہ سکیں، کیا تم نہیں دیکھتے کہ علی الاعلان دین الٰہی کی تضحیک و توہین کی جا رہی ہے، کھلے خزانے اسلام کو بدنام و رسوا کیا جا رہا ہے؛ اگر یہ سب کچھ دشمنوں کے ہاتھ ہوتا تو اتنا غم و قلق نہ ہوتا کہ دشمنوں سے تو نفع اسی کی ہے، لیکن قیامت تو یہ ہے کہ دین الٰہی کی بیخ کنی اور ساری دنیا کی نظر میں اس توہین و تذلیل کا کام وہ لوگ انجام دے رہے ہیں جو اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں اور جن سے اس دین کی خدمت و رفاقت کی بڑی بڑی امیدیں وابستہ تھیں!

احادیث صحیحہ شریفہ میں وارد ہے کہ ایک زمانہ ایسا آنے والا ہے جب سیاہ بادلوں کی طرح فتنے پھیل جائیں گے اور مؤمن اپنا ایمان بچانے کے لئے مجبور ہوگا کہ کسی بیابان یا کسی اجاڑ پہاڑ کے غار میں گوشہ نشین ہو جائے معلوم ہوتا ہے کہ ہم بدبختوں کا یہی زمانہ، وہ پرفتن زمانہ ہے جبکہ مومن کو اپنا ایمان لے کر آبادیوں سے بھاگ جانا چاہئے اس سے بڑھ کر سوہان روح فتنہ اور کون ہوگا کہ خود مسلمان، اسلام کے دل و جگر کو گھائل کرنا شروع کر دیں؟

مجلس خلافت کا کارنامہ (الجمل)

مسلم حقوق کی حفاظت کا دعوی کرنے والی مجلس خلافت نے مسلم حقوق کا خون کرنیوالے وزیر اعظم کے فیصلے کے متعلق مسلمانوں کو جو مشورہ دیا ہے۔ اس کے بعد اس سے کسی مسلمان کو بہتری کی توقع رہ سکتی ہے کہ وہ اس باب میں کوئی کام کریگی؟ آج جبکہ آئینی مسائل زیر بحث ہیں، جیسا کہ ہر قوم ملت انہیں اپنے مفاد کے مطابق تبدیل کرانے کے لئے مصروف عمل ہے۔ اور جب سکا واقعی موقع ہے کہ ایسی تبدیلیاں کرائی جائیں مجلس خلافت مسلمانوں کو مشورہ دے رہی ہے کہ وہ تیسری گول میز کانفرنس کے خاتمے تک صبر کریں۔ اور اعلان کرتی ہے کہ اگر پھر بھی مسلم مطالبات منظور نہ ہوئے تو مسلمان عملی جدوجہد کریں گے۔ گویا جب کام کا اصل موقع ہے اور جب اپنی جدوجہد سے ان فیصلوں پر اثر ڈالا جا سکتا ہے۔ اس وقت تو مجلس خلافت مسلمانوں کو ہاتھ پیر باندھ کر بیٹھ رہنے کا مشورہ دیتی ہے اور جب تیسری گول میز کانفرنس تمام امور طے کر لیگی اور تمام باتیں فیصل شدہ سمجھی جائیں گی اس وقت وہ مسلمانوں کو جدوجہد کا مشورہ دیگی۔ کیا کوئی سمجھدار مسلمان بدرستی ہوش و حواس اس مشورے کو صحیح تسلیم کر سکتا ہے؟

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معارف)

اسلام کا قانون عدالت دنیا کو کیا پیغام دیتا ہے؟

فاروق اعظم کی حاضری قاضی اسلام کی عدالت میں!

"عام آدمی اور عمرؓ میں امتیاز کرنے والا قاضی نہیں ہو سکتا"

اسلام ایک تریاق ہے جو ہر قوم کے زہروں کیلئے شفا ہے وہ نور ہے جو تاریکیوں کے بادلوں کو چھانٹ دیتا ہے وہ رحمت و شفقت ہے جس کے سامنے ظلم و عدوان ٹھہر نہیں سکتے اس نے دنیا میں آکر دنیا کو سب سے پہلے امن و سلامتی کا پیغام دیا اور اعلان کر دیا کہ لوگ خواہ اسلام کو تسلیم کریں یا نہ کریں مگر وہ اسلام کے راستہ میں سنگ گراں بن کر نہ پڑے رہیں تو ان کے دامنوں کو امن و شفقت سے بھر دیا جائے گا اور ان کو اضطراب و بے چینی سے نجات مل جائے گی۔ لیکن کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ نصاریٰ نے اسلام کو دنیا کی نظر میں خونخوار بنا کر پیش کیا ہے اور ثابت کرنا چاہا ہے کہ اسلام کا مقصد تخریب بربادی اور لوگوں کے جان و مال پر قبضہ جمانا ہے۔ حالانکہ یہ قوم کبھی اپنے گریبان میں منہ ڈال کر نہیں دیکھتی اور نہایت بے حیائی سے اسلام کے منہ آتی رہتی ہے۔ اگر نصاریٰ تاریک از منہ کے پادریوں، بادشاہوں، رہبانوں، مذہبی خادموں اور عوام دونوں کے حالات پر ہی ایک نظر ڈال لیتے تو ان کو معلوم ہو جاتا کہ عیسائیت دنیا کیلئے ہمیشہ ایک دہکتا ہوا جہنم ثابت ہوئی ہے اس کے زیر سایہ غیر تو غیر اپنوں نے بھی کبھی امن و چین کی زندگی بسر نہیں کی اور ہر جگہ اس کے ہاتھ سے خدا کی مخلوق کا خون پانی کی طرح بہایا گیا ہے۔ اس کے مقابلہ میں اسلام نے ہمیشہ دنیا پر مسرتوں اور خوشیوں کے دروازے کھولے اور ان کو اس مقام پر پہنچا دیا جہاں خود دوسری قومیں اپنی کوشش کے باوجود نہ پہنچ سکی تھیں، غرض جس شخص کو امن و سلامتی کی ضرورت ہو وہ اسلام کے آستانہ پر آئے کہ یہ دولت صرف یہیں سے تقسیم ہوتی ہے۔

مغربی قوانین کی برکات

آج دنیا کو یورپ کی ترقی اور تہذیب پر بڑا فخر ہے اور اس کی ذہنی و دینی ترقیوں کو تعجب کی نظروں سے دیکھا جا رہا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ اس ترقی سے انسان کی روح کو کہاں تک مسرت حاصل ہوئی ہے اور جہاں تک حقیقی راحتوں کا سوال ہے انسان اس کو اس زمانہ میں کہاں تک حاصل کر سکا ہے؟ کیا یورپ نے منظم ڈاکہ زنیوں کی تعلیم نہیں دی؟ کیا یورپ نے دنیا کو بے حیائی اور برہنگی سے آشنا نہیں کیا؟ کیا یورپ میں عصمت فروشی کے بازاروں میں رونق اور چہل پہل نہیں ہے؟ کیا یورپ کی برکات کی بدولت مظلوموں کی آہوں میں اضافہ نہیں ہوا؟ کیا مغربی قانون کی عدالتوں میں بدمعاشیاں اور مکاریاں نہیں سکھائی جاتیں؟ کیا مغرب نے اپنی اختراعات کی بدولت انسانی خون کی ارزانی پر مہر نہیں لگائی؟ اگر یہ سب باتیں یورپ کی روشن خیالی اور تہذیب و تمدن کی بدولت دنیا میں پیدا ہوگئی ہیں تو بتاؤ پھر ہم کس چیز پر فخر کریں؟

قانون اور حقوق کی شیطانی تفریق

صرف ایک مثال سے یورپ کی برکات کا اندازہ کرلو۔ اگر تم کسی قطعہ زمین کے مالک ہو اور کسی غاصب نے اس پر ناجائز قبضہ جما رکھا ہے۔ تم چاہتے ہو کہ بذریعہ عدالت اپنے حق کو واپس وصول کرو لیکن تمہارے پاس پیسہ نہیں ہے کہ حکومت اور عمال حکومت کا منہ بھرو تو تم اپنے مقصد میں کبھی کامیاب نہ ہوگے۔ اگر کوئی ایسا شخص مر بھی جائے تب بھی اپنی ملکیت زمین بیان ثابت نہیں کر سکتا کیوں؟ صرف اس لئے کہ تمہارے پاس پیسہ نہیں ہے! گویا مغربی عدالتوں میں انصاف کا حاصل کرنا ایسا ہی مشکل ہے جیسا کہ توم پروروں کے لئے سوراج کا حاصل کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ یہی سبب ہے کہ انگریزی میں رائٹ (حق) کو لا (قانون) سے بالکل جدا کر دیا گیا ہے یعنی مغربی عدالتوں کا کام صرف جھگڑوں کا چکانا ہے۔ حق و انصاف سے اس کو کوئی غرض نہیں ہے!

فاروق اعظم کا ایک ہمہ گیر ضابطہ

لیکن اس باب میں اسلام کیا کہتا ہے؟ اس کے لئے ذرا اجمالاً کے مسلمانوں کے نظام حکومت پر ایک نظر ڈالو اور دیکھو کہ خلفاء راشدین اور صحابہ کرام نے انصاف کو عامہ خلائق کے لئے کس قدر سستا، کس قدر سہل اور کس قدر معمولی بنا دیا تھا۔ ناممکن ہے کہ اسلامی قوانین کے ماتحت کوئی مظلوم ظالم کے پنجہ سے چھٹکارا حاصل نہ کر سکے اور حق بحق دار رسید" کا عملی مظاہرہ نہ دیکھ لے۔ اسلام کی عدالت میں رائٹ (حق) اور لا (قانون) میں کوئی فرق نہیں ہے وہ بیک وقت قانون بھی ہے اور انصاف بھی، حق بھی ہے اور ضابطہ بھی۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ حق و انصاف کی رو سے تمام فیصلوں کا فیصلہ کیا جائے۔

یہاں ہم قانون عدالت کے سلسلہ میں امیر المؤمنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ایک ہمہ گیر ضابطہ آپ کے سامنے رکھتے ہیں جس سے آپ کو اندازہ ہوگا کہ اسلام کا قانون عدل نوع بشری کیلئے کسقدر مفید اور کسقدر ضروری ہے۔ امیر المؤمنین فرماتے ہیں:۔

"قضا ایک ضروری فرض ہے (۱) قاضیوں (مجسٹریٹوں) کو چاہئے کہ وہ لوگوں کو اپنے حضور میں اپنی مجلس میں اور اپنے انصاف میں برابر رکھیں تاکہ کمزور انصاف سے مایوس نہ ہو۔ اور ظالم کو ان سے کسی اور رعایت کی امید باقی نہ رہے (۲) مدعی پر بار ثبوت ہے اور منکر پر قسم (۳) صلح جائز ہے بشرطیکہ اس سے حرام، حلال اور حلال حرام نہ ہونے پائے۔ (۴) کل اگر قاضیوں نے فیصلہ کیا تو وہ آج غور کرنے کے بعد اس سے رجوع کر سکتے ہیں۔ (۵) جو شخص ثبوت پیش کرنا چاہے اس کے لئے ایک میعاد مقرر کرو اگر وہ ثبوت دے تو اس کا حق دیدو ورنہ اس کا مقدمہ خارج کر دو وغیرہ وغیرہ۔"

امیر المؤمنین کا حکم تھا کہ مقدمات میں فریقین کو کسی قسم کا عذر ہو تو برداشت نہیں کرنا چاہئے۔ عدالتوں کے دروازے ہر مستغیث کے لئے کھلے رہنا چاہئیں۔ تمام قاضیوں کو آپ کی طرف سے تاکید تھی کہ جب کوئی غریب شخص مقدمہ کا فریق بن کر آئے تو اس سے نرمی اور کشادہ روئی سے پیش آئیں تاکہ اظہار مدعا میں اس پر خوف و رعب طاری نہ ہو!

اسلام میں ایک فقیر ایک بادشاہ پر مقدمہ قائم کر سکتا ہے

مغربی عدالتوں کے نقائص استقدر بدنام ہو چکے ہیں کہ ہم نے بالخصوص تمام ممالک کو توں ناحق سکے انکار دن پر لٹا رکھا ہے اور ہرگز یقینی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ فریق مقدمہ میں جو شخص حق پر ہے اس کے موافق فیصلہ ہوگا۔ یہ مشکلات عام حالات میں ہر شخص کو پیش آتی رہتی ہیں لیکن اس سے بھی زیادہ مشکلات ان لوگوں کیلئے ہیں، جو کسی سرکاری افسر کے مظالم کے انسداد کیلئے عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹانے کا ارادہ کرتے ہیں، بعض سرکاری افسر تو اس قسم کے ہیں کہ جب تک لوکل گورنمنٹ اسپر مقدمہ چلانے کی منظوری نہ دے اس وقت تک اسپر مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا لیکن اسلام کا قانون ان تمام مشکلات سے پاک ہے اسلام نے یا خلفاء نے کبھی سرکاری افسروں پر مقدمہ قائم کرنے کیلئے عام لوگوں پر اس قسم کی پابندی عائد نہیں کی۔ یہاں اس کی صرف ایک مثال پیش کی جاتی ہے۔

خلیفۂ اسلام عدالت کے کٹہرے میں!

الجمعیۃ میں تاریخ اسلام کے سلسلہ میں اب تک جو مضامین شائع ہو چکے ہیں ان سے حضرت فاروق اعظمؓ کی پوزیشن اچھی طرح ظاہر ہوتی ہے کہ آپ کیسا اقتدار اور کس قدر جبروت کے مالک تھے وہی فاروق اعظم جو ایران کا فاتح ہے مصر کا فاتح ہے قیصر کو تخت کا تاج بچانے والا ہے اور جو مسلمانوں کی امیدوں کا مرکز ہے اور خلیفہ برحق ہے اس پر ایک مسلمان ابی ابن کعب سا شخص ایک مقدمہ دائر کرتا ہے۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالی عنہ کو آپ سے کچھ شکایت تھی۔ آپ نے بلا حیل و حجت ادعاء اسلام کے خلاف نہیں ثابت کی عدالت میں مقدمہ دائر کر کے یا امیر المؤمنین مدعی کی اس جرات سے نہ برہم ہوتے ہیں۔ مسند اسکو اپنی توہین تصور کرتے ہیں۔ فوراً مدعا علیہ کی حیثیت سے عدالت میں حاضر ہو جاتے ہیں۔

امیر المؤمنین کے انصاف کی گہرائی!

قاضی اسلام آپ کی شخصیت سے مرعوب ہو کر آپکی تعظیم کرتا ہے اور اپنے پاس بیٹھنے کے لئے جگہ دیدیتا ہے۔ اس پر عدل و انصاف کے مجسمہ یعنی عمر فاروقؓ قاضی سے فرماتے ہیں کہ یہ تمہارا پہلا ظلم ہے کہ تم نے میرے ساتھ امتیازی سلوک کیا یہ کہہ کر آپ مدعی کے پاس بیٹھ گئے! مدعی کے پاس کوئی ثبوت نہ تھا اور حضرت فاروقؓ کو دعوی سے انکار تھا۔ مدعی نے قاعدہ کے موافق فاروق اعظم سے قسم لینی چاہی، قاضی نے آپ کے رتبہ کا خیال کر کے مدعی سے درخواست کی کہ امیر المؤمنین کو قسم سے معاف رکھو۔ فاروق اعظم اس طرفداری سے سخت ناراض ہوتے ہیں اور قاضی کو مخاطب کر کے کہتے ہیں کہ زید! جب تک تمہارے نزدیک ایک عام آدمی اور عمرؓ دونوں برابر نہ ہوں تم منصب قضاء کے قابل نہیں سمجھے جا سکتے!

اے یورپ پر فخر کرنے والو! اے تہذیب جدیدہ کے جھوٹے مدعیو! کیا تم اپنی تاریخ میں اس کی کوئی مثال پیش کر سکتے ہو؟ اگر نہیں تو پھر اسلام کے قانون عدالت سے تمسک کرنے میں تم کیوں عار سمجھتے ہو؟

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

کیسٹوفین
بچوں کی صحت
کا خیال ادر یا حس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔
کیسٹوفین
بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقوی دافع قبض ہے ... ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

آلو کی کھیتی با تصویر
اسکاٹلینڈ میں ارل اوف نیزی اپنی زمین میں ڈیڑھ سو ہزار من ایکڑ آلو کی پیداوار کی وجہ سے آپ کا نام آلو کا مداری رکھا گیا ہے اس کتاب میں کاشت آلو کے متعلق عجیب و غریب راز بتائے گئے ہیں جن سے ہندوستان میں اس جیسے مداری بن سکیں اور ایک سال میں آلو کی تین فصلیں لیکر کئی ہزار من آلو پیدا کر سکتے ہیں ... ولایت والوں کی طرح آلو سے ڈبیاں، دوائیں، ہولڈر، بنالیاں اور بلیں وغیرہ بنانے کی ترکیب بھی درج ہے یہ کتاب ہندی اردو زبانوں میں مل سکتی ہے ... قیمت صرف ۱۲ر (بارہ آنہ)
زراعتی کتب کے مشہور مصنف
بابو رام پرشاد صوبہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
مقام گونہ ڈگوالیار سے مل سکتی ہے

محبوب عاشق کے قدموں پر
عمل اسفلی ہر مذہب الاعمال ... مسلمانوں کے لئے مناسب نہیں ...
ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۱۴۵ دہلی

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی
اگر آپ ...
آپ گھر بیٹھے ...
ہمارا ایجنٹ برائے نام ہوتا ہے
مریض ...
ہندوستان سے باہر ...
تصدیق ...
ایم۔ مجید اینڈ سنز اردو سپلائرس اینڈ کمیشن ایجنٹس
بلیماران۔ دہلی

بال جڑ سے کالا
... بال کالا اسٹور کشمیری دروازہ ...

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریکگنائز کر دیا
سکول مذکور میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے۔ انسپکٹر آف انڈسٹریز نے کر دیز تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کر کے اس کی تعلیم شان اور ضبط و انتظام پر مطمئن ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ سکول کا اپنا پاور ہاؤس ہے جس میں اے۔ سی۔ اور ڈی سی ہر دو قسم کا بجلی کا سامان موجود ہے اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے ریکگنائز بھی کر دیا ہے۔ ہر قابلیت کے طلباء کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں۔ کورس ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال ہے۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔
منیجر

شربت فولاد
معزز ناظرین! یہ شربت دواخانہ کی قابل قدر اور بہترین دوا ہے جس کا بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے ... ضعف معدہ کو جست و درست کرتا ہے ...
منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

بے روزگاری کا آسان علاج۔ معاش کا شریفانہ ذریعہ
اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں۔ اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔
الجمعیۃ کی ایجنسی سے آپ اپنی خدمت بھی کر سکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔
"الجمعیۃ" کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کیجئے۔
منیجر اخبار الجمعیۃ، بلیماران دہلی

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ/ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی عہ ۱۲/ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اسقدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا۔ کتابت صاف اور روشن ہے اعراب بزرگ بشر ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کیساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ دعہ/ بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ بلا جلد ۶/ قسم دوم حنا شدہ بلا جلد ۶/ علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸/ اور چمڑے کی جلد کا ۱۲/ ہدیہ کے علاوہ
ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

خاموش تبلیغ
یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں یہ اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ر علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام
مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب
اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کیلئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر
۱ر	۱ر	۲ر	۴ر

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵ر علاوہ محصولڈاک۔
علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۱۲ر
ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲ر
ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۴ جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ

مخلوط انتخاب اور مسلمان

اقلیت والے صوبوں کا معاملہ

ہم نے کسی گزشتہ اشاعت میں مخلوط انتخاب کے مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم آئندہ خصوصیت کے ساتھ ان صوبوں کے لئے مخلوط انتخاب کے فوائد پر روشنی ڈالیں گے جن میں مسلمانوں کی اقلیت ہے اور ہندو اکثریت میں ہیں۔ آج ہم چاہتے ہیں کہ اس وعدہ کے مطابق قارئین کرام کے سامنے صحیح صورت حال رکھ دیں تاکہ وہ ٹھنڈے دل سے غور کرنے کے بعد کسی مفید نتیجہ تک پہنچ سکیں۔

قدر کوششیں باہمی مصالحت کے لئے کی گئی ہیں وہ سب اسی چٹان پر آ کر شکست ہوئیں۔ ضمناً مکانی فارمولے تھے ان سب کو زیر بحث لایا جا چکا ہے اور باہمی گفت و شنید کی کوئی صورت ایسی باقی نہیں ہے جس پر غور نہ کیا گیا ہو۔ تین سال کی اس کشمکش کے بعد ہم نتیجہ پر پہنچے ہیں ... انصاف پسند اتفاق کرے گا وہ یہ ہے کہ اگر تصفیہ ہی ...

فرانٹیئر ایڈووکیٹ اور مسلمانان سرحد

"فرانٹیئر ایڈووکیٹ" ، صوبہ سرحد کا ایک قوم پرور اخبار ہے جس نے گزشتہ عرصہ میں نہایت قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اس اخبار کے مالک و ایڈیٹر پنڈت امیر چند بمبوال کے خلاف آج کل صوبہ سرحد میں بہت سخت اشتعال و ہیجان پیدا ہو گیا ہے اور ان کے ساتھ متعدد افسوسناک واقعات پیش آئے ہیں۔ اس اشتعال کی ...

غازی محمد عثمان آزاد کی حالات

بلوچ کانفرنس

بلوچستان کے حق خود اختیاری و مساوات کو جائز قرار دیا تھا اور ساتھ ایک مستقل صوبہ بنایا تھا۔ پھر اس کے بعد جب کانگریس کی مجلس عاملہ کا فارمولا آیا تو اس میں بھی بلوچستان موجود تھا۔ ہندوؤں نے من حیث القوم کبھی اس مطالبہ کی کبھی مخالفت نہیں کی مگر بینرقہ پرست مسلمان نیشنلسٹ بلوچستان کی آزادی ہی کے فرقہ وارانہ تصفیہ کو "قبول" کر بیٹھے اور اس طرح انہوں نے مسلمانان بلوچستان کے ساتھ ایسی غداری کی کہ وہ ہمیشہ اسے یاد رکھیں گے۔ بہرحال انہیں تو یہ کرنا ہی تھا انہوں نے اور دوسرے کسی معاملہ میں مسلمانوں کے ساتھ وفا کی ہے جو اس معاملہ میں کرتے۔ اب خود مسلمانان بلوچستان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنے پاؤں پر آپ کھڑے ہوں گے اور اپنی تنظیم و اصلاح کی طرف متوجہ ہوں گے۔ ہم ان کے اس فیصلہ کو قابل تقلید سمجھتے ہیں اور ان کی کامیابی کے لئے دست بدعا ہیں۔ آئندہ ماہ دسمبر میں بلوچوں کی ایک آل انڈیا کانفرنس منعقد کی جانے والی ہے۔ نواب زادہ محمد یوسف علی خاں صاحب عزیز اور سردار غلام رسول خاں بلوچ ان علاقوں کا دورہ کرنے کے لئے عنقریب روانہ ہو جائیں گے جو بلوچوں کی آبادی کے لئے خصوصیت رکھتے ہیں۔ ہمیں ان حضرات کی جدوجہد سے قوی امید ہے کہ یہ کانفرنس نہایت شاندار ہوگی اور اس کے فیصلے بلوچوں کے لئے نہایت مفید اور نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔ ہندوستان کے مسلمانوں کی طرف سے ہم ان بزرگوں کو یقین دلاتے ہیں کہ وہ جس قسم کی امداد طلب فرمائیں گے دی جائے گی۔

تصحیح

نکات و لطائف

(سیر نکات و لطائف کے قلم سے)

یہ مولوی شفیع داؤدی بھی عجب آدمی ہیں۔ پچھلے دنوں مظہر الدین کو کہیں سے بعد پہنچ گئے تھے سو ان کا خدا جانے کیا کیا افسوسناک الزام لگا کر کس کس طرح مظالم برملا کی پردہ پوشی کے لئے جھوٹے سچے بیانات شائع کرتے رہے۔ آخر کار اسمبلی میں بجائے ان کا ایسا بوٹ گیا اور مولوی صاحب "مفت سے زد" ہو گئے مگر اس کے باوجود انہوں نے "بیان" ضرور شائع کیا کیونکہ "بیان" شائع کرنا لیڈری کی ایک نشانی ہے خواہ وہ کتنا ہی بے اثر کیوں نہ ہو اور اسے پڑھ کر قارئین اخبارات کو کتنی ہی ہنسی کیوں نہ آئے۔

انگریزی کی ایک مثل ہے کہ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ مقوڑے ہی عرصہ کے بعد مولوی شفیع داؤدی کو پھر ایک موقع مسلمانوں کی مخالفت میں اپنا زور طبع دکھانے کا مل گیا۔ اب کی مرتبہ انہوں نے اسٹینڈنگ کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے تین خلاف شریعت اور خلاف اسلام مسودات قانون خود تصنیف کر کے حکومت کے حوالے کئے اور خوب زور شور سے ان کی حمایت کرنے لگے۔ علمائے امت نے ان مسودات کو دیکھتے ہی اعلان کر دیا کہ یہ مداخلت فی الدین کے مرادف ہیں اور مسلمانوں نے تمام ہندوستان میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک ان کے خلاف سخت احتجاج کیا۔ اب مولوی صاحب ایک مرتبہ پھر اسی پوزیشن میں آ گئے جس میں کہ پہلے تھے۔

کوئی دوسرا ہوتا تو رائے عامہ سے کھر لگانے کی جرات نہ کرتا اپنے گھر میں خاموش بیٹھ کر حکومت کی خوشنودی ...

عرب دنیا کی خبریں

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

عراقی طلباء کو امریکہ جانے سے روکو!

امریکن یونیورسٹیوں کے مقابلہ میں جامعہ اسلامیہ کا قیام

جمعیۃ ہدایت الاسلامیہ بغداد میں ایک اسلامی یونیورسٹی قائم کرنے کی فکر میں ہے جس میں زمانہ حاضرہ کی ضروریات کو ملحوظ رکھتے ہوئے عراقیوں کو علوم حاضرہ کی تعلیم دی جایا کرے گی۔ جمعیۃ کا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ اس جامعہ کے بعد عراقی طلباء اور شائقین علوم امریکہ کی یونیورسٹیوں میں جانا ترک کر دیں کیونکہ وہاں سوائے گمراہی اور ضلالت کے اور کسی چیز کی تعلیم نہیں دی جاتی۔ جمعیۃ کا خیال ہے کہ نصاریٰ کے مدارس جہاں کہیں بھی ہوں وہ گمراہی کے لئے وقف ہیں۔ بالخصوص مسلمانوں کے ایمان کو سلب کرنے کے لئے وہاں کافی انتظامات ہیں۔ جمعیۃ اسلامیہ کے اس مقصد کی تکمیل کیلئے تمام عراق میں ابتدائی کمیٹیاں قائم کر دی گئی ہیں تاکہ مجوزہ یونیورسٹی کو وجود میں لانے کے لئے سرمایہ فراہم کیا جا سکے۔ (تفصیل آئندہ اخبار میں ملاحظہ فرمایئے) (الاستقلال مستقیم)

ترکی میں اجنبی مدارس پر احتساب

وزارت معارف نے ایک کمیٹی مقرر کر دی

حکومت ترکی کی وزارت معارف نے ان مدارس کی طرف اپنی توجہ مبذول کی ہے جو اجنبیوں کے قبضہ و تصرف میں ہیں۔ وزارت کا کام یہ ہوگا کہ وہ ان مدارس کے آمد و خرچ کی پڑتال کرے اور دیکھے کہ وہ کس خاص مقصد کے پروپیگنڈا کے لئے تو قائم نہیں کئے گئے ہیں۔ وزارت معارف نے ایک کمیٹی قائم کر دی ہے جو ان اجنبی درسگاہوں کی جانچ پڑتال کرے گی۔ اگر اسے تحقیق ہو جائے گا کہ یہ مدارس اجنبی پروپیگنڈہ کے لئے قائم کئے گئے ہیں یا ان سے اجنبی پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے تو وہ ان کو مقفل کر دے گی اور ان کے منتظمین پر مقدمہ چلایا جائے گا۔ (ملت ترکی)

ٹیونس کی جامع مسجد میں مسلمانوں کا اجتماع

اسلام کی نہضۃ اور ترقی کے لئے دعائیں

ٹیونس میں مسلمانوں پر فرانس کی طرف سے جو پابندیاں عائد ہیں ان کے علی الرغم وہاں کے مسلمانوں میں سیاسی بیداری ترقی کرتی جا رہی ہے۔ جمعہ کے روز مسجد جامع میں دو عربی طلباء نے نہضۃ اسلامیہ پر تقریریں کیں جن کو پولیس نے بعد میں گرفتار کر لیا۔ ٹیونس کے مسلمان کئی ماہ سے عالم اسلامی کی ترقی اور نہضۃ کیلئے ہر جمعہ کو دعائیں مانگتے ہیں اور ایک جگہ جمع ہو کر شہری مسلمان قرآن مجید کی تلاوت کر کے اسلام کی ترقی کے لئے مسلسل دعائیں کرتے ہیں۔ دراصل ٹیونس کے مسلمان فرانس کی استبداد سے تنگ آ گئے ہیں اور فرانس کا جوا انکے لئے ایک لعنت ثابت ہو رہا ہے۔

عراق۔ ایران اور ترکی حدود کا تصفیہ

کردی بغاوت کے استیصال کے بعد حکومت ایران نے سختی سے ترکی حکومت اور عراق سے حدود متعین کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ابھی تک دول ثلاثہ کی سرحدوں کا خاطر خواہ تصفیہ نہیں ہوا ہے اور معاملہ معرض التوا میں پڑا ہوا ہے۔ اب حکومت ایران نے ترکی گورنمنٹ اور عراقی حکام کو اطلاع دی ہے کہ سرحدی معاملات کا جلد از جلد تصفیہ کر لیا جائے۔ اور مزید تاخیر کو کام میں نہ لایا جائے۔ اگر اس معاملہ میں تعویق گوارا کی گئی تو ایران کو حق ہوگا کہ وہ سرحدی مقامات پر چوکیاں تعمیر کرا دے۔

زائرین مسجد نبوی کی کثرت

اس ماہ میں حجازی قبائل بہت کثرت سے مسجد نبوی کی زیارت کے لئے مدینہ طیبہ گئے ہیں۔ اس مقصد کے لئے انفرادی اور اجتماعی طور پر قبائل نے سفر کیا ہے اور اکثر نے خچروں اور اونٹوں پر سفر کیا ہے اور بہت قلیل موٹروں کے ذریعہ مدینہ منورہ پہنچے ہیں۔ اس مناسبت سے مدینہ منورہ کی خرید و فروخت اچھے پیمانہ پر ہوئی ہے۔

عربوں کا ایک قافلہ ریت میں دفن ہو گیا

عربوں کا ایک قافلہ کویت اور بحارہ کے درمیان ایک مقام حفر بیدا میں سفر کر رہا تھا کہ دیکھتے دیکھتے سخت آندھی آئی اور تمام قافلہ ریت کے اندر غائب ہو گیا! اس قافلہ کے چند آدمیوں نے بڑی مشکل سے طوفان باد سے نجات پائی۔ باقی سب کے سب ریت میں دفن ہو گئے۔ اس حادثہ میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ۴۲ سے زائد ہے۔ (الصراط)

خلیفہ چہارم کے زمانہ کے سکہ کی برآمد

عراق میں ایک جگہ کی تنقیب کے بعد دینار برآمد ہوئے ہیں جو خلیفہ چہارم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں مستعمل تھے۔ حکومت نے ان کو محکمہ آثار قدیمہ کے پاس روانہ کر دیئے ہیں تاکہ وہ ان کو صاف کر کے بغداد کے عجائب خانہ میں محفوظ کر دے۔

عراق کی جیلوں میں قیدیوں کی تعداد

عراق میں مردم شماری کے جو تازہ اعداد و شمار حکومت کی طرف سے شائع ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوا ہے کہ عراق کی جیلوں میں ۱۲ جمادی الاولیٰ تک کل قیدیوں کی تعداد ۴۰۹۰ ہے۔ (الصراط)

ہندوستان کے طول و عرض میں یوم حج و احترام مساجد و اوقاف

جمعیۃ علماء ہند کے زیر ہدایت جلسے اور جلوس کے مظاہرے

حکومت اور اسمبلی کے ارکان کی روش کے خلاف اظہار نفرت و ملامت

مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند کے قائم مقام سکرٹری حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار و اڑیسہ نے ۳۰ ستمبر جمعہ کو یوم حج و احترام مساجد و اوقاف منانے کے لئے جو اعلان کیا تھا الحمد للہ کہ اس کو تمام ہندوستان میں حل کیا گیا اور مسلمانوں نے نہایت جوش و خروش کے ساتھ بورڈ حج کمیٹی کے قانون پر اظہار نفرت کیا اور اس کو دین اسلام میں مداخلت قرار دیا ... ذیل میں یوم حج اور احترام مساجد و اوقاف کی کارروائیاں درج کرتے ہیں جو دوسرے اسلامی اخبارات میں شائع ہو چکی ہیں اور ہمیں بذریعہ اشاعت موصول ہوئی ہیں۔

دہلی

مرادآباد

دیوبند

سہارنپور

منگلور ضلع سہارنپور

اجمیر

انگریزی اخبار کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

فرانس کے نام جرمنی کا میمورنڈم

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس اور مسولینی کی صدارت

یورپ میں ایک دوسری زبردست جنگ کا امکان

جرمنی نے فرانس کو جو میمورنڈم روانہ کیا ہے وہ آج کل مسائل حاضرہ کا مرکزی موضوع بنا ہوا ہے۔ "ٹائمز" لندن کا خیال ہے کہ وہ بین الاقوامی مشکلات جو حل ہونے کے قریب ہو گئی تھیں وہ تاخیر و تلون کی بنا پر مزید مصائب و آلام کا پیش خیمہ بنتی چلی جا رہی ہیں اور تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں جو توقعات قائم ہو گئی تھیں وہ سب ختم ہو رہی ہیں۔ مسٹر جان سائمن جو جرمنی اور فرانس کے حق میں ایک قابل قبول تصفیہ کیلئے سر توڑ کوشش کر رہے تھے وہ خود مشکلات اور پریشانیوں میں پھنس گئے۔ جرمنی نے کھلم کھلا یہ اعلان کر دیا ہے کہ معاہدہ ورسیلز کے مطابق اگر حکومتوں نے اپنے اسلحہ میں تخفیف نہیں کی تو وہ دوبارہ مسلح ہو کر نمودار ہو جائے گا۔ اس دعویٰ نے جنیوا کی کانفرنس کو سخت مشکلات میں ڈال دیا ہے اور وہ تخفیف اسلحہ کو قابل قبول معیار پر لانے میں بدحواس ہو گئی ہے۔

یورپ میں دوسری جنگ کا امکان

یورپ کی کوئی حکومت یہ نہیں چاہتی کہ جرمنی اپنی دھمکی کو عملی جامہ پہنائے اور اگر حکومتوں نے اپنے اسلحہ میں کافی تخفیف نہیں کی تو پھر سوائے دوسری جنگ کے جرمنی کو اس اقدام سے نہیں روکا جا سکتا۔ کیونکہ جرمنی کا دوبارہ مسلح ہونا معاہدہ ورسیلز کے منافی ہے اور جب تک لیگ آف نیشنز (جمعیۃ الاقوام) اس کی اجازت نہ دے وہ مسلح ہونے کا مجاز نہیں ہے۔ سگنور مسولینی نے اپنے ایک معقول مگر پُر لطف مضمون میں ظاہر کر دیا ہے کہ اگر جرمنی تخفیف اسلحہ کی کانفرنس سے علیحدہ رہا تو کانفرنس اپنے مقاصد میں ناکام اور مفلوج ہو جائے گی۔

فرانس اور پولینڈ کی کمزوری

اس راہ میں سب سے بڑی مزاحمت حکومت فرانس کی کمزوری ہے جس کے ساتھ پولینڈ اور دیگر ریاستوں کی کمزوریاں بھی شامل ہو گئی ہیں۔ لندن "ٹائمز" لکھتا ہے کہ جرمنی کے نام یادداشت میں نہایت غرور کے ساتھ کھلم کھلا فوجی رویہ اختیار کر لیا گیا ہے اور فوجی حکومت کے ایک رکن نے مساویانہ سلوک کے دعویٰ کو پیش کرتے ہوئے جو جنگجویانہ لفظ ... اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یورپ کی مشکلات معمولی نہیں ...

سگنور مسولینی کی امداد کی ضرورت

جنیوا کانفرنس ... کا فقدان تھا۔ مسٹر ہنڈرسن صدارت کیلئے بالکل ناموزوں ثابت ہوئے۔ اس کا جو نتیجہ برآمد ہوا اس پر بحث کرتے ہوئے سگنور مسولینی فرماتے ہیں "ایسے بیٹری کمیشن کا اجلاس پانچ سال تک جاری رہا۔ کانفرنس پانچ ماہ میں ختم ہوئی۔ تقریباً ڈیڑھ سو تقریریں کی گئیں اور مطبوعہ رپورٹیں اتنی زیادہ شائع کی گئیں کہ ان کی بلندی آسمان تک پہنچ گئی مگر باوجود اس کے ایک عظیم الشان پہاڑ سے تجاویز کی صورت میں صرف ایک چوہا نکلا!"

ان حالات کو پیش نظر رکھ کر یہ کہنا کچھ بعید نہ ہوگا کہ اگر تخفیف اسلحہ کی کانفرنس کو ناکامی کی دلدل سے نکالنا ہے تو اس کی صدارت کے لئے سگنور مسولینی کو منتخب کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔

لبرل جماعت اور اوٹاوہ

مسٹر لائڈ جارج نو سیاسیات سے کنارہ کشی اختیار کر چکے ہیں کیونکہ ان کے نزدیک ان میں دلچسپی بہت کم ہے۔ آپ کی جگہ اوٹاوہ کانفرنس میں لبرل جماعت کی پالیسی کی تشریح کے لئے مسٹر ہربرٹ سیموئل مقرر ہوئے۔ آپ نے اپنی تقریر کو اس ناواقفیت سے شروع کیا کہ گویا وہ اوٹاوہ کانفرنس کے حقیقی نتائج سے ناواقف ہیں کیونکہ آپ نے ایک مضمون میں لکھا ہے کہ "اوٹاوہ نے جو دینا ہے وعدہ کیا تھا کہ وہ محصولات کی دیوار کو گرا دے گی، اس کو پورا کیا گیا؟ اس کا ہم کو علم نہیں ہے۔"

اس کے بعد آپ نے تین چیزیں بیان کی ہیں جو ان کے نزدیک "بہت صاف" ہیں۔ پہلی چیز یہ کہ جہاں تک انگلستان کا تعلق ہے وہاں محصولات کا اضافہ ہی ہوا ہے نہ کہ تخفیف۔ دوسری چیز یہ کہ اگر مملکتوں کے محصولات میں تخفیف ہوئی تو اس کا صرف ہمیں پر اثر پڑے گا۔ تیسری بات یہ کہ شاہی تجارت کے محصولات کی تخفیف کو دنیا کی تجارت کے محصولات سے موازنہ کیا جائے۔ ان بنیادوں پر مسٹر ہربرٹ سیموئل کا فیصلہ ہے کہ معاہدہ اوٹاوہ کی سرے سے پیر تک مخالفت کی جائے۔ (اسٹیٹسمین)

ایران میں روسی پٹرول کی جنگ

اینگلو پرشین آئل کمپنی کا مستقبل

کچھ عرصہ سے ایرانی منڈیوں میں روسی پٹرول اور اینگلو پرشین آئل کمپنی کی جنگ چھڑی ہوئی ہے اور اب یہ جنگ اتنی سخت ہو گئی ہے کہ جس کے یک طرفہ فتح و شکست کا انحصار مستقبل پر آ پڑا ہے۔ روسی پٹرول کی ارزانی سے آئل کمپنی کو سخت نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ کیونکہ روسی پٹرول دوسری کمپنیوں کی نسبت بہت سستا ہے۔ روسی پٹرول نے پرشین آئل کمپنی کے مستقبل کو تاریک بنا دیا ہے اور تعجب ہے کہ اصفہان اور شیراز میں روسی پٹرول جا کر بھی بہت سستا پڑتا ہے اسی لئے اس کی کھپت دوسرے پٹرولوں کی نسبت بہت زیادہ ہے۔ اینگلو پرشین آئل کمپنی نے بھی ارادہ کر لیا ہے کہ وہ ایران کے بازاروں میں روسی تیل کے نرخ پر اپنا تیل فروخت کرے تاکہ روسی تیل کو شکست ہو اور وہ آئندہ ایرانی بازاروں میں آنے کا نام تک نہ لے۔ دیکھئے ان دو بڑی پٹرول کمپنیوں میں آئندہ کس کو شکست اور کس کو فتح ہوتی ہے۔ (یونٹی)

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔

(مینیجر الجمعیۃ، دہلی)

حوادث و احکام

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ...

جواب

ترک عقبہ پر کسی غیر مسلم حکومت کا قبضہ نہیں ہونے دینگے

سرزمین عرب کی آزادی کیلئے ترک، حجاز اور ایران کا اتحاد

عقبہ کے مسئلہ نے تمام اسلامی دنیا کو برہم کر دیا ہے

کیا شرق اردن پر یہودیوں کا قبضہ ہوگا؟

آزادی اسلام کا اولین اصول ہے

خلافتیوں کے الزامات کی پرزور تردید

ایک کروڑ پچاس لاکھ بائبل کی فروخت

بائبل سوسائٹی کا ایک سالہ کارنامہ

"جمعیۃ علمائے سہارنپور کا جلسہ"

شراب پکٹنگ کرنے والے رضاکاروں کی گرفتاری

ایک جانکاہ اور افسوسناک حادثہ

رجسٹرار جامعہ ملیہ اسلامیہ کے صاحبزادہ کی ناگہانی وفات

سری نگر میں امن وامان قائم ہوگیا

ہندو اور مسلمان ایک نئے سرے سے کام واپس کرینگے

چترال ریلیف کالم پر ہوائی تاخت

سرخ پوشوں کا جلسہ منتشر کر دیا گیا

(باقی آئندہ)

ایمرجنسی پریس ایکٹ کی میعاد میں توسیع

گورنر باجلاس کونسل کا اعلان

تین کارآمد بم برآمد ہوئے

چاٹگام پر جرمانہ عائد کیا جائیگا

بمبئی میں سو خاکروبوں کی ہڑتال

شہزادہ ویلز انگورہ جانے والے ہیں؟

غازی مصطفے کمال پاشا کو برطانیہ کا اعزاز

انقلاب پسندوں کا "بادشاہ" بال بال بچ گیا

چاٹگام اور ڈھاکہ میں تلاشیوں کیلئے اسپیشل پولیس

سوریا سین کی گرفتاری کے لئے دس ہزار روپے کا اعلان

آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنیکی تائید

مولانا محمد اسمٰعیل ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ علما کا بیان

دہشت انگیزی کے انسداد کیلئے "موثر علاج"

بنگال کو اصلاحات سے محروم رکھا جائے

تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کر دیا جائے

حکومت برطانیہ سے لیبر پارٹی کی درخواست

کانگریس کیساتھ دوبارہ گفت وشنید کی تجویز

حکومت اور کانگریس میں مصالحت کی خبریں

لندن میں بھی مصالحت کی کوششیں جاری ہیں

حکومت اور کانگریس کے مابین تصفیہ کرانے اور موجودہ خلیج کو پر کرنے کے لئے ہندوستان کی طرح انگلستان میں بھی بعض ہوا خواہان حکومت کوششیں کر رہے ہیں ...

لندن کانفرنس میں کانگریسیوں کو دعوت

تیسری گول میز کانفرنس کے مندوبین

چودھری ظفر اللہ خاں مسلمانوں کے نمائندہ ہیں؟

مرکزی مجلس مقننہ میں قیاس آرائیاں

تیسری گول میز کانفرنس میں کن امور پر بحث ہوگی

آئینی اصلاحات کی فہرست

دہشت انگیزی کو دور کرنے کا طریقہ

مجلس مملکت ہند میں ممبران کا اظہار خیال

خلافت کانفرنس کی نمائندہ حیثیت

صرف ۲۷ ڈیلیگیٹ شریک ہوئے

(نامہ نگار خصوصی)

تین اشتراکیوں پر چھرے سے حملہ

جرمنی میں انتخابات کی جدوجہد

وائنا میں اشتراکیوں اور نازیوں میں جنگ

تیس اشخاص مجروح اور ایک صد گرفتار

مجلس اقوام کی پالیسی پر نکتہ چینی

سر آغا خاں کی طرف سے مایوسی کا اظہار

رکو اور یونان میں قیامت خیز زلزلہ

پانچسو افراد ہلاک اور تین ہزار مجروح

بعض مقامات کی زمین کئی سو فٹ بلند ہوگئی

چاٹگام میں عورتوں اور مردوں کی گرفتاریاں

ایک فوجی دستہ میمن سنگھ پہنچ گیا

کابینہ کے اجلاس میں ہندوستانی مسائل پر غور

چلتی ٹرین میں ایک خاتون کو لوٹ لیا

گاندھی جی سے ملاقات کیلئے اجازت

آئرلینڈ کی پارلیمنٹ میں ہنگامہ

"میں بے ایمانوں کی مجلس میں نہیں بیٹھ سکتا"

باغیوں نے اسی جاپانیوں کو ذبح کر ڈالا

جاپانی سفارتخانہ پر باغیوں کا قبضہ

امریکہ میں ایک کروڑ پندرہ لاکھ بیکار

مولانا محمود احمد صاحب کی رہائی

دیوبند اسٹیشن پر شاندار خیر مقدم

احرار اسلام کا اپنا روزنامہ

انتقادات

روغن کامیاب

بی۔این کالج پٹنہ میں جلسہ میلاد النبی

پٹنہ ہائی کورٹ کے ججوں اور عام ہندوؤں کی شرکت

بی این کالج پٹنہ کے مسلمان طلباء بہار پوجا کی تعطیل سے کچھ دن پیشتر مولود کیا کرتے ہیں۔ چنانچہ اس دفعہ بھی ۲ستمبر بوقت ۹ بجے شب جلسہ میلاد شریف کالج کے بڑے ہال میں منعقد ہوا۔ یہ جلسہ باعتبار سالہائے ماسبق کے نہایت شاندار تھا۔ تقریباً دو ہزار کا مجمع تھا۔ طلباء کالج کے اساتذہ۔ بیرسٹران۔ رؤسائے شہر اور حکام کے علاوہ چیف جسٹس سر کورٹنی ٹیرل صاحب پٹنہ ہائی کورٹ جسٹس خان بہادر خواجہ محمد نور صاحب جسٹس فضل علی صاحب اور جسٹس اگروالہ صاحب جج ان ہائی کورٹ پٹنہ رونق افروز تھے۔ چیف جسٹس صاحب ہندوستانی لباس میں تھے یعنی بلیک ٹوپی۔ اچکن اور پائجامہ زیب تن کئے ہوئے تھے۔ جس کو دیکھ کر تمام حاضرین محو حیرت ہو گئے۔

سب سے پہلے مولانا مولوی حسین میاں صاحب نے نہایت ہی عمدہ تقریر فرمائی۔ وحدانیت اور اخلاق نبوی کو ایسے اچھے طریقہ سے بیان فرمایا کہ حاضرین پر ایک خاص کیفیت طاری تھی۔ ایسی بصیرت افروز تقریر سننے کا کم لوگوں کو موقعہ ہوا ہوگا۔ جسٹس اگروالہ صاحب مولانا موصوف کی تقریر سے بہت محظوظ ہوئے۔ جسٹس خان بہادر خواجہ محمد نور صاحب و جسٹس فضل علی صاحب پر ایک خاص اثر تھا۔ چیف جسٹس کی تقریر نہایت ہی پاکیزہ اور سلجھی ہوئی تھی۔ اس کا موضوع یہ تھا "اخلاق نبوی اور مسلمانوں کے احسانات اہل یورپ پر" کس قدر ہیں۔ موءرخ پروفیسر بی۔ این کالج پٹنہ نے تقریر میں بیان کیا کہ اسلام کا اثر غیر اقوام پر کیا کیا ہوا۔ اس کے بعد مولانا مولوی عصمت اللہ صاحب پروفیسر عربی و فارسی نے اپنی مختصر تقریر میں کل باتیں بیان کر دیں جو سیرۃ النبی سے تعلق رکھتی ہیں۔ آخر میں مسٹر ڈی۔ این سین صاحب پرنسپل بی۔ این کالج پٹنہ نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ایک موثر تقریر رسول مقبول صلعم کے اوصاف جمیلہ پر فرمائی جس کو حاضرین نے نہایت دلچسپی کے ساتھ سنا۔ آخر میں بہت عمدہ انتظام تھا۔ کارکنان طلبہ بہت جوش کے ساتھ سب کام انجام دے رہے تھے اور جلسہ مولود کو کامیاب بنانے میں کوشاں تھے کیونکہ ہر مذاہب کے لوگ اور مختلف خیال کے اصحاب جمع تھے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ سب مولوی محمد اکرام الدین صاحب پریسیڈنٹ و پروفیسر فارسی اور خاکسار انوار کریم صاحب سکرٹری متعلم فورتھ ایر و سید شہاب الدین احمد جعفری صاحب جوائنٹ سکرٹری متعلم فورتھ ایر کی اہم کوششوں کا نتیجہ تھا کہ اتنا بڑا جلسہ صرف بی۔ این کالج پٹنہ کے قلیل مسلمان طلبا کے چندے سے ہوا اور ایسا کامیاب ہوا۔ ہم لوگ تہ دل سے پریسیڈنٹ صاحب و سکرٹری صاحب و جوائنٹ سکرٹری صاحب کو مبارکباد دیتے ہیں۔ سب سے بڑی بات اس جلسہ میں یہ تھی کہ ہمارے ہندو بھائیوں کے لئے جو تعداد کثیر میں شرکت جلسہ ہوئے تھے شیرینی بنانے والے اور تقسیم کرنے والے بھی ہندو ہی مقرر کئے گئے تھے تاکہ مختلف خیال کے لوگ سرکار دو جہاں کی مجلس سے محروم نہ جائیں۔

(خاکسار سید وجیہ العمر از پٹنہ)

ملتان میں بلوچی نمائندگان کا اجتماع

آل انڈیا بلوچ کانفرنس منعقد کرنے کی تجویز

ملتان ۔ ستمبر۔ آج بلوچی نمائندگان بلوچستان۔ سندھ اور پنجاب کی ایک اہم میٹنگ بمقام ملتان زیر صدارت نواب زادہ محمد یوسف علی خاں مگسی بلوچ منعقد ہوئی جس میں سردار غلام رسول خاں قرائی صدر انجمن اتحاد بلوچان ہند۔ میر عبد العزیز خاں کرد جنرل سکرٹری انجمن اتحاد بلوچستان۔ میر غلام سرور خاں مغل مقامی سکرٹری انجمن اتحاد بلوچستان و جیکب آباد و میر لطف علی خاں مگسی نمائندے خاص طور پر قابل ذکر ہیں حسب ذیل قرار دادیں اتفاق رائے سے پاس ہوئیں۔

(۱) ماہ دسمبر ۱۹۳۲ء کو بتقریب میلہ نمائش اسپان جیکب آباد میں ایک آل انڈیا بلوچ کانفرنس منعقد کی جائے جس میں قوم کی پس ماندگیوں کا صحیح ترین علاج سوچا جائے۔

(۲) بلوچی نمائندگان کی یہ مجلس انجمن اتحاد بلوچستان اور انجمن اتحاد بلوچان ہند سے پرزور اپیل کرتی ہے کہ جب دونوں انجمنوں کا بنیادی نصب العین ایک ہی ہے تو ان کی علیحدگی زیب نہیں دیتی۔ اس لئے دونوں انجمنوں کو باہم متحد ہو کر ایک متحدہ شاہراہ عمل پر گامزن ہونا چاہیے۔

(۳) قومی اغراض و مقاصد کی تبلیغ اور آل انڈیا بلوچ کانفرنس کو کامیاب بنانے کے واسطے ایک وفد بر قیادت نواب زادہ محمد یوسف علی خاں مگسی بلوچی علاقہ جات کا دورہ کرے۔

(۴) نواب زادہ میر محمد یوسف علی خاں نے ۔۔۔ بلوچستان ۔۔۔ سنانے کی جو تجویز پیش کی ہے یہ مجلس اس تجویز کو کسی امکان ملتوی رکھتی ہے تاکہ مجوزہ آل انڈیا بلوچ کانفرنس میں ہر پہلو سے متعلقہ مسائل پر تبادلہ خیال کے بعد کثرت رائے سے جو تجویز پاس ہو۔ اس پر عمل کیا جاوے۔

(نواب زادہ صاحب نے اس قرار داد سے اتفاق کر کے اپنی تجویز کو ملتوی فرما لیا ہے)

(۵) یہ مجلس نواب زادہ محمد یوسف علی خاں کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ علالت اور ضعف و کمزوری کے باوجود آپ نے اس میٹنگ کی صدارت فرمائی ہے۔ نیز یہ مجلس مسلم پریس پنجاب و سندھ خصوصاً روزنامہ زمیندار لاہور۔ الوحید کراچی۔ البلوچ کراچی۔ الحنیف جیکب آباد اور گرامی حضرت مولانا ظفر علی خاں کا بھی شکریہ ادا کرتی ہے جو کہ بلوچوں کے جائز فطری حقوق کی تائید و حمایت میں اپنا زور قلم استعمال کر رہے ہیں۔

عبد العزیز کرد۔ جنرل سکرٹری انجمن اتحاد بلوچستان از ملتان

ضلع گوڑگانوں کی ایک مسجد پر حکومت کا قبضہ

تحقیقات کی تکمیل کے بعد حکومت کی خاموشی

قصبہ سوہنہ ضلع گوڑگانواں میں ایک شاہی مسجد پر حکومت نے قبضہ کر رکھا ہے اور اب اس کو ڈاک بنگلہ بنا لیا گیا ہے۔

مورخہ ۹ مئی ۱۹۳۱ء کو ایک درخواست انجمن اسلامیہ قصبہ سوہنہ ضلع گوڑگانواں نے پنجاب گورنر لاہور کو روانہ کی تھی یہ درخواست جناب صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر ضلع گوڑگانواں کے پاس برائے تحقیقات آئی۔

یکم اگست ۱۹۳۱ء کو جناب خان بہادر شیخ محمد رشید صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر ضلع گوڑگانواں نے جناب چوہدری فرزند علی خاں صاحب ایم۔ بی۔ ای جاگیردار و ذیلدار و آنریری مجسٹریٹ قصبہ سوہنہ کو اور چودھری واحد علی خاں صاحب انسپکٹر پولیس پنشنر پریذیڈنٹ انجمن اسلامیہ قصبہ سوہنہ و قاضی محمد یحییٰ صاحب امام جامع مسجد نے جملہ ثبوت یعنی مسجد کا مکمل فوٹو اور کتبہ کا فوٹو اور فرمان شاہی کی نقل جس میں اس مسجد کے بنانے والے کا نام اور شاہان اسلام کے یہاں سے جو کچھ اس مسجد کے واسطے مقرر تھا اور سن تعمیر تحصیلدار صاحب گوڑگانواں نے تمام ثبوت۔ مسل میں شامل کر دیا اور اس مسل کو صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر کی خدمت میں واپس کر دیا۔

اس کے بعد آج تک ہم لوگوں کو کوئی جواب نہیں ملا۔

خاندانِ مغل از دہلی (کونیہ یٹ ہجہ فیاض الدین)

آرڈیننس کے ماتحت بتیا پر جرمانہ

بتیا ضلع چمپارن کے پانچ محلوں پر مبلغ تین ہزار روپیہ آرڈیننس کی دفعہ ۴ کے ماتحت جرمانہ کیا گیا اور اس کی تقسیم ضلع کے افسران نے اس طرح کی ہے۔

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

سرپرست: شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب دار العلوم دیوبند، شیخ الحدیث حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب، شیخ التفسیر حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبند

معالج: عالی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی، عالی جناب حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف بھورے میاں دہلوی، عالی جناب حکیم عبد الوہاب صاحب نابینا دہلوی

خصوصی مجربات

معجون عنبری

دل و دماغ اور جملہ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے والی نہایت مقوی باہ ممسک اور مغلظ منی ہے۔ یہ معجون نہایت قیمتی اور لطیف اجزاء مشک و عنبر وغیرہ سے مرکب ہے۔ ۔۔۔ قیمت فی تولہ آٹھ آنہ (۸؍)

اکسیر قلب

دل کے امراض میں واقعی اکسیر کا حکم رکھتی ہے اس کو استعمال کرنے سے دماغی کام کرنے والے دماغ سے جس قدر چاہیں کام لے سکتے ہیں خوراک ایک رتی سے دو رتی تک قیمت فی تولہ چار روپیہ (للعہ)

(نوٹ) دواخانہ رشیدیہ میں بہترین مرکبات تیار ہوتے ہیں فہرست مجربات خصوصی منگا کر ملاحظہ فرمائیے۔

ملنے کا پتہ

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یو۔ پی)

سکول فار الیکٹریشینز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریگنائز کر دیا

سکول ہذا کو میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے۔ انسپکٹر آف انڈسٹریز نے کروزیر تعلیم نے سرکاری طور پر معائنہ کر کے اس کی تعلیم شان اور ضبط و انتظام پر مطمئن ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ سکول کا نیا پارلیمنٹ ہر قسم کا بجلی کا سامان موجود ہے۔ اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے ریگنائز بھی کر دیا ہے۔ ہر قابلیت کے طلبا کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں۔ کورس ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال ہے۔ پراسپیکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔

منیجر

کروڑوں روپے

تار کا پتہ "ہیڈی سنٹر" دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۷

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے۔ اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانہ کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھائیے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلبا طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمائیے)

آپ کا خادم منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے

قرص حیض

یہ دوا مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کی خاص الخاص مجربات سے ہے جریان جیسے خبیث مرض کو بالکل دور کر دیتی ہے۔ ۔۔۔ قیمت ۳۲ قرص دو روپیہ (۲ء)

اکسیر نسواں

عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک نہ ہندوستان میں ہے اور نہ یورپ میں۔ ضعف رحم، ورم رحم، سیلان الرحم، ایام حیض کی بے قاعدگی ۔۔۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنہ (۱؍۸)

ملین

یہ دوا قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے معدہ اور آنتوں کو بالکل صاف کر دیتی ہے۔ ۔۔۔ قیمت ۸۰ قرص ایک روپیہ چار آنہ (۱؍۴)

جوہری

مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے وہ خاص دوا ہے جس سے اب تک ہزارہا مریض اچھے ہو چکے ہیں۔ آتشک نئی ہو یا پرانی اس کو یہ دوا نیست و نابود کر دیتی ہے۔ ۔۔۔ قیمت ۔۔۔ دو روپیہ (۲ء)

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی

اگر آپ ہندوستان کے دار السلطنت دہلی سے جو ایک تجارتی مرکز ہے اپنی ضرورت کی کوئی چیز قابل اطمینان طریقہ پر منگانا چاہتے ہیں تو ہماری ایماندارانہ خدمات حاضر ہیں۔

آپ گھر بیٹھے تفسیر کے قرآن مجید مذہبی اور غیر مذہبی کتابیں ۔۔۔

ہر ایک کمیشن برائے نام ہوتا ہے

مریض ۔۔۔

ہندوستان سے باہر ۔۔۔

تصدیق ۔۔۔

ایم۔ اے مجید اینڈ سنز آرڈر سپلائرس اینڈ کمیشن ایجنٹس بلیماران۔ دہلی

حجاز مقدس کا تحفہ

اصلی روغن بلسان و روغن زیتون

صدہا امراض کی واحد اور بہترین دوا روغن بلسان ہے ۔۔۔ ہندوستان میں خالص روغن بلسان کمیاب ہے۔ حجاز مقدس کا بہترین روغن بلسان اور روغن زیتون مصدقہ حضرت العلامہ مولانا حسین احمد صاحب مدنی صرف ہمارے یہاں ہی آپ کو مل سکتا ہے قیمت بھی رفاہ عام کے خیال سے کم کی گئی ہے یعنی روغن بلسان فی تولہ ۸؍ اور روغن زیتون فی تولہ ۔۔۔ علاوہ محصولڈاک۔

سفرنامہ شیخ الہند۔ جس میں حضرت شیخ الہند کی اسارت مالٹا کے زمانہ کے مفصل حالات نہایت دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ مرتبہ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی۔ قیمت فی جلد دس آنہ (۱۰؍) علاوہ محصولڈاک۔

ملنے کا پتہ

قاری محمد اسحٰق آستانہ جانشین شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی دیوبند

ہندوستان کے طول و عرض میں یوم تحفظ و احترام مساجد و اوقاف

(بسلسلہ صفحہ ۲)

گلاوٹھی ضلع بلند شہر

حسب ہدایت عالیجناب ناظم صاحب مرکزی تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانوں کا عام جلسہ ہوا۔ پہلے سے مطبوعہ پوسٹر بازار وغیرہ میں چسپاں کر دئے گئے تھے اس وجہ سے اجتماع بہت کافی تھا مقامی حضرات کے علاوہ اطراف و مواضعات کے مسلمان بھی کافی تعداد میں شریک تھے جناب مولوی سید حمید الدین صاحب مہتمم مدرسہ و بہیہ اسلامیہ نے تقریباً ایک گھنٹہ تک نہایت موثر اور پرجوش تقریر کی جس میں جلسہ کے اغراض و مقاصد کے اظہار کے بعد حکومت کے ان جابرانہ قوانین کا تذکرہ کیا جن کی وجہ سے شریعت حقہ میں صریح مداخلت ہو گئی ہے۔ خصوصیت کے ساتھ مسجد شہید گنج کی تفصیل اور وضاحت بیان کرتے ہوئے مولانا نے تین تجویزیں پیش کیں۔ جن کی تائید جناب مولوی شبیر احمد خاں صاحب صدر مدرس نے کی اور عام مجمع نے باتفاق رائے ان تجاویز کو منظور کیا۔ اور ان مسلم اراکین اسمبلی پر نہایت اظہار ملامت کیا گیا جو ایسے خلاف شرع قوانین کی حمایت و تائید کر کے حکومت کی نظروں میں وقار حاصل کرنے کی لغو کوشش کرتے ہیں۔ جلسہ کے آخر میں حضرت مولانا حسین احمد صاحب شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند کی صحت یابی کے واسطے دعا کی گئی۔ جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔

حقیقت نگار احمد غفرلہ

میرٹھ

۔۔ ستمبر ۱۹۳۲ء کو مسلمانان میرٹھ کا عام اجلاس زیر صدارت حضرت مولانا مولوی حکیم سید محمد اسحٰق صاحب جامع مسجد میں نہایت شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوا اور حسب ہدایت مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت نہایت پرجوش اور مدلل تقریریں ہوئیں۔ ۔۔۔

قصبہ پلکھوہ (ضلع میرٹھ)

۔۔۔

لدھیانہ

مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند کے اعلان کے مطابق مسلمانان لدھیانہ کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت مولانا محمد نعیم صاحب مفتی شہر جامع مسجد ۔۔۔ منعقد ہوا ۔۔۔

(نامہ نگار)

لائل پور

حسب پروگرام مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند آمدہ جمعہ کو مسلمانوں کا ایک عام جلسہ منعقد کیا گیا جس میں تین تجویزیں پیش ہو کر بالاتفاق منظور ہوئیں۔ نیز طے پایا کہ اتوار کو ایک عظیم الشان جلوس نکالا جائے اور رات کو جلسہ کیا جائے۔

(نور الدین طلیب پریذیڈنٹ مجلس احرار اسلام لائل پور)

موضع ومہیہ ضلع میرٹھ

موضع دمہیہ ضلع میرٹھ میں حسب ہدایت مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت ۔۔ ستمبر ۱۹۳۲ء کو بعد نماز جمعہ ایک جلسہ بصدارت مولوی محمد عبد الغفور خاں صاحب منعقد ہوا۔ منشی عبد الشکور خاں ناظم مقرر کئے گئے اور کارروائی جلسہ تلاوت کلام اللہ سے شروع کی گئی۔ جلسہ میں تین تجویزیں بالاتفاق منظور ہوئیں جن میں یو۔ پی رٹ کمیٹی کے قانون پر اظہار نفرت کیا گیا اور احترام مساجد و اوقاف کی تحریک کی پرزور ۔۔۔

شاہ آباد (کرنال)

(محمد عبد الغفور غفرلہ)

۔۔ ستمبر مقامی انجمن ہلال احمر کے زیر اہتمام آج بعد نماز جمعہ ایک شاندار جلسہ منعقد ہوا۔ مسلمان کثیر تعداد میں جمع تھے۔ لوگوں کو حج کے متعلق سودا کے قوانین سے واقفیت دلائی گئی اور جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس منتظمہ کا فیصلہ پڑھ کر سنایا گیا بعد ازاں حسب ہدایت مجلس مرکزی تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند پر تجاویز پیش کی گئیں جو بالاتفاق رائے پاس ہوئیں۔ مسلمانوں میں ایک غیر معمولی جوش پایا جاتا ہے۔

سید عماد الدین احمد (اسٹنٹ در کن انجمن ہذا)

جھالو ضلع بجنور

آج ۔۔ ستمبر ۱۹۳۲ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد قصبہ جھالو ضلع بجنور میں حسب ہدایت مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند مسجد کے اندر ۔۔۔ مولوی حکیم انوار الحق صاحب ۔۔۔ تجاویز متفقہ و منظور کی گئیں۔

(عبد الرؤف مدرس دوم مدرسہ تجوید القرآن)

دار الاسلام

مظہر الدین کا طرز عمل اب ناقابل برداشت ہو

دہلی کے ایک معزز تاجر کا مراسلہ

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

مدیر محترم الجمعیۃ ۔۔۔ السلام علیکم!

مجھے اندازہ ہو رہا ہے کہ مظہر الدین صاحب کے طرز عمل کے خلاف اپنی معلومات کے مطابق ۔۔۔

(عبد الرحمٰن عرف مرزا۔ ساکن بازار سیتا رام دہلی)

میں خود آگرہ کانفرنس میں موجود تھا

"مفسدِ دین" کے نعرے لگائے گئے

جناب ایڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ دہلی!

السلام علیکم! گذارش یہ ہے کہ ۔۔ ستمبر ۱۹۳۲ء کے الامان میں مظہر الدین نے ایک مضمون آگرہ والوں کی جانب سے لکھ مارا ہے۔ حالانکہ آگرہ سے کوئی مراسلہ نہیں آیا اور نہ کوئی رپورٹ اخبار نامہ میں شائع ہوئی ہے ہذا میں اس دشمن اخبار الامان کے مضمون کی تردید کرنا چاہتا ہوں کیونکہ میں خود اس جلسہ مسلم آگرہ میں شریک تھا اور میں نے خود دوسرے دن کے اجلاس میں اپنے کانوں سے "مفسد دین" کے الفاظ لوگوں سے سنتے ہیں اور خود بھی مظہر الدین کو ۔۔۔

نیاز مند علی محمد ساکن پہاڑ گنج۔ دہلی

آفتاب اسلام کی ضیا پاشیاں

یدخلون فی دین اللہ افواجاً

جمادی الاولیٰ ۱۳۵۱ھ میں جن حضرات نے اسلام قبول کیا ہے ان کے نام اشاعت کے لئے ارسال خدمت ہیں۔ امیر الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی و مولانا محمد شفیع صاحب مفتی دار العلوم دیوبند کے دست حق پر اسلام قبول کرنے والوں کے نام حسب ذیل ہیں:

سابق نام	اسلامی نام	سابق نام	اسلامی نام
منگلو	عبد الرحیم	مسٹر رام ناتھ بی۔ اے	عبد الرحیم بی۔ اے
سمیر چند	عبد الرحمٰن	پیرو	عبد الرحمٰن
رام پرشاد	عبد السلام	چودھری پیارے لال	عبد الصمد
رام سنگھ	احمد حسن		

دونوں ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۱ھ میں ان حضرات نے اسلام قبول کیا ہے۔ ان کی تعلیم و طعام کا انتظام انجمن کی جانب سے کیا جاتا ہے مسٹر رام ناتھ صاحب بی۔ اے ۹ یوم دیوبند میں قیام کیا۔

بتاریخ ۲۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۱ھ کو بعد نماز ظہر انجمن امداد الاسلام دیوبند کی مجلس منتظمہ کا اجلاس زیر صدارت جناب مولانا حکیم محمد نعیم صاحب منعقد ہوا جس میں بالاتفاق حسب ذیل تجویز منظور ہوئی۔

انجمن امداد الاسلام دیوبند کی مجلس منتظمہ کا یہ اجلاس گورنمنٹ برطانیہ سے پرزور اپیل کرتا ہے کہ وہ مساجد کی آزادی کو ختم کرنے کی ناپاک کوشش سے باز رہے ورنہ بہر مسلمانان ہند مساجد و اوقاف اسلامیہ کی حفاظت کے لئے اپنی جان عزیز تک قربان کر دیں گے نیز جمعیۃ علماء ہند کے فیصلہ کو جلد از جلد قبول کر لیا جاوے۔ ورنہ جملہ تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

(سید حسن رضوی۔ سکرٹری انجمن امداد الاسلام دیوبند)

امارت شرعیہ صوبہ بہار کا جہاد باللسان

دیہات و قصبات میں احکام الٰہی کی تبلیغ

۔۔۔

مقویات سرتاج عالم

۔۔۔ صحت و تندرستی کی نعمت "کام شاستر" بالکل مفت طلب فرما دیں۔

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

پیشوا کا رسول نمبر مفت

ان حضرات کی خدمت میں پیش کیا جائے گا جو رسالہ پیشوا دہلی کے ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء تک خریدار ہو جائیں گے۔ رسول نمبر کی ضخامت بڑی تقطیع کے ڈیڑھ سو صفحات سے زیادہ ہے اور پیشوا کا سالانہ چندہ دو روپیہ اور ایک روپیہ سے دو روپیہ کے پرچہ میں مقدس مقامات کے نوٹو ہیں اور چکنا کاغذ ہے ۔۔۔

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

گرم کوٹوں کی فہرست

مفت طلب کرو

منیجر وی فٹ کوٹ کمپنی رنچھوڑ لائنیں کراچی

محبوب عاشق کے قدموں پر

۔۔۔

ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۵ دہلی

تفسیر حقانی اردو کامل آٹھ جلد (۸)

مصنفہ حضرت علامہ ابو محمد عبد الحق صاحب حقانی قیمت کامل پچیس روپے علاوہ محصول و خرچ ڈاک۔ علیحدہ علیحدہ آٹھ جلدوں کے خریدار کے لئے مجموعی قیمت مع مقدمہ تیس روپے (۳۰) علاوہ خرچ و محصول ڈاک۔

دار الاشاعت تفسیر حقانی۔ بلیماران۔ دہلی

صرف ایک رات میں اثر دکھانے والا طاقت مردمی کا تحفہ

حیرت انگیز ایجاد (یعنی)

طلسماتی طلاء (یا) طلاء بے نظیر

اگر آپ اپنے ہاتھوں اپنی جوانی ستیا ناس کر کے ناکارہ ہو گئے ہیں تو یہ عجیب و غریب تیل لگائیے اس کے استعمال سے کوئی آبلہ وغیرہ نہیں پڑتا یہ ایک ہفتہ میں برسوں کی نامردی دور کر کے ناقابل برداشت طاقت دیتا ہے قیمت فی شیشی مع محصول ۔۔۔ اس کو بھی آزمائیے۔

ویدبھوشن ڈاکٹر منا رام گپتا طبیب حاذق (رجسٹرڈ) محلہ سنگیان ۔۔۔

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

روزنامہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ...

ششماہی ...

سہ ماہی ...

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ...

ششماہی ...

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳

۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ...

نصف صفحہ (") ...

ایک کالم (") ...

۱/۲ کالم (") ...

۱/۴ کالم (") ...

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی-اے)

جلد ۱۶ | دہلی - یوم یکشنبہ ۸ جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ اکتوبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۵

معاصرین کے افکار و آراء

مفاد اسلامی پر انجمن خلافت کا حملہ (ہلال)

پہلی گول میز کانفرنس کے انعقاد کے موقعہ پر جبکہ ہندوستان جنگ آزادی میں سرگرم عمل تھا اور تمام وطن دوست اور حریت پرور فرزندان وطن قید و بند کے مصائب کا ہمت و استقلال کے ساتھ مقابلہ کر رہے تھے۔ خلافت کمیٹی لندن کی دلچسپ سیر وسیاحت کا پروگرام مرتب کر رہی تھی۔ جبکہ وقت مسلمانوں کے جوش عمل کو یہ کہہ کر ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی گئی تھی کہ ہم نے مسلمانوں کے حقوق کے لئے حکومت سے عارضی ... گول میز کانفرنس میں شرکت کو منظور کر لیا ہے۔ اگر ہمارے مطالبات حکومت نے تسلیم نہ کئے تو پھر ہم بھی حکومت سے جنگ کریں گے۔ اس لئے مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ ذرا صبر سے اور سکون سے کام لیں اور اپنے جذبۂ آزادی کو زیادہ نہ ابھرنے دیں۔

تحریک آزادی سے مسلمانوں کو بدظن کرنے کے لئے کہا گیا کہ یہ ہندو راج کی تحریک ہے کسی مسلمان کو اس میں شریک نہ ہونا چاہیئے۔ اگر کانگریس نے حکومت کو دبا کر اپنے حق حاصل کر لئے تو ہندو راج قائم ہو جاوے گا اور ہندو مسلمانوں کو نگل جائیں گے۔ اس مخالفت کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمانوں کے حوصلے پست ہو گئے اور ان کی قوت عمل کمزور پڑ گئی۔

فرقہ وارانہ کشیدگی میں اضافہ ہوا اور باہمی سر پھٹول اور فسادات کا سلسلہ طول پکڑ گیا لیکن گول میز کانفرنس سے کچھ حاصل نہ ہوا۔ ...

بات کے پیچھے اپنی جان دے دینے کی ہمت رکھتا ہے؟ اور بالفرض کوئی نکل بھی آئے تو قوم اور قوم کے دوسرے لیڈر اس پر یوں پروانہ وار نثار ہونے کو تیار ہوں گے؟ یا اس کے برعکس طرح طرح کی نکتہ چینیوں، بدگمانیوں اور اس کی نیت پر حملہ کر کے اس کے کلیجہ کو چھلنی بنا کر رکھ دیا جائے گا؟

گول میزی مسلم ممبران سے ایک سوال (البشیر)

اچھوتوں اور اونچی ذات کے ہندوؤں میں سمجھوتہ ہوا ہے اس کے بہت سے پہلو قابل بحث ہیں جن پر بشرط صحت ہم آئندہ بحث کریں گے۔ اس وقت مختصر طور سے ہم مسلمان ممبران راؤنڈ ٹیبل کانفرنس سے جنہوں نے اچھوتوں سے سمجھوتہ کیا تھا دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ جب اچھوتوں نے اس معاہدہ کی پابندی نہیں کی جو مسلمانوں سے انہوں نے کیا تھا تو آئندہ ان کی پالیسی کیا ہوگی۔ ...

سلطان ابن سعود ملک الحجاز کے نام (تاج)

امیر شرق اردن کے نام (تاج)

عزم گاندھی کا سبق

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

دنیا سے دین حق کی سچائی منوا سکے۔ آج ہماری یہ کیفیت ہو گئی ہے کہ ہم اشاعت اسلام کے فرض کو صرف عالموں اور مولویوں کا کام سمجھ بیٹھے ہیں اور خود اس فریضہ کی ادائیگی کو اپنا کام نہیں سمجھتے۔ اسلام نے اشاعت اسلام کو اسی لئے ضروری قرار دیا ہے کہ وہ دنیا کے لئے امن و راحت کا باعث ہے گویا تبلیغ اسلام نوع بشری کی سب سے بڑی خدمت ہے جو ایک مسلمان انجام دے سکتا ہے۔ آج مسلمان اس اہم فریضہ کی طرف سے جس قدر غافل ہیں اس کے بیان کی حاجت نہیں۔

صحابہ کرام سپاہی بھی تھے اور عالم و فقیہ بھی

حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے حالات تم نے بار بار پڑھے ہیں ان کو پڑھ کر تم کو یقین ہو گیا ہوگا کہ وہ اس وقت کی دنیا کے سب سے بڑے جرنیل، سب سے بڑے مدبر اور صاحب تدبیر و سیاست تھے لیکن اس کے ساتھ ہی ان کا اصل کام تبلیغ اسلام تھا۔ ...

فاتح مصر کا جوش تبلیغ

اسلام کے مبلغ بھی بنو اور میدان کے سپاہی بھی

جہاد حق کیساتھ صحابہ کرام کا جوش تبلیغ

اسکندریہ اور دمشق کے بشپ آستانۂ اسلام پر

الجمعیۃ کے ان کالموں میں کئی بار بتایا جا چکا ہے کہ اسلام چونکہ دین فطرت ہے اس کے ظہور کی غرض دنیا کو امن اور خوشحالی کا پیغام دینا ہے وہ دنیا میں اسی لئے آیا کہ مظلوموں اور کمزوروں کی حمایت کرے اور عدل و انصاف سے دنیا کو بھر دے۔ ...

مسلمانوں سے اسلام کا اولین وعدہ

تبلیغ اسلام کی اہمیت

(باقی ملاحظہ ہو صفحہ ہذا کالم ۲ کے نیچے)

چائنہ سبز چاء نئے سیزن کا عمدہ مال آگیا ہے طلب فرماویں۔ نرخ فی سیر پختہ ۱۲ ... بیوپاری بھی خط و کتابت کریں۔
حاجی غلام محبوب جنرل ٹی مرچنٹ - قصہ خوانی پشاور شہر

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین (جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں لکھا ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے، ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

CASTOPHEN MAFG CO.,
(INDIA) P. BOX 88 BUNDER ROAD., KARACHI.

قوت مردانگی کا تیر بہدف علاج

... طلائے مسیحی ... سفوف شاہی ... مقوی حب عنبری ... طلا ریلاذ ... حب ممسک طلائی ...

نیجر دواخانہ مجربات مسیحی پل نخاس لکھنؤ

آلو کی کھیتی با تصویر

... زراعتی کتب کے مشہور مصنف بابو رام پرشاد صوبہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مقام گونہ (گوالیار) سے مل سکتی ہے

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

کانفرنس گزٹ!

یعنی آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ کا تعلیمی و اصلاحی اخبار جو علیگڑھ کی تعلیمی تحریک، بچوں کی تعلیم و تربیت اور موجودہ نظام تعلیم پر دلچسپ و مفید بحث کرتا ہے ... قیمت چار سالانہ ہے ایک کارڈ حسب ذیل پتہ پر لکھ کر نمونہ مفت طلب کیجئے۔

پتہ: خان صاحب مولوی ولایت حسین بی۔ اے منیجر کانفرنس گزٹ علی گڑھ

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام اطباء کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دار و مدار معدہ پر موقوف ہے اور نمک جالینوس جو دواخانہ ہذا کی خاص چیز ہے تمام امراض معدہ کا واحد علاج ہے ... قیمت فی شیشی صرف آٹھ آنہ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ مجرب ادویات کی فہرست معہ جنتری ۱۹۳۲ء مفت منگوائیے۔

المشتہر منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

بالکل مفت

جریان کی شرطیہ دوا

ہر قسم کے جریان کے لئے اکسیر قبض بالکل نہیں کرتی

... اگر آپ بھی اس دوا سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے تو یہ اس کی قسمت

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

جاری شدہ ۱۸۷۸ء

ظریف، ادیب، مصلح، صلح کل، با تصویر، یکتائے زمانہ، قابل دید ہفتہ وار اخبار "اودھ پنچ" منگائیے ... قیمت سالانہ صر ششماہی ... سہ ماہی ...

پتہ: منیجر "اودھ پنچ" لکھنؤ (یو۔ پی)

دنیا میں ایک عجیب تیل

سفید بال تک ہفتہ میں جڑ سے کالا

... منیجر شنکر کارخانہ نمبر ۹ دربھنگہ بہار

بال جڑ سے کالا

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے - منیجر

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۲۲۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ علاوہ محصولڈاک

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے۔ یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ ۱/ تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر ۱/ تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر ۲/ تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر ۳/

کا چوتھا نمبر ۵/ علاوہ محصولڈاک

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۸/

ابدی نجات - آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲/

ملنے کا پتہ: منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمۃ القرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ ... علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی ... فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ ... علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے ... علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

پنجشنبہ ۸ جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ ہجری

لکھنؤ میں ایک مسلم کانفرنس کا انعقاد

مولانا شوکت علی کی طرف سے دعوت

جب سے کہ وزیر اعظم کا فرقہ وارانہ فیصلہ شائع ہوا ہے اور اس فیصلہ کی شرائط منظر عام پر آئی ہیں جسے غلطی سے تصفیہ کہا جاتا ہے ہندوستان کی تمام ملتیں اس فیصلے کے خلاف آواز بلند کر رہی ہیں ...

کو دعوت نامے جاری کئے گئے ہیں:-

سر عبد القیوم، سید جعفر شاہ، خان علی گل خاں (سرحد)، سر محمد اقبال، مولانا ظفر علی خاں، مولوی قادر (؟) مولوی غلام محی الدین، غلام رسول مہر (پنجاب) نواب محمد اسمٰعیل خاں، راجہ صاحب سلیم پور، مولوی محمد ...

نکات و لطائف

قدامت پسندوں کا فیصلہ

گاندھی جی کی رہائی

۳۰ ستمبر کے مظاہرے

عراق کی آزادی

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

اسپین میں قدیم عربی تمدن کا احیاء

مجریط میں بیت اسلامی کا قیام

دنیائے اسلام سے امیر شکیب ارسلان کی اپیل

دو سال کے قریب ہوئے کہ اسپین کے سیاسی نظام میں انقلاب برپا ہو گیا اور اس نے ایک ہی جھٹکے سے تمام زنجیروں کو توڑ کر رکھ دیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اسپین کے باشندے ...

بیت اسلامی کے ارکان

شام کے وطن پروروں کی گرفتاریاں

زعماء حلب پر فرانس کے مظالم

حلب کے تین زعماء کو حکومت فرانس نے گرفتار کر لیا ہے۔ ان کا جرم کیا تھا؟ وطن پروری حریت نوازی کا جرم جس سے بڑھ کر مغرب کی عدالتوں میں اور کوئی جرم نہیں ہے! ان گرفتاریوں کے بعد عام باشندوں کی طرف سے ہڑتال اور مظاہرے ہوئے جن کے نتیجہ میں بہت سے لوگوں کو لاٹھیاں کھانی پڑیں اور وہ مجروح ہو گئے۔ فرانسیسی پولیس نے گولیاں بھی چلائیں۔ حلب کے اس حادثہ پر دمشق میں سخت احتجاج کیا گیا اور لوگ جامع اموی میں جمع ہو گئے۔ اس کے بعد پرامن جلوس نکالا گیا جس میں حلب کے حادثہ پر نفرت و ملامت کا اظہار کیا گیا۔

زعیم المعارضہ ابراہیم ہنانو کے دولتی پیر میں گولی بھی لگی۔ سخت تھا تو پر جو ظلم کیا گیا اس کے خلاف مجلس وطنی نے رئیس الوزراء کو احتجاجی تار ارسال کیا ہے۔ (الصراط المستقیم)

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کیلئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

ہندوستان کے طول و عرض میں یوم حج و احترام مساجد و اوقاف

جمعیۃ علماء ہند کے زیر ہدایت جلسے اور جلوس کے مظاہرے

حکومت اور اسمبلی کے ارکان کی روش کے خلاف اظہار نفرت و ملامت

(گذشتہ سے پیوستہ)

فرخ آباد

۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء کو بعد نماز جمعہ حسب اعلان مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند مسلمانان فرخ آباد کا ایک عظیم الشان جلسہ مسودات حج کے سلسلہ میں زیر صدارت حضرت مولانا عبد اللطیف صاحب خطیب جامع مسجد منعقد ہوا جس میں صدر صاحب موصوف نے اپنی مختصر تقریر میں ہر سہ مسودات حج کو مسلمانوں کے لئے خطرناک قرار دیتے ہوئے مسلمانان ہند سے پر زور اپیل کی کہ وہ ہر چیز جو اس فریضہ الٰہیہ کی بجا آوری میں سد راہ ہو دور کرنے کی ان تھک کوشش کریں۔

کراچی میں ۱۶ مقامات پر جلسے

حسب اعلان سکریٹری تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند ۳۰ ستمبر کو مندرجہ ذیل مسجدوں میں بعد نماز جمعہ تقریریں ہوئیں۔ (سکریٹری جمعیۃ علماء سندھ)

(۱) مسجد مولوی شیخ احمد صاحب جاکیواڑہ (۲) مسجد مولوی عبد الصمد صاحب گل محمد لین (۳) مسجد مولانا مولوی محمد عثمان صاحب رنگیلین (۴) مسجد مولوی نور محمد صاحب کلاں کوٹ (۵) جامع مسجد رنچھوڑ لین (۶) جامع مسجد کاٹری کھانہ (۷) مسجد میاں بھائیان گاڑی کھاتہ ...

کرتپور

حسب ہدایت مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند ۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد کرتپور ایک عام جلسہ مسلمانوں کا منعقد ہوا جس میں قریب و جوار کے کثرت سے مسلمان موجود تھے۔ سب سے پہلے مولانا محسن الدین صاحب نے تقریر فرمائی۔ بعدہ کو مولانا مولوی لبیت احمد صاحب نے تقریر فرمائی۔ حج بیت اللہ کے فضائل کے بعد ہر سہ تجاویز بالاتفاق رائے منظور ہوئیں۔

حافظ خیراتی۔ از کرتپور

لسین

۳۰ ستمبر کو حسب ہدایت مجلس تحفظ ناموس شریعت مسلمانان لسین کا آج ایک عام جلسہ جامع مسجد میں زیر صدارت جناب محمد امین خاں صاحب منعقد ہوا جس میں ہر سہ تجاویز بالاتفاق رائے منظور ہوئیں۔

(مختشم حسن ابن اسمٰعیل قصبہ لسین ضلع تھانہ)

بچھراؤں (مراد آباد)

۳۰ ستمبر کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد بچھراؤں میں بصدارت حاجی نذیر احمد صاحب رئیس بچھراؤں جلسہ منعقد ہوا جس میں بالاتفاق ہر سہ تجاویز منظور ہوئیں۔

(محمد ظہور علی مدرس مدرسہ مفتاح العلوم)

حج اور اوقاف کے احکام

(گذشتہ سے پیوستہ)

(۸) حضرت سعد رضی اللہ عنہ غزوہ خندق میں زخمی ہوگئے تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا خیمہ مسجد میں نصب کرا دیا۔ بخاری شریف ...

یہ تمام واقعات اس مسجد کے ہیں جس میں ایک نماز کا ثواب پچاس ہزار تک بتایا گیا ہے اور جس کو آج ہم مسجد نبوی کے پیارے نام سے یاد کرتے ہیں اور جو محفل اسلام میں ایک شمع تاباں کی شان رکھتی ہے۔ اور جو باستثناء بیت الحرام تمام مساجد میں سب سے اعلیٰ و اشرف ہے۔ اللہم صل علیٰ سیدنا و مولانا محمد و علیٰ آلہ و اصحابہ وسلم۔

واقعات مذکورہ کے علاوہ تعلیم، وعظ، مجالس شوریٰ وغیرہ کے واقعات تو شمار کی حد سے بہت بالا ہیں۔ اسلاف کرام کا عموماً تعامل رہا ہے۔ چنانچہ فقہ حنفیہ کی مشہور اور معتبر کتاب "ہدایہ" میں ہے۔

ولنا قولہ علیہ السلام انما بنیت المساجد لذکر اللہ تعالیٰ ...

دارالحکومت

والاحضرت سردار شاہ ولی خان صاحب کا رونق دہلی

ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند سے ملاقات

دہلی ۔ ۳ تاریخ شب کے نو بجے ...

جمعیۃ علمائے ہند کے تقریباً پچاس رضاکار جمعیۃ کے پرچم لئے ہوئے ... ہندو مسلم مشترکہ بورڈ دہلی ... کے والنٹیر بھی اپنے جھنڈے لئے ہوئے تھے ... افغانستان پائندہ باد ... سکرٹری قونصل خانہ افغانستان نے والاحضرت سے حضرت ڈکٹیٹر صاحب جمعیۃ علمائے ہند کا تعارف کرایا اور حضرت مولانا نے مختصر الفاظ میں آپ کی وطنی و ملی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ... وطن پر مبارک باد دی جس کے جواب میں والاحضرت نے حضرت مولانا کی تکلیف فرمائی کا بہت بہت شکریہ ادا کیا اور جمعیۃ علماء ہند کے مقاصد کی کامیابی کی دعا فرمائی ۔ خواجہ حسن نظامی صاحب ڈاکٹر ذاکر حسین خان صاحب اور مولانا راشد حسین صاحب اور دوسرے عمائدین سے بھی والاحضرت نے ملاقات کی اور سب حضرات کی محبت کا بہت بہت شکریہ ادا کیا ۔

مولانا تفضل حسین صاحب کو دہلی چھوڑنے کا حکم

دہلی ۵ اکتوبر ۔ کل شام کے پانچ بجے ... کوتوالی ... دفتر جمعیۃ علمائے ہند میں پہونچے اور جناب مولانا محمد تفضل حسین صاحب ... رکن جمعیۃ علمائے ہند کو جدید آرڈیننس کی دفعہ ... کے بموجب ... گھنٹہ کے اندر دہلی چھوڑنے کا نوٹس دیا ۔

ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کی مساعی جمیلہ

ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کے ایک خصوصی جلسہ کی قرارداد کے مطابق ... انتظام جلوس رام لیلا کے سلسلہ میں ایک مرکزی کیمپ ... قائم کیا جائیگا اور جلوس کے ہمراہ بورڈ کے والنٹیر ... رہیں گے ۔

تمام ممبران سے درخواست ہے کہ پوری سرگرمی کے ساتھ بورڈ کے اس پروگرام کو کامیاب بنائیں ...

ضیاء الدین احمد آنریری سکرٹری ...

مولانا برکت علی کا مقدمہ

آئندہ پیشی ۱۲ اکتوبر ہوگی !

دہلی ۵ اکتوبر ۔ آج ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں ... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے مولانا برکت علی صاحب کا رکن جمعیۃ علمائے ہند کا مقدمہ دفعہ ۱۲۴ (الف) کے ماتحت پیش ہوا ۔ استغاثہ کی شہادتوں کے بعد فیصلہ کے لئے ۱۲ اکتوبر مقرر ہوئی ۔ مولانا نے کارروائی مقدمہ میں کوئی حصہ نہیں لیا ۔

جامعہ ملیہ کے مقاصد

(۱) مسلمان بچوں کو اسلامی روایات علمی اور قومی مصالح کے مطابق تعلیم دی جائے اور ان کو اپنے مذہب اور تمدن سے ایسا لگاؤ پیدا کر دیا جائے کہ وہ ملت اسلامیہ اور ہندوستانی قومیت کے مفید کن رکن بن کر ملت اور قوم کی اصلاح اور ترقی میں حصہ لے سکیں ۔

(۲) اردو کو ذریعہ تعلیم بنایا جائے ۔

(۳) غیر زبانوں کے علمی سرمایہ کو اپنی زبان میں منتقل کیا جائے ۔

(۴) ہنر تعلیم کو ترویج دی جائے ۔

(۵) آزاد تعلیمی تجربوں کے ذریعہ ایسا نصاب تعلیم مرتب کیا جائے جو موجودہ تعلیم کے نقائص کو دور کر سکے ۔

جو حضرات ان مقاصد کی تکمیل کے لئے حلقہ ہمدردان جامعہ میں شریک ہونا چاہیں اپنے نام ... شیخ الجامعہ کو (قرول باغ دہلی) مطلع فرمائیں ۔

مقامی اخبار نویسوں کا ایک اہم جلسہ

آرڈیننس بل کی مذمت

دہلی میں یوم آرڈیننس کے جلسے اور جلوس

جمعیۃ علمائے ہند کے آٹھویں ڈکٹیٹر کی تقریر

شراب پر پکٹنگ اور گرفتاریاں

دہلی ۶ اکتوبر ۔ جمعیۃ العلماء ہند کے پروگرام کے مطابق آج دہلی میں آرڈیننس ڈے منایا گیا ...

شراب کی دوکان پر پکٹنگ

حضرت مولانا کی گرفتاری کی خبر تمام بازار میں بجلی کی طرح پھیل گئی ... اور مولانا محمد اسمٰعیل زندہ باد ... کے نعرے لگا رہے تھے ۔ پولیس کی لاری چاندنی چوک میں کھڑی ہوئی تھی جس میں حضرت مولانا کو سوار کر کے کوتوالی لیجایا گیا ۔

معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا کی گرفتاری آرڈیننس کی دفعہ ۶۰ کے ماتحت عمل میں آئی ہے ۔

آگرہ میں ایک قدیم مسجد کی ازسرنو تعمیر

مسجد کے صحن کو شارع عام بنا یا گیا تھا

... اور ذات باری نکلی مسجد کے سامنے کچھ فاصلہ پر ... اس کے حوض میں پانی آیا کرتا تھا ... اس عمارت میں چھ ماہ تک بابر کی نعش رکھی گئی تھی اس کے بعد کابل بھیجی گئی ہے ۔

مولانا کی تقریر کے بعد حکیم شفاء الله القادری نظامی صاحب کی تقریر ہوئی اور اس کے بعد ... کی تقریر پر جلسہ ختم کر دیا گیا اور مسجد کی تعمیر شروع ہوگئی ...

الله تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنے اس گھر کی حفاظت فرماتے ہوئے مسلمانوں کو توفیق دے کہ جلد از جلد اس کو مسجد بابری جیسا آباد کر کے اپنی مذہبی ہمدردی کا پورا پورا نمونہ دکھائیں ۔ آمین ۔ (نامہ نگار)

ایک عالم دین کی افسوسناک وفات

دریا کو عبور کرتے ہوئے موجوں کی نذر ہوگئے !

... الله تعالیٰ سے دعا ہے کہ علم نبوت کے پیاسے کو ابرار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے ۔

ناظرین سے درخواست ہے کہ مرحوم کے لئے دعا مغفرت فرمائیں اور جن قدر ہو سکے قرآن پاک کی تلاوت فرما کر ایصال ثواب کریں ۔

گاندھی جی کی رہائی کا مسئلہ

وزیراعظم و حکومت ہند میں اختلاف

دہلی ۷ اکتوبر ۔ مسٹر بی ۔ داس ممبر اسمبلی نے نمائندہ پریس سے دوران ملاقات میں حکومت کی "دوعملی پالیسی" کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جبر و استبداد کا دور دورہ ہے لیکن اصلاحات کا نام و نشان تک نہیں ۔ آپ نے حکومت کے خلاف یہ الزام لگایا کہ حکومت نے اس زبردست مصالحتی تحریک کی ... مسٹر بی داس نے اس سرگرم افواہ کا بھی ذکر کیا کہ مسٹر میکڈانلڈ وزیراعظم نے حکومت ہند سے یہ خواہش ظاہر کی تھی کہ گاندھی جی کو رہا کر دیا جائے لیکن ... آپ نے اس امر پر اظہار افسوس کیا کہ تعاون اور صلح کے لئے دروازہ بند کر دیا گیا ۔

بنگال میں ایک اور بم پھینکا گیا

ایک ہندو اور دو مسلمان گرفتار

جہاں پور ۴ اکتوبر ۔ دیسی شراب کی ایک دوکان میں ایک بم ... پھینکا لیکن وہ ... کوئی شخص زخمی نہیں ہوا ۔ معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں دو مسلمان اور ایک ہندو گرفتار کر لئے گئے ہیں ۔ پولیس مزید تحقیقات میں مشغول ہے ۔

انگلستان کی مزدور جماعت ہندوستان کی تائید میں

ہندوستان کو حق ہے کہ وہ اپنے موافق دستور بنالے

اشتراکیت کی پرزور حمایت

لندن ۴ اکتوبر ۔ مزدور پیشہ جماعت نہایت ہی سنجیدگی کے ساتھ اپنی سابقہ حالت کا جائزہ لے رہی ہے ...

قومی حکومت پر سخت حملہ

ہندوستان کو حق خود ارادیت

ڈاکٹر ہیو ڈالٹن جو اس جماعت کے لائق ترین افراد میں سے ہیں ۔ اس بات پر زور دیا کہ طلائی معیار کو قائم نہ ہونے دینا چاہئے ۔

طہران کے قونصل اور فلسطین کے نائب قونصل

بغداد طہران روڈ پر لوٹ لئے گئے

بغداد ۴ اکتوبر ۔ اس خبر کی اب تصدیق ہوگئی ہے کہ بغداد طہران روڈ پر کرمان شاہ اور ہمدان کے درمیان ڈاکوؤں نے تین امریکی افسروں کو لوٹ لیا اور ننگا کر کے چھوڑ دیا ۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ڈاکو بندوقیں لئے ہوئے پہاڑوں پر سے آئے ... مسٹر ... اور مسٹر کیمل ہیں ۔ اول الذکر طہران میں بطور قونصل مقیم تھا اور موخر الذکر دونوں اصحاب یروشلم میں بطور نائب قونصل مقیم تھے ۔

ہندوستان میں کتنے کانگریسی کارکن گرفتار ہوئے ؟

۵۶ ہزار اندر ۔ بیس ہزار باہر

بمبئی اور یو ۔ پی کا نمبر سب سے بڑھا ہوا ہے

سرکاری اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ (۱) گرفتار شدگان کی تعداد جو کہ آرڈیننس اور معمولی قانون کے تحت میں گرفتار ہوئے ہیں ان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں :-

صوبہ	مرد	عورتیں	میزان
مدراس	۲۴۹۸	۲۴۲	۲۷۴۰
بمبئی	۱۰۳۳۲	۶۵۶	۱۰۹۸۸
بنگال	۹۲۲۴	۶۲۹	۱۰۵۵۳
یو ۔ پی	۱۱۰۰۵	۴۲۴	۱۱۴۲۹
پنجاب	۱۴۳۸	۱۱۲	۱۵۵۰
بہار و اڑیسہ	۱۹۹۵	۲۷۶	۹۸۷۱
سی ۔ پی	۳۴۷۶	۲۹۶	۳۷۷۲
آسام	۱۰۸۲	۸۷	۱۱۶۹
صوبہ سرحد	۵۲۹۰	۱	۵۲۹۱
دہلی	۸۹۶	۵۱	۹۴۷
کورگ	۲۰۱	۳	۲۰۴
اجمیر مارواڑ	۲۵۳	۷	۲۶۰
کل میزان	۵۵۹۹۰	۲۷۸۴	۵۸۷۷۴

وہ لوگ جو کہ معمولی قانون اور آرڈیننس کے تحت میں ہنوز جیل میں ہیں ان کی تعداد حسب ذیل ہے :-

میزان کل	۲۱۴۲۲	۸۴۳	۲۲۲۶۵

بمبئی میں ہندو مسلم سمجھوتہ کیلئے احرار ہند کا اجتماع

مولانا ابوالکلام آزاد ۔ مولانا شوکت علی اور پنڈت مالویہ کی گفتگو

تصفیہ کی صورت اور آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد کے امکانات

مولانا شوکت علی کے تار

بمبئی ۔ ۷ اکتوبر ۔ مولانا شوکت علی نے حسب ذیل تار پرائیویٹ سکرٹری وائسرائے اور گاندھی جی کے نام ... ارسال کئے ہیں ۔

گاندھی جی کے نام

ملاقاتیں

امریکہ کی روانگی ملتوی

بعد کی اطلاع ہے کہ پنڈت مدن موہن مالویہ ۔ ڈاکٹر سید محمود مولانا ابوالکلام آزاد ۔ سردار سلیمان قاسم مٹھا اور متعدد دیگر اصحاب کی درخواست پر مولانا شوکت علی نے امریکہ کی روانگی دو ہفتوں کے لئے ملتوی کر دی ہے ۔

لکھنؤ میں مسلم پارٹیز کانفرنس منعقد کرنیکا فیصلہ

بمبئی ۸ اکتوبر ۔ مولانا ابوالکلام آزاد اور ڈاکٹر سید محمود کے ساتھ آج صبح مولانا شوکت علی نے غیر رسمی طور پر گفتگو کی اور یہ قرار پایا کہ لکھنؤ میں ۱۵ و ۱۶ اکتوبر کو مسلمانوں کی مختلف پارٹیوں کی ایک کانفرنس طلب کی جائے جس میں منتخب رہنما شریک ہوں ۔ اس کانفرنس کے بعد ایک آل پارٹیز کانفرنس طلب کی جائے گی ۔

بمبئی ۶ اکتوبر ۔ کل سہ پہر کو پنڈت مدن موہن مالوی اور مولانا شوکت علی کی ملاقات بڑلا ہاؤس میں ہوئی ۔ جہاں کہ پنڈت جی آج کل مقیم ہیں ۔ گفت و شنید ایک گھنٹہ تک ہوتی رہی ۔ دوران گفتگو میں مولانا ابوالکلام آزاد ، ڈاکٹر سید محمود اور شیخ عبدالمجید صدر انجمن خلافت کانفرنس بھی شریک تھے ... معلوم ہوتا ہے کہ لیڈران نے بہت زیادہ دوستانہ اسپرٹ کا مظاہرہ کیا ہے اور لیڈران ہندو مسلم سمجھوتہ کی امداد بہم دریافت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ معلوم ہوا ہے کہ پنڈت مالویہ اس امر پر زور دے رہے ہیں کہ مسلمان اپنے باہمی اختلافات دور کر دیں اور بعد میں متفقہ مطالبات پیش کریں ۔

مالوی وغیرہ سے گفتگو

تصفیہ کی صورت

ملک کے گوشہ گوشہ سے آل پارٹیز کانفرنس کی تائید

حضرت مولانا حسین احمد مدنی اور مولانا قطب الدین عبدالوالی کا بیان

صوبہ سرحد کی طرف سے کانفرنس کا خیر مقدم

مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب کا اعلان

حضرت مولانا حسین احمد صاحب کی طرف سے تائید

دیوبند سے حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدظلہ بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں کہ مولانا ابوالکلام صاحب آزاد نے آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنیکی جو تجویز پیش کی ہے وہ نہایت اہم اور ضروری ہے ... میرا خیال ہے کہ اگر ... اس کانفرنس کو کامیاب بنانے اور ایک سمجھوتہ ... یہ ہے کہ ہندو مسلمان اور سکھ ... میری رائے ہے کہ پنڈت مالویہ اور سرتیج بہادر سپرو کو موجودہ صورت ... سے غور کرنا چاہئے ۔

مسلمان سمجھوتہ کے لئے تیار ہیں

بنگال اور مخلوط انتخاب کی تائید

حامیان افتراق کی خندہ اندازیاں

شملہ ۶ اکتوبر ۔ سر محمد اقبال پریذیڈنٹ آل انڈیا مسلم کانفرنس ، مولوی شفیع داؤدی سکرٹری ، ڈاکٹر شفاعت احمد خان ، ڈاکٹر ضیاء الدین ، سر محمد یعقوب ، سید عبدالحفیظ ... نے ... ایسوسی ایٹڈ پریس کے نام ... بیان ...

میرٹھ میں ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کا قیام

ملک کے متفقہ مطالبہ کی ترتیب تدوین

میرٹھ ۔ ۸ اکتوبر ۔ ...

یوم احترام مساجد و اوقاف

(بقیہ صفحہ ۲)

سلہٹ

دبمقام ناظم مرکزی تحفظ ناموس شریعت جمعیت علمائے ہند کی ہدایت کے بموجب جمعیت علمائے آسام کی سرکردگی میں سلہٹ کی جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ زیر صدارت جناب مولانا منہاجت الانبیاء صاحب ایک عام جلسہ کا انعقاد ہوا قرب و جوار کے صدہا مسلمان شریک جلسہ ہوئے۔ فاضل صدر اور جناب مولانا عبد المصور صاحب اور دیگر معزز مقررین نے تجاویز مرکزی تحفظ ناموس شریعت کو خوب اچھی طرح حاضرین کا ذہن نشین کرایا اور اس سلسلہ میں جمعیت علمائے ہند کے تمام خدمات کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا اور بتا دیا کہ مسلمانوں کو سمجھ لینا چاہئے کہ تحفظ ناموس شریعت کے لئے اگر ان کے دل میں کوئی تڑپ موجود ہو تو ان کا فرض ہے کہ جمعیت علمائے ہند کی ہدایت بموجب اقدام عمل کریں، آج جمعیت علمائے رد گردانی تحفظ ناموس شریعت سے رد گردانی کا مرادف ہے حاضرین جلسہ پر ان تقریروں کا بہت گہرا اثر پڑا۔

بالآخر ہر سہ تجاویز بالاتفاق آرا منظور ہوئیں ختم جلسہ پر ایک جلوس بھی نکالا گیا۔ جب یہ جلوس پرامن طریقہ پر درگاہ شاہ جلال رحمۃ اللہ علیہ کی طرف جاتا ہوا کچہری کے سامنے پہونچا پولیس سپرنٹنڈنٹ کانسٹیبلوں کی ایک جماعت کے ساتھ مزاحم ہوگیا اور لوگوں کو دیکھ کر جلوس کو تتر بتر کردیا یا زخم چند آدمی کو خفیف چوٹ بھی آئی۔ جلوس کے ساتھ جس قدر موٹو اور جھنڈے تھے سب ...

اسی جلسہ میں ۔۔ ستمبر کے جلسہ احترام مساجد و اوقاف کا اعلان کیا گیا کہ بھولا چودہری والی جامع مسجد میں جمعہ کے بعد جلسہ ہوگا۔

خورشید حمزہ پوری

شیر گھاٹی ضلع گیا

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

معتمد شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب دارالعلوم دیوبند
شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب
شیخ التفسیر حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبند

عالی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی
عالی جناب حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف حکیم میاں دہلوی
عالی جناب حکیم عبد الوہاب صاحب نابینا دہلوی

کے

خصوصی مجربات

معجون عنبری

دل و دماغ اور جملہ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے والی نہایت مقوی باہ ممسک اور محافظ منشط ہے یہ معجون نہایت قیمتی اور لطیف اجزاء مشک و عنبر وغیرہ سے مرکب ہے نہ اس میں کوئی کشتہ ہے نہ کسی قسم کے سمیات اور نشی وغیرہ مضر اجزاء ہیں جو لوگ بے اعتدالیوں کی بدولت اپنی تندرستی کو خیرباد کہہ چکے ہیں ان کے لئے یہ معجون آب حیات ہے، مادہ اور خون کی تولید کو بڑھاتی اور حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی ہے اعصاب کو قوت دیتی بھوک بڑھاتی ہے کمزور سے کمزور آدمی چند روز میں توانا تندرست ہوجاتا ہے نیز اول از وقت بھی استعمال ہوسکتی ہے خوراک چھ ماشہ قیمت فی تولہ آٹھ آنہ (۸)

اکسیر قلب

دل کے امراض میں واقعی اکسیر کا حکم رکھتی ہے اس کو استعمال کرنے سے دماغی کام کرنے والے دماغ سے جس قدر چاہیں کام لے سکتے ہیں خوراک ایک رتی سے دو رتی تک قیمت فی تولہ چار روپیہ (للعہ)

(نوٹ) دواخانہ رشیدیہ میں بہترین مرکبات تیار ہوتے ہیں فہرست مجربات خصوصی منگا کر ملاحظہ فرمائیے۔

ملنے کا پتہ

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

ٹیلیفون نمبر ۵۶۶

تار کا پتہ "ہیڈی سنٹر" دہلی

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب نے رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے۔ اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانہ کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھائیے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمائیے)

آپ کا خادم منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے

جوہری	ملین	اکسیر نسواں	قرص اعظم

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

۸۵۷

آج کل صحت کو برقرار رکھنا چاہیں تو

ہاضمہ کا خیال رکھیں ہاضمہ کی خرابیاں ہی اس موسم کی تمام چھوٹی بڑی بیماریوں کی جڑ ہیں کھانسی۔ زکام۔ انفلوئنزا۔ جی متلانا۔ قے۔ دست۔ بدہضمی یہ سب ہاضمہ کی خرابیاں ہی ہیں اسلئے صحت کو ہر طرح سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں تو

"امرت دھارا" (رجسٹرڈ)

کا استعمال بکثرت جاری رکھنا چاہئے کوئی بھی تکلیف ہو جائے اسی پر زور دینا چاہئے اسے دستوں میں ناروانہ پانی سے بار بار پیا جائے اس کا استعمال قسم کے انفلوئنزا وغیرہ بخاروں سے محفوظ رکھیگا کیونکہ وہ کمال درجہ کی اینٹی سپٹک بھی ہے ہاضمہ ٹھیک رہے گا تو قدرت کی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں گے اور آجکل بھی صحت کی ترقی ہوتی دیکھیں گے!

گھر میں رکھئے۔ جیب میں رکھئے۔ بھولئے نہیں صحت روپیہ اور وقت سب کو بچاوے گی!

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے نصف شیشی ایک روپیہ چار آنہ۔ نمونہ آٹھ آنے

احتیاط: نقلوں سے بچو کیونکہ سخت و دیرینہ امراض میں پڑ کر دکھ و تکلیف بڑھا دیں گی صحت کے معاملہ میں کبھی نقلوں پر اعتبار نہ کرو!

المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون، امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ امرت دھارا ۰ لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
پاؤ کالم

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری بی اے

جلد ۱۶ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۱۲ر جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۳ر اکتوبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۶

معاصرین کے افکار و آراء

جمعیۃ علمائے برہما (خیر)

جمعیۃ علمائے برہما ہمارے صوبے کے محترم و مقتدر علماء کی جمعیۃ ہے جس نے صوبہ برہما کے مسلمانوں کی صحیح خدمت کا بیڑا اٹھایا ہوا ہے - اس جمود و سکون کے گھٹا ٹوپ اندھیرے میں جو مسلمانان برہما پر چھایا ہوا ہے اگر کوئی مشعل روشن ہوئی ہے تو ہم بلا خوف لومۃ لائم کہہ سکتے ہیں کہ وہ اسی محترم جمعیۃ کی ایزد فروز شمع ہے - دنیا کی علمی ترقیات کے شور و شغب میں حق کی آواز نقار خانے میں طوطی کی آواز بن کر رہ گئی تھی اور اندیشہ تھا کہ قوم کی زندگی کو جن چیزوں سے طراوت کا سامان مل سکتا ہے کہیں وہ ہمارے وجود میں بالکل بند ہی نہ ہو جائیں لیکن مسند نشینان شریعت غرائے مصطفوی نے اللہ کا نام لے کر وہ کروٹ لی کہ دساوس باطلہ کی صفوں میں ہلچل مچ گئی - برہما میں مسلمان مدت سے آباد ہیں اور دینوی لحاظ سے انعامات الٰہیہ سے بحصہ وافر محظوظ ہیں - لیکن جس زبان کو ان کی مادری زبان ہونے کا شرف حاصل ہے وہ اس جنس کی سرمایہ دار نہیں ہے جسے مسلمانوں کی حیات سے گہرا تعلق ہے یعنی اس میں تعلیمات اسلامی کی افسوسناک کمی تھی - اس کمی کا احساس جس جماعت نے کیا وہ یہی جمعیۃ العلماء ہی تو ہے جس نے بیسیوں کتابیں جنہیں درجہ استناد حاصل تھا برہمی زبان میں ترجمہ کرا کر برہما کے گوشہ گوشہ میں پہنچا دی ہیں ان کتابوں کے ترجمے اور طباعت و اشاعت میں جن گرانبار اخراجات کی ضرورت پڑتی ہے اس کا اندازہ وہی لوگ بخوبی لگا سکتے ہیں جنہیں اس میدان میں اترنے کا کبھی اتفاق ہوا ہے لیکن آفرین ہے اس جوان ہمت جمعیۃ کے صدر و اراکین و معاونین کی کوششوں پر کہ انہوں نے اس مشکل کو صبر و استقلال کے ساتھ ایک حد تک آسان بنا دیا -

جمعیۃ العلماء نے اس اہم ضرورت کو سب سے پہلی فرصت میں پورا کرتے ہوئے ایک دار العلوم کی تاسیس کی طرف بھی عنان توجہ منعطف کی اور عرفان و روشنی کا مینار قائم کر دیا ہے جس کی روشنی زمانہ مستقبل میں جہاں تک پہونچے گی اس کا تصور ابھی سے ہماری روح کو بہیج و مسرور کر رہا ہے - ہم چاہتے ہیں کہ جمعیۃ العلماء کے کارناموں کی صحیح نوعیت سے برہما کی اسلامی پبلک کو اچھی طرح سے روشناس کرائیں - اس لئے ہم نے یہ سطور تمہید و توطیہ کے طور پر درج کر دی ہیں تاکہ پبلک کو معلوم ہو جائے کہ ایک ایسی ضروری، مفید اور حیات پرور جمعیۃ کی طرف سے ان کی غفلت کے معنی اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ اپنی حیات پر ہر مات لگا رہے ہیں -

مسئلہ حج اور نئے مفتیوں کا ظہور (پیشوا)

مسلمانوں کو شکایت ہے کہ ان کا کوئی رہنما نہیں - لیڈر ناراض ہیں کہ خود دوسری قوم ان کی بات نہیں مانتی حکومت پریشان ہے کہ وہ مسلمانوں میں سے کتنے لوگوں کو ان کا نمائندہ مانے، کیونکہ پوری قوم کا ہر فرد لیڈری کا مدعی ہے - برادران وطن دریافت کرتے ہیں کہ مسلمانوں کی نمائندگی کی مستحق کونسی جماعت ہے - مگر یہ ساری پریشانیاں ۱۶ر ستمبر کے اجلاس اسمبلی میں رفع ہو گئیں جبکہ ملت اسلام کے نئے مفتیوں کی ایک جماعت کا ظہور اسمبلی ہال میں ہوا - جنہوں نے نہایت انکسار کے ساتھ مسلمان قوم پر احسان کر کے پورٹ حج کمیٹی کا مسودہ سرکار دولت مدار کی ہاں میں ہاں ملا کر نصیبیا مسلمانوں کی خود ساختہ نمائندگی کے بلند بانگ دعاوی کے ساتھ پاس کرا دیا انا للہ وانا الیہ راجعون -

اب نہ حکومت کو پریشان ہونے کی ضرورت ہے، نہ ملت کو - کیونکہ مفتی سر عبدالرحیم مفتی سر محمد یعقوب، مفتی دہونے والے سر شفیع داؤ دنگری جیسے لیڈر مل نے کہہ دیا کہ مسلمان اس مسودہ کا بے چینی سے انتظار کر رہے ہیں" پھر یہ کیا قیامت ہے کہ ان زعیمان ملت نے ادعائے لیڈری کے باوجود بے دقوف مسلمان یہی کہے جاتے ہیں کہ ہمارے رہنما جیل میں ہیں - کیا ہوا اگر مفتی اعظم حضرت علامہ محمد کفایت اللہ کی بجائے مفتی سر محمد یعقوب نے فتویٰ دے دیا -

بد نجو! جب کسی قوم پر نا اتفاقی، بزدلی، اور بے عملی کی لعنت مسلط ہو جاتی ہے تو نہ اس کے جذبات کی حکومت پروا کرتی ہے اور نہ اس کے خواجہ تاش - پھر یہ کیا ہے کہ تم ان گمراہ رہنماؤں کی نمائندگی کے تار و پود نہیں بکھیرتے جن کو تمہارے جلسوں میں آنے کی جرأت نہیں ہوتی - مگر اسمبلی ہال میں تمہاری اجازت لئے بغیر جو جی چاہتا ہے تمہارے نام پر کہہ آتے ہیں - یہ خود ساختہ نمائندے کا تم خشب مسندہ کا مصداق بنتے ہیں - اور تم سر دار اش کی طرح خاموش ہو -

حکومت کو یاد رکھنا چاہئے کہ جو مسودات حج کے سلسلہ میں وہ مسلمانان ہند کی داحد نمائندہ مذہبی جمعیۃ علماء ہند کے ارکان حضرت مولانا حسین احمد، حضرت مولانا سجاد، حضرت مولانا شبیر احمد، حضرت مولانا احمد سعید، حضرت مولانا انور شاہ، حضرت مولانا محمد کفایت اللہ مفتی اعظم کے مشورہ کے بغیر مسلمانوں کے سر منڈھنا چاہتی ہے قیامت تک مسلمان اس سے متفق نہیں ہو سکتے کیونکہ مسلمانوں کے مذہبی اور سیاسی معاملات کے رہنما یہی بے نیاز پیشہ اور مفکر علماء ہو سکتے ہیں، جنہوں نے قرآن حکیم اور حدیث نبوی کی خدمت میں عمر کا بڑا حصہ بابل خانوں میں با مسند افتاء پر گزار دیا ہے نہ کہ سر یعقوب اینڈ کمپنی جن کو مسلمانوں کے جلسوں میں اپنے خیالات کے اظہار کی بھی جرأت نہیں ہو سکتی اور جو قادیانی صدر کو لے کر مسلم لیگ کا جلسہ رائے سینما میں کرتے ہیں - کسی حالت میں بھی مسلمان ان کو حق نہیں مان سکتے جن کو خالص اسلامی مسائل پر مسلمانوں کی جانب سے بولنے کا کوئی حق نہیں ہے -

جمعیۃ علمائے ہند کی خدمات اور ریاست الور (مدینہ)

ہندوستان کے جدید ہنگامہ خیز سیاسی دور میں جمعیۃ علماء کے ہند نے جس قابلیت کا ثبوت دیا ہے وہ اس جماعت کے بزرگوں کی فراست ایمانی کی بین دلیل ہے اور یہ واقعہ ہے کہ اگر آج یہ جماعت بھی مسلم آل پارٹیز کانفرنس، مسلم لیگ، خلافت کمیٹی، مجلس نظم کی طرح زندگی کی شاہراہ سے علیحدہ ہو جاتی تو مسلمانوں کا مستقبل تاریک ہو جاتا اور اسلامی ہندیانی کا ایما کے تصورات سے روگردانی کرنے پر مجبور ہو جاتا - لیکن اس میں خدا کی بہت بڑی مصلحت تھی کہ ان لوگوں کو جنہوں نے علماء کے مقابلہ میں جدید ترقیات کے بلند بانگ دعاوی کئے تھے خود انہیں کے ہتھیاروں سے شکست دی جائے جن کے ذریعے سے وہ دوسروں کو شکست دینا چاہتے تھے -

چنانچہ یہ کوئی حیرت کی بات نہیں کہ جمعیۃ علمائے ہند زندگی کی ہر راہ میں مسلمانوں کی رہنمائی کا فرض انجام دے رہی ہے اور اگر وہ ایک طرف آزادی وطن کے لئے سرفروشانہ جدوجہد کر رہی ہے تو دوسری طرف اس کے سامنے مساجد اللہ کی آزادی کا مسئلہ بھی درپیش ہے اور اگر اس کو حجاز کی ترجمانی کی سعادت حاصل ہے تو دوسری طرف اس کو ہندی ریاستوں کے مظلوم مسلمانوں کی خبر گیری کی بھی فکر ہے - بعض اشخاص نے الور کے معاملہ میں جمعیۃ علماء کے طریق کار پر حرف گیری کی تھی لیکن جمعیۃ کی تحقیقاتی رپورٹ کی اشاعت سے یہ حقیقت سامنے آ جاتی ہے کہ یہی ایک جماعت ہے جو مشکل سے مشکل حالات اور شدید سے شدید تر مدبریوں کے بعد بھی اپنی آزادانہ تحقیقات کے نتائج ملک کے سامنے پیش کر سکتی ہے - مظالم الور کی تحقیقات کے سلسلہ میں جمعیۃ علماء دہلی کے وفد نے اپنی رپورٹ کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ مسلمانان الور کی شکایات تین قسم کی ہیں - ایک شکایت یہ ہے کہ ریاست نے اسلامی قبروں کو مسمار کر کے اُن کی توہین کی - دوسری شکایت یہ ہے کہ ریاست نے مساجد و اوقاف کے احترام کو بالائے طاق رکھ کر مسلمانوں کو سخت اذیت پہنچائی ہے - تیسری شکایت یہ ہے کہ تعلیم قرآن پر پابندی عائد کر دی ہے - مذہبی تعلیم کے اجراء کے لئے اجازت شرط ہے اور اردو زبان کی تعلیم کو دفاتر سے خارج کر دیا ہے -

یہ ہیں وہ شکایات جو ہزار ہا مہاجرین کو ترک وطن پر مجبور کر چکی ہیں اور مہاراجہ الور کا فرض ہے کہ وہ اپنی حکومت کی خاطر ان کا ازالہ کر دیں -

اوقاف و مساجد کی ضبطی (امارت)

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار کو جنہوں نے مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند کی طرف سے مسلمانان ہند اور حکومت کی توجہ اس معاملہ کی طرف منعطف کرائی کہ مسلمانوں کے ضبط شدہ مساجد و اوقاف کو واگزاشت کرا یا جائے -

مجالس مقننہ کے مسلم اراکین کا فرض ہے کہ وہ ان مجالس میں سوالات یا تجویزوں کے ذریعہ ان ضبط شدہ مساجد و اوقاف کو واگزاشت کرائیں، اور حکومت کو مذہبی مداخلت سے باز رہنے کا مشورہ دیں - ضبط شدہ مساجد و اوقاف کو حکومت سے واپس لینے کا مطالبہ بالکل آئینی ہے - اس کا کانگریس کی تحریک یا قانون شکنی سے کوئی تعلق نہیں ہے - اسلئے ہر مسلمان کو اگر وہ کوئی کام ثواب کی غرض کرنا چاہتا ہے، اور کسی قومی کام کے کرنے سے اس کی غرض محض حکام کی خوشامد نہ ہو تو اس کو اس تحریک میں شامل ہونا چاہئے - یہ معاملہ خالصتہً مذہبی ہے - اس کو موجودہ سیاسیات سے دور کا بھی تعلق نہیں ہے - اسلئے مسلمانوں کی تمام مجالس کو اس کے حصول کی متفقہ سعی کرنی چاہئے - مسلم کانفرنس، تحفظ حقوق مسلمین کے دعویٰ سے کام کر رہی ہے - اور اس کے اکثر ارکان مجالس مقننہ کے ارکان بھی ہیں - اسلئے ان کو خصوصیت سے مطالبہ کے اس حق کے حصول اور تحفظ کی سعی کرنی چاہئے -

اسلامی تاریخ کے چند اہم پارے

(الاتحاد)

بالشویک روس اور یورپ کے مقلدوں سے ایک خطاب

تم سب طرف دیکھتے ہو مگر اسلام کی طرف نہیں دیکھتے!

خلیفہ اسلام بھوکوں اور فاقہ زدوں کی تلاش میں

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس وقت سرور انبیاء، خاتم النبیین، رحمۃ للعالمین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری وقت آیا اور آپ مادی زندگی سے فارغ ہو کر رفیق اعلیٰ کے وصال کی تیاری فرما رہے تھے تو صحابہ کرام کو بلا کر آپ نے نصیحت فرمائی - ترکت فیکم امرین لم تضلوا ما تمسکتم بہما کتاب اللہ وسنتی - میں تم میں دو چیزیں ایسی چھوڑے جاتا ہوں کہ جب تک تم ان کو مضبوطی سے پکڑے رہو گے ہرگز گمراہ نہ ہو گے - ایک تو کتاب اللہ (قرآن عزیز) ہے اور دوسری میری سنت یا سیرت (طریقہ) کیسی سچی حقیقت ہے جو ادا ہوئی تھی زبان مبارک سے نکلی اور کیسی نصیحت ہے جس پر مسلمانوں کی نجات وفلاح کی ضمانت ہے!

قاعدہ ہے جب تک مسلمان ان دو چیزوں سے تمسک کرتے رہے وہ نہ گمراہ ہوئے اور نہ حتی الامکان دوسروں کو گمراہ ہونے دیا لیکن جب مسلمانوں نے کتاب اللہ اور سنت نبوی سے اعراض کیا وہ ذلیل و خوار ہو گئے - ان کا اصل شرف جاتا رہا اور ان کی حیات حیوانی کی طرح رہ گئی!

بالشویک روس اور یورپ کی اندھی تقلید

آج جبکہ مسلمان ہزار قسم کے مصائب میں مبتلا ہو گئے ہیں اور دنیا بھر کی بیماریاں ان کے اندر پیدا ہو گئی ہیں - ضروری تھا کہ کتاب اللہ اور سنت نبوی سے تمسک کیا جاتا اور زیادہ سے زیادہ پختہ مسلمان بننے کی کوشش کی جاتی تاکہ اللہ تعالیٰ ان کی کشتی کو منجدھار سے نکال کر ساحل نجات پر لگا دیتا لیکن مشاہدہ اس کے خلاف ہے - مسلمان روز بروز اصل اسلام سے بعید و بیزار اختیار کرتے جا رہے ہیں - ان کے دماغ مختل ہو چکے ہیں - ان کے حواس زائل ہو چکے ہیں اور ان کی مثال اس اندھے کی سی ہو گئی ہے جو رات کی تاریکی میں صحیح راستہ کو تلاش کر رہا ہے -

اب مسلمانوں کی حالت یہ ہے کہ وہ اپنی ناکامیوں کو دیکھ کر کبھی یورپ کی طرف دیکھتے ہیں اور اس کی ترقیوں اور خوشحالیوں سے مرعوب ہو کر پریشان ہونے جاتے ہیں کبھی ترکوں پر نظر ڈالتے ہیں اور ان کی تقلید پر آمادہ ہو جاتے ہیں کبھی بالشویک روس کو اپنا خضر راہ سمجھ کر نجات دہندہ تصور کر لیتے ہیں - یہ سب کچھ کرتے ہیں مگر نہیں کرتے تو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ سے تمسک، جن میں ان کی بدبختیوں اور ناکامیوں کا پورا علاج موجود ہے اور ہر مسلمان سے حقیقی کامیابی اور فلاح کا وعدہ کیا گیا ہے!

موجودہ دور تہذیب میں جس نظام کو سب سے زیادہ سراہا جا رہا ہے اور جس کو ترقی کے لئے دلیل بنے جیتیں ہی گی ہے وہ بالشویک روس کا انقلابی نظام ہے کیوں؟ اسلئے کہ وہاں مساوات کے اصول پر مزدوروں کو تمام حقوق دیئے گئے ہیں - غریبوں اور فاقہ کشوں کو ضروریات زندگی سے مستغنی کر دیا گیا ہے - غریبوں اور مزدوروں کا خون چوس کر وہاں سرمایہ داروں کو موٹا نہیں کیا جاتا بلکہ سب کو ایک سطح پر رکھا جاتا ہے - وہاں ہر شخص اپنے مستقبل سے بے فکر ہے اور نہایت امن و چین کی زندگی بسر کر رہا ہے -

کاش کوئی ان اندھے مقلدوں کو بتا دے کہ ہزاروں برس کے بعد روس نے جو نظام حکومت تجویز کیا ہے - اسلام اس سے ڈیڑھ ہزار برس پہلے ان تیرہ سو برس کو اس راستہ پر چلا چکا ہے! انشاء اللہ اگر الجمعیۃ میں اسے بعض کو اس کا یقین بھی نہ آئے گا کہ اسلام کا نظام حکومت ان تمام نظاموں سے بدر جہا بلند اور فائق ہے جو اب تک نفاذ پذیر ہو چکے ہیں - بالشویک روس کے نظام کو اسلامی نظام سے مقابلہ کرنا آفتاب کو چراغ دکھانا ہے لیکن ہمیں تو شکایت الاسلام مسلمانوں سے ہے جو گھر کی خبر نہیں رکھتے اور دوسروں کی اندھی تقلید میں مرے جا رہے ہیں - اب آپ کو ذیل کے واقعات سے پتہ چلے گا کہ جن اصول ضوابط کو آج دنیا کی نجات کا باعث سمجھا جا رہا ہے وہ اسلام کے پامال اصول ہیں اور حسن پر خلافت راشدہ میں عمل کیا جا چکا ہے -

خلافت راشدہ اور اشتراکیت

امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسلامی اصول پر جو طرز حکومت قائم کیا تھا دنیا اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے اور نہ یا اشتراکی حکومت بھی پیش نہیں کر سکتی جس کی تعریف کے آج کل گیت گائے جا رہے ہیں - خلیفہ اسلام کا حکم تھا کہ تمام اسلامی قلمرو میں کوئی شخص بھی بھوکا نہ رہنے پائے - آپ نے ان تمام لوگوں کے لئے جو مفلوج، اپاہج اور نادار تھے، بیت المال سے تنخواہیں مقرر کر دیں - آپ نے ہر اپاہج اور بھوکے کے لئے ۲۵ سیر غلہ ماہوار امصار کو مقرر فرمایا اور دہمیوں کو بھی ...

بیان نہ کیا جائے کہ اعلان کروایا کرتی تھیں کہ تم لوگوں کے لئے اسقدر خوراک مقرر کر دی گئی جو شخص اس میں سے کم کرے گا قیامت کے دن خدا کے دربار میں جوابدہ ہو گا - اس پر ایک شخص نے کہ کر حرجا کہا کہ کیا آپ کسی قدر غلام کے لئے بھی؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں غلام کے لئے بھی کیونکہ وہ تم جیسے انسان ہیں - (تفصیل کے لئے علامہ بلاذری کی فتوح البلدان دیکھو)

اسلام بھوکوں اور مزدوروں کا خیر خواہ

غرباء اور مساکین کے لئے بہت سی تخصیص مذہب و مشرب سے مقرر کر دئے گئے تھے خلافت راشدہ کا اس دستر خوان سے بہودو نصاریٰ کو بھی ملتا تھا - آپ نے فرمایا کرتے تھے کہ قرآن حکیم میں جو فقراء کے ساتھ مساکین کا لفظ آیا ہے اس سے مراد اہل کتاب ہیں - فاروق اعظم نے اکثر شہروں میں مہمان خانے تعمیر کرائے جہاں غریبوں کو پیٹ بھر کر کھانا ملتا تھا - اور یہ لطف یہ کہ بعض لنگر خانوں میں خود جا کر کھانا تقسیم فرمایا کرتے تھے!

لاوارث بچوں کی حفاظت و تربیت کیلئے خاص انتظامات تھے - امیر المومنین کا حکم تھا کہ ایسے بچوں کو دودھ پلانے اور دیگر مصارف کا انتظام بیت المال سے کیا جائے -

قحط زدوں کیلئے زبردست انتظام

ایک دفعہ تمام عرب کے اندر خوفناک قحط پڑا تو امیر المومنین فاروق اعظم نے قحط زدوں کی خدمت میں اپنی جان کھپا دی پہلے تو اپنے بیت المال کا تمام غلہ اور نقدرو پیہ صرف کیا پھر تمام صوبے کے گورنروں کے ذریعہ غلہ منگایا اور غرباء پر تقسیم کرایا - آپنے حضرت زبیر بن کو حکم دیا کہ قحط زدوں کا مفصل نقشہ بنایا جائے جس کی فوراً تعمیل کی گئی - اس کے بعد ہر شخص کو رسد تقسیم کئے گئے جس کے مطابق لوگوں کو کھانا اور غلہ ملتا تھا یہ چوں پر حضرت فاروق رضی اللہ عنہ ہر ثبت فرماتے تھے - علاوہ ازیں آپ خود اپنی نگرانی میں بیس اور ۲۵ اونٹ روزانہ ذبح کراتے اور قحط زدوں کو کھلاتے تھے!

امیر المومنین بھوکوں کی تلاش میں

خود امیر المومنین کا حال یہ تھا کہ گلی کوچوں میں پھر کر بھوکوں کا پتہ لگاتے اور ان کے لئے خود کھانا مہیا کرتے اگر کوئی مزدور موجود نہ ہوتا تو اپنے کندھوں پر لاد کر غلہ پہونچاتے - اگر آپ کو معلوم ہو جاتا کہ فلاں گھر میں کئی دن سے فاقہ ہے تو بے اختیار روتے اور خدا کی جناب میں دعا کرتے کہ بار خدایا تو اس معاملہ میں میری گرفت نہ کیجیو کیونکہ مجھے اس کا علم نہ تھا کبھی ایسا بھی ہوتا کہ کسی بھوکے گھر میں خود غلہ پہونچاتے اور خود ہی اپنے ہاتھ سے کھانا پکا کر بھوکوں کو کھلاتے - قحط کے زمانہ میں حضرت فاروق کو جس قدر غرباء اور مساکین کا خیال تھا وہ بیان سے باہر ہے - آپ کے خادم اسلم کا بیان ہے کہ اگر قحط رفع نہ ہوتا تو فاروق اعظم اسی غم میں تباہ ہو جاتے!

اے یورپ کے مقلدو! اے نئی تہذیب کے دلدادو! اے مغرب اور روس زدہ مسلمانو! آج کس حکومت میں تم دکھا سکتے ہو کہ غرباء، فقراء اور فاقہ زدوں کا اسقدر خیال کیا جاتا ہو؟ کیا اب بھی تم کو شک ہے کہ اسلام دنیا کے لئے رحمت اور اس کا نظام نوع انسان کی فلاح و بہبود کا ضامن نہیں ہے؟ آج بالشویک روس نے غرباء کو خوشحال کر دیا اور تم اس کے عاشق ہو گئے (اسلام نے خدا کی مخلوق کے لئے جو نظام قائم کیا اس کی طرف تم نگاہ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے ہو -

وفا آموختی از ما بکار دیگراں کردی
ربودی گوہرے از ما نثار دیگراں کردی

ضروری گزارش

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہیئے کہ خط و کتابت کرتے وقت اپنا نمبر خریداری ضرور تحریر فرمایا کریں جو آپ کے پتہ کی چٹ کے داہنے کونے پر لکھا ہوتا ہے ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف -

جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں -

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلیماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

کیسٹوفین
بچوں کی صحت
کا خیال اسواسطے ضروری ہے کہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دار و مدار ہے - امراض کے گھٹاؤ اور خطرناک خراب اثر سے اپنے بچوں کی صحت کو خراب مت کرو -
کیسٹوفین
بچوں کی صحت کا محافظ ہے - نہایت خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے - بالکل بے ضرر ہے - ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے -
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

[illegible] مفت
حیران کن ... نہیں کرتی
... کی پوری قیمت ... دوبارہ ... کے خرچ کے لئے ... ٹکٹ بھیج دیں -
اگر اب بھی دوا سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے تو یہ اس کی قسمت
منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر
عمل تسخیر ... [illegible]
ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۱۴۸ دہلی

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہو گی
اگر آپ ... ہندوستان کے دار السلطنت دہلی سے ... خدمات حاضر ہیں -
آپ گھر بیٹھے ... قرآن مجید ... ادویہ ... وغیرہ ...
ہمارا کمیشن برائے نام ہوتا ہے
مریض ...
ہندوستان سے باہر ...
تصدیق ...
ایم - عبدالحمید منیجر ... کمیشن ایجنٹس بلیماران دہلی

شربت فولاد
معزز ناظرین! ہر شربت و ادویات کی قابل قدر ... کمزوری ... [illegible]
منیجر ہمدرد دواخانہ لال جاہ دہلی

دواؤں اور وربول اٹھے کہ نابیر اسکو کہتے ہیں
بدن کو کندن بنا دیتی ہے اکسیر اسکو کہتے ہیں
اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم
... [illegible]
مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب
پھلواری شریف ضلع پٹنہ

صرف ایک رات میں ... کا شہنشاہ
حیرت انگیز ایجاد دنیا
طلسماتی طلا (دیا) طلا بے نظیر
... [illegible]
ویدبھوشن ڈاکٹر منارام گپتا طبیب حاذق (رمیڈیکل ہال) ...

اخبار الجمعیۃ
کے لئے
ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

اخبار الجمعیۃ
میں
اشتہار دے کر اپنی تجارت کو
فروغ دیجئے - منیجر

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے - اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے - مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عہ/ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی عہ/ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں -

غریبوں کا قرآن مجید معرا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا - کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائیٹل نگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے - ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ دعہ/ بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک -

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام الدین میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ بلا جلد ستے قسم دوم حنا شدہ بلا جلد ۶/ علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸ر اور چمڑے کی جلد کا عہر ہدیہ کے علاوہ

ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی وہی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۲۶۰ صفحات قیمت صرف ۱۲ر علاوہ محصولڈاک -

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں -

تعلیم الاسلام کا قاعدہ	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر
ار	ار	۳ر	۴ر	۵ر

علاوہ محصولڈاک -

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶ر

ابدی نجات - آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۳ر

ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۳ر جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ ہجری

مسلمانوں کے اتحاد و اتفاق کی مخالفت

حامیان افتراق کا بے معنی شور و غوغا

گذشتہ چند یوم کے اندر لکھنؤ کی مسلم کانفرنس کے سلسلہ میں جو واقعات رونما ہوئے ہیں انہوں نے ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ ایک ایسا طبقہ ملک کے اندر موجود ہے ...

یہ مخالفت کیوں ہے؟

مسلمانوں کی عام خواہش

داعیان کانفرنس کی توضیح

قوم کا متفقہ فیصلہ

افتراق انگیزی اور اس کا راز

حضرت مفتی صاحب کو رہا کیا جائے

صوبہ سرحد کی کونسل کا تحفہ

ملک خدا بخش کی تجویز

شہری مسجد کی دو کانیں نذر آتش کر دی گئیں

نکات و لطائف

(مدیر نکات و لطائف کے قلم سے)

جب کوئی شخص جھوٹ، کذب، افتراء، بہتان، تہمت طرازی، دسیسہ کاری اور تلبیس الحق بالباطل پر کمر باندھ لیتا ہے تو اس کے لئے پروپیگنڈا بازی میں بڑی بڑی آسانیاں پیدا ہو جاتی ہیں ...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ترکی میں وطنی مصنوعات کا ارتقاء

غیر ملکی اشیاء کی درآمد پر پابندیاں

حکومت ترکی نے ملکی مصنوعات کی طرف جو توجہ مبذول کی ہے اس نے یورپ کی اقتصادیات پر گہرا اثر ڈالا ہے ...

عیسائی اپنے مدارس کو بند کرنے پر مجبور ہو گئے

دو سو برس میں کتنے انسان مقتول ہوئے

یورپ کی جنگوں کے ہولناک نتائج

فلسطین میں یہودی اثر و نفوذ

موجودہ مردم شماری کے اعداد و شمار

ترکی میں جشن آزادی کا پرجوش مظاہرہ

ہندوستان کے طول و عرض میں یوم حج و احترام مساجد و اوقاف

جمعیۃ علماء ہند کی ہدایت جلسے اور جلوس کے مظاہرے

حکومت اور اسمبلی کے ارکان کی روش کے خلاف اظہار نفرت و ملامت

(گذشتہ سے پیوستہ)

بنارس

سنبھل

بانکی پور (پٹنہ)

آرہ

اوتمان زئی (سرحد)

نگرام (ضلع لکھنؤ)

امروہی (یو پی)

نواں شہر (جالندھر)

کالا باغ (پنجاب)

بودھان (سورت)

رودولی

پورسا (بنگال)

پٹنہ سٹی

ماہی گنج

حوادث و احکام

(گذشتہ سے پیوستہ)

(باقی آئندہ)

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کا مکتوب ارکان جمعیۃ علماء ہند کے نام

لکھنؤ کانفرنس کے ساتھ ارکان جمعیۃ علماء کے اجتماع کی ضرورت

باہمی مفاہمت اور جمعیۃ علماء کا نقطۂ نظر

حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی ڈکٹیٹر ششم جمعیۃ علماء ہند کے دستخط سے مندرجہ ذیل مضمون کے دعوت نامے ارکان جمعیۃ علماء ہند کے نام جاری کئے گئے ہیں :-

مولانا المحترم زید مجدکم

سلام مسنون ، ہندو مسلم مفاہمت کے سلسلہ میں مسلم رہبران ملک کا ایک بے ضابطہ اجتماع ۱۵ ، ۱۶ اکتوبر کو سلیم پور ہاؤس لکھنؤ میں منعقد ہونے والا ہے میں مناسب سمجھتا ہوں کہ حسب ذیل ارکان جمعیۃ علمائے ہند کا بھی ایک اجتماع ہو تاکہ جمعیۃ کے نقطۂ نظر کے ماتحت باہمی مفاہمت کے سلسلہ میں مفید مشورہ دیا جا سکے ، وقت کی نزاکت اور موقع کی اہمیت کے پیش نظر توقع ہے کہ جناب والا ۱۵ اکتوبر کی صبح تک لکھنؤ قدم رنجہ فرمائیں گے پہنچنے کے صحیح وقت سے جناب مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب کو فرنگی محل کے پتہ پر اطلاع دیں جن حضرات کے پتہ پر دعوت نامے بھیجے گئے ہیں ان کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں ۔

اسماء مدعوین

(نوٹ) ان تاریخوں کے لئے واپسی ٹکٹ بسہولت مل سکے گا ۔

(مولانا) حسین احمد ۔ دارالعلوم دیوبند

ایک فراموش شدہ عظمت جو تذکار اور یادآوری کی مستحق ہے

طرابلس کے مجاہد اعظم سید عمر مختار شہید کی یادگار مناؤ

عالم اسلامی سے طرابلس اور برقہ کے مسلمانوں کی اپیل

مسٹر سہروردی نے اپنے بیان میں جس دروغ بیانی سے کام لیا ہے وہ نہایت شرمناک ہے۔ میں ان کو کھلا چیلنج دیتا ہوں کہ اگر وہ صداقت پر ہیں تو مسلمانوں کے ایک عام جلسہ میں اپنے ہمراہ کسی بیان کی تصدیق کرا دیں اگر ان میں اس مقابلہ کی تاب نہیں ہے تو وہ آئندہ اس قسم کی شرارتوں سے باز آئیں اور اپنی ذاتی رائے کو رائے عامہ سے تعبیر نہ کریں۔ چونکہ مسلمانان عامہ نے اتحاد کی مبارک تجویز کا خیر مقدم کیا ہے اور اس کو استقلال وطن کے لئے نیک فال سمجھا ہے اس لئے غداران ازلی کے ہاں صف ماتم بچھ گئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسٹر سہروردی آل مسلم پارٹیز کی نمائندگی سے انکار کر رہے ہیں۔ لیکن ہندوستان میں قومی شعور بیدار ہونے کے بعد اس قسم کی چالیں کامیاب نہیں ہو سکتیں۔

لکھنؤ کانفرنس کی کامیابی پر مبارکباد
صدر جمعیۃ شبان المسلمین کا تار!

غازی محمد عثمان صاحب آزاد صدر جمعیت شبان المسلمین دہلی نے حسب ذیل تار امام الہند مولانا ابوالکلام صاحب آزاد، سر وزیر الفقار علی خان صاحب لکھنؤ کانفرنس، چودھری خلیق الزمان اور راجہ صاحب سلیم پور کے نام بھیجا ہے:-

میں بحیثیت صدر جمعیت شبان المسلمین دہلی آپ کی اس عظیم الشان کامیابی پر جو آپ نے لکھنؤ میں حاصل کی ہے تہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ مسلم رائے عامہ نے آپ کے اس فیصلہ کو بنظر استحسان دیکھا ہے آپ کا فیصلہ صحیح معنوں میں مسلمانوں کے خیالات کا ترجمان ہے امید ہے کہ آپ فوراً تمام ہندوستان میں عملی جدوجہد شروع کر دیں گے تاکہ دنیا کو یقین کا بھی اندازہ لگائے کہ ان کی تعداد کتنی ہے اور مسلمان اس کو کس نظر سے دیکھتے ہیں۔

اتحاد کانفرنس کے نمائندوں کے نام برقیہ

محمد عثمان صاحب آزاد صدر انجمن شبان المسلمین نے الہ آباد کانفرنس کے نمائندوں کے نام حسب ذیل برقیہ ارسال کیا ہے۔ گزشتہ فیصلوں پر ایسی ترمیمات پیش نہ کیجئے جو کانفرنس کے بلند پایہ مقاصد کو خفیف سا بھی نقصان پہونچائیں۔

مولانا فضل الرحمن کو قید سخت کی سزا

مسٹر پول کی عدالت میں مولانا فضل الرحمن صاحب کارکن جمعیۃ علماء ہند کے خلاف زیر دفعہ ۱۲۴ الف تعزیرات ہند مقدمہ پیش ہوا۔ عدالت نے مولانا سے دریافت کیا کہ تم نے حکومت کے خلاف کیوں تقریر کی؟

مولانا نے جواب دیا کہ میں نے جو کچھ کہا ٹھیک کہا کیونکہ اسلام کی تعلیم کے مطابق کوئی مسلمان کسی دیگر قوم کے ماتحت ہو کر نہیں رہ سکتا اس پر عدالت نے آپ کو دو سال قید سخت کی سزا کا حکم سنا دیا۔

اسی طرح جمعیۃ علماء ہند کے ایک رضاکار سیف الدین پشاوری کو شراب کی دوکان پر پکٹنگ کرنے کے الزام میں ۶ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔ شیخ فیاض الدین۔ عبدالمجید اور حافظ محمد اسمٰعیل کو اس جلوس کی رہنمائی کرتے ہوئے گرفتار کیا گیا تھا جو ۱۰ دسمبر کو جامع مسجد سے جمعیۃ علماء ہند کی زیر قیادت نکالا گیا تھا۔ عدالت نے ہر سہ کارکنوں کو تین تین ماہ قید کی سزا دیدی۔

عازمین بیت اللہ الحرام کو مشورہ

ہندوستان سے جو حجاج زیارت بیت اللہ الحرام کے لئے حجاز مقدس تشریف لے جانا چاہتے ہیں ان کو چاہیئے کہ وہ جدہ میں محمد عمر ساعاتی کو اپنا رہبر اور معلم بنائیں۔ موصوف سالہا سال سے حجاج کی خدمات کا ذاتی تجربہ رکھتے ہیں اور خود ہندوستانی ہونے کے باعث ہندوستانی مسلمانوں کے جذبات و ضروریات کا بہتر خیال رکھتے ہیں جو حجاج موصوف کو اپنا معلم بنائیں گے وہ انشاء اللہ آرام و آسائش اور سنت نبویہ کے مطابق حج ادا کر سکیں گے۔

(نامہ نگار)

ایک سیٹھانی کے مقدمہ قتل کا فیصلہ
پانچ کو پھانسی کی سزا۔ ایک بری

دہلی ۱۶ دسمبر کل مسٹر ربی بیکٹ ڈسٹرکٹ و سشن جج کی عدالت سے اس مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا گیا جو مقدمہ قتل کشمیری دروازہ کے نام سے مشہور ہے اور جس میں سیٹھ رام لعل پریذیڈنٹ ہندوستانی مرکنٹائل ایسوسی ایشن کی بیوی کو ان کا گھر کی آری سے نہایت بے دردانہ طریقہ پر قتل کرنے اور نقد عنایاس ہزار روپیہ کے طلائی زیورات چرانے کے الزام میں چھ ملزمان ماخوذ تھے۔ عدالت نے قتل۔ غلام محمد۔ عبدالغنی۔ امیر اور نظیر پانچ ملزموں کو پھانسی کا حکم دیا۔ ایک ملزم باسدیو کو بری کر دیا گیا۔ یہ شخص سیٹھ کا ملازم تھا۔

علم و عمل کا آفتاب غروب ہوا

نہایت افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دیجاتی ہے کہ حضرت مولانا سید احمد صاحب نقشبندی مجددی دہلوی نے ۹ شعبان المعظم کو اس دار فانی سے کوچ کیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا علم و عمل کے لحاظ سے اب سے پانسو برس پہلے کے متقی علمائے کرام کا نمونہ تھے اور عبادت و ریاضت سے جو وقت بچتا تھا وہ خدمت خلق میں صرف فرماتے تھے۔ دعا ہے کہ خدائے عز و جل حضرت کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور حضرت کے جانشین حضرت مولانا عزیز الرحمن صاحب مجاہد خلافت اور دیگر متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

عزیز حسن بقائی

شادی کے موقعہ پر ۲ عورتیں ہلاک

دہلی سے ۱۱ میل کے فاصلہ پر بائر گاؤں میں ایک مکان گر جانے سے ۱۱ عورتیں زخمی اور دو ہلاک ہوئیں۔ مزید اطلاعات مظہر ہیں کہ عین اس وقت جب کہ لالہ چندولال کے مکان میں جو انگن کی رسم ادا کی جا رہی تھی دوکان کی ایک محراب ٹوٹ کر نیچے گر پڑی جس میں تقریباً ۱۳ خواتین دب گئیں گیارہ عورتوں کو ملبہ سے زندہ نکالا گیا لیکن ۵۵ سالہ کی ایک بڑھیا اور ایک نوعمر لڑکی مر گئیں باقی زخمی عورتوں کو فوراً ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی جو تفصیلات کی تحقیقات کر رہی ہے۔

جمعیۃ علماء سہارنپور کے ڈکٹیٹر اول کی رہائی

سہارنپور ۱۲ دسمبر پرسوں ۱۱ بجے جناب غازی محمد اسمٰعیل صاحب ڈکٹیٹر اول جمعیۃ علماء ہند ضلع سہارنپور اپنی مدت سزا پوری کرنے کے بعد ڈسٹرکٹ جیل سہارنپور سے رہا ہوگئے۔ چونکہ آپ کی رہائی کی اطلاع بروقت کے وقت پر مل سکی اس لئے اپنی تمنا اور آرزو کے مطابق اہل سہارنپور اپنی محبت کا مظاہرہ نہ کرسکے تاہم جمعیۃ کے کارکنوں اور ہندوستانی نوجوانوں کے ایک اچھے خاصے مجمع نے جیل کے دروازہ پر آپ کو خوش آمدید کہا اور پھولوں کے ہار گلے میں ڈالے۔

اتحاد کانفرنس اپنے مقاصد میں ضرور کامیاب ہوگی
پنجاب کی نشستوں پر سکھوں اور مسلمانوں میں تبادلہ خیال
مجموعی نشستوں کو ۲۰۰ کے بجائے ۲۰۲ کر دیا جائے

الہ آباد، ۱۱ دسمبر آج صبح پنڈت مدن موہن مالویہ بنارس یونیورسٹی کے جلسہ تقسیم اسناد کی شرکت کیلئے روانہ ہوگئے ہیں اور غالباً کل رات کو واپس آجائیں گے۔ مہاراجہ الور بھی پنڈت جی کے ساتھ بنارس روانہ ہوگئے ہیں اور شاید آپ الہ آباد واپس نہیں آئیں گے۔ کانفرنس کے متعدد نمائندگان بھی اپنے اپنے گھروں کو واپس چلے گئے ہیں۔

اتحاد کمیٹی کا اجلاس ۲۰ دسمبر کو اور اتحاد کانفرنس کا اجلاس ۲۱ دسمبر کو دوبارہ منعقد ہوگا۔ آسام کے نمائندگان بھی واپس چلے گئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ ابھی تک پنجاب کا فارمولا تصفیہ کے راستہ میں سنگ گراں بنا ہوا ہے اور ہنوز اس کا کوئی انقطاعی فیصلہ نہیں ہو سکا ہے۔ پیر کے روز سب کمیٹی کا اجلاس پھر شروع ہوگا جس میں موجودہ نمائندگان شریک ہو کر نزاعی امور پر غور و بحث کریں گے۔ اگرچہ اس وقت تک اتحاد کانفرنس کی جملہ کارروائیاں بہم ایک ایسی حالت میں ہیں مگر نمائندگان کو یقین ہے کہ فرقہ وارانہ امور کا تصفیہ ضرور ہو جائے گا کیونکہ شرکاء میں سے کوئی جماعت کانفرنس کی ناکامی کی ذمہ داری کو اپنے سر لینا نہیں چاہتی۔

نشستوں کے سلسلہ میں مسلمانوں کی تجویز ہے کہ مجموعی نشستیں ۲۰۰ کے بجائے ۲۰۲ کر دی جائیں جن میں سے دو مزید نشستیں مسلمانوں اور عیسائیوں کو دیدی جائیں۔ سکھوں نے اس تجویز کی اس لئے مخالفت کی ہے کہ اس سے ان کا فیصدی تناسب کم ہو جائے گا۔ سکھوں کی تجویز ہے کہ نشستوں کی تعداد ۲۰۱ کر دی جائے جن میں سے ایک نشست عیسائیوں کو دیدی جائے مگر مسلمانوں نے اس کو منظور نہیں کیا۔

آج صبح سردار گوپال سنگھ نے دوران ملاقات میں فرمایا کہ اگرچہ ہمارے راستہ میں بڑی مشکلات حائل ہیں تاہم تمام نمائندے الہ آباد سے اس وقت جائیں گے جب قومی زاویہ نگاہ سے تمام امور پر اتحاد ہو جائے گا۔

جمعیۃ علماء کانپور کا اجلاس کلکتہ
یہ اجلاس بغیر مشاورت منعقد کیا جا رہا ہے
مولانا قطب الدین عبدالوالی نائب صدر کا اہم اعلان

ہندوستان میں جس قسم کی سیاسی تبدیلیاں ہو رہی ہیں ان کو دیکھتے ہوئے ضروری ہے کہ مسلمانوں کی تمام جماعتیں ایک نقطہ پر جمع ہو جائیں اور پورے حزم و احتیاط سے قدم اٹھائیں۔

جمعیۃ علمائے ہند کانپور کی طرف سے جو کانفرنس کلکتہ میں منعقد کی جا رہی ہے ہم صرف اس قدر ہی عرض کرنے پر اکتفا کرتے ہیں کہ یہ اجلاس نہ تو تمام ممبران کے اتفاق فیصلہ و مشورہ کی بنا پر ہو رہا ہے اور اس موقعہ پر مفید ہے بلکہ ہم سمجھتے ہیں کہ اگر مولوی نظیر الدین صاحب نے اپنے اصرار اور ذاتی رائے سے اسے منعقد کیا تو یقیناً مسلمانوں میں اور خصوصیت سے طبقہ علماء میں مزید اختلافات کا خطرناک دروازہ کھل جائے گا۔ جب تک کانپور کی جماعت کے تمام ممبران و عہدہ داران متفق ہو جائیں یہ اجلاس ہرگز نہ ہونا چاہئے جمعیۃ علماء کانپور کے وجود کو اگر ملک میں پائدار بنانا ہے تو سب سے زیادہ اس کی ضرورت ہے کہ ذمہ دار افراد و ممبران متفق ہو کر کسی مقصد کو لے کر اٹھیں اور جس طرح حضرت امام شاہ عبدالماجد صاحب قادری عبدالوالی علیہ الرحمۃ نے پورے خلوص، ویگانگت کے ساتھ کام کیا تمام وقت قوم کی خدمت کے لئے ذاتی خواہشات سے پاک ہو کر گذار دیا ان کی تقلید کی جائے۔ شخصی اختیارات کو ہرگز ہرگز کوئی کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی اور نہ یہ اجلاس مسلمانوں کی صحیح خدمت کو ادا کر سکتا ہے۔ بلکہ اس کے بعد اور زیادہ شروع ہو جاوے گا۔

(مولانا) قطب الدین عبدالوالی نائب صدر جمعیۃ علماء کانپور (مولوی) عنایت اللہ فرنگی محلی جنرل سکرٹری (مولوی) عبدالحامد قادری سکرٹری (مولوی) کرم علی نائب صدر (نواب) محمد اسمٰعیل خاں نائب صدر۔ حاجی سید محمد حسین رکن مجلس عاملہ۔ سید ذاکر علی رکن مجلس عاملہ

دو سپاہی اور تین سنتھال ہلاک
تیروں اور تلواروں کا استعمال

مالدہ ۱۵ دسمبر ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ کئی صد سنتھالوں کا ایک گروہ جیتو چھٹکا اور سومو متوطن بلنتاری واقع دیناجپور کی سرکردگی میں تھا۔ علاقہ مسجد میں جا کر منظم ہو گیا اور انہوں نے اپنے راج کا ڈنکا بجایا۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، پولیس سپرنٹنڈنٹ ۲۵ مسلح کانسٹبل نیز متعدد سرکردہ غیر سرکاری افراد گزشتہ سہ پہر مسجد کو روانہ ہو گئے۔ ان میں سے ہر ایک ان کو وہاں سے نکالنے میں ناکامیاب ہوا۔ علاوہ ازیں انہوں نے تیر سے ایک کانسٹبل کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور پولیس سپرنٹنڈنٹ پر بھی تلوار اور تیروں سے حملہ کیا جس پر پولیس نے ان پر گولی چلادی تین سنتھال ہلاک اور چار زخمی ہوئے۔ ۱۶ سنتھال گرفتار کر لئے گئے۔ حکام نے بمشکل تمام صورت حالات پر قابو پایا۔ ایک کانسٹبل آج صبح جان بحق ہو گیا ہے۔

صوبہ بمبئی میں تیرہ فلمیں ضبط کر لی گئیں
گاندھی جی کے متعلق کوئی بات نہ دکھائی جائے

بمبئی ۱۵ دسمبر۔ سرکاری گزٹ میں اعلان شائع کیا گیا ہے جس کے ماتحت گاندھی جی کی تیرہ فلم ضبط کر لی گئی ہیں۔ یہ فلم ہندوستانی اور انگریزی کمپنیوں نے گاندھی جی کی ہندوستان سے روانگی، آمد اور قیام انگلینڈ میں سرگرمیوں کے سلسلہ میں تیار کی ہیں۔ اعلان میں مذکور ہے کہ گورنر بہ اجلاس کونسل نے مندرجہ ذیل فلم کو قانون فلم سازی کی دفعہ ۷ کے ماتحت صوبہ بمبئی میں ممنوع قرار دیدیا ہے۔

(۱) گاندھی جی انگلینڈ میں۔ (۲) گاندھی جی کی ملک معظم سے ملاقات (۳) کراچی میں انڈین نیشنل کانگریس کا ۴۵ واں اجلاس۔ (۴) انگلینڈ میں گاندھی جی کی سرگرمیاں (۵) رہائی کے بعد گاندھی جی۔ (۶) صلح کے بعد گاندھی جی۔ (۷) قومی جھنڈا نصب کرنا اور اس کی سلامی (۸) گاندھی جی کی لندن کو روانگی (۹) گاندھی جی لندن میں (۱۰) گاندھی جی لنکا شائر میں (۱۱) گاندھی جی اور مسٹر چارلی چپلن کی ملاقات (۱۲) گاندھی جی کا لنکا شائر میں دورہ (۱۳) لندن میں گاندھی جی کی آمد۔

مجلس اقوام سے جاپان کی علیحدگی

جنیوا ۱۶ دسمبر جاپانی حلقوں میں اس بات کا چرچا ہے کہ اگر سنچو کمیٹی کے ...

معاہدہ الہ آباد کو منظور کر لو
برطانیہ کو ڈاکٹر انصاری کا مشورہ

لندن ۱۶ دسمبر۔ ڈاکٹر انصاری صاحب نے معاصر "نیو اسٹیٹسمین" میں ایک خط شائع کرایا ہے جس کے ذریعہ اہل برطانیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ الہ آباد کے فرقہ وارانہ سمجھوتہ کو نظر انداز نہ کریں کیونکہ ہندوستان کے مستقبل آئین کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جس پوزیشن کی ضرورت ہے اس کو تقویت پہنچانے میں یہ ایک زبردست تعمیری کامیابی ہے۔ آپ نے اس خیال کا بھی اظہار کیا ہے کہ جب سمجھوتہ انقطاعی طور پر منظور کر لیا جائے گا اس کے بعد اغلب ہے کہ ایک بارسوخ وفد انگلستان آئے اور سرکاری فرقہ وارانہ حل کے بجائے معاہدہ الہ آباد کو منظور کر لینے کا مطالبہ کرے۔

حکومت اور گاندھی جی میں گفت و شنید
گاندھی جی سول نافرمانی ترک کرنے کا وعدہ نہیں کرتے
حکومت آپ کو رہا نہیں کریگی

نئی دہلی ۱۶ دسمبر۔ اس بات کا خوف ہے کہ جدید دستور اساسی کو لوگ قبول نہیں کریں گے، اور اس کا اجرا دوبارہ ایجی ٹیشن پیدا کر دیگا۔ حکومت ہند کے کارکنوں نے جیل پہونچ کر گاندھی جی کی رائے معلوم کی اور دریافت کیا کہ کیا وہ سول نافرمانی کو ترک کر دیں گے؟ یا کم از کم وہ اس بات کا وعدہ کریں کہ وہ اپنی بقیہ زندگی ہریجنوں کی اصلاح میں صرف کریں گے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ گاندھی جی نے اس کا بہت معقول اور صاف جواب دیا اور کہا کہ میں اپنی زندگی کا بیشتر حصہ ہریجنوں کی اصلاح پر صرف کرنا چاہتا ہوں مگر میں سول نافرمانی کو ترک کرنے کا وعدہ نہیں کرتا۔ گاندھی جی نے مزید کہا کہ اگر حکومت آئینی ترقی کے میدان میں گامزن ہوتے ہوئے کانگریس کے مطالبات کو بھی منظور کرلے تو سول نافرمانی کا سبب زائل ہو جائے گا اور تحریک خود بخود ختم ہو جائے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی کے جواب پر وائسرائے کی مجلس عاملہ اور حکومت ہند میں کافی بحث ہوئی جس کے بعد طے پایا کہ گاندھی جی کی رہائی خطرہ سے خالی نہیں ہے۔

مجسٹریٹ کی عدالت میں بلیٹن کی تقسیم
متعدد کانگریسی رضا کار گرفتار

مدراس ۱۶ دسمبر کل سہ پہر کے وقت تیسرے پریذیڈنسی مجسٹریٹ کی عدالت میں چند کانگریسی رضا کاروں نے داخل ہو کر سنسنی پیدا کر دی۔ ایک شخص نے ترنگا جھنڈا لہرایا اور دوسرے عدالت کے آدمیوں میں کانگریس بلیٹن تقسیم کئے۔ پولیس نے فوراً اشتہارات چھین کر انہیں گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ان کو عدالت کے سامنے پیش کر کے ۱۷ دسمبر تک کے لئے ضمانت طلب کر لی۔

گاندھی جی اور پنڈتوں میں مباحثہ
شاستری کانفرنس طلب کرنے کی تجویز

پونہ ۱۶ دسمبر سکریٹری آل انڈیا ورنا شرم سوراجیہ سنگھ بمبئی نے گاندھی جی کو ایک خط لکھا تھا جس میں یہ تجویز پیش کی تھی کہ مندروں میں اچھوتوں کے داخلہ پر غور کرنے کے لئے ایک شاستری کانفرنس طلب کی جائے تاکہ فیصلہ ہو جائے کہ مندروں میں اچھوتوں کا داخلہ شاستروں کی رو سے جائز ہے یا نہیں۔

گاندھی جی نے اس کا حسب ذیل جواب دیا:-

براہ مہربانی فوراً جاری رہے خط و کتابت اور مباحثہ کا انتظام کیجئے میں اس مباحثہ کا انعقاد دہلی اور سود بابہ توجہ سے معاملہ کر قبول کروں گا۔

مصر میں برطانوی سفارت کو بم سے اڑانے کی سعی

قاہرہ۔ قاہرہ میں برطانوی ریذیڈنسی پر ایک بم پھینکا گیا لیکن کوئی شخص زخمی نہیں ہوا ...

اتحاد کانفرنس میں تحفظات کے مسئلہ پر غور و بحث
مہاراجہ الور اور دیگر رہنماؤں کی اتحاد آموز تقریریں
"حکومت کو یقین دلا دینا چاہیئے کہ اب ہم متحد ہوگئے ہیں"

الہ آباد ۱۰ دسمبر آج بعد دوپہر میو ہال میں اتحاد کانفرنس کا پہلا اجلاس زیر صدارت راگھو اچاریہ منعقد ہوا۔ اجلاس میں دیگر معززین اور عمائدین کے علاوہ مہاراجہ الور بھی شریک ہوئے۔

مہاراجہ الور کی تقریر

سب سے پہلے مہاراجہ الور نے ایک اتحاد آموز تقریر کی اور فرمایا کہ ہم سب مادر وطن کی اولاد ہیں۔ میں اتحاد کے لفظ سے متاثر ہو کر یہاں آیا ہوں۔ حکیم اجمل خاں مرحوم کی دعوت پر میں ۲۰ گھنٹے کے اندر شملہ پہونچ گیا تھا اور اب مولانا ابوالکلام آزاد اور پنڈت مدن موہن مالویہ کی دعوت پر ۴۸ گھنٹے میں یہاں پہونچ گیا ہوں۔ یہ دعوت قابل رو تھی۔ میں قیام اتحاد کے لئے ہر ممکن کوشش کرنے کو تیار ہوں تاکہ ہمارا وطن اپنے حقیقی نصب العین کی جانب بڑھ کر اپنا پیدائشی حق حاصل کر سکے۔ میں اپنا فرض ادا کرنے کے لئے یہاں آیا ہوں جس کے لئے ہم نے جنم لیا ہے۔ پریاگ کے معنی قربانی کے ہیں اور اتحاد دو اصول یعنی پریاگ اور قربانی سے ہی حاصل ہو سکتا ہے۔ مہاراجہ نے مزید فرمایا کہ اگر ہم میں خلوص ہے تو ہم ضرور کامیاب ہوں گے۔ تحفظات اقلیتوں کے لئے بھی ضروری ہے اور اکثریتوں کے لئے بھی مگر بہتر تحفظات باہمی اخوت اور دوستی ہے۔ اگرچہ کام مشکل ہے لیکن ہم کو کوشش کر کے فرقہ وارانہ تصفیہ کے لئے راہ صاف کرنی چاہیئے اور حکومت کو یقین دلا دینا چاہیئے کہ اب ہم متحد ہوگئے ہیں۔

رہنماؤں کی تقریریں

مہاراجہ الور کی تقریر کے بعد شیخ عبدالمجید صاحب سندھی نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ملک کی فلاح و بہبود کے لئے مسلمانوں کو اسی طرح تشویش لاحق ہے جس طرح دیگر اقوام کو ہے ہم میں سے ہر شخص یہ عزم صمیم کر کے آیا ہے کہ ہم اتحاد قائم کئے بغیر واپس نہ جائیں گے ہم سمجھوتہ کے لئے تہیہ کر کے آئے ہیں اور اس موقعہ کو ہاتھ سے جانے نہ دیں گے۔

مولانا ابوالکلام آزاد نے مداخلت کرتے ہوئے فرمایا کہ اتحاد کا تہیہ کر کے ہم نہیں آئے ہیں بلکہ ہم اس کو حاصل اور قائم ہی کر کے ... شیخ عبدالمجید

صاحب نے فرمایا کہ میں مولانا آزاد کی اس ترمیم کو بخوشی منظور کرتا ہوں۔ ڈاکٹر مونجے نے کہا کہ آج الہ آباد میں گنگا اور جمنا دونوں مل گئی ہیں اور ایک نئی لہر پیدا ہو گئی ہے۔ گیانی شیر سنگھ نے گاندھی جی اور دیگر لیڈروں کی عدم موجودگی پر افسوس کا اظہار کیا۔ آپ نے فرمایا کہ اتحاد ہی حالات کو کامیاب بنایا کرتے ہیں۔

والیان ریاست کے پیغامات

تقریروں کے بعد صدر جلسہ نے اعلان فرمایا کہ اتحاد کانفرنس کا کھلا اجلاس ۱۲ دسمبر کو منعقد ہوگا۔ مختلف والیان ریاست کی طرف سے ہمدردی کے جو پیغامات آئے تھے وہ پڑھ کر سنائے گئے۔ مندرجہ ذیل والیان ریاست نے خصوصیت سے اتحاد کانفرنس کی کامیابی کے لئے دعا کی ہے:-

مہاراجہ بڑودہ۔ مہاراجہ بیکانیر۔ نواب صاحب بھوپال۔ مہاراجہ پٹیالہ۔ مہاراجہ دھولپور۔ نواب صاحب رام پور۔ مہاراجہ دربھنگہ

اتحاد کانفرنس آج صبح منعقد ہوئی اور خوشگوار فضا میں تبادلہ خیال ہوا۔ تحفظات کی دفعہ ۲ پر جس کے باعث گزشتہ رات کو سکھوں نے واک آؤٹ کیا تھا۔ دوبارہ بحث ہوئی اور سکھوں نے اس میں پورا حصہ لیا۔ طول طویل گفتگو کے بعد دفعہ ۳ میں مندرجہ ذیل الفاظ کا اضافہ کر کے ترمیم منظور کی گئی یعنی "ہندوستانی جوں" اس ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ اگر وزارت اور اقلیتوں کے تین ہندوستانی ممبروں میں کوئی اختلاف ہو جائے تو اس کو ایک ٹریبونل کے حوالہ کر دیا جائے جو ہائی کورٹ کے تین ججوں پر مشتمل ہوگا اور جس میں سے ایک جج زمینداروں کا ہو۔ دفعہ کے دیگر حصوں پر ابھی گفتگو نہیں کی گئی ہے۔ آج دوپہر کے بعد کلکتہ کا وفد جو گزشتہ رات مقرر کیا گیا تھا کلکتہ روانہ ہو جائے گا۔ یہ وفد غور کر کلکتہ سے الہ آباد ۲۰ دسمبر کو واپس آجائے گا۔ اور اپنی رپورٹ پیش کردے گا۔ آج صبح کے اجلاس میں ہندوستانی عیسائیوں کی نمائندگی کا سوال پیش آیا کہ ان کو پنجاب کونسل میں کتنی نمائندگی دی جائے گی۔ کوشش کی جا رہی ہے کہ اس سوال کو خاطر خواہ طریقہ پر حل کر دیا جائے۔

نیز امید ہے کہ ۱۵ دسمبر کو منعقد ہوگا امید ہے کہ فیڈرل فنانس کمیٹی کی رپورٹ کانفرنس کے اجلاس میں کل پیش ہو سکے گی۔

وائسرائے کو روپے کی قیمت تبدیل کرنے کا اختیار حاصل ہو
گول میز کانفرنس کی کامیابی پر سکرٹری آف اسٹیٹ کا بیان
وزیر ہند اور سر تیج بہادر سپرو کی گفت و شنید کے نتائج

لندن ۱۶ دسمبر۔ لندن کی آخری اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ وزیر ہند اور سر تیج بہادر سپرو کی گفت و شنید کے بعد دونوں جماعتوں میں فوج کے مسئلہ پر اتفاق ہوگیا ہے۔ سکرٹری آف اسٹیٹ نے ایک بیان کے دوران میں فرمایا کہ ہندوستان کے ناامید لوگ گول میز کانفرنس کی ناکامی کے متعلق بدشگونی کر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ برطانوی تدابیر پسندوں اور سیاسی ہندوستان میں ایک جنگ برپا ہوگی۔

"اسٹیٹسمین" کا نامہ نگار لندن سے اطلاع دیتا ہے کہ برطانیہ اور ہندوستانی نمائندوں میں تحفظات کے مسئلہ پر صرف ایک اختلاف رہ گیا ہے باقی امور طے ہوگئے ہیں۔ برطانیہ کا ارادہ ہے کہ وائسرائے کو روپے کی قیمت میں تبدیلی کا اختیار حاصل ہو مگر ہندوستانی نمائندے اس کو تسلیم نہیں کرتے وہ کہتے ہیں کہ وائسرائے کو ویٹو کے اختیارات کافی ہیں۔

ریاست الور اور مہاجرین الور میں معاہدہ
مسلمانوں کے مطالبات منظور کر لئے گئے؟
تین مسجدوں کی واپسی کا اعلان

الور دربار کے نمائندوں اور مہاجرین الور کے نمائندوں کے درمیان گذشتہ ہفتہ دہلی میں جو معاہدہ ہوا ہے اس میں مہاجرین کے قریباً تمام مذہبی اور تعلیمی مطالبات تسلیم کر لئے گئے ہیں۔

معاہدہ کرنے والوں میں الور دربار کی طرف سے چودھری گردہاری لال وزیر اعظم اور راجہ غضنفر علی خاں وزیر مال تھے اور مہاجرین کی طرف سے خان بہادر حاجی رحیم بخش۔ سید غلام بھیک نیرنگ۔ ڈاکٹر ضیاء الدین احمد۔ نواب ابراہیم علی خاں اور چودھری محمد یسین تھے جنہیں آل انڈیا الور کانفرنس نے ریاست کے نمائندوں کے ساتھ گفت و شنید کرنے کے لئے منتخب کیا۔

الور کی رعایا کی اقتصادی شکایات باقی رہ گئیں ہیں معلوم ہوا ہے کہ مسلم نمائندوں نے اس امر پر زور دیا کہ ان مشکلات کی تحقیقات آزاد اور غیر جانبدار اشخاص کی معرفت کرائی جائے۔ ریاست کے نمائندوں کی طرف سے یہ وعدہ کیا گیا کہ فی الحال راجہ غضنفر علی خاں جو ان شکایات کی تحقیقات دسمبر کے آخر تک ختم کر دیں گے اور اسی وقت فوراً ان کی تحقیقات کا نتیجہ اور ریاست کی تجاویز شائع کر دی جائیں گی۔ نیز یہ کہ مالیانہ کی معافی اور کے متعلق مہاراجہ صاحب ۲ دسمبر کو اعلان کریں گے۔ لہٰذا اقتصادی سوال کو ملتوی رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا کہ مہاجرین کو مشورہ دیا جائے کہ وہ مندرجہ ذیل شرائط پر جو ریاست کے نمائندوں کی طرف سے منظور کر لی گئی ہیں اپنے وطن کو واپس چلے جائیں۔

شرائط معاہدہ

(۱) ریاست کے تمام اسکولوں میں جن میں پرائمری مڈل اور ہائی اسکول شامل ہیں اردو بطور اختیاری مضمون کے پڑھایا جائے گا۔ اور لڑکیوں کے اسکولوں میں ہندی لازمی مضمون ہوگا۔ السنۂ خرقیہ کے سلسلہ میں جو مڈل اسکولوں اور کالج میں پڑھائی جاتی ہیں۔ فارسی کے لئے بھی ویسا ہی انتظام کیا جائے گا جیسا کہ اور زبانوں کے لئے ہے۔

(۲) غیر منظور شدہ اور غیر امدادی مدرسے کھولنے کے لئے کھولنے سے پہلے اور کھولنے کے بعد سرکاری اجازت کی ضرورت نہ ہوگی۔ ایسے اسکولوں کو اجازت ہوگی کہ اگر وہ چاہیں تو ریاست سے باہر کے ملازم رکھ لیں یا باہر سے مالی امداد حاصل کریں۔ لیکن ایسے اسکولوں کو وقتاً فوقتاً محکمہ تعلیم کے مقررکردہ فارموں پر اعداد و شمار وغیرہ بھیجنے پڑیں گے۔ ریاست کے اہلکاروں کو ان اسکولوں کے معائنہ کا اختیار ہوگا۔ لیکن افسران معائنہ مقامی لوگوں کے مذہبی جذبات کا احترام کریں گے۔ ان کے متعلق جو قواعد اس وقت رائج ہیں مذکورہ بالا شرائط کے لحاظ سے ان میں ترمیم کر دی جائے گی۔

(۳) ریاست کے اسکولوں میں تعلیم اور معائنہ کے شاف میں مسلمانوں کے جائز تناسب کا لحاظ رکھا جائے گا۔ دیہاتی علاقوں میں اسکولوں کی تعداد بہت بہت ہے آئندہ زیادہ کی جائے گی ایک مسلمان انسپکٹر مدارس جس قدر جلد ممکن ہوگا مقرر کیا جائے گا۔

(۴) ہز ہائی نس مہاراجہ صاحب ان تمام ملزمان کے حق میں انصاف برتیں گے جو ۹ مئی ۱۹۳۲ء کے فسادات کے سلسلہ میں سزا پا چکے ہیں ان میں وہ ملزمان بھی شامل ہیں جنہیں ایک شخص مسمی رام دیال کے قتل کے سلسلہ میں سزا ہوئی ہے۔

ان فسادات کے سلسلہ میں جن ملزمان کے خلاف مقدمات دائر ہیں یا جن کے خلاف وارنٹ جاری ہیں وہ سب مقدمات واپس لے لئے جائیں گے۔

(۵) جو مسلمان ۲۰ جولائی ۱۹۳۲ء کے بعد ریاست سے ہجرت کر کے چلے آئے تھے ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جائیگی لیکن مہاجرین میں پانچ اشخاص ایسے ہیں جو اگر واپس پہنچنے کے دس دن کے اندر معافی مانگ لینے پر اس عام معافی کے حقدار ہوں گے ان پانچ کے نام حسب ذیل ہیں:-

حافظ محمد ایوب خاں۔ محمد رمضان۔ حافظ مقبول احمد۔ سید علی و نذیر احمد۔

(۶) ان تین اشخاص کے متعلق جن میں ایک شخص مسمی رام دیال ہندو تھا اور اشخاص مسمیان بشیر اور محمد خان مسلمان تھے جو فسادات کے دوران میں مارے گئے تھے ان کے متعلقین کے لئے امدادی وظیفہ مقرر کرنے کی درخواست پر غور کیا جائے گی۔ الور دربار ایک ذمہ دار سرکاری ذریعہ اس واقعہ کی تحقیقات کرائے گا نیز اس امر کی تحقیقات کی جائے گی کہ ایک شخص مسمی نواز خاں ساکن نقوس کس طرح شہید ہوا۔

(۷) الور کی شاہی مسجد کسی دنیاوی غرض کے لئے استعمال نہیں کی جائیگی اور اس کی بے حرمتی کی جائے گی۔ لیکن وہ محکمہ آثار قدیمہ کی تولیت میں رہے گی ...

(۸) ایک مسجد واقعہ بھمور کے متعلق پرانے کاغذات کا ملاحظہ کیا جائیگا اور اس کے مطابق مسلمانوں کے دعوے کا فیصلہ کیا جائیگا مسجد خوشحال بانس اور تکیہ بدھو شاہ کی مرمت کی اجازت درخواست کے وصول ہونے پر دے دی جائے گی۔

محمد بہلول خاں صاحب کی رہائی کا مطالبہ

لکھنؤ ۱۲ دسمبر۔ شیر راجپوتانہ محمد بہلول خاں صاحب والی کی خطرناک علالت کے اعلان نے مسلمانوں کے قلوب میں بے چینی پیدا کر دی ہے۔ لہٰذا ہم حکومت جیپور کو مطلع کرنا چاہتے ہیں کہ وہ غازی موصوف کی علالت کا خیال کرتے ہوئے آپ کو فوراً رہا کرے۔ اور انتہائی رواداری سے کام لے یا کم از کم آپ کے ساتھ اسے کلاس کا سلوک کر کے مسلمانوں کی تسکین کے سامان بہم پہونچائے۔

جناب نواب اسمٰعیل خاں صاحب مولانا محمد عرفان صاحب سکرٹری سنٹرل خلافت کمیٹی۔ غازی محی الدین صاحب اجمیری۔ اللہ بخش یوسفی صاحب سکرٹری مرکزی خلافت کمیٹی۔ گل شیر خاں صاحب رکن مجلس خلافت کمیٹی دربار وحید الدین احمد صاحب بی۔ اے ورکنگ سکرٹری آل انڈیا یوتھ لیگ ایسوسی ایشن۔ فیروز الدین احمد صاحب آل انڈیا یوتھ لیگ۔ شیخ مشتاق علی صاحب۔ مولانا حکیم عبدالحبیب صاحب سید بشیر احمد صاحب بی۔ اے۔ ایڈوکیٹ۔ وحید الدین احراری۔ مولانا حفظ الرحمن صاحب رکن جمعیۃ علماء ہند دہلی۔ مولانا بشیر احمد صاحب رکن جمعیۃ علماء ہند دہلی۔ سید غلام حسن صاحب۔ مولانا فخر الدین صاحب ایم ایل۔ اے۔ مولانا شاہ مسعود احمد صاحب ایم۔ ایل۔ اے مولانا کرم علی صاحب۔ مولانا عبدالحامد صاحب۔

دار العلوم دیوبند کے طلباء کو
سیاسیات میں حصہ لینے کی ممانعت

نئی دہلی، ... دسمبر۔ ... دار العلوم دیوبند (ضلع سہارنپور) اسلامی دنیا کی ایک بہت مشہور درسگاہ ہے اس کے بعض طلباء نے جمعیۃ علماء ہند دہلی کے جھنڈے کے نیچے کانگریس کے ساتھ تعاون کیا۔ کالج کے ٹرسٹیوں نے اس سلسلہ میں ایک جلسہ منعقد کیا۔ معلوم ہوا ہے کہ بورڈ آف ٹرسٹیز نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ اس کالج کا کوئی طالب علم سیاسیات میں حصہ نہ لے ورنہ اسے کالج سے خارج کر دیا جائیگا۔

چھ ممالک نے بارہ کروڑ ڈالر قرضہ ادا کر دیا

واشنگٹن ۱۷ دسمبر۔ برطانیہ، اٹلی، زیکوسلواکیہ، فنلینڈ، لتھوانیا اور لٹویا چھ ممالک نے کل ... اپنی قسط دسمبر ادا کر دی۔ اس طرح ان چھ ممالک سے امریکہ کو بارہ کروڑ پچاس لاکھ ڈالر موصول ہوئے۔ فرانس، بلجیم، پولینڈ، ایسٹونیا اور ہنگری نے جن کو مجموعاً دو کروڑ پچاس لاکھ ڈالر ادا کرنے ہیں۔ اقساط دسمبر ادا نہیں کیں۔

ہندوستان کو مالی آزادی نہیں دی جا سکتی

لندن ۱۸ دسمبر۔ مسٹر مانٹیگو نارمن ایڈ بنک آف انگلینڈ کے گورنر اور مالی تحفظات کی کمیٹی کے ہندوستانی ارکان کا ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں نمائندوں کو ڈاکٹر کرٹن نے مطلع کیا کہ ہم اپنی رائے پر قائم ہیں کہ جب تک ہندوستان مقروض ہے اس وقت تک مالی آزادی نہیں دی جا سکتی۔

میرٹھ میں کانگریس کا زبردست پروپیگنڈہ

میرٹھ ۱۰ دسمبر گذشتہ چند روز سے شہر میں "کانگریس" کی جانب سے پوسٹر لگائے جا رہے ہیں اور عوام میں نامعلوم طریقہ پر بدیشی پارچہ کے مقاطعہ کی تلقین کرنے والے پوسٹر تقسیم کئے جا رہے ہیں۔ تجارتی حلقوں میں اس سے سنسنی پھیلی ہوئی ہے اور پولیس سرگرم تفتیش کر رہی ہے۔

مجلس اقوام میں برطانوی اور ایرانی تنازعہ

جنیوا ۱۷ دسمبر کل اینگلو پرشین آئل کمپنی کا تنازعہ مجلس اقوام میں پیش کر دیا گیا جس کے ساتھ برطانوی نمائندوں نے ۴۰ صفحات پر مشتمل ایک بیان بھی پیش کیا ہے۔ ایرانی نمائندے سکرٹری جنرل سے اس معاملہ میں مہلت طلب کر رہے ہیں تاکہ حکومت ایران اپنا مقدمہ کو مکمل طور پر دلائل کے ساتھ پیش کر سکے لیکن برطانیہ لیگ کے اسی اجلاس میں اس معاملہ کو پیش کرنے پر اصرار کر رہی ہے۔

گول میز کانفرنس کی کارروائی
انکم ٹیکس سے صوبجات کو حصہ دیا جائے گا
مرکزی ذمہ داری کے بغیر صوبجاتی آزادی فضول ہے

لندن ۱۵ دسمبر۔ اسٹیٹسمین کو معتبر طور پر معلوم ہوا ہے کہ انکم ٹیکس کا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔

گول میز کانفرنس میں یہ مسئلہ ایک بہت بڑی رکاوٹ ثابت ہو رہا تھا پرسی کمیٹی نے یہ سفارش کی تھی کہ انکم ٹیکس کی آمدنی صوبجات کو دی جائے صرف کارپوریشن ٹیکس جس کی آمدنی تقریباً تین کروڑ کے قریب ہے مرکز کے لئے محفوظ رکھا جائے۔ چونکہ اس سے مرکز کو خسارہ ہوتا تھا اس لئے کمیٹی نے سفارش کی تھی کہ صوبجات مرکز کو مقررہ حصہ دیں جب وفاقی مالیات کی کمیٹی نے اس سفارش کو نظر انداز کر دیا اور اس تجویز کی حمایت کی کہ فی الحال انکم ٹیکس کی پوری آمدنی مرکز کو دی جائے اور اگر کسی صوبہ کو خسارہ رہے تو اس آمدنی میں سے کچھ حصہ دیکر اسے پورا کیا جائے۔ اس تجویز کی بعض ریاستی نمائندوں نے تائید کی لیکن جملہ صوبجاتی نمائندوں نے اس کی پرزور مخالفت کی۔ ہندوستانی مندوبین نے اس گتھی کو حل کرنے کے لئے یہ تجویز پیش کی کہ انکم ٹیکس کی آمدنی میں سے ۵ کروڑ کی رقم تو مرکز کو دی جائے اور باقی رقم صوبجات پر تقسیم کر دی جائے۔ سر برینشو نے اس تجویز کی۔ اس مضمون پر برطانی ہندکے مندوبین میں اختلافات رائے پیدا ہوگیا۔ انڈیا آفس میں اس پر بحث ہوتی رہی۔ اب معلوم ہوا ہے کہ حکومت اور ریاستوں نے برطانی ہند کے مندوبین کی تجویز کو ایک بڑی حد تک تسلیم کر لیا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ سر تیج بہادر سپرو، مسٹر جیاکر اور ڈاکٹر امبیڈکر وغیرہ نے ایک مکتوب حکومت کو تحریر کیا تھا اس پر نہایت ہمدردی کے ساتھ غور کیا جا رہا ہے اس مکتوب میں بیجیز صاف کہہ دی گئی ہے کہ وہ ایسی حالت میں نہیں رہنا چاہتے جس میں صوبجاتی آزادی تو نافذ پذیر ہو اور جبکہ ریاستوں کی عدم شرکت کے باعث مرکزی ذمہ داری مفقود ہو۔

سپریم کورٹ کے مسئلہ پر بحث

لندن ۱۶ دسمبر۔ کل گول میز کانفرنس میں انجنیوانڈین ایڈوکیٹنگ کمیٹی کی رپورٹ پیش ہو کر منظور ہو گئی۔ اس کے بعد کانفرنس میں سپریم کورٹ کے مسئلہ پر بحث ہوئی۔ ایک ہندوستانی مقرر نے کہا کہ دو علیحدہ عدالتوں کے بجائے ایک عدالت ہونی چاہئے جو فیڈرل اور سپریم دونوں پر مشتمل ہو۔ دیگر ہندوستانی مندوبین نے بھی اسی خیال کی تائید کی اور کہا کہ صوبوں اور مرکز کو دو عدالتوں کا بوجھ برداشت کرنے کے لئے نہیں کہنا چاہیئے۔ بعض مقرروں نے کہا کہ سپریم کورٹ کا قیام فوراً عمل میں آنا چاہیئے اور بعض نے کہا کہ اس کے قیام کے لئے دستور اساسی میں اختیارات دیدئے جائیں۔

مندوبین کے درمیان پریوی کونسل میں اپیل کے حق کے متعلق اختلاف رائے تھا۔ اس بات پر زور دیا گیا کہ اگر مقدمہ درجہ مستورات کا حصول ہے تو سپریم کورٹ کا قیام نہایت ضروری ہے۔ ہندوستانی ریاستوں کی طرف سے ایک مقرر نے تسلیم کیا کہ فیڈرل کورٹ قائم کرنا ضروری ہے۔ لیکن کہا کہ یہ ایک ایسی ضرورت نہیں ہے جس کو فوراً پورا کیا جائے ...

انگلستان میں سر اقبال اور آغا خاں کی تقریریں
ہندوستان میں اسلام زبردست جمہوری طاقت ہے

لندن ۱۶ دسمبر کل دار العلوم میں نیشنل لیگ کے زیر اہتمام ایک نمائندہ جلسہ منعقد ہوا جس میں گول میز کی مسلم مندوبین کے علاوہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے اراکین نے شرکت کی۔

سر اقبال نے مسلم مطالبات کی تحلیل کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر مسلمانوں کو انگلستان کے ساتھ تعاون کرنے کا موقعہ دیا جائے تو وہ مستقبل میں مشرق اور مغرب کو مصائب سے نجات دلا سکتے ہیں۔

سر آغا خاں نے پورے وثوق کے ساتھ یقین دلایا کہ مسلمان برطانیہ اور ہندوستان کی نیک امنیات میں حائل نہیں ہونا چاہتے۔ ہندوستان میں اسلام سب سے بڑی اور ایک جمہوری طاقت ہے سر اکبر حیدری نے بھی ایک مختصر تقریر فرمائی۔

گول میز کانفرنس فضول اور واہیات
مسٹر چرچل کی گوہر افشانی

لندن ۱۶ دسمبر ایک سیاسی دعوت کے موقعہ پر مسٹر چرچل نے کہا کہ حکومت نے بغیر قوت بہائے ہندوستان میں امن و امان قائم رکھا۔ لیکن آپ نے اس امر پر شک و شبہ کا اظہار کیا کہ ہندوستان کے سر پر بزور دستی مغربی آئین تھوپ دینا امن و امان میں خلل کا باعث نہ ہوگا؟ آپ نے کہا کہ ہم پہلے ہی کہ گول میز کانفرنس اپنے منزل مقصود کی جانب تیزی سے جا رہی ہے لیکن میرے خیال میں یہ سب فضول اور واہیات ہے۔

برنارڈ شا ہندوستان میں

لندن ۱۶ دسمبر انگلستان کا سب سے بڑا ادیب اور اہل قلم مسٹر برنارڈ شا اپنی بیوی کے ساتھ دنیا کی سیاحت کے لئے انگلستان سے روانہ ہوگئے ہیں۔ آپ فلسطین ہندوستان، سیام، چین، جاپان اور امریکہ تشریف لے جائیں گے۔

مسلمان ابھی زندہ ہیں!

حلقہ ہمدردان جامعہ برابر بڑھ رہا ہے اور گزشتہ ڈیڑھ مہینہ میں تین سو سے زائد حضرات ماہوار یا سالانہ امداد دینے کے لئے تیار ہو گئے ہیں۔ آپ بھی جامعہ کے ہمدرد بن جائیے اور دوسروں کو بھی شریک کیجئے۔

آئرلینڈ میں برطانوی شراب کا خانہ خراب

ڈبلن ۱۵ دسمبر کئی مسلح اشخاص نے کورک میں ایک اسٹور پر حملہ کر دیا مسلح اشخاص نے برطانوی شراب کو نالیوں میں انڈیل دیا۔ ...

رعایتی اعلان ۱۵ عید المبارک تک کیلئے ہے

محصول ڈاک ہر حالت میں بذمہ خریدار ہوگا لازم محصول لکھ کر منی آرڈر روانہ کریں

تمام درخواستیں بنام سید محمد شفیع الدین اینڈ سنز تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی آنی چاہیں

نمبر ۱ ـ ۳۳۱ ـ یوسف ۱۳

وَكَأَيِّن مِّنْ آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ ۝ وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِاللَّهِ إِلَّا وَهُم مُّشْرِكُونَ

اور زمین میں جن پر ان کا گذر ہوتا رہتا ہے اور وہ ان کی طرف (اصلا) توجہ نہیں کرتے اور اکثر لوگ جو خدا کو مانتے بھی ہیں تو اس طرح کہ شرک بھی کرتے جاتے ہیں

تفسیر کامل صحیح بخاری ومسلم میں حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ میں نے آنحضرت سے پوچھا کہ سب سے بڑا گناہ دنیا میں کونسا ہے آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا

تعبیر خواب ـ تعویذ سورۂ یوسف

شاہ پسند قرآن شریف

جو تیسری مرتبہ ترجمہ دبیز سفید کاغذ پر چھپکر تیار ہوا ہے ... اعلیحضرت حضور نظام دکن کا خاص اپنی تلاوت کے لئے منتخب کردہ اور پسندیدہ قرآن شریف ہے اس کے علاوہ بیٹیوں کو جہیز میں دینے کے لئے ... بزرگوں کو بطور تحفہ پیش کرنے کے لئے تلاوت یا حصول برکات کے لئے ...

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۝ اللَّهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُولَدْ ۝ وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ

کہہ وہ اللہ ایک ہے ۝ اللہ بے احتیاج ہے ۝ نہیں جنا اس نے اور نہ جنا گیا اور نہیں ہے واسطے اس کے برابری کرنے والا کوئی ۝

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ

أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ

یہی لوگ اپنے پروردگار کے سیدھے رستے پر ہیں (اور یہی آخرت میں) مرادیں پائیں گے ۝ اے پیغمبر جن لوگوں نے (قبول اسلام) سے انکار کیا

إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ قَالُوا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا

قرآن مجید مصری متوسط ۱۰ جزء ... جلد چرمی قسم اعلیٰ تین روپے چار آنہ ... محصول ڈاک ایک جلد پر ایک روپیہ دو آنے لگتے ہیں

جناب مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی پروفیسر ادبیات دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ

آپ نے جو قرآن کریم پانچ مستند ترجمہ اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر کے ساتھ شائع کیا ہے مجھکو اس کے مطالعہ کا موقع ملا اس پُر آشوب زمانہ میں جبکہ مسلمان اپنے مذہب سے ناواقف ہونے کے باعث آزادی و دہریت والحاد کے سیلاب میں بہتے چلے جارہے ہیں حق جل شانہ نے آپ کو اس خالص دینی خدمت کی توفیق عطا فرمائی مقام مسرت ہے ... اللہ سعیکم ... مسلمانوں کو مخلصانہ مشورہ دوں گا کہ ہر ایک گھر میں اس کا ایک نسخہ ضرور موجود ہونا چاہیئے۔

تصدیق فخر دہلی اسد السلام حضرت مولانا الحاج مولوی حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی

میرے دوست سید شفیع الدین صاحب نے پانچ تراجم کا قرآن شریف طبع کرایا ہے حاشیہ پر اردو کی احسن التفاسیر ہے ... میری خواہش ہے کہ مسلمانوں کا کوئی گھر اس قرآن شریف سے خالی نہیں رہنا چاہیئے ... لکھائی چھپائی اور کاغذ بہترین ہے۔

عالم باعمل فاضل اجل مفتی مولوی کفایت اللہ صاحب مدرس اول امینیہ دہلی وصدر جمعیۃ العلماء ہند دہلی

میرے دوست منشی سید محمد شفیع الدین صاحب مالک اقبال پرنٹنگ ورکس دہلی نے پانچ ترجمے والے قرآن مجید کا ایک نسخہ مجھے دیا قرآن مجید کا خط واضح اور صاف ہے، چھپائی اچھی ہے، پانچ ترجمے ہیں ان میں سے دو فارسی ہیں ... حضرت شاہ ولی اللہ صاحب ... حضرت شاہ رفیع الدین صاحب ... حضرت شاہ عبدالقادر صاحب ... حکیم الامت مولانا مولوی محمد اشرف علی صاحب تھانوی ... اللہ تعالیٰ منشی شفیع الدین صاحب کو جزائے خیر دے ... آمین۔

پتہ:۔ سید محمد شفیع الدین اینڈ سنز تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

دارالحدیث مدرسہ سعیدیہ عربیہ دہلی کا معزز سفیر

قارئین کرام میں جناب کی توجہ دارالحدیث مدرسہ سعیدیہ عربیہ دہلی کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں اور آپ کی علم دوستی دین پروری اتباع شریعت کے جذبات عالیہ سے توقع رکھتا ہوں کہ اوقات گرامی میں سے چند لمحات خفیفہ ایک ضروری دینی خدمت پر بھی صرف فرماکر داخل حسنات ہوں گے۔ یہ مدرسہ علوم دینیہ کی عموماً اور کتاب وسنت کی خصوصاً اشاعت وتبلیغ کی غرض سے دارالعلوم والفنون شہر دہلی میں خالصاً لوجہ اللہ ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت راشدہ کی ترویج اور تعلیم ...

ہوگیا ہے امسال بھی بحمدہ تعالیٰ طلباء کے سالانہ امتحان کے بعد چار اصحاب کو جو دورۂ حدیث وتفسیر وغیرہ سے فارغ ہوچکے ہیں۔ سندیں دے کر دستار بندی کی گئی ہے ... مسلمان خود ہی اپنے پیارے دین کی حفاظت کریں ... جناب حکیم مولوی مسعود احمد خاں صاحب کو مدرسہ کی سفارت کے لئے بھیج رہا ہوں ...

کریں اور باقاعدہ رسید حاصل کرکے حسب استطاعت مدرسہ کی مالی امداد فرمائیں اور باری تعالیٰ سے اجر عظیم حاصل کریں۔

ابو سعید محمد شرف الدین ناظم دارالحدیث مدرسہ سعیدیہ عربیہ پل بنگش دہلی

انسداد اسراف اور مسلم مشترکہ بورڈ

زیر سرکردگی شعبہ انسداد اسراف مسلم مشترکہ بورڈ ایک جلسہ عام مسجد شاہ گنج صدر بازار میں ... زیر صدارت جناب مولوی سید محمود صاحب صدر مدرس مدرسہ فتحپوری منعقد ہوا۔ جناب صدر نے آتشبازی کے بدنتائج اور مسلمانوں کی بربادی کا موثر انداز میں خاکہ کھینچا۔ بعدہ مولوی ڈاکٹر زین العابدین صاحب فاضل ندوہ ومبلغ افریقہ نے آتشبازی کے اقتصادی، معاشرتی اور اخلاقی نقصانات پر فاضلانہ طریقہ پر روشنی ڈالی اور جلسہ عام پر کامیابی کے ساتھ ختم ہوا (مرزا عبدالرزاق بیگ)

حب نعمت (رجسٹرڈ)

جریان سرعت، کثرت احتلام، ضعف باہ وغیرہ کی بے نظیر دوا ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی اور قوت مردمی کو بحال کرتی ہے۔ یہ گولیاں ہزارہا مریضوں پر تجربہ کی جاچکی ہیں اور لاکھوں انسان ان کی شہرت سے واقف ہیں ۳۲ گولیوں کی قیمت ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک کارخانہ کی بڑی فہرست ادویہ مفت طلب کیجئے۔

پتہ ـ منیجر دواخانہ بقائی (رجسٹرڈ) بازار چتلی قبر دہلی

گھر بیٹھے وید حکیم بن جاؤ

اگر آپ حکیم تلسی پرشاد اگروال موجد بال جیون گھٹی کی نادر ونایاب کتاب مجربات تلسی کا بغور مطالعہ کرلیں تو آپ یونانی، وید ک وحکمت طریق علاج اور دوسروں کی ہر ایک بیماری کا علاج نہایت ہی عمدگی سے کرنے کے قابل بن جاؤ گے ... قیمت فی کتاب مجلد ایک روپیہ علاوہ محصول۔

بال جیون گھٹی (رجسٹرڈ) بچوں کی بخار، کھانسی، بدہضمی، قبض، مروڑ، دودھ ڈالنا، دست ہونا، پیٹ پھولنا، پسلی چلنا وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر وکمزور بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کے لئے مشہور ومعروف دوا ہے ...

المشتہر ـ منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر ـ یوپی

مقویات سراج عالم

... قیمت فی ڈبیہ ۲۰ گولیاں صرف عہ پانچ ڈبیاں چار روپیہ ...

صحت وتندرستی کی نعمت "کام شاستر" بالکل مفت طلب فرماویں

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

آسمانی خبریں

مولانا ظفر حسین صاحب محلہ ملکیہ مراد آباد

دنیا میں سب سے بہتر مالاللحم ہمدرد دواخانہ دہلی کا

عرق مالاللحم (رجسٹرڈ) نسخہ خاص دو آتشہ

ہے جس کے عجیب وغریب خواص کا تجربہ اس کارخانہ کے موجد ۲۰ سال سے برابر کررہے ہیں ... سائنٹفک نقطہ نظر سے غور اور تجربات کے بعد اب مالاللحم کو اس قابل بنادیا گیا ہے کہ ہم اس کو بلا مبالغہ دنیا کی بہترین مقوی دوا کہہ سکتے ہیں یہ مالاللحم دل ودماغ کو تقویت بخشتا ہے قوت باہ کیلئے نہایت ہی کرشمہ کی چیز ہے۔ بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو نوجوان بنانا اس کا معمولی کرشمہ ہے۔ غذا ہضم کرنے کے لئے بھی عجیب وغریب چیز ہے چہرہ کا رنگ نکھارنا جوانی کی گئی ہوئی قوتیں واپس لانا اس ہی کا کام ہے۔ جن اصحاب نے ہمارے سریع الاثر اور نفیس مالاللحم کا ابتک تجربہ نہیں کیا ہے وہ ضرور ایک مرتبہ ہمارا مالاللحم استعمال کریں۔ ان کو تجربہ سے خود معلوم ہوجائے گا کہ ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی کا مالاللحم کیا درجہ رکھتا ہے۔ ہر چیز قابل ستائش ہے جو آپ کے تجربہ میں صحیح ثابت ہو۔

مفصل خواص وہدایات وترکیب استعمال کا رسالہ مفت دواخانہ ہمدرد دہلی سے حاصل کیجئے۔

یاد رکھئے۔ اصلی مالاللحم آپ کو ہمدرد دواخانہ دہلی سے ہی مل سکتا ہے۔ کیونکہ اس کو موجودہ سائنٹفک اصول کے ماتحت بنانے اور بہترین رکھ رکھاؤ کے انتظامات جو ہمدرد دواخانہ دہلی میں ہے وہ اور کہیں نہیں ہیں۔

قیمت فی بوتل پانچ روپیہ علاوہ محصول۔ قیمت نمونہ کی شیشی عہ علاوہ محصول

(تار کا پتہ: ہمدرد دہلی) منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی (ٹیلیفون نمبر ۵۷۷)

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت

معجون مدرگار غددو

احمد مجتبیٰ برادر زادہ دفتر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

شربت اکسیر

اگر تندرستی نعمت ہے تو زندگی بیکار ہے

ملنے کا پتہ ـ ایس ـ اے ـ بی ـ بخشی ـ اینڈ کمپنی نمبر ۷ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

طبی دنیا میں ہلچل

سفید بال جڑ سے کالا

ایک آنہ کا تیل روپے نصف تک عمر اس سے زیادہ دو دفعہ کے تیل میں پچاس برس کی ہیں کا بچا بال کالا پیدا ہو ساٹھ برس تک کالا نہ رہے تو دونا دام دیا۔

بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری دربھنگہ

رسالہ حقیقت اسلام لاہور کی شہرت کا راز

یہ سالہ افراط وتفریط سے بچکر ہر ایک کو دین کا سیدھا آسان اور بالکل بے خطا راستہ دکھاتا ہے حال ہی میں اس کے میلاد نمبر کو جو عالمگیر شہرت نصیب ہوئی وہ اپنی نظیر آپ ہے۔

حقیقت اسلام میں حدیث کی مشہور کتاب ترمذی شریف کا ترجمہ بالالتزام شائع ہوتا ہے اور مطالب الفرقان فی ترجمۃ القرآن کے عنوان سے تفسیر قرآن حکیم کا ترجمہ مع ضروری تفسیر کے شائع ہورہا ہے۔

تفسیر میں قرآن پاک کی سورتوں اور آیتوں کا باہمی ربط خوب واضح کیا جارہا ہے۔

سفر وحضر میں آپکے پاس دو چیزیں ضرور ہونی چاہئیں قرآن پاک اور حقیقت اسلام کوئی مرد وعورت ... سالانہ خرچ نہیں کرتا ... نمونہ کی کاپی مفت حاصل کرنے کے لئے آج ہی ایک پوسٹ کارڈ لکھ دیجئے۔

پیکو آرٹ پریس بیرون موچی دروازہ لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
قیمت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری بی۔ اے

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ ۲۵ شعبان المعظم ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۷ دسمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۴۴

معاصرین کے افکار و آراء

حق کس طرف ہے؟ (ہمدم جدید)

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ وہ دینی اور دنیاوی ہدایتوں کا مخزن ہے ...
کیا کوئی مسلمان کلام اللہ کے اس دعوے کو تسلیم کرنے سے انکار کر سکتا ہے ...

اجتماعات کلکتہ کا فتنہ

الہ آباد کانفرنس

تین جماعتوں کا حوالہ

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

عماد الدین کے بعد نور الدین زنگی میدان جہاد میں

مدینۃ الرہا پر عیسائیوں کی دوبارہ یلغار

مسلمانوں کی رحم دلی اور عیسائیوں کی سنگدلی کا منظر

ایک دلچسپ واقعہ

سلطان عماد الدین زنگی نے اپنے بعد نور الدین محمود الملک العادل، سیف الدین غازی، قطب الدین مودود اور نصرۃ الدین چار لڑکے اور چند لڑکیاں چھوڑیں ...

عیسائیوں کی اپنی حماقت کا خمیازہ

دوسری صلیبی جنگ کا آغاز

لئن لم ینتہ المنٰفقون والذین فی قلوبہم مرض والمرجفون

قال ومن یقنط من رحمۃ ربہ

فلا تکن من القانطین

قرآن شریف مصری چھوٹے بچوں کیلئے

والعصر ان الانسان لفی خسر الا الذین اٰمنوا وعملوا الصٰلحٰت وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر

قرآن مجید مصری طلائی تمغہ انعام ولایت ولا ۱۳ مہری اصلی نظامی

تلک الرسل فضلنا بعضہم علی بعض منہم من کلم اللہ ورفع بعضہم درجٰت واٰتینا عیسی ابن مریم البینٰت

نوٹ:- ... جلد کے خریدار ... لیکن پانچ روپے پیشگی ضرور روانہ کریں۔

قرآن مجید مترجم

تلک الرسل فضلنا بعضہم علی بعض منہم من کلم اللہ

قرآن مجید مصری

سبحٰن الذی اسرٰی بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصا

قرآن مجید و ترجمہ لاثانی

اللہ یستہزئ بہم ویمدہم فی طغیانہم یعمہون

قرآن مجید مترجم

ولیحملن اثقالہم واثقالا مع اثقالہم

قرآن مجید مترجم

واذا خلوا الی شیٰطینہم قالوا انا معکم انما نحن

قرآن مجید مصری

والعصر ان الانسان لفی خسر الا الذین اٰمنوا وعملوا الصٰلحٰت وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر

حمائل شریف مترجم

تراضیتم بہ من بعد الفریضۃ ان اللہ

معجز نما حمائل شریف مترجم

ان الذین کفروا سوآء علیہم ءانذرتہم

حمائل شریف مترجم

وان کان کبر علیک اعراضہم فان استطعت

حمائل شریف لاکٹ والی

کل الینا راجعون فمن یعمل من الصٰلحٰت

اہدنی الآن تہدی فما لکم کیف

۲۵ جیبی حمائل شریف مترجم مع فضائل قرآن، خواص القرآن، شان نزول، فوائد القرآن، بقیۃ القرآن

پنجسورہ ملکہ و کٹوریہ مترجم مع فضائل و خواص، تعویذات و وظائف وغیرہ

تعویذ نمبر ۳۱۲

یا حی حین لا حی فی دیمومۃ

ملکہ وبقائہ یا حی

واصبر وما صبرک الا باللہ ولا تحزن علیہم ولا تک فی ضیق مما یمکرون

وان کان کبر علیک اعراضہم فان استطعت

(رعایتی اعلان (۱۵) جلد کے مبارک تک کے لئے ہے)

ہر قسم کے قرآن مجید و کتب ملنے کا پتہ:- سید محمد شفیع الدین اینڈ سنز تاجران کتب دریبہ کلاں۔ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۵ شعبان المعظم ۱۳۵۱ ہجری

اسلامی مطالبات کی تخریب کون کر رہا ہے

انقلاب کا اعتراف جرم

جس طرح کہ گزشتہ موقع پر الہ آباد کی اتحاد کانفرنس ابھی ختم بھی نہ ہوئی تھی کہ انقلاب اور اس کے نقالوں نے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لئے عجیب و غریب افواہیں اور جھوٹی اور بے حقیقت خبریں شائع کرنی شروع کر دی تھیں اور غیر ذمہ دارانہ بیانات کو اپنے مقالات کی اساس و بنیاد قرار دے کر اسلامیان ہند کی تباہی و بربادی کے سامان مہیا کر دئے تھے اسی طرح ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس سرکار پرست و رجعت پسند اخبار نے اپنا حق وفاداری ادا کرنے کے لئے اتحاد کانفرنس کے دوسرے ...

... یاد ہو گئے اور ان کے تمام مطالبات کی تخریب گوارا کر لی گئی خواہ اس اتحاد کے نتیجہ میں مسلمانوں کی سیاسی پوزیشن کتنی ہی ہنر کیوں نہ ہو جائے اور ان کے مطالبات کتنے ہی منظور کیوں نہ کر لئے جائیں۔ اس پوزیشن کو جس صفائی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اس پر ہم انقلاب کے "نامہ نگار" ایڈیٹر کو داد دئے بغیر نہیں رہ سکتے اور اگر اب تک اس بدنصیب ملک میں مسلمانوں کی کوئی تعداد ایسی ہے جو انقلاب کے خفیہ مقصد سے ناآشنا ہے تو اس کی عقل و دانش کا ماتم کرنا ہے ...

[illegible]

صاحب قرآن کی تصویر

[illegible]

حجاز میں اجنبی ریشہ دوانیاں

[illegible]

عربی طلبا اور سیاسیات

[illegible]

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

جیزان کی بغاوت میں اجانب کی کارفرمائیاں

امام یمن اور سلطان ابن سعود میں اہم خط و کتابت

اہم مقامات پر فوجوں کو متعین کر دیا گیا

معاصر ام القریٰ (مکہ مکرمہ) کی تازہ اشاعت میں اس بغاوت کے پورے حالات شائع ہوئے ہیں جو جیزان اور عسیر کی حدود میں بعض خائنین اور اندلسیوں کی طرف سے برپا کی گئی تھی ...

[illegible]

امام یمن کا برقیہ

[illegible]

سلطان حجاز کا جواب

[illegible]

عیسائی مشنری تبلیغ کرتے ہیں یا جاسوسی؟

چینی سیاسیات میں مداخلت کا ارتکاب

[illegible]

جاپان کے ایک شہر میں عظیم الشان مسجد کی تعمیر

[illegible]

ترکی سے ایک خاندان کی ہجرت

[illegible]

عماد الدین زنگی کے بعد نور الدین زنگی میدان جہاد میں

(سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو)

[illegible]

ایک مذہب اور عیسائی ہو نیوالے "مسلمان" کے شکوک کا ازالہ

عیسائیوں کی پھیلائی ہوئی عالمگیر فریب کاریوں کی پردہ دری

اسلام میں سیدنا حضرت عیسیٰ اور خاتم المرسلین کا صحیح مرتبہ

(از ذاتی قلم)

(آخری قسط)

حکمت یعنے قوت فکری کا انتہائی کمال اس وقت حاصل ہوتا ہے کہ انسان ذہنی اور عملی کمزوریوں سے محفوظ ہو ...

[illegible]

مس شیطان کے جواب

[illegible]

کامیاب ترین پیغمبر

[illegible]

اسلام کی خصوصیات

[illegible]

خاتم المرسلین کے ذاتی کمالات

[illegible]

اتحاد کانفرنس میں پنجاب کا مسئلہ حل ہوگیا

بنگال میں مسلمانوں کو دو مزید نشستیں ملنے کی توقع

اگر بنگال کا مسئلہ حل نہ ہوا تو کانفرنس کامیاب نہ ہوگی

الہ آباد ۲۱ دسمبر۔ تازہ ترین اطلاعات مظہر ہیں کہ اتحاد کانفرنس کے کھلے اجلاس منعقد ہونے کی توقع پیدا ہوگئی ہے مسلم نمائندوں نے یہ تجویز منظور کرلی ہے کہ پنجاب والی تجویز پر اس وقت غور کرلیا جائے گا اور بنگال کا معاملہ بعد میں طے کرلیا جائے۔

معلوم ہوا ہے کہ ہندوؤں اور یورپینوں سے گفت و شنید کرنے کی غرض سے ایک وفد کلکتہ جائے گا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ بنگال کے ہندو نمائندوں کی یہ رائے ہے کہ اگر سلطان حکومت کے فرقہ وارانہ فیصلہ کی مخالفت کریں اور اس کو تسلیم کرنے سے انکار کردیں اور اس کے بجائے معاہدہ الہ آباد کو منظور کرنے میں دیگر فرقوں کا ساتھ دیں تو وہ مسلمانوں کو دو نشستیں اور دیدینگے بشرطیکہ یورپین اپنا دیج کم نہ کریں۔ بہرحال ایک دفعہ نوا اور ہندوؤں اور یورپینوں سے گفت و شنید کی جائے گی جس کے بعد کوئی فیصلہ ہو سکتا ہے۔

آج رات کو پنجاب کا لاینحل مسئلہ طویل گفتگو اور بحث و تمحیص کے بعد طے ہوگیا۔ سکھوں کی اکثر ترمیمات منظور کرلی گئیں مجوزہ حل میں ہندوستانی عیسائیوں کو تین نشستیں اور اینگلو انڈین اور یورپینوں کو ایک نشست دی گئی ہے۔ مولانا ظفر علی خاں صاحب نے فرمایا کہ معاہدہ کا تمام دارومدار بنگال کے مسئلہ پر ہے۔ اگر ہندوؤں نے مسلمانوں کو ۵۱ فیصدی نیابت نہیں دی تو کانفرنس کی ناکامی کا تمام الزام انہی پر عائد ہوگا معلوم ہوا ہے کہ ہندوؤں نے بنگال میں مسلمانوں کو ۵۱ فی صدی نشستیں دینے کا وعدہ کرلیا ہے جس کا اعلان کل کیا جائے گا۔

یوگوسلیویا کے مسلمانوں کی عظیم الشان کانفرنس

اقطار عالم کے مسلمانوں کو شرکت کی دعوت

غازی خسرو بک فاتح کی یادگار منانے کی تیاریاں

دارالحکومت

کلکتہ میں منعقد ہونے والی کانفرنسوں کی مذمت

جمعیۃ طلباء بنگال کی مجلس عاملہ کا فیصلہ

میونسپلٹی کی سیٹی کی صدائے بے ہنگام

صدر جمعیۃ شبان المسلمین کی اتحاد کانفرنس سے اپیل

گول میز کانفرنس سے ہندوستان کو کچھ نہیں ملیگا

انگلستان سے واپسی پر شروانی کا بیان

گول میز کانفرنس میں بنیادی حقوق کا مسئلہ

مجالس قانون ساز کے اختیارات

سرحد میں قانون تحفظ عامہ کا نفاذ

پٹنہ سازش کے ملزمان کالے پانی کو

معاصر "زمیندار" کی ضمانت ضبط کرلی

سال رواں میں حج کے رعایتی مصارف

ٹیکسوں، محصولوں اور کرایوں میں ۲۵ فیصدی تخفیف

عازمین حج دشمنوں کے پروپگنڈے سے بچیں

دہلی میں چماروں کی ہڑتال

فرقہ وارانہ فضا پیدا کرنے کی کوشش

گاندھی جی کی زندگی خطرہ میں

مسٹر دیو بداس گاندھی کا بیان

صدر جمعیۃ شبان المسلمین کا تار

مولانا ابوالکلام اور مدن مالویہ کے نام

چٹا گانگ کا اجتماعی جرمانہ معاف نہیں ہوگا

حضرت صدر جمعیۃ علماء ہند کی صحت

بنارس میں کانگریس کا جلوس

ایک سو مرد اور خواتین گرفتار

افغانستان کے ایک باغی نے اطاعت قبول کرلی

ترکی میں لوہے کی کان کا انکشاف

دہلی میں بدیشی کپڑوں پر پکٹنگ

اتحاد کانفرنس میں پنجاب اور بنگال کے مسئلہ پر بحث

ملازمتوں کے لئے ایک غیر جانبدار کمیشن کا تقرر

بنگال کے ہندوؤں کو اتحاد پر آمادہ کرنے کی کوشش

علیحدگی سندھ کا مسئلہ

مسئلہ بنگال پر بحث

بنگالی ہندوؤں کا افسوسناک رویہ

نئی تجویز

ملازمتوں کا مسئلہ

مسئلہ سندھ پر دوبارہ بحث

گول میز کانفرنس کے خاتمہ پر کانگریس سے تعاون

وائسرائے اور وزیر ہند میں رازدارانہ مشورے

سیاسی اسیر کب رہا کئے جائیں گے؟

کلکتہ میں مشہور انقلاب پسندوں کی گرفتاری

ریوالور اور گولیاں برآمد ہوئیں

ایران کو برطانیہ کی دوبارہ دھمکی

اجارہ کی منسوخی ضبطی کے مرادف ہے

امریکہ کو ایک ارب کا خسارہ!!

سپرو جیکر اور وزیر ہند میں مخفی گفت و شنید

معاہدہ الہ آباد پر غور

شاہی قیدیوں کے متعلق سوالات

کونسل آف اسٹیٹ میں ہوم سکرٹری کا بیان

گاندھی جی اور پنڈت مالویہ کے خلاف مقدمہ

مندروں میں داخلہ کی تحریک خلاف مذہب ہے

حکومت خود اختیاری یا تمسخر!

مالی تحفظات پر ڈیلی ہیرالڈ کا تبصرہ

ایک نئے رسالہ کا اجراء

جزائر فلپائن کو آزادی نہیں ملے گی

افغانستان کیلئے ترکی مورخ کی خدمات

ایک سال میں بیس ہزار انسانوں کی خودکشی

۱۲ ہزار قتل - ۲۵ ہزار موٹروں کی نذر

۲۰ خواتین کو میونسپلٹی کا رکن نامزد کیا گیا

مولانا محمد علی کے فارمولے کی مخالفت

سر سپرو کا دوسرا خط

فرموں کی طرف سے آرڈیننسوں کی واپسی کا مطالبہ

دارالعوام میں وزیر ہند کا بیان

اخبار الجمعیت میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

تفسیر حقانی اردو مکمل آٹھ جلدیں

عقائد الاسلام اردو

البیان فی علوم القرآن

مرقع رسول

